UNIVERSAL
LIBRARY
OU-234221
UNIVERSAL
LIBRARY

امرت ساگر

اردو ترجمہ

[illegible] تجربات [illegible] مطبوعات مین حاوی عجائب آزمودہ و ممتحن ہے

مزید براں

اسمین اور اور کتب [illegible] وغیرہ بیدک کی

کتابون سے ترجمہ ہوکر [illegible] کا ایک [illegible] کا کیا

فی الجملہ عموم انتفاع ہے لیے

منجانب بیطع زبان بھاکھا سے بعبارت اردو سلیس عام فہم حرف بحرف کمال خوبی اور حزم و بیداری

سے ترجمہ ہوا کہ کوئی مطلب بیدک کا اور کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین ہوا اور جس جگہ توافق

مضمون بیدک اور طب یونانی کا پایا اوسکا ترجمہ اوسی موافق کیا

اول بیشتک زبان مارواڑ مین چھپی تھی پھر بھاکھا بولی مین عبارت درست ہوکر چھپی بکرات دیگر

ہزارہا جلدین چھپکر دست بدست شائقین اور تاجرون نے خریدین

کہ علم بیدک مفید عام ہے اور اشاعت علم مفید عام کی ہر زبان مین انسب ہے

[illegible] کو شورت طبی مین ایک قسم کی معاونت بھی ممکن ہے

[illegible]

[illegible] ۱۸ عیسوی

مطبع نامی منشی نول کشور مین تصحیح کامل منطبع ہوا

اطلاع

اس مطبع مین ہر قسم کی کتب موجود ہین شائقین کو فہرست مطول سے جو علیحدہ موجود ہے ملاحظہ کرنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ قیمت اس سال مین نہایت ارزان مقرر ہوئی ہے ہم کتب طب اُردو و چند کتب فارسی ذیل مین درج کرتے ہین ناظرین و شائقین ملاحظہ فرماکر طلبی و بہرہ دہی ارشاد فرمائین —

کتب طب اُردو

تنقیح الاسباب معروف بہ نظیر العلوم اُردو از حکیم قاضی الٰہی بخش صاحب علم طب مین عمدہ کتاب ہے —

رسالہ زبدۃ المفردات و نسخہ بارق اُردو از حکیم سید احسین صاحب متخلص بہ بیمار نظم کمفید اطبا —

زبدۃ الحکمت — فصول اربعہ کے روزمرہ چیزون کے کھانے کا بیان —

مفید الاجسام مع فوائد عجیبہ — ہر قسم کے امراض کے نسخے —

علاج الغربا اسکی کوڑیونکی دوا قیمتی کام کرتی ہے

مخزن الادویہ اُردو — دو جلد ترجمہ مولوی محمد نور کریم مرحوم —

زینت الخیل متضمن فن معالجہ گھوڑے نمین مع تصاویر ایضاً — مع رنگ —

ترجمہ طب اکبر اردو — یہ ترجمہ تمام خوبی سے ہوا ہے ہر ایک مطالب دقیق کو ساتھ محاورہ زبان کے تحریر کیا ہے —

قانون عشرت — مصنفہ حکیم عشرت حسین صاحب سب نسخے مجرب ہین —

تحفۃ الاطبا — تصنیف حکیم مشرف حسین صاحب حیدرآبادی نہایت عمدہ ہے —

قرابادین شفائی — فن حکمت مین نہایت عمدہ اور مکمل ترجمہ ہوا ہے —

قرابادین ذکائی — فارسی سے اردو مین نہایت عمدہ ترجمہ ہوا ہے —

انیس الاطبا — اس کتاب مین علم طب کی تشریح ہے از حکیم مولوی سید محمد صادق علی خانصاحب —

مجربات اکبری اُردو یہ کتاب طب مین بہت عمدہ ہے

طب بنگلی — حکما بہر بنگہ مریضون کے لیے نوشدارو ہے

رموز الحکمت — تصنیف حکیم رجب علی صاحب نہایت عمدہ ہے —

معالجات احسانی — یہ کتاب عجیب فن طب کی کتاب ہے —

ترجمہ اردو علاج الامراض مشہور و معروف کتاب

رسالہ قارورہ — مساحت رنگ قوام بول مین نادر کتاب

مرکبات احسانی یہ کتاب مثل نافع و جامع ہے از تصنیفات جناب حکیم

علاج احسانی اسمین علاج بہائم و

مجرب لکھے ہین اور تشخیص امراض

مجموعہ میزان الادویہ — و الفاظ الادویہ — و فرہنگ تعبیریہ — و مخزن الادویہ —

میزان الطب اُردو — مع رسالہ نبض و قارورہ و دلائل بول —

اکسیر القلوب — ترجمہ [illegible] مولوی محمد کریم منفور نے حسب الحکم مالک مطبع ترجمہ فرمایا

معالجہ مسیحی — معالجہ امراض وبائی و سوداوی مین

ضروری المطب اُردو — اس مین تاثیر و خواص ادویہ مفردہ بدول مین لکھے ہین مول

فہرست امرت ساگر

مضمون	نمبر صفحہ
باب اول بیان بیماری وغیرہ	۲
نبض کی پہچان	۳
پیشاب کی آزمایش	۴
بیماریون کا احوال	۵
خواب کی آزمایش	۶
شگون	″
وقت کی پہچان	۷
دوا دینے کا قاعدہ	۸
ملک کا بیان	″
وقت کی پہچان	″
عمر کا بیان	۹
حس کی قوت طبیعی	″
افعال طبیعی	″
ہاضمہ کی قوت کا بیان	۱۰
بیمارے لاعلاج اور لاعلاج ہونیکی پہچان	۱۰ تا ۱۱
عارضون کی تفریق اور بیان	۱۱
اور طرح [illegible] ونکے پیدا ہونیکا اور ہی طریقہ	۱۲
[illegible] یعنی ہچکی پیشاب ڈکار چھینک	۱۳
[illegible] کی [illegible] تک دم جمہائی	۱۴ و ۱۵
آ[illegible] دینے ہی کی [illegible] بیمارونکا علاج	
باب دوم سب قسم کے بخارونکا بیان	۱۵
سب قسم [illegible] علاج	۱۶
[illegible] بخارون کے نام اور علاج	۱۷ الی ۳۳
[illegible] علاج منتر وغیرہ	۳۴ الی ۴۰

مضمون	نمبر صفحہ
حاملہ عورت کے بخار کا علاج	۴۱
لڑکے کے بخار کا علاج	۴۲ الی ۴۳
باب سوم اتیسار سنگرہنی اور بواسیر کی پہچان	۴۴
اتیسار یعنی اسہال کی پیدایش علامتین اور علاج	۴۵
مقعدہ پک گئی ہو اوسکا علاج	۴۶
اتیسار کی ایک قسم موڑا نباہی کا علاج	۴۹
سنگرہنی یعنی اسہال کبدی کی پیدایش اور علامتین اور علاج	۵۱
باب چہارم بواسیر یعنی مقعدی کی پہچان وغیرہ کا علاج	۵۵
بواسیر کے عارضی کی پیدایش علامتین اور علاج	۶۱
اجیرن یعنی بدہضمی کی پیدایش علامتین اور علاج	۶۴
بشوچکا یعنی ہیضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۶۷
ہیضہ کی قسمین اس بیماری انکی پیدایش علامتین اور علاج	۷۱
شکم میں کیڑے وغیرہ پڑ گئے ہون اونکی علامتین اور علاج	۷۵
سر میں جون لیکھہ پڑ گئی ہو اوسکی دور کرنیکا علاج	۷۶
مقعدمین چیچڑ پڑ گئے ہون اوسکی دور ہونیکا علاج	۷۸
پانڈرروگ کاملا ہلیمک کی پیدایش علامتین اور علاج	۷۹
باب پنجم بیان راج روگ چھوٹی روگ سوکھہ روگ	۸۱
کاس روگ ہچکی اور ضیق النفس	۸۲
رکت پت یعنی مرچ بادہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۸۲
راج روگ اور سوکھہ روگ کی علامتین اور علاج	۹۱
کھانسی کی پیدایش علامتین اور علاج	۹۵
ہچکی کی بیماری کی پیدایش علامتین اور علاج	۹۵

مضمون	صفحہ
سوداس یعنی خلق النفس کی پیدایش علامتین اور علاج	۹۷
باب ششم دربیان سر بھید اور وچک	۱۰
چہرہ ومورچہا وغیرہ	۱۰۱
سر بھید روگ کی پیدایش علامتین اور علاج	//
اروچک یعنی رغبت کی دورہونیکی پیدایش علامتین اور علاج	۱۰۳
بھکت ودویس کی علامتین اور علاج	۱۰۴
نی کی بیماریکی پیدائش علامتین اور علاج	۱۰۰
پیاس کی بیماریکی پیدایش علامتین اور علاج	۱۰۷
غشی غفلت مدہوشی اونگھائی نیند سنیاس عارضون کی پیدایش علامتین اور علاج	تفاوت ۱۱۳
باب ہفتم دربیان مدا تی یعنی نشہ انماد یعنی خفقان ومرچ	۱۱۴
جلن کی عارضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۱۱۸
اونما دیعنی خفقان کی عارضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۱۲۰
دلکی آزار آسیب اور زہر کھانے کے ہول دلکی پیدایش علامتین اور علاج	
بہوت وغیرہ کی منتر اور منتر	۱۲۶
حاضرات کی منتر اور تعویذ	
صرع کی پیدایش علامتین اور علاج	
باب ہشتم باد کی چوراسی بیماریون کا بیان	
اونکی پیدائش علامتین اور علاج	۱۳۴
لقوہ کی بیماری کی پیدایش علامتین اور علاج	۱۳۹
باب نہم دربیان اردوا تسمبہ آم بات پت بیادہ	
کف بیادہ	۱۶۱
اوردوا تسمبہ کی علامتین اور علاج	//
پت بیادہ یعنی صفرا کے بنیں عارضون کی	۱۶۷

مضمون	صفحہ
پیدایش علامتین اور علاج	۱۶۷
بلغم کی بنیں بیماریونکی پیدایش علامتین اور علاج	۱۶۸
باب دہم دربیان بات رکت سوال برنام	
سوال آن ورد وجرت پت وغیرہ	۱۶۹
بات رکت کی پیدایش علامتین اور علاج	//
سوای کی بیماری کی پیدایش علامتین اور علاج	۱۷۲
باب یازدہم دربیان اودوارت پردروگ وغیرہ	
دوارت وغیرہ تیرہ ازورونکی روکنی کی علامتین اور علاج	۱۸۰
اناہ کی عارضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۱۸۵
گلم یعنے شکم مین گولا پیدا ہوا وسکی علامتین اور علاج	۱۸۶
عورت کے مقام مخصوص مین درد ہوا وسکا علاج	۱۹۱
یکرت پلیہہ کی عارضہ کی پیدایش علامت اور علاج	۱۹۳
ہیروروگ کی پیدایش علامتین اور علاج	۱۹۶
باب دوازدہم دربیان موتر کرچھر موترا گھات وغیرہ	۱۹۸
موتر کرچھر کی عارضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	
موترا گھات بات کنڈلکا اشٹیلا بست بات موترا تیت	
موتر جٹھر موتروت سنگ موتر چھر موتر گرنتھ موتر	
سنگرا دشش روگ موتر ساد یڑگھات	
بست کنڈل وغیرہ پیشاب کی عارضون کی پیدایش	
علامتین اور علاج	۲۰۲
بتھری کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۰۶
سیر یعنی دربان کی عارضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۰۹
باب سیزدہم شکم وغیرہ کی بیماریون کی پیدایش	
علامتین اور علاج	۲۲۳
میدہ یعنی شکم کے بڑہجانے کی پیدایش علامتین اور علاج	
بدہضمی پسینے سے بدبو آتی ہو اسکا علاج	۲۲۹

مضمون	صفحہ
بغل کی بدبودگا علاج	۲۲۵
عورت کے خوشنما رنگ کرنیکا لیپ	۲۲۶
کارش روگ کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۲۶
پیٹ کی بیماریون کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۲۷
باب چہاردہم دربیان ورم وغیرہ	۲۳۳
ورم کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۳۴
انڈہ بردہ یعنی فوطون کی بڑہنی کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۳۷
بردہم یعنے بدکی عارضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۳۹
گل گنڈ گنڈ مالا — اچی کرنیکا اُبدہ وغیرہ عارضون کی پیدایش اور علامتین	۲۴۰
باب پانزدہم شلیپد یعنی پیلپاؤں کا علاج	۲۴۵
بدرہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۴۷
برن یعنی جراحتون کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۵۰
اگن دگدہ یعنی آگ سے جلے ہوے کا علاج	۲۵۵
باب شانزدہم سنگندر کی عارضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۶۹
اوپدنش کی عارضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۷۲
شوک روگ کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۷۴
کشٹ روگ یعنی جذام کی عارضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۷۶
باب ہفدہم شیت پت اودردہ کوڑہ اونکوڑہ عارضون کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۹۱
اول پت کی پیدایش علامت اور علاج	۲۹۴
بسرپ روگ کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۹۵
سنایو روگ یعنی بالاکی عارضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۲۹۹
پسپوٹک کی عارضہ کی پیدایش علامتین اور علاج	۳۰۰
قرباؤ کی پیدایش علامتین اور علاج	۳۰۴
مسور کا یعنی چیچک کی پیدایش علامتین اور علاج	۳۰۶

مضمون	صفحہ
باب ہیجدہم دربیان روگون اور پیشیونکا بیان	۳۱۱
عالم شباب مین بال سپید ہون اونکا علاج	۳۲۱
سر کے عارضون کی پیدایش علامتین اور علاج	۳۲۲
سر کے بالون کے ٹپرہنے کی ترکیب	۳۲۷
اوہا سیسی کا منتر	۳۲۹
آنکہونکی عارضون کی پیدایش علامتین اور علاج	۱۱
کان کی عارضون کی پیدایش علامتین اور علاج	۳۵۴
ناک کی عارضون کی پیدایش علامت اور علاج	
منہ کی بیماریون کی پیدایش علامتین اور علاج	۳۶۵
لب کی بیماریونکی پیدایش علامتین اور علاج	۱۱
مسوڑہی کی بیماریون کی تعداد اور اونکا علاج	۳۶۷
دانتونکی بیماری کی پیدایش علامتین اور علاج	۳۷۱
زبان کی بیماریکی پیدایش علامتین اور علاج	۳۷۳
تالوکی بیماری کی پیدایش اور علامتین	۳۷۴
گلی کی بیماریکی پیدایش علامتین اور علاج	۳۷۶
باب نوزدہم استادہ بگم کی زہر کا بیان اور ہر ایک قسم کی زہر کہانیکی علامتین اور سانپ بچھو وغیرہ سب جانورونکے زہر کا علاج	۳۸۴ تفاوت ۳۸۵
باب بستم عورتونکی پرورد وغیرہ سب بیماریون کی پیدایش علامتین اور علاج	۳۹۳
جون قندکی علامتین اور علاج	۳۹۷
بانجہ کا علاج	۱۱
بانجہ عورت کو لڑکا پیدا ہونیکا علاج	۳۹۸
عورت کو حیض کی خون کہانے کا علاج	۱۱
عورت کے حمل نہ رہنے کی دوا	۳۹۹
عورت کو حمل گرنے اور گربہ شراو کی علامتین	۴۰۱
عورت کا حمل گرنا ہوا سکی قائم رہنے کی دوا	۴۰۲

مضمون	صفحہ
حاملہ عورت کے نو مہینون کا علاج	۴۰۳
حاملہ عورت کو وضع حمل ہونے کے واسطے علاج اور تعویذ اور منتر	۴۰۴
پستان کے عارضی کی علامتین	۴۰۹
بیوہ عورت کے حمل گرانے کا علاج	//
باب بست و یکم لڑکون کی بادی بیمارین کی پیدایش علامتین اور علاج	۴۱۰
نوگرہ کا بیان	//
بچون کے بادی بیمارین کی پیدایش علامتین اور علاج	۴۲۱
باب بست و دوم باہ کی ضعیفی کی علامتین اور علاج	۴۲۶
باب بست و سوم قوت کی دواؤن کا بیان	۴۳۰
مرگانک کو بنانے اور کھانے کی ترکیب	//
روپ رس یعنے چاندی کو کشتہ کر کھانے اور مارنے کی ترکیب	//
تانبے کے کشتہ کرنے کی ترکیب	//
سیسہ کے کشتہ کرنے کی ترکیب	۴۳۲
رانگے کے کشتہ کرنے کی ترکیب	//
دھات اوپدھات کے مارنے اور صاف کرنے کا طریقہ	۴۳۳
باب بست چہارم آسونیا کی ترکیب	۴۳۸
موسلی پاک بنانے کی ترکیب	۴۴۰

مضمون	صفحہ
سلاجیت کے صاف کرنے کا طریقہ	۴۴۰
جواکھار چناکھار وغیرہ سب کھارون کے بنانیکی ترکیب	۴۴۱
تیل ملنے کی ترکیب	//
بسینا نکلوانے کی ترکیب	//
قے کرانے کی ترکیب	۴۴۲
جلاب لینے کی ترکیب	۴۴۳
چھون فصلون مین ٹہر کے کھانے کا طریقہ	۴۴۵
بست کرم یعنی عمل کی ترکیب	۴۴۶
حقہ وغیرہ کے دھوئین پینے کی ترکیب	۴۴۹
خون کے چھڑانے کی ترکیب	۴۵۰
خون کے ٹھہرانے کی ترکیب	۴۵۳
باب بست و پنجم جیرت یعنی چھون فصلون کا بیان	۴۵۴
دن چرچا اور رات چرچا کا بیان	۴۵۷
نہانے کے فائدے	۴۵۷
شب و روز کی آرام و آسایش کا تفرقہ	۴۵۹
عورت سے قربت کرنیکا طریقہ	۴۶۰
کلاسات آشی سات دہاتو اوپدہاتو سات جلد	
تینون دوکہ یعنے خلطون نسون ناڑیون	
ہڈیون سورا خون کا بیان	۴۶۱
غذا پلنے اور حمل کی پیدایش اور لڑکے کی پرورش کا بیان	۴۶۷
لڑکے کے دوا دینے کا وزن	۴۶۸
مزاج کی علامتین	۴۶۹

۴۲۹۵
۶۱۶
پ ۱



دیباچہ

ہزار ہا شکر اوس خداوند تعالی کا ہے کہ جسنے اس ناچیز جسم کو پیدا لیا اور اوسکی رفاہیت کے لیے کیسے عمدہ علم پیدا کیے ایک اونمین سے بیدک ہے جسکو اول دھنتر جی نے جاری کیا پرانون مین لکھا ہے کہ جب شیو جی مہاراج نے سری بشن جی کے حکم سے عجائب رتنون کے نکالنے کے لیے سمندر کو باسکی ناگ کی متھانی بناکر متھا تو اوس مین سے چودہ رتن ظاہر ہوئے چنانچہ اون چودھون مین ایک دھنتر جی تھے جو دو ہڑون کو ہاتھ مین لیکر برآمد ہوئے - غرض اونھون نے بہت سے تجربون اور الہام غیبی سے علم بیدک کو بنایا اوس سے یہ علم چارون طرف پھیل گیا اور خاص و عام نے اوس سے فائدہ اوٹھایا اور اوٹھاتے جاتے ہین - بہت عرصہ گذرا کہ جیپور کے مہاراج ادھراج سری ۱۰۸ سوائی پرتاپ سنگھ صاحب بکیٹھ باشی جنکا نام سب ملکون مین مشہور ہے اونھون نے اپنے بڑے ذخیرہ علم بیدون کے ذریعہ سے - چرک - شسشرت - باگبھٹ - بھاؤپرکاش - مادھو نگ وہر - سارنگ دھر - بنگسین - کاشی ناتھ پدھت - اور بھی بہت سی بی تعداد مستند کتابون سے اصل مطلب اور خلاصہ نکالکر امرت ساگر ایک پستک بنائی اسمین بیماریکی پیدایش علامتین اور علاج بہت مشرح مع حوالون کے لکھے ہین - مگر وہ جیپور کی

زبان مین تصنیف کیا گیا تھا اس سبب سے کوئی اوس سے مستفید نہو سکا کیونکہ اوس زبان کے
جاننے والے سوائے جیپور کے اور کہین نہین ہین اوسکو سب چھوٹے بڑے خاص کر
اودہ کے تعلقدار اور پنڈتون کو اس بیدک کے مطابق مطب مین ہوشیار ہونیکے لیے
بیکنٹھ باشی سری راجہان سنگہ صاحب قائم جنگ بہادر جو بیدک وغیرہ سب علمون مین
گویا مجسم العلم تھے اونکی تجویز و صلاح کے ساتھہ پنڈت کالیچرن نے جو دیسی بھاکھا کے محاورات
سے نہایت واقف ہین مطبع منشی نولکشور صاحب کی فرمایش خاص سے اوسکی زبان کو
لباس مہذب بھاشا مین مرتب کیا (پہلے یہ پوتھی مارواڑی بھاشا مین تھی) اور ملی
آگرہ کی عمدہ زبان مین جسکا سب جگہہ پر رواج ہے طیار کرکے سیسے کے چھاپہ خانہ مین چھپوائی
اور چندہ مرتبہ مین لاکھون جلدین طبع ہوکر شائقین کی نذر ہوئین یہ ایک ایسی کتاب ہے
کہ اسکو پڑہہ کر ڈاکٹری منتر جنتر اور دواؤن کے صاف کرنے اور کشتہ کرنے اور مع بدرقونکے
کھانے کا اندازہ اور مختلف قسم کے بھوت پریت وغیرہ آسیب کے دفع کرنے اور
شیر خوارون کے ستارون اور شروع مین نبض قارورہ وغیرہ سے امراض کی پہچان مع
پیدایش علامت اور علاج ایسے لکھے ہین کہ تھوڑا بھی عقلمند ہو تو وہ اوسکو پڑہہ کر بید
ہو سکتا ہے یہ وہ پوتھی ہے کہ ہر ایک خاندان مین داشتہ آید بکار یہ وہ عمدہ اور نفیس
جوہر ہے کہ جسکے ذریعہ سے اکثر حالیہ بیماریون مین ہر ایک شخص تھوڑی ہی سی فہم و ادراک
سے کامیابی ضرورت پر حاصل کر سکتا ہے ایسی جامع پوتھی کا رواج کثرت سے اس غرض سے
ہوا ہے اور عموماً تجربہ ہای مفیدہ سے نہایت ناموری اس پوتھی کو حاصل ہوئی ہے
اسطرح سے جب اسکا چارونطرف رواج ہوا اور اوسکے علاج اور مجرب نسخون سے سب نے
فائدہ حاصل کیا تو اوسکی شہرت سے چارون طرف یہ خواہش ہوئی کہ اگر اسکا ترجمہ
زبان اردو مین ہو جاتا تو اردو خوانون اور یونانی طبیبون کے مشورہ طبی کے لیے بہت
فائدہ بخش ہوتا چنانچہ عالی وقار خداوند نعمت فیاض زمان منشی نول کشور صاحب

دام اقبالہ مالک اودھ اخبار نے اس احقر العباد کو اس خدمت پر ممتاز فرمایا اور اس نیازمند نے بہت درستی اور احتیاط سے حرفاً حرفاً اس کتاب کا ترجمہ اردو مین کیا۔ بندہ نے اس خیال سے کہ بیدک کا مطلب فوت منہوجاوے امراض اور دواؤن کا وہی نام رکھا اور اکثر جگہہ پر اونکا طب یونانی کے طریق پر ترجمہ کیا اور بعض جگہہ پر اونکی تشریح مناسب لکھی گئی اور وہی الفاظ لکھے گئے۔ اس کتاب کی اصل مین اوزان مین صرف ایک ہی وزن ٹانک کا لکھا ہے۔ دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ یہ وزن تین ماشہ کا ہوتا ہے اسلیے اوسجگہہ درم کا استعمال کیا گیا۔ غرض جہان تک ہوا اوسکے معنی اور مطلب کو فوت منہونے دیا اور علامتین اور تشخیص نہایت مشرح اور تفصیلاً لکھی گئی ہین۔ آخر مین نہایت عجز وانکسار سے مؤلف ترجمہ اس کتاب کے ملاحظہ کنندگان سے توقع رکھتا ہے کہ جہان ترجمہ مین کوئی غلطی ملاحظہ فرماوین معاف فرماوین +

آخر مین یہ دعا ہے کہ پروردگار عالم جناب خداوند نعمت فیاض زمان منشی نول کشور صاحب کی روز بروز دولت واقبال کی افزونی کرے اور اس کتاب کے استعمال کرنے والون کو فائدۂ کلیہ حاصل ہو اور یہ کتاب دست بدست فروخت ہوکر دوبارہ چھاپنے کا موقع ملے فقط

العبد

احقر العباد پیاری لال پنڈت کشمیری عرف رگھو
مصحح صیغہ ناگری ڈپارٹمنٹ پریس مواڈیٹر
اودھ سا کیت شکشانوئی اخبار ناگری +



باب اوّل

بیمار کی بیماری اور پیشاب خواب وقت اور دوا کی آزمایش اور بیمار کی باعلاج اور لاعلاج پہچانی کی بیان مین

بیمارضون کی آزمایش

طرح طرح کے درد کو بیمارضہ کہتے ہین وہ بیمارضے دو قسم ہین ایک باطنی دوسرا جسمانی جو بدن مین رہے وہ باطنی اور جو جسم مین رہے وہ جسمانی کہلاتا ہے یہ دونون بدن مین کسیطرح کی بدپرہیزی یا باد صفرا بلغم کے زور یا غذا اور آسایش مین تفرقہ کے سبب سب بیمارلیون کو پیدا کرتے ہین اور یہ باد صفرا بلغم کئی قسم کی بدپرہیزی سے بگڑے تھکے بدن کو بگاڑتے ہین اور یہی اچھی طرح پرہیز سے استعمال کرنے سے بدن مین تازگی لاتے ہین - سب بیماریان نیچے لکھی چھ طریقون سے پہچانی چاہیئن +

نبض کی آزمایش - پیشاب کی آزمایش - اور بیمارضون کے احوال شروع سے تین قسم کے ہین اور بیمارضون کی تشخیص سے بھی بیمارون کا حال معلوم ہوتا ہے +

نبض کی آزمایش کا بیان

مرد بیمار ہو تو اوسکے داہنے ہاتھ کی اور عورت بیمار ہو تو اوسکے بائین ہاتھ کی نبض دیکھے

مگر بید کو لازم ہے کہ ایک دل ہو کر اطمینان سے نہایت سوچ سمجھ بیمار کے ہاتھ کو ہلتے ندنے
اسطرح انگوٹھے کے پاس لوگون کی گواہ نبض ہے وہ نبض لوگون کے سکھ دکھ کو کہتی ہے
اوسکو بید اچھی طرح اپنی تین اونگلیون سے دیکھے جیسے راگ کے جاننے والے کو
بین کی تان سے سب راگ معلوم ہو جاتے ہین اسیطرح نبض بھی بدن کے سکھ دکھ کو
تبلاتی ہے ۔ اور جو اوسیوقت نہا کر یا اوسیوقت کھانا کھا کر یا اوسیوقت تیل لگا کر یا سوتے
سے اوٹھکر یا دوڑتا ہوا آیا ہو اور بھوکھا پیاسا پر شہوت یا جسکو پاخانہ اور پیشاب کی زیادہ حاجت ہو
اتنے لوگون کی نبض نہ دیکھے اور جو دیکھے تو بید کو بیمار کی بیماری کی پہچان بخوبی تمام نہو اور جیسے
بید بیمار کے ہاتھ کی نبض دیکھے ویسے ہی بیمار کے پاون کی بھی دیکھے اور علم کی زور اور اپنی
عقل کی تیزی سے جیسے جوہری اپنے تجربے اور ربط سے ہیرے وغیرہ جواہرات سچے
جھوٹھے اور قیمت کو کہدیتا ہے ویسے ہی بید علم کی طاقت سے بیمار کو باحتیاج اور لاعلاج
اور بدن کے سکھ دکھ کا حال جان لیتا ہے ٭

نبض کی پہچان کا بیان

انگوٹھے سے لگی ہوئی تین اونگلیون سے پہلی کے نیچے خاص بادی نبض چلتی ہے
بیچ کی اونگلی کے نیچے صفرا کی اور پچھلی اونگلی کے نیچے بلغم کی نبض چلتی ہے ۔ جیسے سانپ
جونک وغیرہ جانور ٹیڑھے میڑھے چلتے ہین ویسے ہی باد کی نبض بھی بانکی اور ترچھی چلتی ہے
اور جیسے کوا راج ہنس مینڈھک وغیرہ پھدکتے اور جلدی چلتے ہین ویسے ہی صفرا کی
نبض تیز اور پھدکتی چلتی ہے اور جیسے راج ہنس مور بط مرغ کبوتر وغیرہ مند آہستہ آہستہ
چلتے ہین ویسی ہی بلغم کی نبض بھی آہستہ آہستہ چلتی ہے اور بار بار سانپ اور مینڈک کیسی
چال چلے اوسکو باد صفرا کی نبض جاننا چاہیے اور جس نبض کی سانپ اور ہنس کی سی چال
ہو اوسکو باد اور بلغم کی نبض جاننا چاہیے اور بندر مینڈک ہنس ان تینون کیسی چال ہو
اوسکو صفرا باد کی جانو اور جیسے بڑھئی چیری ہوئی لکڑی کو نہایت جلد کاٹتا ہے ویسے

جس آدمی کی نبض چلے اور چلنے سے رہجاے اور پھر چلنے لگے اوس نبض کو سنپات یعنی تینون خلطون کی جانے اور آہستہ آہستہ ٹیڑھی ٹیڑھی ٹھہر ٹھہر کے چلے وہ بلی یا دہنی نامی ہے وہ نبض سست وکم ہوجانے سے مار ڈالتی ہے اوسی نبض کو سنپات کی نبض جاننا لازم ہے اور جس آدمی کے بخار آیا ہوا وسکی نبض بہت گرم اور تیز چلتی ہے اور بیمار کی نبض ایک طرح سے برابر اپنی جگہہ پر چلے وہ بیمار نہین مرتا اور پُر شہوت آدمی کی نبض نہایت جلد چلتی ہے اور فکرمند آدمی کی نبض آہستہ چلتی ہے اور کسی طرح سے خوف ناک آدمی کی نبض بہت ہی آہستہ چلتی ہے اور بدہضمی اور جریان کے بیمار کی نبض بہت ہی آہستہ چلتی ہے +

اور خون کے فساد والے آدمی کی نبض کچہ گرم اور بھاری چلتی ہے اور جس شخص کے پیٹ مین آنون کا فساد ہوا وسکی نبض بہت بھاری چلتی ہے اور جس شخص کو بہت بھوکھ لگی ہو اوسکی نبض تیز چلتی ہے اور جو شخص بہت کھانا کھاتا ہوا وسکی نبض ہلکی اور جلدی چلتی ہے اور جس شخص نے کھانا کھایا ہوا وسکی نبض آہستہ چلتی ہے اور جس شخص کے پیٹ مین مواد وغیرہ کا فساد ہوا وسکی نبض بہت تیز چلتی ہے اور سُکھی آدمی کی نبض بہت آہستہ اور برطاقت چلتی ہے اور نبض کی آزمایش کئی قسم کی ہے اوسکو عقلمند بید اپنی فہم اور تیزی عقل سے نبض کے ذریعہ بدن کا سب سُکھ دُکھ سمجھ لین جیسے جوگی کو جوگ کے ربط و تجربے سے برہم کا علم ہوتا ہے ویسے ہی نیک بید کو نبض کے ربط سے بدن کی سب عارضی اور سُکھ دُکھ معلوم ہوتی ہین +

پیشاب کی آزمایش

بید کو لازم ہے کہ چار گھڑی کے تڑکے بیمار کو اوٹھاکر کانچ کے سفید برتن مین یا پیتل کے برتن مین پیشاب کراوے پھر اوس برتن کو کپڑے سے ڈھک رکھے جب آفتاب طلوع ہو تو بید اوسکو آزماوے اگر بیمار کا پیشاب پانی کے مانند ہو اور بہت ہو اور کچھہ نیلا بھی ہو تو بادکے فساد کا پیشاب جانو اور جو پیشاب سرخ کسم کے مانند ہو کر گرم یا زرد ٹیسو کے پھول کے مانند اور تھوڑا اوترے تو صفرا کے بیماری کا پیشاب جاننا چاہیے اور جس بیمار کا ٹھنڈا اور سفید اور چکنا پیشاب

اوترے اوسے بلغم کا فساد جانو اور چار گھڑی کے تڑکے کے بیمار کا پیشاب چار گھڑی تک دھوپ مین رکھکے بعد بیدار ہوے سمین تیل کا قطرہ ڈالے جو تیل کا قطرہ پیشاب کے اوپر پھیل جاوے تو اوس بیمار کو باعلاج جاننا چاہیے اور وہ بیمار اچھا ہوجاوے اور جو تیل کا قطرہ پیشاب کے اوپر نہ پھیلے اور جم جاوے تو وہ بیمار مشکل سے آرام پائے اور جو وہ قطرہ پیشاب مین ڈوب جاوے یا گھومنے لگے تو وہ بیمار ضرور مرے اور جس بیمار کی پیشاب مین تیل کا قطرہ پڑتے ہی سوراخ ہوجاوے یا اوس قطرہ کی تلوار کمان اور ڈنڈے کی طرح کی شکل ہوجاوے یا ہنس کے مانند ہوجاوے یا کنول پھول یا ہاتھی یا چنور یا تیر کی سی شکل ہوجاوے تو وہ بیمار اچھا ہوجاوے اور جسکا پیشاب سرسون کے تیل کیطرح ہو اوسکو باد صفراوی کی بیماری جاننی چاہیے اور جسکا سیاہ اور پھٹکے لیے ہو اوسکو سنپات کی بیماری جانو اور جس بیمار کے پیشاب کرتے ہوے سرخ دھار اوترے اوسکو پتا بیمار جاننا اور جسکی دھار سیاہ نکلے وہ مریض مرجاوے اور جسکی پیشاب مین بکری کی پیشاب کیسی بدبو آوے اوسکو بدہضمی جاننا چاہیے اور جسکا پیشاب گرم اور سرخ یا زرد ہو اوسکو بخار سمجھنا اور جسکا کوئین کے پانی کے مانند پیشاب اوترے اوسکے لنگ روگ جانو ۔

بیماریون کا احوال
بیمار کی آزمایش

بیمار کی آزمایش اتنی طرح سے ہوتی ہے دیکھنے چھونے پوچھنے خواب اور جو آدمی بھیجا جاوے اور شگون اور وقت کے دیکھنے اور دوا اور جگہ وقت اور عمر اور ہاضمے اور لاعلاج اور باعلاج وغیرہ طریقون سے بیمار کی آزمایش مناسب ہے اوسی ترتیب سے لکھتے ہین ۔ پیلیا وغیرہ کئی عارضے تو بیمار کے دیکھنے ہی سے بید کو ظاہر ہوتے ہین اور بخار وغیرہ کئی عارضے بیمار کے چھونے بغیر جانے نہین جاتے اور پیٹ کا درد سر درد بواسیر گرمی اور سوزاک حمل دل اور بھوت پریت وغیرہ کا لگنا جیان وغیرہ کئی بیماریان مریض کے کہے بغیر

بید بخوبی نہین جان سکتا ٭

خواب کی آزمایش

مریض کو ایسے خواب دیکھنے اچھے نہین ہوتے اگر بیمار خواب مین ننگا اور منڈا اور سرخ اور کالا کپڑا پہنے ہوے آدمی کو دیکھے یا نکٹا بوما اور کالے ہتیار اور پھانسی لیے ہوے مارتا ہوا شخص دیکھے تو اوس بیمار کو لاعلاج جانو اور بھینسا اونٹ گدہا ان پر سوار جانب شمال جاتا ہوا خواب مین دیکھے وہ بیمار بھی اچھا نہو اور اونچے سے نیچے گرے پانی مین ڈوب جاوے اور سلگی ہوئی آگ مین گرے اور شیر وغیرہ درندا اوسکو کھاتے ہون یا چراغ کو بجھتا دیکھے اور تیل یا شراب کو پیتا دیکھے اور پکوان کھاوے اور کنوئین مین گرے ایسا خواب مریض کو ہو تو اوس بیمار کو لاعلاج جانو اور ایسا خواب دیکھنے والا کسی سے نہ کہے اور صبح کے وقت اوٹھتے ہی راکھہ وغیرہ سے نہاوے اور اوس خواب کی بدشگونی مٹنے کے لیے ہون دان اور پاٹ وغیرہ کرے تو بدشگونی رفع ہو اور بیمار خواب مین دیوتا راجہ فقیر دوست برہمن گاے آگ تیرتھہ دیکھے تو وہ بیمار جلد اچھا ہو اور خواب مین کھیر کو نگھہ جاوے اور دشمن پر فتح پاوے اور محل رتھہ پہاڑ وغیرہ کے اوپر چڑھے تو وہ بیمار جلدی آرام پاوے اور خواب مین سفید کپڑا پہنے اور گوشت مچھلی پھل کھاوے تو وہ بیمار جلد شفا پاوے اور خواب مین مدخولہ عورت سے جماع کرے اور بدن مین غلیظ ملے اور روے اور اپنی موت دیکھے اور کچا گوشت کھاوے تو وہ بیمار جلد اچھا ہو اور جونک سانپ بھونرا مکھی جسکو خواب مین کاٹے وہ بیمار بھی جلد شفا پاوے اور جو یہ خواب تندرست آدمی کو بھی ہون تو اچھے ہین ٭

جو آدمی بید کو بلانے جاوی اوسکا شگون

بید کے بلانے کے لیے جو آدمی بھیجے وہ کانا کبڑا نکٹا وغیرہ نہو کیونکہ ایسے کے بھیجنے سے وہ بیمار بھی جلدی اچھی نہو اور جو عمدہ کپڑے پہنے خوبصورت گھوڑے اور رتھہ وغیرہ پر سوار

بید کو نذر لیوے اچھے خاندان کا ہوشیار آدمی جسکا بایان دم چلتا ہو بید کے پاس اکیلا جاوے تو وہ بیمار جلد آرام پاوے +

شگون کی پہچان

جو بید مریض کا علاج کرنے کو جاتا ہوا وسکو اوسوقت سامنے ٹھنڈے شگون ملین تو اچھا اور جو آگ وغیرہ گرم شگون ملین تو بیمار آرام نپاوے اور جو آدمی بید کو بلانے جاتا ہوا وسکو پانی وغیرہ سرد شگون سامنے ملین تو بیمار اچھا نہوا اور آگ وغیرہ گرم چیزین ملین تو مریض جلد شفا پاوے +

وقت کی پہچان

جس مریض کے رات کو گرمی اور بدن مین سردی لگے اور گلے مین بلغم بولے وہ مریض ضرور مرے اور جس بیمار کی ناک کا اگلا حصہ سرد ہو اور اوسکے ہاتھ اور چھاتی بھی ٹھنڈی ہو اور سر مین درد ہو وہ مریض بھی ضرور مرے اور جس بیمار کی اصلی حالت اور نور اور شرم جاتی رہے اور مزاج مین زیادہ غصہ ہوجاوے وہ بیمار چھ مہینے مین مرے اور جس مریض کے عضو کانپتے ہون اور عقل جاتی رہے اور بدن کا رنگ اَوْر کا اَوْر ہوجاوے اور خوشبو اور بدبو کی پہچان نرہے وہ بیمار ضرور مرے اور درخت اور درخت کی ٹہنیون مین بیمار کو آگ سی نظر آوے وہ بیمار چھ مہینے مین مرجاوے اور جو مریض بغیر شہوت ہوجاوے اور اوسکو پسینا نہ آوے وہ تین مہینے مین مرے اور جو بیمار کان سے آواز نہ سنے وہ ضرور مرے اور جس بیمار کی آنکھ بدن اور مُنہ کی رنگت اَوْر کی اَوْر ہوجاوے وہ مریض بھی ضرور مرے اور جس بیمار کو اپنی زبان اور ناک کا اگلا حصہ اور ابرو کا درمیان نظر نہ آوے وہ بیمار ضرور مرے اور جس مریض کے مُنہ کا رنگ اور قسم کا ہوجاوے اور ناک کا اگلا حصہ ٹیڑھا ہوجاوے اور آنکھین سرخ ہوجاوین وہ مریض بھی ضرور مرے اور جس بیمار کے حواس اپنا اپنا کام نہ کرین وہ مریض بھی ضرور مرے اور جس مریض کی آواز سست پڑجاوے

یا تھک جاوے اور طاقت کم ہو جاوے وہ بیمار بھی ضرور مرے اور جس بیمار کو کانچ اور پانی مین اپنا سایہ نظر نہ آوے وہ بھی ضرور مرے اور جسکا مُنہ سرخ کنول کے پھول کے مانند ہو اور زبان کالی پڑ جاوے اور بدن مین درد اُٹھ آوے وہ مریض ضرور مرے اور جس بیمار کی چھاتی اور ناف اور کندھا کانپنے لگین وہ بیمار ضرور مرے اور جسکے اشلیکھا نشت بھکھا آردرا - سواتی - مُول - پوربا پھالگنی - پوربا کھاڑہ - پوربا بھادرپد - بھرنی ان نچھترون مین اور اتوار سنیچر - منگل وار اور چوتھ - چھٹھ - دوادشی - تھون مین بیماری پیدا ہو تو وہ بیمار ضرور مرے اور جس بیمار کو دوسرے کی آنکھ کی پتلی مین اپنی صورت نظر نہ آوے وہ بیمار ضرور مرے اور جس بیمار کا آفتاب کے طلوع ہونے کے وقت داہنا اور شام کو بایان دم چلے وہ بیمار نہ مرے ✣

دوا دینے کا قاعدہ

بید کو لازم ہے کہ دوا کی خاصیت سمجھ مریض کی بیماری کے برابر دوا دوے جو بیماری کم ہو تو زیادہ دوا ندے اور جو زیادہ بیماری ہو تو تھوڑی ندے اور جو کڑوی کسیلی دوا بیمار نہ کھاوے تو وہ بیمار زندہ نرہے ✣

ملک کا بیان

تین قسم کے ملک ہین - انوپ - سادھارن جنگل - جہان بہت سا پانی ہمیشہ بہتا ہو اور جس دیس مین بلغم کی زیادتی ہو جیسے مشرق کے ملک مین اوسکو انوپ کہتے ہین اور اسیطرح کی علامتین جہان کہین اور جس ملک مین ہون اوسکو بھی انوپ کہتے ہین اور جس دیس مین باد صفرا اور بلغم برابر ہون اوسکو سادھارن کہتے ہین اور جس دیس مین باد زیادہ ہو اوسکو جنگل کہتے ہین اور جس دیس مین جو آدمی پیدا ہوا اوسکا اوسی دیس کے مطابق مزاج ہوتا ہے ✣

وقت کی پہچان

وقت تین قسم کا ہوتا ہے - سردی - گرمی - اور برسات - اگر سردی مین سردی کم پڑے

یا بہت پڑے تو بیماریان پیدا ہون اور سردی مین گرمی کا پڑنا بھی خلاف ہے یہ بھی اچھا نہین اس سے عارضے ہوتے ہین اسیطرح گرمی مین گرمی کم پڑے یا زیادہ پڑے یا سردی پڑے تو بیماری کی پیدائش کا سبب ہے ایسے ہی برسات مین برسات تھوڑی ہو یا زیادہ ہو یا نہو تو عارضے پیدا ہون +

عمر کا بیان

عمر تو کئی قسم کی ہے مگر اونمین تین خاص ہین ایک لڑکپن - دوسری جوانی - تیسری بڑھاپا - اون مین اسطرح - ادنے - اوسط ہوتے ہین ادنکے جو بیماریان پیدا ہون اونکے بدن اور عمر کے اندازسے سوچکر بید دوا دے +

حس کی قوت طبیعی

پانچ قسم کی ہین - آواز - چھونا - شکل - ذائقہ - بو - آواز کی جگہ تو کان ہین اور چھونے کی جگہ جلد شکل کی جگہ آنکھین رس کی جگہ زبان بو کی جگہ ناک ہے - جو آواز کی طاقت کم ہو جانے سے کم سنے یا زیادہ سنے یا غلط سنے یا کچھہ کا کچھہ سنے اور چھونے کی طاقت کم ہو جانے پر تھوڑا چھووے یا غلط چھووے یا کچھہ کا کچھہ چھووے اور دیکھنے کی طاقت کم ہونے سے کم دیکھے یا غلط دیکھے یا کچھہ کا کچھہ دیکھے - چھون رسون کے کھانیکی طاقت تھکنے سے تھوڑا کھاوے یا بہت کھاوے یا کچھہ کا کچھہ کھاوے اور سونگھنے کی طاقت کم ہونے سے تھوڑا سونگھے یا غلط سونگھے یا کچھہ کا کچھہ سونگھے تو ضرور بیماری پیدا ہو اوران پانچون کے اچھی طرح استعمال کرنے سے آدمی ہمیشہ اچھا رہتا ہے +

افعال طبیعی

تین قسم کے ہین جسمانی - باطنی - زبانی - جو جسم مین رہین وہ جسمانی اور جو دل مین رہین وہ باطنی جو زبان مین رہے وہ زبانی - جسم کے کام تھکنے سے تھوڑا کام کرے یا بہت کام کرے یا کچھہ کا کچھہ کام کرے اور دل کی طاقت گھٹنے سے تھوڑی خواہش ہو یا بہت ہو یا کچھہ کی کچھہ ہو

اور بولنے کی طاقت کم ہونے سے کم بولے یا کچھ کا کچھ بولے تو آدمی کو بیماری پیدا ہو اور تینون چیزون کو آدمی بخوبی برابر استعمال رکھے وہ آدمی ہمیشہ اچھا رہے ✣

ہاضمہ کی طاقت کا بیان

آگ پانچ قسم کی ہے۔ منداگن کم۔ تیچھن اگن تیز۔ بکھم اگن سخت۔ سم اگن برابر۔ بھسم اگن سخت تر جسکا بلغمی مزاج ہوتا ہے اوسکے ہاضمے کی آگ کم ہوتی ہے وہ بلغمی عارضون کو پیدا کرتی ہے اور اچھی نہین اور جسکا صفراوی مزاج ہو تو اوسکے تیچھن اگن ہوتی ہے وہ اچھی ہے کھایا ہوا کھانا سب ہضم کرتی ہے مگر وہ بھی صفرا کے عارضے پیدا کرتی ہے اور جسکا بادی مزاج ہو اوسکے بکھم اگن ہو وہ باد کے عارضون کو پیدا کرتی ہے اور کبھی کھانا ہضم کرے اور کبھی نہ کرے۔ چوتھی سم اگن ہے جو سب آگون مین عمدہ ہے اچھی طرح کھانا کھاوے اوسکو پچا دیتی ہے اور کوئی بیماری پیدا نہین کرتی اور پانچوین بھسم اگن ہے وہ بھسمک کے عارضے کو پیدا کرتی ہے اسطرح کبھی دوا کے استعمال سے بدن مین رطوبت اصلی کم ہو جاوے اور صفرا کی حرارت جوع الکلب زیادہ ہو کر ہوا کے ساتھہ سے تحریک ہو کر سخت گرمی پیدا کرتی ہے تب وہ بھسمک اگن ہو جاتی ہے اوس آگ والے کو جب وقت پر کھانے کو نہ ملے تو پیاس پسینا جلن بیہوشی وغیرہ کر کے آدمی کو مار ڈالتی ہے اسلیے آدمی ہاضمے کی طاقت پہچان کر علاج کرے یا کھانا وغیرہ کھاوے تو اوسکو ضرور ہی بیماری پیدا ہو اور اوسکی دوا کرنی فائدہ نہین پہونچاتی اور اوسکا علاج فائدہ ور نہین ہوتا ✣

بیمار کی لاعلاج ہونیکی پہچان

جس بیمار کو رات کیوقت نیند نہ آوے اور گلے مین بلغم بولے اور بدن مین جلن ہو اور نبض آہستہ چلے اور بولنے سے زبان تھک جائے اور سب حواس خمسہ اپنے اپنے کامون کو چھوڑ دین وہ بیمار ضرور مرنے اور جس بیمار کو قوت ہاضمہ کم ہو کر طبیعت بگڑ جاوے اوس مریض کو لاعلاج جانو اور جسکی آنکھین سرخ ہو جاوین اور دم چڑھ آوے چھاتی مین درد ہو اور

اونگھائی ہچکی اور پیاس بہت ہو پسینا زیادہ اور چکنا آوے وہ مریض فرو مرے +

بیمار کے با علاج ہونیکی پہچان

جس بیمار کی طبیعت درست رہے اور کھانا بخوبی تمام ہضم ہوتا رہے اور کسیطرح بیماری کا فساد نہو ایک ہی قسم کی کوئی بیماری ہو اور اوس بیمار کے علاج کرنیمیں کی چار تدبیرین ہامین ایک تو اچھا تجربے کار بید - دوسرے ویسی ہی بیماری کی دور کرنے والی دوا اور ویسا ہی ہوشیار نوکر اور ویسا ہی بیمار دولت مند اور بیماری کے گھٹنے بڑھنے کا جاننے والا ہو اوس بیمار کو با علاج جانو +

عارضون کی تفریق

جو بیماریان جسم مین رہین وہ چودہ قسم کی ہین اونکو لکھتے ہین سہج روگ - کریج روگ جات جات روگ - پیڑا جنت - کال جنت - پربھاو جنت - سبھاو جنت - دوش جنت آگنتک روگ - کایک روگ - آنتر روگ - کریج روگ - دوکیج روگ - کرم دوکیج روگ

اِن سب کا بیان

والدین کے نطفہ سے جو اولاد کے بھی بیماریان ہوتی ہین - جیسے بواسیر - کوڑھ وغیرہ سہج روگ کہلاتے ہین - حمل مین - کبڑا - لنگڑا - چھ انگل کا اور دوسرا ہاتھ پیر کا لنجا بیماریان ہون اونکو گربھ روگ کہتے ہین - حمل کی حالت مین والدہ کی بدپرہیزی اور کھانے وغیرہ کی تبدیلی اور تفرقہ سے لڑکے کے رتوا - اور ببا بدن - گونگا پن وغیرہ جو بیماریان ہون اونکو جات جات کہتے ہین اور ہتیار وغیرہ کے لگنے سے جو ہتیار کی ضرب سے ماں کے پیٹ مین نقصان ہونے سے عوارض ہون اونکو پیڑا جنت بیماریان سمجھنا چاہیے - اور سردی مین زیادہ سردی اور گرمی مین زیادہ دھوپ اور برسات مین زیادہ برسات کے سبب جو بیماریان پیدا ہوتی ہین اونکو کال جنت روگ کہتے ہین - اور دیوتا گرو اور بزرگون کی بد دعا اور ستارون کے خلاف ہونے سے جو بیماریان پیدا ہون اونکو پربھاو جنت کہنا چاہیے - اور

بھوکھ پیاس اور بڑھاپے وغیرہ سے جو بیماریان پیدا ہوتی ہین اونکو سوبھاوجنت کہتے ہین اور آسیب وغیرہ اور نحصہ شہوت اور دشمنی محبت اور خوشی ورنج طمع اور غفلت وغیرہ جس کے بدن مین رہین اونسے جو بیماریان پیدا ہین اونکو آگنتک روگ کہتے ہین۔ اور بخار وغیرہ خاص بیماریان ہین اونکو کایک بیماریان کہتے ہین اور جو دل کے مانند جو آدھا پاگل ہوجاوے اوسکو انتر روگ کہتے ہین اور جس ملک مین سیاہ یا سرخ یا بھورے آدمی پیدا ہون اون کو دیش کہنا چاہیے اور پہلے جنم مین یا اس جنم مین برہمن اور گاے مارنے وغیرہ کے گناہ سے جو بیماریان ہون اونکو کرم کہتے ہین اور باد صفرا اور بلغم سے جو بیماری پیدا ہوئی ہے اوسکو دوکھ کہتے ہین اور برہم تہیا وغیرہ جو پاپ اور باد صفرا اور بلغم وغیرہ کے جو فساد مین اون دونکو ملاکر جو عارضہ پیدا ہوا ہے اوسکو کرم دوکھ کہتے ہین۔ اب یہی دو قسم کے ہین ایک با علاج۔ دوسرا لاعلاج۔ باعلاج دو قسم کا ہے ایک تو بہت تدبیرون سے جیسے تیسے اچھا ہوتا ہے اور لاعلاج دو قسم کا ہے ایک جاپیہ۔ یعنی گمبھیر۔ بواسیر۔ مرگی یعنے مرض مرع اردہنگ یعنی لقوہ۔ سانک۔ اور جس مین زیادہ بیماریان ہون وہ شخص دوا کھایا کرے اور پرہیز سے چلے اور بید کی راے کے مطابق کام کرے جہان تک عارضہ دفع ہو ان عارضونکو جاپیہ کہتے ہین اور ایک ایسی بیماری پیدا ہو جسکا علاج بھی نہو سکے وہ مارہی ڈالتی ہے اور عارضونکی قسام تو بے تعداد ہین جنکی تعداد نہین اونکا علم تو صرف خداوند تعالے کو ہے مگر بید بھی علم کے زور اور عقل کی تیزی سے ان سب عارضون کو جو وہ طرحسے پیدا ہوتے ہین جان لے

اور طرحسے سب عارضونکی پیدا ہونیکا اور ہی طریقہ

جو شخص سب طرحسے ہوشیار رہے اور جو وہ طرحکے زورون مین سے کوئی زور بیفایدہ ظاہر نہ کرے اور جو آپ ہی ظاہر ہو اوسکو نہ روکے اور اوسکا کام کرے تو وہ شخص بیمار نہو اور اون جو وہ زورون کو ناحق ظاہر کرے اور اونکے ظاہر ہونے سے اوسکو اختیار کرے تو ضرور بیمار ہو ٭

چودہ روز

ادہاادہو بایو پیٹ کی ہوا کو روکنا۔ دشا بادہا پاخانہ روکنا۔ موتر بادہا پیشاب روکنا۔ ڈکار روکنا۔ چھینک روکنا۔ پیاس روکنا۔ بھوکھ روکنا۔ نیند روکنا۔ دم روکنا۔ تکلیف کا دم روکنا۔ جمبھائی روکنا۔ آنسو روکنا۔ قے روکنا۔ منی روکنا۔ یہ چودہ زور ہین ان کو ناحق روکے اور انسے پیدا ہوے زورونکو اپنے اوپر اختیار کرے تو ضرور آدمی کے بیماریان ہون وہ لکھتے ہین جو شخص ادہو بایو یعنے ریح کو روکے اوسکے گولا اور پیٹ مین اپھارا اور درد یہ بیماریان ہون پھر ریح اچھی طرح صادر نہین ہوتی اور موتر کرچھر امراض مثانہ اور بدا اور آنکھون کے عارضے اور بدہضمی اور چھاتی مین درد ہو ✣

پاخانے کے روکنے کی بیماریان

جو شخص پاخانہ کو روکے اوسکے یہ بیماریان ہوتی ہین۔ ہاتھ پاون مین اعضا شکنی اور خناق۔ سر درد۔ اور دم اچھی طرح نہین آتا اور چھاتی مین درد۔ اوداورت۔ اور گولہ پھیا۔ پیٹ کی بیماری۔ پیٹ کا درد۔ موترکرچھر قبض۔ بیماریہاے مثانہ۔ آنکھونکی بیماریان بدہضمی وغیرہ عارضے ہوآتے ہین ✣

پیشاب روکنے سے عارضے

جو شخص پیشاب کے زور کو روکے اوسکو یہ عارضے ہون۔ اعضا شکنی۔ پتھری۔ لیکندری یعنے عضو تناسل اور کالے بالون کی جڑ مین درد اور گولا۔ پھیا۔ وغیرہ جو پیچھے پاخانہ کے روکنے سے بیماریان کہی ہین وہ بھی پیشاب کے روکنے سے پیدا ہوتی ہین ✣

ڈکار کے روکنے کے عارضے

جو شخص آتی ہوئی ڈکار کو روکتے ہین اونکو اتنے عارضے ہوتے ہین۔ کھانے سے نفرت بدن کانپے۔ چھاتی رکے۔ اپھار یعنی نفخ۔ کھانسی۔ ہچکی وغیرہ

چھینک روکنے کے عارضے

جو شخص چھینک کے زور کو روکے اوسکے یہ بیماریان پیدا ہون - دل گھبراوے - ضعف حواس ہو - گردن نہ مڑے - منہ ٹیڑھا ہوجاوے +

پیاس روکنے کی بیماریان

جس شخص کو پیاس لگی ہو اور اوسکو روکے تو یہ بیماریان ہون - منہ سوکھے - اعضا شکنی - بہرائن - غفلت - شک - دودلا - اور چھاتی مین تکلیف ہو +

بھوکھ روکنے کی بیماریان

جو شخص بھوکھ کے زور کو روکے اوسکے اتنے عارضے ہون - سب اعضا ٹوٹنے لگین - کھانے سے نفرت ہو اور طبع مائل منہ اور بدن کمزور اور خلش قلب اور بغیر محنت کیے تکان اور سب حواس کند ہون - اور بدنکا رنگ اوڑکا اوڑ ہوجاوے +

نیند کے روکنے کے عارضے

جو شخص آتی ہوئی نیند کو روکے اوسکے یہ بیماریان پیدا ہوتی ہین - غفلت - اور سر اور آنکھین بھاری - سستی - جمھائی - اعضا مین درد وغیرہ +

کھانسی کے روکنے کے عارضے

جو شخص کھانسی کو روکے اوسکے کھانسی - دم - کھانے سے نفرت - چھاتی کا درد - ہچکی - وغیرہ بیماریان زیادہ ہوتی ہین +

محنت کے دم روکنے کی بیماریان

جو شخص محنت کے دمون کو روکے اوسکے اتنے عارضے ہوتے ہین - گولا - چھاتی کی بیماریان - غفلت - دس قسم کے جیان کی بیماریان +

جمھائی روکنے کی بیماریان

جو شخص آتی ہوئی جمھائی کو روکے - اوسکے درد سر - اور سستی جوہن اور گردن اور منہ ٹیڑھا ہو +

آنسو روکنے کی بیماریان

جو شخص آنسو روکے اوسکے خناق - آنکھ کے عارضے - سر - چھاتی اور گردن مین درد تنفر اور شاک پیدا ہو +

قے روکنے کی بیماریان

جو شخص آتی ہوئی قے کے زور کو روکے اوسکے رتوا - پتی کوڑہ - آنکھ کی بیماری - کھجلی بخار - کھانسی - دم - چھاتی کا درد - مکھ کیل یا مکھ چھایا - وغیرہ ہوتے ہین +

منی روکنے کی بیماریان

جو شخص منی کے زور کو روکے اوسکے سوزاک بمریان - درد عضوا ورسوجن - فکر - کھانے سے تنفر

باب دوم

سب طرحکے بخار کے بیان مین

بخار کی پیدائش کا بیان

دچھہ پرجاپت کی جگیہ مین ستی کے چولا چھوڑ دینے سے تینون لوک کے مالک شیوجی نے غصہ کیے دچھہ اور دچھہ کے مددگارون - کے مارنے اور جگیہ کے خلل ڈالنے کے لیے اپنی تیسری آنکھ سے ایک بیر بھدر پیدا کیا اوسنے سری شیوجی کا حکم لیکر دچھہ پرجاپت کو مارکر جگیہ کا سب سامان کھاپی ڈالا تب شیوجی نے بیر بھدر کا نام تپ رکھا وہ تپ آرام وآسایش کے تفرقہ اور گرانی سے ناف اور پستان کے درمیان جو آنون کی جگہ ہے اوسمین رہتا جو بادی صفرا بلغم اونکو بیمار کے بدن مین آنون کی جگہ پر بگاڑ دیتا ہے اور آنون کی جگہ مین جو نذا رہتی ہے اوس سے جو رس پیدا ہوتا ہے اوسکو بھی بگاڑ دیتا ہے اور آنون کی جگہ مین جو آگ رہتی ہے اوسکو پیٹ سے باہر نکالکر بیمار کے سب بدن کو آگ کی مانند گرم کرتا ہے وہی بخار کی صورت ہوکر بدن کی طاقت کو کم کر دیتا ہے وہ بخار آٹھ قسم کا ہے -

بادی ۱ صفرادی ۲ بلغمی ۳ بادی صفرادی ۴ بادی بلغمی ۵ بلغمی صفرادی ۶ سنپات ۷ آگنتک ۸

یہ آٹھ قسم کی تپ ہین اب انکی علیحدہ علیحدہ علامتین لکھی جاتی ہین +

عام بخار کی عام علامتین

جسکے بدن مین ایک ساتھ ہی یہ علامتین ہون تو بخار کہنا چاہیے - بدن گرم ہو - پسینا نہ آوے - بھوکھ جاتی رہے - سب بدن جکڑا رہے - اور دردسر - اور ہاتھ پاون مین اعضا شکنی - اور کہین دل نہ لگے - ایسی علامتین جس بیمار کی ہون اوسے بخار جاننا چاہیے +

بخار کی پہلی شکل

ہاتھ پاون مین اعضا شکنی اور سر بھاری رہے اور جمھائی آوین اور بغیر درد کے بدن مین تکلیف ہو جسکے ایسی علامتین ہون تو جاننا کہ بخار آویگا +

بادی بخار کی علامتین

بدن کانپے - بخار کا بڑا زور ہو - گلا اور لب سوکھین - نیند اور چھینک نہ آوے - بدن دکھا ہو پیشانی بھاری - بدن مین درد - منہ سے چھوٹون طرح کا مزہ جاتا رہے - قبض رہے - پیٹ مین درد اور اپھار ہو - اور جمھائی بہت آوین - تو بادی تپ جاننا چاہیے +

عام بخار کا علاج

گرم پانی پلاوے اور مواد کے موافق فاقہ اور کچھ پرہیز بھی کراوے اور اوسکو ہوا نہ لگنے دی - اور اچھے باریک کپڑے پر سلاوے تو بخار جاوے - اور تین دن تک تو بخار مین - کروی کسیلی - جلاب وغیرہ کی کوئی دوا نہ دے یہی تدبیر کرنی چاہیے - پھر زنجبیل دو ماشہ - کشنیز ۱ ماشہ - انکا جوشاندہ کر پلاوے تو بخار جاتا رہے +

بادی بخار کا علاج

بادی بخار والے کو اور تیجین جٹھرا گون والے کو اور حاملہ عورت اور کمزور آدمی اور لڑکا - بوڑھا اور دہشت ناک اتنے لوگون کو فاقہ نہ کراوے اور تھوڑا پرہیز بھی کراوے اور بادی بخار والے کو چاتیا - ناگرموتھا - نیتر بالا - دونون کٹیری - گلو - سونٹھ - ان سب دواؤنکو چھ دام

چھ دام لیکر آدھ کچا کر پانچ دن تک جوشاندہ دے تو بادی بخار جاوے۔ یا پانچ پتہ نیم کی چھال۔ دھاسہ۔ پاڑہ۔ کچور۔ اڑوسہ۔ بیخ ارنڈ۔ تلسی۔ ان سب چیزون کو کچلکر چھ دام چھ دام بھر لیکر جوشاندہ دے تو بادی بخار دور ہو۔ یا ہنگلیشر بیں سے بادی بخار بہت جلد رفع ہوتا ہے۔ شنگرف۔ پیپل۔ سنگی مہرہ مصفا۔ ان تینون کو برابر لے اور باریک پیسکر پانی مین آدھی آدھی رتی کی گولی بناکر ہر روز ایک ایک کھاوے تو پانچ گولیون مین بادی بخار ضرور جاوے اور سونٹھ۔ مصور۔ کلونجی۔ موتھ۔ ان سبکی دال کا پانی کھانیکو دے اور چھاتور۔ گلو۔ یہ دونون چھ دام چھ دام بھر جوشاندہ کرکے پیئے اور اوسمین چھ دام بھر پوہانگر والکر پانچ دن تک پیئے تو بادی بخار جاوے۔ اور سنگر والکھ۔ پیپل۔ پت پاپڑا۔ بادیان۔ یہ سب چھ دام چھ دام بھر لیکر جوشاندہ دے تو بادی بخار جاوے۔

صفراوی بخار کی علامتین

آنکھون مین سوزش ہو منہ کی لذت کڑوی رہے۔ پیاس زیادہ لگے۔ چکر آوین۔ بہت بدن گرم رہے۔ بخار کی شدت زیادہ ہو۔ پاخانہ مین دست آوے۔ قے ہو۔ اور آنکھین پیخانہ اور پیشاب زرد ہون یہ علامتین جس شخص مین ہون اوسکو صفراوی بخار مین مبتلا جانو۔

صفراوی تپ کا علاج

ناگرموتھ۔ پت پاپڑا۔ نیم بالا۔ چرائتا۔ نیم کی چھال۔ ان سب چیزون کو چھ دام چھ دام بھر لیکر اور اوسکا جوشاندہ کرکے دے تو صفراوی بخار جاتا رہے۔ یا گرم پانی کے ساتھ پیپی ہوئی کلیر سیاہ۔ ایک چھ دام اور روز ناشتہ کو دے۔ اور دو درم مصری انکو پیسکر دے تو صفراوی بخار جاوے۔ یا چندن اور رم۔ خس اور رم۔ انکو باریک پیس چھانکے بار بار چھ بھر شربت بن دودھ مین بھر شکر ڈالکر پیئے تو صفراوی بخار دور ہو۔ یہ دوا [illegible] کی پتلی مین ملتی ہے۔ یا پانون کی کلیل کو پانی مین مصری ملاکر پیئے

یہ آٹھ قسم کی تپ ہین اب انکی علیحدہ علیحدہ علامتین لکھی جاتی ہین +

عام بخار کی عام علامتین

جسکے بدن مین ایک ساتھہ ہی یہ علامتین ہون تو بخار کہنا چاہیے - بدن گرم ہو - پسینا نہ آوے - بھوکھہ جاتی رہے - سب بدن جکڑا رہے - اور درد سر - اور ہاتھہ پاون مین اعضا شکنی - اور کہین دل نہ لگے - ایسی علامتین جس بیمار کی ہون اوسے بخار جاننا چاہیے +

بخار کی پہلی شکل

ہاتھہ پاون مین اعضا شکنی اور سر بھاری رہے اور جمھائی آوین اور بغیر درد کے بدن مین تکلیف ہو جسکے ایسی علامتین ہون تو جاننا کہ بخار آویگا +

بادی بخار کی علامتین

بدن کانپے - بخار کا بڑا زور ہو - کلا اور لب سوکھین - نیند اور چھینک نہ آوے - بدن روکھا ہو پیشانی بھاری - بدن مین درد - منہ سے چھوٹون طرح کا مزہ جاتا رہے - قبض رہے - پیٹ مین درد اور اپھار ہو - اور جمھائی بہت آوین - تو بادی تپ جاننا چاہیے +

عام بخار کا علاج

گرم پانی پلاوے اور مواد کے موافق فاقہ اور کچھہ پرہیز بھی کراوے اور اوسکو ہوا نہ لگنے دے - اور اچھے باریک کپڑے پر سلاوے تو بخار جاوے - اور تین دن تک تو بخار رہین - کڑوی کسیلی - جلاب وغیرہ کی کوئی دوا نہ دے یہی تدبیر کرنی چاہیے - پھر زنجبیل دو ماشہ - کشنیز ۱ ماشہ - انکا جوشاندہ کر پلاوے تو بخار جاتا رہے +

بادی بخار کا علاج

بادی بخار والے کو اور تیمچن چھوٹے لڑکے کو اور حاملہ عورت اور کمزور آدمی اور لڑکا - بوڑھا اور دہشت ناک اتنے لوگون کو فاقہ نہ کراوے اور تھوڑا پرہیز بھی کراوے اور بادی بخار والیکو چراتیا - ناگرموتھا - نیتر بلا - دونون کٹیری - گلو - سونٹھہ - ان سب دوائیونکو چھ دام

چھ دام لیکر آدھ کچلا کر پانچ دن تک جوشاندہ دے تو بادی بخار جاوے - یا نخچیل - نیم کی چھال - دھاسہ - پاڑہ - کچور - اڑوسہ - بیخ ارنڈ - پوہکر مول - ان سب چیزون کو کچلکر چھ دام چھ دام بھر لیکر جوشاندہ دے تو بادی بخار دور ہو - یا ہنگلیشر رس سے بادی بخار بہت جلد رفع ہوتا ہے - شنگرف - پیپل - سنگی مہرہ مصفا - ان تینون کو برابر لے اور باریک پیکر پانی مین آدمی آدھی رتی کی گولی بناکر ہر روز ایک ایک کھاوے تو پانچ گولیون مین بادی بخار ضرور جاوے اور مونگ - مسور - کلتھی - موٹھ - ان سبکی دال کا پانی کھانیکو دے اور چھتاور - گلو - یہ دونون چھ دام چھ دام بھر جوشاندہ کر پیے اور دسمین چھ دام بھر پورانا گڑ ڈالکر پانچ دن تک پیے تو بادی بخار جاوے - اور سنکھ دا کھہ - پیپل - پت پاپڑا - بادیان - یہ سب چھ دام چھ دام بھر لیکر جوشاندہ دے تو بادی بخار جاوے - موقف ۱۲

صفراوی بخار کی علامتین

آنکھون مین سوزش ہو منہ کی لذت کڑوی رہے - پیاس زیادہ لگے - چکر آوین - بہت بدن گرم رہے - بخار کی شدت زیادہ ہو - پاخانہ مین دست آوے - قے ہو - اور آنکھین پاخانہ اور پیشاب زرد ہون یہ علامتین جس شخص مین ہون اوسکو صفراوی بخار مین مبتلا جانو +

صفراوی تپ کا علاج

ناگرموتھ - دھاسہ - پت پاپڑا - نیم بالا - چرائتا - نیم کی چھال - ان سب چیزون کو چھ دام چھ دام بھر لیکر کچلکر اور اوسکا جوشاندہ کرکے دے تو صفراوی بخار جاتا رہے - یا گرم پانی کے ساتھ پیپی ہوئی کھیر سار - ایک چھ دام اور دو ماشہ کتھی - اور دو درم مصری انکو پیسکر دے تو صفراوی بخار جاوے - یا چندن اور رم - خس اور رم - انکو باریک پیس چھانکے چار پیسے بھر شربت بن دو پیسے بھر مصری ڈالکر پیے تو صفراوی بخار دور ہو - یہ دوا سوشرت سنسکرت کی پستک مین لکھی ہے - یا چانول کی کھیل کے پانی مین مصری ملاکر پیے

تو صفراوی بخار دور ہو۔ یا کٹکی۔ مغز الملتاس۔ ناگر موتھ۔ پوست ہلیلہ۔ بہت پاڑہ۔ ان سبکو چھ دام چھ دام بھر لیکر کوٹے اور جوشاندہ دے تو صفراوی بخار اور پیاس۔ سوزش مدہوشی۔ بک۔ چکر۔ ان بیماریوں کو یہ جوشاندہ دور کرے۔ یہ سب نسخے میں لکھا ہے گیہوں کے آٹے کو خوب بھگو کر اوسمین مصری ڈال پتلا حریرہ کر دے تو صفراوی بخار جاوے۔ یا میٹھے انار کا شربت دے تو صفراوی بخار جاوے۔ یا نہایت خوبصورت سولہ برس کی عورت سے جماع کرے تو سوزش جاوے۔ اور طوطا۔ مینا۔ اور لڑکے کی خوش الحانی اور لچھے باغ اور پھولوں کے ہار کنول کا پھول اور سنگار کی بانین۔ کیوڑہ کا لگنا۔ خوبصورت عورتوں کا ساتھ۔ فوارہ وغیرہ یہ سب سوزش کی تکلیف کو دور کرتے ہیں۔ یا فالسے کے شربت مین سیندھا نمک ڈالکر پیے تو صفراوی بخار دور ہو۔ یا مونگ کی دال کے پانی مین مصری ملاکر پیے تو صفراوی بخار دور ہو۔ یا منکہ داکھہ کا شربت مصری ملاکر پیے تو صفراوی بخار دور ہو۔ یا پت پاپڑہ۔ ناگر موتھ۔ چراتیہ۔ ان سبکو پانچ درم لے جوشاندہ کرتین دن تک پیے تو صفراوی بخار دور ہو۔ یہ سب دوا تم بھاسکر مین لکھی ہین۔ سرخ چندن۔ پدمک۔ دھنیا گلو۔ نیم کی چھال۔ ان سبکو چھ دام چھ دام بھر لیکر جو کوب کرکے پانچ دن تک جوشاندہ پیے تو صفراوی بخار۔ سوزش۔ پیاس۔ قے۔ سب دور ہون۔ یہ دوا لولب راج مین لکھی ہے اور یہ صفراوی بخار بہت سوزش پیدا کرے تو کنول کے پھولون کے بچھونے پر یا کیلے کے پتون پر سلاوے تو سوزش دینے والا بخار جاوے یا اچھے باغ کی سیر کرے۔ یا خس کی ٹٹیون مین خس کے ہی پنکھے سے ہوا کرے تو صفراوی بخار دور ہو۔ یا گلاب کے پھولون کی پنکھڑی کو تل مین پانچ سات پٹ دے اور اونکا تیل چمیلی کیطرح نکالے اوسکو چکیر گلاب وغیرہ کہتے ہین اور مہندی گلاب تیل سکتے ہین تو اوسکو ملنے سے سوزش کا بخار بند ہوتا ہے یا ستو یا ہزار مرتبہ کا دھویا ہوا گھی بدن مین ملے تو صفراوی بخار دور ہو یا نیم کے نرم پتون کی سیج کرا اوسمین پانی ڈالکر جھاگ اوٹھاوے اور صفراوی بخار والے کے بدن مین ملے یا اون جھاگون ہی کی سیج کرکے

مار کرانش کرے تو صفراوی بخار دور ہو۔ علاج بید جیون اور بید نبود مین لکھے ہین +

بلغمی بخار کی علامتین اور تدبیر

رغبت بھائی رہے۔ بدن بھاری ہو۔ اور دردین کھڑے ہون اور پیشاب اور ناخن سفید ہون
نیند بہت آوے۔ بدن ٹھنڈا ہو۔ اور منہ میٹھا رہے۔ اور بخار کا زور کم ہو۔ اور سستی
دمہ کھانسی ہے۔ خناق وغیرہ علامتین جسمین ہون اوسکو بلغمی بخار جانو +

بلغمی بخار کا علاج

نیم کی چھال۔ سونٹھ۔ گلو۔ پوکر مول۔ کٹکی۔ کچور۔ اڑوسہ۔ کا پھل پیپل چھتاور۔ ان سب کے
چھ ماشہ چھ ماشہ بھر لے کچلکر بیالیس تولہ پانی مین جوشاندہ دے تو بلغمی بخار دور ہو۔ یا کا پھل
پیپل۔ کاکڑاسنگی۔ پوکر مول۔ ان سب دواؤن کو کچلکر چھان کر سکے شہد مین چٹا دے
تو بخار بلغمی۔ اور دمہ۔ کھانسی وغیرہ دور ہون۔ یہ علاج بید نبود مین لکھا ہے۔ اور بلغمی
بخار والے کو گرم سیر بھر کا تین پاؤ پانی کر کے تھوڑا تھوڑا پلاوے اور بایو فاسنے کرا دے ہم
مونگ موٹھ یا کلتھی کے پانی کا آہش دے اور دن مین سونے نہ دے اور بچورے کے اندر کے
زیرے مین سیندھا نمک ادرک ملا کر دے اور کھانے کے وقت یہ ہاضمے کی چیز دے۔
سونٹھ۔ مرچ۔ پیپل۔ چترک۔ پیپلا مول۔ دونون زیرہ۔ لونگ۔ الائچی۔ بھنی ہوئی
ہینگ۔ اجاین۔ اجمود۔ ان سبکو برابر لیکر پیسکر چھ ماشہ چھ ماشہ بھر گرم پانی سے دے
تو بلغمی بخار جاوے اور ہاضمہ کرے بھوک لگے۔ پاکڑی۔ گلو۔ سونٹھ۔ پوکر مول۔
اڑوسہ۔ ان سبکو چھ چھ ماشہ بھر لے جوکوٹ کر سات دن تک جوشاندہ دے تو بخار بلغمی جاوے
اسکو چاتر او کو تقصہ کہتے ہین۔ کٹیری۔ پیپل۔ کاکڑاسنگی۔ گلو۔ اڑوسہ۔ ان سب چیزونکو
دو دو ماشہ لیکر جوشاندہ کر دن دے تو بلغمی بخار۔ دمہ کھانسی۔ بدہضمی۔ یہ دور ہون۔
یا اڑوسہ کا جوشاندہ چھ ماشہ بھر دس دن دے تو بخار بلغمی بہت جلد دور ہو۔ یا ایک رتی
شہد مین ملا کر دے اور اوپر سونٹھ کے جوشاندہ سے سات دن تک دے تو بخار بلغمی جلد دور ہو

شیشت بھنجی رس کی ترکیب

شنگرف سے نکلا ہوا پارہ پانچ درم - گندھک مصفا پانچ درم - تامبیشر یعنی تانبے کی راکھ ۵ درم - سنگی مہرا - ۵ درم - سونٹھ ۵ درم - فلفل سیاہ ۵ درم - پیپل ۵ درم سہاگہ مصفا ۵ درم - ان سب کو باریک پیس چترک کے رس کی تین پٹ دے پھر ادرک کے رس کی سات پٹ دیکر پان کے رس کی تین پٹ دی پھر ایک ایک رتی کی گولیاں بنا وے یہ شیشت بھنجی رس ہے اس سے بخار بلغمی - سردی - اور سب باد کی بیماریاں دور ہوتی ہین +

بادی صفراوی بخار کی علامتیں اور علاج

جس شخص کو بادی صفراوی بخار - اور مدہوشی - چکر - اور سوزش ہو - اور نیند نہ آوے اور درد سر ہو - اور گلا اور منہ سوکھے - اور قے ہو اور بال کھڑے ہو جاوین - اور اندھیرا ہو جاوے - اور سب بدن مین درد ہو اور جمھائی بکواد وغیرہ جسمین ہون اوسکو بادی صفراوی بخار کہتے ہین +

باد صفراوی بخار کا علاج

کھرٹی - گلو - بیخ ارنڈ - ناگر موتھ - پدماک - بھارنگی - پیپل خس - سرخ چندن ان سب چیزون کو پانچ ماشہ بھر لے کچلکر چھ دام بھر کا جوشاندہ بارہ دن تک پیے تو باد صفراوی بخار دور ہو - یا گلو - ناگر موتھ - پت پاپڑا - چرایتا - سونٹھ - ان سبکو برابر لے کچلکر چھ دام بھر کا جوشاندہ ہر روز بارہ دن تک دے تو باد صفراوی بخار دفع ہو - اس جوشاندے کا نام پنچ بھدر ہے یا گلو - پت پاپڑا - سونٹھ - ناگر موتھا - اڑوسہ - ان سبکو برابر لے کچلکر چھ دام بھر کا جوشاندہ دے تو باد صفراوی بخار جاوے - یا پٹول - نیم کی چھال - گلو - کٹکی - ان سبکو برابر لے چھ دام بھر کا کاڑہ بارہ دن تک دے تو باد صفراوی بخار دور ہو - یا ہوا - ملٹھی - لودھ - سفید سرسون - ناگر موتھ - مغز الملتاس - ان سبکو برابر لے کچلکر چھ دام بھر کا کاڑہ بارہ دن تک دے تو بادی صفراوی بخار دور ہو - یا چاولون کی

کھیل کے پانی مین مصری اور شہد ملا کر دس دن تک دے تو باد صفراوی بخار جاوے یا سونٹھ۔ فلفل سیاہ ان کو برابر لیکر سب کے برابر مصری ملا کر پیسکر ہر روز چھ ماشہ بھر دس دن تک کھاوے تو باد صفراوی بخار دور ہو +

باد بلغمی بخار کی علامتین

کھانسی۔ تنفر۔ ہر ایک عضو اور سر مین درد۔ خناق۔ سوزش۔ تفکر۔ بدن مین رعشہ رہے اور بھاری ہو۔ اور نیند نہ آوے۔ اور پسینا۔ دم زیادہ جلن اور پیٹ مین درد ہو اور نبض سانپ یا ہنس کی چال کیطرح چلے اور وہ سفید یا دھویا چکنا سرمے کے مانند پیشاب کرے اور سیاہ اور چکنا پیٹ کا مواد ہو آنکھ دھومی اور منہ کسیلا یا میٹھا اور زبان سیاہ یا سفید گلے مین بلغم اور بھاری بول بدن سرد۔ یہ علامتین جسمین ہون اوسکو باد بلغمی بخار جاننا چاہیے یہ علامتین جسر تمر بھاسکر مین لکھی ہین +

باد صفراوی بخار کا علاج

اس بخار والے کو دس لنگھن کراوے اور آدھا اوٹا ہوا پانی پلاوے اور دس دن بعد چراتیا۔ ناگر موتھ۔ گلو۔ سونٹھ۔ یہ سب برابر لے کچلکر چھ دام بھر کا کاڑہ دے اور بخوبی اوسکو پرہیز کراوے تو کوئی فساد نہ اوٹھے اور تین دن پیچھے کا پھل۔ دیودار بھارنگی۔ ناگر موتھ۔ کشنیز۔ پت پاپڑا۔ پوست ہلیلہ۔ سونٹھ۔ پنچ کنگنی۔ یہ سب چیزین برابر لے کچلکر ایک درم کا کاڑہ کرکے دے تو باد بلغمی بخار۔ کھانسی۔ سوجن سانک۔ ان سبکو دور کرے۔ یا ناگر موتھ۔ پت پاپڑہ۔ سونٹھ۔ گلو۔ دھاسہ ان سبکو برابر لیکر کچلے اور چھ دام بھر کا جوشاندہ دس دن تک دے تو باد بلغمی بخار قے۔ منہ سوکھنا وغیرہ دور ہون۔ یا کٹیلی۔ سونٹھ۔ پیپل۔ گلو۔ یہ سب چھ دام چھ دام بھر لیکر کاڑہ کر دے تو باد بلغمی بخار جاوے۔ یا سال پرنی۔ پرشٹ پرنی۔ دونون کٹیلی گوکھرو۔ بیل کی گری۔ ارنی۔ ارلو۔ کمیر۔ پاڑہ۔ یہ دس مول کہلاتے ہین ان کو

کوٹ کر جوشاندہ کرے اور پیپل ملا کر دس دن تک دے تو بادبلغمی بخار دور ہو۔ یا بخار مین منہ اور تالو سوکھ جاوے اور زبان لتھڑا جاوے تو بجورے کے زیرے مین سیندھا نمک اور مرچ لگا کر زبان مین ملے تو منہ اور تالو کی سوجن اور زبان کا لتھڑانا دور ہو یا چرایتا۔ گلو۔ دیودار۔ کا پیچل سب برابر لے چھ دام بھر کا کاڑہ کر دے تو بادبلغمی تپ جاوے یہ علاج تمر بھاسکر مین لکھا ہے ٭

بلغم صفراوی بخار کی علامتین

منہ اور زبان بلغم سے بھری رہے۔ غنودگی۔ غفلت۔ کھانسی۔ تنفر۔ اور پیاس زیادہ ہو۔ بار بار بدن مین سوزش اور سردی اور درد ہو۔ چھاتی مین تکلیف ہو۔ چکر آوے۔ بھوکھ نہ لگے۔ بدن جکڑا سا ہو جاوے۔ نبض ہنس اور مینڈک کی سی چال چلے۔ اور پیشاب سفید مگر سرخی لیے چکنا ہو اور پاخانہ بھی سرخی لیے ہو اور آنکھین مینڈک کے رنگ کے مانند ہون۔ منہ میٹھا یا کڑوا رہے زبان سرخی لیے سفید ہو جس شخص کے یہ علامتین ہون اوسکے بلغم صفراوی بخار جاننا چاہیے ٭

بلغم صفراوی بخار کا علاج

اس بخار والے کو چودہ فاقے دلاوے اور اشا سیکھ پانی پلاوے اور گلو۔ سرخ چندن۔ سونٹھ۔ نیتر بالا۔ دارہلدی۔ ان ادویات کو برابر لے کچلکر چھ دام بھر کا کاڑہ دس دن تک دے تو یہ بیماری دور ہو یا نیم کی چھال۔ سرخ چندن۔ پدماک۔ گلو۔ کشنیز۔ ان دواؤن کا کاڑہ کر دس دن دے تو یہ بخار۔ سوزش۔ پیاس۔ قے۔ سب دور ہون۔ یا گلو۔ نیم کی چھال۔ پٹول۔ کٹکی۔ سونٹھ۔ سفید چندن۔ ناگرموتھ۔ پیپل۔ ان سبکو برابر لے خوب باریک پیس بقدر چار ماشہ آٹھوین حصہ پانی کے ساتھ دے تو بخار۔ ہلنک۔ گرمی۔ چھاتی کا درد۔ تنفر۔ کھانسی وغیرہ بیماریون کو یہ چورن دور کرے۔ یا گلو۔ کٹیلی۔ کچور۔ دارہلدی۔ پیپل۔ اڑوسہ۔ پٹول۔ نیم کی چھال۔ چھاتیا۔

ان سب چیزون کو برابر لیکر کچلے اور چھ ماشہ بھر کا کاڑھہ دو ولہ ن وقت دس دن تک دے تو صفرا بلغمی بخار دور ہو۔ یا۔ واکھہ۔ مغز املتاس۔ کشنیز۔ کٹکی۔ ناگرموتھہ۔ پیلا سال سونٹھہ۔ پیپل۔ ان سبکو برابر لے کر گیارہ دن تک کاڑھہ دے تو۔ دمہ۔ شک۔ بیہوشی تنفر۔ قے۔ صفرا۔ بلغمی بخار۔ ان عارضون کو دور کردے۔ یا شنگرف کا نکالا ہوا پارہ ۵ درم۔ صاف کی ہوئی گندھک پانچ درم۔ فلفل سیاہ پانچ درم۔ سہاگہ مصفا ۵ درم۔ ان سبکو باریک پیس ادرک کے رس کی سات پٹ دے پھر پان کے رس مین سات پٹ دے پھر چار چار رتی کی گولیان باندھے ایک ایک گولی ہر روز دونون وقت سات دن تک کھاوے تو صفرا بلغمی بخار ضرور دور ہو +

سنپات یعنی تینون خلطون کے فساد کے بخار کی پیدایش اور علاج

جو شخص بہت مرغن اور کھٹا اور زیادہ گرم چیز یا میٹھا رو کھا کھاوے اور طبیعت کے خلاف چیز کھاوے یا زیادہ کھانا کھاوے اور برا پانی پیوے اور غصہ ور اور بیمار عورت کے ساتھ جماع کرے اور برا اور کچا گوشت کھاوے اور سردی۔ اور گرمی۔ اور موسم ستارہ انکے خلاف ہونے سے آدمی کو سنپات کی بیماری پیدا ہوتی ہے +

سنپات کی علامتین

اتفاق سے کبھی گرمی اور کبھی سردی لگے مزاج بدل جاوے اور حواس خمسہ اپنے اپنے کام کو چھوڑدین بدن کی ہڈیان اور عضو اور پیشانی مین زیادہ درد ہو اور آنکھون سے پانی آوے اور سیاہ اور سرخ ہوجاوین کانون مین آواز اور درد ہو گلے مین کانٹے پڑجاوین اور غنودگی۔ غفلت۔ سانک۔ کھانسی۔ نفرت۔ شک۔ یہ بھی ہون اور زبان سیاہ اور کھرکھری ہوکر پھٹ جاوے اور خون ملا ہوا بلغم تھوکے دن مین سووے رات مین جاگے پسینا بہت آوے یا نہ آوے اور بیہوشی کا رونے ناچنے ہنسنے رونے سر دھننے پیاس بہت لگے پاخانہ مین دم رہے پاخانہ اور پیشاب اوترے اور جماوے ترکہ آوے

بدن دُبلا پڑجاوے گلے مین بلغم بولے گونگا ہوجاوے اور لب وغیرہ اور اعضا پک جاوین پیٹ بھاری ہو نبض آہستہ سست اور بہت کم اور ٹوٹی سی ہو اور پیشاب سیاہ یا خون کے مانند اور پاخانہ سیاہ سفیدی لیے ہو یا سُور کے گوشت کی مانند ہو اتنی علامتین جس مین ہون اوسکے سنپات کا بخار کہنا چاہیے۔ جو بید دوا۔ رس۔ اور منتر تنتر کرکے سنپات بخار کو دور کرے اوس بید سے دولت دیکر بھی بیمار ادا نہین ہوتا ہے

سنپات کے بخار کا علاج

سنپات والے کو اردھا وشیش ۱ چھے کوئین کے پانی مین ایک درم سونٹھ ڈالکر دن کا اوٹادن مین اور رات کا اوٹا رات مین پلاوے اور ہوشیار آدمی پاس رہے اور جہان ہوا نہو وہان رکھے اور مرد دوا کبھی نہ کرے اور شیو وغیرہ کی پوجا اور ہون منتر من و ہارن اور دان وغیرہ کرے یا سات دن پیچھے کا پیپل۔ اندرجو۔ بھارنگی۔ سونٹھ۔ چراتیا۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ کاکڑاسنگی۔ پوکھرمول۔ راسنا۔ دونون کٹیلی۔ اجمود۔ چھڑ۔ بچ۔ پاڑر۔ چب ان سب چیزون کو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑہ دونون وقت دے تو سنپات اور غفلت۔ اور زیادہ پسینا۔ شیتانگ۔ اور پاگل پن۔ اور پیٹ کا درد۔ اُچھار۔ بادی۔ اور بلغم کی بیماریان اور سُوا روگ۔ ان سب بیماریون کو یہ جوشاندہ دور کرتا ہے یا آک کی جڑ۔ جواسہ۔ چراتیا۔ دیودار۔ راسنا۔ نرگنڈی۔ بچ۔ ارنی۔ سہنجنہ۔ پیپل۔ پیپلامول۔ چب۔ چترک۔ سونٹھ۔ اتیس۔ جل بھانگرہ۔ ان سب کو برابر لے کچلکر دو درم بھر کا کاڑھا دونون وقت دے تو سنپات کا بخار دہنورہات اور جیڑ بند ہوگیا ہو اوسکو اور باو کے عارضے اور سانک۔ کھانسی کو یہ کاڑہ دور کرتا ہے یہ علاج لولمبراج مین لکھا ہے۔ جو سنپات مین زبان کُند ہوگئی ہو تو بچ رے کے گیسر مین سیندھا نمک اور فلفل سیاہ ملاکر ملے تو زبان کا کُند ہونا دور ہو یا جس سنپات مین ہوش جاتا رہے اوسکی دوا یہ ہے۔ بچ۔ مہوا۔ سیندھا نمک۔ مرچ۔ پیپل۔ یہ سب برابر لیکر باریک پیس گرم پانی مین ناس دے تو ہوش آجاوے

سنپات کے دور کرنیکی اوزناس

پارہ ۵ درم - گندھک ۵ درم - ان دونون کو کھرل مین باریک پیسے پھر دونون کی برابر سونٹھ مرچ پیپل باریک پیس ان پانچون کو ملا دھتورے کے پھل کے رس کی تین بھاونا دیکر ایک دن کھرل کرے اسکا نام اونمت رس ہے اسکی ناس دے تو سنپات دور ہو +

سنپات دور کرنیکا انجن

جمال گوٹے کی گری ۱۰ درم - فلفل سیاہ ۱ درم - پیپلامول ۱ درم - ان تینون کو جمیری لیمو کے رس مین سات دن تک کھرل کرے پھر اسکا انجن دے تو سنپات دور ہو - یا پارہ - گندھک - فلفل سیاہ - پیپل یہ سب برابر لے اور ان چارون کا چوتھا حصہ جمال گوٹہ لیکر کھرل مین پارہ اور گندھک کو خوب باریک پیسے پھر ان دونون کو ملاکر سبکو جمیری کے رس مین آٹھ دن تک کھرل کرے پھر اسکا انجن دے تو سنپات دور ہو - اسکا بھیرو انجن نام ہے - یہ بیدرہس مین لکھا ہے - یا سرس کے بیج - پیپل - فلفل سیاہ - سیندھا نمک - لہسن - مین سل - بیج - انکو برابر لیکر باریک پیس گاے کی پیشاب مین ایک دن تک کھرل کرے پھر اسکو انجن کرے تو سنپات دور ہو +

سنپات دور ہونیکا تیج بکتر رس

شنگرف کا نکالا ہوا پارہ ۵ درم - صاف کی ہوئی گندھک ۵ درم - سنکی موہرا مصفا ۵ درم - سہاگہ ۵ درم - پیپل ۵ درم - فلفل سیاہ ۵ درم - پارہ اور گندھک کو پیس پھر ان سب دواؤن کو ملاکر دھتورے کی بیج کے تیل مین چار گھڑی کھرل کرکے ایک رتی کے اندازہ کی گولی باندھے ایک گولی ادرک کے رس مین دے تو سنپات جاوے اسکے اوپر دہی اور چانول کھانا کھلاوے یہ دوا بیدرہس مین لکھی ہے +

سنپات دور ہونیکا سوچھید بھیرو رس

شنگرف کا نکالا ہوا پارہ ۵ درم - گندھک مصفا ۵ درم - سنکی مہرہ مصفا ۵ درم - پیپل

۲ درم - پیپل ۱۰ درم - پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر ان سب دواؤں کو اسمین ملاکر ادرک کے رس مین ایک دن تک کھرل کرے پھر ایک رتی کے برابر دے تو سنپات کا بخار - سردی کا بخار - ہیضہ - بکھم جور - بدہضمی - پیشانی کا عارضہ - ان سبکو یہ رس دور کرتا ہے ؛ بید رہس مین لکھا ہے +

سنپات مین سردی پیدا ہوا اوسکا اوشدھ

فلفل سیاہ - پیپل - سونٹھ - پوست ہلیلہ - لودہ - پوہکرمول - چراتیا - کٹکی - کوٹ - کچور اندرجو - ان سبکو برابر لیکر باریک پیس مالش کرے تو پسینا - اور شیتانگ دور کرے - یا پارہ ۵ درم - سنگی مہرہ ۵ درم - فلفل سیاہ ۱۰ درم - دھتورے کے پھل کی راکھ ۲۰ درم ان سبکو باریک پیسکر بدن مین ملے تو پسینا شیتانگ - سنپات دور ہو +

مہا سنپات دور کرنیکا علاج

پارہ - سنگی مہرا - فلفل سیاہ - نیلا تھوتھا - نوسادر - ان سبکو برابر لے باریک پیس دھتورے اور لہسن کے رس مین روئی کرے وہ روئی حجامت بنواکر بیمار کے سر پر ایک پہر تک رکھے جب بدن گرم ہوجاوے اور ہوشیار ہو تو وہ شخص زندہ رہے اور جسکے بخار ہو اور بیہوش نہو تو وہ شخص ضرور مرے - یا لہسن - رائی - بیج سہنجنہ - ان سبکو گاے کی پیشاب مین باریک پیس روئی کرے وہ روئی دو پہر تک حجامت بنواکر سر پر رکھے جو ہوش مین آجاوے اور بدنہین گرمی آجاوے تو وہ زندہ رہے یہ تدبیر بید نبود مین لکھی ہے +

سنپات دور ہونیکا علاج

جسے خوفناک سنپات والے کو بچھو سے کٹوادے تو سنپات دور ہو - اور سنپات والیکو سانپ سے بھی کٹانا لکھا ہے مگر عموماً خلاف ہے اسلیے یہ علاج نہ کرے - یا سنپات والیکو لوہے کی سیخ بہت گرم کراکے تلوے اور ابرو اور پیشانی کے بیچ مین داغ دے تو سنپات جاوے - یہ بید نبود مین لکھا ہے اور منتر جنتر وغیرہ سے بھی سنپات دور ہوتا ہے اور

سشرت - چرک - باگبھٹ کی راے سے تو سنپات ایک ہی قسم کا ہے مگر اور رکھیون کی راے سے باون طرح کا ہے اونمین تیرہ قسمین خاص ہین اونکا علیحدہ علیحدہ نام اور علامتین اور علاج لکھتے ہین +

تیرہ سنپات کے نام

سندھگدہ[1]	اھنیک[2]	مرگدا[3]	چت بھرم[4]
شیتانگ[5]	تندرک[6]	کنٹھ کبج[7]	کرنک[8]
بھگن نیتر[9]	رکتشٹھیبی[10]	پرلاپ[11]	جھوک[12]

اہنیاس[13] - اب انکے رہنے کی حد کہتے ہین - سندھگ سات دن رہے - انتک دس دن روگاہ بیس دن - چت بھرم گیارہ دن - شیتانگ پندرہ دن - تندرک پچیس دن - کنٹھ کبج تیرہ دن - کرنک تیس دن - بھگن نیتر آٹھ دن - رکتشٹھیبی دس دن - پرلاپ تیرہ دن - جھوک سولھ دن - اہنیاس پندرہ دن - مگران مین جو کچھ فساد اوٹھ آوے تو آدمی فورا مرجاوے اور سنپات کے بیمار والے کا سر دعلاج کبھی نہ کرے اور دن مین سونے نہ دے اور اوٹا کر جب آٹھوان حصہ رہے تو پانی پلاوے اور ایسا علاج کرے جسمین آنون اور بلغم کم ہوجاوے +

سندگدہ سنپات کی علامتین

بدن کے ہر ایک عضو مین درد اور سوجن ہو - پیٹ بھاری رہے بدن کے عضو کمزور پڑجاوین طاقت جاتی رہے باد اور بلغم کا فساد بہت ہون اور نیند نہ آوے یہ علامتین سندگدہ سنپات کی جاننی چاہیین +

سندگدہ سنپات کا علاج

راسنا - پوست ہلیلہ - گلو - سہنجنہ - چترک - لجالو - سونٹھ - دیودار - کٹکی - کچور - ارنی - بامی ٹرنگ - سال پرنی - پرشٹ پرنی - دونون کٹیلی - منڈرہیل - ارنی - ارنو کھیر

پاڑہ - پیپل - یہ سب برابر لے کچلکر دو ۲ درم کا کاڑہ کر دونون وقت دے تو سند گدہ سنپات دور ہو +

انتاک سنپات کی علامتین

بدن مین جلن - اور رعشہ - اور درد سر ہو - کھانسی اور ہچکی آوے بہت بکے - ہوش نہ رہے اور دم چڑہ جاوے یہ علامتین جسمین ہون اوسکے انتاک سنپات کہنا چاہیے اسکی دوا اور علاج نہین ہے اس عارضے والا شخص زندہ نہین رہتا +

رگداہ سنپات کی علامتین

بدن مین جلن - طبیعت نہایت اولجھی اور دق رہے - پیٹ مین درد ہو - پیاس زیادہ لگے یہ علامتین جسمین ہون اوسکے رگداہ سنپات جاننا چاہیے یہ بھی لاعلاج ہے +

علاج

پوست ہلیلہ - پت پاپڑہ - نیم کی چھال - کٹکی - دیودار - مغز املتاس - منکا دا کھہ - ناگر موتھہ - یہ سب برابر لے کچلکر دو درم کا جوشاندہ دونون وقت پندرہ دن تک دے تو رگداہ سنپات جاوے +

چت بھرم سنپات کی علامتین

شک - گرمی - غفلت - سانک یہ ہون اور بیمار کی پاگلون کی سی آنکھین ہو جاوین اور ہنسے گاوے ناچے یہ جسمین علامتین ہون اوسکے چت بھرم سنپات جاننا چاہیے +

چت بھرم سنپات کا علاج

براہمی سیج - لجالو - ترپھلا - کٹکی - کھریٹی - مغز املتاس - نیم کی چھال - ناگر موتھہ کڑوی توری کی جڑ - منکا دا کھہ - شال پرنی - دونون کٹکی - گوکھرو - بیل گری - ارنی - ارلو پاڑہ - یہ سب برابر لے کچلکر دو درم کا جوشاندہ دونون وقت گیارہ دن تک دے تو چت بھرم سنپات دور ہو +

شیتانگ سنپات کی علامتین

سب بدن ٹھنڈا اولاسا ہوجاوے اور کانپے اور ہچکی آوے عضو کمزور ہوجاوین - اور سانک - کھانسی - اورقے ہو - مُنہ سے لعاب گرے یہ علامتین جسمین ہون اوس کے شیتانگ سنپات جاننا چاہیے یہ بھی بہت لاعلاج ہے یہ سنپات والا بیمار زندہ نہین رہتا تو بھی علاج لکھتے ہین - اس سنپات والے کو بچھو سے کٹوا دے اور سنگی مہرا تیل مین ملا اچھی طرح ملے اور سنگی مہرا - لہسن رائی انکو گائے کے پیشاب سے پیس کر روٹی کر بیمار کے حجامت کرا اوسکے سر پر رکھے جب تک گرم نہو تب تک روٹی سر پر رکھے جو گرمی نہ آوے تو وہ بیمار مرجاوے اب اوسکا اوبٹن لکھتے ہین - پارہ ۵ درم - سنگی مہرا ۵ درم فلفل سیاہ ۵۰ درم دھتورے کے ڈنڈے کی راکھ ۴۰ درم - انکو باریک پیس بدن مین ملے تو شیتانگ دور ہو +

تندرک سنپات کی علامتین

بیہوشی ہو - بخار کا زور ہو اور پیاس زیادہ لگے زبان کالی اور کھردری ہو سانک جلن - کان مین درد - یہ علامتین جس مین ہون اوسکے تندرک سنپات جانو +

تندرک سنپات کا علاج

بھارنگی - گلو - ناگر موتھ - کٹیلی - پوست ہلیلہ - پوہکر مول - انکو برابر لے کچلکر ۲ درم - کا کاڑہ پندرہ دن تک دے تو تندرک سنپات دور ہو +

کنٹھ کبج سنپات کی علامتین

سر مین درد ہو - جلن - داڑھ مین درد ہو - بدن بہت گرم رہے - بیہوشی ہو - اور بک اوٹھے - یہ علامتین جسمین ہون اوسکے کنٹھ کبج سنپات کہنا چاہیے +

کنٹھ کبج کا علاج

کاکڑا سنگی - چترک - پوست ہلیلہ - اڑوسا - کچور - چراتیا - بھارنگی - دارہلدی - کٹیری -

پوہکر مول - ناگر موتھا - کڑا کی چھال - اندرجو - کٹکی - فلفل سیاہ - ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑہ دونون وقت آٹھ دن تک دے تو کنٹھ کپھ سنپات جاوے +

کرنک سنپات کی علامتین

گلے مین درد - اور بدن مین تکلیف ہو اور گرم رہے - کھانسی - سانک - اور کپھ مین سوجن اور بہت درد ہو - یہ علامتین جسمین ہون اوسکے کرنک سنپات جاننا چاہیے +

کرنک سنپات کا علاج

رانا - اسگندہ - دونون کٹیلی - بھارنگی - کاکڑاسنگی - پوست ہلیلہ بیج - پوہکر مول - کٹکی - ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا جوشاندہ دونون وقت بیس دن تک دے تو کرنک سنپات جاوے +

دوسرا علاج

ہلدی - ہنگوٹی کی جڑہ - کوٹ - سہنجنہ کی جڑ - سیندھا نمک - دارہلدی - دیودار - اندرائن کی جڑہ - ان دوائیون کو برابر لے کچلکر آک کے دودہ مین باریک پیس کھرل کرلے اور کپھ مین ٹھنڈا لیپ کرے تو کپھ بیٹھ جاوے اور کپھ کی بیماری جاوے یا کپھ کے اوٹھتے ہی جونک لگاوے اور موافق سے خون نکلوادے تو کپھ ضرور اچھا ہو +

بھگن نتیر سنپات کی علامتین

جس بیمار کو یاد جاتی رہے - بخار کا زور ہو - اور آنکھین بانکی - ترچھی اور بے حرکت ہون اور کانپتی ہو بکنے لگے یہ بری علامتین جسمین ہون اوسکو بھگن نتیر سنپات جاننا چاہیے یہ بھی لاعلاج ہے +

بھگن نتیر سنپات کا علاج

دارہلدی - پٹول کے پتے - ناگر موتھ - کٹیلی - کٹکی - ہلدی - نیم کی چھال - ترپھلا - ان سبکو برابر لے دو درم کا کاڑہ دونون وقت پندرہ روز تک دے تو بھگن نتیر سنپات دور ہو -

رکتشٹھیبی سنپات کی علامتین

خون تھوکے - پیاس زیادہ لگے - غفلت - سانک - پیٹ مین درد - شک - قے - اچھار - یہ علامتین جسمین ہون اوسکے رکتشٹھیبی سنپات جاننا چاہیے یہ بہت ہی لاعلاج ہے +

علاج

ناگرموتھ - پدماک - پت پاپڑہ - صندل سرخ - مہوا - نیتر بالا - چھتاور - صندل - بکائن کی چھال - ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑہ پندرہ دن تک دے تو رکتشٹھیبی سنپات جاوے - یا دوب کا رس اور انار کے پھولون کے رس کی ناس دے تو رکتشٹھیبی سنپات دور ہو +

پرلاپ سنپات کی علامتین

بدن کانپے اور بہت گرم رہے - اور سبکے - جلن ہو - بخار کا زور ہو - ہوش جاتے رہین سب عضومین تکلیف ہو - یہ علامتین پرلاپ سنپات کی ہین +

پرلاپ سنپات کا علاج

ناگرموتھ - نیتر بالا - سال پرنی - پرشت پرنی - دونون کٹیلی - بیل گری - ارلو - پاڑہ - سونٹھ - پت پاپڑہ - چندن - اڑوسہ - ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑہا دونون وقت دس دن تک دے تو پرلاپ سنپات جاوے +

جھوک سنپات کی علامتین

سانک اور کھانسی ہو - زبان لتھڑ جاوے اور کانٹے بھی پڑ جاوین - گونگا اور بہرا ہو - طاقت جاتی رہے یہ علامتین جسکے ہون اوسکو جھوک سنپات جانو یہ بیماری نہایت مشکل سے شفا پاوے

جھوک کا علاج

بیچ - کٹیلی - جواسہ - راسنا - گلو - ناگرموتھ - سونٹھ - کنٹکی - کاکراسنگی - پوہکرمول براہمی - بھارنگی - نیم کی چھال - اڑوسہ - کچور - یہ سب برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑہا دے

دن تک دے تو جھوک سنپات دور ہو۔

اٹھنیاس سنپات کا علاج

بھارنگی۔ رہنا۔ پیول۔ دیودار۔ ہلدی۔ مرچ۔ پیپل۔ اڑوسہ۔ اندراین کی جڑ۔ چراتیا۔ نیم کی چھال۔ نیتر بالا۔ کٹکی۔ پاڑہ۔ ارلو۔ دارہلدی۔ کٹیلی۔ گلو۔ نسوت۔ جھاؤ کی جڑ۔ پوکھرمول۔ ترایمان۔ ناگرموتھ۔ جواسہ۔ اندجو۔ کچور۔ ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑہ سترہ دن تک دے تو اٹھنیاس سنپات دور ہو۔

سنپات دور کرنیکا انجن

لہسن۔ پیپل۔ مرچ بیج۔ ارلو۔ کچ بیج۔ سیندھانمک۔ ان سبکو برابر لے اور گائے کے پیشاب مین باریک پیسکر آنکھون مین انجن کرے تو سب سنپات دور ہون ✣

سنپات کی ناس

فلفل سیاہ۔ مہوا۔ سیندھانمک۔ چترک۔ کاپھل۔ پیپل۔ ان سبکو برابر لے اور باریک پیس کر پانی مین ناس دے تو سنپات دور ہو ✣

آٹھون بخار مٹانے دور کرنیکا چنتامن نام رس

شنگرف کا نکالا ہوا پارہ۔ گندھک۔ مصفا۔ ابرق۔ تامبشر۔ سونٹھ۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ پوست ہلیلہ۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ۔ جمال گوٹہ مصفا۔ ان سبکو برابر لے ڈنڈھل کے رس مین کھرل کر دو پہر پیچھے دو پیسہ بھر کھا کر ایک رتی کی گولی باندھے تو آٹھون بخار دور ہون اور درد شکم۔ ضعف معدہ۔ آلون بات یہ سب دور ہون۔ یہ بید رہس اور بید نبود مین لکھا ہے ✣

امرت سنجیونی گٹکا

شنگرف کا نکالا ہوا پارہ ۱ درم۔ گندھک مصفا ۳ درم۔ تامبشر ۴ درم۔ سہاگہ ۲ درم۔ سنگی مہرہ ۱۰ درم فلفل سیاہ ۱ درم پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پیچھے یہ سب دوا ملاکر سبکو برابھی کے رس مین ایک پہر دے پھر دو پتے ادرک کے رس کی دے۔ پھر سونٹھ۔ مرچ۔ پیپل ان تینون کو اوٹاکر

ایک پٹ دے پھر چرک کی ایک پٹ دے - پھر اسکی ایک رتی کے اندازہ کی گولی باندھے ایک گولی ادرک کے رس مین دے تو سنپات اور بیہوشی کو دفع کرے یہ رس مردہ کو زندہ کرتا ہی اور آنوبات - باہی سول - شاہ داغ - بکھ جور - ضعف معدہ - سنپات - ان سبکو بھی یہہ مرت سنجیونی گٹکا دفع کرتا ہے یہ رس منجری مین لکھا ہے +

کالا رس

پارہ مصفا ۱۲ ماشہ - گندھک مصفا ۲۰ ماشہ - سنگی مہرا ۱۲ ماشہ - مرچ سیاہ ۲۰ ماشہ - پیپل بہ ماشہ - لونگ ۱۶ ماشہ - دھتورے کے بیج ۱۲ ماشہ - بھانگا مصفا ۲۰ ماشہ - جایپھل ۲۰ ماشہ عاقرقرحا ۲۰ ماشہ - پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے اوسمین یہ سب چیزین باریک پیس کر ملاوے پھر تین دن لیمو کے رس مین کھرل کرے پھر کیلہ کے رس مین کھرل کر سکھے پیچھے ایک رتی بھر کی گولی باندھی ایک گولی کھادی تو بادی سنپات کی بیماریان رفع ہون - یہ رس جوگ چنتامن مین لکھا ہے

ترلوکیہ بھیرو رس

زنجبیل ۴ تولہ - فلفل سیاہ ۴ تولہ - سہاگہ مصفا ۳ تولہ - سنگی مہرہ مصفا ۱ تولہ - ان سبکو باریک پیس تین دن لیمو کے رس مین اور پانچ دن ادرک کے رس مین اور پھر پان کے رس مین کھرل کرکے ایک رتی کی گولی باندھے ایک گولی ادرک کے رس مین دے تو سنپات دور ہو +

سنگیا کرن یعنی ہوش درست کرنیوالا رس

سنگی مہرہ مصفا - سیندھا نمک - فلفل سیاہ - رودراچھ - کٹیلی - کایپھل - مہوا - سمندرپھل - یہ سب برابر لے باریک پیس آک کے کھار کی تین پٹ دے پھر ایک دو یا تین قطرہ کان مین یا ناک مین رکھکر پھونک دے تو ہوش آجاوے +

برہم استر رس

پارہ کی راکھ ۳ درم - گندھک مصفا ۳ درم - ان دونون کے برابر سنگی مہرہ مصفا - انکے برابر فلفل سیاہ لے سبکو ملاکر ہاری کے چھلکے اور جوالا مکھی جڑی کے رس مین اور ادرک کے

رس مین اکیس پٹ دیکر یہ رس طیار کرے پھر ایک رتی کے اندازہ کے برابر دے تو سنیات دور ہو +

اگنتک بخار کے نام اور پیدائش اور علامتین

کسی ہتیار کی ضرب یا آسیب کے زور اور زہر وغیرہ کے کھانے سے اور باطنی تکلیف یا فکر اور راجہ - پیر - اور والدین کے ناراض ہونے سے اور شہوت - غصہ - دکھ - خوف محبت بغض - ان سب سے جو بخار پیدا ہو اوسکو اگنتک بخار کہتے ہین +

ہتیار وغیرہ کے لگنے سے بخار کی پیدائش کی علامتین

ہتیار وغیرہ کے لگنے سے جو درد ہوتا ہے اوس سے باو کا زور ہوتا ہے وہ خون کو بگاڑتا ہے پھر اوسکے درد اور سوجن ہو اور بدن کا رنگ اَور کا اَور ہی ہو جاتا ہے پھر وہ باد بدن مین بخار کی صورت پیدا کرتا ہے +

علاج

اس بخار والے کو نہگھن نہ کراوے کیلی اور گرم چیز نہ دے اور میٹھی اور چکنی چیز یا آب گوشت کھلاوے بلکہ سینک اور پٹی بندھواوے +

آسیب کے لگنے سے پیدا ہوی بخار کی علامتین

کہین دل نہ لگے اور کبھی رووے کبھی ہنسے کبھی کانپے دل ٹھکانے نہ رہے اوسکو آسیب لگا جانو +

آسیب کے لگنے کا علاج

جسکے بھوت وغیرہ آسیب لگا ہو اوسکو باندھ اور مار پیٹ کر کے منتر جنتر اور تنتر کرے اور ناس دے +

بھوت کے جھاڑنیکا منتر

اونگ نمو اونگ ہر انگ ہر ینگ ہر ونگ نمو بھوت نایک سمت بھون بھوتان سادھے سادھے ہنگ ہنگ ہنگ - یہ منتر پڑہکر مور پنکھ سے جھاڑے تو بھوت وغیرہ بھاگ جاوین +

دوسرا منتر

اونگ نمو نار سنگھاسی ہرن کشپ بکشتھل بدارنای ترپھون بیالپکای بھوت پریت پشاچ

شاکنی کیلو نمولنائے استمبھو نمو سمست دوکھان بن بن سرسر چل چل کپ کپ - متھہ متھہ منگ
پھٹ پھٹ پھٹ ٹھہ ٹھہ جہار و در دو جا پیٹ سوا ہا اس نرسنگھ رچھیا منتر کو پڑھکر مرر نکھہ سے
چھاڑ دے تو بھوت وغیرہ نہین رہین +

بھوت وغیرہ کے بکانیکا منتر

اونگ نمو بھگوتی بھوتیشرائے کل کل تروار رودر دنشٹرا کرال بکترائے ترنین بھوکتائے دگ
دگیت پرسنگل لاٹ تنیرے تیر کوپان لائے ست تیجسی پال شول کھٹوانگ ڈمرک دھنوربان
مدگر بھوپ ڈنڈ - تراس مدرا - بیگرہ - دش دور دتد منڈمالے کپل جٹا جوٹ کوٹارد چندر دھرائے
بھسم راگ رنجت بگرہائے اوگر پھن پٹ گھٹاٹوپ منڈت کنٹھہ وشالے جے جے بھوت
ڈامرش آتم زوپم درشے درشے نرتیہ سرسر چل چل - پانشین بندہ بندہ بنکارین ترائے
ترائے بجر دنڈین ہن ہن نشت کھڑکے نچھندہ - نچھندہ سولاگرین بھندبھندمگرین - چورنی
چورنی سرب گرہا نانگ آبیشی آبیشی - اس منتر سے روغن مادہ گاوین گوگل ملا بھوت کی
دھوپ دے اور یہی منتر ماش کے دانون پر پڑہ اوسکو مارے تو وہ آدمی ضرور بک کر
جیسا ہو ویسا کہے پھر اوسی منتر سے لکھکر نیم کے پتے اور سانپ کی کینچلی ملاکر دھوپ دے +

بھوت کے اوتارنیکا انجن

انگوزہ اور لہسن کے پانی مین پیسکر اس دے یا انجن کرے تو بھوت وغیرہ آسیب دور ہون
یہ تنتر وچار مین لکھا ہے +

بھوت وغیرہ اوتارنیکا علاج

تلسی کے پتے آٹھہ عدد - فلفل سیاہ آٹھہ عدد - بیخ سہدیئی - اتوار کو پاک وصاف ہو
ان تینون کو ملاکر گلے مین باندھے تو بھوت وغیرہ جاوین +

غصے سے بخار پیدا ہوا اوسکی علامتین

بدن کانپے - دردسر رہے - اور اوس سے صفراوی بخار کی علامتین ہلین اوسکو غصے کا بخار جانو +

غصے کے بخار کی علامتین

عمدہ اور دلچسپ باتون سے دل کو بہلا کر طمع دلاوے تو یہ بخار دور ہو +

مانسی بخار یعنے فکر سے پیدا ہوی بخار کی پیدایش اور علامتین

محب - دوست - عورت - لڑکا - اور دولت وغیرہ جسکے ضائع ہو گئے ہون یا اوسپر کسی حاکم یا بزرگون نے غصہ کیا ہو اوسکے اتیسار یعنی اسہال وسب چیزون سے نفرت مدہوشی ہو اور آنسو بہین یہ علامتین مانسی بخار کی جانو +

علاج

اس بخار والے کی ہوشیاری اور اطمینان رکھنا مناسب ہے اور شیرنی اور طرح طرح کی لذت دار اور خاطر پسند کھانا کھاوے تو یہ بخار دفع ہو +

شہوت کے زور سے پیدا ہوی بخار کی علامتین

جسکے یہ بخار ہوا اوسکی طبیعت کسی چیز کی طرف مائل نہو اور دل مین چین نہو اور شرم عقل وغیرہ یہ سب جاتی رہین چھاتی مین درد ہو اور ہر دم جماع کرنیکی خواہش رہے بیدم ہو جاوے یہ علامتین جسمین ہون اوسکو شہوت کا بخار جاننا چاہیے +

شہوت کے بخار کا علاج

نہایت خوبصورت نازنین باہر صفت موصوف نوجوان سولہ برس کی عورت سے بخوبی تمام جماع کرے تو شہوت کا بخار دور ہو +

عورت کے شہوت کا بخار ہوا اوسکی علامتین

بیہوشی اور سب بدن مین مروڑے ہون - پیاس لگے - آنکھین بہت حرکت کرین اور اوسکے دل مین مساس کی خواہش رہے پسینا آوے اور چھاتی مین جلن ہو اور کسی چیز کی اشتہا نہو شرم - نیند - وغیرہ جاتی رہے جس عورت کے یہ علامتین ہون اوسکے شہوت کا بخار جاننا چاہیے +

عورت کے شہوت کے بخار کا علاج

جس عورت کے شہوت کا بخار ہو وہ بخوبی تمام سنگار کرکے اپنے خاوند سے جماع کرے تو شہوت کا بخار دور ہو

خوف سے پیدا ہوئے بخار کی علامتین

اس بخار والا بہت ڈرے متفکر ہو اور عقل ٹھکانے نرہے یہ علامتین جسمین ہون اوسکی خوف کا بخار جانو

علاج

خوشی کے کلام کہہ کہکر اوسکے خوف کو دفع کرے تو یہ بخار رفع ہو +

بکھم بخار کا علاج

جس شخص کے بخار آنیکے بعد کسی طرح کی بدپرہیزی سے رس دہات کو چھوڑ خون کو پہونچکر صفرا بلغم بکھم بخار کو کرتے ہین یا بخار آئے بغیر بھی جس شخص کو بخار ہوکر سردی اور جلن ہوا ہووے اور پیاس۔ جلن کا ٹھیک نرہے کسیوقت آجاوے اوسکو بکھم بخار کہتے ہین۔ وہ بخار چار قسم کا ہے ایک سنتت جو ہر روز آوے۔ دوسرا وہ جو ایک دن بیچ دیکر آوے۔ تیسرا تجاری جو تیسرے دن آوے۔ چوتھا جو چوتھے دن آوے اس بخار کی قسمین تو بہت ہین مگر خاص چار ہی ہین وہ لکھی ہین +

اس بخار کا علاج

اس بخار والے کو مونگ یا موٹھ کی دال کا پانی دینا چاہیے اوٹا ہوا پانی پلاوے اور ہیوں پوست ہلیلہ پوست نیم۔ اندرجو۔ گلو۔ جواسہ۔ ان دوائیونکو برابر لے کچلکر ۲ درم کا کاڑہا سات دن تک دے تو سنتت بخار دفع ہو +

اور سردی کے بخار والے کو بہت چندرا دکا جوشاندہ دے تو جاوے وہ لکھتے ہین۔ کٹیلی۔ کشنیز۔ سونٹھ۔ گلو۔ ناگرموتھہ۔ پدماک۔ سرخ چندن۔ چراتیا۔ پٹول۔ بیج۔ اڑوسہ۔ پوہکرمول۔ کٹکی۔ اندرجو۔ نیم کی چھال۔ بہارنگی۔ پت پاپڑہ۔ ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑہا دونون وقت دس دن تک دے تو شیت جوار جاوے

یا کھورش انگ چورن سے بھی یہ عارضہ دور ہوتا ہے وہ یہ ہے - چراتیا - نیم کی چھال - کٹکی
گلو - پوست ہلیلہ - ناگر موتھ - کشنیز - اندوسہ - ترایمان - کٹیلی - کاکڑاسنگی - سونٹھ - پت پاپڑا
پرنگ کے پھول - ٹیول - پیپل - کچور - ان سبکو برابر لے باریک پیس کپڑچھان کر ایک تولہ بھر
ٹھنڈے پانی سے آٹھ دن تک کھاوے تو بکھم جور جاوے یا چراتیا - کٹکی - نسوت - ناگر موتھ
پیپل - بای برنگ - سونٹھ - نیم کی چھال - پوست ہلیلہ ان سبکو برابر لے باریک پیس
چورن کرکے ۱ درم گرم پانی سے سات دن تک دے تو بکھم جور دور ہوا ور بھوکھ لگے
یا ایکانترا تجاری - وغیرہ کو جو انکس رس دور کرتا ہے - وہ لکھتے ہین - سیر کو ارو بنگن کے
پیت مین چودہ مرتبہ بکا کر تجرتہ کرلے پھر اوسکے برابر پیپل اور شنگرف لے ان تینون کی رائی
برابر گولی باندھے اور ایک گولی تباشے مین تین یا پانچ دن تک دی تو شیت جور ایکانترا تجاری اسکو دور کرتا ہے

جیرن جور یعنی تپ دق کی علامتین

اکیس ۲۱ دن کے پیچھے جسکے بدن مین تھوڑا بخار رہے اور بھوکھ جاتی رہے بدن دبلا ہو جاوے
پیٹ مین پھیلا ہوا وسکے پہلے تو بنست مالنی رس جیرن بخار وغیرہ کو دور کرتے ہین وہ علاج
لکھتے ہین - ورق طلا ایک ماشہ - لونگ کے موتی دو حصہ - شنگرف تین حصہ - فلفل سیاہ
چار حصہ - گاے کی پیشاب مین کھرل کر ہر ایک حصہ - ان سبکو کھرل مین باریک پیس
اسکے موافق گاے کے مسکہ مین کھرل کر ہر اوسوقت تک لیمو کے رس مین جب تک چکنائی
نہ مٹے تب تک کھرل کرے اسطرح اسکو طیار کر ایک رتی یا دو رتی پیپل اور شہد کے ساتھ
دے تو جیرن جور - جریان - گرمی کی بیماری - سنگرہنی - موتر کرچھر سانگ کھانسی - پرور
ان سب بیماریون کو دور کرتا ہے - یا کٹیلی کا رس - گلو - سونٹھ - ان تینونکا کاڑھا دس دن تک دے
تو جیرن جور جاوے یا کچور - پت پاپڑہ - سونٹھ - ناگر موتھ - کٹکی - کٹیلی - چراتیا
ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا جوشاندہ دونون وقت گیارہ دن تک دے تو جیرن جو
بکھم جور جاوے یہ بید بنود مین لکھا ہے +

لاکھیا دی تیل

پیپل کی لاکھ - ۱ر میٹھا پانی ۱۶ ار - لوہ ۱۰ درم - ان کو نرم آنچ سے اوٹا کر اونکا چوتھا حصہ کر کے نکالے پھر اس رس مین گائے کا مٹھا ۱ثار - میٹھا تیل ۱ثار - یادیان ۲ درم - اسگندہ ۲ درم - ہلدی ۲ درم - دیودار ۲ درم - سمالو ۲ درم - پت پاپڑہ ۲ درم کٹکی ۲ درم - موردہا ۲ درم - اصل السوس ۲ درم - ناگر موتھہ ۲ درم - سرخ چندن ۲ درم - راسنا ۲ درم - ان سب دوائیون کو باریک پیس تیل مین ڈالکر پیچھے سے سکو ملا کر نرم آنچ مین پکاوے جب پانی جل جاوے اور رس رہجاوے تب اوتار لے پھر اس تیل کو ملے تو جیرن جور - بکھم جور - دونون دور ہون اور بدن مین طاقت ہو - یا تین پیپل سے ایک ایک ہر روز اکیس دن تک نہار منہ کرے اور ایک ہی ایک گھٹاوے جب پھر تین پر آجاوے اسکو اردھا پیپلی کہتے ہین اس سے بھی یہ بیماریان جاوین اور پرہیز سے رہے یا بکری کے دودہ سے جیرن جور جاتا رہتا ہے - یا نیم کی پتی - ترپھلا - سونٹھ - فلفل سیاہ پیپل - اجمود - سیندھا نمک - سنچر نون - بڑ نون - جوا کھار - چترک - چراتیا - پت پاپڑہ ان سب دوائیون کو برابر لے پیس کپڑ چھان کے ایک درم صبح پانی سے پیے تو بکھم جور جیرن جور - دور ہون یہ نسخہ چورن ہے - یا ترپھلا - دارہلدی - دونون کٹیلی - کچور - سونٹھ - فلفل سیاہ - پیپل - پیپلا مول ——— گلو - کشنیز - اڑوسہ - کٹکی - ترایمان چت پاپڑہ - موتھہ - نیتر بالا - نیم کی چھال - پوہکر مول - اصل السوس - اجواین اندرجو مہارنگی - تخم سہنجنہ - پھٹکری - بچ تیج - کنول گٹہ - پدماک چندن - اتیس - کہرہی - بای ٹرنگ - چرک - دیودار - ٹیول - چب - لونگ - تبس لوہچن - پترج - ان سب چیزونکا آدھا چراتیا لیکر باریک پیس کپڑ چھان کر ایک درم ٹھنڈے پانی سے کھالیے تو بکھم جور جیرن جور - اور سب بخار دفع ہون یہ سدرشٹ چورن ہے یا کسی طرح اگر بکھم جور جیرن جور دفع ہوتا معلوم نہو تو بیماری کے اندازے کے موافق جلاب اور قے کرادی تب دیہ

جیرن جور کی علامتین

بار بار پتلا دست اور گھٹی ڈکار آوے قے کی خواہش رہے - پیٹ مین درد اور اپھار اور گڑگڑاہٹ کی آواز ہو تو جیرن جور جاننا چاہیے ✣

علاج

اجمود - پوست ہلیلہ - سنجرنمک - کچور - ان سبکو برابر لے خوب پیس ایک درم گرم پانی کے ساتھ پیے تو یہ بیماری دفع ہو ✣

چشم بد سے بخار پیدا ہوا اوسکی علامتین

جمھائی بہت آوے - درد شکم اور ہاتھ مین اعضا شکنی ہو - بدنکی قوت جاتی رہے ✣

چشم بد سے بخار پیدا ہوا اوسکا علاج

بھنی ہوئی ہینگ - فلفل سیاہ - پیپل - سونٹھ - ان کو خوب پیس گرم پانی کے ساتھ دو درم پیے تو یہ بخار دور ہو - یا مہرہ وغیرہ کا پانی پلاوے تو یہ بخار دفع ہو ✣

بگڑے ہوے خون کے بخار کی علامتین

اعضا شکنی ہو - منہ سے دم آوے - بدن کمزور اور نحیف ہو اور آنکھین سرخ ہو جاوین - اور پیاس - بیہوشی - اپھار - یہ علامتین جسمین ہون اوسکے خون کا بخار جاننا چاہیے ✣

خون کے فساد کی بخار کا علاج

دراکھ - ارڈسا - کٹیلی - ہلدی - گلو - پوست ہلیلہ - ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا جوشاندہ بناوے جب ٹھنڈا ہو جاوے تب چھ ماشہ شہد ملاکر سات دن تک پیے تو فساد خون کا بخار جاوے ✣

مل جور یعنی مواد فاسد سے پیدا ہوے بخار کی علامتین

منہ سوکھے - سوزش - تشنگی - بیہوشی - ہچکی - قے - پیٹ مین درد یہ علامتین ہون ✣

علاج

کٹکی - پیلا مول - ناگر موتھ - پوست ہلیلہ - مغز املتاس - ان سب دواؤن کو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑہا دے +

حاملہ عورت کے بخار کا علاج

صندل سرخ - واکھہ - سفید سرسون - خس - اصل السوس - مہوا - کشنیز - نیتر بالا - مصری - ان سبکو برابر لے کاڑہا کر سات دن تک پیے تو حاملہ کا بخار دور ہو +

پرسوتکا یعنی جسکے اولاد پیدا ہوئی ہو اوسکے بخار کی علامتین

اعضا شکنی - بدن بھاری اور گرم رہے - کانپنی - پیاس - سوجن - اتسار یہ علامتین اسھاں ہ جس عورت مین ہون اوسکے پرسوت کا بخار کہنا چاہیے +

علاج

اجمود - زیرہ - نبس لوچن - کھیر سار - بچ سار - بادیان - کشنیز - موچرس - ان سب کو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑہا دس دن تک دے تو پرسوت کا بخار دور ہو یا دس مول کا کاڑہا دے تو یہ بخار دفع ہو وہ لکھتے ہین - سال پرنی - پرشٹ پرنی - دونون کٹیلی - گوکھرو - بیلگری - ارنی - ارلو - کمبھیر - پاڑہ - پیپل - یہ سب برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑہا دس دن تک دے تو یہ بخار جاے +

لڑکے کے بخار کی پیدایش اور علامتین

لڑکے کی والدہ یا دایہ بدپرہیزی کرے اور گرم چیز کھادے تو لڑکے کے طرح طرح کے عارضے ہون اور لڑکے کے رونے سے بخار صاف ظاہر ہوتا ہے +

لڑکے کے بخار کا علاج

لڑکے کی والدہ یا دایہ کو پرہیز سے رکھے اور ہلکا کھانا دے اور جو والدہ کے دودہ نہو تو بکری کا دودہ دے یا ناگر موتھ - پوست ہلیلہ - ٹپول - اصل السوس - ان سبکو برابر لے

ایک ماشہ بھر کا کاڑھا سات دن تک دے تو لڑکے کا بخار دور ہو۔ یا کھیل۔ اصل السوس۔ چھڑ مہوا۔ انکو خوب پیس دو ماشہ شہد کے ساتھ دے تو لڑکے کا بخار جاوے۔ جو لڑکے کو اتیسار لیے بخار ہو تو انیس۔ بیلگری۔ اندرجو۔ دھوئی کے پھول۔ لودہ۔ کشنیز۔ نیتر بالا۔ انکا دو ماشے بھر کا جوشاندہ دے یا لڑکے کی ناف پک گئی ہو تو روغن زرد کے سینک سے اچھی ہو +

پیٹ مین کیڑے پڑ گئے ہون اوسکی بخار کی علامتین

بخار ہو۔ بدن کا رنگ اوڑکا اوڑ ہو جاوے پیٹ اور چھاتی مین درد۔ تشنگی۔ اور شک ہو اور خوراک کم اور اشتہا جاتی رہے اور اتیسار وغیرہ یہ سب ہون تو اوسکے پیٹ کے کیڑون سے بخار جانو +

علاج

پلاس پاپڑہ۔ نیم کی چھال۔ بیج سہنجنہ۔ ناگر موتھہ۔ دیودار۔ بای برنگ۔ انکو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑھا سات دن تک دے تو پیٹ کے کیڑے دور ہون +

کال جور کا علاج

بخار کا زیادہ زور ہو۔ اور اونچی سانسین چلین اور بدن کا نور جاتا رہے۔ پسینا آوے بدن کمزور پڑ جاوے۔ نبض ہاتھہ نہ لگے جو اس خمسہ اپنا اپنا کام چھوڑ دین اوسے کال جور بخار جانو +

علاج

زمین وغیرہ خیرات کرے معبود کی یاد کرے اور سنپات کا علاج جو پیچھے لکھا ہے وہ کرے +

بخار کے دس فساد

پیاس۔ کھانسی۔ سانس۔ ہچکی۔ قے۔ اتیسار۔ تنفر۔ قبض۔ اپھار۔ بیہوشی یہ بخار کے دس فساد ہین +

اسکے فسادی علامتین

پہلے بخار ہو پھر اور بخار چھوٹ ہون اور وہ بخار کا علاج کرنے نہ دین اوسکو بخار کا فساد کہتے ہین جسکو پیاس تو بخار کی عورت ہے۔ اور سانس کھانسی بیٹے ہچکی اور بیٹی۔ اتیسار

بخار کا بھائی - نفرت بہن - قبض بھانجا - اچھا خسر - بیہوشی بادی ان مین جو طاقت ور ہو اوسکا علاج کرے +

بخار اور اتیسار یعنی اسہال اکٹھے ہون اوسکا علاج

سونٹھ - اتیس - ناگرموتھہ - چرائتا - گلو - ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا جوشاندہ سات دن تک دے تو یہ دور ہون - یا پیپل - پپلامول - چب - چترک - سونٹھہ - بیلگری - ناگرموتھہ - چرائتا - کڑا کی چھال - اندرجو - ان سب کو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑھا سات دن تک دے تو بخار اتیسار منہ کا سوکھنا - ہچکی - پیاس - قے - سانک کھانسی یہ سب دور ہون

بخار مین پیاس زیادہ لگے اوسکا علاج

کشنیز - ناگرموتھہ - پت پاپڑہ - ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا جوشاندہ سات دن تک دے تو پیاس - جلن - اتیسار یہ سب دور ہون یا برگد کی کونپل - چانول کی کھیل - کمنول گٹہ ان سبکو برابر لے باریک پیس شہد مین گولی باندھے ایک گولی کھاوے تو پیاس دور ہو +

بخار مین کھانسی ہوجاوے اوسکا علاج

پیپل - پپلامول - سونٹھہ - بہارنگی - کھیرسار - کٹیلی - اڑوسہ - کلانجن - بھٹیر - ان سبکو برابر لے ایک درم کا کاڑھا سات دن تک دے تو کھانسی جاوے +

بخار مین دمہ آوے اوسکا علاج

سونٹھہ - فلفل سیاہ - پیپل - ناگرموتھہ - کاکڑاسنگی - بہارنگی - پوہکرمول - انکو برابر لے ایک درم کا کاڑھا سات دن تک دے تو دمہ آنا موقوف ہو +

بخار مین ہچکی آوے اوسکا علاج

پانی مین سیندھ نمک خوب پیسکر ناس دے تو ہچکی دور ہو - یا مورپنکھہ کی راکھہ - پیپل اور شہد مین چٹاوے تو ہچکی اور قے دور ہون +

بخار مین قے ہوا وسکا علاج

ایک درم گلو کا جوشاندہ شہد ملا کر دے تو بخار کی قے دور ہو۔ یا دورنی لکھی کی بیٹ شہد مین چٹاوے تو قے دور ہو۔ یا چاول کی کھیل پیپل اور شہد مین چٹاوے تو بھی قے دور ہو +

بخار مین بیہوشی ہوا وسکا علاج

مغز املتاس۔ داکھ۔ پت پاپڑہ۔ پوست ہلیلہ۔ ان کو برابر لے دو درم کا جوشاندہ دے تو بیہوشی جاوے +

بخار مین قبض ہو یا اپھار ہوا وسکا علاج

صابون کی بتی بنا کر مقعد مین رکھے تو قبض اور اپھار دونون دور ہون +

بخار مین منہ سوکھے اور زبان بدمزہ ہوا وسکا علاج

مصری اور انار کی گلی کرے یا داکھ اور انار دونون کی گلی کرے تو بدمزگی اور منہ کا سوکھنا دور ہو +

بخار مین نیند جاتی رہے اوسکے آنیکا علاج

آلو بخارا ایک عدد۔ سینکی ہوئی بھنگ ایک رتی شہد مین چٹاوے تو نیند آوے اور انیسار اور سنکر ہنی دور ہون۔ بھوکھ لگے۔ یا ایک درم میلا مول قند سیاہ مین کھاوے تو ضرور نیند آوے۔ یا ارنڈ اور السی کے تیل کو کانسے کی تھالی مین گھس انجن کرے تو ضرور نیند آوے +

تپ اوتر گیا ہوا وسکی علامتین

سب بدن ہلکا ہو۔ پیشانی مین کھجلی ہو۔ لبون پر پپڑی جمے۔ حواس خمسہ اپنے اپنے کام کرنے لگین بدن کی سب تکلیفین رفع ہون۔ مواد رجوع رہے جب یہ علامتین ہون تو ضرور بخار گیا ہوا جاننا چاہیے اور تپ دور ہونیکے پیچھے بھی عقلمند شخص جب تک بدن بخوبی تمام طاقت نہ پکڑے پرہیز سے رہے اور جماع نہ کرے بوجھ نہ اوٹھاوے +

باب سوم

انیسار سنکر ہنی اور بواسیر کے بیان مین

اتیسار یعنی اسہال کی پیدایش علامت اور علاج

مائدہ وغیرہ بھاری چیز اور ٹھنڈی پتلی اور خلاف چیز کے کھانے اور دوبارہ کھانا کھانے اور زہر کھانے اور پاخانہ روکنے اور زیادہ چکنی اور روکھی اور گرم چیز کھانے وغیرہ سے لوگون کو اتیسار کی بیماری پیدا ہوتی ہے +

علامتین

بیمار کے بدن مین ان بدپرہیزیون سے بلغم بڑھے تو پیٹ کی ہاضمہ کی آگ کو ٹھنڈا کرے اور وہ بلغم باد سے تحریک دیا ہوا پاخانہ کی راہ سے پتلا ہوکر زیادہ نیچے اوترے اوسکو اتیسار سمجھنا چاہیے +

اتیسار کی پہلی شکل

پہلے چھاتی - ناف - پاخانہ کی جگہ اور پیڑو مین درد اور اعضا شکنی ہو اور ریح بند ہوجاے اور قبض اور ابھار اور کھانا ہضم نہو تو اتیسار جاننا چاہیے +

بادی اتیسار کی علامتین

کچھ سرخی لیے پاخانہ اوترے اور مواد مین جھاگ ملے ہون اور روکھا اور تھوڑا بار بار مع آنون کے آوے اور پاخانہ کیوقت پیڑو مین درد ہو تو بادی اتیسار جانو +

علاج

بچ - اتیس - ناگرموتھا - اندرجو - سونٹھ - یہ سب برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑھا سات دن تک دے تو یہ بیماری دور ہو - یا اندرجو - ناگرموتھا - لودہ - بیلگری - آنب کی گٹھلی دہوئی کے بھیجل - انکو خوب پیسکر دو درم بھینس کی چھاچھ مین سات دن دے تو بادی اتیسار دور ہو +

صفراوی اتیسار کی علامتین

مواد - زرد - سرخ - سبز - اور بدبودار اور پتلا ہوا اور جاے پاخانہ پک جاوے - بدن مین

پسینا آوے پیاس لگے - یہ جملہ علامتین ہون اوسکے صفراوی اتیسار جاننا چاہیے +

علاج

بیلگری - اندرجو - ناگرموتھہ - نیتر بالا - اتیس - انکو کھلکر دو درم کا پوشاندہ آٹھہ دن تک دے تو صفراوی اتیسار جاوے - یا رسوت - اتیس - اندرجو - دھوی کے پھول - سونٹھہ ان سبکو برابر لے خوب باریک پیس چانول کے پانی سے دو درم شہد ملاکر سات دن تک دے تو لاعلاج بھی صفراوی اتیسار جاوے - یا بیلگری - نیتر بالا - ناگرموتھہ - اندرجو - اتیس ان دوائیون کا دو درم کا کاڑہا سات دن تک دے تو صفراوی اتیسار دور ہو - اور صفراوی اتیسار کی خونی اتیسار بھی ایک قسم ہے بہت گرم چیزون کے کھانے سے صفرا بھڑکر خون کو بگاڑتا ہے جب مع خون مواد اوترتا ہے تو اوسکو رکتا اتیسار کہتے ہین +

علاج

پوست کٹھرا - پوست انار - دونون کو دو درم بھرے اور کاڑہا کر پانچ درم شہد ملا سات دن دے تو رکتا اتیسار دور ہو - یا پوست کٹھرا - اتیس - موتھہ - نیتر بالا - نودہ سرخ صندل - دھوئی کے پھول - پوست انار - پاڑہ - ان سبکو برابر کے کھلکر تین درم کا کاڑہا کر اوس مین دو درم شہد ملا سات دن تک دے تو مع جلن اور درد کے خون کا اتیسار دور ہو - یا سفید صندل ایک درم باریک پیسکر دو درم شہد اور دو درم مصری ملا کر آٹھہ دن تک چاٹے رکتا اتیسار دور ہو - یا بیٹھے انار کا پٹ پاک ایک درم شہد ملا کر چاٹے رکتا اتیسار جاوے یا بکری کے دودہ مین مسکہ مصری اور شہد ملا کر پیے تو رکتا اتیسار جاوے +

مقعد یک گئی ہوا وسکا علاج

پھول - اصل السوس - مہوا - ان کو پانی مین اوٹاوے اور ٹھنڈا کر اوس پانی سے پاخانہ کی مقام کو دھووے تو دفع ہو - یا بکری کے دودہ مین مصری اور شہد ملا کر دھووے تو بھی جاوے یا گیہون کے آٹے مین روغن زرد ملا پانی مین پکا اوس سے گرم گرم سینکے تو بیٹھ جاوے +

اشلیشما یعنی بلغم کا اتیسار کی علامتین

جسکا مواد چکنا اور سفید اور گہرا بدبودار اور ترے اور بدن بھاری رہے کھانے سے اشتہا جاتی رہے جسمین یہ علامتین ہون اوسے اشلیشما اتیسار جاننا چاہیے +

علاج

اس مریض کو دو چار فاقے کرادے یا مونگ کا آش دے پھر چب - اتیس - کوٹ - کنکی بیل گری - سونٹھ - کڑا کی چھال - تج - انکو کچلکر دو درم کا کاڑھا سات دن تک دے تو یہ بیماری دفع ہو - یا بھنی ہینگ - نمک سیاہ - سونٹھ - کالی مرچ - پیپل - اتیس - ان سبکو برابر لے پیسکر ایک درم سات دن تک دے تو یہ بیماری اچھی ہو +

سنپات یعنی تینون خلطون کے اتیسار کی علامتین

جس بیمار کا مواد سور کے پاخانہ کے مانند ہو اور جو کسی طرحکا نظر آوے اور غفلت ہو - پیاس زیادہ لگے - منہ سوکھ جاوے - چکراوین - غفلت ہو - یہ سب باتین لڑکے یا بوڑھے یا عورت کے ہون تو یہ بیماری لاعلاج ہے +

علاج

پیپل - پیلا مول - چب - چترک - سونٹھ - کہرئی - بیلگری - گلو - ناگرموتھ - پاڑہ چراتیا - کڑا کی چھال - اندرجو - انکو کچلکر دو درم کا جوشاندہ دس دن تک دے تو یہ بیماری دفع ہو - یا ہلیلہ زنگی - سونٹھ - ناگرموتھ - ان سبکو برابر لے باریک پیس کہنہ قند سیاہ مین بقدر دو درم سات دن تک کھاوے تو تینون خلط کا اتیسار دور ہو - یا کڑا کی چھال کا پیٹ پاک کر رس نکال پانچ درم شہد مین ملاکر دس دن تک دے تو سنپات کا اتیسار دور ہو +

شوک یعنی رنج سے پیدا ہوے اتیسار کی علامتین

جسکا عورت دوست اور دولت وغیرہ کے ضائع ہونے سے جو رنج پیدا ہوتا ہے وہ پیٹ کی آگ کو سست کر دیتا ہے اور بدن کے باہر کا نور پیٹ مین جاکر خون کو بگاڑتا ہے وہ خون

مواد سے ملکر یا نہ ملکر گنجا کے مانند نکلے تو اوسکو رنج سے پیدا ہوا اتیسار کہتے ہین وہ رنج کے دور ہونے سے ہی جاتا ہے اور اسیطرح کسی طرح کے خوف سے جو اتیسار پیدا ہوتا ہے اوسکو بھی سمجھ لین ✣

آنون کے اتیسار کی علامتین

جس شخص کو پہلے بخوبی تمام غذا ہضم نہوئی ہو اور پھر وہ بھاری چیز کھاوے تو اوسکے معدہ مین باد صفرا بلغم یہ تینون جاکر سب دھاتون اور مواد کو بگاڑتے ہین پھر وہ مواد مع تکلیف ہر طرح طرح کے رنگ کا مقعد کے ذریعہ سے نکلتا ہے اوسکو بیدآما اتیسار کہتے ہین اور جو مواد پانی مین تیرے اور آنون پانی مین ڈوب جاے یا بدبو اور سفید چکنائی لیے ہو یہ بھی اسکی علامات ہین ✣

علاج

کشنیز - زنجبیل - بیلگری - ناگر موتھ - نیتر بالا - یہ سب برابر لے کچلکر دو درم کا جوشاندہ سات دن یا بیاری کے اندازہ سے دس دن یا پانچ دن اسیطرح پندرہ دن دے تو یہ بیماری دفع ہو اسکا نام دھاتیہ پچک ہے - یا ہلیلہ زنگی - موتھ - زنجبیل - اتیس - دارہلدی - ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا جوشاندہ سات دن تک دے تو آنون کا اتیسار دور ہو یا ہلیلہ زنگی - اتیس - سینکی ہوئی انگوزہ - سوچرنمک - سیندھانمک انکو برابر لے باریک پیس دو درم گرم پانی سے کھاے تو یہ بیماری دفع ہو ✣

پکوا تیسار کی علامتین

لودہ - دھوئی کے پھول - بیلگری - موتھ - آنب کی گٹھلی - اندرجو - یہ سب برابر لے باریک پیس دو درم - بھنیس کی چھاچھ سے پیے تو یہ بیماری دفع ہو - یا اجمود - موچرس - زنجبیل - دھوئی کے پھول - جامن کی گٹھلی - ان سبکو برابر لے باریک پیس دو درم کاسے کی چھاچھ مین کھاوے تو یہ بیماری دور ہو - یہ لگھو گنگا دھر چرن ہے ✣

سوجا اتیسار کا علاج

بیخ سانٹھ - اندرجو - پاڑہ - باہی - برنگ - اتیس - ناگرموتھ - فلفل سیاہ - ان سبکو برابر کچلکر دو درم کا جوشاندہ سات دن تک دے تو یہ سوجا اتیسار دور ہو +

اتیسار مین قے ہوا اوسکا علاج

انب کی گٹھلی - مغز بیل - ان دونون کو بقدر دو درم لے کاڑھا کرا وسمین دو درم شہد اور دو درم مصری ملاکر سات دن تک دے تو مع قے اتیسار دور ہو - یا سونف ہوئی مونگ - چاول کی کھیل - ان دونون کو اوٹاکر شہد اور مصری ملاکر پانچ دن پیے تو قے کا اتیسار اور سوزش کرنیوالا بخار دور ہو

اتیسار کی قسم ایک موڑا نباہی ہے اوسکی علامتین

بدپرہیزی کرنے والے شخص کے باد بڑھکر بلغم سے مل موڑا نباہی پیدا کرتا ہے تب اوسکے لحظہ لحظہ مین مڑوڑا ہوکر تھوڑا تھوڑا یا زیادہ مواد نکلے اوسکو موڑا نباہی کہتے ہین وہ باد بلغم اور صفرا اور خون کے فساد سے چار قسم کا ہے جسمین بہت درد ہوکر مواد اوترے اوسکو باد کا کہنا چاہیے اور جسمین مع خون کے مواد اوترے اوسکو بلغم کا کہنا چاہیے اور جسمین مع خون کے مواد اوترے اوسکو خون کے فساد کا جانو +

ان چارونکا علاج

بیلگری - لودہ - کالی مرچ - ان تینون کو دو تولہ بھر لے باریک پیس ایک درم شہد مین چاٹے تو موڑا نباہی دور ہو یا دہوئی کے پھول - دو درم باریک پیس دہی کے ساتھ سات دن کھاوے تو موڑا نباہی دفع ہو یا کیتھ کا پھل پانچ درم شہد مین سات دن کھاوے تو موڑا نباہی دفع ہو - یا دو درم لودہ دہی کے ساتھ سات دن تک کھاوے تو موڑا نباہی جاوے یہ سب علامتین اور علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین +

آنون کے اتیسار کا اور علاج

پوست ہلیلہ - باریک پیس دو درم شہد مین پانچ دن کھاوے تو آنون کا اتیسار جاوے

یا بھانگرے کا رس پانچ درم دہی کے ساتھ سات دن تک کھاوے تو سب طرح کے اتیسار دور ہون
یا دو درم رال مین دس درم مصری ملاکر دس دن تک کھاوے تو بہت عرصہ کا بھی اتیسار
جاوے - یا بیلگیری دو درم بکری کے دودہ کے ساتھ سات دن تک پیے تو رکت اتیسار دور ہو
یہ بید نبود مین لکھا ہے - یا کشنیز - زنجبیل - پیپل - سیندھا نمک - اجمود - سینکی ہوئی ہینگ
زیرہ ان سب کو برابر لے باریک پیس مٹھے کے ساتھ پیے تو اتیسار دور ہو - آنون وغیرہ جاوین
بھوکھ لگے - اور ہر ایک چیز کی اشتہا ہو - یہ بہندنام سنسکرت گرنتھ مین لکھا ہے - یا زنجبیل کو
پانی مین پیسکر گولا بناکر گرگوے کو ارنڈ کے پتون سے لپیٹ ڈورون سے باندہ کیچڑ مٹی کر نرم
آنچ سے پکاوے پھر اوسکی مٹی دور کر زنجبیل نکال لے اور ٹھنڈی کر دو درم شہد سے
سات دن کھاوے تو اتیسار دور ہو - یا ایک حصہ افیون - دو حصہ انگوزہ - تین حصہ لونگ
چار حصہ موچرس - تین حصے مصری - انکو باریک پیس ایک رتی یا دو رتی ساٹی کے چاول کے
پانی مین یا چھاچھ کے ساتھ کھاوے تو لا علاج بھی اتیسار دور ہو - یا ناگر موتھہ - موچرس
لودہ - دہوئی کے پھول - بیلگیری - اندرجو - افیون - پارہ مصفا - گندھک مصفا -
ان سب کو برابر لے پہلے پارہ اور گندھک کو کھرل مین حل کرلے پھر ان سب دوائیون کو
اوسمین ملا بقدر تین رتی چھاچھ مین کھاوے تو اتیسار - موٹرا نباہی سنگرہنی یہ سب دور ہون
اسکا نام گندھارس ہے - یا زنجبیل - جایپھل - افیون - کچے انار کا مغز - ان سبکو برابر لے
اکہنا کر کچے انار مین بھرے پھر اوسکو مٹی پاک کرا اوسکی گولی رتی کے برابر بنا کر ایک گولی
گائے کی چھاچھ مین سات دن تک کھاوے تو بیکو اتیسار دور ہو - یا افیون کو ٹھیکری مین
نرم آنچ سے سینک کر مقدار سے دے تو اتیسار دور ہو - یا جایپھل - لونگ - دہوئی
کے پھول - بیلگیری - ناگر موتھہ - زنجبیل - موچرس - شنگرف - افیون - ان دوائیونکو
برابر لے باریک پیس پوست کے چھلکے کے پانی مین ایک یا دو رتی کے اندازے سے گولی
باندہے ایک گولی چاول کے پانی یا چھاچھ کے ساتھ ہر روز کھاوے تو اتیسار دور ہو -

یا جا پھل - چھوہارہ - افیون - ان تینون کو برابر لے پان کے رس مین ایک رتی کے برابر گولی باندھے ایک گولی چھاچھ کے ساتھ سات دن تک کھاوے تو فساد پیدا کرنے والا بھی اتیسار دور ہو - اور جسکے اتیسار ہو وہ نیا غلہ - گرم چیز - اور مرغن غذا نہ کھاوے اور محنت اور جماع نہ کرے اور نہانا بھی ترک کرے اور فکر وغیرہ نہ کرے - یہ بیدرہس مین لکھا ہے +

لاعلاج اتیسار کی علامتین

سور کے گوشت کے مانند مواد اوترے اور پیاس - سوزش - تنفر - سانک - ہچکی - پسلی مین درد - بیہوشی - وغیرہ ہون اور کسی بات مین دل نہ لگے - مقعد پک جاوی - ہاضمے کی طاقت سست پڑجاوے - بخار بھی رہے - پیشاب بند ہوجاوے - بدن مین کمزوری ہو - یہ جس شخص مین علامتین ہون وہ مرجاوے +

اتیسار جاتا رہا ہو اوسکی علامتین

جسکے پاخانہ آئے بغیر پیشاب اوترے اور ریح بخوبی صدور ہو - اور معدہ ہلکا معلوم ہو جسکے یہ علامتین ہون تو اتیسار دور ہوا جاننا چاہیے +

سنگرہنی یعنے اسہال کبدی کی بیماری کی پیدائش علامت اور علاج

پہلے اتیسار ہوکر جاتا رہا ہو پھر اوس شخص کی بدپرہیزی سے ہاضمے کی آگ سست پڑجاتی ہے وہ آگ آدمی کے پیٹ مین رہنے والی جو چھٹی کلا جسکا نام سنگرہنی ہے اور وہی ہاضمے کی آگ کی جگہ ہے اور کھائی ہوئی چیزون کو لیتی ہے وہ سست ہاضمہ کی آگ اوس کلا کو بگاڑکر کچی خوراک کو نکالتی ہے - اسی سبب سے بیدا وسکا نام سنگرہنی کہتے ہین اس سنگرہنی کلا مین آگ ہی کی طاقت ہے وہ کلا آگ ہی کو بگاڑتی ہے +

سنگرہنی کی علامتین

باد - صفرا - بلغم - سنپات سے سنگرہنی چار قسم کی ہے - یہ جو باد صفرا بلغم ہین وہ زیادہ بدپرہیزی سے اور زیادہ کھانا کھانے سے کچے ہی کھانے کو نکالتے ہین یا پکے ہوئے

کھانے کو نکالتے ہین تو بھی درد ہو اور کبھی ہوا و تپلا - اور کبھی بندھا اتری یہی سنگرہنی کی علامتین ہین

بادی سنگرہنی کی مع پیدائش کے علامتین

جو شخص بادی چیز بہت کھاوے اور کھانے مین بدپرہیزی کرے اور جماع وغیرہ زیادہ کرے اوسکے بادمفسد ہوکر جٹھراگن کو بگاڑ بات کی سنگرہنی کو کرتا ہے - جس شخص کے آدھا پکا ہوا کھانا پچے اور گلا سوکھے - بھوکھ - پیاس لگے - کانون مین آواز ہو - اور پسلی - جانگھ پیڑو - اور کندھون مین درد ہو - اور کبھی کبھی بسوچکا یعنی اوباسی ہوجاوے - گلے مین درد ہو - بدن دبلا ہوجاوے - زبان کی لذت جاتی رہے اور میٹھے وغیرہ رسون کی کھانیکی خواہش رہے اور کھانا کھاوے تو زبان لذت حاصل کرے اور پیٹ مین - گولا - پھیا - کا نشان ہو - پیر مین درد ہو - اور تھوڑی سرعت سے ریح صادر ہو بار بار پاخانہ جاوے - اور سانک - اور کھانسی ہو - یہ سب علامتین بادی سنگرہنی کی ہین +

علاج

زنجبیل - گلو - ناگرموتھہ - اتیس - ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا جوشاندہ پندرہ دن تک دے تو مع آنون بادی سنگرہنی جاوے اور اشتہا بڑھے - یا گاے کے مٹھے مین - زنجبیل - پیپلامول - پیپل - چترک - بچ - ان سبکو برابر لے پیسکر دو درم ہر روز مٹھے مین ملاکر پیے اور بخوبی مٹھے کا استعمال رکھے تو بادی سنگرہنی دور ہو - یا گندھک مصفا دو درم - پارہ دو درم دونون کو حلکر زنجبیل ۱ ماشہ - فلفل سیاہ ۲ درم - پیپل ۱ ماشہ - پانچون نمک ۱ ماشہ - بھنی ہوئی اجمود ۵ درم - بھنا ہوا زیرہ ۵ درم بھنی ہوئی انگوزہ ۵ درم - بھنا ہوا سہاگا ۵ درم - بھنی ہوئی بھنگ چار تولہ - ان سبکو باریک پیس پارہ اور گندھک کے حل کیے ہوے مین ملاوے پھر اوس سب ملے ہوے کو دو دن کھرل کرے تو یہ لاہی نام چورن ہوا سکو دو یا چار ماشہ گاے کے مٹھے مین دے تو بادسنگرہنی - ضعف معدہ - اتیسار - بواسیر - پیٹ کے کیڑے

اور چھٹی - ان سبکو یہ لاہی چورن دور کرتا ہے +

صفراوی سنگرہنی کی پیدائش اور علامتیں

جو شخص - مرچ وغیرہ گرم اور تیکھی کھٹی کھاری چیز زیادہ کھاوے اوسکا صفرا بگڑکر جٹھراگن یعنے آتش قوت معدہ کو بجھا دیتا ہے اور نیلا - پیلا - تیلا - مع پانی نیم پختہ مواد نکلے اور کھٹی ڈکار آوے چھاتی اور گلے مین سوزش اور کھانے سے نفرت ہو - پیاس لگے جسمین یہ علامتین ہون اوسکے صفرا کی سنگرہنی جانو +

علاج

رسوت - انیس - اندرجو - بیج - دہوئی کے پھول - ان سبکو برابر لے باریک پیس چھان کر گائے کے مٹھے سے یا شہد سے یا چانول کے پانی کے ساتھ پندرہ دن تک کھاوے تو یہ مرض دفع ہو - یا جا پھل - چترک - سفید صندل - بائی ٹرنگ - الائچی - بھیم سینی کافور - طباشیر - زیرہ - زنجبیل - مرچ سیاہ - پیپل - تگر - پترج - لونگ - ان سبکو برابر لے باریک پیس سبکی دوگنی یا برابر مصری اور بغیر سبکی بھنگ ملاکر سبکو باریک پیس چار یا چھ ماشے گائے کے مٹھے کے ساتھ پندرہ دن دے تو صفراوی سنگرہنی دفع ہو +

بلغم کی سنگرہنی کی پیدائش اور علامتین

بھاری - زیادہ چکنی اور ٹھنڈی چیز کو جو شخص کھاکر سو جاوے اوس شخص کے بلغم کے مفسد ہونیسے کھانا نیم ہضم ہو - چھاتی مین درد اور قے ہو - تنفر ہوکر منہ میٹھا رہے کھانسی اور خناق ہو - پیٹ بھاری رہے - میٹھی ڈکار آوے - عورت اچھی معلوم نہو مع آنون کے مواد اوترے - بغیر طاقت کے بدن موٹا اور تازہ معلوم ہو سستی زیادہ معلوم ہو جسمین یہ علامتین ہون اوسکے بلغم کی سنگرہنی جانو +

علاج

پوست ہلیلہ - پیپل - زنجبیل - چترک - نمک سیاہ - فلفل سرخ - ان سبکو برابر لے باریک پیس

دو درم ہر روز مٹھے کے ساتھ پندرہ دن کھاوے تو بلغمی سنگرہنی دور ہو +

سنپات کی سنگرہنی کی علامتین

جسمین - باد - صفرا - بلغم - ان تینون کی سب علامتین ملین اوسکو سنپات کی سنگرہنی جانو +

علاج

بیلگری - موچرس - نیتر بالا - ناگرموتھ - اندرجو - کرا کی چھال - ان سبکو برابر لے باریک پیس دو درم بکری کے دودھ کے ساتھ پچیس دن تک پیے تو سنپات کی سنگرہنی جاوے یا انار دانہ ۲ تولہ - نمک سیاہ ۲ تولہ - زیرہ ۱ درم - کشنیز ۱ تولہ - زنجبیل ۱ تولہ - مرچ سیاہ ۲ تولہ - مصری ۲ تولہ پھر ان سبکو باریک پیس دو درم گاے کے مٹھے کے ساتھ ایک مہینے تک پیے تو سنپات کی سنگرہنی اور آنون کا اتیسار - پیلی کا درد - نفرت - گولا - وغیرہ مرض دور ہون یا پارہ مصفا - گندھک مصفا - سنگی مہرہ - زنجبیل - کالی مرچ - پیپل - بھنا ہوا سہاگہ - سار - اجمود - افیون ان سبکو برابر لے اور سب کی برابر ابرک لے پھر انکو چترک کے جوشاندے مین ایک دن حل کرے پھر کالی مرچ کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز ایک مہینے تک کھاوے تو سنپات کی سنگرہنی دور ہو - یہ ابھرک گنگا ہے - یا گندھک مصفا - پارہ - ابرک - شنگرف سار - جایپھل - بیلگری - موچرس - صاف کیا ہوا سنگی مہرہ - اتیس - زنجبیل - مرچ سیاہ - پیپل - دھوئی کے پھول - روغن زرد مین سنکی ہوئی پوست ہلیلہ - کیتھ - اجمود - چترک انار دانہ - اندرجو - دھتورے کے بیج - کنگ - افیون یہ سب برابر لے پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے اور اسمین یہ دوا باریک پیسکر ملاوے پھر مرچ سیاہ کے برابر پوست کے چھلکے کے رس مین گولی باندھے - ایک گولی ہر روز پندرہ دن تک دے تو سنپات کی سنگرہنی اتیسار ہیضہ ان سبکو دور کرتا ہے - یہ سنگرہنی کپاٹ رس ہے اور بید رس مین لکھا ہے +

بادی صفرا بلغم تینو کے فساد کی سنگرہنی کی اور آنون کی علامتین

پتلا - سفید - چکنا - اور مع آفون ہوا دھو - اور پیلی مین درد اور ریح زیادہ صدر ہون

کبھی اچھا ہو جاوے اور کبھی مہینے پندرہ دن پیچھے پھر ہو آوے یا ہمیشہ بنا رہے آنتین بولا کریں سستی ہو۔ بدن دبلا ہو جاوے درد شکم رہے۔ اور نہین درد اور رات کو اچھا ہو جاوے یہ جسمین علامتین ہون اوسکو آنون بات کی سنگرہنی کہنی چاہیے یہ لاعلاج ہے اسکا اور سنپات کی سنگرہنی کا ایک ہی علاج ہے +

سنگرہنی کی قسم گھٹی جنتر ہے اوسکی علامتین

بدن سن ہو۔ پسلی مین درد ہو۔ پیٹ بولا کرے اور پہلی کہی ہوئی سنگرہنی کی علامتین بھی ہون اوسکو گھٹی جنتر کہتے ہین یہ بھی لاعلاج ہے اور جو اس باعلاج اتیسار کی علامتین اور اچھے علاج پیچھے لکھے ہین وہ بھی اس سنگرہنی کی جاننے چاہیین +

سنگرہنی کا اوزریا وہ علاج

کیتھہ آٹھہ حصہ۔ مصری چھہ حصہ۔ اجمود تین حصہ۔ پیپل تین حصہ۔ بیلگری تین حصہ۔ دھوئی کے پھول تین حصہ۔ انار کا گودا تین حصہ۔ ڈانسرہ تین حصہ۔ نمک سیاہ ایک حصہ ناگ کیسر ایک حصہ۔ کشنیز ایک حصہ۔ تج ایک حصہ۔ تیرج ایک حصہ۔ کالی مرچ ایک حصہ اجوائن ایک حصہ۔ پپلا مول ایک حصہ۔ نیتر بالا ایک حصہ۔ الائچی خرد ایک حصہ۔ ان سبکو باریک پیس گائے کے مٹھے کے ساتھہ دو درم لے تو سنگرہنی گولا۔ ان سبکو یہ چورن دور کرتا ہے یہ کپھہ اٹشک ہے اور سنگرہنی والا اتنی چیزین نہ کھاوے۔ بھاری چیزین جو آنون پیدا کرین اور اشتہا بند کرین اور اتیسار مین جو منع کی ہے وہ نہ کرے اور جن چیزون سے بھوکھہ لگے وہ کھاوے تو سنگرہنی دفع ہو +

بواسیر کی عارضے کی پیدائش علامتین اور علاج

اس بیمار کے مقعد مین سنکھہ کے درمیان کی مانند چار اونگل کے تین چکر ہین ایک اوپر کا دوسرا بیچ کا تیسرا نیچے کا اوپر کے چکر کا نام پرواہنی ہے وہ مواد اور ہوا وغیرہ کو باہر نکالتا ہے اور اوسکے بیچ کا چکر مواد اور ہوا وغیرہ کو چھوڑاتا ہے اور تیسرا نیچے کا چکر اوس مواد اور ہوا کو چھوڑنیکے بعد

مقعد کو بدستور سابق ڈھک دیتا ہے ان تینون چکرون مین بواسیر پیدا ہوتی ہے یہ بواسیر کی جگہ ہے پہلے مین بواسیر ہو تو باعلاج یعنے اچھی ہو اور بیچ مین ہو تو مشکل سے اچھی ہو اور اندر کے چکر مین ہو تو وہ لاعلاج ہے وہ باد صفرا بلغم سنپات اور خون کے فساد اور جو بدن کے ساتھ ہی پیدا ہو چھ قسم کی ہے اور بادی یا گرم یا بلغمی یا مرغن یا شیرین چیزین جو شخص کھاوے اور باد صفرا بلغم کی کرنیوالی خوراک کے کھانے اور آرام و آسایش کے تقرقے کے سبب جو باد - صفرا - بلغم مفسد ہوتے ہین وہ مقعد کے تینون چکرون کے اوپر - جلد - گوشت - چربی کو بگاڑ کر طرح طرح کے گوشت کے مسّے کے مانند مقعد کے اوپر کرتے ہین اوسکو بید بواسیر کہتے ہین وہ چھ قسم کی ہے مگر عام دو قسم کی مشہور ہے - ایک خونی دوسری بادی - جسمین سے بہت سا خون جاوے وہ خونی اور جسمین خون تو نجاوے مگر درد - چم چمی اور کھجلی وغیرہ ہو وہ بادی ہے یہ دونون اونمین چھ قسمون مین ہین +

سب طرحکی بواسیر کی پہلی شکل

کھانا بخوبی تمام ہضم نہو اور کوکھ مین بنا رہے اور قبض اور بدہضمی ہو ڈکار بہت آوین بدن ڈھیلا ہو جاوے کوکھ مین اپھار ہو بدن مین درد رہے یہ علامتین جسمین ہون اوسکو بواسیر جانو +

بادی بواسیر کی علامتین

جسکی مقعد کے مسّے چم چمی اور سرخی لیے کھردرے اور سخت بانکے تیز پھٹے منہ کے مقعد کے اوپر ہون اور چھوٹے بیر یا کپاس یا کدمب کے پھول کے مانند ہون اور سر پسلی - کندھے کمر - جانگھ - پیڑو مین درد رہے چھینک اور ڈکار نہ آوے چھاتی مین درد رہے اشتہا نہ لگے سانک کھانسی - بدہضمی - کان مین آواز - شک - گولا - پھیپھڑا - پیٹ کا درد - ہو تو یہ علامتین بادی بواسیر کی ہین +

علاج

زمین قند کو مٹی مین لپیٹ بھاڑ مین خوب بھر تاکر روغن سیاہ یا روغن زرد سے لپیٹ ۲ تولہ

ہر روز تیس دن تک کھاوے تو بادی بواسیر ضرور دور ہو - یا اک کے نئے پتون مین پانچون نمک
اور روغن زرد دور کھٹائی انداز سے لگاوے اور اونکو جلاکر راکھ کرے پھر گرم پانی سے
وہ راکھ ایک درم یا دو درم پندرہ دن تک کھاوے تو بادی بواسیر رفع ہو - یہ
بید نبود مین لکھا ہے - یا گائے کے مٹھے مین سیندھا نمک انداز سے ملاکر بخوبی تمام
کھاوے تو بواسیر جاوے اور بدن مین تازگی آوے یہ بھاو پرکاش مین لکھا ہے
یا پوست ہلیلہ ۱۰ تولہ - چترک ۲ تولہ - زنجبیل ۲ تولہ - سودھا ہوا بھلانوہ ۱۰ تولہ - مرچ سیاہ
۲ تولہ - پپلا مول ۱ تولہ - پیپل ۱ تولہ - زیرہ ۲ تولہ - چب ۲ تولہ - زمین قند پختہ پاؤ آثار -
جوا کھار ۲ تولہ پھر ان سبکو باریک پیس سب سے دوگنا قند سیاہ ملاکر ۲ تولہ کے برابر گولی بانہے
ایک گولی ہر روز کھاوے تو یہ بواسیر ضرور رفع ہو - یہ قند سیاہ کا نسخہ کانکاین مین کا تصنیف
کیا ہوا ہے - یا بندال کے پتون کو اوٹا اوسکے پانی سے آبدست لے تو بواسیر کے مسے
جاوین یا بندال کے دو بوندی کی ھونی دے تو مسے دور ہون یا سیندھا نمک یا بندال کے
بوندی کو پانی مین پیسکر بواسیر پر ملے تو مسے جاوین - یا نیم کے پتے - قند سیاہ - کڑوی توبی
کی جڑ - ان سبکو کانجی کے پانی مین پیس مسون پر ملے تو مسے دور ہون - یا ہلدی - بیج تودئی
آک کے پتے - بیج سہجنہ - انکو کانجی کے رس مین باریک پیس لیپ کرے تو مسے دور ہون
یا ارنڈ کی جڑ - اصل السوس - رسانا - اجواین - مہوا - انکو کانجی مین پیس گرم کرلیپ کرے
یا اس سے سینک کرے تو مسی کی چم چی جاوے اور مسے جھڑ پڑین - یہ بید رہس اور
بید نبود مین لکھا ہے - یا ہیرو کسیس - سیندھا نمک - پیپل - زنجبیل - کوٹ بیج کرہاری
پاکھان بھید - کنیر کی جڑ - بھی ٹرنگ - چترک - ہرتال - چوک - ان سبکو برابر لے پیس
ان کا نگنار روغن زرد لیکر تھوہڑ اور آک کے دودھ اور گائے کا پیشاب یہ تینون تیل سے
چوگنے لے اور ان سبکو اکھٹا کرکے پکاوے جب یہ تیل جاوین اور تیل اوپر آرہے تب اوتار
تیل نکال مسون پر ملے تو مسے دور ہون اور بواسیر رفع ہو اور درد بھی رفع ہو یہ کا نام

بچا تیل ہے یہ بیدرہس مین لکھا ہے - یا سولھ حصہ پنچہ زمین قند - مرچ -
آٹھ حصہ - بنجبیل چار حصہ - مرچ سیاہ دو حصہ - ترپھلا آٹھ حصہ - پیلا مول آٹھ حصہ -
چلا نو حصہ - آٹھ حصہ - چیتا ورسولہ حصہ - بدھارا آٹھ حصہ - بھنگ چار حصہ - الائچی
آٹھ حصہ - بای ٹربنگ - ان سبکو باریک پیس سب دواؤن سے دوگنا قند سیاہ ملا کر بقدر
دو درم - گولی باندہ ہر روز ایک گولی تیس دن تک کھاوے تو بواسیر - ہچکی - سانک -
کھانسی راج روگ - جریان - پھیا - ان سبکو یہ بہت سورن مودک دور کرتا ہے - یہ بیدرہس مین لکھا ہے

صفراوی بواسیر کی علامتین

مسون کا منہ نیلا - اور سرخ زرد اور سفیدی لیے ہوا اور اون مسون مین سے گرم گرم باریک
دھار سے خون نکلے اور باریک نانک مسے ہون اور اون مسون کا منہ جونک کا سا ہو اور
بدن مین - سوزش - بخار - بیہوشی - اور تنفر ہو اور نیلا - زرد اور سرخ مواد اوتر سے اور جلد
ناخن - آنکھین زرد ہون یہ سبھین علامتین ہون اوسکے صفراوی بواسیر جانو ۔

خونی بواسیر کی علامتین

مقعد کے مسے گھنگچی کے رنگ کے مانند ہون اور مسون کے خون کی دھار گرم اور بہت گرے
اور بکار بڑھا اور کچا خون نکلے اور خون کے بہت جانے سے طاقت و زور ہمت وغیرہ سب
جاتے رہین بدن سوکھتا جاوے اور بخوبی تمام ریح صادر نہو اور مسون سے خون نکلتے
ہوے جھاگ ہو اور کمر جانگھ اور مقعد مین درد ہو بدن کمزور ہو جاوے تو خونی بواسیر مین
بارکا میل بھی جانو - اور جبکا مواد پکنا بھاری اور ٹھنڈا ہو اور مسون مین سے خونکی
دھار موٹی اور گرم پڑے اور مقعد مین بلغم لگا ہی رہے تو خونی بواسیر مع بلغم سمجھو ۔

بواسیر کے خون بند ہونیکا علاج

ہنگدر کے پتے - اور سوکھا آملہ ۴ تولہ لیکر پانی مین کھرل کر کے کڑھائی مین خوب گرم کر کے
پھر ان دونون چیزون کو روغن زرد مین ڈالے جب یہ تینون مل جاوین تب اتار کر ٹھنڈی کر

وعابات کے برتن مین بھر رکھے پھر ان سبکو کھرل مین ڈالکر اور خوب باریک پیس خوب ملاوے
پھر بواسیر والے مریض کو ماشہ ہر روز صبح کیوقت اکیس دن دے پھر پانی کے ساتھ کرے
مگر وہ پانی نہ پیوے اور گرم چیزین - باجرا - کریلا - مرچ - بادنجان - اچار
پیڑا - چٹنی - ماش وغیرہ نہ کھاوے تو بواسیر کا خون بند ہو +

خون کے رکنے کا دوسرا علاج

مہوے کی مینگی - املوا - ان دونون کو برابر لے کھرل مین پانی سے باریک پیس ایک رتی
بھر کی گولی باندھے ایک گولی رسوت کے پانی مین ہر روز صبح کیوقت گیارہ دن تک کھاوے
تو بواسیر کا خون ضرور بند ہو +

بواسیر کے مسّے دفع کرنیکا علاج

رسوت - پھٹکان کا نور - مہوے کی مینگی - ان تینون کو پانیسے باریک پیس لیپ کرے تو مسّے ہر چون

صفراوی اور خونی بواسیر کا علاج ایک ہی وہ لکھتے ہین

رسوت کو باریک پیس ۲ درم پانی مین چار گھڑی بھگو کر پھر اوس پانی کو چھان ہر روز دو ہفتے
پیے تو صفراوی خونی بواسیر ضرور جاوے - یا پیپل کی راکھ - ہلدی - اصل السوس - مجیٹھ
کنول گٹہ - ان سب کو برابر لے باریک پیس دو درم ہر روز اوسنیا ۲۱ دن تک استعمال کرے
تو دونون بواسیر دفع ہون یا ناگ کیسر - مسکہ - مصری ۵ درم - ہر روز شیر زمین ۲۱ دن تک
کھاوے تو دونون قسم کی بواسیرین دفع ہون یا ناگ کیسر مصری ۵ درم ۲۱ دن تک
لے تو دفع ہون یا ۲۰ تولہ بھر کڑا کی چھال - پچیکر سولہ ۱۶ سیر پانی مین اُبالے جب اوسکا آٹھوان حصہ
رہے تب اوتار رس چھان لے پھر اوس رس مین ناگر موتھ ۲ تولہ - مرچ سیاہ ۲ تولہ - پیپل ۲ تولہ
ترپھلا ۲ تولہ رسوت ۴ تولہ - ہیترک ۲ تولہ - انڈی جڑ ۲ تولہ - بچ ۲ تولہ - ان سبکو باریک پیس
رس مین ملاکر گندسیاہ کی چاشنی مین ملاوے پھر اوسمین پاؤ اُتار روغن مادہ گاو ملاکر ۲ تولہ
ہر روز کھاوے تو سب طرح کی بواسیر اور بیت - اتیسار - پیچش - سنگرہنی - بلاپن مسوڑھن

علیحدہ انوپان سے اور اوپر مٹھے کے استعمال سے ان سب بیماریون کو دور کرتا ہے۔ یہ کڑا کی چھال کا اولیہ ہے۔ یا بکاین کے پھل چھ یا آٹھ ماشہ روز مصری کے ساتھ ایک مہینہ تک کھاوے تو دونون قسم کی بواسیر دور ہون۔ یا ست گلو۔ پارہ مصفا۔ گندھک مصفا۔ بچا بول موچرس یہ سب برابر لے پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے یہ سب چیزین ملاکر تین ماشہ ہر روز شہد کے ساتھ اکیس ۲۱ دن تک کھاوے تو دونون بواسیر۔ اتیسار۔ جریان۔ پردر۔ بھگندر۔ یہ سب بیماریان دفع ہون یہ بچا بول بڑہ رس ہے۔ یا بسنت مالتی رس دورتی۔ پیپل دو یا چار رتی شہد اور مصری کے ساتھ پچیس ۲۵ دن کھاوے تو دونون بواسیر اور سنگرہنی جاوے یہ علاج بیدرہس مین لکھا ہے یا بواسیر سے قبض ہوکر مسہ اونچا ہوآوے اور کھجلی اور خون بہے اوس مسے مین جونک لگاکر خون نکلواڈالے تو بواسیر جاوے اسکے برابر اور کوئی علاج نہین ہے یہ بیدرہس مین لکھا ہے۔ صفرا اور خون کی بواسیر کو خونی بواسیر جانو اور سکو بادی ٭

بلغمی بواسیر کی علامتین

مقعد کا مسا موٹا اور کچھ درد لیے اونچا اور بھاری بلغم سے لپٹا ہو کھجلی زیادہ کرے اور اچھی معلوم ہو پیڑو مین ابھار اور مقعد مین کھجلی بہت آوے اور سانک۔ کھانسی۔ چھاتی مین درد۔ تنفر خناق۔ موتر کرچھر۔ دردسر۔ بدہضمی۔ سب ہون اور سردی لگے اور بلغم سے لپٹا مواد اوترے اور مقعد کے مسے سے خون نہ نکلے اور بدن کا رنگ زرد اور چکنا مع آون ہو یہ جسکی علامتین ہون اوسکو بلغم کی بواسیر جانو ٭

علاج

ناگرموتھ اور کوجوش دیکر اکیس ۲۱ دن تک پیا کرین تو بلغمی بواسیر دور ہو۔ یا ہلدی مین تھوہر کے دودھ کی سات پٹ دیکر مسے مین پٹی کرے تو مسا دور ہو یا تربھلا۔ دس ماشہ۔ چرک۔ نسوت۔ واتیوتی لیجے بیخ الماس یہ پانچون اثار لیکر کوٹے اور ۴ مار پانی مین اکیس ۲۱ دن تک رکھے اور دوائیون کے ساتھ ۷ مثقال سیاہ بھی پانی مین ڈالے پھر چھتر کے ذریعہ سے شراب کے مانند

عرق نکلواوے پھر ۲ تولہ ہر روز پیے تو بلغمی بواسیر دور ہو۔ یہ واتیونی کا عرق ہے اور برندنام گرنتھ مین لکھا ہے +

سنپات کی بواسیر کی علامتین

جو بادی صفرا اور بلغم کی ملی ہوئی علامتین ہین وہی اسکی بھی علامتین جانو +

علاج

ادرک ۴ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ پیپل پاوتار۔ چب ۲ تولہ۔ ناگ کیسر ۲ تولہ۔ پیلا مول ۴ تولہ چترک ۲ تولہ۔ اجمود ۲ تولہ۔ زیرہ ۲ تولہ۔ ان سبکو باریک پیس ۱۰ تولہ قند سیاہ مین بقدر پانچ درم گولی باندھے صبح کیوقت ایک گولی کھاوین اور پرہیز سے رہین تو سنپات کی بواسیر۔ موتر کرچھر۔ بادی کے عارضے۔ بکھم جور۔ پلیا۔ گولا۔ پھیپھسا۔ سانک۔ کھانسی تے۔ تمیا ہچکی ان سب بیماریون کو علیحدہ علیحدہ بدرقون سے جلد دور کرتا ہے جیسے کہ تیل مین پانی ڈالتی ہی لحظہ بھر مین پھیل جاتا ہے ویسے ہی دوا بھی بدرقون کی طاقت سے پھیل جاتی ہے یہ پرماندا گنکا سرب سنگرہ نام پستک مین لکھا ہے۔ باتر پھلا بیج۔ بھنی ہوئی ہینگ۔ پاڑہ۔ سجی۔ جوا کھار۔ دار ہلدی۔ چب۔ کٹکی۔ اندرجو۔ بادیان۔ پانچون نمک۔ پیلا مول۔ بیلگری۔ اجمود۔ ان سبکو برابر لے باریک پیس گرم پانی سے بقدر دو درم کھاوے تو سنپات کی بواسیر۔ سانک۔ بدن کا سوکھنا۔ ہچکی۔ کھانسی۔ بھگندر۔ درد پسلی۔ گولا۔ پیٹ کی بیماریان۔ جریان۔ پانڈروگ۔ اور آنتین بڑھ جاوین۔ سنگرہنی۔ بکھم جور۔ جیرن جور غفلت۔ ان سب عارضون کو علیحدہ علیحدہ بدقون سے یہ بجے نام چورن دور کرتا ہے یہ بھاو پرکاش مین لکھا ہے۔ یا پارہ مصفا ۲ تولہ۔ گندھک مصفا ۲ تولہ۔ تامیشر ۶ تولہ سارا تولہ۔ زنجبیل ۴ تولہ۔ مرچ سیاہ ۴ تولہ۔ پیپل ۴ تولہ۔ سنگی مہرہ مصفا ۲ تولہ۔ واتیونی ۲ تولہ۔ چترک ۲ تولہ۔ سہاگا ۲ تولہ۔ بیلگری ۲ تولہ۔ جوا کھار ۳ تولہ۔

سیندھا نمک ۱۰ تولہ - پیشاب مادہ گاو ۶۰ تولہ - تھوہڑ کا دودھ ۶۵ تولہ - اِن سبکو اکٹھا کرکے کڑائی مین نرم آنچ سے پکاوے جب اوسکی پنڈی بندھ جاوے تب بقدر دو ماشہ گرم پانی سے کھاوے تو لاعلاج بھی سنپات کی بواسیر جاوے - یہ کُٹھار رس ہے اور جوگ ترنگنی مین لکھا ہے ٭

شیو جی کی مست سے بنا ہوا لوہسار جس سے بواسیر وغیرہ سب عارضے دور ہوتے ہین

بواسیر کو لاعلاج جانکر لوگون کے مرض دور کرنے کے لیے نارد جی نے سری مہادیو جی سے دریافت کیا کہ مہاراج سنکھیل وغیرہ کے لگانے سے مقعد کا مسہ دور ہوتا ہے مگر اوس سے آدمی مرمر کر بچتا ہے اسلیے کوئی اور نہایت آسان علاج جس سے بواسیر دفع ہو فرمائیے تب مہادیو جی نے نہایت رحم اور مہربانی کرکے نارد جی کو ان سبکے بنانے کی ترکیب بتلائی اوسکے کرنے سے بواسیر وغیرہ بے تعداد عارضے دور ہوتے ہین کانتی لوہ - باگج بیل کا لوہ لے اوسکی پتر کرا کرا اونکو تیل تہی گاے کی پیشاب - کانجی - تر پھلا - ان مین پہلے سات سات مرتبہ سودھے - پھر اوسکو رتوا کر اوسکے برابر مین سل - سونا مکھی لے - پھر ان دونون کو رتیے ہوے لوہے کے سروے مین رکھکر اگن چھال کے رس سے اون دونون کو جوش دے اور سان کے برابر رتیے ہوے لوہے مین اول دونون کو ڈال سروے مین بند کر بھاری کویلون مین خوب دھونکنی سے پھونکے جب وہ دونون جل جاوین اور بو آنی بند ہو تب اونکو نکالے اسیطرح اوسکو دس مرتبہ پھونکے پھر ترپھلے کے رس سے پارہ اور ریت لوہے کے آٹھوین حصہ کو پکاوے اسیطرح چار مرتبہ اور راکھ کرے پھر اون سبکو کھرل مین باریک پیس جب لوہسار پانی مین ترنے والا ہو تب لوہے کے سروے مین رکھ اوس سار کو بکھیرے رس کی ایک پٹ اوسی طریقہ سے دے پھر ترپھلے کی ایک پٹ دے پھر ادرک کی دس پٹ دے پھر زمین قند کی دس پٹ دے پھر چھلے کے رس کی دس پٹ پھر تھوہڑ کے دودھ کی دس پٹ پھر ساٹھی کے رس کی دس پٹ پھر ھتاور کے رس کی دس پٹ پھر گلو کے رس کی دس پٹ پھر جمن کے چھلکے کی سات پٹ پھر گولر کے چھلکے کی سات پٹ پھر گوار کے پھلے کی دس پٹ پھر تمندو کی سات پٹ پھر آملہ کے رس کی

بیس ٹپ پھر لیموں کے رس کی بیس ٹپ پھر چھلے کے چھلکے کی دس ٹپ - سارکا بارہ حصے شنگرف ڈالکر اور سکو گوار کے پٹھے کے رس مین ملاوے اور اوسکی ٹپ دے پھر اوس مین گھی کی دس ٹپ پھر شہد کی دس ٹپ دے اور ہر ایک ٹپ مین کھرل کرتا جاوے اسیطرح اس سارکو بناوے جب اسطرح طیار ہوجاوے تو بقدر ایک رتی شہد اور پیپل کے ساتھ کھاوے اور شیوجی کی پوجا کرے اوزنگ امرتنگ بھیپیام سوا ہا - اس منتر سے کھاوے اور زیادہ سے زیادہ مقدار تین رتی ہے اسکے اوپر کھریٹی کا جوشاندہ پیے اسیطرح تین مہینے تک اسکا استعمال رکھے تو بواسیر دور ہو - اور وہ شخص نوجوان ہوکر فربہ ہوجاوے - اور بدہضمی - سانس - کھانسی - یرقان - بات رکت امراض بول - خصیون کا بڑھنا وغیرہ لاعلاج عارضے بھی دفع ہون اور طاقت اور قوت خوب بڑھے بدن مین تازگی آوے عمر دراز ہو سب عارضے دفع ہون اور اسکا استعمال کرنے والا - پٹھا - تیل - ماش - رائی - شراب - کھٹائی - یہ چیزین نہ کھاوے - یہ طریقہ آتریے اور بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے - یا پوست ہلیلہ کلان ۲ درم - قند سیاہ کہنہ ۵ درم - ان دونون کو ملا پانی سے ہر روز کھاوے اوپر سے مادہ گاو کے مٹھے کا استعمال کرے تو بواسیر جاوے یا کند ملا ہیلی - نیلے پھول کی جڑ - کھریٹی - دار ہلدی - چرٹ پرنی - گوکھرو - اندرجو - سار کے پھول - برگد کی کونپل - گولر کی کونپل - بیل کی کونپل - ان سب چیزون کو ۲ تولے کچلکر دو درم کا جوشاندہ کرچھان لے پھر جوتیتی کی جڑ - کٹلی - پیپلامول - مرچ سیاہ - بیبیل دیودار - چھتاور - سندل - زیبوت - کا چھل - چترک - موتھا - پرپٹ - کھریٹی - سال پرنی - مغز کنول گٹہ - مہیٹھ - کٹیلی - مغز بیل - موچرس - پاڑہ - ان سبکو چھ ماشہ بھر لے باریک پیس اوسمین روغن زرد مادہ گاو ایک آنار ملاکر دونون کو کڑاہی مین چڑھا کر اڈاوے جب پانی جل جاوے اور گھی رہجاوے تب اوتار کر چھانے پھر اسمین سے ۲ تولہ ہر روز کھاوے تو بواسیر جاوے یا پارہ مصفا - گندھک مصفا - دونون کو برابر لے کر پھر اوسپر گھی مل دے پھر دونون برابر بیبیل - اوسمین ڈال کر گھی ملا دے پھر کنیا کو دنبے کے بدن مین آنچ دیکر

تیلی کرکے برگ کیلہ پر ڈھالکر اوسکی پٹی کرے اسکام پر پٹی رہے - یہ بقدر تین رتی ہر روز پندرہ دن تک استعمال کرے تو سنیپات کی بواسیر جاوے - یہ بید نبود مین لکھا ہے - اور مقعد کے مسہ کے سوائے اور بدن مین کسی جگہ پر مسہ ہو جسکو چرم کیل کہتے ہین اوس کو آگ سے اور راکھ سے دور کرے +

مسے کا علاج

کھانے کا چونہ - سجی - سہاگہ - نیلا تھوتھہ - ان سبکو برابر لے لیمو کے رس مین تین دن تک بھگووے پھر مسے پر لگاوے تو مسہ دور ہو - یا سیسے کی گولی روغن مادہ گاو مین گھسکر بواسیر کے مسے پر دس دن لگاوے تو بواسیر دب جاوے - یا بش کانتا کی ٹبہ ۲ درم - مرچ سیاہ ۲۰ درم - بھنگ ۱۰ - ہر روز گھوٹ کر پیے تو بواسیر دلی رہے +

لاعلاج بواسیر کی علامتین

جسکی بواسیر مین سوجن - اتیسار - قے - درد بدن - پیاس - بخار - تنفر - بدہضمی مقعد کا پکنا - چھاتی مین درد - یہ علامتین ہون وہ مریض جلد مر جاوے - اور بواسیر والا پاخانہ اور پیشاب نہ روکے - عورت سے زیادہ جماع نہ کرے - اور گھوڑے کی سواری بھی نہ کرے اور اکڑو بھی نہ بیٹھے اور کریلا - باجرہ - وغیرہ گرم چیزین نہ کھاوے +

اجیرن یعنی بدہضمی کی پیدائش

پہلے شخص کے منداگن - تیجمن اگن - بکھم اگن - سم اگن یہ چار قسم کی ہاضمہ کی آگ ہوتی ہے جس شخص کا بلغمی مزاج ہو اوسکے منداگن یعنی نرم آتش اور جسکا صفراوی مزاج ہو اوسکے تیجمن اگن اور جسکا بادی مزاج ہو اوسکے بکھم اگن اور جسکے صفرا باد اور بلغم تینون سے ملا ہوا مزاج ہو اوسکے سم اگن ہوتی ہے +

منداگن کی علامتین

منداگن والے کو تھوڑا اور فائدہ مند کھانا بھی اچھی طرح ہضم نہین ہوتا اور اوسکا سر اور پیٹ

بھاری رہے بدن مین اعضا شکنی ہو +

تیجھن اگن کی علامتین

بہت بھی کھانا کھایا ہوا اچھی طرح ہضم ہوجاوے یہ اگن اچھی ہوتی ہے +

بکھم اگن کی علامتین

کبھی اچھی طرح اور کبھی بری طرح کھانا ہضم ہو اور اپھار - درد شکم - اور پیٹ بھاری - اتیسار اور پیٹ بولا کرے یہ جسمین علامتین ہون تو بکھم اگن سمجھنا چاہیے +

سم اگن کی علامتین

جسکے سم اگن یعنے برابر ہاضمہ کی آگ ہوتی ہے اوسکے اندازے کا کھانا اور اجیرن مین بھی بہت کھایا ہوا بھاری کھانا ہضم ہو - یہ سم اگن تینون اگنون سے عمدہ ہے اس اگن سے کسیطرحکا فساد نہین ہوتا اور جو لگی ہوئی بھوکھ کو کسی سبب سے روکے تو بھی جلد بیماری نہین ہوتی اور تیجھن اگن بھوکھ کو روکتی ہی جلد صفرادی مرضون کو پیدا کرتی ہے اس سبب سے سم اگن نہایت عمدہ ہے - اور منداگن سے بلغم اور تیجھن اگن سے صفرا اور بکھم اگن سے باد کے عارضے ہوتے ہین اور سم اگن سے کوئی بیماری نہین ہوتی +

بھسمک روگ کی پیدائش علامت اور علاج

تیکھی چیز وغیرہ اور روکھا کھانا کھاوے اوسکے بلغم گھٹے اور باد صفرا بڑھے تب صفرا ہوا سے تحریک ہوکر بھسمک کے عارضے کو اور بھسمک اگن کو تبکل بھاری پیدا کرتا ہے اوس وقت جو کھاوے وہ ایک لحظہ مین ہضم ہوجاتا ہے اسکو بھسمک روگ کہتے ہین - یہ پیاس - سوزش - اور بیہوشی کو ظاہر کرکے کھائی ہوئی نمذا اور سب دھاتونکو کھاکر آدمی کو مارڈالتا ہے +

اجیرن روگ یعنی بدہضمی کے عارضہ کی پیدائش

بہت بالی پیے - اور بیچ بیچ مٹھیلا کھانا کھاوے پاخانہ اور پیشاب روکے دن مین سووے رات کو جاگے ایسے شخص کو پرہیزی کھانا بھی ہضم نہین ہوتا یا آنکھون پھر نیند نہین آوے - غصہ

طمع یا کوئی بیماری مسکینی ہو اور نفرت کرنیوالی غذا ملے - اتنی باتونسے آدمی کو کھانا ہضم نہین ہوتا +

اجیرن کی عموماً علامتین

دل مین نفرت - بدن بھاری - پیٹ مین اپھار - جریان رہے - رباح بخوبی صادر نہو - قبض ہو - یا بار بار ہو اور قیق رجوع رہے جسمین یہ علامتین ہون اوسکے اجیرن جانو +

اجیرن کی قسمین

اجیرن چھ قسم کا ہے - ایک تو وہ جو میٹھا کچا کھانا مقعد کے ذریعہ سے جاوے اور بلغمی مزاج لیے برہضمی ہو اوسکو آنون کہتے ہین دوسرا کھٹھ کھٹائی لیے ہو اوتریے اور صفرا لیے تیکھین اگن ہو اوسکو بدگدہ کہتے ہین تیسرا وہ جو کھایا ہو وہ کھانا کوکھ مین ہی رہے ہضم نہو اور درد شکم اور اپھار رہے اور کچا ہی کھانا مقعد کے ذریعہ سے جاوے اور بادی مزاج کا کھم اگن ہو اوسکو بشٹبدہ کہتے ہین - چوتھا وہ جو کھانا کھاوے اور اچھی طرح ہضم نہو یا پاخانہ پتلا ہو اوسکو رس شیش کہتے ہین پانچوان وہ جو کھانا ایک دن اور رات مین ہضم ہو دوسرے دن بھوکھ لگے وہ اچھا اور فساد نہین کرتا ہے اوسکو دن پاک کہتے ہین - چھٹا اجیرن جو آپ ہی ہمیشہ رہے اوسکو پرت باسر کہتے ہین - یہ اجیرن بائین کروٹ سونے اور گرم پانی پینے اور محنت کرنے اور ہلیلہ کے استعمال سے دفع ہوتا ہے +

آنون کے اجیرن کی علامتین

بدن بھاری رہے - قے کرنے کی خواہش ہو - جیسا کھانا کھاوے ویسا ہی نبار ہے گرہی کے طرح طرح کے عارضے ہون مع دہوئین کے کھٹی ڈکار آوے اور پسینا ہو +

بشٹبد اجیرن کی علامتین

درد شکم - اپھار اور باد کے طرح طرح کے درد ہون پاخانہ اور ریح رک جاوے بدن جکڑ بند ہو

رس سیکھ اجیرن کی علامتین

کھانے سے نفرت ہو - چھاتی مین درد ہو - بدن بھاری رہے -

رس سیش اجیرن کا فساد

بیہوشی - بکواد - قے - اعضاون مین درد - شک - یہ فساد ہون تو وہ مرجاوے - بیوقوف آدمی بہ نہمی مین جانور کے موافق زیادہ کھانا کھاے تو اوسکی تھوڑی آون فسادون سے بند ہوکر جب آگ کی راہ کو روکتی ہے تب اجیرن مین بھی بھوکھ لگتی ہے اوس کچی بھوکھ مین جو شخص کھاوے وہ کئی مرضون مین ہوکر مرجاتا ہے +

بشوچکا یعنے ہیضہ یا باسی کی علامتین

جس شخص کے منداگن مین پہلے آنون کا اجیرن ہو پھر وہ جانور کے موافق زیادہ کھانا کھاوے تو اوسکے ہیضہ - بیہوشی - اتیسار - قے - چکر - درد - اعضا شکنی - جھائی - سوزش - اور بدن کی رنگت اوڈ کی اوڈ ہوجاے - اور رعشہ - چھاتی اور سر مین درد - اور بدن مین یہ معلوم ہو کہ جیسے سوئی چبھتی ہے - جسمین یہ علامتین ہون اوسکو بشوچکا کہتے ہین اسکے فساد سے - نیند نہ آوے - سب سے تنفر - رعشہ - موتہ کرچھر یعنے امراض مثانہ - ہوش جاتا رہے جسمین یہ فساد ہون وہ مرجاوے +

الس کی علامتین

روکانے والی ہواکے اجیرن سے پیٹ مین اپھار ہو - آنت چلے - ہواکے بھرنے سے رک کر کوکھ مین گھومے پاخانہ اور پیشاب اور ریح رک جاوے - پیاس زیادہ لگے ڈکار بہت آوین جس شخص مین یہ علامتین ہون اوسکو الس جانو +

بلمبکا کی علامتین

کھانا کھایا ہوا بخوبی تمام ہضم نہو - اوپر نیچے نہ جاوے - دانت - لب - ناخن کالے ہون ہوش جاتا رہے - قے ہو - آنکھین بیٹھ جاوین - دم گھون گھون بولے - بدن سست اور کمزور پڑجاوے جسمین یہ علامتین ہون وہ مرجاوے +

اجیرن جاتا رہا ہو اوسکی علامتین

دکار اچھے آوے - بدن مین قوت اور دلیری ہو - بخوبی تمام اجابت ہو - بدن ہلکا ہو - بھوکھ پیاس اچھی طرح لگے تو اجیرن دفع ہوا جانو ٭

ضعف معدہ اور اجیرن وغیرہ کا علاج

پوست ہلیلہ - زنجبیل - ان دونون کو بقدر ۲ درم لے باریک پیس ۱۲ درم قند سیاہ کے ساتھ پانی سے ہر روز کھادین تو آون کا اجیرن دفع ہوا اور بھوکھ بڑھے - یا پوست ہلیلہ - سیندھا نمک - انکا ہر روز استعمال رکھے تو اجیرن دفع ہو - اور بھوکھ لگے - یا چترک - اجمود - سیندھا نمک - زنجبیل - مرچ سیاہ - یہ سب برابر لے باریک پیس دو درم گاے کی چھاچھ کے ساتھ پندرہ دن استعمال کرے تو بھوکھ بڑھے اور بدہضمی - پلی - بواسیر جاوے جو آنون کا اجیرن ہو تو بیچ اور نمک کی قے کرانے سے جاوے بدگدہ اجیرن ہو تو فاقہ کرانیسے دفع ہو بشبدہ اجیرن ہو تو سینک سے جاوے رس شیش اجیرن ہو تو سونے سے دفع ہو - یا زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - اجمود - سیندھا نمک - دونون زیرہ - بھنی ہوئی ہینگ ان سبکو برابر لے پیس کر ایک یا دو درم کھچڑی مین گھی سے ملاکر پہلے لقمے کے ساتھ ہر روز کھاوے تو اجیرن کبھی نہووے اسکا نام ہنگوا شک چورن ہے - یا جوا کھار - سجی - چترک - پانچون نمک - الایچی - تیرج - بھارنگی - بھنی ہوئی ہینگ - مہکر مول - کچور - نسوت - موتھ اندرجو - ڈانسرہ - امل بید - زیرہ - آملہ - پوست ہلیلہ - اجواین - پیپل - تلونکا کھار - سنبجنہ کا کھار - چنیلے کا کھار - سار - یہ سب دوائیان برابر لے باریک پیس کپڑچھان کر بجورے کے رس کی آٹھ پٹ دے پھر دو درم پانی کے ساتھ کھاوے تو بہت بھوکھ لگے اور اجیرن - گولا - پیچا - پیٹ کا فساد - خصیون کا بڑھنا - بات رکت - ان سب بیماریون کو مہیہ اگن مکھ چورن دور کرتا ہے - یا تھوہر - آک - چترک - ارنڈ کا کھار - سانٹھ - تل - آندھی جھاڑ چھلا ہوا کیلہ - ڈانسرہ - ان سب کا علیحدہ علیحدہ کھار نکال باریک پیس اوک کے رس کی

پانچ پُٹ دے پھر ایک درم ٹھنڈے پانی سے صبح کیوقت کھاوے تو بدہضمی کبھی نہ ہے
بھوکھ بہت بڑھے اور علمی رہ بدرقون سے بے تعداد عارضون کو دور کرے یا نمک سانبھر
چار تولہ۔ نمک سیاہ دو تولہ۔ بای ڈبرنگ ۵ درم۔ سیندھانمک ۵ درم۔ کشنیز ۵ درم
پیپل ۵ درم۔ پیلاموں ۵ درم۔ چب ۵ درم۔ اجوائن ۵ درم۔ فلفل سیاہ
۵ درم۔ زیرہ ۲ درم۔ زنجبیل ۲ درم۔ انار دانہ ۱۰ درم۔ تج ایک درم۔ الائچی
ایک درم۔ ان سبکو باریک پیسکر چار ماشہ گائے کے مٹھے سے یا کانجی سے کھاوے تو گولا۔ پھیا۔
پیٹ کے عارضے۔ بواسیر۔ سنگرہنی۔ قبض۔ سول۔ سوجن۔ سانک۔ کھانسی۔ آنون کا فساد
پانڈروگ۔ سوزہضمی۔ وغیرہ سب طرحکے اجیرن کو بد بناہوا لون بھاسکر چورن دور کرتا ہے
یا سیندھانمک ۱ درم۔ پیلاموں ۲ درم۔ چب ۳ درم۔ چترک ۴ درم۔ زنجبیل ۵ درم
ہلیلہ ۶ درم۔ ان سبکے برابر مصری لے پھر اوسکو پیس ۲ درم ہر روز کھاوے تو اجیرن دور ہووے اور
بھوکھ بہت لگے اسکا نام بڑوانل چورن ہے یا گندھک مصفا ۲ درم۔ پارہ ایک درم۔
سار ۵ درم۔ تانبے کی راکھ ۵ درم۔ پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر اون دونونکو
اوسمین ملاوے پھر ان چارون کو لوہے کے برتن مین آگ پر چڑھاکر پگھلاوے پھر موشیاری سے
ارنڈ کے تیون پر ڈھالے پھر اوسکو باریک پیس کر کھرل مین ڈال سو تولہ جمیری لیمو کے رس
مین سانے پھر اوسمین بجورے کا رس سو تولہ سکھاوے پھر اوسمین پیپل۔ پیلاموں چب۔
چترک۔ زنجبیل۔ ان کا کاڑھا کرلے اوس کاڑھے کی پچاس پُٹ دے پھر جب وہ سوکھ جاوے
تب ان سبکی برابر بھنا ہوا سہاگہ ڈالے اور سہاگے سے آدھا کالانمک ملاوے اور سب کی برابر
فلفل سیاہ ڈالے پھر اوسمین چنے کے کھار کی سات پُٹ دے پھر طیار کر بہت عمدہ صاف برتن
مین رکھ چھوڑے پھر اسمین سے بقدر دو ماشہ کھاوے اور اوپر سے سیندھانمک ملاکر
گائے کا مٹھا پیے تو سب طرحکا اجیرن دور ہو۔ اور دردِ شکم۔ گولا۔ اپھار۔ پھیا۔ مرض شکم
وغیرہ کو بھی یہ رس دور کرتا ہے۔ یا جوا کھار۔ سجی۔ سہاگہ۔ پارہ۔ گندھک مصفا۔

پیپل - پیلا مول - چیپ - چترک - زنجبیل - ان سبکو برابر لے اور سبکی برابر بھنی ہوئی بھنگ
اور بھنگ سے آدھی بیخ سہنجنہ لے پھر اونکو بھنگ کے رس مین ایک دن کھرل کرے پھر سہنجنے
کے رس مین ایک دن کھرل کرے پھر چترک کے رس مین ایک دن کھرل کر دھوپ مین سکھاوے
پھر اسکو سکورے مین دکھہ کپڑوٹی کر پھونک دے پھر نکال کر سات دن اورک کے رس مین کھرل کر
بقدر ایک رتی یا دو رتی شہد سے کھاے اور اوپر سے قند سیاہ کا جوشاندہ پیے تو فورا سب قسم کے
اجیرن اور اتیسار سنگرہنی بلغمی عارضے - قے - تنفر - ان سبکو دور کرتا ہے - اور بھوکھ بڑھاتا ہے
یہ جوالانل رس ہے اور بھاد پرکاس مین لکھا ہے - یا گندھک مصفا - فلفل سیاہ - چوک - نمک سیاہ
ان سبکو برابر لے باریک پیس بقدر ۲ درم پانی کے ساتھ کھاے تو قبض دور ہو - یا پارہ - پانچ درم -
گندھک مصفا پانچ درم - سنگ مہرہ مصفا پانچ درم - فلفل سیاہ دس درم - جایپھل دو درم
پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے اوسمین سب کو ملا کر ڈاسرے کے رس مین پانچ دن کھرل
کرے پھر بقدر ایک رتی سات دن کھاوے تو بھوکھ بڑھے اور بہت جلد اجیرن دور ہو -
اسکا نام رام بان رس ہے یا پارہ مصفا - گندھک مصفا - اجمود - ترپھلا - جاکھار - سیندھانمک
زیرہ - نمک سیاہ - پیپل - ان سبکو برابر لے اور سبکی برابر بکاین کے پھل - پہلے پارہ اور گندھک
کو حل کرکے اوپر لکھی چیزون مین ملاوے پھر جمیری کے رس مین بقدر ایک رتی گولی بنا کر ہر روز
ایک گولی کھاوے تو بھوکھ بہت لگے اسکے اوپر پوست ہلیلہ - زنجبیل - قند سیاہ - انکا جوشاندہ
پیے تو سب عارضے دفع ہون - اسکا نام اگن تنڈا وتی گولی ہے یا زنجبیل ایک حصہ - فلفل سیاہ
دو حصہ - پیپل تین حصہ - سیندھانمک چار حصہ - گندھک مصفا پانچ حصہ - ان سبکو باریک پیس
لیمو کے رس مین دس دن کھرل کرے پھر ایک رتی کی گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے
تو بھوکھ بڑھے اسکا نام چندر لوہ رس ہے یا بڑنون - نمک سیاہ - اجاین - دونون زیرہ -
پوست ہلیلہ - زنجبیل - مرچ سیاہ - پیپل - چترک - امل بید - اجمود - کشنیز - ڈانسرہ - ان سبکو
برابر لے باریک پیسکر دو درم ہر روز کھاوے تو تمہر بھی ہضم ہوجاوے کھانا کیا چیز ہے -

یا گندھک مصفا - مرچ سیاہ - پیپل - زنجبیل - سیندھا نمک - جوا کھار - لونگ - ان سبکو برابر لے باریک پیس - لیمو کے رس مین دس دن کھرل کرے پھر رتی کے برابر گولی باندہ ہر روز ایک گولی کھاوے تو بھوکھ بڑھے - یا پوست ہلیلہ چھ حصے - پیپل چار حصے - چترک دو حصہ - سیندھا نمک دو حصہ - انکو باریک پیس پھر اسمین ادرک کا رس یا دو اثار ڈالکر کھاوے اور مہی کو باندہ اوسکا پانی ایک اثار لے اسمین ڈالکر کھاوے - پھر اسکی گولی بقدر ایک رتی باندہ ایک گولی ہر روز پانی سے کھاوے تو اجیرن - اپھار - بیماری شکم - گولا - پھیا - درد شکم - یہ سب دور ہون اور بھوکھ بڑھے - اسکا نام کریبا درس ہے - یا دار چینی دس درم - الایچی دس درم - لونگ پندرہ درم - بھنا ہوا سہاگہ دس درم - چترک دس درم - فلفل سیاہ پانچ درم - سیندھا نمک تین تولہ - ان سبکو باریک پیس گرم پانی سے بقدر ایک درم کھای تو اجیرن بہت جلد دفع ہو - اسکا نام بھی کریبا درس ہے - یہ سب علاج بیدرمیں مین لکھے ہین - یا زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل تر پھلا - پانچون نمک - بھنا ہوا سہاگہ - جوا کھار - سجی - پارہ - گندھک مصفا - سنکی مہرہ مصفا ان سبکو برابر لے پارہ اور گندھک کو حلکر اوسمین ان سب کو ملاکر ادرک کے رس کی سات پٹ دیکر ایک رتی کے اندازے کی گولی باندھے پھر ایک یا دو رتی لونگ کے جوشاندے کے ساتھ کھای تو اجیرن بہت جلد دفع ہو - اور بھوکھ بڑھے یہ چھدھا ساگر نام رس ہے - یا تولہ دو ہلیلہ کلان لیکر گاے کے مٹھے مین اوٹاوے پھر اونکی گٹھلی نکال اونمین - زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - چب - چترک - دار چینی - پانچون نمک - بھنی ہوئی ہینگ - جوا کھار - سجی - دونون زیرہ - اجمود - نسوت - ان سبکو برابر لے باریک پیس لیمو کے رس کی دس پٹ دے اور انکے برابر چوک ملاکر یہ سب بھرے - پھر انکو دھوپ مین سکھاکر ایک ہلیلہ ہر روز کھاوے تو بدہضمی - ضعف معدہ - بیماری شکم - گولا - سول - سنگرہنی - قبض اپھار - آئون بات - ان سبکو یہ دور کرکے بھوکھ بہت بڑھاتا ہے - اسکا نام امرت ہرتیکی ہے - یا فلفل سیاہ سات درم اجوین

دو درم - چترک دو درم - پیپل دو درم - نمک سیاہ دو درم - سانبھر نمک دو درم
سیندھا نمک دو درم - پارہ ایک درم - گندھک مصفا ایک درم - پیلا مول
دو درم - پوست ہلیلہ پانچ درم - پوست بہیڑہ پانچ درم - زیرہ ایک درم - چب
پانچ درم - ان سب سے آدھی لونگ لے پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرکے پھر ان میں انیو کو
باریک پیس اوسمین ملاکر ادرک کے رس کی دس پٹ دے اور سبکی برابر چوک ملاکر دو ماشہ بھر کی
گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو اجیرن بہت جلد دور ہو - اور اسکا استعمال ہمیشہ
رکھے تو بھوکھ بڑھے اور عارضے دور ہون اور بدن مین تازگی لاوے اسکا نام لونگ امرت
لکھا ہے - یہ سب بیدر ہس مین لکھا ہے یا دارچینی پانچ درم - لونگ دس درم -
دونون زیرہ دس درم - سیندھا نمک دس درم - زنجبیل دس درم - فلفل سیاہ
پانچ درم - اجمود پانچ درم - پوست ہلیلہ پانچ درم - تیج پانچ درم - دامرہ سب درم
نمک سیاہ دس درم - نسوت پندرہ درم - سونا مکھی یا دانہ انار دانہ ۱۰ ان سب کو
برابر پیس لیمو کے رس کی دس پٹ دے پھر ان سب کی برابر چوک ملاکر رکھا ایک درم پانی سے کھاے تو اجیرن قبض سودہضمی - پیٹ کی بیماریان - گولا - بیا وغیرہ
سب عارضے دور ہوتے ہین - اس چورن کا نام راج ملیحہ ہے - یا پوست ہلیلہ - پیپل نمک سیاہ
ان سب کو برابر لے اور باریک پیس دو درم گرم پانی کے ساتھ پیے تو اجیرن وغیرہ سب
اجیرن دور ہون - یا مویز منقہ - پوست ہلیلہ - مصری ان تینون کو برابر لے شہد ملاکر
دو درم کی گولی بناوے پھر ایک گولی پانی سے کھاے تو اجیرن جاوے یہ برند نام گرنتھ مین
لکھا ہے - یا زیرہ - نمک سیاہ - زنجبیل - فلفل - پیپل - سیندھا نمک - اجمود -
بھنی ہوئی ہینگ - پوست ہلیلہ - ان سبکو چھ چھ ماشہ بھر لے اور باریک پیس کر بقدر
دو درم گرم پانی سے کھاوے تو بہت جلد اجیرن دور ہو اور بھوک لگے - اسکا نام
زیرک آدکو اتھ ہے - یا اجمود - پوست ہلیلہ - چترک - لونگ - دارچینی - سیندھا نمک

ان سبکو برابر لے اور باریک پیسکر بیماری کے اندازے سے پانی کے ساتھ کھاوے تو اجیرن دفع ہو۔ اور بھوکھ بڑھے یہ اجمودا ک چورن سرب سنگرہ مین لکھا ہے۔ یا گندھک مصفا ایک درم۔ چترک دو درم۔ مرچ سیاہ دو ۲ درم۔ پیپل پانچ درم۔ جوا کھار دو درم سیندھا نمک ایک درم۔ نمک سیاہ ایک درم۔ سانبھر نمک ایک درم۔ ان سبکو برابر پیس لیمو کے رس مین سات دن کھرل کرے پھر ایک درم کی گوئی باندھکر ایک گولی پانی کے ساتھ کھاوے تو اجیرن۔ سول۔ آنون کا فساد۔ گولا۔ اپھار۔ وغیرہ بہت جلد دور ہون۔ یہ گندھک بٹی سرب سنگرہ مین لکھی ہے ٭

بسوچکا یعنے ہیضے کا علاج

ایک پوتھیا لہسن ایک عدد۔ زیرہ۔ گندھک مصفا۔ سیندھا نمک۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ بھنی ہوئی ہینگ۔ ان سبکو برابر لے کھرل مین خوب پیس لیمو کے رس کی سچاس پٹ دے پھر اسکی گولی چھوٹے بیر کے برابر بناوے ایک گولی پانی سے دے تو بسوچکا اور اجیرن دور ہو۔ بھوکھ بڑھے۔ یہ جیرک آوک ہے۔ یا بای ٹرنگ۔ زنجبیل۔ پیپل۔ پوست ہلیلہ۔ آملہ۔ بہیڑہ۔ بچ۔ گلو۔ بھلاوہ مصفا۔ سنگی مہرہ مصفا۔ ان سبکو برابر لے باریک پیس گاے کی پیشاب مین ایک دن کھرل کرے پھر ادرک کے رس مین ایک دن کھرل کرے پھر ایک رتی کے برابر گولی باندھے ایک گولی ادرک کے رس مین دے تو اجیرن جاوے اور دو گولی دے تو بسوچکا جاوے تین گولی دے تو سانپ کا کاٹا اچھا ہو اور چار گولی دے تو سنپات اچھا ہو۔ اسکا نام سنجیونی گٹکا ہے۔ یا بھنا سہاگہ پانچ درم۔ پارہ پانچ درم۔ گندھک مصفا پانچ درم سنگی مہرہ مصفا پانچ درم۔ زرد کوڑی کی راکھ دو درم سنجی دو درم۔ پیپل دو درم۔ زنجبیل دو درم۔ فلفل سیاہ دو درم۔ پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر ان دوائیون کو جمیری کے رس مین آٹھ دن کھرل کرے اور رتی بھر کی گولی باندھے اور ایک گولی بسوچکا والے کو دے تو

اوسیوقت اچھی ہواسکا نام اگن کمار رس ہے - یا آک کے پتون کا رس ایک اثار - تھوہڑ کا دودہ اثار سہنجنہ کی جڑ کا رس ایک اثار کوٹ ۴ تولہ - سیندھا نمک ۴ تولہ - تیل اثار کانجی کا پانی ۴ اثار - ان سبکو اکٹھا کرکڑھائی مین نرم آنچ سے پکاوے جب سب رس سوکھ جاوے اور تیل رہجاوے تب اس تیل کی مالش کرے تو بسوچکا اور پچھیا گھات جاوے یہ بیدرس مین لکھا ہے - بیج کنگچ - بیج اندھی جھاڑہ پوست نیم - گلو - کڑا کی چھال - ان سبکو برابر لے دو درم کا کاڑا تین دن دے تو بسوچکا دور ہو - یا پوست ہلیلہ - بیج - بجنی ہینگ - اندرجو - بھانگرہ - نمک سیاہ - اتیس - انکو برابر لے باریک پیس دو درم پانی کے ساتھ کھاے تو بسوچکا دور ہو یا الائچی چار ماشہ - لونگ چار ماشہ - افیون ایک ماشہ جایپھل ۱ ماشہ - انکو باریک پیس چار ماشہ گرم پانی سے کھاے تو بسوچکا بہت جلد اچھی ہو یا چوک کو اوٹاکر اوسکا اثار رس نکال اوسمین سیندھا نمک پانچ درم کوٹ تیل اثار سبکو ملاکر نرم آنچ سے پکاوے جب رس جل جاوے اور تیل رہجاوے تب اوسکی مالش کرے تو بسوچکا دور ہو - یا جوکا آٹا - چار تولہ - جوا کھار پانچ درم - انکو مٹھے مین پکاکر گرم گرم مالش کرے تو درد شکم اور بسوچکا دور ہو - یا رد غن تلخ کی گرم گرم مالش کرے تو کوکھ کا درد دور ہو - یا ہیضہ مین پیاس بہت بڑھے تو لونگ کا جوشاندہ دینے سے پیاس دور ہو - یا بسوچکا بہت بڑھے تو اوسکی نسلی داغ دے تو بسوچکا دفع ہو - یا پنج بجورہ - زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - ہلدی - تخم کنگچ ان کو برابر لے کانجی کے پانی مین باریک پیس انجن کرے تو بسوچکا دور ہو ✣

الس بلمبکا کا علاج

سادن چھ درم - نیلا تھوتھ دس درم - انکو پانی سے خوب پیس مقعد مین لگاوے تو جلدی بند چھوٹے اور الس بلمبکا دور ہو - یا دار ہلدی - چوک - کوٹ - بادیان - انگوزہ سیندھا نمک - انکو برابر لے کانجی کے پانی مین باریک پیس گرم کر پیٹ مین ملے تو الس بلمبکا دور ہو - یا جوکا آٹا آدہ پاو - اوسمین ۱ اثار سجی ملاکر پکاوے پھر گرم گرم مالش کرے تو بسوچکا اور الس بلمبکا دور ہون ✣

کیڑونکے پڑنیکی بیماریکی پیدایش علامت اور علاج

پہلے کیڑے دو قسم کے ہین ایک باہر کے دوسرے اندر کے باہر والے تو دو جگہ مین پیدا ہوتے ہین ایک تو مواد سے پیدا ہوتے اور دوسرے پسینے سی جیسے جون اور لیکھ۔ جم جون +

اندر کے کیڑونکی پیدایش کا بیان

اجیرن مین کھانا کھاوے اور ہر روز میٹھا کھٹا اور پتلا کھاوے اور کھانا کھاکر محنت نہ کرے اور دن مین سووے اور برخلاف کھانا کھاوے تو اوس شخص کے پیٹ مین کیڑے پڑجاتے ہین یہ کیڑے گنڈولہ وغیرہ سے بیس قسم کے ہین +

شکم مین گنڈولہ وغیرہ کیڑے پڑگئے ہون اوسکی علامتین

تپ ہوآوے۔ بدن کا رنگ اور کا اور ہوجاوے۔ درد شکم ہو۔ چھاتی مین درد ہو۔ قے۔ شک۔ کھانے مین تنفر۔ اتیسار۔ جسمین یہ علامتین ہون تو جانو کہ شکم مین گنڈولہ کیڑا ہے +

علاج

خراسانی اجوائن بقدر دو درم پانی سے پیے تو پیٹ کے کیڑے دور ہون یا ایک درم۔ پلاس پاپڑے کو پانی مین پیس دو درم شہد ڈال پانچ دن پیے تو شکم کے کیڑے دفع ہون یا ایک درم بای بڑنگ باریک پیس شہد کے ساتھ سات دن کھاوے تو پیٹ کے کیڑے جاوین یا بای بڑنگ۔ سیندھا نمک۔ پوست ہلیلہ۔ جواکھار۔ ان سبکو برابر لے باریک پیس دو درم مٹھے کے ساتھ سات دن پیے تو پیٹ کے کیڑے گر پڑین۔ یا نیم کے پتون کے رس مین ایک درم نمک سیاہ ملاکر سات دن پیے تو پیٹ کے کیڑے دور ہون۔ یا پارہ ایک درم۔ گندھک مصفا دو درم۔ خراسانی اجوائن تین درم۔ بکاین کے پھل چار درم۔ پلاس پاپڑہ۔ پانچ درم۔ ان سبکو باریک پیس دو دو درم ہر روز پانچ درم شہد کے ساتھ کھاوے تو پیٹ کے کیڑے دفع ہون یہ سرب سنگرہ مین لکھا ہے۔ پانگر موتھ ترپھلا۔ دیودار۔ بیج سنبھالو۔ ان کو برابر لے کچلکر پانچ درم کا کاڑھا سات دن پیے تو پیٹ کے

کیڑے جاوین - بابای ٹرنگ - سیندھا نمک - بھنی ہوئی ہینگ - بیل - کمیلا - نمک - سیاہ
ان سب کو برابر لے باریک پیس دو درم گرم پانی سے سات دن پیے تو پیٹ کے کیڑے
جاوین یہ بید بنود مین لکھا ہے +

سر مین جون اور لیکھ پڑ گئی ہون اوسکو دور کرنیکا علاج

دھتورے کے پتونکے رس مین یا ناگر بیل کے پتون کے رسمین پارہ ملاکر بالون مین ملے تو
جون اور لیکھ مرجاوین +

مقعد مین چنے پڑ گئے ہون اونکو دور کرنیکا علاج

ہینگ کو پانی مین باریک پیس مقعد پر ملے تو چنے دور ہون - یا کاہو کے پھل - بابی ٹرنگ -
بیج کرہاری - مُیرل چندن - رال - خس - کوٹ - بھلانوہ - لوبان - ان سبکو برابر ملاکر دھونی
دے تو چنے اور گھر کے مچھر اور کھٹمل بھی دور ہون یہ بید رہس مین لکھا ہے +

پانڈ روگ کا ملا یعنی یرقان - ہلیمک اور بیمار یونکی پیدائش علامت اور علاج

پانڈ روگ - باد - صفرا - بلغم - سنپات - مٹی کھانے وغیرہ سے پانچ قسم سے پیدا ہوتا ہے +

پانڈ روگ کی پیدائش

نہایت فکر اور محنت کے کرنے سے کھٹی یا تیکھی چیز کھانے یا سونے سے باد صفرا بلغم آدمی کے
خون کو بگاڑ بدن کی جلد کو زرد کر دیتا ہے +

اسکی پہلی شکل

جلد پھٹنے لگے - بدن مین درد ہو - مٹی کھانے کی خواہش رہے - آنکھون مین کچھ سوجن ہو
پاخانہ اور پیشاب بھی زرد ہو - غذا ہضم نہو - جسمین یہ علامتین ہون تو بید بتلا دے کہ
تمہارے پانڈ روگ ہوگا اس پانڈ روگ کو عوام مین پلیا بھی بولتے ہین +

باد ی پلیا کی علامتین

جسکی جلد - پیشاب - آنکھین - دکھتی ہون یا کالی اور سرخ ہون اور بدن مین رعشہ - درد

اچھار - شک - چکر - وغیرہ ہون تو باد کا پیلیا جانو +

صفرادی پیلیا کی بیماری کی علامتین

جسکا پیشاب اور آنکھین زرد ہون بدن مین پیاس - جلن - بخار ہو - اور پتلا مواد ہو - بدن کی جلد زرد ہو تو صفرادی پیلیا جانو +

بلغمی پیلیا کی علامتین

منہ سے بلغم نکلے - بدن مین سوجن ہو - انگھائی سستی اور بدن بھاری ہو - جلد پیشاب آنکھین سفید ہون تو بلغمی پیلیا کی بیماری جانو +

سنیپات کے پیلیا کی علامتین

کسیلی مٹی کھانے سے باد کا فساد ہوتا ہے اور میٹھی مٹی کھانے سے بلغم کا فساد ہوتا ہے پھر وہی مٹی سات دھاتون کو اور کھائے ہوے کھانیکو رکھا کر ڈالتی ہے پھر وہی مٹی شکم مین بگڑ کر پکی ہوئی نسونکو پھیلا دیتی ہے یا رس کو بہنے سے روک دیتی ہین تب سب حواسون کی قوت جاتی رہتی ہے اور بدن کی طاقت بھی زائل ہوتی ہے - پھر وہی مٹی بدن کی جلد کو زرد کر کے طاقت - نور - قوت ہاضمہ دور کرتی ہے تب اوسکو غنودگی سستی - سانک کھانسی - بواسیر - تنفر اور آنکھین پانون - شکم - آلت وغیرہ جگہون پر سوجن ہو پیٹ مین کیڑے - اتیسار ہو اور مواد بلغم - خون وغیرہ سے ملا ہو - جس مین یہ علامتین ہون تو مٹی کھانے کی پیلیا جانو +

پیلیا کے لاعلاج ہونیکی علامتین

بدن کا خون جلتا رہے - بدن سفید ہو جاوے - دانت - ناخن - انکھین زرد ہو جاوین اور جبکی سب چیزین زرد ہی نظر آوین اور سب بدن مین سوجن اور اتیسار اور بخار بھی ہو ایسا پانڈ روگ ہو تو وہ مریض مر جاتا ہے +

کاملا روگ کی علامتین

جو پیلیا کا بیمار گرم چیزین بہت کھاتا ہے اوسکا صفرا خون اور گوشت کو جلا ڈالتا ہے اور آنکھین جلد ناخن مُنہ وغیرہ ہلدی کے مانند زرد ہوجاوین اور پاخانہ اور پیشاب خون کا سا اوترے - حواسون کی قوت جاتی رہے - جلن ہو - کھانا ہضم نہو - کمزوری اور لا اشتہا ہو یہ جسمین علامتین ہون اوسے کاملا کی بیماری جانو +

ہلیمک بیماری کی علامتین

جس پیلیا کے مریض کے باد - صفرا - بڑھے اور جلد بری - زرد - سیاہ ہوا ور طاقت بہت جاتی رہے اور اونگھائی - سوء ہضمی - اور تھوڑا سا بخار - جلن - پیاس - تنفر - شک یہ سب ہون عورت کی صحبت اچھی معلوم نہو - بدن مین درد ہو - تو ہلیمک کی بیماری جانو +

علاج

سارکو گائے کی پیشاب مین سات دن پکاوے پھر باریک پیس پانی سے ایک درم - قند سیاہ کے ساتھ پندرہ دن تک پیے تو پیلیا جاوے یا اس بیمار کو مانڈور گائے کے پیشاب مین پکا ایک درم قند سیاہ کے ساتھ پندرہ دن دے تو پیلیا جاوے - یا ساٹھی کی جڑ - نسوت زنجبیل - فلفل - پیپل - بای ٹبرنگ - دارہلدی - چترک - کوٹ - ہلدی - ترپھلا - دایتونی چب - اندرجو - کٹکی - بیلا مول - ناگرموتھا - کاکراسنگی خراسانی اجواین - کاپھل - ان سبکو دو دو تولے باریک پیس اور ان سبکا دوگنا مانڈور ملاوے پھر ان سبکو آٹھ گنے گائے کے پیشاب مین پکا کر ایک درم کی گولی باندھے ایک گوئی گائے کے مٹھے کے ساتھ ملا کر پندرہ دن کھاوے تو لاعلاج بھی پیلیا کی بیماری دفع ہو - اور کاپھل - ہلیمک - سانک - کھانسی - راج روگ بخار - سوجن - شول - پھیلا - اپھار - بواسیر - سنگرہنی - کیڑونکی بیماری - بات رکت کوڑہ - ان سب عارضون کو بہ دور کرتا ہے - یہ تیز نواد مانڈور رس ہے - یا پوست پیلیا پانچ درم - چھال بہیڑہ پانچ درم - آملہ پانچ درم - زنجبیل پانچ درم - فلفل سیاہ

پانچ درم پیپل پانچ درم - ناگرموتھہ پانچ درم - بای ٹرنگ پانچ درم - چترک پانچ درم - مارا ہوا سارا ۹ تولہ ان سب کو باریک کرکے پیے پھر سارا ملا کر نورتی شہد کے ساتھ یا روغن زرد کے ساتھ یا گاے کے مٹھے کے ساتھ پیے تو پیلیا - سوجن - سورہضمی - بواسیر - تنفر - ان سب عارضون کو دور کرتا ہے اور کھانے کا یہ طریقہ ہے - کہ پہلے دن دورتی کھاوے پھر دن دن دورتی - کے حساب اٹھارہ رتی تک بڑھاوے یہ نواجس جیون ہے یا اڑوسہ - گلو - پوست نیم تریھلا - چرایتا - کٹکی - ان سب کو برابر لے کھلکر دو درم کا کاڑھا کرا اور شہد ملا دس دن تک کھاوے تو پانڈرروگ - رکت پت - کاملہ - ہلیک - یہ سب دور ہون - یا تریھلا - گلو دار ہلدی - نیم - انکے علیحدہ علیحدہ رسونمین شہد ملا دس دن پیے تو پیلیا - کاملہ - ہلیک پیت جاوین - یا ڈرگھل کے رس کا آنکھونمین انجن کرے تو پیلیا - کاملہ - ہلیک جاوی - یہ بیدیہس مین لکھا ہے - یا چرایتا - کٹکی - دیودار ناگرموتھہ - گلو - پٹول - دھماسہ - پٹھا پاپڑہ - پوست نیم - زنجبیل - خلفل سیاہ - پیپل - چترک - تریھلا بای ٹرنگ ان سبکو برابر لے اور باریک پیس انکی برابر نمین سارملا ایک درم شہد کی ساتھ یا مٹھے کی ساتھ ہر روز کھاوے تو پیلیا - کاملا - ہلیک - سوجن - جربان - سنگرہنی - سانک - کھانسی - رکت پت بواسیر - آم بات - کولہ - کوڑہ یہ دور ہون اسکا نام اشٹاوشانگ اولیہ ہے - اور بھاوپرکاش مین لکھا ہے - یا کڑوی توبنی کے منفر کے رس کا ناس لے تو اوسیوقت پیلیا دور ہو اور پیلیا کا مرض - گندم - بہنج - مونگ - ارہر - یہ غلہ کھاوے +

باب پنجم

دربیان امراض پت راج روگ چھی راوگ سوکھہ روگ کاس روگ ہچکی اور ضیق النفس کے

رکت پت کی پیدایش علامت اور علاج

بہت دھوپ مین رہنے اور محنت کرنے اور بہت چلنے اور زیادہ جماع اور فکر کرنے اور گرم کھاری اور تلخ چیز اور نمک کھٹائی کے کھانے سے صفرا جلکر بدن کے خون کو جلا ڈالتا ہے

تب اوسکا خون دو طرحسے رجوع ہوتا ہے ایک اوپر دوسرا نیچے - اوپر تو ناک - آنکھ - کان منہ مین سے اور نیچے کا آلت عورت کی جاے پوشیدہ اور مقعد سے ہوکر نکلتا ہے اور زیادہ تر جب خون مفسد ہوتا ہے تو سب بالون سے نکلتا ہے +

رکت پت کی پہلی شکل

بدن مین درد اور قے ہو - ٹھنڈک اچھی معلوم ہو - اور منہ سے دھوان نکلے خون کی بو منہ مین آوے تو جانو کہ رکت پت ہوگا +

بلغمی رکت پت کی علامتین

ٹھنڈا - زرد - چکنا - مور کے پر کے مانند خون ہو تو بلغمی جانو +

بادی رکت پت کی علامتین

سیاہ - جھاگ - باریک دھار لیے سو کھا خون ہو تو بادی کا جانو +

صفرا کے رکت پت کی علامتین

کتھے کے کاڑھے کے مانند سیاہ گاے کی پیشاب اور روشنائی کے مانند چکنا خون ہو تو صفرا کا جانو اور یہ سب علامتین خون مین پائی جاوین تو سنپات کا جانو - ناک - منہ آنکھ - کان مین ہوکر خون جاوے تو با علاج سمجھو اور مقعد اور آلت اور عورت کی جامی پوشیدہ سے ہوکر خون نکلے تو وہ مشکل سے اچھا ہو - اور دونون راہون سے جاوے تو لا علاج ہے +

رکت پت کے فساد

جسکا بدن بسبب بیماریون کے ناطاقت اور دبلا ہو اور فاقہ کرتا ہو تو لا علاج جانو - اور سانک - کھانسی - بخار - قے - اور پلیا کے مریض کے مانند جلن غشی - چھاتی مین درد اور پیاس - اور انیسار والے کے مانند کھانسے نفرت ہو تو رکت پت کا فساد جانو - اور رکت پت والیکو آسمان سرخ نظر آوے اور خون کی ڈکار آوے اور سب جگہ خون سا نظر آوے تو لا علاج جانو +

مرکت پت کا علاج

نکسیر والے کے منہ مین خون جاری ہے تو ہلیلہ - تریپھلا - نسوت - املتاس - انکا جلاب دے تو مرکت پت جاوے اور نیچے کی راہ کا مرکت پت تے کرانے سے جاتا ہے یا خس - کنول گٹہ - اڑوسا - گلو - اصل السوس - مغا - ناگرموتھ - سرخ صندل - کشنیز - ان سبکو برابر لے کچلکر دو درم کا کاڑہا شہد ڈالکر پیے تو مرکت پت جاوے - یا پرینگ کے پھول - لودہ - رسوت چکی کی مٹی - اڑوسا - انکو برابر لے آٹھ درم کا کاڑہا شہد اور مصری ملاکر دس دن پیے تو مرکت پت جاوے - یا درب کے رس کی یا انار کے پھولونکی رس کی یا املتاس کے رس کی یا ہلیلہ کو ٹھنڈے پانی مین پیس اوسکی ناس دے تو نکسیر بہنا دور ہو - یا دودھ اور آملہ کو پیکر سر مین ملے تو نکسیر جلد بند ہو یا سنگھہ گورو یا چھوارہ یا داکھہ شہد سے کھاوے تو مرکت پت دور ہو - یہ سب بید نبود مین لکھے ہین - یا کشنیز - آملہ - اڑوسہ - داکھہ - پت پاپڑہ - ان سب کو برابر لے پھر پانچ درم ٹھنڈے پانی مین بھگو پانی سے پیس چھان کر پیے تو مرکت پت - جوراہ - پیاس یہ سب جاوین - یا منکا داکھہ - چندن - لودہ - پرینگ کے پھول - انکو برابر لے باریک پیس شہد سے دس دن چاٹے تو مرکت پت دور ہو - یا بسنت مالتی رس - لول بدہ - پرپٹی رس جو پیچھے لکھے ہین اونسے بھی نکسیر اچھی ہوتی ہے - یا پیاز کے رس کی ناس لے تو نکسیر اچھی ہو یا ستو مرتبہ کا دہو یا ہو اور گھن زرد سر مین ملے تو نکسیر بند ہو - یا برا تکا پیٹھہ لیکر اوسکے بیج اور چھلکے دور کر پانی مین پکا ٹھنڈا کر گاڑھے کپڑے مین اوسکا پانی چھان کر اوس پانی کو علیحدہ برتن مین رکھے اور پیٹھے کو کڑاہی مین گھی سے بھونے جلنے نہ دے پھر اوس پیٹھے کے رس مین مصری کی چاشنی کرے اوس مین پیٹھے کو ڈالے اور پیپل چار تولہ - زنجبیل چار تولہ - زیرہ چار تولہ - کشنیز دس تولہ - تیج دس تولہ - الائچی دس تولہ - مرچ سیاہ دس تولہ - تیج دس تولہ - ملا شیر دس تولہ - ان سبکو باریک پیس پاوے بھر شہد کے ساتھ اوس چاشنی مین ملاوے پھر اس مین سے ایک تولہ یا دو تولہ بمقدار ہر روز کھاوے تو خونی صفراوی بخار - پیاس - جلن

پرور - چھنیتا - قے - سر بھنگ کاس - چھئی - ان سب بیماریونکو یہ کوکھانڈا ولیہہ دور کرکے بدن مین تازگی لاتا ہے - یا الائچی - پترج - نبس لوچن - تج - داکھہ - پیپل - ان سب کو دو دو تولہ بھر لے پھر باریک پیس مصری - ملہٹی - داکھ - چھوہارہ ان سبکو تولہ تولہ بھر لے پھر باریک پیس اوسمین ملاکر دو درم کی شہد مین گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو رکت پت - سانک کھانسی - صفراوی بخار - ہچکی - بیہوشی - بدہضمی - شک - پیاس دردپسلی - تنفر - سر بھنگ - چھئی - ان سب کو یہ ایلادگنکا دور کرتا اور بدن مین تازگی لاتا ہے یہ ایلادگنکا ہے اور بیدرہس مین لکھا ہے +

راج روگ اور سوکھہ روگ کی پیدائش علامت اور تدبیر علاج

راج روگ پانچ قسم کا ہے - بادکا - صفراکا - بلغم کا - سنپاتک کا - چھاتی مین چوٹ لگنے کا - اور سوکھہ روگ چھ قسم کا ہے ایک تو عورت کے بہت جماع سے - دوسرا نہایت فکر کرنیسے تیسرا گمبھیر گھاو - اور چھاتی مین بہت چوٹ لگنے سے - چوتھا بہت راہ چلنے سے - پانچوان بہت محنت کرنے سے - چھٹا بوڑھاپے سے - ان باعثونسے چھہ قسم کا ہے +

راج روگ کی پیدائش

پاخانہ اور پیشاب اور ریح کے روکنے اور منی کی کمی ہونے اور اپنی طاقت کے باہر کام کرنے اور بیوقت زیادہ کھانا کھانے وغیرہ سے رس کی بہنے والی نسین رک کر منی کو زائل کردیتی ہین اس سبب سے کہ اس عارضہ مین بلغم مالک ہے اور یہ بلغم عورت کے ساتھہ بہت جماع کرنے سے تردوکھہ روپ یعنی مشکل تینون خلطون کے راج روگ ہوکر پیدا ہوتا ہے - اور رس بہنے والی ناڑیون کو روک کر اور منی کو زائل کر پھر ساتون دہاتون کو زائل کرتا ہے - تب وہ شخص ہر روز سوکھتا جاتا ہے - یہ راج روگ کی پیدائش ہے +

راج روگ کی پہلی شکل

سانک - بدن مین درد - کھانسی مین بلغم تھوکے - اور تالو سوکھ جاوے - قے - ضعف بعدہ

خناق - کھانسی - زیادہ نیند - آنکھون مین سفیدی - اور گوشت کھانے اور جماع کرنیکی خواہش رہے تو جاننا چاہیے کہ راج روگ پیدا ہونے والا ہے +

راج روگ کی علامتین

پسلی اور کندھون مین درد - ہاتھ پاون مین جلن - سب بدنمین بخار رہے - یہ علامتین ہون تو راج روگ جانو - یا کھانے سے نفرت اور سانک اور کھانسی ہو - مُنہ مین خون آوے - اچھی طرح بولا نہ جاوے یہ علامتین ہون تو راج روگ جانو +

باد کے راج روگ کی علامتین

ضیق النفس - درد ہو - کندھے اور پسلی سکڑ جاوین - یہ باتین ہون تو باد کا راج روگ جانو +

صفرا کے راج روگ کی علامتین

بخار - جلن - اتیسار ہو - مُنہ مین خون آوے تو صفرا کا راج روگ سمجھنا چاہیے +

بلغم کے راج روگ کی علامتین

پیشانی بھاری رہے - کھانے سے تنفر ہو - کھانسی ہو - گلے سے بولا نجاوے - تو بلغم کا راج روگ جانو - یہ سب علامتین ملی ہوئی ہون تو سنپات کا راج روگ جانو +

چھاتی مین چوٹ لگنے سے جو راج روگ پیدا ہوتا ہے اوسکی علامتین

درد سر ہو - مُنہ سے خون کی قے کرے بدنمین رو کھائی ہو وہ راج روگی لاعلاج ہے - یا جسکی آنکھین سرخ ہون کھانے سے نفرت اور سانک کا عارضہ - اور جریان بڑھا وے اور بہت پیشاب کرے وہ بیمار زندہ نہین رہتا +

راج روگ کے بیمار کی مدت زندگی

نہایت ذی علم اور علاج کرنے والا اور سب طرحسے تجربہ کار اور عاقل و ہوشیار بید ملے اور بیمار جوان زردار دولت مند بید کا فرمانبردار اور ضابطہ حواس ہو تو ہزار دن تک زندہ رہے

اس سے زیادہ زندہ نہین رہ سکتا ✣

باعلاج راج روگ کی بیمار کی علامتین

جسکے سنجار نہوا اور طاقت ور ہوا اور بید کی دی ہوئی کڑوی اور کسیلی دوا کھا جاوے اور اوسکو بھوکھ زیادہ لگے اور بدن مضبوط اور تازہ ہوا ایسے بیمار کا علاج کرنا چاہیے ✣

زیادہ جماع سے جو شوکھ روگ پیدا ہوتا ہے اوسکی علامتین

آلت اور فوطون مین درد ہوا اور جماع کرنیکی طاقت نرہے پھر بدیان زائل ہون اور پیچھے کہے ہوے راج روگ کے فساد ہون - بدن زرد اور فکرمند معلوم ہوا اور عضو ناطاقت ہو جاوین یہ علامتین ہون تو جانو کہ اسکے جماع کرنے سے سوکھ روگ ہوا ہے - اور فکر کرنے سے جو سوکھ روگ ہوتا ہے اوسکی بھی یہی علامتین ہین اسمین صرف منی زائل نہین ہوتی بدن سوکھتا جاتا ہے ✣

جراشوکھی کی علامتین

دبلا ہوکر - منی - عقل - طاقت - یہ جاتی رہین بدن مین رعشہ اور کھانے سے نفرت ہو - گونگھون بولے - منہ مہت تھوک کے بدن بھاری رہے جماق اور روکھا بدن ہو جس مین یہ علامتین ہون تو جانو کہ جراشوکھی ہے ✣

راہ چلنے کے شوکھی کی علامتین

یہ بھی جراشوکھی کی علامتون سے ملتا ہے - مگر جراسوکھی کی چھاتی مین درد نہین ہوتا اور راہ چلنے کے شوکھی کو ہوتا ہے ✣

کمبھیر وغیرہ کے گھاؤ سے جو شوکھ روگ پیدا ہوتا ہے اوسکی علامتین

بہت تیراندازی سے اور بوجھ کے اوٹھانے سے چھاتی مین زور آپڑتا ہے اور بہت جماع کرکے سوکھا کھانا کھاتا ہے - اوسکی چھاتی مین یہ درد پیدا ہوتا ہے اور چھاتی دکھے پسلی مین درد رہے بدن سوکھے - بدہضمی رعشہ ہو - منی - طاقت - نیند - اشتہا - ہاضمہ

یہ سب کم ہو جاوین اور خون تھوکے خون ہی قے کرے اور خون ہی پیشاب اور پاخانہ کی راہ سے آوے - پسلی اور کمر مین درد ہو اور سوکھ کر کنگال کے مانند ہو جاوے اور قیا یا دست کھانسی ہو جاوے یہ سب علامتین ہون تو یہان سوکھ کی جاری جانو +

راج روگ اور شوکھ روگ کا علاج

طباشیر آٹھ درم - پیپل چار درم - الائچی دو درم - تج ایک درم مصری سولھ درم - ان کو باریک پیس شہد اور مسکہ کے ساتھ چاٹے تو راج روگ - سوزش - صفراوی بخار - پسلی کا درد بدہضمی - نفرت - ہاتھ پیر ونکی جلن - رکت پت - ان سبکو دور کرے - یہ شیت اوپلا ادویہ ہے - یا گاو کا ست - سار - یہہ دونون بقدر ایک درم لے شہد اور مسکہ کے ساتھ چاٹے تو راج روگ دور ہو - یا پارہ مصفا تین حصہ - سونیکی راکھ ایک حصہ - یہن سل ایک حصہ - ان سبکو اکٹھا کر بڑی زرد کوڑی مین بھرے پھر بکری کے دودھ مین سہاگے کو پاؤ بھر سہاگے سے کوڑی کا منہ بند کرے پھر کوڑی کو کلھڑے مین رکھ بند کر گج بھٹ کی آنچ مین پھونک دے پھر ٹھنڈا کر کے نکال لے یہ راج مرگانک رس ہے - اسکو ایک مہینے تک بقدر چار رتی ایک پیپل سے تین پیپل تک مسکہ ملا کر کھاوے تو راج روگ ضرور دفع ہو - یا بھیم سینی کافور پانچ درم - تج پانچ درم - فلفل سیاہ پانچ درم - جاپھل پانچ درم - لونگ پانچ درم ناگ کیسر سات درم - پیپل آٹھ درم - زنجبیل نو درم - ان سبکو باریک پیس سب کے برابر مصری ملا کر شہد وغیرہ بے تعداد بدرقون سے ایک کرلے تو راج روگ - نفرت - چھئی سانک - کھانسی - گولا - بواسیر - تلی اور گلے کی بیماریان ان سب بیماریون کو یہ دور کرتا ہی اسکا نام کریپورادی چورن ہے - یا پارہ مصفا پانچ درم - ابرک پانچ درم - شنگرف دو درم - سل دو درم - پہلے پارہ اور گندھک کو حل کر پھر اسمین یہ چیزین ملا کے پھر ان سب کا آدھا پھر ان سب کو کھرل مین ڈال چھتیا درخت کے رس کی چودہ پیٹ دیکر سکھالے پھر دو رتی یا تین رتی مصری کے ساتھ صبح کیوقت کھاوے تو راج روگ اور باد صفرا وغیرہ کے سب بخار زکام

دور کرتا ہے - اسکا نام کمد لیشر رس ہے اور بید رہس مین لکھا ہے یا برگ چولائی کو پکا کر خوب گھی ملا کر ہر روز کھاوے تو راج روگ اور جسکو پیشاب بہت آتا ہو دور ہو - یا بڑے پکے پانسو آملون کو پانی مین پکا کر اونکا رس نکالے اوس رس مین سولہ تولہ بھر مصری کی چاشنی چاندی کے برتن مین کرے پھر اس چاشنی مین یہ چیزین ڈالے - منکا دا کھ - اگر - چندن - کنول گٹہ - الایچی - بوست ہلیلہ - کاکولی کا دودہ - کاکولی - ردہ - بدہ - مید - میدا - جیوک - کہبک - گلو - کاکڑا سنگی - پوکھر مول - کچور - اڑوسہ - بداری قند - کھرہٹی - جیونتی - مال پرنی پرشٹ پرنی - دونون کٹیلی - بیلگری - ارنی - ارلو - گمبھیر - پاڑہ - ان دوائیونکو دو دو تولہ بھر لیکر بہت باریک پیسے اور آملے کے رس کی ملی ہوئی چاشنی مین ڈالے پھر اوس چاشنی مین بارہ تولہ شہد ڈالے پھر پیپل ایک درم - تیج ۰۲ درم - تیرج ۲ درم - ناگ کیسر ۰۲ درم الایچی ۰۲ درم - یہ سب باریک پیس ڈالے پھر ان کو ملا کر بقدر ۲ تولہ ہر روز کھاوے تو راج روگ شوکھ روگ کو دور کرکے - طاقت - لور - قوت - زیادہ اور بوڑھے کو جوان یہ اولیہہ کرتا ہے اوسکا نام بچن پراس اولیہہ ہے +

یا اڑوسے کا رس اور کٹیلی کا رس ۱ تولہ لے اوسمین شہد ایک درم اور پیپل دو درم ملا کر ہر روز کھاوے تو راج روگ دور ہو - یا مرگانگ ۱ ماشہ - پارہ ۱ ماشہ - ان بیدھی موتی ۲ ماشہ گندھک مصفا ۲ ماشہ - پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر ان سب دوائیون کو کانجی مین ایک دن کھرل کرے پھر اسکی گولی کرکے ایک سروے مین رکھکر کپڑوٹی کرلے اوس کپروٹی کیے ہوئے سروے کو ایک نمک کی بھری ہوئی ہنڈیا مین رکھکر ایک دن تک آنچ دیکر پکالے - جب ٹھنڈا ہو تب نکال ایک یا دو رتی صبح کے وقت مصری کے ساتھ کھاوے تو راج روگ جاوے یہ کمد لیشر رس ہے - اور بید بنود مین لکھا ہے - یا بڑی زرد کوڑی اور پارہ - گندھک برابر لے اوسکو حل کر اوس کوڑی مین بھرے اور اوس کوڑی کے منہ کو بھوتے ہوئے سہاگے سے بند کرے پھر اوس کوڑی کو سروے مین بند کر گج پٹ سے

پھونک دے جب ٹھنڈی ہو تب نکالے اسمین سے بقدر ایک رتی کھاوے تو راج روگ سانک - کھانسی - سنگرہنی - سنچار کا اتیسار ان سب عارضون کو دور کرے - اسکا نام کریدکیشر رس ہے - اور رودردت پستک مین لکھا ہے - اور راج روگ اور سوکھ روگ والے کو دودھ اور میٹھا انار یہ فائدہ بخش ہین - یہ برند نام پستک مین لکھا ہے - یا سلاجیت مصطگی استعمال سے راج روگ دفع ہو - یہ چرک مین لکھا ہے - یا تالیس تیرہ دس درم - جیتر ک دس درم - پوست ہلیلہ دس درم - انار دانہ دس درم - ڈانسر دس درم - اجمود ۲ درم گج پیپل دو درم - اجواین ۲ درم - جھاؤ کی جڑ ۲ درم - زیرہ ۲ درم - کشنیز ۲ درم - جا پھل ۲ درم - لونگ ۲ درم - تج ۲ درم - پتر ج ۲ درم - الایچی ۲ درم - ان سب کی برابر ملا کر باریک پیس ۲ درم ہر روز بکری کے دودھ مین پیے تو راج روگ - چھئی روگ - خناق - پھیپھڑا جریان - ان سب بیماریون کو یہ چورن دور کرتا ہے یہ مہا تالیس آدچورن ہے اور ہارریت مین لکھا ہے - یا رنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - تج پتر ج - الایچی - لونگ - جا پھل - طباشیر - کچور - جاوتری - انار دانہ - ان سبکو برابر لے باریک پیس انکے برابر اسمین عمدہ سیار ملا کر انکے برابر مصری ملاوے اور ۲ درم ہر روز بکری کے دودھ کے ساتھ کھاوے تو راج روگ بدہضمی بیسون قسم کے جریان کو دور کر کے بدن کو تازہ کرتا ہے - اسکا نام سنتھیا چورن ہے یا لونگ - کنکول - فلفل - خس - چندن - تگر - کنول گٹہ - زیرہ سیاہ - الایچی - اگر - ناگکیسر پیپل - رنجبیل - جیتر ک - نیتر بالا - بھیم سینی کافور - جا پھل - طباشیر - ان سبکو برابر لے اور سب سے آدھی مصری ملا بقدر ایک درم ہر روز کھاوے تو راج روگ - بدہضمی - سانک ہچکی - سنگرہنی - اتیسار - بھگندر - جریان - ان سبکو دور کرتا ہے - اسکا نام لونگ آدچورن ہے یا ماری ہوئی ابرک ۴ تولہ - بھیم سینی کافور ۴ ماشہ - جاوتری ۴ ماشہ - خس ۴ ماشہ - تیج پات ۴ ماشہ - لونگ ۴ ماشہ - تالیس تیر ۴ ماشہ - دار چینی ۴ ماشہ - دار چینی کے پھول ۴ ماشہ دھنیا کے پھول ۴ ماشہ - پوست ہلیلہ ۶ ماشہ - آملہ ۴ ماشہ پوست ہیڑہ رنجبیل ۶ ماشہ

پیپلہ پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر ان دواؤن کو باریک پیسکر پانی سے چنے کے برابر گولی باندھ لے اور چار گولی ہر روز ٹھنڈے پانی سے کھاوے تو راج روگ۔ سانس کھانسی درد۔ جیان۔ قے۔ آم پت۔ تنفر۔ سنگرہنی۔ بات رکت۔ ان سب بیماریون کو یہ گولی دور کرکے بدن کو فربہ کرتی ہے۔ اسکا نام شرنگار ابرک گٹکا ہے ✣

مدھو پکو ہڑ کے بنانیکا طریقہ

دس مول۔ پیپل۔ چترک۔ کونچ کے بیج۔ پوست بھیڑہ۔ کاہجل۔ فلفل سیاہ۔ پیلا مول۔ روکھہ۔ داتیونی یعنی بیخ املتاس۔ داکھہ۔ دونون زیرے۔ ہلدی۔ آملہ۔ بای ونگ۔ کاکڑا سنگی۔ دیودار۔ سانبھر کی جڑ۔ کشنیز۔ لونگ۔ مغز املتاس۔ گوکھرو۔ بہارا۔ کوٹ۔ الائچی۔ یہ سب ادویات بقدر ۲ درم لیکر کچلے اور پختہ سولہ سیر پانی مین ان دواؤن کو ڈالے اور دواؤن کے ساتھ بہت عمدہ موٹی پختہ چار سیر ہلیلہ کلان ڈال نرم آنچ سے ٹکے مین اوٹاوے اور پھر ان ہڑون کو پانی سے نکال ٹھنڈا کرکے پھر عمدہ شہد مین پانچ دن تک ڈال رکھے پھر انکو اوس شہد سے نکال اور شہد مین ایسا ڈالے کہ شہد مین ہڑین ڈوبی رہین پھر ہڑون سمیت شہد کے برتن مین۔ تیج۔ پتر ج۔ ناگ کیسر۔ الائچی۔ پیپل۔ ان سبکو باریک پیس بقدر آٹھہ تولہ چورن ڈالکر ایک ہلیلہ ہر روز کھاوے تو راج روگ۔ شوکھہ روگ۔ دمہ۔ کھانسی۔ ہچکی۔ قے۔ بخار۔ امراض مثانہ۔ جیان۔ بات رکت۔ بواسیر۔ سنگرہنی رکت پت۔ جلن۔ بیہوشی۔ بیا کوچ۔ مرگی۔ پلیا۔ ان بیماریون کو یہ شہد مین بنی ہوئی ہڑین دور کرتی ہین۔ یہ دھنونتری سنگھتا مین لکھی ہے ✣

یا پرانا گڑ۔ ۱ سر ادرک کا رس اٹھارا س رس مین نرم آنچ سے قند سیاہ کی پتلی چاشنی کرے پھر تیج۔ پتر ج۔ ناگ کیسر۔ الائچی۔ لونگ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ ان سبکو چار چار تولہ بھر لیکر اور باریک پیس ملا کر بقدر دو تولہ ہر روز کھاوے تو راج روگ ضعف معدہ سانس۔ کھانسی۔ ان بیماریون کو دفع کرتا ہے۔ یہ ادرک کا اولیہ ہے ✣

یا بکری کے دودھ مین برابر پانی ڈالکر تین پیپل ڈالے - اور ایک ایک ہر روز تیس دن تک بڑھاوے
پھر ایک ہی ایک گھٹاوے جب پانی سوکھ جاوے اور دودھ رہجاوے تب پہلے تو پیپل کھاوے
پھر اوس دودھ کو پیے تو راج روگ - سانک کھانسی - یہ سب بیماریان دفع ہون یہ کاشی ناتھ
پہت مین لکھا ہے - یا ہر ثار منکا بختہ - داکھہ ایک من پانی مین اوٹاوے جب چوتھا حصہ
باقی رہجاوے تب اوسمین قند سیاہ کہنہ - بای ڑنگ - پرنیگ کے پھول تج - الایچی
پتر ج - ناگ کیسر - ان سبکو دو دو تولہ بھر ڈالکر شراب کے آلہ سے انکا عرق نکال دو تولہ بھر ہر روز
پیے تو راج روگ - سانک - کھانسی - دور ہون - یہ داکھہ کا آسب ہے - اور جوگ ترنگنی مین
لکھا ہے - یا مرگانگ - چاندیکا کشتہ - تانبے کی راکھ - پارہ کی راکھ - ابرک کی راکھ -
ان سب کو ایک ایک حصہ لے پھر اکٹھا ملاکر انمین علحدہ آگے لکھی ہوئی دواؤن کی ایک ایک
پٹ دے بای ڑنگ - ناگر موتھا - کا پیپل - نرگنڈی - دس مول - چترک - ہلدی - سونٹھ
فلفل سیاہ - پیپل کی پٹ دیکر آدھی آدھی رتی کی گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے
تو راج روگ - کھانسی - پیہا - گولا وغیرہ دور ہون - یہ ہم امرت رس ہے اور سارنگدہ مین لکھا ہے
یا بڑے سنکھ کی راکھ کو گاے کی پیشاب مین ملاکر اور بڑی دو پیالی بناکر اوسمین پارہ ۵ درم
گندھک ۵ درم - ان دونون کو حل کرکے بھرے پھر کپڑوٹی کر گچپٹ مین پھونک دے
پھر اس پیالی سمیت کو پیس ایک رتی شہد کے ساتھ کھاوے تو راج روگ دور ہو - یہ رسراج
مین لکھا ہے - یا گیلی تھوہڑ کی لکڑی - ثار - سیندہا نمک ۱ تولہ - نمک سیاہ ۲ تولہ - سانبھر نمک
۲ تولہ - بادیان اثار - چترک ۴ تولہ - ان سبکو اکٹھا کر باریک پیس بڑے سروے مین رکھے
اور گچپٹ مین پھونک دے پھر اسمین سے بقدر ایک ماشہ کھانا کھانے کے بعد پانی سے
کھاوے تو اوسیوقت کھانا ہضم ہو - اور راج روگ - سانک - بواسیر جاوے اور آنون بہت جلد
جل جاوے - اور دور دور ہو - یہ بھدراد کھا رہے - یہ رس راج بھی گرنتھ مین لکھا ہے -
یا سنکھ کی راکھ کو لیموے کے رسمین بجھاکر اوس راکھ مین سے چار تولہ بھر لیکر اوس مین چوبا درم

جوا کھار ۱۰ درم - پانچون نمک ۱۰ درم - بھنی ہوئی ہینگ ۱۰ درم - زنجبیل ۱۰ درم - فلفل سیاہ ۱۰ درم
پیپل ۱۰ درم - پارہ ۱۰ درم - گندھک مصفا ۱۰ درم - ہنگی ہر مصفا سب پارہ اور گندھک
کو حل کرے پھر اوسمین یہ سب ملاوے پھر لیمو کے رس مین سنچے کے برابر گولی باندھے ایک
گولی ہر روز لونگ کے ساتھ کھاوے تو باج روگ - سنگرہنی - درد - گولا - یہ سب دور ہون
یہ سنگھ بٹی جوگ ترنگنی مین لکھی ہے ٭

اگست ہر کا طریقہ

دس مول - تخم کونچ - سکھا ہولی - کچور - کھریٹی - گج پیپل - لٹ جیرہ - پیلا مول - چترک -
مہارنگی - پوہکر مول - یہ سب دو دو تولہ بھر لے اور ہلیلہ کلان ایک سو لیکر ان
دواؤن کو کچلکر اور پیس کر پانی مین دو اور ہلیلہ ملاکر اوٹاوے جب پانی چوتھا حصہ رہے
تب اوسے اوتار اوسمین سے ہلیلہ نکال کر اونکی گٹھلی نکال اون ہرون کو پیسے اور دو سو
تولہ بھر قند سیاہ کی چاشنی کرے اوسی چاشنی مین پسی ہوئی ہلیلہ ملاکر دو تولہ بھر گائے کا گھی
ملاوے پھر ایک درم ہر روز کھاوے تو باج روگ - شوکھ روگ - کھانسی - سانک ہچکی
- بکھم جور - سنگرہنی - بواسیر - تنفر - خناق - اتنی بیماریون کو یہ اگست ہر نیکی دور کرکے
بدن کو فربہ کر بھوکھ بڑھاکر طبیعت صاف کردیتی ہے یہ اگست ہر کا طریقہ برہد مین لکھا ہے ٭
یا دو سو تولہ بھر اروسہ کا کاڑھا کر اوسکا چوتھا حصہ نلمدہ چھانے پھر اوس کاڑھے مین دو سو
تولہ بھر گڑ کی چاشنی بنالے اور اوسمین سولہ تولہ بھر تل کا روغن اور سولہ تولہ بھر گائے کا گھی
ملاوے پھر اوس چاشنی مین تو ہلیلہ کا پوست پیسکر ملاوے پھر پیپل دو درم - پیلا مول
دو درم - مرچ سیاہ دو درم - پوہکر مول دو درم - چب دو درم - چترک دو درم - زنجبیل دو درم
ان سبکو باریک پیس اس چاشنی مین ڈالے پھر ان سبکو اکٹھا کر ایک تولہ بھر ہر روز کھاوے
تو باج روگ ضرور دور ہو - اور بواسیر - کھانسی - سر بھید - جوبن - آم پت - پیلیا -
بیری شکم - بدہضمی - نصف یاد - یہ سب اس دوا سے جاتے ہین یہ دوا چرک مین لکھی ہے ٭

کھانسی کی پیدائش علامت اور علاج

منہ میں دھواں اور بھاپ جانے اور روکھا کھانا کھانے اور ملاوٹ خوراک کھانے سے اور پانی یا بیشاب اور چھینک کے روکنے سے کسی مرغن چیز یا ہوا وغیرہ کے اوپر پانی پینے سے کھانسی پیدا ہوتی ہے وہ کھانسی سینے کی ہوا سے اور وہ ہوا حلق کی ہوا سے ملکر ان دونوں ہواؤں کو بگاڑتی ہے۔ تب بگڑی ہوا اوسکی آواز کو کانسے کے بھونے ہوئے برتن کے برابر منہ میں ہی نہایت زور سے جلد نکالتی ہے تب لوگ اوسے کھانسی کہتے ہیں وہ کھانسی کا عارضہ پانچ قسم کا ہوتا ہے۔ باد کا۔ صفرا کا۔ بلغم کا۔ چوٹ لگنے کا۔ چھئی روگ کا اور ترتیب سے ایک کی نسبت دوسرے کو طاقت ور جانو +

کھانسی کی پہلی شکل

گلے میں کانٹے سے ٹپرن کھجلی چلے کھانا کھایا نہ جاوے تب جاننا کہ کھانسی ہوگی +

باد کی کھانسی کی علامت

چھاتی۔ کنپٹی۔ پیشانی۔ شکم۔ پسلی۔ میں درد ہو۔ منہ اوتر جاوے۔ اور قوت دم یہ سب زائل ہو جاویں۔ اور لقمہ کھاتے وقت گلے میں درد ہو۔ سوکھا کھانسے لوٹا دم بولے یہ علامتیں باد کی کھانسی کی ہیں +

صفرا کی کھانسی کی علامتیں

چھاتی میں جلن اور بخار ہو۔ منہ سوکھے۔ اور تلخ رہے پیاس زیادہ رہے۔ اور کڑوی قے کرے اور بدن زرد ہو یہ علامتیں ہوں تو صفرا کی کھانسی جانو +

بلغم کی کھانسی کی علامتیں

بلغم سے منہ لبا رہے۔ درد سر ہو کھانے سے تنفر۔ بدن بھاری گلے میں کھجلی چلے بلغم کی گانٹھیں تھوکے یہ علامتیں ہوں تو بلغم کی کھانسی جانو +

چھتج کھانسی کی پیدایش اور علامتین

عورت سے بہت جماع کرنے - بوجھ اوٹھانے - راہ چلنے - جنگ کرنے - گھوڑے اور ہاتھی کے دوڑانے - روکھا کھانا کھانے سے باد چھاتی مین جاکر کھانسی کو ظاہر کرتا ہے - پہلے تو روکھا کھانسے پھر خون تھوکے - گلے مین بہت درد ہو - سول ہو - اعضا شکنی ہو - بخار سانک - پیاس ہو - دم گھون گھون بولے اور کبوتر کی طرح بولا کرے یہ علامتین ہون تو چھتج کی کھانسی جانو +

چھئی روگ سے جو کھانسی پیدا ہوا اوسکی علامتین

بد پرہیزی کرے اور اونچی نیچی جگہ بیٹھے اور بہت جماع کرے پانچانہ اور پیشاب کو روکے بہت سووے اوس شخص کا معدہ ضعیف ہوکر باد - صفرا - بلغم - تینون کے فساد سے چھئی روگ کی کھانسی پیدا کرتا ہے وہ کھانسی بدن کو زائل کرکے بخار - جلن - غفلت کرتی ہے تب وہ مار ڈالتی ہے سوکھی کھانسی سے کمزور ہوتا جاوے اور بدن کا گوشت اور خون سوکھتا جاوے راد تھوکے تو لاعلاج جانو +

کھانسی کی لاعلاج علامتین

باد - صفرا - بلغم ان تینون کی کھانسی باعلاج اور چھت روگ اور چھئی روگ کی کھانسی لاعلاج اور بوڑھے آدمی کی کھانسی بھی لاعلاج جانو +

کھانسی کی بیماریکا علاج

لونگ پانچ درم - مرچ سیاہ پانچ درم - پوست بہیڑہ پانچ درم - کھیرسار پانچ درم - ان سبکو باریک پیس ببول کے پوست کے کاڑھے مین بقدر دو رتی گولی باندھے ایک یا دو یا تین گولی سات دن تک کھاوے تو کھانسی دور ہو - یہ لونگ آدگولی لولبراج مین لکھی ہے - یا پارہ ایک درم گندھک صفا دو درم - پیپل تین درم - پوست ہلیلہ چار درم - پوست بہیڑہ چار درم - کاکڑاسنگی پانچ درم - ان سبکو باریک پیس ببول کے چھال کے کاڑھے کی دو پیٹ دیکر

دو تولہ بھر کی گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھا کر اوپر سے زنجبیل کا کاڑھا پیے تو کھانسی دفع ہو
یہ رس سموہ گرنتھ اور جوگ چنتامن مین لکھا ہے یا فلفل سیاہ دو درم - پیپل دو درم پوست انار
دانہ درم - قند سیاہ چار تولہ - جوا کھار ایک درم - ان سب کو باریک پیس جنے کے برابر گولی
باندھے دو یا چار گولی ہر روز کھاوے تو کھانسی دور ہو - یا پیپل - پوکھر مول - پوست ہلیلہ -
زنجبیل - کچور - ناگر موتھا - ان سبکو باریک پیس قند سیاہ مین تین رتی بھر کی گولی باندھے
ایک یا دو گولی کھاوے تو کھانسی دور ہو - یا زنجبیل کے جوشاندہ سے کھانسی دفع ہو یا ادرک کے
رس مین شہد ملا کر کھاوے تو کھانسی جاوے - یا کٹیلی گلو - زنجبیل - پوکھر مول - ان سبکو برابر
لیکر اسمین ارڈسہ ملا کر جوشاندہ کر کے پیے تو کھانسی دور ہو - اسکا نام چھدرادک جوشاندہ ہے
یا چھوٹی کٹیلی کا بھرتا کر کے اوسکے رس مین بسی ہوئی پیپل ملا کر ہر روز پیے تو کھانسی دفع ہو
یا پوست ہلیلہ دو تولہ - زنجبیل دو تولہ - فلفل سیاہ دو تولہ - پیپل دو تولہ - امل بید دو تولہ
چب دو درم - چیترک دو درم - زیرہ دو درم - دانسرہ دو درم - بچ چار ماشہ - پترج چار ماشہ
ناگ کیسر چار ماشہ - انکو باریک پیس ۷ ماشہ قند سیاہ مین بقدر دو درم گولی باندھے ایک گولی
صبح کے وقت کھاوے تو کھانسی اور سانک جاوے یا لونگ دو درم - پیپل دو درم - جاپھل
دو درم - مرچ سیاہ پانچ درم - زنجبیل آٹھ تولہ - ان سبکی برابر مصری لے پھر سبکو باریک بقدر
دو درم پانی سے کھاوے تو کھانسی - بخار - جریان - تنفر اسانک - بدہضمی - سنگرہنی -
ان عارضون کو یہ چورن دور کرتا ہے - اسکا نام لونگ آدی چورن ہے - یا سونٹھ - مرچ سیاہ
ناگر موتھ - سنگی مہرا مصطگی - ان سبکو برابر لے باریک پیس جمیری کے رس مین یا ادرک کے
مونگ کی برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو سانک - درد شکم - بلغم کے عارضے
سول کاروگ - سنگرہنی ان سب کو یہ گولی دور کرتی ہے - یا لونگ ایک درم - پیپل دو درم -
پوست ہلیلہ تین درم - پوست بہیڑہ چار درم - ارڈسہ پانچ درم - بہارنگی چھ درم - ان سبکی
برابر کھیر سارلے پھر سب کو باریک پیس پوست ببول کے کاڑھے کی مدپٹ دے اور شہد سے

چنے کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو دمہ - کھانسی - چھئی یہ سب جیاریان دور ہون
یا بھیم سینی کا فور ایک درم - کستوری ایک درم - لونگ ایک درم - مرچ دو درم - پیپل پوست پیپرہ
دو درم - کیچن بیجے خولنجان دو درم - پوست انار ایک درم - ان سبکی بباریک پیس کپڑ چھانے
بھر باریک پیس پانی سے چنے کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو کھانسی دور ہو
اسکا نام سرپورا دُلکا ہے اور یہ سب علاج بھید رہس مین لکھے ہین سیاکن کے پھول کے بیج کی
بھوسی اور اوسکے برابر فلفل دونون کو باریک پیس بقدر ایک رتی گولی باندھے ایک گولی
ہر روز کھاوے تو کھانسی دور ہو - یہ بھی درست مین لکھا ہے یا کٹیلی کے درخت کا پنچانگ
یعنے پانچون چیز مین پوست - پتے - گوند - پھول - بیج مین چار سیر پانی ڈال کاڑھا نکال
اوس کاڑھے مین نشوہلیہ کلان پکاوے جب اوبل جاوین تب اتار ٹھنڈا کرا اونکی گٹھلی
نکال پیس ڈالے پھر دو سو تولہ بھر پورانے گڑ کی چاشنی کرے اوس چاشنی مین وہ پیسے ہوئے
بیجڑے ملا کر پھر یہ دوائین ڈالے - زنجبیل ۲ تولہ - مرچ سیاہ ۲ تولہ - پیپل ۲ تولہ - بیج ۲ تولہ
تیجپات ۲ تولہ - ناگ کیسر ۲ تولہ - الائچی ۲ تولہ - ان سبکو باریک اوس چاشنی مین ڈالے پھر
آدو سیر شہد ملا کر بقدر ۲ تولہ ہمیشہ کھاوے تو مبطر حکی کھانسی دور ہو - اسکا نام بھرگ ہر تکی ہے

کٹیلی کا اولیہ

۴ تار کٹیلی کا جوشاندہ کرے اور اوس جوشاندے مین ۴ تار مصری کی چاشنی کرے یہ دوا ڈالے
گلو ۲ تولہ - چب ۱ تولہ - جیترک ۲ تولہ - ناگرموتھ ۲ تولہ - کاکڑاسنگی ۲ تولہ - زنجبیل ۲ تولہ
پیپل ۲ تولہ - دھانسہ ۲ تولہ - بھارنگی ۲ تولہ - کچور ۲ تولہ - ان سبکو باریک پیس اوس چاشنی
مین ملاوے پھر ایک کر شہد اور پاو بھر طباشیر ڈالکر دو تولہ ہمیشہ کھاوے تو سبطر حکی کھانسی
دور ہو یہ بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے - یا اڑوسہ کے جوشاندہ مین شہد ڈالکر پیے تو کھانسی دور ہو
یا کٹیلی - مہیل - زنجبیل - مرچ سیاہ - پیپل - ان سبکو برابر لے قلا سیاہ مین تر مین بنا کر رکھے
مین سے تو کھانسی دور ہو یا پارہ - گندھک صفا - شنگرف - سنگی - ہر صفا - زنجبیل - مرچ سیاہ

پیپل - بھنا ہوا سہاگہ - ان سکو مہاور سے ہار کیپ مین حل کیے ہوے پارہ اور گندھک مین ملاکر
اوسکو ایک دن بھانگرے کے رس مین ایک دن کھرل کرے پھر بجورے کے رس مین تین دن
کھرل کرے پھر اسکی آدھی رتی کی گولی باندھے - ایک گولی دس دن تک ہر روز کھاوے
تو سنپات - چھپی - خنگر منی - کھانسی - مرگی - ان عارضونکو یہ رس دور کرتا ہے اسکا نام
آنند بھیرو رس ہے +

ہچکی کی بیماری کی پیدائش اور علامات

گرم - بادی - بھاری - سیلی ہوئی وغیرہ چیز کھانے سے اور منہ مین مٹی جانے محنت کرنے
راہ چلنے - پاخانہ اور پیشاب روکنے - بھوکے رہنے سے آدمی کے ہچکی - بھانک
کھانسی پیدا ہوتی ہے +

ہچکی کی شکل

ہوا دونون پسلی اور آنتون مین تکلیف دیتی ہوئی منہ سے ہوکر بڑی آواز سے جان کی
زائل کرنے والی منہ مین سے خوفناک آواز نکالتی ہے اوسکو عام لوگ ہچکی بولتے ہین
وہ باد اور بلغم سے ملکر پانچ طرح کی ہے - اسنجا - جملا - چھدرا - گمبھرا - مہتی +

ہچکی کی پہلی شکل

گلا - اور چھاتی بھاری اور منہ کسیلا ہو - کوکھ مین اپھار رہے تو جاننا چاہیے کہ اسکے
ہچکی پیدا ہوگی +

اسنجا ہچکی کی علامتین

کھانا بہت کھاوے - پانی بہت پیے اوس سے باد مفسد ہوکر اوپر جانے والی ہوا
آدمی کو اسنجا ہچکی پیدا کرتی ہے +

جملا ہچکی کی علامتین

ٹھہر ٹھہر کر دو دو ہچکیان آوین سر اور کندھونکو کنپاوے اوسکو جملا ہچکی کہتے ہین +

چھدرا ہچکی کی علامتین

ٹھہر ٹھہر کر آہستہ آہستہ گلے اور چھاتی کے جوڑون مین رعشہ پیدا کرے اوسکو چھدرا ہچکی کہتے ہین ✤

گمبھیرا ہچکی کی علامتین

ناف سے خوفناک ہوکر اوٹھے اور ورد زیادہ ہو اور بے تعداد فساد کرے اوسکو گمبھیرا ہچکی کہتی ہین ✤

مہتی ہچکی کی علامتین

سب مرم استھانون مین درد کرتی ہوئی اور کل بدنکو کنپاتی ہوئی چلے اوسکو مہتی ہچکی کہتے ہین ✤

لاعلاج ہچکی کی علامتین

جسکا ہچکی آتے ہوے بدن کانپے اور اونچی نظر ہوجاوے اور اندھیرا آجاوے اور کھانے سے نفرت ہو چھینک بہت آوے یہ دونون گمبھیرا اور مہتی لاعلاج جانو ✤

ہچکی کا علاج

پرانا دھان یعنے دم چڑھانے یا کسیطرح دہشت کھانے اور خوفناک بات سننے اور باد اور بلغم کی گھٹانے والی چیز کے کھانے سے ہچکی دور ہوتی ہے یا بکری کے دودھ مین زنجبیل کو پکاکر سونٹھ سمیت دودھ پیے تو ہچکی دور ہو۔ یا بجورے کے رس مین جوکا ستو اور سیندھا نمک ملاکر کھاوے تو ہچکی جاوے۔ یا زنجبیل۔ پیپل۔ شہد سے چاٹے تو ہچکی جاوے۔ یا مکھی کی بیٹ دودھ مین پیسکر ناس لے تو ہچکی جاوے۔ یا تند سیاہ اور زنجبیل پانی مین پیس ناس لے تو ہچکی دور ہو۔ یا کانس کی جڑ کے رس مین شہد ملاکر ناس لے تو ہچکی دفع ہو۔ یا مور کے پر کی راکھ شہد سے چاٹے تو ہچکی دور ہو۔ یا بجورے کی کیسر مین سیندھا نمک ملاکر کھاے تو ہچکی دور ہو یا پوہکر مول۔ جواکھار۔ فلفل سیاہ یہ سب برابر لے باریک پیس بقدر دو درم گرم پانی سے کھاوے تو ہچکی دور ہو۔ یا ہلدی اور ماش کو پیس خوب سلگے ہوے انگارون پر رکھکر دھوان پیے تو خوف دینے والی ہچکی بھی دور ہو۔ یہ بید نبود مین لکھا ہے۔ یا سن کی چھال کو پیسکر اوسکو حقہ پیے تو ہچکی دور ہو۔ یا زنجبیل۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ جواسہ۔ کاپیل

کریین - پوہکر مول - کاکڑاسنگی - ہر ایک چیز تقدار دو درم شہد سے چاٹے تو ہچکی - کھانسی - سانک دور ہو - یا بیت پاپڑا - پیپل - یہ دونون تقدار دو درم اور قند سیاہ پانچ درم اسکا جوشاندہ دے تو ہچکی جاوے - یا دس درم اسالو کے جوشاندہ کو چھانکر پیے تو ہچکی بہت جلد دور ہو - یہ بید رہس مین لکھا ہے - یا ملہٹی ایک درم شہد کے ساتھ چاٹے تو ہچکی دور ہو - یا دودہ مین گھی ڈال گرم گرم پیے تو ہچکی جاوے بیسرت مین لکھا ہے یا بجوریکا رس شہد اور نمک سیاہ ملاکر کھاوے تو ہچکی ضرور دور ہو - یہ بید رہس مین لکھا ہے یا کیتھ اور آملہ کا رس شہد مین ملاکر پیے تو ہچکی اور سانک دور ہو - یہ کاشی ناتھ پدہتی مین لکھا ہے - یا ذار چینی - الائچی - ناگ کیسر - فلفل سیاہ - پیپل - زنجبیل - یہ ایک ایک زیادہ لے اور انکو باریک پیس گھی ملاوے اور ان سبکی برابر مصری ملاکر دو درم پان سے کھاوے تو ہچکی - اجیرن یعنے بدہضمی - بواسیر - سانک - کھانسی - ان سب بیماریون کو دور کرتا ہے یہ ایلا دیورن برند مین لکھا ہے ✤

سوانس یعنی ضیق النفس کے عارضے کی پیدائش علامت اور علاج

جن چیزون کے کھانے سے ہچکی پیدا ہو انمین چیزون کے کھانے سے سوانس روگ ہوتا ہے وہ پانچ قسم کا ہے - مہا سوانس - اور دھ سوانس - چنتن سوانس - تمک سوانس - جیدر سوانس ✤

سوانس روگ کی پہلی شکل

چھاتی مین درد - شول - اپھارہ - پاخانہ اور پیشاب نہ اوترے منہ مین رسونکی لذت آوے - کنپٹی مین درد ہو تو جاننا چاہیے کہ سوانس روگ ہوگا ✤

سوانس روگ کی پیدائش

سب بدن مین پھیلا ہوا جو تری ہے وہ بلغم ہے اس سب نسون کو روکتی ہے تب وہ ہوا پیٹ کے بیچ ہو کر منہ کو نکلتی ہے ✤

مہاسوانس کی علامتین

جو آدمی دم سے بھر کر تھکے اور ہانپے ہو کر مست ہاتھی کے مانند بہار دم سے بیہوش جاتا رہا ہو اور آنکھین جلد جلد حرکت کرین قے ہو اور دم لیتے ہوے منہ اور آنکھین پھٹ جاوین اور منہ سے بولا نہ جاوے اور کمزور ہو جاوے اور دم کی آواز دور سنائی دے تو مہاسوانس جانو ایسی سوانس والا جلد مر جاوے +

اوردہ سوانس کی علامتین

اونچی سانس لے نیچے نہ آوے بلغم سے منہ بھر جاوے اونچی نظر ہو - آنکھین تر نہ ٹاٹ کرین اس دم سے تکلیف ہو آنکھین گھومین غفلت اور نفرت ہو یہ علامتین ہون تو اردہ سوانس جانو یہ آدمی کو مار ڈالتا ہے +

چھن سوانس کی علامتین

سب بدن کی پانچون ہوا سے تکلیف پاکر ٹوٹا دم لے یا تکلیف پاکر دم لے اور جسکے مرم استھان ٹوٹ کر اچھا رہا ہو اور اوسکو پسینا آوے اور آنکھین پھٹ جاوین ہوش جاتا رہے بدن کی طاقت اور کی اور ہو جاوے تو آدمی جلد مر جاوے +

تمک سوانس کی علامتین

بدن کی ہوا اوپٹی چلے ناک کو روک دے تب کندھے اور سر ہلا کر بلغم کو ظاہر کرتا ہے تب یہ آواز کلے مین جا کر گھڑ گھڑ بولتی ہے پھر جان کی زائل کرنیوالا دم کرتا ہے تب آدمی دم کے زور سے تکلیف اوٹھاتا ہے اور جب اوسکا منہ رک جاتا ہے تب وہ آدمی دم لیتے وقت بیہوش ہو اور بلغم بھی چھوٹے تب تکلیف پاکر منہ سے بلغم بالکل جاوے تب وہ دوا ایک گھڑی آرام پاتا ہے اور تبھی باوس سے بولا بھی جاتا ہے - اور جب وہ سو رہے تب دم ہو آوے پھندہ آوے مچھلی ہی جیسین پڑے اور گرمی اچھی معلوم ہو آنکھون پر سوجن ہو پیشانی مین پسینا آوے منہ سوکھے دھونکنی کے مانند دم سے منہ کی ہوا اور ٹھنڈی چیز سے اور شیرینا

کھانے سے ٹبھے یہ علامتیں ہوات تلکت سوانس کی علامتین جانوبہ جیاری بھی نہین جاتی ۔

چھدر سوانس کی علامتین

رکھی چیز کھانے سے جس کی ہراسے چھدر سوانس ظاہر ہوتی ہے وہ آدمی کو بہت تکلیف نہین دیتی اور کھانے پینے کو بند نہین کرتی اور حواسون مین دور نرسہے ۔ یہ علامتین چھدر سوانس کی جانو ۔ یہ چھدر سوانس طاقت ور آدمی کے ہوتو یا علاج ہے اور نمک سونس والا تکل سے اچھا ہوا وہا سوانس چھن سوانس یہ مارڈالنے والی ہین ۔

سوانس روگ کا علاج

نمک مین تیل ڈال نیگرم چھاتی کو سینکے تو سوانس وسبے یا ادرک کا رس شہد مین ملا کر چاٹے تو یہ جاری جاوے یا ادرک کا رس اور شہد دونون آدہ سیر ملا کر دو تولہ ہر روز کھاوے تو سوانس دور ہوجا ۔ دھمول ۔ کچور ۔ ہاسنا ۔ پیپل ۔ زنجبیل ۔ پوکر مول ۔ بھارنگی ۔ کاکڑاسنگی گلو ۔ چترک ۔ یہ سب برابر لے ۳ تولہ کا جوشاندہ پیے تو کھانسی ۔ سانک ۔ پسلی کا درد ضرور دور ہو ۔ یا پٹھے کی جڑ کو پیس مقدار دو تولہ گرم پانی سے کھاوے تو کھانسی ۔ سانک یقیناً دور ہو ۔ یا ہلدی ۔ فلفل سیاہ ۔ داکھ ۔ ہاسنا ۔ کچور ۔ ان سبکو برابر لے باریک پیس بقدر ایک درم تیل یا قند سیاہ کے ساتھ کھاوے تو سانک کا عارضہ دفع ہو ۔ یا پوا نار بھارنگی کو اوٹا کر رس نکالے ۱ سیر ۲۰ تولہ بھر قند سیاہ کی چاشنی کرے اوس چاشنی کے پکنے مین پوا نار پوست ہلیلہ ڈالے جب چاشنی ٹھنڈی ہو تب بارہ تولہ شہد ڈالے پھر زنجبیل دو تولہ ۔ تج دو تولہ ۔ پیپل دو تولہ ۔ پتر ج دو تولہ ۔ ناگ کیسر دو تولہ ۔ جوا کھار دو درم باریک پیس اوس چاشنی مین ملا دے پھر ایک تولہ ہر روز کھاوے تو سانک ۔ کھانسی ۔ بواسیر ۔ گولہ ۔ چھٹی ۔ مارگ شکم ۔ یہ سب دور ہون ۔ یہ بھارنگی کا اولیہ ہے یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین ۔ پا بارہ دو درم ۔ گندک مصفا دو درم ۔ سنگ جرہ مصفا دو درم بنا ہوا سنکھیا دو درم ۔ پیپل دو درم ۔ فلفل سیاہ ۔ دو درم ۔ زنجبیل دو درم ۔ پیپل دو درم

پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے اوسمین یہ دوائین ملاوے پھر اور کہ رس کی ایک پٹ دیکر ایک رتی
ہر روز کھاوے تو سانک دور ہو اسکا نام سورس کتھا رس ہے - یا تورئی کے بیج ایک سے بڑا کر
پانچ تک تیس دن کھاوے تو سانک کا عارضہ دفع ہو - یا پارہ ایک حصہ گندھک آدھا حصہ
انکے برابر تانبے کی راکھ لے پھر تینون کو گوار کے پٹھے کے رس مین کھرل کرے پھر اسکو
تانبے کی ڈبیا مین رکھ بالو کے جنتر مین ایک دن چڑھا کر بناوے پھر بقدر ایک رتی پان
مین رکھکر کھاوے تو سانک کا عارضہ دور ہو - یہ بید بنود مین لکھا ہے - یا کاکر سنگی -
زنجبیل - پیپل - ناگر موتھا - پوہکر مول - کچور - فلفل سیاہ ان سبکو برابر لے اور سبکی برابر
مصری لے پھر باریک پیس بقدر دو درم گلو - اڑوسہ - پیپل - پیلا مول - چب - چترک -
زنجبیل - انکے جوشاندے کے ساتھ اسکو کھاوے تو سانک کا عارضہ دور ہو - یہ چکر دت
مین لکھا ہے - پیپل - پوہکر مول - پوست ہلیلہ - زنجبیل - کچور - کنول گٹہ - ان سبکو
برابر لے پیسکر انکے برابر قند سیاہ مین چنے کے برابر گولی باندھے ایک یا دو یا تین گولی
ہر روز کھاوے تو سانک دور ہو - یا پارہ - گندھک - سار مصفا - زنجبیل - فلفل سیاہ -
پترج - ناگ کیسر - ناگر موتھا - بای ٹرنگ - سمھالو - کبیلہ - پیلا مول - پارہ - گندھک
سار ان تینون سے دوگنی لے پھر ان سبکو باریک پیس جل پیپل کے رس سے تین پٹ دے
پھر اسکی چنے کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو سانک - کھانسی - بواسیر
بھگندر - چھاتی اور پسلی کا درد - سنگرہنی - عارضۂ شکم - سب طرح کے جریانکے عارضے -
ان سب بیماریون کو یہ معجون بدہ رس دور کرتا ہے - یہ سرب سنگرہ مین لکھا ہے -
یا پارہ - گندھک صاف کی ہوئی - سار - سہاگہ - راسنا - بای ٹرنگ - تر پھلا - دیودار
زنجبیل - فلفل سیاہ - گلو - پیپل - کنول گٹہ - سنگی مہرہ مصفا - پہلے پارہ اور گندھک
کو حل کرے پھر ان سبکو برابر لے باریک پیس اون حل کی ہوئی ادویات مین ملا کر شہد سے
ایک یا دو رتی کی گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو سانک دور ہو - یہ امرت آنورس ہے

اور بیدرہس مین لکھا ہے - یا پارہ اور گندھک برابر لے اونکو میکیر چلائی کے رس مین پانچ دن کھرل کرے پھر بجبوسی مین رکھکر بالکا جنتر مین پکاوے ایک دن بعد اسمین سے دو رتی پان مین کھاوے تو سانک اور ہچکی دور ہو - اسکا نام میگھہ ڈمبر رس ہے اور رودرد یستک مین لکھا ہے ✣

باب ششم

در بیان سرجھید اروچک چھرد - مورچھا وغیرہ

سرجھید روگ کی پیدائیش علامت اور علاج

بہت بولنے اور زہر وغیرہ کے کھانے اور اونچی آواز کے پڑھنے اور گلے مین کسیطرحکی چوٹ لگنے سے باد بلغم مفسد ہوکر گلے کی آواز کی بھنے والی جو نسین ہین اونمین رہکر سرجھنگ عارضے کو پیدا کرتا ہے وہ چھہ قسم کا ہے - ۱ باتی - ۲ صفراوی - ۳ بلغمی - ۴ سنپات کا - ۵ بندکی ٹونیکا - ۶ چھنی روگ کا

باد کے سرجھنگ کی علامتین

جسکی آنکھین - منہ - اور پاخانہ اور پیشاب سیاہ ہو اور ٹوٹے لفظ بولے اور گدھے کیسی آواز ہو تو باد کا سرجھنگ جانو ✣

صفرا کے سرجھنگ کی علامتین

جسکی آنکھین منہ اور پاخانہ اور پیشاب زرد ہو اور بولنے کے وقت گلے مین جلن ہو تو صفرا کا سرجھنگ جانو ✣

بلغم کے سرجھنگ کی علامتین

گلا ہمیشہ بلغم سے رکا رہے اور آہستہ آہستہ آدھا بولا جاوے تاکو بڑھجاوے تو بلغم کا سرجھنگ جانو ✣

سنپات کے سرجھنگ کی علامتین

جسمین باد صفرا بلغم کی سب علامتین ملین اوسکو سنپات کا سرجھنگ کہنا چاہیے یہ لاعلاج ہے ✣

چھٹی روگ کے سُرسبھنگ کی علامتین

مُنہ مین بولتے ہوے دُرگندھ نکلے تو چھٹی روگ کا سُرسبھنگ جانو۔ یہ بھی لاعلاج ہے +

بدن کے فربہ ہونیسے جو سُرسبھنگ ہوا اوسکی علامتین

گلے مین بولے آواز سنائی نہ دے اور دیر تک بولے گلا جلے۔ پیاس زیادہ لگے جبکے یہ علامتین ہون اوسے بدنکے فربہ پن کا سُرسبھنگ جانو۔ یہ بھی اچھا نہین +

سُرسبھنگ کا علاج

باد کا سُرسبھنگ ہو تو نمک اور تیل کی چیز کھانے سے دفع ہو۔ صفرا کا سُرسبھنگ روغن زرد اور شہد کے استعمال سے دُور ہو۔ بلغم کا سُرسبھنگ کھاری۔ تلخ چیزون اور شہد وغیرہ کے کھانیسے جاوے یا گلے اور تالو کے مسوڑے کا خون نکلوانے سے سُرسبھنگ دور ہو۔ یا گرم پانی کے پینے سے باد کا سُرسبھنگ دفع ہو یا گھی۔ قند سیاہ کے استعمال سے بادی سُرسبھنگ دفع ہو۔ یا گرم دودھ کے پینے سے صفرا کا سُرسبھنگ دور ہو۔ یا کٹیلی۔ دو سو ۲۰۰ تولہ بھر لے اور اس سے آدھا پیلا مُول اور اس سے آدھی چترک اور چترک کی برابر دشمول لے انکو ایک من پانی مین اوٹاوے جب جب چار سیر پانی رہجاوے تب چھان کر اوس پانی مین دو سو ۲۰۰ تولہ بھر قند سیاہ کی پتلی چاشنی کرے پھر اوس چاشنی مین یہ سب دوا باریک پیس کر ڈالے اور ایک اُنار شہد ڈالے پھر چار یا چھ تولہ بھر ہر روز کھاوے تو سب طرح کا سُرسبھنگ سانک۔ کھانسی۔ ضعف معدہ گلے کے عارضے۔ اپھار۔ امراض شانہ۔ ان سبکو دور کرتا ہے۔ یہ کٹیلی کا اولیہ ہے اور بھاو پرکاش مین لکھا ہے۔ یا اجمود۔ ہلدی۔ چترک۔ جوا کھار۔ آملہ۔ یہ سب برابر لے باریک پیس بقدر چار درم روغن زرد اور شہد کے ساتھ کھاوے تو خوفناک بھی سُرسبھنگ دور ہو۔ یا پوست ہلیلہ بچ۔ پیپل۔ باریک پیس گرم پانی سے پیے تو چھٹی روگ کا سُرسبھنگ دور ہو۔ یہ بید نبود مین لکھا ہے۔ یا پوست بہیڑہ۔ پیپل۔ سیندھا نمک۔ آملہ۔ ان سبکو باریک پیس گائے کے مٹھے مین یا گائے کے پیشاب سے پیے تو یہ بیماری دور ہو۔

یہ برندمین لکھا ہے - یا جا پھل - پیپل - کھیل - بجوریکا کیسر یہ سب باریک پیس شہد کے ساتھ چاٹے سُر بھنگ دفع ہو - اور دم راست اور کم ہو جاوے - یہ جا پھل کا اولیہ ہے اور سرپ سنگرہ مین لکھا ہے - یا کلیجن مُنہ مین رکھکر اوسکا رس پیے تو سُر بھنگ دفع ہو یا چب - امل بید - زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - ڈانسرہ - پترج - تج - زیرہ - چترک - الائچی ان سبکو برابر لے باریک پیس بقدر دو درم پورانے تین برس کے قند سیاہ مین کھاوے تو سُر بھنگ - خناق - بلغم کا عارضہ - تنفر - یہ سب دور ہون یہ چب کا چورن ہے - یا پارے کی راکھ - تانبے کی راکھ - سار - اِن تینون کو برابر لے پھر انمین کتیلی کے پھلون کے رس کی اکیس پٹ دے پھر اوسکی گولی مونگ کے برابر باندھے ایک گولی مُنہ مین رکھے تو سُر بھنگ دور ہو - یہ گورکھ ناتھ جی کی گولی ہے - یا براہمی - بچ - پوست ہلیلہ - اڑوسہ - پیپل - یہ سب برابر لے باریک پیس بقدر دو درم شہد کے ساتھ چودہ ۱۴ دن کھاوے تو سُر بھنگ دور ہو اور اوسکا دم کنگھی کا سا ہو - یہ علاج بیدر رس مین لکھا ہے +

ارو چک یعنی نفرت کے عارضی کی پیدائش علامت اور علاج

فکر - غصہ - غفلت - طمع - خوف - دل کی روکنے والی خوراک اور بری طرح کی شکل دیکھنے اور بدبو کے سونگھنے سے آدمی کے باد - صفرا - بلغم یہ تینون اُرچ نام عارضے کو پیدا کرتے ہین وہ پانچ قسم کا ہے - بادی - صفراوی - بلغمی - سنپات کا - زخم وغیرہ کا +

باد کی نفرت کی علامتین

کھٹا - کسیلا - مُنہ سوکھ - چھاتی مین درد ہو - اشتہا جاتی رہے تو باد کی اُرچ جانو +

صفرا کے اُرچ کی علامتین

تلخ - کھٹا - گرم - بے لذت - سلونا پن - جسکے مُنہ مین ہوا مدبو مین جلن اور مُنہ سوکھے تو صفرا کی اُرچ جانو +

بلغم کے اُرچ کی علامتین

منہ میٹھا ہو - نفرت ہو - بدن بھاری رہے - قبض ہو - لعاب گرے - بدنمین ہر جگہہ پر درد ہو تو بلغم کی اُرچ جانو یہ سب علامتین ملی ہون تو سنپات کی اُرچ جانو +

رنج سے پیدا ہوئی نفرت کی علامتین

پیٹ مین بھوکھ رہے اور منہ سے کھایا نجاے تو رنج کی اُرچ جانو +

اُرچ کی شکل

منہ مین لقمہ لیتے وقت آدمی کو کچھہ لذت معلوم نہو تو جانو کہ اُرچ کا عارضہ ہے +

بھگت درویش کی علامتین

کھانے کی خواہش ہو مگر خوراک کے دیکھنے سے نفرت ہو تو اوسکو بھگت درویش جانو +

بھگت درویش کا علاج

کھانے سے پہلے سیندہا نمک اور ادرک کھاوے تو بھوکھ لگے - اور گلا اور زبان درست ہو اور شہد مین ادرک کا رس ملاکر پیے تو نفرت سانک - کھانسی جاوے - یا بچہ املی کا شربت مصری ڈالکر پیاوے اور اوسمین الایچی - لونگ - بھیم سینی کا فور ملاکر اوس شربت کو پیے یا کلی کرے تو اُرچ جاوے یا رائی - زیرہ - بھنی ہوئی ہینگ - زنجبیل - سیندہا نمک ان سبکو برابر پیس اندازہ کے برابر گاے کے مٹھے مین ڈالکر پیے تو اُرچ دور ہو - اور بھوکھ بڑھے - یا گاے کے دہی کو کپڑے مین چھان کر اوسمین مصری - الایچی - بھیم سینی کا فور لونگ - فلفل سیاہ اندازہ کے موافق باریک پیس ملاکر پیے تو بہت جلد اُرچ جاوے - یا انار دانہ چار تولہ - مصری آٹھہ درم - زنجبیل دو تولہ - فلفل سیاہ دو تولہ - پیپل دو درم - تیج دو درم - پترج دو درم - ناگ کیسر دو درم - ان سبکو باریک پیس بقدر دو درم پانی سے کھاوے تو نفرت جاے - یہ داڑما دچورن ہے - یا لونگ - کنکول فلفل خس - چندن - تگر - کنول گٹہ - زیرہ سیاہ - نیتر بالا - اگر - ناگ کیسر - پیپل - زنجبیل -

چترک - الایچی - بھیم سینی کا فور جایپھل - نبسلوچوچ - یہ سب برابر لے اور انسے آدھی مصری لے پھر باریک پیس بقدر ایک درم پانی کے ساتھ کھاوے تو نفرت - بدہضمی - قبض - کھانسی - ہچکی - راج روگ - سنگرہنی اتسار - جریان - ان سب عارضوں کو یہ لونگادی چورن دور کرتا ہی - یہ سب بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین - یا طباشیر ڈانمہ کے بیج - انار دانہ - زیرہ یہ سب چھ چھ ماشہ بھر لے اور پیلا موا - چب - چترک - زنجبیل - فلفل سیاہ اجمود - ڈانسرہ - امل بید - اسکندہ - اجواین - کیتھ - یہ بھی چھ چھ ماشہ اور مصری آٹھ تولہ بھر لے ان سکو ہموزن باریک پیسکر بقدر دو درم ہر روز پانی کے ساتھ کھاوے تو نفرت - سانک کھانسی - درد رگت پت - ان سب بیمارنیکو دور کرتا ہی - یہ برہد لاچورن ہی اور سارنگدھر مین لکھا ہی - یا جوا کھار - تجی بھنا ہوا سوانگ - پانچون نمک - زنجبیل مرچ سیاہ - پیپل - ترپھلا - سار - بھیم سینی کا فور - لونگ - چب چترک - انار دانہ - ڈانسرہ - اورک - یہ سب برابر لے باریک پیس اجوائن کے عرق کی تین پٹ دے پھر لیمون کے رس کی پانچ پٹ دے پھر امل بید کے رس کی تین پٹ دے - پھر چنے کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو نفرت بدہضمی - گولا - جریان - کھانسی اور بلغم کے عارضون کو طرح طرح کے بدقون سے یہ اگن کمار رس دور کرتا ہے +

قے کی بیماریکی پیدایش علامت اور علاج

بہت مرچ اور بدبودار چیز کھانے اور پیٹ مین کیڑون کے پڑنے محنت کرنے اور خوف اور بدہضمی اور آنو کے فساد اور پیاس لگنے اور بدبودار چیز کے دیکھنے اور عورت کے حمل رہنے سے اور بہت جلد کھانا کھانے سے باد - صفرا - بلغم - مفسد ہوکر بدن مین درد کرکے مُنہ کے ذریعہ سے سب کھایا پیا نکال دیتی ہین - اوسکو لوگ قے کہتے ہین وہ پانچ قسم کی ہی باد - صفرا - بلغم - سنپات - بدبودار چیز کے دیکھنے سے +

قے کی پہلی شکل

جھاتی سے کھاری اور کھٹا کھٹا گرے اور ڈکار نہ آوے لعاب گرنے لگے اور مُنہ کھاری ہوجاوے اور کھانے پینے کی اشتہا جاتی رہے تب جاننا کہ قے ہوگی +

بادی قے کی علامتین

چھاتی اور پسلی مین درد ہو - مُنہ سُوکھ جاوے - پیشانی اور ناف مین درد ہو - سانک - دمہ اور سر بھید ہو ڈکار کی آواز بلند ہو - قے مین جھاگ آوے - قے کا رنگ سیاہ اور کسیلا ہو اور بہت زور سے قے تھوڑی ہو - تکلیف بہت پاوے یہ علامتین بادی قے کی ہین +

صفراوی قے کی علامتین

غش اور پیاس ہو اور مُنہ سُوکھ جاوے پیشانی گرم رہے - تالو اور آنکھون مین گرمی رہے اندھیرا اور چکر آوین اور گرم ہری سرخ قے کرے تو صفرا کی قے جانو +

بلغم کی قے کی علامتین

اونگھائی آوے - مُنہ میٹھا ہو - بلغم تھوکے - نیند آوے - اشتہا نہو - بدن بھاری رہے چکنی - میٹھی - ٹھنڈی - بلغم سمیت قے کرے - روئین کھڑے ہون - یہ علامتین ہون تو بلغم کی قے جاننی چاہیے +

سنیپات کی قے کی علامتین

درد ہو - کھانا ہضم نہو - نفرت - جلن - پیاس - دمہ - جریان - یہ سب ہمیشہ زیادہ رہین اور نمکین - کھٹی - نیلی - ٹھنڈی - گرم لعاب دار قے کرے تو سنیپات کی قے جانو +

بدبودار چیز کے دیکھنے سے جو قے ہو اوسکی علامتین

اوبکائی آکر قے کرنے لگے +

قے کی بیماریکا علاج

کشنیز - زنجبیل - دسمول - انکا جوشاندہ پیے تو بادکے فسادکی قے دور ہو - یا گھی مین سیندھا نمک ڈالکر پیے تو بادی قے رفع ہو - یا مونگ - آملہ - ان دونون کو اوٹاکر رس نکال گھی اور سیندھا نمک ڈالکر پیے تو بادی قے دور ہو - باماش - مونگ - مسور - اور انکے آٹے کی راب کرے اور اوسمین شہد ڈالکر پیے تو صفراکی قے دور ہو یا آملہ کے رس مین

چندن اور شہد ملاکر پیے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا گلو۔ پوست نیم۔ پٹول۔ ترپھلا۔ انکا جوشاندہ کر شہد سے پیے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا پت پاپڑے کے جوشاندے مین شہد ڈالکر پیے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا مکھی کی بیٹ۔ مصری۔ چندن۔ شہد ملاکر چاٹے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا کھیلو کا ستو۔ گھی۔ مصری۔ شہد۔ ملاکر کھاے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا مسور کا ستو مصری ملاکر کھاے تو صفرا کی قے جاوے۔ یا انار کے رس مین شہد ملاکر پیے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا چانول کے پانی مین شہد ملاکر پیے تو صفرا کی قے دور ہو۔ یا الایچی۔ ناگر موتھا۔ ناگ کیسر۔ چانول کی کھیل۔ سفید سرسون۔ چندن۔ مصری۔ بھوپھلی۔ بیر کی مینگی۔ لونگ۔ پیپل۔ ان سبکو برابر لے باریک پیس دو تولہ یا چار تولہ شہد سے چاٹے تو تینون طرح کے فسادون کی قے دور ہو۔ یا پیپل کی چھال کو جلا پانی مین بجھا وہ پانی پیے تو قے کی بیماری دور ہو۔ یا بیر کی مینگی۔ آملہ کی مینگی۔ پیپل مکھی کی بیٹ۔ انکا جوشاندہ کر اوس مین شہد مصری ملاکر پیے تو قے دور ہو۔ یہ سب علاج بید بنود مین لکھے ہین۔ یا جامن اور آنب کے پتے پانی مین اوٹا اوس پانی مین کھیل کا آٹا ڈال شہد ملاکر پیے تو خوفناک قے بھی دفع ہو۔ اور جو بدبودار چیز کے دیکھنے سے قے پیدا ہوتی ہے وہ اچھی چیز کے دکھانے سے جاوے اور آنون سے جو قے پیدا ہوتی ہے وہ فاقہ کرانے سے جاوے یہ علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔ یا کیسر ایک ماشہ۔ الایچی دو ماشہ شنگرف تین رتی۔ اسکو شہد سے چاٹے تو قے جاوے +

پیاس کی بیماریکی پیدائش علامت اور علاج

خوف۔ محنت۔ کمزوری۔ سے جو صفرا بڑہا ہے وہ باد سے مل تالو مین جاکر بیماریکو پیدا کرتا ہے اور پانی کی لیجانے والی نسون کو روک کر باد۔ صفرا۔ بلغم۔ یہ تینون سات قسم کی پیاس کو کرتے ہین۔ باتی۔ صفرا آدی۔ بلغمی۔ ہتیار وغیرہ سے چوٹ لگنے کی کمزوری کی۔ آنو کی۔ کھانا کھانے کی +

پیاس کی بیماریکی شکل

بار بار پانی پیے اور سیری نہو۔ پانی پینے کی خواہش دل مین رہے تب جانو کہ پیاس کا عارضہ ہے

بادکی پیاس کی علامتین

مُنہ اوتر جاوے کنپٹی اور سر مین درد ہو آوے ناک رُک جاوے۔ مُنہ کا ذائقہ جاتا رہے ٹھنڈا پانی پینے سے پیاس زیادہ ہو تب جانو کہ بادکی پیاس ہے +

صفراکی پیاس کی علامتین

بیہوشی ہو۔ کھانا اچھا معلوم نہو۔ جلن ہو۔ بدن مین تپ ہو۔ پاخانہ پیشاب اور آنکھین زرد ہون یہ علامتین صفراکی پیاس کی جانو +

بلغم کی پیاس کی علامتین

جٹھراگن کو بلغم روکتا ہے تب وہ آگ کی گرمی پانی کی لیجانے والی نسونکو سُکھا کر بلغم کی پیاس کو پیدا کرتا ہے۔ تب آدمی اس پیاس سے دق ہوتا ہے اور اسکو نیند بہت آوے بدن بھاری رہے۔ مُنہ میٹھا اور بدن سوکھتا جاوے تب جانو کہ اسکے بلغم کی پیاس ہے +

ہتیار وغیرہ کی چوٹ سے جو پیاس ہوتی ہے اوسکی علامتین

ہتیار وغیرہ کے لگنے سے بدن کے خون نکلنے سے نہایت درد ہوتا ہے اس سے پیاس لگتی ہے

چھینتا یعنی کمزوری کی پیاس کی علامتین

چھاتی مین درد ہو۔ رعشہ پیدا کرے۔ مُنہ سوکھے۔ بدن شل سا پڑجاوے۔ پیاس بہت لگے پیتے پیتے سیری نہو اور یہی علامتین آنو کی پیاس کی بھی ہین +

کھانیکے بعد پیاس لگے اوسکی علامتین

بہت مزعفر کھٹا۔ نمکین۔ بھاری کھانا کھایا ہو تب اوسیوقت پیاس لگتی ہے +

پیاس کے فساد

آواز بیٹھ جاوے - گلا اور تالو سوکھے - بخار - غفلت - سانک - کھانسی - ہو تو وہ پیاس دلا مرجاوے

پیاس کے مارنے کا علاج

بادکی پیاس والے کو گرم کھانا اور اچھا پانی دے تو پیاس دور ہو - یا دہی اور گڑ ملا کر کھاوے تو بادی پیاس دور ہو +

صفرا کی پیاس کا علاج

سونے چاندی کا بجھایا پانی پیوے تو صفرا کی پیاس دور ہو - یا مصری کے ٹھنڈی شربت سے صفرا کی پیاس دفع ہو - یا کشنیز رات کو بھگو کر صبح گھوٹ مصری ملا کر پیوے تو صفرا کی پیاس جاوے - یا انار کے شربت مین مصری ملا کر پیوے تو صفرا کی پیاس جاوے یا ٹھنڈی جگہ مین رہنے اور گیلا کپڑا پہننے سے صفرا کی پیاس دور ہو یا کاکوڑہ - چندن - اگر کے لگانے سے صفرا کی پیاس دور ہو +

بلغم کی پیاس کا علاج

تیکھی چیز کڑوی - گرم چیز کھانے سے بلغم کی پیاس جاتی ہے - یا زیرہ - زنجبیل - نمک سیاہ انکو پانی سے کھاوے تو بلغم کی پیاس جاوے یا عمدہ شراب کے پینے سے بلغم کی پیاس جاوے +

چھینتا کی پیاس کا علاج

سانٹھی کے رس سے پیاس دور ہو - یا برگد کا انکھوان - ملٹی - کھیل - کنول گٹہ انکو باریک پیس گولی کر منہ مین رکھے تو پیاس دور ہو یا سیمر کے گوند کو منہ مین رکھے تو پیاس جاوے یا بجورے کی جڑ - کتیھ - بیخ انار - چندن - بیخ لودہ - انکو پانی مین باریک پیس سر مین ملے تو پیاس - جلن - شوکھ - یہ سب جاوین +

ہتیار سے چوٹ لگنے کی پیاس کا علاج

بکریکا خون پیوے سے پیاس جاوے یا بکرے کی یخنی مین شہد ملا کر کھاوے تو ہتیار کی ضرب کی

پیاس دور ہو - یا کھیر مین ہیمری ملاکر کھاوے تو یہ پیاس جاوے +

آنو کی پیاس کا علاج

بیچ اور پیپل کے جوشاندے سے آنو کی پیاس دور ہو +

دبلے اور کمزور آدمی کی پیاس کا علاج

دودھ کے پینے سے اسکی پیاس دفع ہو - پیاس سے تکلیف پاکر اور غفلت مین آکر آدمی جان چھوڑدیتا ہے - اسلیے آدمی پیاس کو نہ روکے تھوڑا تھوڑا ہمیشہ پیے یہ علاج بعد بنود اور بھاؤپرکاش مین لکھے ہین +

غشی - غفلت - مدہوشی - اونگھائی - نیند سنیاس عارضونکی پیدایش علامت اور علاج

دبلے آدمی اور بہت بدپرہیزی کرنے والے کے پاخانہ اور پیشاب روکنے اور چوٹ لگنے سے باہر والے حواس یعنے آنکھ کان وغیرہ جو ہین اونمین باد - صفرا - بلغم - اندر جاکر ہوش دینے والی نسونکو جلد اندھا کردیتے ہین تب آدمی کو لکڑی کے مانند زمین پر ڈال دیتے ہین اوسکو کچھہ آرام و تکلیف کا ہوش نہین رہتا اوسکو لوگ غشی کہتے ہین وہ غشی چھہ قسم کی ہے - بادی - صفراوی - بلغمی - خونی - شراب کی - زہر کی - پھر اوسی غشی مین صفرا ہوتا ہی وہ اوسکا خاص مالک ہے

غشی کی عموماً علامتین

بدپرہیزی کرنے والے اور کمزور اور نا طاقت اور شراب کے پینے والے شخص کا غش کے پیدا کرنے والا تموگن ٹربکر اوراوسکو ڈھک کر دسنون حواسون کی جگہہ مین رہنے والے جو باد صفرا - بلغم ہین جو ہوش ہانے والی نسونکو ڈھک کر سکھہ دکھہ سے لکڑی کیطرح زمین پر ڈالدیتے ہین اوسکو بعد بیہوشی کہتے ہین +

غشی کی پہلی شکل

چھاتی مین درد ہو - جمہائی آوے - دل مین نفرت ہو - ہوش کم ہوجاین تب جاننا چاہیے

کہ اس شخص کو بیہوشی کا عارضہ ہوگا - یا سیاہ و سرخ چیزین نظر آکر پھر اندھیرا نظر آوے پھر بدن مین رعشہ اور اعضا شکنی ہو - چھاتی مین درد ہو بدن دُبلا ہو جاوے سرخ و سیاہ سائے نظر آوین یہ علامتین جسکے ہون اوسکو بادی غشی جانو +

صفرا کی غشی کی علامتین

جسکو آسمان سرخ اور ہرا اور زرد نظر آوے پھر بیہوشی ہو کر پسینا آوے پھر ہوش مین آکر پیاس معلوم ہو - بدن مین ٹھنڈا پسینا آوے اور جسکی سرخ اور زرد آنکھین ہون اور مُنہ سے ٹوٹے الفاظ نکلین - درست بولا نجاوے - بدن کا رنگ زرد ہو تو صفرا کی بیہوشی جانو +

بلغم کی غشی کی علامتین

بادل سے گھرا ہوا جیسا آسمان نظر آوے پھر بیہوشی ہو اور دیر مین ہوش آوے بدن ٹھنڈے پسینے سے بھر جاوے اور لعاب بہت گرے تو بلغم کی بیہوشی جانو یہ سب علامتین ملی ہون تو سنپات کی بیہوشی جانو یہ بیہوشی مرض صرع کے برابر ہے بدبودار چیز دیکھے بغیر بھی ہوتا ہے +

خون کی غشی کی علامتین

آدمی کو خون کی بدبودار زمین معلوم ہو اور آسمان مین اندھیرا معلوم ہو اور سب جگہ خون کی بدبو آوے نظر ایک ہی جگہ قائم رہے اور دم اچھی طرح نہ آوے پھر بیہوشی ہو تو خون کے فساد کی بیہوشی جانو اسیطرح چمپے وغیرہ پھول کے سونگھنے سے بیہوشی ہوتی ہے یہ اسکا مزاج ہے +

شراب کی بیہوشی کی علامتین

زیادہ شراب پیکر آدمی بہت سوے اور پھر سو جاوے پھر ہوش جاتا رہے اور زمین پر ہاتھ پاؤن پٹکے جب تک بدن مین شراب کا نشہ رہے تب تک بدن مین رعشہ ہو اور بہت سووے پیاس زیادہ لگے یہ علامتین شراب کی بیہوشی کی جانو +

زہر کی بیہوشی کی علامتین

جسنے زہر کھایا ہو اوسکے بدن مین رعشہ ہو - اور نیند بہت آوے ہوش جاتا رہے منہ کا لاڑ جاوے

باریک پیسکر ناس دے تو غنودگی جاوے - یہ علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین - یا زنجبیل کے رس مین شہد اور مصری ملاکر پیے تو بیہوشی جاوے - یا کونچ کی پھلی لگانے سے بیہوشی جاوے +

باب ہفتم

دربیان مداتی اونماد صرع

مداتیہ یعنی شراب کے زیادہ نشہ کی بیماری کی پیدایش علامتین اور علاج

جو صفتین زہر کھانے مین ہین وہی شراب پینے مین بھی ہین جو شخص بہت بری طرح بدپرہیزی سے بہت سی شراب پیے اوسکو مداتی وغیرہ بہت سے عارضے پیدا ہوتے ہین اسلیے اچھی طرح پینی چاہیے اسکو اچھی طرح پیے تو آسجیات کی سی صفتین کرے اور بری طرح پیے تو بیماریون کو پیدا کرکے زہر کے مانند مار ڈالتی ہے - اسکے لیے ایک مثال لکھتے ہین کہ جیسے آدمی وقت پر اچھی طرح انداز سے کھانا کھاتا ہے وہ کھانا آب حیات کے برابر فائدہ پہونچاتا ہے اور بدن کو تندرست کرتا ہے اور اوسکی خوراک کو جانور کے مانند تھوڑے بہت کا اندازہ نہ رکھکر کھاوے تو وہی کھانا باسی وغیرہ بے تعداد بیماریون کو پیدا کرتا ہے اور فوراً مار ڈالتا ہے ایسے ہی شراب اور زہر یہ دونون مار ڈالنے والے ہین مگر انکو تدبیر سے استعمال کرے تو یہ دونون آب حیات کے برابر فائدہ پہونچاوین اور سب عارضونکو دور کر ہمیشہ آدمی کو جوان رکھتے ہین +

طریقے سے شراب پینے کا فایدہ

صبح کیوقت ضروریات سے فارغ ہو چار تولہ بھر طریقے سے شراب پیے اور دوپہر کیوقت مرغن خوراک کے ساتھ آٹھ تولہ بھر پیے اور شام کیوقت پہر رات کو کھانیکے وقت سولہ تولہ شراب پیے تو یہ شراب آسجیات کا سا فائدہ کرکے بھوکھ کو زیادہ کرتی ہے اور بیماریون کو نزدیک نہین آنے دیتی اور اچھے کھانے کے ساتھ خوش ہوکر پیے تو جیسی صفتین شراب مین کہی ہین ویسی ہی کرے وہ لکھتے ہین - باہ کی قوت بڑہاوے - طبیعت خوش رکھے -

نور - عقل - قوت - یادداشت - خوشی - آرام - غذا - نیند ان سبکو شراب بڑھاتی ہے اور اَور طرحسے پیے تو مداتی وغیرہ بے تعداد عارضون کو پیدا کرے وہ لکھتے ہین - بکنے لگے یاد جاتی رہے - زبان اور بدن کی حرکات پاگل کیطرح کرے - سستی ہو - جو کہنے کے لائق نہو وہ کہے - اور لکڑی کے مانند سبھی وحرکت پڑا رہے - بیطور مباشرت کرے - بزرگون کو نہ مانے - حرام حلال کی تمیز نہ رہے - ہوش جاتے رہین - چھپی ہوئی بات کو ظاہر کردے اور بیماریونکو پیدا کرکے بدنکو کمزور کرتی ہے یہ بی طریقہ پینے سے ہوتا ہے اور جو کھانا کھاے بغیر بھی بار بار پیا ہی کرے اور غصہ کرکے پیے اور خون کرکے پیے اور پیاسا ہوکر پیے - آزردہ ہو - یا پیشاب اور پاخانہ زیادہ لگا ہو تو پیے - یا بہت کھٹائی کے ساتھ پیے - یا حالت ناطاقتی مین پیے اور کسیطرحکی گرمی سے تکلیف پاکر پیے تو اوس شخص کے مداتی وغیرہ بہت عارضے پیدا ہوتے ہین +

باد کی مداتی کی بیماریکی علامتین

ہچکی اور دمہ ہو - مرکانپے - پسلی مین درد ہو - نیند آوے - بہت بکے - یہ علامتین ہون تو باد کی مداتی جانو +

صفرا کی مداتی کی علامتین

پیاس بہت لگے - جلن اور بخار ہو - پسینا - غفلت - اتیسار یعنے اسہال ہو - جگر آدین بدن کا ہرا رنگ ہوجاے تو صفرا کی مداتی کی علامتین جانو +

بلغم کی مداتی کی علامتین

قے اور تقرہو - نمکین اور کھٹی چیزین اچھی معلوم ہون - غنودگی اور بدن بھاری ہو یہ علامتین ہون تو بلغم کا مداتی جانو - اور یہ سب علامتین ہون تو سنپات کی مداتی جانو +

پرم پد کی علامتین

خناق سر درد اَور اعضا مین درد ہو بدن بھاری رہے منہ کی لذت جاتی رہے پاخانہ اور پیشاب

رک جاوے - غنودگی - نفرت اور پیاس ہو - یہ علامتین ہون تو پرمیہ جانو +

پان اجیرن کی علامتین

بہت اچھار - قے - جلن - بدہضمی ہو - یہ علامتین ہون تو پان اجیرن جانو +

پان بھرم کی علامتین

چھاتی مین درد ہو - بدنمین درد ہو - بلغم تھوکے - منہ سے دھوان نکلے - بیہوشی بخار قے - سرمین درد ہو - شیرینی اور شراب کی رغبت ہو - یہ علامتین ہون تو پان بھرم جانو

مداتی کی لاعلاج علامتین

نیچے کا لب لٹک جاوے بدن اوپر سے ٹھنڈا لگے اندر جلن اور منہ مین تیل کی بواوے زبان - لب - دانت - سیاہ ہون - آنکھین زرد نیلی اور سرخ ہو جاوین - ہچکی - یاسنے پسلی مین درد - کھانسی - چکر - یہ علامتین ہون تو مداتی لاعلاج جانو +

مداتی - بھرم پدپان اجیرن بھرم وغیرہ کا علاج

شراب کے طریقہ سے نکالا ہوا عمدہ آسب[۱] بادی مداتی کو دور کرے سمان یہ مثال ہے کہ آگ کے جلنے والے کو آگ سے ہی تپاوے تو اچھا ہو - یا بجورے کا بیج - ہل بید - میٹھا انار - اجواین - زیرہ - زنجبیل ان تینون کو باریک پیس بھوڑے وغیرہ کے رس کی انمین پٹ دے پھر اسکو انداز سے عمدہ شراب مین ڈالکر طریقے سے پیے یا اسمین سیندہا نمک ملاوے یا سوے کے ساتھ شراب پیے اور پرانی شراب پیے یا نمک سانبھر زنجبیل مرچ سیاہ - پیپل - انکو باریک پیس اندازے کے موافق شراب مین ملاکر پیے بادی کا مداتی دور ہو - یا چب نمک سیاہ - بھنی ہوئی ہینگ - زنجبیل - اجواین انکو باریک پیس شراب مین ملاکر پیے تو بادی کا مداتی جاوے - یا لوا - تیتر - مرغ کا گوشت کھانے سے بادی مداتی دور ہو - یا سمہ اوصاف موصوف نوجوان سولہ[۱۶] برس کی عورت سے جماع کرے تو بادی مداتی دور ہو یہ علاج بھاو پرکاش مین لکھا ہے - یا داکھ - انار - چھوارا - ہوا

[۱] آسب اوق اور ارسکا طریقہ نکالنا ۱۲

انمین دارو مصری ملاکر پیے تو بادی مداتی دور ہو۔ یہ علاج بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے۔ یا دا کھہ انار۔ چھوارہ معا۔ دارو مین مصری ملاکر پیے تو بادی مداتی دور ہو۔ یا گاے کا مٹھا مصری ملاکر پیے تو بادی مداتی جاوے۔ یہ سارسنگرہ مین لکھا ہے +

صفرا کی مداتی کا علاج

سب ٹھنڈی چیزون سے صفرا کا مداتی جاوے۔ یا ٹھنڈے پانی مین مصری اور شہد ملاکر پیے تو صفرا کا مداتی جاوے۔ یا میٹھے انار کے رس مین مصری ملاکر پیے تو صفرا کا مداتی جاوے۔ یا خرگوش۔ ہرن۔ لوے کا گوشت کھاے تو صفرا کا مداتی جاوے یا بکری کے گوشت کی یخنی مین ساٹھی کے چاول کھانے سے صفرا کا مداتی جاوے +

بلغم کے مداتی کا علاج

چندن اور خس کے ملنے سے بلغم کا مداتی جاوے۔ یا جو اور گیہون کی آش کھانے سے بلغم کا مداتی جاوے۔ یا قے اور فاقہ کرنے سے بلغم کا مداتی دور ہو۔ یا نمک سیاہ۔ زیرہ اجوائن بید۔ تج۔ الایچی۔ مرچ سیاہ۔ مصری۔ ان سبکو باریک پیس پانی کے ساتھ کھاوے تو بلغم کا مداتی دور ہو +

سنپات کے مداتی کا علاج

آملہ کے رس مین حل کیا ہوا ایک درم پارہ اور گندھک ملاکر پیے تو سنپات کا مداتی دور ہو +

پان بھبرم کا علاج

داکھہ کے شربت مین یا کیتھہ کے شربت مین یا انار کے شربت مین شہد ملاکر پیے تو پان بھبرم جاوے۔ یہ برند مین لکھا ہے +

دھتورے کے پھل کے نشہ کا علاج

پیپھے کے رس مین قند سیاہ ملاکر پیے تو دھتورے کا نشہ اوتر جاے یا دودھ مین مصری ملاکر پیے تو دھتورے اور بھنگ کا نشہ اوتر جاے +

بھنگ کے نشہ کا علاج

کپاس کی جڑ کا رس - اور بیگن کی جڑ کا رس - یا تیلا مٹھا - یا گھی - یا نیم کا رس - مصری کے شربت مین ملا کر پیے تو دہتورے اور بھنگ کا نشہ اوتر جاوے +

زہر کے نشہ کا علاج

نبولے کی مینگی اور نیلا تھوتھہ ایک ماشہ ان دونون کو پیسکر اور کانجی کے پانی مین ملا کر پیے تو سب طرحکے زہر کا نشہ دور ہو - یہ علاج بیدا و بیجا رمین لکھا ہے +

جلن کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

جلن سات قسم کی ہے - صفرا کی - بڑھے خون کے بڑھنے کی - ہتیار وغیرہ کی چوٹ سے نکلے ہوے خون کی جس سے معدہ بھر گیا ہو - شراب وغیرہ کے پینے کی - پیاس روکنے کی دوا تو چھے کی - مرم استھان مین چوٹ لگنے کی +

صفرا کی جلن کا علاج

جسمین صفرا وی بخار کی سب علامتین ملین اوسے صفرا کی جلن جانو +

خون کے فساد سے جو جلن پیدا ہوتی ہے اوسکی علامتین

سب بدنمین جلن پیدا ہو اور سب بدن سے دھوان سا نکلے - اور بدن کا تانبے کا سا رنگ ہو اور تانبے کے رنگ کیسی آنکھین ہون - منہ مین خون کی بو آوے - سب عضو آگ کی مانند جلین یہ سب علامتین ہون تو خون کی جلن جانو +

ہتیار وغیرہ سے جو خون نکلتا ہے اور اوس سے معدہ بھر جاتا ہے اوسکی علامتین

خون سے معدہ بھر جاوے اور جلن ہو وہ لاعلاج ہے مریض مرجاوے +

شراب وغیرہ کے پینے کی جلن کی علامتین

جھاگی کی ہوا صفرا اور خون سے ملکر اور جلد کے اندر جا کر سب بدن مین خوفناک جلن پیدا کرتی ہے +

پیاس کے روکنے کی جلن کی علامتین

پیاس کے روکنے سے بدن کا پانی اور دہات زائل ہوتی ہے پھر بدنسین گرمی تر بکر بدنکو جلا دالے اس سے طبیعت سست ہوجاوے اور گلا اور تالو سوکھ کر زبان باہر نکالکر کانپنے لگے +

دہاتو چھے کی سوزش کی علامتین

دہات کے زائل ہونے کی جلن سے پیاس اور غشی طاری ہوکر منہ کی آواز بیٹھ جاوے بدن کی طاقت زائل ہوجاوے یہ جلن لادوا ہے +

چوٹ لگنے کی جلن کی علامتین

سر۔ پیڑو۔ مرم استھان وغیرہ مین چوٹ لگنے سے جو جلن پیدا ہو وہ لاعلاج ہے +

لاعلاج جلن کی علامتین

بدن ٹھنڈا ہوجاوے۔ اندر جلن ہو۔ تو وہ شخص مرجاوے +

جلن کا علاج

ہزار مرتبہ یا سو مرتبہ کے دہوئے ہوے گھی کی بدن مین مالش کرے تو بدن کی جلن دور ہو یا جو کے ستو مین مصری ملاکر کھائے تو جلن جاوے۔ یا آملہ کے پانی مین کپڑا بھگوکر اوڑھے تو جلن دور ہو۔ یا خس۔ اور سرخ چندن گھسکر بدن مین ملے تو جلن دور ہو یا کیلے کے پتے یا کنول کی پنکھڑیونکی سیج پر سووے تو جلن دور ہو۔ فوارہ۔ پانی کی چادر وغیرہ۔ پانی کے تماشا دیکھنے سے جلن دور ہوتی ہے یا خسخانہ مین رہنے سے بھی جلن جاتی ہے یا ٹھنڈے پانی کے پینے سے جلن جاتی ہے۔ یا عمدہ باغ یا پھلواری وغیرہ ٹھنڈی جگہ مین رہنے سے جلن دور ہوتی ہے۔ یا چندن۔ پت پاپڑہ۔ خس۔ کنول گٹہ۔ کشنیز۔ بادیان۔ آملہ انکا بقدر دو درم جوشاندہ کرا دسمین شہد اور مصری ملاکر پیے تو جلن دور ہو یہ سب نسخے سبھاؤ پرکاش مین لکھے ہین +

خون کے بگڑنے کی جلن کا علاج

مریض کی فصد کھلوا دے تو بگڑے خون کی جلن دور ہو۔ یا پارہ گندھک مصفا بھیرنسی کا فور چندن خس۔ ناگرموتھہ۔ یہ سب برابر لے پھر پارہ اور گندھک کو حل کرے اوس مین یہ چیزین ڈالے پھر اسکی پانی سے گولی باندھے ایک گولی منہ مین رکھکر چوسے تو اندر کی جلن دور ہو۔ یہ جلن کے دور کرنیکا رس ہے۔ یا پارہ ایک تولہ۔ تانبے کی راکھہ ایک تولہ۔ ابرک ایک تولہ۔ گندھک مصفا ایک تولہ۔ پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر یہ سب دوا اوسمین ڈالے پھر اس مین ناگرموتھے کے رس کی ایک پٹ دے پھر بیل کے رس کی ایک پٹ دے پھر مٹھے انار کے رس کی ایک پٹ دے پھر برگد دودھ کی ایک پٹ دے پھر سدائی کے رس کی ایک پٹ دے پھر دا کھہ کے رس کی سات پٹ دے پھر سایہ مین سکھا چنے کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو جلن۔ امل پت۔ موتر کرچھہ۔ پردر۔ جریان ان سب عارضون کو یہ چندر کلا رس دور کرتا ہے +

اونما دیعنی خفقان کی عارضی کی پیدایش علامت اور علاج

برخلاف خوراک کھانے سے۔ یا ناپاک خوراک سے۔ یا بری غذا کھانے سے اور دیوتا۔ گرو برہمن۔ عابد کی بیعزتی کرنے سے اور کسیطرح کے خوف اور خوشی سے اور دھتورے بھنگ وغیرہ کے کھانے سے آدمی کا دل بگڑتا ہے پھر وہ بگڑا ہوا دل۔ صفرا۔ باد۔ بلغم ان تینون سے ملکر آدمی کو متوالے کے مانند کردیتا ہے اوسکو عوام مین ہول دل کہتے ہین یہ عارضہ چھ قسم کا ہے۔ بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ سنپات کا۔ دل کی تکلیف کا۔ زہر کھانیکا +

ہول دل کی شکل

کمزور شخص کے برخلاف کھانا کھانے کے پیچھے باد۔ صفرا۔ بلغم فاسد ہوکر عقل کو زائل کردیتے ہین پھر اوسکی چھاتی مین درد کرکے دل کے لیجانے والی نسونکو غافل کرتے ہین تب آدمی کا دل ڈاوان ڈول ہوکر یکجا نہین رہتا اسکو ہول دل کہتے ہین +

ہول دل کی پہلی شکل

عقل درست اور یکسو نہ رہے - بدن کی طاقت جاتی رہے یہ علامتین ہون تو جانو کہ اس شخص کو ہول دل ہوگا +

باد کے ہول دل کی علامتین

روکھی اور ٹھنڈی چیز زیادہ کھانے اور زیادہ جلاب لینے اور قے کے کم ہونے سے باد بڑہتا ہے پھر وہ باد چھاتی کو بگاڑ کر عقل اور یاد کو جلد زائل کرتا ہے تب آدمی بغیر کسی سبب کے ہنسے گاوے ناچے یا ہاتھ اور منہ سے بندرون کی سی حرکتین کرنے لگے اور کبھی رووے - اور بدن سخت اور سیاہ اور سرخ پڑجاوے اور کھانا ہضم ہونے کے بعد یہ عارضہ بڑہے یہ علامتین ہون تو باد کا ہول دل جانو +

صفرا کے ہول دل کی علامتین

بدہضمی مین کھانا کھانے اور تلخ کھٹے گرم کھانے سے صفرا بڑہکر آدمی کی چھاتی کو بگاڑ کر ہول دل پیدا کرتا ہے تب وہ آدمی کسیکی بات کو نہین مانتا اور ننگا ہوکر سب کو مارنے لگے اور بدن گرم ہوجاوے اور ٹھنڈی چیزون کے کھانے کی خواہش رہے اور بدن زرد پڑجاوے یہ علامتین ہون تو صفرا کا ہول دل جانو +

بلغم کے ہول دل کا علاج

بھوکھ کم ہوجاوے اور بہت کھاوے کا کم کرنے مین سستی ہو اور سکا صفرا بلغم سے ملکر مرم استھانون کو باندہتا ہے اور آدمی کی عقل اور یاد کو زائل کرکے اوسکے دل کو بگاڑ یا گل کردیتا ہے تب وہ آدمی کم بولتا ہے اور اوسکی بھوکھ جاتی رہتی ہے عورتین اچھی معلوم ہون - تنہائی پسند کرے بہت زیادہ آوسے سے قے ہوت طاقت جاتی رہے - ناخن وغیرہ سفید ہون یہ علامتین ہون تو بلغم کا ہول دل جانو اور یہ سب علامتین ملی ہون تو سنپات کا ہول دل جانو +

دل کے آثار کی ہول دلکی علامتین

چور۔ حاکم یا بادشاہ۔ طاقت ور دشمن اور خوفناک کام کے خوف یا دولت اور بیٹون کے زائل ہونے یا زیادہ جماع کرنے سے جب آدمی کے دلمین چوٹ لگتی ہے تب اوس شخص کے دل مین چوٹ لگ کر دلکو بگاڑ کر پاگل کے مانند کردیتی ہے تب وہ شخص جو چاہتا ہے بے تکان بکتا ہے اور اوسکا ہوش جاتا رہتا ہے اور وہ گانے اور ہنسنے لگے یہ علامتین ہون تو دل کے دکھ کا ہول دل جانو +

زہر کے کھانیکے ہول دلکی علامتین

سرخ آنکھین ہون۔ بدن کی طاقت اور حواس کمزور ہوجائین۔ غریب ہوجاوے۔ منہ سیاہ ہوجاوے یہ علامتین ہون تو زہر کا ہول دل جانو۔ ایسے ہول دل والا مرجاوے +

سب طرحکے لاعلاج ہول دلکی علامتین

یا تو نیچا یا اونچا ہی منہ رکھے اور بدنکا گوشت زائل ہوجاوے نیند نہ آوے جاگتا ہی رہے یہ علامتین ہون تو وہ شخص مرجاوے +

بھوت آسیب وغیرہ کے لگنے سے جو ہول دل ہوتا ہی اوسکی علامتین

جس شخص کے بھوت وغیرہ لگا ہو اوس شخص کی آواز آدمی کی سی نہو۔ بلکہ عجیب وغریب ہو اوسکی طاقت اور بدنکے حرکات اور اوسکے ہوش وحواس بھی عجائب ہون یہ علامتین ہون تو بھوت وغیرہ کے لگنے کا ہول دل جانو +

جسکو کسی دیوتا کا آسیب ہوا اوسکی علامتین

سب باتونمین وہ خوش اور پاک رہے اور اچھے پھولون کی مالا پہنے اور عمدہ عطر سونگھا کرے اور آنکھین بند نہون اور بغیر پڑھا ہوا سنسکرت زبان بولے اور بدن مین نور پڑے اور جو اوسکو دعا دے اور برہمن بنجاوے جس مین یہ علامتین ہون اوسکو کسی دیوتا وغیرہ کا آسیب جانو +

جسکے دیت لگا ہوا وسکی علامتین

لپسینا آوے اور برہمن گرو دیوتا اتیتن برائیان کا نیلے ٹیڑھی نظر ہو کسیطرح کا خوف نہ ہو
بری طرف نظر ہو کسی طرح میری نمود اور خراب کھانا کھاوے جسمین یہ علامتین ہون اوسکو
دیت لگا ہوا جانو +

گندھرپ لگنے سے جو ہول پیدا ہوا وسکی علامتین

یا ذات ہو دریا کے کنارے کے جنگل مین رہنے سے دل خوش رہے پاک رہے گانا اور ناچنا
اچھا معلوم ہو تھوڑا بولے یہ علامتین ہون تو گندھرپ لگا ہوا جانو اور یہی جھیگرہ کی
علامتین مانو +

جسکے تیر کا آسیب ہوا وسکی علامتین

ڈابھ کے اوپر بیٹھا کرے - ستوگنی ہو - ترپن کیا کرے - گوشت - قند سیاہ - اور
گھیر کی طرف طبیعت مائل رہے یہ علامتین ہون تو تیر لگا ہوا جانو +

ستی لگی ہوا وسکی علامتین

دل یکجا نہ رہے - اولاد وغیرہ سے دشمنی کرے ستی کی باتین اچھی لگین - خاموش رہے
بولے بھی تو دعا دے اور پاک رہے - اچھی چیزون مین دل لگے - یہ علامتین ہون
تو ستی لگی ہوئی جانو +

چھترپال کے لگنے کا ہول

منہ اور ناک مین سے خون چلے - مسان کی راکھ پیشانی مین لگاوے - برا خواب دیکھے
درد شکم ہو - دل ٹھکانے نہ رہے - یہ علامتین ہون تو چھترپال لگا ہوا جانو +

مہاشنی دیبی کا آسیب

کچھیا کھات ہو - بدن اور مون سوکھ جاوے - منہ اور پاون ٹیڑھے ہو جاوین -
بدن کمزور ہو - یاد وغیرہ جاتی رہے - یہ علامتین ہون تو مہاشنی دیبی لگی ہوئی جانو +

کامن کے فساد سے جو روگ پیدا ہوا اوسکی علامتین

کندھا اور پیشانی بھاری ہو۔ دل کیجا نہ رہے۔ سب عضو ڈھیلے ہو جاوین۔ ناک اور ہاتھ پیرون مین جلن ہو۔ منی زائل ہو۔ بدن کے آٹھون اعضا مین سوئی سی چبھے اور جلتے رہین۔ بدن سوکھ جاوے۔ یہ علامتین ہون تو کامن کے فساد کا اونماد جانو +

ساکنی اور ڈاکنی کے لگنے سے جو اونماد پیدا ہوا اوسکی علامتین

سب اعضا مین درد ہو۔ آنکھونمین درد زیادہ ہو۔ بیہوش ہو جاوے۔ بدن کانپے۔ رووے۔ بکے۔ کھانے مین رغبت نہو۔ ہنسے۔ آواز ٹوٹ جاوے۔ بدنکی قوت اور بھوکھ جاتی رہے۔ چکر آوے۔ بخار بھی ہو۔ یہ علامتین ہون تو ساکنی اور ڈاکنی لگی جانو

بری گت سے جو مرگ پریت ہو جاوے اوس سے جو اونماد پیدا ہوا اوسکی علامتین

صبح ہی گھر مین سے اوٹھ اوٹھ بھاگے۔ بڑے کلمے بکے۔ بہت بکے۔ بدنمین رعشہ ہو۔ رووے۔ اور کچھ نہ کھاوے نہ پیوے۔ بری طرح دم لیا کرے جو دل مین آوے وہ کھاوے یہ علامتین ہون تو پریت کا اونماد جانو +

سب جسکے راچھس لگا ہوا اوسکے اونماد کی علامتین

گوشت کھانے اور خون پینے کی خواہش رہے۔ بدذاتی سے بولے۔ بہت سی بہادری چڑھاوے۔ غصہ زیادہ ہو۔ رات کو اکیلا پھرے۔ ناپاک رہے۔ یہ علامتین ہون تو راچھس لگا ہوا جانو +

جسکو برہم راچھس کا آسیب ہوا اوسکے اونماد کی علامتین

دیوتا۔ برہمن۔ گرو انسے دشمنی رکھے۔ آپ ہی بیدا اور بیدانت جانتا ہوا اور اپنے بدنکو آپ ہی تکلیف دے اور مارے نہین۔ یہ علامتین ہون تو برہم راچھس لگا ہوا جانو +

پشاچ کے لگنے کے اونماد کی علامتین

اونچے ہاتھ رکھے بدن دبلا ہو جاوے کچھ کا کچھ لغو بکے۔ بدن مین بدبو آوے۔ ناپاک رہے

شریر ہو جاوے بہت کھاوے بیماری مین مبتلا رہے کھٹے سے بہت روکے یہ علامتین ہون تو پشاچ لگا ہوا جانو +

لاعلاج اونماد کی علامتین

آنکھین کٹی سی ہو جاوین - گھورا کرے - مُنہ مین جھاگ آوے - نیند بہت آوے - گر گر پڑے کانپے یہ علامتین ہون تو لاعلاج جانو - اور پورنماشی مین زیادہ بیماری ہو تو دیتا لگا جانو - اور شام کیوقت کوئی لگے تو دیت لگا جانو اور پہلوا کو تکلیف ہو تو مجھ لگا جانو - اور رات کو یہ علامتین ہون تو پشاچ لگا ہوا سمجھنا چاہیے +

ان سبکے لگنے کا طریقہ لکھتے ہین

جیسے آدمیون کا عکس شیشہ وغیرہ مین جاتا ہے ویسے ہی سب جانورون کے گرمی اور سردی اندر جاتی ہے اور جیسے آتشی شیشے مین سورج کی کرنین گھسکر آگ پیدا کرتی ہین ویسے ہی آدمی کے بدنمین بھوت اور پریت گھس جاتے ہین اور نظر نہین آتے مگر حرکتون سے معلوم ہوتے ہین +

اونماد وغیرہ ان سب عارضونکا علاج

گھی وغیرہ کے پینے سے ہول دل دور ہو - اچھی جلاب کے لینے سے مہراکا اونماد دور ہو - تری سے بلغم کا اونماد زہر ہو اور آلت اور مقعد مین پچکاری دینے سے اونماد دور ہو - اسکو بست یعنی عمل کہتے ہین - یا لونی کے رس مین اسکا تند سیاہ ملا کر پیے تو اونماد دور ہو - یا کھرنٹی کی سنسنیو کا رس نکال کر پیے تو اونماد وغیرہ دور ہو - یا روغن تلخ کی مالش کر کے دھوپ مین بیٹھے تو اونماد دور ہو - یا کوئی عجیب چیز دیکھا دے یا کسی عزیز و اقارب یا دوست کا نام سُنا دے تو اونماد دور ہو - یا گرم گھی یا گرم تیل یا گرم پانی کو چھلا دے تو اونماد دفع ہو - یا کونچ کے پھلونکو چھلا دے تو اونماد دور ہو - یا کوڑے کی مار سے تو اونماد جاوے - یا بچھو یا سانپ یا شیر یا ریچھ سے کسیطرح ڈرا دے تو اونماد جاوے - جسطرح سے دل ٹھکانے آوے سو سب دیکھ

بادن کا رکھنا اچھا ہے اس سبب سے یہ علاج اچھے ہین بیکوٹ ۔ سگندہ ۔ سیندہا نمک
اجمود ۔ دونون زیرے ۔ زنجبیل ۔ فلفل سیاہ ۔ پیپل ۔ پاڑہ ۔ سنکھاہولی ۔ سبکو برابر لے
اور ان سبکی برابر بیج لے پھر انکو باریک پیس براہمی کے رس کی ذس پٹ دے پھر سایہ مین
سکھا جتقدر دودرم گھی اور شہد کے ساتھ پندرہ دن تک کھاوے تو سب طرح کا اونماد جاوے
دیسا رجوت چلدن سب باد کے فساد اور جریان کو دور کر عقل کو تیز کرتا ہے اور شاعری کی طاقت
دیتا ہے یہ چیون برہمی کا بنایا ہوا ہے ۔ یا ترپھلا ۔ پت پاپڑہ ۔ دیودار ۔ سال پرنی
جواسہ ۔ تگر ۔ ہلدی ۔ بیخ اندرائن ۔ سفید سرسون ۔ صندل ۔ پدماک ۔ سوٹ ۔ کنول گٹہ
الایچی ۔ کیتلی ۔ مجیٹھ ۔ تیجپات ۔ نسوت ۔ بالی ٹرنگ ۔ رونی ۔ ناگ کیسر ۔ اصل السوس
چرشٹ پتی ۔ چمیلی کے پھول ۔ یہ سب چھ چھ ماشہ بھرلے پھر ان دواؤن کو چار اٹار
پانی مین کوٹ ڈالے پھر اسمین ایک اٹار روغن مادہ گاؤ ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے جب
یہ سب جل جاوین اور گھی رہجاوے تب اتارلے پھر پانچ درم ہر روز کھانے کے ساتھ
کھاوے تو اونماد ۔ مرگی ۔ پیلیا ۔ یہ سب جاوین ۔ اسکا نام کلیان گھرت ہے یا زنجبیل
فلفل سیاہ ۔ پیپل ۔ انگوزہ ۔ بچ ۔ تخم سرس ۔ سیندہا نمک ۔ سرسون ان سبکو برابر لیکر
گائے کے پیشاب مین باریک پیس انجن کرے تو اونماد دور ہو ۔ یہ علاج بید بنود مین
لکھا ہے ۔ یا زنجبیل ۔ اجمود ۔ ہلدی ۔ دارہلدی ۔ سیندہا نمک ۔ بچ ۔ ملٹی ۔ کوٹ
پیپل ۔ زیرہ ۔ یہ سب برابر لے گائے کے پیشاب مین باریک پیس مقدر دو درم گھی کے
ساتھ کھاوے تو اونماد دور ہو ۔ اوسکی زبان پر سرستی آکر قیام کرے اور بڑا ذہین ہو
اسکا نام سبدا دھرن ہے ۔ اور بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے ۔ یا برہمی کا رس ۔ بیچے کا
رس ۔ یا پیپل مول کا رس یا سنکھاہولی کا رس ۱۰ درم پیے تو اونماد دور ہو یا بچ ۔ کوٹ
سنکھاہولی ۔ لوہتورے کی جڑ ۔ یہ سب برابر لیکر رس مین براہمی کے رس کی سات بھاونا دے
پھر سیاہ دھتورے کے تخم کے تیل کی پانچ پٹ دے پھر اسکی اس حصے تو اونماد

یہ بید رہس مین لکھا ہے - یا سرسن کے پھول - مجیٹھ - پیل - سرسون - بچ - ہلدی - زنجبیل
ان سب کو برابر لے بکری کے پیشاب مین باریک پیس گولی باندھے پھر ایک گولی لیکر انجن
کرے تو اونماد جاوے - یہ جوگ ترنا ولی مین لکھا ہے - یا بھنی ہوئی ہینگ - نمک سیاہ
زنجبیل - مرچ سیاہ - پیپل - یہ سب برابر چار تولہ بھر لے پھر چار تولہ بھر لے پھر چار تولہ بھر لے
چوگنا گائے کا پیشاب لے پھر ان سبکو اکٹھا کر مٹی آنچ سے پکاوے جب گاڑے کا پیشاب
جل کر گھی رہجاوے تب اوتار کر پانچ درم کھانے کیوقت کھالے تو اونماد دور رہو +

بھوت اور آسیب کے اونماد کے منتر اور تنتر ستیا ستر کے موافق لکھتے ہین

پہلے بھوت وغیرہ کے وقع ہونیکا جو علاج کرے وہ آپ پاک ہوکر اپنی حفاظت کرکے
تدبیر کرے فلفل سیاہ - سیندہا نمک - گولوچن - انکو باریک پیس شہد مین انجن کرے
تو بھوت پریت جادین بخار کے علاج مین بھوت جوڑکے اوپر بھری نرسنگھ جی کا عمدہ منتر
لکھا ہے اوس سے بھوت پریت وغیرہ کے سب اونماد دور رہون وہ دیکھ لینا -
اوڈیس مین انکا سابر منتر مہادیو جی نے لکھا ہے وہ لکھتے ہین - اونگ نمو بھگوتی ناگ کھا
نام بیشکر ۱۲
اتل بیر برا کرپاسے گھور رودر مہاکال سروپاسے تریلوکیہ ڈمبر اسمشان ورجیتر پالاسے ہوہو
کری کری کرمت تاڑیہ تاڑیہ موہیہ موہیہ بندہ بندہ چھیدہ چھیدہ آمہ آمہ ساودھے
ساودھے ہرنگ ہروے اشکتے پتیم للاٹے بندیہ ہرنگ ہروے استمیہ کل کل اینگ
ہرنگ - ڈاکینگ پرچھاوے پرچھاوے ابھوت اودت سواہا چھسم پرچھاوے پرچھاوے برہم راچھسم
پرچھاوے برچھاوے آکاشم پرچھاوے پرچھاوے برہم راچھسم پرچھاوے پرچھاوے سکفی تیرم
پرچھاوے پرچھاوے اتیے ڈاکنی گرہم ساودھے ساکنی گرہم ساودھے ساودھے
اونین منترین ڈاکنی ساکنی بھوت پریت پشاچا یکا یکا یکا یکا چاتر تنک نیچا
باچک نیچک اشلیکک نندیا چھسم ڈاکنی گرہم نمو سواہا - گرو کی شکت میرو بھگت
پھرو منتر اتیر ویاچ - یہ منتر جنکین مرتبہ جپکے سے کل چیز سے ابھیچار

پانی سے چھاڑ دے تو بھوتا دک کے سب اونما دوہون +

ڈاکنی ساکنی کے بکانیکا منتر

اونگ نمو آدیس گرو کو اونگ نمو جے نرسنگھ تین لوک چودہ بھوبن مین ہاتھ چاپ ہو بیٹھ چاپ نین لال لال سرب بیری پچھاڑ مار بھگتی ہے کے پران راکھ آویش آویش پورکھ کو۔ اس منتر کا طریقہ۔ یہ منتر پڑھ بیمار کو بٹھا منتر سے پانی منتر لا آپ پاک ہو کر اوس بیمار کو پلاوے پھر اوس سے پوچھے تو ساکنی ڈاکنی خبر دو بولے +

ڈاکنی کے بکانے کا منتر

اونگ نمو۔ چڑیل چڑیل ہو شور بیر۔ دھرتی چڑہ پاتال چڑہ پاپی چڑہ کون کون بیر چڑہ ہو ہو بیر چڑہ دھرتی چڑہی بگ پاپا چڑہی ایڑی چڑہی۔ مرے چڑہی مرے چڑہی ہڈی چڑہی ہڈی چڑہی گوڈا چڑہی گوڈا چڑہی جانگھ چڑہی جانگھ چڑہی کٹ چڑہی کٹ چڑہی پٹ چڑہی پٹ چڑہی پٹ سے دھرتی چڑہی دھرتی سے پسلیان چڑہی پسلیون سے ہیے چڑہی ہیے سے چھاتی چڑہی چھاتی سے کہاوا چڑہی کہاوا سے کنٹھ چڑہی کنٹھ سے مکھ چڑہی مکھ سے جبوا چڑہی جبوا سے کانون چڑہی کانون سے آنکھون چڑہی آنکھون سے للاٹ چڑہی للاٹ سے سیس چڑہی سیس سے کپال چڑہی کپال سے چوٹی چڑہی ہنومان نار سنگھ کر بارتا کلپا بیر سمد بیر دیکھ بیر آگیا بیر سونتا بیر یہ چرہان۔ اس منتر سے بکاوے تو اوس شخص پر وہ ضرور آکر بولے +

ڈاکنی کے چوٹ لگنے کا منتر

اونگ نمو ہما کایا جوگنی جوگنی پاسا کنی کلپ برکشیہ درشٹ جوگنی سدھ رہو رائے کال مندن سادھ سادھ ماریا ماریا چوریہ چوریہ ہیر ہیر ساکنی سچر بابر نہ لنگھی۔ اونگ ہر نیلک ٹیلک ہر ہر بھیٹ سوا ہا۔ اس منتر کے استعمال کا طریقہ پاک ہو کر سات مرتبہ گوگل کو منتر سے کر کھلی مین ڈال دے سکے تو وہ چوٹین ڈاکنی تک کے لگین اور اس منتر سے سر مونڈے

تو ڈاکنی کی پیشانی مونڈی جاوے اور اسی منتر سے ماش کو ٹپکر ڈالے تو اوسکے گھر اکر بولے اور جلنے لگے - اور اوسمین ماش کے دانو نکو ٹپکر آنکھو نپر چھوڑے تو وہ کھیل اوٹھے +

ڈاکنی کے دور ہونیکا جھاڑہ

مور کے پر سے یا لوہے کی چھری سے جھاڑ دیجیو اونگ نمو آدیش گرو کا ڈاکنی سہاری کسنے ماری جتی ہنومنت نے ماری کہان جاسے دبکی کن دیکھی ہنومنت نے دیکھی ساتوین پاتال گئی ساتوین پاتال سے کون پکڑ لایا جتی ہنومنت پکڑ لایا ایک تال دے ایک کوٹھا توڑا دو تال دے دو کوٹھے توڑے تین تال دے تین کوٹھے توڑے چار تال دے چار کوٹھے توڑے پانچ تال دے پانچ کوٹھے توڑے چھ تال دے چھ کوٹھے توڑے ساتوان کوٹھا توڑ دیکھی تو کونے مین کھڑی ہے ڈاکنی سہاری بھوت پریت چلا جتی ہنومنت تیرے جھاڑی سے چلا اونگ نمو آدیش گرو کا گرو کی شکت میری بھکت پھرو منتر ایشرو واچ +

ڈاکنی کے دور ہونیکا جنتر

۵	۱	۶۶	۱۱			۸	۹	۷	۷
۹۰	۰	۴	۷			۶	۴	۵	۷
۱۰-	۱-	=	۷			۱۱	۷	۱۱۱	۴
۴۰	۷	۱	۹			۱۱	۱۱۱	۵	۷۱

اس جنتر کو لڑکے کے گلے مین باندہے - اس جنتر کو اچھے پانی مین گھولکر پلاوے تو ڈاکنی دور ہو -

حاضرات کے منتر

اونگ نمہ کالا کھیا سیے سرب سدھ ہاسیے اگ کرم کر کر سوا ہا - اس منتر کے ۱۰ لک جگتی چندر - کالا کھیہ دیوتا - پرنوہ سکتی - ابکیتم کیلکم اگ کرمن سجیے نجوگہ - اونگ انگشا بھیام نمہ

کا ماکھیایے ترجنی بھیام نمہ سواہا۔ سرب سدھ دایے مدھیما بھیام وکھٹ اگنے کرم نامکا بھیام
ہنگ گرگر کنشٹکا بھیام ودوکھٹ سواہا کرتل کر پرشٹا بھیام استرایے پھٹ اونگ نمو ہردیایے +

دھیان

جون ماتر شریرایے۔ گنگو باہن کامدا۔ رجسولا بھاتیجا۔ کاماچھی دھیایے تم سدا۔ اس منتر کو
ہزار مرتبہ جپے اور گرہل کے پھولون کی ہزار آہت میٹرہل کی راکھ کر رکھے روئی مین ملاکر
اوسکی بتی کرے اوس بتی کو تیل کے چراغ مین رکھے اوس چراغ کی پوجا کرے چراغ کے آگے
آٹھ برس یا دس برس کا لڑکا پاک اور خاندانی دیوتا گن کا استھاپن کرنا اور آپ بھی پاک
ہوکر میٹرہل کے پھول کے اوپر اس منتر سے شنکلپ کا پانی ڈالے پھر چراغ کے آگے نیچے کا
لکھا جنتر لکھکر پوجا کرے اور یہ جنتر لڑکے کو دکھلاوے اور اوسکی ہتیلی مین میٹرہل کی راکھ
تیل مین سان کر دے پھر اوس سے پوچھے جو وہ دیکھے وہ سچ سچ سب حال کہے +

حاضرات کا جنتر

۱	۸	۳	۸	۵
۵	۱	۳	۱	۶
۷	۲	۹	۲	۸
۷	۴	۵	۴	۴

یا آٹھ دس برس کی پاک خاندان کی لڑکی کو بٹھاوے اوسے جو نظر آوے وہ کہے دسواں حصہ
ترپن اوسکا دسواں حصہ برہمن کو کھلاوے یہ سچی حاضرات ہے اور سرب اوڈیس مین لکھا ہے +
یا نیم کے پتے۔ بچ۔ ہینگ۔ سانپ کی کینچل۔ سرسون انکی دھونی دے تو ڈاکنی
بھوت وغیرہ سب دور ہون۔ یا کپاس کا کاکڑہ۔ مور کی چندرکا۔ کنیلی۔ شیو کا نرمال
یعنے مردا۔ بچ۔ بچھو۔ بیل کا دانت۔ بتی کی پچال۔ تکھہ۔ بچ۔ بال۔ سانپ کی کینچل

گاے کا سینگ - ہاتھی دانت - ہینگ - فلفل سیاہ - ان سبکو برابر کوٹ کر اسکی دھونی دے
تو بہت سے مرگی کے آسیب بھوت وغیرہ دور ہون یہ ماہیشر دھوپ ہے اور چکرورت مین لکھی ہے
یا پیپل فلفل سیاہ - بیبند - نمک - گوا وچ - انکو شہد مین پیس انجن کرے تو سب بھوت وغیرہ کی فساد
دور ہون - یا بیچ کنگ یعنے کرنجوہ - دار ہلدی - سرسون - کوٹ - ہینگ بچ میٹھہ
ترپھلا - زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - پرینگ کے پھول - انکو برابر لے بکری کے موت
مین پیس ناس دے یا انجن کرے تو سب بھوت وغیرہ کا فساد دور ہو - یا گورکھ گوکھرو
نبولے یا کاکڑے کو گاے کے موت مین پیس ناس لے تو برہم راچھس کا فساد دور ہو یا بیچ
سنکھاہولی کو چاول کے پانی مین یا گھی مین پیس اوسکی دے تو بھوت وغیرہ کا فساد جاے +

صرع یعنے مرگی کے عارضے کی پیدائش اور علامت

فکر اور رنج کرکے جو باد صفرا بلغم مفسد ہون وہ چھاتی کی نسون مین گھسکر باد کو زائل کرکے
صرع کے عارضے کو ظاہر کرتی ہین وہ صرع باد - صفرا - بلغم - سنپات سے چار قسم کا ہے +

صرع کی پہلی شکل اور علامتین

چھاتی کانپے اور شل ہوجاے - پسینا آوے - دہیان لگ جاے - بیہوشی ہو - ہوش
جاتے رہین نیند آوے - یہ علامتین ہون تو جانو کہ اسکے مرگی کا عارضہ ہوگا اور اوسکو
سب جگہہ اندہیرا ہی نظر آوے یاد جاتی رہے اور ہاتھہ پاون وغیرہ سب اعضا کو زمین پر
پٹکا کرے تب جانو کہ صرع کا عارضہ ہوگا +

باد کی مرگی کی علامتین

برعشہ ہو - دانت چباوے - منہ مین جھاگ آوے - دم گھٹہ آوے - سیاہ اور زرد نظر
آوے یہ علامتین باد کی مرگی کی ہین +

صفرا کی صرع کی علامتین

مُنہ سے زرد جھاگ آوے - بدن کی جلد اور مُنہ زرد ہوجاوے یہ علامتین صفرا کی مرگی کی جانو

بلغم کی صرع کی علامتین

مُنہ سے سفید جھاگ آوے - بدن کی جلد مُنہ اور آنکھین سب سفید ہون سردی لگے رونگٹے کھڑے ہوآوین اور سفیدہی سفید نظر آوے یہ علامتین بلغم کی صرع کی ہین +

سنپات کی صرع کی علامتین

پیچھے کہی ہوئی سب علامتین ہون تو سنپات کی صرع جانو +

لاعلاج صرع کی علامتین

جسکا بدن بہت پھڑکے اور کمزور ہوجاوے - بھوین چڑہی رہین آنکھونکی اور شکل ہوجاوے وہ مرگی والا مرجاوے +

صرع کا وقت

بارہوین دن آوے تو بادکی جانو اور پندرہوین دن آوے تو صفرا کی جانو - ایک مہینے مین آوے تو بلغم کی جانو یہان یہ مثال لکھتے ہین - جیسے راجہ اندر کے پانی برسانے سے سبھی چیزین پیدا ہوتی ہین - مگر - جو - گیہون - چنا وغیرہ زمین پر سردرت یعنی سردی کے آخر مین پیدا ہوتے ہین ویسے ہی یہ بیمارنے بدن مین ہمیشہ رہتے ہین جب اونکا وقت آتا ہے تبھی ظاہر ہوتے ہین +

صرع کا علاج

تل کے ساتھہ لہسن کھاوے تو بادکی مرگی جاوے - دودہ کے ساتھہ چھتاور کھاوے تو صفرا کی مرگی دور ہو - براہمی کا رس شہد کے ساتھہ کھاوے یا گلے کے موت مین پیس بدن مین ملے تو مرگی دفع ہو - یا روغن سیاہ ایک اثار - سہنجنہ کا رس چار اثار - گوار کے پٹھے کا رس چار اثار - چڑچڑے کا رس چار اثار - نیم کی چھال کا رس ۱ اثار - گائے کا موت چار اثار

ان سب مین تیل ملاکر پکاوے جب یہ سب رس جل جاوین اور صرف تیل رہجاوے تب تیل کو برتن مین جدا رکھے اوس تیل کی مالش کرے تو مرگی جاوے - یا مینسل - اور نیلکنٹھ - نیل ٹانچ کی بیٹ - یا کبوتر کی بیٹ - ان دونون کو برابر پیس انجن کرے تو مرگی دور ہو یا پارہ - مارا ہوا برک - سار - گندھک مصفا - مارا ہوا مینسل - مارا ہوا ہرتال - رسوت یہ سب برابر لے باریک پیس انکو گائے کے موت مین ایک دن کھرل کرے پھر لوہے کے برتن مین اس سے دوگنی گندھک ملاکر اور کھلا رکھکر آگ مین پکاوے ایک پہر کے بعد اوتار کر ٹھنڈا کرے ایک رتی ہر روز سات دن تک کھاوے تو مرگی دور ہو - یا زنجبیل - فلفل سیاہ پیپل - نمک سیاہ - بھنی ہوئی ہینگ - انکو برابر لے باریک پیس تین درم پیٹھے کے رس مین سات دن پیے تو مرگی کا عارضہ دور ہو - بایچ اور کوٹ کو باریک پیس بقدر ۴ تولہ براہمی کے رس مین یا سنکھاہولی کے ساتھ یا پرانے قند سیاہ کے ساتھ پندرہ دن تک پیے تو مرگی کا عارضہ دور ہو - یا روغن مادہ گاو اثار - پیٹھے کا رس ۸ اثار - ملہٹی کے کاڑھے کا پانی ۲ اثار - ان تینون کو پکاوے جب دونون رس جل جاوین اور صرف گھی رہجاوے تب اس گھی کو کھاوے تو مرگی کا عارضہ دور ہو - یا پوست سہنجنہ - کوٹ - نیتر بالا - زیرہ - لہسن - زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - بھنگ - ان سبکو ایک ایک تولہ بھرلے اور تیل آدہ پاو اور بکری کا موت دو اثار ان سبکو نرم آنچ سے پکاوے جب سب جل جاوین اور تیل رہجاوے تب اسکی ناس دے تو مرگی جاوے - یہ سب علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین - یا پیپل - پیلا مول - چب - چترک - زنجبیل - ترپھلا - بای ڈنگ - سیندھا نمک اجواین - کشنیز - زیرہ - ان سبکو برابر لے باریک پیس بقدر دو درم پانی کے ساتھ کھاے تو مرگی - سنگرہنی - اونماد - بواسیر - ان سبکو یہ دور کرتا ہے - یا کچھ کچھر مین کچھوے کا پتا نکال انجن کرے یا گھی کے ساتھ اسکی دھوپ دے تو مرگی جاوے - یہ جوگ ترنگنی مین لکھا ہے - بایچ کا چورن دو درم دودھ کے ساتھ یا شہد کے ساتھ ایک مہینے تک پیے تو

مرگی جاوے - یہ بھی جوگ ترنگنی مین لکھا ہے - یا نیولے کا پنجال - بلی کا پنجال - کوّے کی ہیٹ
انکی دہونی دے تو مرگی جاوے - یہ چکروت مین لکھا ہے ٭

باب ہشتم

باد کی چوراسی بیماریونکا بیان

بات بیادہ روگ کی پیدایش علامت اور علاج

کسیلی - تلخ - تیکھی چیز کھانے سے - ہری غذا کھانے سے - روکھی چیز کھانے سے -
محنت سے - ٹھنڈی خوراک سے - زیادہ جاگ کرنے سے - منی کے کم ہونے سے -
پاخانہ اور پیشاب کے روکنے سے - فکر اور خوف سے - زیادہ خون نکلوانے سے -
زیادہ قے اور جلاب سے - آنون کے فساد سے - بوڑھاپے سے - برسات مین تیسرے پہر
یا پہر رات رہے آدمیونکی خالی نسون مین طاقت ور باد گھسکر اور فاسد ہوکر سب اعضا مین
یا ایک ایک عضو مین طرح طرح کی چوراسی بیماریون کو پیدا کرتی ہے وہ لکھتے ہین -
سر[1] وگرہ - الپ[2] کیس یعنے کم بال ہون - زیادہ[3] جمہائی - داڑھ[4] نہ مڑے - زبان[5] نہ ہلے -
بکائی[6] کھاتا ہوا بولے - آہستہ[7] بولے - گونگا[8] پن - کھوٹا[9] ہی بولے - بہت[10] بکے -
زبان[11] کی لذت جاتی رہے - بہرا[12] ہوجاوے - کان[13] مین گھنٹے کی آواز ہو - جلد[14] سُن ہوجاوے
اور اوسمین چبھونا معلوم نہو - اردت[15] یعنے لقوہ - کندھا[16] نہ مڑے - بازو[17] سوکھ جاوے -
بازو[18] نہ مڑے - چرچت[19] - بسواچی[20] - اردہ[21] بات - ڈکار[22] بہت آوے - اچھار[23] رہے -
پریتادبھان[24] - اشٹھیلہ[25] - پرہشٹھیلہ[26] - تولی[27] - پرت[28] تولی - اگن[29] کی بکتا - اٹوپ[30] روگ
پسلی[31] کا درد - پیٹھ[32] مین درد - زیادہ[33] پیشاب آوے - پیشاب[34] رک جاوے - مواد[35] گھرا ہو
پاخانہ[36] نہ اترے - گردہ[37] سنی روگ - کلاپ[38] کھنجا روگ - کھوراپن[39] - بگتا[40] روگ -
گردشت[41] شیر کھک - پیر کی بیماری[42] - کھلی کی بیماری[43] - بات[44] کنٹک - پیر[45] کی سوجن -
پانون[46] کی جلن - اچھیپت[47] روگ - ڈنڈک[48] روگ - باتا[49] چھیپک روگ - ونڈا[50] تانک روگ

اہنگمات[۵۱] چیپ - اترایام[۵۲] - باد[۵۳] یام - دہنورہات[۵۴] - کبجک[۵۵] - اپ[۵۶] تنتر - اشیان - پچھیا گھات[۵۷] آکھلا گ - کمپ[۵۸] - استمبھ[۵۹] - بلیہا[۶۰] - لوو[۶۱] - اسپھورن[۶۲] - سروچتا[۶۳] کالاپن[۶۴] چیتن[۶۵] پن - شیتل[۶۶] پن - روئیں[۶۷] کھڑے ہون - انگم - انگ بھرم[۶۸] - نیند[۶۹] بگڑ جاوین - انگ سوکھ - ڈرنا[۷۰] غفلت[۷۱] - اونماد پن[۷۲] - نیند[۷۳] نہ آوے - پسینا نہ آوے - طاقت زائل ہو - بیچ کا ناس - استری[۷۴] دہرم کا ناس - حمل[۷۵] گر پڑے - بغیر محنت[۷۶] کے تکان معلوم ہو - شرم[۷۷] کا ناس +

باد کے سب عارضونکی علامت اور علاج
پہلے عموماً علامتین لکھتے ہین

شیرین - نمکین - مرغن - گرم چیز آلہ کے کھانے اور تیل کے ملنے اور دواؤنکے استعمال سے عموماً بادکا روگ ہوتا ہے +

شروگرہ کی علامتین

باد خون سے ملکر پیشانی کی نسونکو روکھا کرے پھر اونمین بہت سا درد کرکے نسونکو سیاہ کردے یہ عارضہ لاعلاج ہے +

شروگرہ کا علاج

دشمول کا کاڑھا کرکے رس نکالے پھر اس مین تیل پکاکر اوس تیل کی مالش کرے تو شروگرہ دور ہو یا کوٹ - بیخ ارنڈ - بیخ دھتورہ - بیخ سہنجنہ - زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - سنگی مہرہ - سیب برابر لے اور کاڑھ کر اندازکے موافق تیل ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے جب تیل رہجاوے تب اوسکو اوتارکر مالش کرے تو شروگرہ دور ہو +

الپ کیشی یعنے تھوڑے بال ہون اوسکا علاج

دیسی گوکھرو - تل کے پھول - انکو برابر لے اور انکے برابر شہد اور گھی لے اوسمین ان دونونکو باریک پیس بالون مین ملے تو بال بہت رہین - یا ملہٹی - نیلے کنول کی جڑ - منقہ دا کھ - انکو گھی دودھ مین باریک پیسکر ملے تو بال بہت لمبے ہون اور ان دواؤن کے چھپوندر کا فساد بھی دور ہوتا ہے

جمہائی کی علامتین

مُنہ کے ایک دم کو پہلے مُنہ مین پی جاوے پھر وہ دم اوٹھا نکال دے پھر مع سستی کے اور نیند آوے اوسکو جمہائی بولتے ہین +

جمہائی بہت آوے اوسکا علاج

زنجبیل - پیپل - فلفل سیاہ - اجمود - سیندہا نمک - انکو جدا جدا یا اکٹھا باریک پیس گرم پانی سے کھاوے تو جمہائی کا عارضہ دور ہو - یا روغن تلخ کی مالش کرے یا شیرین کھانا کھاوے یا پان کھاوے تو جمہائی جاوے +

ہنوگرہ کے عارضے کی علامتین

دانتون کی جڑ سے زبان کو بہت گھسے اور چبینے کے کھانے سے یا کسیطرحکی چوٹ سے داڑھ کی جڑمین جو باد رہتا ہے وہ مفسد ہوکر مُنہ کو بھٹا ہی رکھے یا بند مین رکھے تب اوس شخص کو بولنے اور کھانیکی بڑی تکلیف سے طاقت ہوتی ہے اوسکو بید ہنوگرہ روگ کہتے ہین +

ہنوگرہ کے عارضے کا علاج

جسکا مُنہ بند ہوگیا ہو اوسکے چکنی چیز سے سینک کر پسینا نکالے تو مُنہ کھل جاوے اور جسکا مُنہ پھٹا رہجاوے اوسکو ٹھنڈی چیز سے آرام ہوتا ہے - اور جسکی داڑھ نہ مڑے اوسکو پیپل ادرک - چبا کر تھکوا دے تو بیماری دور ہو - یا گرم پانی سے کلی کراوین تو دور ہو یا تیل مین لہسن کو تل کر اور سیندہا نمک لگا کر کھاوے تو ہنوگرہ دور ہو - یا مالش کے بروجین - لہسن سیندہا نمک - ادرک - ہینگ - ملا کر تیل مین تلکر کھاوے تو ہنوگرہ روگ جاوے - یا پرسارنی تیل کی مالش سے یہ بیماری دور ہو وہ لکھتے ہین - کھیپ کا پنچانگ دو سو تولہ بھر لے اور کوٹ کر ۱۱ بار پانی مین اوٹا دے جب چوتھا حصہ رہجاوے تب اوتار چھان کر اوس پانی مین تل کا تیل دو سو تولہ بھر اور تیل سے چوگنا گاے کا گھی ڈالے اور چترک - چلمول - مہوا - سیندہا نمک بچ - بادیان - دیودار - راسنا - گج پیپل - چار چھبیلہ - صندل سرخ - بیخ ارنڈ - بیخ کھرمٹی

زنجبیل ان سب دواؤنکو دو تولہ بھر لے کاڑھا کر کاڑھے کا رس اوس تیل مین ڈالے اور ایک اثار کھیپ کا رس ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے جب سب رس جل جاے اور تیل رہجاے تب تیل کو اتار لے پھر اس تیل کی مالش کرے یا ناس دے یا کھلاوے یا سینک کرے تو سب باد کے فساد لنگڑاپن - زبان ٹھہر جاے - لقوہ - بکائی کا عارضہ - کندھا ٹھہر جاوے - پیٹھ کا درد گردہ سی - چاپلا - دھنوریات - اتنے باد کے عارضونکو یہ تیل دور کرتا ہے +

زبان ٹھہر جاے اوسکی علامتین

آواز کی لیجانے والی جو نسین ہین اونکی رہنے والی باد مفسد ہوکر زبان کو ٹھہراے تب وہ زبان پانی کے پینے اور بولنے مین طاقت نہادی اسکو جبو استمبھ کہتے ہین +

گونگاپن گن گناپن بکائی کہانیکی علامتین

بلغم سے ملا ہوا باد دہنی ناڑی کی لے چلنے والی نسون کو ڈھانپ کر آدمیون کو گونگا پن اور ناک مین ہی بولنا اور بکائی کہا کر بولنا اتنے عارضونکو کرتا ہے +

ان سب کا علاج

گاے کا گھی اثار - پنچ سنجنہ دو تولہ - بچ دو تولہ - سیندہا نمک دو تولہ - دہوئی کے پھول یا گل دہاوا دو تولہ - لودہ دو تولہ - ان سب کو بکری کے دہار دودہ مین ایک اثار گھی ڈالے پھر یہ دوا ملا کر نرم آنچ سے پکاوے جب دودہ وغیرہ جل جاوین اور گھی رہجاے تب اوسے نکالکر منتر سے موافق طریقے کے استعمال کرے تو گونگا پن - گن گناپن - بکائی کہانا - یہ سب عارضے دور ہون اور عقل - یاد - نور - بہت بڑہے +

سرسوتی کا منتر

اونگ ہریں نمہ - یہ سرسوتی کا منتر سدہ ہے اسکو ان حرفون کی برابر ہزار جپ کرے تو یہ منتر سدہ ہو اس منتر سے یہ گھی کھاوے یا مال کنگنی کا روغن کھاوے تو سب عارضے دفع ہون اور اوسکی عقل بہت جلد تیز ہو - یاد ہی - کوٹ پیل

زنجبیل - زیرہ - اجمود - ملٹھی - مصطگی - سیندہا نمک انکو برابر لے باریک پیس دو درم مسکہ کے ساتھ ہر روز اکیس دن تک کھاے تو سب علتے دور ہون اوس شخص کا حافظہ اور ذہن نہایت عمدہ اور ذکی ہو جاے ہزار بیت ہر روز زبانی یاد کرے اس کلپ کا اولیہہ نام ہے ✣

پرلاپ اور پاچال روگ کی علامتین

اپنی بد پرہیزی سے مفسد ہو کر بیمعنی الفاظ کچھ کے کچھ بولے تو پرلاپ روگ جاننا اور مضی سمیت لفظ منہ سے نکالے اوسے پاچال کہتے ہین ✣

پرلاپ اور پاچال کا علاج

تگر - پت پاپڑہ - کٹکی - ناگر موتھا - اسگندہ - برہمی - واکھہ - اگر - دشمول - سنکھا ہولی ان سب کو برابر لے اور جو کوب کر نکا کاڑہا دے تو پرلاپ اور پاچال دور ہون ✣

زبان کی لذت جاتیکی علامتین

تیمرین رس وغیرہ چھہ رسون کے کھانیمین زبان کو اچھی طرح لذت معلوم نہو اوسے رساگیان کہتے ہین

علاج

زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - سیندہا نمک - امل بید - چوک - ان دواؤنکو باریک پیس ملا کر زبان مین اچھی طرح ملے تو یہ عارضہ دور ہو - یا برہمی - پلاس پاپڑہ - رائی - سیاہ زیرہ - پیپل - پیلا مول - چترک - زنجبیل - انکو باریک پیس زبان مین بار بار ملے یا کاڑہا کر کے کلی کرے تو زبان مین لذت ہو یا ادرک کھاے تو لذت معلوم ہو ✣

بدن کی جلد سن پڑ گئی ہو اوسکی علامتین

جس شخص کو سردی - گرمی - نرم - سخت کی سمجھ جاتی رہے اوسکو تچا سونیہ یعنی جلد کے سن پڑنے کا عارضہ جانو ✣

علاج

اس بیمار کا خون نکلواوے تو یہ عارضہ دور ہو - یا نمک - دھماسہ - اجمود نکو دودھ مین ملا کر پیے تو یہ عارضہ دور ہو

اردہت یعنی لقوے کے عارضی کی علامتین

اونچے سے گرتی ہوئی بھاری چیز کو اونچا منہ کرکے ہاتھوں سے پکڑے یا تلخ چیزین بہت کھاوے یا بہت ہنسے جمہائی لے یا پیشانی پر بہت بوجھ اوٹھاوے یا ناہموار جگہ مین سووے اوس شخص کے سر۔ ناک۔ لب۔ داڑہین۔ آنکھین۔ ان جگہون مین جو باد رہتا ہے وہ آدمی کو لقوہ پیدا کرتا ہے تب آدمی کا آدہا منہ ٹیڑہا ہوجاوے اور کندہا نہ مڑے اور سر ہلا کرے اچھی طرح بولا اور دیکھا نجاوے اور کندے ہے۔ داڑہین۔ دانتون مین درد ہے جسمین یہ علامتین ہون اوسکو لقوے کا عارضہ کہنا چاہیے وہ باد۔ صفرا۔ بلغم سے تین قسم کا ہے +

باد کے لقوے کی علامتین

منہ سے لعاب بہت کرے۔ بدنمین زیادہ درد ہو۔ بدن مین رعشہ ہو اور پھڑکے۔ داڑہی نہ مڑے لب سوکھ جاوین یہ علامتین ہون تو باد کا لقوہ جانو +

صفرا کے لقوے کی علامتین

منہ زرد ہو۔ بخار ہوآوے پیاس بہت لگے تو صفرا کا لقوہ جانو +

بلغم کے لقوے کا علاج

غفلت بہت ہو گلا۔ کندہا اور سر مین سوجن ہو اور یہ تینون نہ مڑین تو بلغم کا لقوہ جانو +

لاعلاج لقوے کی علامتین

اگر آدمی کمزور ہو تو نیند نہ آوے اور اوس شخص سے بولا نہ جاوے اور بدن کانپتے ہوے تین برس گذر گئے ہون تو لقوہ لاعلاج جانو +

علاج

لقوے کے مریض کو مرغن چیزین کھلاوے اور نہ لاوین اور کھہ گرہ تیل وغیرہ کی مالش کراوے اور گرم چیز کا استعمال رکھے نینک کراوے گرم چیزون سے پسینا لاوے سر مین بابہ کا تیل ڈالے اتنی چیزون سے لقوے کی بیماری دفع ہوتی ہے +

بادی لقوے کا علاج

دشمول کے کاڑھے سے بادکا لقوہ دور ہو۔ یا بجورے کے رس سے بادکا لقوہ دور ہو۔ یا کھریٹی۔ پیپل۔ پیلا مول۔ چب۔ چترک۔ زنجبیل۔ انکے جوشاندے سے بادی لقوہ دور ہو یا ماش کے بڑون مین ہینگ۔ ادرک۔ لہسن۔ ملاکر کھاوے اور اوپر سے یخنی پیے تو بادکا لقوہ دور ہو +

صفرا کے لقوے کا علاج

گھی کا عمل لے۔ یا دودھ کا استعمال رکھے تو صفرا کا لقوہ دور ہو +

بلغم کے لقوے کا علاج

قے کرانے سے بلغم کا لقوہ جاے یا تل کے تیل مین لہسن ملاکر کھاوے تو سب طرحکا لقوہ بہت جلد دور ہو +

مینا ستمبھہ کی علامتین

دنکے سونے۔ بہت بیٹھے رہنے سے بلغم مفسد ہوکر باد سے ملکر کندے ہے کو مضبوط نہ دے اوسکو مینا ستمبھہ کہتے ہین +

مینا ستمبھہ کا علاج

دشمول کے کاڑھے یا پنچمول کے جوشاندے سے مینا ستمبھہ دفع ہو۔ یا تیل کی مالش کرکے اوپر سے ارنڈ کے پتے باندھے تو مینا ستمبھہ دور ہو۔ یا مرغی کے انڈے کے لعاب مین سیندہا نمک اور گھی ملاکر کندے مین مالش کرے تو جمایی دفع ہو +

باہو شوکھہ یعنے بازو سوکھہ جای اوسکی علامتین

کندھون مین جو باد رہتا ہے وہ مفسد ہوکر اور بازو کو سکھا کر بیحس و حرکت کر دیتا ہے اوسکو باہو سوکھہ روگ کہتے ہین +

علاج

علاج

پیچھے جو کلیان گھرت اونما دینے ہوں دل کے عارضے مین لکھا ہے اوسکے استعمال سے باہوشوکھ روگ دور ہوتا ہے یا کھرٹی کے کاڑھے مین سیندھا نمک ملا کر پیے تو باہوشوکھ روگ اور نیاستمبھ دور ہو +

اپباہک کے عارضے کی علامتین

کندھون مین جو باد رہتا ہے وہ منفسد ہوکر اوسکے باندھنے والے بلغم کو سکھا نسون کو کھینچکر اپباہک عارضے کو پیدا کرتا ہے +

علاج

ٹھنڈے پانی کی ناس دے تو اپباہک روگ دور ہو - یا گوگل - موتی جٹی کی جڑ کا کاڑھا اور اوس مین گوگل ملا کر ناس دے تو اپباہک روگ جاوے - یا ماش - السی - جو - کوٹ سیلہ - کٹیلی - گوکھرو - ارلو - بیخ کونچ - کپاس - تخم سن - کاتھہ - بیخ بیر - بیخ سانٹھ بیخ کھیپ - راسنا - بیخ کھرٹی - گلو - کٹکی - انکو تیل مین پکا کر اوس تیل کی مالش کرے تو اپباہک روگ دور ہو +

بشواچی کی بیماری کی علامتین

ہاتھہ کی انگلی کے نیچے کھجلی ہو - اور بازو کے پیچھے کھجلی ہوکر بازو کو نکما کر دے اوسکو بشواچی کہتے ہین +

علاج

دسمول - کھرٹی - ماش - انکا جوشاندہ کرا وسمین تیل ملا کر پیے تو بشواچی کا عارضہ دور ہو یا ماش - سیندھا نمک - کھرٹی - راسنا - دسمول - ہینگ - بچ - زنجبیل انکو باریک پیس پانی مین اوٹاوے پھر پانی مین تیل ڈالکر تیل کو پکاوے جب پانی جل جاوے اور تیل رہجاوے تب اوتار کر تیل کی مالش کرے تو بشواچی - باہوشوکھ - اپباہک -

پکیا گہات انکو ماکھا دتیل دور کرتا ہے +

اوردہ بات روگ کی علامتین

بدپرہیزی سے رتاج مفسد ہوکر منہ کے بلغم سے مل ہاربار وکا رہبت لیتوا وسے اوردہ بات کہتے ہین +

علاج

زنجبیل ½ حصہ - بہارا دنش حصہ - پوست ہلیلہ پانچ حصہ - اسگندہ ایک حصہ - بھنی ہوئی ہینگ ایک حصہ - سیندہا نمک ایک حصہ - نسوت پانچ حصہ - ان سبکی برابر حیتر ک لے اور باریک پیس بقدر دو درم پانی کے ساتھ کھاے تو اوردہ بات روگ دور ہو +

ادہمان روگ کی علامتین

سب پیٹ مین اپھارا اور درد ہو اور ریح صادر نہو اوسکو ادہمان کا عارضہ کہتے ہین +

علاج

اس عارضے مین فاقہ کراوے اور ہاضمہ اور بھوکھ بڑہنے کی چیزین دے اور عمل کراوے یا پیپل دو درم - نسوت دنش درم - بھری دنش درم - اونکو پیس دو درم شہد کے ساتھ کھاوے تو اپھارا دور ہو - اسکا نام نارائن چورن ہے پانچ - کوٹ - بادیان - بھنی ہوئی ہینگ - سیندہا نمک یہ سب برابر لے کوٹ اور کانجی مین انکو پیس گرم گرم پیٹ پر ملے تو اپھارا دور ہو - یا ہمانا راج رس سے اپھار جاوے وہ یہ ہے - پوست ہلیلہ ۲ تولہ - مغز املتاس ۲ درم - آملہ ۲ تولہ - وا تیونی ۲ تولہ - کٹکی ۲ تولہ - نسوت ۲ تولہ - ناگر موتھا ۲ تولہ - تھوہر کا دودہ - چار تولہ ان سبکو باریک پیس چار ثار پانی مین اوٹاوے جب پانی کا آٹھوان حصہ رہجاوے تب جمال گوٹے کا چھلکہ دو تولہ باریک کپڑے سے باندہ رفتہ رفتہ جمال گوٹے کو نچاوے جب پانی جل جاوے تب اوسے نکال لے پہر جمال گوٹہ آٹھ حصہ - زنجبیل ایک حصہ - فلفل سیاہ دو حصہ پارہ ایک حصہ - گندک مصفا ایک حصہ - پہلے پارہ اور گندک کو حل کرے اور سب چیزین ملاکر ایک پہر کہرل کرے پہر ایک رتی بھر کی گولی باندہے ایک گولی ہر روز ٹھنڈے پانی سے

کھاسے تو اپچار - سول - اناہ - پریتیا وہمان - اودا ورت - گولا - اور شکم کے عارضہ کو یہ مہانا راچ رس دور کرتا ہے اسکے کھانیسے دست ہوچکین تب مصری ملاکر دہی کھلاوے پھر چاول دہی ملاکر اوسمیں سیندہا نمک ڈالکر تھوڑا سا کھاوے تو اودہمان کا عارضہ دور ہو +

پریتیا وہمان کی علامتین

پسلی - چھاتی مین تو اپچار نہو مگر ناف سے لیکر پیٹ تک اپچار ہوا اوسکو پریتیا وہمان کہتے ہین +

علاج

فاقہ کراوے اور ہاضمے کی دوائیان دینی چاہیین اور عمل کراوین تو پریتیا وہمان جاوے +

باتشٹھیلا کی علامتین

ناف کے نیچے ہوا کی گرہ پتھر سی بندہجاوے وہ گرہ پاخانہ اور پیشاب کو روک دے اوسکو باتشٹھیلا کہتے ہین +

پرتشٹھیلا کی علامتین

ناف کے نیچے ہوا کی گرہ پتھر کے مانند بندہکر پاخانہ اور پیشاب کو روک دے اور اوس جگہہ پر زیادہ درد ہو اوسکو پرتشٹھیلا کہتے ہین +

ان دونونکا علاج

بھنی ہوئی ہینگ - چیلا مول - کشتیز - زیرہ سیاہ - چب - چترک - پاڑہ - کچور - امل بید - نمک سیاہ - سیندہا نمک - سانبھر نمک - بجبیل - مرچ سیاہ - پیپل - جوا کھار - بچی - انار دانہ - پوست ہلیلہ - چوہکر مول - ڈانسرہ - بیج جھاؤ - ان سبکو برابر لے باریک پیس اوسکے رس کی تین پٹ دے پھر اس چورن کو سایہ مین سکھا دو درم گرم پانی سے کھالے تو باتشٹھیلا - پرتشٹھیلا دور ہون +

توتی روگ کی علامتین

پاخانہ اور پیشاب کی جگہہ مین رہنے والی ہوا مقعد اور آلت مین درد پیدا کرتی ہے اوسکو توتی روگ کہتے ہین +

پرت تونی کی علامتین

مقعد اور آلت مین جو ہوا رہتی ہے وہ مقعد اور آلت مین درد کرکے پیڑو مین درد پیدا کرتی ہے اوسکو پرت تونی کہتے ہین +

ان دونونکا علاج

ان دونون کو تیل کا عمل دے تو دونون عارضے دفع ہون یا زنجبیل - پیپل - فلفل - سیاہ - بھنی ہوئی ہینگ - جوا کھار - سجی - سیندہا نمک - اِنکو باریک پیس دو درم گرم پانی سے کھاوے تو تونی پرت تونی روگ جاوے +

ترک شول کی علامتین

کمر کی تینون ہڈیون اور باسے کی ہڈی مین درد ہو اسکو ترک شول کہتے ہین +

علاج

بالو ریت سے سینک کراوے یا ارنے اوپلے کی راکھ سے گرم گرم سینک کراوے تو ترک شول دفع ہو - یا گولی بوٹی کی جڑ کا چھلکا - اسگندہ - پوست جھاؤ - گلو - چتاور - گوکھرو - راسنا - نسوت - بادیان - کچور - اجواین - زنجبیل - ان سبکو برابر لے اور سبکی برابر گوگل مصفا اور گوگل سے چوتھائی گھی لے سبکو ملاکر پانچ ماشہ ہر روز شراب سے یا نیگرم پانی یا یخنی کے ساتھ کھاوے تو ترک شول دور ہو اور جانو گرہ بھجا استمبھ سندھ گت ہاے ہڈی ٹوٹ گئی ہو - کھوراپن - گردہری - پکشا گھات - ان سب عارضون کو یہ تریود شادونگ گوگل دور کرتا ہے +

بست بات کی علامتین

پیڑو کی ہوا مفسد ہو کر پیشاب کو اچھی طرح اوترنے نہ دے اور بیماریونکو پیدا کرے اوسکو بست بات کہتے ہین

اسکا علاج

پوست بیج کھرٹی اور اوسکے برابر مصری ملاکر ۴ تولہ گاے کے دودہ کے ساتھ کھاوے تو بار بار

پیشاب کرنیکا عارضہ دور ہو۔ یا ترپھلے کو بیس اوسکے برابر ملاکر ۴ ماشہ شہد کے ساتھ کھاے تو پیشاب کا عارضہ دفع ہو +

پیشاب رُک گیا ہو اوسکا علاج

جواکھار پانچ ماشہ مصری کے ساتھ کھاے تو بند ہوا پیشاب چھوٹے۔ یا تخم بٹھیہ۔ تخم تیورسی ان دونوکو پانی مین پیس دو ماشے جواکھار ڈالکر مصری کے ساتھ پیے تو پیشاب چھوٹے یا چینا کا فور کی بتی مرد کے آلت اور عورت کے مقام مخصوص مین رکھے تو پیشاب چھوٹے۔

گردہرسی روگ کی علامتین

پہلے کولے مین پھر اور اعضا مین درد ہو۔ پھر پاؤن کو بی حرکت کردے اور بہت آہستہ آہستہ اوٹھے اوسکو گردہرسی کی بیماری کہتے ہین وہ دو قسم کی ہے ایک باد کی دوسری بلغم کی باد مین تو زیادہ درد ہوتا ہے اور سر ٹیڑھا ہوجاے اور پاون جب نکلہ اور ہر ایک عضو پھڑک پھڑک کر بیحرکت ہوجاوین اور باد او بلغم کی گردہرسی مین بدن بھاری رہے ہاضمہ کی طاقت کم ہوجاوے۔ غنودگی ہو۔ لعاب بہت گرے +

گردہرسی کا علاج

قے کرانے اور عمل سے گردہرسی کا عارضہ دور ہو۔ بدنکو ہڑ کے جلاب سے صاف کر پھر عمل کرے یا ارنڈ کا تیل اور گوموت ملاکر ایک مہینہ تک پیے تو گردہرسی کا عارضہ دفع ہو۔ باتیل۔ گھی۔ اوڑک کا رس۔ بجوریکا رس۔ چوک۔ قند سیاہ۔ یہ اندازکے موافق ملاکر ایک مہینے تک پیے تو گردہرسی روگ جاوے اور اس سے کمر اور جانگھہ کا درد۔ ترک شول۔ گولا۔ اوداورت۔ یہ بھی عارضے جاتے ہین یا ارنی کی مینگی کو دودھ مین کھیر کرکے ایک مہینے تک کھاوے تو گردہرسی روگ فوطے کا درد۔ دور ہو۔ یا مغز ارنڈ۔ کٹیلی۔ انکا خوشاندہ کرکے اور تیل ملاکر پیے تو گردہرسی اور فوطونکا درد دور ہو۔ یا بڑ فون۔ نک سیاہ۔ انکو باریک پیس گاے کے پیشاب اور ارنڈ کے تیل مین ملاکر پیے تو بلغم باد کی گردہرسی جاوے۔ یا اڑوسہ۔ واتیونی۔ مغز املتاس۔ انکا

جوشاندہ کرا وسمین ارنڈ کا تیل ملا کر پیے تو گردہرسی کا عارضہ دور ہو۔ یا نرگنڈی کے پتون کے کاڑھے سے گردہرسی روگ دور ہو۔ یا راسنا دس تولہ۔ گوگل۔ ان دونون کو بیکر ماشہ کی گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو گردہرسی کا عارضہ دفع ہو۔ یا راسنا۔ گلو۔ مغز املتاس۔ دیودار۔ گوکھرو۔ بیج ارنڈ۔ ورسانٹی۔ زنجبیل انکا جوشاندہ کرکر دے تو گردہرسی روگ پیڑوا ور پسلی کا درد استے روگونکو یہ راسنا دک کاڑہ دور کرتا ہے +

لھوڑا پنگلا روگ کی علامتین

کمر مین جو باد رہتی ہے وہ جانگھون کی نسون کو پکڑ کر ایک پاؤن کو بحرکت کر دیتی ہے اوسکو کھوڑا کہتے ہین اور کمر مین جو باد رہتی ہے وہ جانگھہ کی نسونکو پکڑ کر دونون جانگھونکو زائل کر دے اور چلنے نہ دے اوسکو پنگلا کہتے ہین +

ان دونونکا علاج

جلاب کے لینے اور دو ائیونکے گرم پسینے سے اور جوگراج وغیرہ گوگل کے کھانے سے اور تیل وغیرہ کی مالش سے اور عمل لینے سے یہ دونون عارضے دفع ہون +

کلا پنکھج کے عارضی کی علامتین

چلتے وقت بدنمین رعشہ ہو اور لنگڑا سا نظر آوے تو جاننا کہ نسون نے اپنی جگہ چھوڑ دی ہے اوسکو کلا پنکھج روگ کہتے ہین +

علاج

بکھر وغیرہ تیل کی مالش سے یہ عارضہ دور ہو +

کروشٹ شیرکھ روگ کی علامتین

باد اور خون کے فساد سے پاؤن مین سوجن ہو درد زیادہ ہو اور سیار کے سر کے مانند سخت ہو اوسکو کروشٹ شیرکھ کہتے ہین +

علاج

گلو ڈہائی درم - ترپھلا دس درم سان دونکا کاڑہا کر اوسمین دو درم قند سیاہ ملا کر ایک مہینے پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یا پاوا تار دودہ مین ارنڈ کا تیل ڈالکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یا بدہارے کو پیسکر مادہ گاو کے پاوا تار دودہ مین پیے تو یہ عارضہ دفع ہو - یا کشور گوگل کے استعمال سے یہ عارضہ دور ہو +

پاؤن دکھنے کا علاج

تیل کی مالش کرکے اوپر سے پسی ہوئی زنجبیل ملے اور اوسکے اوپر تیل چپڑ ارنڈ کے پتے گرم کرکے باندہ دے تو پاؤن دکھنا بند ہو - یا تخم کونچ دو درم دہی کے ساتہ سات دن کہاے یا چودہ دن کہاے تو پاؤن کا دکھنا بند ہو +

کھلی کا علاج

کوٹ - سیندہا نمک - انکا کاڑہا کرے اس کاڑہے کے رس مین تیل اور اہل بید کے رس کو ڈالکر تیل نرم آنچ سے پکاوے جب رس جلکر تیل رہجاوے تب اس تیل کی مالش کرے تو کہلی روگ جاوے +

بات کنٹک روگ کی علامتین

اونچی نیچی جگہ پر پاؤن رکھنے مین درد ہو پھر ٹخنے مین درد ہو اوسکو بات کنٹک کہتے ہین +

علاج

ٹخنے مین پچھنے سے خون نکلواوے تو بات کنٹک روگ جاوے یا ارنڈ کا پانچ درم بھر تیل ایک مہینے تک ہر روز پیے تو یہ بیماری دور ہو +

پاددادہ کی علامتین

بادصفرا خون یہ تینون مل پاؤن کے تلوون مین جلن کرین اوسکو پاددادہ کا عارضہ جانو +

علاج

مسور کی دال کو باریک پیس اوٹاوے پھر بہت ٹھنڈا کرا وسمین آٹا سان پانچ سات مرتبہ پتلا لیپ کرے تو پادواہ جاوے۔ یا مسکہ کو پاؤن کے تلوہ مین ملکر آگ سے تپاوے تو یہ بیماری جاوے۔ یا انڈی کو گاے کے دودہ مین ملے اگر بہت بھی خلبن ہو تو جاوے +

پادہرکھہ کی علامتین

جسکے دونون پاؤن چھپچھپاہٹ کرکے سوجاوین اور کسیطرح جاگنے سے جاگ اوٹھین اوسکو پادہرکھہ کہتے ہین +

علاج

بلغم اور باد کا دور کرنے والا سب علاج کرے تو یہ عارضہ دور ہو +

پاؤن کی اعضا شکنی کا علاج

تل سا مہر نمک۔ ہلدی یہ سب برابر لے اور انکو دہتورے کے بیجون کے پانی مین پیسے اور ان تینون کے برابر مسکہ مادہ گاو لے پھر انکو پکاوے اور پکتے ہی مین چوگنا گوموت ڈالے یہ سب جل جاوین اور گھی رہجاوے تب وہ گھی پاؤن کے تلوہ مین مالش کرے تو پاونکی اعضا شکنی دفع ہو +

صفر اسمیت باد کے پاونکی کندی کی علامتین

صفرا کی جگہہ جو شکم وغیرہ ہین اونمین جو باد رہتی ہے اوسکو بیحرکت کرکے ڈنڈے کیطرح کردے یا بلغم سے جو باد ملی ہے وہ دہنی ناڑی مین ملکر بدنکو بیحرکت کردے یہ عارضہ مشکل سے اچھا ہو

صرف باد کی کندی کی علامتین

ہاتھہ۔ پاؤن۔ پیٹھہ۔ اور گانٹھہ کو بیحرکت کردے اور یہ انمین درد بھی کرے تو یہ لاعلاج ہے +

چوٹ لگنے سے جو ریح پیدا ہو

جس جگہہ چوٹ لگی ہو اوس سے جو ریح پیدا ہو اوسکے مانند دواندر جانو +

اسکا علاج

بیخ کھرٹی - دسمول - جو - بیخ بیل - کلتھ - انکو اشٹا وشیکہ یعنی اوٹانے سے آٹھوان حصہ جو عرق باقی رہے اوسکا کاڑہا کر تیل ملا نرم آنچ سے پکا کر تیل طیار کرے اور یہ دوائیان اوور ملاوے - سیندہا نمک - اگر - رال - دیودار - مجیٹھ - پدماک - کوٹ - الایچی - چھٹر تیرج تگر - سفید سرسون - چھتاور - اسگندہ - بادیان - بیخ سانٹی - یہ تیل کے اندازے کے موافق ڈالکر پکاوے پھر اس مہا تیل کی مالش کرے تو سب طرحکی بیماریان - ہچکی - دمہ - آنتین بڑہجاوین - کمزوری - ٹوٹی ہڈی - پسینا - ان سب عارضون کو یہ مہا بلاچورن تیل دور کرتا ہے +

انترایام روگ کی علامتین

پاؤن کی اونگلی - ٹخنہ - شکم - چھاتی - گلا - انمین جو باد رہتا ہے وہ بڑی نسون کے مجموعہ کو بدنکے اندر پکاتا ہے پھر اوسکی انکھین پھٹ کر بیحرکت سی ہوجاوین اور کندہا نہڑے پسلی ٹوٹی سی ہوجاوے - بلغم گرے - بدن کمان کی مانند ٹیڑہا ہوجاے جسمین یہ بیماریان ہون اوسکو انترایام روگ جانو +

باہیایام عارضے کی علامتین

بہت بادی چیزون کے کھانیسے جو باد مفسد ہو وہ بدنکی سب نسین - کندہے پیٹھ ان کو سکھا کر بدنکو کمان کے مانند ٹیڑہا کردیتی ہے اور اوسکی چھاتی اور جانگھ کو وہ باد توڑ ڈالتی ہے جسمین یہ علامتین ہون اوسکو باہیایام عارضہ کہنا چاہیے اور جو لقوے کا علاج پیچھے لکھا ہے وہی اس عارضے کا بھی جاننا +

دہنواستمبھ کی علامتین

کمان کے مانند بدن ہوجاوے اور بدنکی رنگت اوسکی اور ہوجاوے منہ بند ہوجاوے بدن کمزور ہو - ہوش جاتا رہے پسینا آوے اوسکو دہنواستمبھ روگ کہتے ہین اس بیماری والا مرجاتا +

کپجک کے عارضہ کی علامتین

بادمفسد ہوکر چھاتی کو اونچا کرکے چھاتی مین زیادہ درد کرے اوسکو کپجک روگ کہتے ہین ان تینون کا دور کرنیوالا پرسارنی تیل اسی باب مین لکھا ہے اوس سے دھنوا استمبھ باہیا یام - انترا یام - باد کے فساد اور سب طرحکے عارضے دور ہون +

اپ تنتر کے عارضے کی علامتین

بادی چیز کے زیادہ استعمال سے بادمفسد ہوکر اپنی جگہ چھوڑ چھاتی مین جاکر سر اور کنپٹی مین درد کرے اور کمان کیطرح بدنکو جھکا دے اور غفلت ہو ایسا مریض نہایت تکلیف سے دم لے اور آنکھین پھٹ جاوین یا بند ہوجاوین اور گلا کبوتر کے مانند ہوجاوے ہوش جاتے رہین جسکے یہ علامتین ہون اوسکو اپتنتر جانو +

علاج

فلفل سیاہ - تخم سنبھو - بای ڈنگ - افیون - مدار - یہ سب برابر لے اور باریک پیس اسکی ناس لے تو یہ عارضہ دفع ہو - یا پوست ہلیلہ بیج - رال - سیندھانمک - املبید - انکو باریک پیس دودھ گھی کے ساتھ یا ادرک کے رس کے ساتھ پیے تو اپتنتر کا عارضہ دور ہو +

اپتانک کے عارضے کی علامتین

آنکھین بھچی سی ہوجاوین - ہوش جاتے رہین - گلے مین بلغم بولے - ہوش ہوا وین تب چین پڑے اور بیہوشی ہو تب اور بھی غفلت ہو یہ خوفناک عارضہ ہے اور یہ عورت کو حمل کے گرنے سے ہوتا ہے اور مرد کو زیادہ خون کے نکلنے سے ہوتا ہے یا بھاری چوٹ کے لگنے سے ہو - یہ عارضہ لاعلاج ہے +

علاج

وشمول کے کاڑھے مین پیپل ملاکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یا تیل کی مالش سے جاوے یا ستھ کھی چیز کی ناس لے تو یہ عارضہ دفع ہو - یا گھی کی پینے سے یہ بیماری دور ہو - یا تیل کی چیز پینے سے دفع ہو +

پکشاگھات کی علامتین

کسی سبب سے باد مفسد ہوکر آدمی کے بدنکو پکڑ سب بدنکی نسونکو سکھا دیتی ہے اور آدھے بدن کی نسون کو تو بہت پتلا اور نکما کر دیتی ہے وہ نسین شش ہو جاوین یہ علامتین ہون تو اتو سکو پکشاگھات کی بیماری کہتے ہین ماہنی اور بہین طرف بیجان بہہ جاوے وہ پکشاگھات دو قسم کا ہے ایک تو صفر باد کا۔ دوسرا بلغم باد کا۔ بدن کے باہر اور اندر جلن ہو۔ تو صفر باد کا پکشاگھات جانو۔ اور بدنکی باہر اور اندر سردی لگے سوجن ہو۔ بدن بھاری رہے تو بلغم باد کا پکشاگھات جانو +

لاعلاج پکشاگھات کی علامتین

صرف باد سے پکشاگھات ہوا ہو تو مشکل سے اچھا ہو +

لاعلاج پکشاگھات کی علامتین

حاملہ عورت یا جسکو بچا پیدا ہوا ہو انکے پکشاگھات ہو تو لاعلاج جانو۔ یا لڑکا اور کمزور مرد اور زخمی کو جسکا خون نکل گیا ہو اوسکے ہو تو لاعلاج جانو +

علاج

ماش۔ تخم کونچ۔ بیخ ارنڈ۔ بیخ کھڑی۔ انکا جوشاندہ کراوسمین بھنی ہوئی ہینگ سیندہا نمک ملا کر پیے تو پکشاگھات جاوے۔ یا پیلا مول۔ چرک۔ پیپل۔ زنجبیل۔ راسنا۔ سیندہا نما۔ ماش۔ انکا کاڑہا کر اس کاڑہے کے رس مین تیل پکاوے جب رس جل جاوے اور تیل رہجاوے تب مالش کرے تو پکشاگھات دور ہو۔ اسکا نام گرتھکا تیل ہے۔ یا ماش۔ تخم کونچ۔ اتسی۔ بیخ ارنڈ۔ راسنا۔ بادیان۔ سیندہ نمک۔ انکو باریک پیس کاڑہا کر اس کاڑہے مین تیل پکاوے جب رس جل جاوے اور تیل رہجاوے تب مالش کرے تو یہ عارضہ دفع ہو۔ اسکا نام ماکھا تیل ہے یہ سب بھاو پرکاش مین لکھے ہین۔ یا تخم کونچ۔ بیخ کھڑی۔ بیخ ارند۔ ماش۔ زنجبیل سیندہا نمک انکا جوشاندہ چھان کر پیے تو پکشاگھات جاوے۔ یہ بید منود مین لکھا ہے۔ یا سوہے کا رس پانچ درم۔ گوگل پانچ درم۔ بیجا مول پانچ درم۔ بکری کی مینگنی پانچ درم۔ کپیلی کا رس پانچ درم

باریک پیس بدن مین ملے پھر کمر برابر گڑہا کھود گڑہے مین آگ جلا کر سرخ کرے اور گڑہے کے چوگرد آک کے پتے ڈالے پھر اوس بکشا گھات کے لیپ کیے ہوے شخص کو اوس گڑہے مین لٹھاوے جب اوسکو پسینا آوے تو بکشا گھات اوسیدن جاتا ہے +

نیند جاتی رہی ہو اوسکا علاج

بھنی ہوئی ہینگ باریک پیس رات کو اندازکے موافق شہد سے چاٹے تو ضرور نیند آوے اور آنیسارا اور سنگرنی بھی دفع ہوکر بھوکھ بڑہے - یا پسی ہوئی پیلا مول قند سیاہ کے ساتہ کہاے تو بیخوابی دور ہو - یا گاگلہری کی جڑ سر سے باندھے تو نیند آوے - یا ناک ہاتھون سے پاؤن کی نپڑلی دباوے تو نیند آوے - یا بگین کے بھرتے مین شہد ملا کر کہاوے تو نیند جلد آوے - یا روغن ارنڈ - اور روغن السی ان دونون کو برابر لے کانسے کی تھالی مین خوب گھسکر انجن کرے تو نیند زیادہ آوے - یا بکری کے دودہ سے پاؤن کے تلوے دھوے تو نیند آوے - یا کستوری کو عورت کے دودہ مین باریک پیس انجن کرے تو بہت دن کی بھی گئی ہوئی نیند آوے - یا بادیان - اور بھنگ کو باریک پیسکر بکری کے دودہ مین نیگرم سے تو نیند آوے یہ سب علاج بید بنود مین لکھے ہین +

بدن بھر مین ریح کا زور ہو اوسکی علامتین

تمام بدن مین درد کو پیدا کرتی ہے +

علاج

بکھہ گربہ وغیرہ تیلون کی مالش سے یہ عارضہ دفع ہو +

ساتون دہاتون مین جو ریح پھر اکرے اوسکی علیحدہ علیحدہ علامتین اور علاج

جلد کو سن اور زرد کرکے بدنکو دبلا کرے اور درد پیدا کرے +

خون مین جو باد کا فساد ہو اوسکی علامتین

بدن مین زیادہ درد ہو - رنگت اوری کی اور ہوجاے بدن دبلا اور بھاری رہے کسی چیز کی

اشتہا نہو۔ منہہ پر کیل ہو کھانا ہضم نہو +

جو ریح گوشت مین پہونچے اوسکی علامتین

بدن بھاری ہو۔ درد ہو۔ بیحرکت کردے +

جو چربی مین ریح ہو اوسکی علامتین

بدن مین پھوڑے پیدا کرے +

ہڈیونمین جو ہوا مفسد ہو اوسکی علامتین

ہر ایک عضو مین درد ہو۔ گوشت جل جاوے۔ نیند نہ آوے اور شحم مین جو ریح مفسد ہو تو وہ بھی یہی فساد کرے +

منی مین جو ہوا مفسد ہو اوسکی علامتین

عورت کے ساتہ جماع کرے تو منی جلد گرے حمل کو بگاڑے یا نہ بگاڑے +

ان سبکا علاج

رس مین بگڑی باد والے کے تیل کی مالش کرے اور خون مین بگڑی ہوئی ریح والے کے ٹھنڈی چیزکا لیپ کرے یا جلاب دیکر خون نکلوا کر درست کردے گوشت کی ریح کو جلاب سے دفع کرے ہڈیون کی بگڑی باد کو چکنی چیزین کھلانے اور لگانے سے آرام کرے اور شحم کی ریح بھی چکنی چیزون کے لگانے سے اچھی ہوتی ہے منی کی بگڑی ریح طاقت کے زیادہ کرنے والی دواؤن کے استعمال کرنے سے اچھی ہو +

معدہ کی ریح کی علامتین

یہ ہوا پاخانہ اور پیشاب کو روک کر درد سینہ۔ گولہ۔ بواسیر پسلی کے درد کو پیدا کرے +

علاج

ہاضمہ کی دوا دے یا دودہ پلاوے +

آنون کی ریح کی علامتین

چھاتی - پسلی - پیٹ - ناف مین درد ہو - پیاس لگے دکار بہت آوین ہیضہ ہوجاوے اور کھانسی ہو - حلق اور منہ سوکھ جاوے - دمہ ہو +

علاج

ہاضمہ کی دوا دین اور دفاقہ اور قے کرادین - مسہل دین - کھانے کو پرانی مونگ اور چاول یا کچور پوکھرمول - بیلگری - گلو - دیودار - سونٹھ - بچ تین تین پیل پانی ٹرنگ برابر کا کاڑھا دے تو آنون کی جگہ کی مفسد ریح دور ہو +

معدہ مین بگڑی ہوئی ہوا کی علامتین

آنت بولے - درد شکم اور اپھار ہو - پاخانہ اور پیشاب مشکل سے اوترے پیٹھ مین درد ہو +

مقعد مین جو بگڑی ہوا ہی اوسکی علامتین

پاخانہ اور پیشاب ہوا سے رک جاوے - درد شکم اور اپھار ہو - تپھری کی بیماری ہوجاے جانگھون مین درد ہو +

علاج

عمل لینے سے یہ بیماری دفع ہو +

چھاتی مین جو ہوا بگڑی ہوا اوسکا علاج

گلو - مرچ ان دونون کو برابر پیس نیگرم پانی سے پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یا دیودار اور زنجبیل کو باریک پیس نیگرم پانی سے پیے تو یہ بیماری دفع ہو - یا سگندہ - پوست بہیڑہ باریک پیس قند سیاہ مین ملاکر کھاے تو بیماری جاے +

کان وغیرہ مین جو ہوا بگڑی اوسکی علامتین

وہ کان وغیرہ حواسونکو زائل کردے +

اسکا علاج

سینک اور تیل وغیرہ کی مالش سے یہ عارضہ دفع ہو +

بدن کی نسوں میں جو ہوا بگڑی اوسکی علامتیں

درد ہوکر نسیں اکٹھی ہوجاویں +

علاج

فصد کھولنے سے یہ عارضہ دفع ہو +

ہر ایک عضو میں جو ہوا بگڑی اوسکی علامتیں

ہر ایک عضو میں درد ہوکر اعضا کو بگاڑ دیتی ہے +

علاج

سینک اور تیل کی مالش سے یہ عارضہ دفع ہو۔ یا بیخ اندراین اور پیپل دو درم قند سیاہ میں کھاوے تو یہ بیماری جاوے +

باد کے عارضوں کا عموماً علاج

نارائن تیل کا طریقہ

اسگند۔ بیخ کھرٹی۔ بیلگری۔ پاٹل۔ دونوں کٹیلی۔ گوکھرو۔ پوست گنگیرن۔ پوست نیم۔ ارلو۔ بیخ ساگ۔ کھیپ۔ ارنی۔ ان سب دواؤں کو پیس تولہ بھرلے اور سولہ بار پانی میں ان کو آہستہ آہستہ پکاوے جب چوتھا حصہ کاڑھا رہجاوے تب اوسمیں ۴ سیر تل کا تیل اور تیل سے چوگنا شیر مادہ گاؤ ڈالے پھر اوسکو نرم آنچ سے پکاوے اور پکتے ہی میں کوٹ ۴ تولہ۔ الائچی ۴ تولہ۔ سرخ صندل ۴ تولہ۔ بچ ۴ تولہ۔ چھڑ ۴ تولہ۔ سلاجیت ۴ تولہ۔ سیندھا نمک۔ کھرٹی ۴ تولہ۔ ناسا ۴ تولہ۔ بادیان ۴ تولہ۔ اندراین ۴ تولہ۔ سال پرنی ۴ تولہ۔ پرشٹ پرنی ۴ تولہ۔ ماکھ پرنی ۴ تولہ۔ مگ پرنی ۴ تولہ۔ یہ سب اسمیں ملاکر نرم آنچ سے پکاوے جب رس جلکر تیل رہجاوے تب اوتار کر چھان لے پھر اس تیل کی مالش کرے یا عمل لے تو بکشا گھات۔ ہنواستمبھ۔ گل گرہ۔ بدہتا گت بھنگ۔ سکت گرہ

گاتر سوکھ نشٹ شکر - بکھم جر - آنتو نکا بڑھنا - دردسر - درد گردہ - گردہ سوجی - اور سب بگڑی ہوا کے عارضے اس نارائن تیل سے دور ہوتے ہین ٭

جوگ راج گوگل کے بنانیکا طریقہ

زنجبیل - پیپل - چب - پیلا مول - چترک - بھنی ہوئی ہینگ - اجمود - سرسون - دونون زیرہ - سمھالو - اندرجو - پاڑہ - بای ڈنگ - گج پیپل - کنکی - اتیس - بھارنگی - بچ - میڑھا - یہ سب دوا چار چار ماشہ بھر لے اور سب دواؤن کا چوگنا ترپھلا لے پھر دواون کو ملاکر چار چار ماشہ بھر کی گولی باندھے اور گھی کے چکنے برتن مین رکھ چھوڑے - پھر راسنا وغیرہ کے کاڑھے سے ایک گولی کھاوے وہ لکھتے ہین - راسنا - بیخ سانٹی - زنجبیل - گلو بیخ ارنڈ - انکے کاڑھے سے جوگراج گوگل کھاے تو سب بادکے عارضے دور ہون - اور دارہلدی کے کاڑھے سے کھاے تو جریان کے عارضے دفع ہون اور گوموت سے کھاوے تو پلیا جاے - اور شہد کے ساتھ کھاے تو بادا ور خون کے عارضے دور ہون - اور پنیر نواد کاڑھے سے کھاے تو شکم کے عارضے دور ہون - اس گوگل کا استعمال کرنے والا کھٹائی وغیرہ نہ کھاوے - یا لہسن کا رس ایک تولہ بھر اوسکے برابر کا تیل ملاکر پیے تو بادکے سب عارضے دور ہون - یا دودھ کے ساتھ یا گھی کے ساتھ یا یخنی کے ساتھ لہسن ۱۴ دن تک کھاوے تو سب طرحکے ہوا کے فساد کے عارضے جاوین - اور بکھم جور - درد گولہ - بدہضمی پھیا - دردسر - منی کے عارضے انکو یہ لہسن پہلے کہی ہوئی چیزون کے استعمال سے دور کرتا ہے اسکا نام لہسن کلپ ہے - یا راسنا - دہماسہ - بیخ کھرہٹی - بیخ ارنڈ - دیودار - کچور - بچ - اڑوسہ - پوست ہلیلہ - چب - ناگرموتھا - بیخ سانٹی - گلو - بدہارا - بادیان - گوکھرو - اسگندہ - اتیس - مغز کربالا - چھتیادر - پیپل - پوست سہنجنہ - کشنیز - دونون کٹیلیان یہ سب برابر لے انکا جوشاندہ کرکے اسکے ساتھ جوگراج گوگل کھاوے تو سب طرحکے بادکے فساد جاوین - اسکا نام مہاراسنادی کوا تھہ ہے - اور بھاؤپرکاش مین لکھا ہے - یا تھوہر - ارنڈ - بکاین - سمھالو -

سنبھالو۔ کنیر۔ ان سبکے پتون کا رس اور رس سے چوتھائی تیل ڈالکر پکاوے پھر اسمین نیمبیل ڈالے جب یہ سب جل جاوین اور تیل رہجاوے تب اس تیل کی مالش کرے تو سب طرحکی باد کے فساد کے عارضے دفع ہون اسکا نام انشاناگ تیل ہے +

بکھہ گربہ تیل

بیج دھتورہ۔ نرگنڈی۔ بیج کڑوی توبنی۔ بیج ارنڈ۔ اسگندہ۔ پاڑہ۔ چرک۔ بیج سنبھالو۔ گاگلہری۔ بیج کرہاری۔ پوست نیم۔ پوست بکاین۔ دسمول۔ چھتاور۔ چرپوٹن۔ سفید سرسون۔ بداری قند۔ برگ تھوہر۔ برگ آک۔ سنا۔ دونون کنیر کی چھال آمدہی جہاڑہ کھیپ یہ سب دوا چھ چھ تولہ بھرلے اور ان سب دواؤن کے برابر سیاہ تل کا تیل لے اور اتنا ہی روغن ارنڈ لے اور اوسمین چوگنا پانی ڈالے پھر یہ دوائیان کوٹ کے۔ اسمین ملاکر نرم آنچ سے پکاوے جب یہ دوا پانی سمیت جل جاوین اور تیل رہجاوے تب اوتار لے پھر اسمین نیمبیل فلفل پیپل۔ اسگندہ۔ راسنا۔ کوٹ۔ ناگرموتھا۔ بیج دیودار۔ اندرجو۔ جوا کھار۔ پانچون نمک نیلا تھوتھا کایپھل پاڑہ۔ بھارنگی۔ نوسادر۔ گندھک۔ پوکرمول۔ سلاجیت۔ ہرتال۔ یہ سب دوا چھ چھ ماشہ بھرلے اور سنکھیا ایک تولہ بھرلے ان سبکو باریک پیس تیل مین ڈالے پھر اس تیل کی مالش کرے تو سب باد کے عارضے دور ہون اور کوکھہ۔ ابرو۔ پیٹھہ۔ جانگھہ۔ اور اعضا کی سوجن اور گردہ سی روگ۔ دردسر۔ اعضا شکنی۔ کان کا درد۔ گنڈمالا۔ ان بیماریونکو یہ بکھہ گربہ تیل دور کرتا ہے +

کچھی بلاس مہاسگندہ تیل

موشیودا ۱۲

مجیٹھہ۔ دیودار۔ چیڑہ۔ کیتکی بیج۔ بیج۔ بترج۔ گندھک۔ صفا۔ کچور۔ پوست ہلیلہ۔ آملہ۔ ناگرموتھا۔ یہ سب دو دو تولہ بھرلے اور پیسکر جوش دیکر رس نکالے پھر اس رس مین ایک اتار تیل ڈالکر نرم آنچ مین پکاوے جب رس جلکر تیل رہجاوے تب اس تیل مین۔ ہلیلہ۔ موڑدہا مٹیل۔ بیج چمپا۔ بیج۔ پیلا مول۔ نیتر بالا۔ نمک سیاہ۔ یہ سب چار چار تولہ بھرلے اور لوبان

بیر - جو - اسگندہ - نکھی - یہ سب چار چار تولہ بھر لے - اور الایچی - لونگ - چندن - جاپھل کی کلی - کنکول - ناگ کیسر - یہ سب تولہ تولہ بھر اور کستوری ۲ درم لیکر سب کو باریک پیس تیل مین نرم آنچ سے پکاوے جب سب اُور دوا جلکر تیل رہجاوے تب اسمین ۲ درم کافور پیسکر ڈالے پھر اسکی مالش کرے تو سب طرحکے ہوا کے عارضے اور سب طرحکے جریان - سُوجن - گولا - ان سبکو یہ تیل دور کرتا ہے - یہ چکرد ت مین لکھا ہے - بازبجبیل ۱۲ تولہ اور اسکے برابر ایک پوتھیا لہسن لے زنجبیل کو باریک پیس برابر کے گھی مین بھون لے پھر لہسن کو پیس ملاکر عمدہ شہد ۱۲ تولہ بھر ڈالے پھر ان سبکو خوب ملا ۲ تولہ بھر ہر روز کھاوے تو پکشا گھات - ہنوا - تھہہ - کٹ بنگ بازوؤن کا درد - اور سب ہوا کے عارضے یہ لہسن دور کرتا ہے -

بجے بھیرو تیل کے بنانیکا طریقہ

مال کنگنی - اسالو - زیرہ سیاہ - اجواین - میتھی - تل - یہ سب برابر لے اور تیل کی کہانی مین انکا تیل نکلوا کر اوس تیل کی مالش کرے تو سب ہوا کے عارضے جاوین - یا پارہ - گندھک ہرتال - مین سیل - یہ سب برابر لے تین دن تک کانجی مین باریک پیسے پھر ایک ساتھہ باریک کپڑے مین ان چارون کا لیپ کرے پھر اوس کپڑے کی بتی بناکر اوسپر سوت لپیٹے پھر اوسپر چوگنا تل کا تیل ڈالکر اوس بتی کو نیچا کرکے جلاوے اوسکے نیچے لوہے کا برتن رکھے اوسمین سے جو تیل ٹپکے اوسے علحدہ برتن مین رکھکر اسکی مالش کرے تو سب طرحکے ہوا کے فساد جاوین +

بجے بھیرو رس

پوست ہلیلہ چھہ تولہ - چترک چھہ تولہ - الایچی - تیج - پتر ج - ناگرموتھا یہ چارون تولہ تولہ بھر لے اور سمبھالو ۵ درم - ناگ کیسر ۲ درم - زنجبیل ۱ درم - فلفل سیاہ ۱۰ درم - پیپل ۱۰ درم - پیلا مول ۱۰ درم - سنگی مہرہ مصفا ۱۰ درم - سارہ ۱ درم - پارہ ۱۰ درم - گندھک مصفا ۵ درم پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر اوسمین یہ سب دوا ڈالے پھر ان سب مین پُرانا تین برس کا تمدسیاہ سو تولہ بھر ملاوے پھر گھی مین اسکی بیر کے برابر گولی بناوے اون گولیون کو گھی کے

برتن مین رکھے پھر ایک یا دو یا تین گولی ہر روز دو مہینے تک کھاوے تو بلغم اور صفرا کے سب عارضے دور ہون اور اس رس کا چار مہینے تک استعمال رکھے تو بادکے سب عارضے دور ہون - اور ایک برس استعمال کرے تو سب عارضے رفع ہون اور دو برس استعمال کرے تو بوڑہا پا دور ہو کر جوان ہو جاوے اور تین برس کھاوے تو عمر دراز ہو بدن درست رہے +

باتارس

پارہ ایک حصہ - گندھک مصفا دو حصہ - تریھلا تین حصہ - چترک چار حصہ - گوگل مصفا پانچ حصہ ان سبکو ارنڈ کے پتے مین ایک دن کھرل کرے پھر اسمین ہنگو اشنک چورن ڈالے اور ایک دن کھرل کرے پھر اسکی گولی ۲ درم کی باندہے پھر لونگ - زنجبیل اور ارنڈ کی جڑ کے کاڑھے سے ہر روز ایک مہینہ تک مباشرت ترک کرکے کھاوے تو سب طرحکی ریح کے عارضے جاوین اور عموماً باد کے فساد تو اسکے سات دن کے استعمال کرنے سے جاتے ہین +

سمیر ہنگ رس

گندھک مصفا - سنگی مہرہ مصفا - زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - پارہ یہ سب برابر لے پھر پارہ اور گندھک کو حل کرے یہ سب چیزین ڈالے اور بھانگرے کے رس کی سات پٹ دے پھر اسکی ایک رتی کی برابر گولی باندہے ایک گولی ادرک کے رس سے کھاوے تو سب طرحکی باد کا فساد دور ہو +

سمیر گج کیسری رس

نئی عمدہ افیون - کچلا - فلفل سیاہ یہ سب برابر لے باریک پیس بقدر ایک رتی گولی باندھے اور پان کے رس کے ساتھ ایک گولی صبح کیوقت کھاکر اوپر سے پان چباوے تو سب طرحکی باد کا فساد جاوے اور سوجن - ہیضہ - مرگی یہ سب جاوین - یہ بیدرہس مین لکھا ہے +

بروہ نیتامن رس

خراسانی اجوائن - زیرہ - اجمود - کاکڑاسنگی - اسگندہ - یہ سب برابر لے باریک پیس ایک ماشہ بھر گرم پانی کے ساتھ کھاوے تو سب طرحکے باوی عارضے دور ہون - ۱ درد مد - کھانسی - بک - زیادہ نیند - فکر دور ہون

امرت نام گٹکا

چترک ۶ تولہ - پوست ہلیلہ ۶ تولہ - پارہ ۲ تولہ - گندھک ۲ تولہ - زنجبیل ۲ تولہ - فلفل ۲ تولہ - پیپل ۲ تولہ - بیلا مول ۲ تولہ - ناگر موتھا ۲ تولہ - جایپھل ۲ تولہ - بدھارا ۲ تولہ - الائچی ۵ درم - ابرک ۵ درم - سنگی جہرہ مصفا ۵ درم - قند سیاہ ۱۶ تولہ - پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر ان سب دواؤن کو باریک پیس قند سیاہ سمیت اوسمین ملاوے پھر اوسمین حل کرکے بھانگرے کی ایک پٹ دے پھر ایک یا دو یا تین رتی کی برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو سب طرحکی باد کے عارضے - جذام - جریان - مرگی - چھئی - دمہ - سوجن - آنویات - پلیا بواسیر ان سب عارضونکو یہ رس دور کرتا ہے - یہ جوگ ترنگنی مین لکھا ہے ٭

راجپس رس

گندھک مصفا - پارہ مصفا - ان دونونکو برابر حل کرکے پھر اسمین دودھیا کی رس کی پھر تلسی کے رس کی ایک پٹ دی پھر باوچی کی رس کی ایک پٹ دی پھر مورسکھا کی رس کی پٹ دی پھر ملٹھی کی رس کی ایک پٹ دے پھر باراہی قند کی رس کی ایک پٹ دی پھر بھوپھلی کے رس کی ایک پٹ دی اسکا رس سکھا کر حل کیے ہوئے پارہ اور گندھک کو مرغی کی انڈی مین بھرے اور انڈی کو درست کرکے پھر انڈونکو کپروٹی کر چھپر انڈونکو سکھالے پھر اون انڈونکو گج پٹ مین پکالے اسیطرح تین مرتبہ کرے پھر اسمین سے ایک رتی کھاوے تو سبطرحکی باد کا فساد دور ہو اور بھوکھ بہت پیدا کرتا ہے - یہ رسارتو مین لکھا ہے

ننگیشر رس

پارہ مصفا - گندھک مصفا - انکو حل کرے اور دونون سے آدہی ہرتال مصفا ڈالے اور ان سبکی برابر رانگا ڈالے پھر انکو آک کے دودھ مین سات دن کھرل کرے پھر سکھا کر کانچ کے آتشی شیشے مین کپروٹی کر اوسمین بھر دے پھر شیشے کو بالکا جنتر مین بارہ پہر پکاوے پھر ٹھنڈا کرکے نکالے اوسمین سے آدہی رتی پان مین کھاوے تو سب طرحکی باد کے فساد - اونماد لیپنے ہول دلایں - کمزوری - ضعف معدہ - جذام - گھاو - یکھم جیسے یہ سب دور ہون - یہ جوگ ترنگنی مین لکھا ہے

ہرتال گنگا

ہرتال ۱ صفا - گندھک ۱ صفا - پارہ - شنگرف - سہاگہ - زنجبیل - ظفل - پیپل - یہ سب برابر لے اور پارہ اور گندھک کو حل کرکے یہ سب دوا ملاوے پھر ادرک کے رس کی ایک پٹ دے اور مونگ کے برابر گولی باندھے ایک گولی صبح کیوقت کھاوے تو سب طرح کے ہوا کے فساد اور سوتکا روگ - ضعف معدہ - سنگرہنی - سرد یکانجار یہ سب عارضے دور ہون - یہ رس تن پردیپ مین لکھا ہے +

لہسن پاک کے بنانیکا طریقہ

لہسن ۱ تولہ لیکر اوسکو باریک پیس زیرہ کے موافق کرلے پھر ایک تولہ دودہ اور چوتھا ۱/۴ ماشے پانی مین چڑہاکر آنچ دے جب دودہ لہسن مین سوکھ جاوے تب اوسکو کھرل کرکے جب لبدی بندھ جاوے تب ۱ ماشہ گھی ڈال آنچ دے جب خشک ہو تب اوتارلے اور گھی زیادہ ہے وہ نکال لے پھر دو تولہ بھر مصری کی چاشنی کرے اوسمین کستوری آدھی رتی لونگ سہ رتی جایپھل ۱ ماشہ دارچینی ۱ ماشہ - ورق طلا ۱ ماشہ یہ سب دوا پیسکر چاشنی مین ملاوے پھر وہ لہسن ڈال چارگولی باندھے ایک گولی صبح کے وقت کھاوے اور بہت ہوا بادکا فساد ہو تو دوسری گولی شام کیوقت کھاوے تو یہ بیماری دفع ہو اور پرہیز سے رہکر یہ گولی اکیس ۲۱ دن تک کھاوے اور زیادہ استعمال کی خواہش ہو تو اونچاس دن تک کھاوے اور گولی زیادہ بنانی ہون تو اسی حساب سے اوس لہسن کی تول کے موافق دوا بڑہالے اس لہسن پاک کے کھانے سے سب طرحکی بادکا فساد دور ہو اور بدن طاقت ور ہو بھوکھ بڑہے +

باب نہم

دربیان اورواستمبہ آم بات پت بیادہ کف بیاد ۵

اورواستمبہ یعنی جانگھہ بھرکیت ہوا سکی پیدائش

ٹھنڈی - گرم - رقیق - سوکھی - بھاری - اور مرغن چیزون کے کھانے سے اور دن کے سونے اور رات کے جاگنے سے اور زیادہ بھوکھ سے یا اجیرن یعنی بدہضمی مین پیچھے کہی ہوئی

چیزین کھانے سے بادمفسد ہوکر اور صفرا کو بگاڑکر جانگھون کو حرکت اور شل کردے کہ گویا جانگھہ بدن مین نہین ہے ہلنے چلنے نہ دے اوسکو اوروا ستمبھہ روگ کہتے ہین +

اوروا ستمبھہ کی پہلی شکل

نیند بہت آوے - دہیان لگ جاوے - کچہ بخار ہو - اور کچہ بال کھڑے ہوجاوین اور قے ہو اور جانگھون مین درد ہو یہ علامتین ہون تو جانو کہ اوروا ستمبھہ روگ ہوگا اس عارضے کو دہنتر جی نے سشرت مین مہابات بیادہ روگ کہا ہے اسکی علامات لکھتے ہین دونون پاون سوجاوین اونمین درد ہو بہت مشکل سے اوٹھین دونون جانگھون مین درد - جلن اور زمین پر پاون رکھتے ہی درد ہو - ٹھنڈی چیز کو نہ جانے چلا نہ جاوے لکڑی کیطرح جانگھین ہوجاوین - ٹوٹی سی نظر آوین یہ علامتین ہون تو بات بیادہ کہتے ہین +

لاعلاج اوروا ستمبھہ کی علامتین

جس اوروا ستمبھہ عارضے والے کے جلن اور درد ہو بدن کانپے وہ مرجاوے +

علاج

ترپھلا - پیلا مول - زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - انکو باریک پیس ڈہائی درم ہر روز شہد سے کھاوے تو اوروا ستمبھہ کا عارضہ دور ہو - یا زنجبیل - پیپل - سلاجیت - گوگل - یہ سب ۵ ماشہ گوموت کے ساتھہ ہر روز پیے تو یہ عارضہ دفع ہو - یا دسمول کے جوشاندے کے ساتھہ گوگل کھاوے تو یہ بیماری دفع ہو - یہ بھاو پرکاش مین لکھا ہے - یا بھلاوہ ادرم - گلو ادرم - نیوداد ادرم زنجبیل ادرم - پوست ہلیلہ ادرم - بچ سانٹھ ادرم - دسمول ادرم - انکا جوشاندہ پیے تو یہ عارضہ دفع ہو - یا ایک درم گوگل کو گوموت کے ساتھہ پندرہ دن پیے تو یہ عارضہ دفع ہو یا شہد سرسون - بانبی کی مٹی - انکو باریک پیس ملے تو اوروا ستمبھہ دور ہو - پانچ نمک بقدر ۲ درم گرم پانی سے پیے تو یہ عارضہ دفع ہو - اور اوروا ستمبھہ والا اتنی چیزین نہ کرے یعنی خون نکلوانے قے - جلاب - عمل - یہ بھی نہ کرے - یہ بھید رہس مین لکھا ہے - یا لیموکا رس قند سیاہ کے ساتھ

اوروا ستمبھہ

یا شہد کے ساتھ پیئے تو اور واستمبھہ دور ہو۔ یا چب - پوست ہلیلہ - چترک - دیودار - گنگ کے پھول - سرسون - انکوپس ۲، درم شہد کے ساتھ کھاوے تو اور واستمبھہ دور ہو +

آم بات روگ کی پیدائش علامت اور علاج

جسکا معدہ ضعیف ہو وہ بدپرہیزی کرکے مرغن چیزین کھاوے اور محنت کرے تو ہوا سے تحریک کیا ہوا کچی غذا کا رس بلغم کی جگہ یعنے چھاتی مین پہونچکر کپا ہی رس ہوا کے ذریعہ سے نسونین پہونچا کر نسون کے سوراخون کو روک کر ہاضمے کو کم کرکے چھاتی کو بھاری کردیتا ہے اور بلغم اور باد مفسد ہوکر معدہ اور ترکسنڈہ مین پہونچکر بدن کو بھیس وحرکت کردیتا ہے اوسکو آم بات کہتے ہین -

علامتین

اعضا شکنی - تنفر - پیاس - سستی ہو - بدن بھاری ہو - اور کھانا ہضم نہو - بدن مین یہ جسمین یہ علامتین ہون اوسکو آم بات کہتے ہین +

بہت بڑھے ہوے کی علامتین

بگڑا ہوا آم بات سب بیماریون مین مشکل سے اچھا ہوتا ہے اوسکا فساد لکھتے ہین - ہاتھ پاؤن سر اور ٹانگون مین ترک اور جانگھون کے اعضا مین پہونچکر درد سمیت سوجن کرین اون جگہون مین بچھو کے ڈنک کا سا بہت درد ہو - ہاضمہ کم ہوجاوے لعاب بہت گرے - قوت جاتی رہے - منہ کی لذت اور کی اور ہوجاوے - جلن ہو - پیشاب بہت اوترے کوکھ مین کچھ سختی سی پیدا ہوکر درد ہو - نیند نہ آوے - قے ہو - پیاس بہت لگے - چکر اور بیہوشی ہو - پاخانہ نہ اوترے - بدن پتھر سا ہوجاوے - آنتین لولا کرین - اپھار ہو اور بات بیادہ کے کیے ہوے اور بھی فساد ہون - جسمین صفرا زیادہ ہوا وس مین جلن ہو اور وہ زردی لیے ہوا اور باد کی زیادتی مین سوں ہو اور بلغم کی زیادتی مین پتھر سا ہوجاوے اور بھاری پن ہو - کپھلی آوے ایک خلط کے فساد کا باعلاج - دو خلط کے فساد کا مشکل سے اچھا ہو اور سب بدن مین گھومنے والی سنپات کے فساد کا لاعلاج جانو +

علاج

ارنڈ کے بیجون کو دودہ مین پکاکر کھیر کھاوے تو آنو بات اور گردہرسی روگ جاوین ✣

راسنا دکواتھہ

راسنا - بیخ ارند - اڑوسہ - دھماسہ - کچور - دارہلدی - کھریٹی - ناگرموتھا - زنجبیل - اتیس - پوست ہلیلہ - گوکھرو - سہنجنہ - چب - دونون کٹیلی - انکو برابر لے اور راسنا تگنی لے - پھر انکو جوکوب کر ۵ درم کا کاڑہ ہر روز دے تو اتنے عارضے دور ہون - اور پکشاگھات - لقوہ - رعشہ - کٹراپن - کل اعضا کی بگڑی ہوئی ہوا - پاؤن کا درد - گردہرسی - ہنوگرہ - اور وات سمبہ بات رکت - بواسیر - جریان - عورت کا بانجھہ پن - ان سب عارضون کو یہ جوشاندہ دور کرتا ہے اسکا نام مہاراسنا دکواتھہ ہے ✣

اجمودادک چورن

اجمود - فلفل سیاہ پیپل - بای ڈنگ - دیودار - چترک - بادیان - سیندہانمک - پیلامول یہ سب دو دو تولہ لے زنجبیل ۲۰ تولہ بدہارا ۲۰ تولہ - پوست ہلیلہ ۱۰ تولہ - ان سبکو باریک پیس اور سبکی برابر قند سیاہ لے پھر اسکی ۲ درم بھر کی گولی باندہے اور ہر روز گرم پانی سے کھالے تو آم بات - سول - گردہرسی گولا - پرت تونی - کمر پیٹھہ - جانگھہ ہیبا اعضا شکنی - ان سب عارضونکو یہ چورن دور کرتا ہے اور جو گراج جو پیچھے لکھا ہے اوس سے بھی آم بات دور ہوتا ہے ✣

سونٹھہ پاک

زنجبیل ۱۶ تولہ - روغن مادہ گاو اٹار شیر ۶۴ تار لے پھر زنجبیل کو باریک پیس گھی مین ملاکر دودہ مین پکاکر کسار کرے پھر سولہ تولہ بھر شکر کا قوام کرے اوس قوام مین گھی ملائی ہوئی سونٹھہ ڈالے پھر اسمین زنجبیل ۱ تولہ - ناگ کیسر ۱ تولہ ڈالے پھر اسکی گولی دو تولہ کی بناکر دونون وقت کھاوے تو آم بات کو دور کرکے بدن مین تازگی اور طاقت لاتا ہے - یا میتھی ۱۶ تولہ زنجبیل ۱۶ تولہ - ان دونون کو باریک پیس کاسے کے ۶۴ تار دودہ مین پکاوے اور ان دونون کو گھی مین ملاکر

ماوا کرے پھر ۴ ثار نخچہ مصری کی چاشنی کرے اوسمین یہ ماوا ڈالے اور غلفل ۲ تولہ چترک ۲ تولہ
پیپل ۲ تولہ - زنجبیل ۲ تولہ - پیلا مول ۲ تولہ - کشنیز ۲ تولہ - بادیان ۴ تولہ - جا پھل ۲ تولہ -
کچور ۲ تولہ - تج ۲ تولہ - پترج ۲ تولہ - ناگر موتھا ۲ تولہ - ان سبکو باریک پیس چاشنی
مین ڈالے پھر سبکو ملاکر ۴ تولہ بھر کی گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو آم بات - بکھم جور
پردر - ان عارضون کو دور کرکے باہ کی قوت بڑہاتا ہے - بالمسن کا رس ۲۰ درم - گھی ۲۰ درم -
ان دونون کو ملاکر ہر روز پیے تو آم بات دور ہو - یا سیندہا نمک ۵ درم - پوست ہلیلہ ۵ درم
پوکھر مول ۵ درم - مہوا ۵ درم - پیپل ۵ درم - ان سبکو باریک پیسے پھر روغن ارنڈ ثار -
عرق بادیان ثار - کانجی ۲ ثار - دہی کا مٹھا ۴ ثار - ان سبکو ادویات سمیت جمع کرکڑاہی مین چڑہاکر
نیچے نرم آنچ کرے جب رس جل جاے اور تیل رہجاے تب اوتارلے پھر ۲۰ درم اسمین سے
ہر روز کھاوے یا لگاوے تو آم بات جاوے اور بھوکھ بڑہے - اسکا نام برہت سیندہا تیل ہے
یا پارہ - گندھک مصفا - زنجبیل - کنکی - ترپھلا - مغز املتاس - یہ سب برابر لے اور پوست ہلیلہ
اور ادویات سے سہ چندلے پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر یہ سب دوا ملاوے
پھر اسمین سے بقدر ایک ماشہ زنجبیل اور بیج ارنڈ کے جوشاندے سے کھاے تو آم بات رو گ
جلد دور ہو - اسکا نام آم باتارس ہے - اوردہی - دودہ - قند سیاہ - مچھلی - گوشت ماش کی چیز
اتنی چیزین آم بات والا نہ کھاوے - یہ بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے - یا گوگل اثار - پسا ہوا
پوست ہلیلہ اثار - پسا ہوا آملہ اثار - پسا ہوا پوست بہیڑہ اثار - یہ سب دوا ۴ ثار پانی مین کڑاہی مین
پکاوے جب پانی کا چوتھا حصہ رہجاوے تب اوتارلے پھر آگ پہ چڑہاکر کچہ گاڑہا کرے پھر اسمین
زنجبیل ۲۰ درم - غلفل ۲۰ درم - پیپل ۲۰ درم - ترپھلا ۲۰ درم - ناگر موتھا ۲۰ درم - دیودار
۲۰ درم - گندھک مصفا ۲۰ درم - جمال گوٹہ مصفا ۱۰۰ عدد - پہلے پارے اور گندھک کو حل کرے
پھر اوسمین وہ سب دوا ملاوے پھر یہ سب گوگل کے رس مین ملاکر ماشہ گرم پانی کے ساتہ کھاوے
تو آم بات کو جلد دور کرکے بھوکھ اور باہ کو بڑہاوے - منہ نہ سوجے اور ہاتہ کے غذا - بھگندر سوجن

سول - بواسیر - ان سب عارضون کو دور کرتا ہے یا پوست ہلیلہ - سیند ہانمک - نسوت
بیخ اندراین - زنجبیل - اندراین کے پھل کا مغز - ان سبکو باریک پیس لوہے کے برتن مین پانی
بھر کر اوسمین یہ دوا ڈالے پھر آہستہ آنچ سے پکا کر چھوٹے بیر کی برابر گولی باندھے ایک گولی
گرم پانی سے کھاے اوپر سے بہت گھی ڈالکر چاول کھاوے تو ام بات جاوی اسکا نام آم باتار
گنگا ہے - یہ بیدر رہس مین لکھا ہے - یا زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - تربھلا - ناگر موتھا - بای بڑنگ
چب - چترک - بچ - الائچی - پیپلا مول - بنج جھاؤ - دیودار - تمبر - پوکھر مول - کوٹ دونون ہلدی
یا دیان - زیرہ - چترج - دھاسہ - نمک سیاہ - جوا کھار - سجی - گج پیپل - سیند ہانمک - یہ سب دوا
برابر لے پھر انکو باریک پیسکر گوکل مین ملاوے پھر اسکو ۲ ۰ درم گھی یا شہد کے ساتھ ہر روز کھاوے
تو آم بات - اودا ورت - بواسیر - کیڑون کا عارضہ - بکھ جور - اونماد - اپھار - جذام
سوجن - پیلیا - ان سبکو دور کرتا ہے - دہنونتر جی نے اسکا نام دواتر نشت گوکل رکھا ہے
یہ بیر سنگھا و لوکن مین ہے - یا گوکل مصفا ۱ تار - روغن تلخ ۱۶ تولہ - تربھلا ۳ تار -
۲۴ تار پانی مین تربھلا ڈالکر اوٹاوے جب پانی کا چوتھا حصہ یعنے ۶ تار رہجاوے تب
اسی پانی کو چھان پھر آگ پر چڑہا کر گاڑہا کرلے پھر اسمین گوکل - تبل - یا دیان ۲ ۰ درم -
فلفل ۲ ۰ درم - پیپل ۲ ۰ درم - تربھلا ۲ ۰ درم - ناگر موتھا ۲ ۰ درم - دیودار ۲ ۰ درم -
گلو ۲ ۰ درم - نسوت ۲ ۰ درم - دانیونی ۲ ۰ درم - بچ ۲ ۰ درم - زمین قند ۲ ۰ درم -
پارہ ۲ ۰ درم - گندھک مصفا ۲ ۰ درم - تخم دھتورہ ۴ درم - ان سبکو باریک پیس اوس
تربھلے کے پانی مین خوب ملاوے پھر اوسمین سے اماشہ ہر روز گرم پانی سے کھاے تو بھوکھ
اور باہ بڑہاوے بدن کو درست کرے اور آم بات - دردسر - کپھ کی ہوا کا فساد - بھگندر
پیرونکی ہوا کا فساد - جانگھ کی ہوا - پتھری - موتر کرچھر - امراض مثانہ - ان سب بیماریونکو
یہ گوکل دور کرتا ہے اسکا نام سنگھ سادگوکل ہے اور جوگ ترنگنی مین لکھا ہے - بانگندھک مصفا -
۵ درم - تانبے کی راکھ ۵ درم - پارہ ۲ ۰ درم - سار ۲ درم - ان سبکو جمبیر کرانڈ کے پتون پر

ڈالے پھر انکو کھرل مین باریک پیس پیپل - پیلا مول - چب - چیرک - زنجبیل انکا جوشاندہ کر
اوس جوشاندے کی ۱۶ اپٹ دے اور بھیڑے کے رس کی بیس پٹ دے اور گلو کے رس کی
دس پٹ دے اوران سب دواؤنکی برابر بھنا ہوا سہاگہ ڈالے اور سہاگے سے آدہا برابر نون ڈالے
اور ٹبرنون کی برابر فلفل سیاہ ڈالے اور زنجبیل - پیپل - تیجپلا - لونگ یہ سب فلفل کے برابر ڈالے
پھر ان سبکو باریک پیس خوب ملاوے پھر ایک ماشہ ہر روز علحدہ علحدہ بدرقون سے کھاوے
تو سب عارضون کو یہ رس دور کر بھوکھ کو بہت بڑہاتا ہے اور آم بات کو دور کرکے موٹے آدمی کو
دبلا اور دبلے کو فربہ کرتا ہے مقدار اسکی ۴ رتی ہے جو گلے تک بھی کھانا کھایا ہو تو اوسکو ہضم کردے
اسکا نام باتشہر ہے جملہ ہے اور سارسنگرہ مین لکھا ہے اور وہی - مچھلی - قند سیاہ - شیر - ماش کا آٹا
یہ سب چیزین آم بات والا نہ کھاوے +

پت بیادہ کی پیدائش اور علامت

کڑوا رس - کھٹائی - گرم اور جلن پیدا کرنے والی اور تیز چیز کے کھانے اور فاقہ اور غصہ اور
زیادہ جاگ کرنے اور بہت نمک کھانے اور دھوپ مین سونے اور پیاس اور بھوکھ کے روکنے
اور محنت کرنے سے گرمی مفسد ہو جاتی ہے اور غذا ہضم ہونے پر سرورت یعنی کنوار کاتک مین
اور گرکھیم رت یعنی جیٹھ اساڑھ مین دوپہر اور آدہی رات کو صفرا مفسد ہو کر چالیس عارضونکو کرتا ہے وہ یہ ہین +

۱ جوانیمین سفید بال ہو جاوین	۲ آنکھین سرخ رہین	۳ پیشاب سرخ ہو جاوے	۴ آنکھین زرد رہین
۵ پیشاب زرد اوترے	۶ پاخانہ زرد ہو	۷ ناخن زرد ہون	۸ دانت زرد ہون
۹ بدن زرد رہے	۱۰ اندھیری آوے	۱۱ سب جگہ زردی نظر آوے	۱۲ نیند کم آوے
۱۳ منہ سوکھے	۱۴ منہ مین بدبو آوے	۱۵ منہ تیکھا رہے	۱۶ گرم دم نکلے
۱۷ منہ کھٹا رہے	۱۸ دکار مین دھوان نکلے	۱۹ چکر آوے	۲۰ حواس کمزور ہون
۲۱ غصہ زیادہ ہو	۲۲ جلن ہو	۲۳ اسہال رہا کرے	گرمی کا وار سردی اچھی معلوم ہو
۲۵ کسی چیز سے سیری نہو	۲۶ سب چیز دنسی زیادہ محبت رہے	۲۷ کھانے کے بعد جلن ہو	۲۸ بھوکھ بہت لگے

۲۹ نکسیر وغیرہ ہو	۳۰ پاخانہ تپلا ہو	۳۱ پاخانہ گرم اوترے	۳۲ پیشاب گرم اوترے
۳۳ موتر کم چھپر ہو	۳۴ باہ کم ہو	۳۵ بدن گرم رہے	۳۶ پسینا نہ آوے
۳۷ پسینے مین بدبو آوے	۳۸ ہاتھ پیر و نہین بہت بیماریان ہون	۳۹ اعضا شکنی ہو	۴۰ پھوری پھنسی بہت ہون

ان سب عارضونکا عموماً علاج

نیم کی چھال وغیرہ کڑوی چیزکے کھانے اور مصری وغیرہ شیرین چیزین کھانے اور چندن وغیرہ ٹھنڈی چیزکے لگانے اور ٹھنڈی ہوا اور ٹھنڈے سایہ مین رہنے اور رات کو سونے اور خس کے پنکھے کی ہوا اور ماہتاب کی چاندنی اور تہ خانہ مین رہنے اور دودھ کے پینے اور جلاب کے لینے اور خون کے نکلوانے سے صفرا کے عارضے دور ہون +

بلغم کی بیس بیماریون کی علامتین

بھاری - میٹھی - مرغن - دہی وغیرہ ٹھنڈی چیزونکے کھانے اور دن کے سونے اور بہت بیٹھے رہنے سے بلغم کی فساد ہوتی ہین صبح کیوقت اور غذا کھانیکے بعد اور بھاگن اور جیت مین بلغم مفسد ہوتا ہی +

بلغم کی بیس عارضونکی علامتین

۱ منہ میٹھا رہے	۲ منہ بلغم سے لپٹا رہے	۳ لعاب گرے	۴ نیند بہت آوے
۵ گلے مین گھونگھونکی آواز ہو	۶ تلخ چیزونکی خواہش رہے	۷ گرم چیزکی خواہش ہو	۸ عقل کند ہو
۹ ہوش کم ہوجاوین	۱۰ سستی بہت آوے	۱۱ بھوکھ نہ لگے	۱۲ بدہضمی ہو
۱۳ پاخانہ بہت ہو	۱۴ مواد سفید ہو	۱۵ پیشاب زیادہ آوے	۱۶ پیشاب سفید ہو
۱۷ باہ زیادہ ہو	۱۸ بیحرکت ہوجاوے	۱۹ بدن بھاری رہے	۲۰ بدن ٹھنڈا رہے

بلغم کے بیس عارضونکا عموماً علاج

سوکھی - کیسلی - تلخ چیزکے کھانے اور محنت اور کلا اور قے کرنے اور پسینا آنے اور قے کرنے اور پیاس روکنے اور حقہ پینے اور کشتی لڑنے پانی مین زیادہ نہانے اور خبرک کے کھانے اور راہ چلنے اور جماع کرنے اور جاگنے اور ناس لینے سے بلغم کی بیس بیماریان دور ہوتی ہین +

باب دہم

دربیان بات رکت سول پرنام آن دروجرت پت وغیرہ

بات رکت یعنی سرخ باد کی عارضے کی پیدائش علامت اور علاج

نمک - گرم چیز - سڑا ہوا گوشت - کھلی - بڑی مولی - کلتھہ - ماش - بہت ترکاری - گوشت مچھلی - دہی اور خلاف چیزون کے کھانے سے اور عرق اور کانجی کے پینے سے اور غصہ کرنے اوردن کے سونے اور ہاتھی گھوڑا اور اونٹ کے دوڑانے سے نازک آدمی کے بات رکت کا عارضہ ہوتا ہے +

بات رکت کی شکل

تمام بدنمین خون جل جاوے پھر وہ خون مفسد ہوکر دونون پاونمین اکٹھا ہونے لگے +

بات رکت یعنی سرخ باد کی پہلی شکل

پسینا بہت آوے یا نہ آوے بدن سیاہ پڑجاوے - بدنمین چبھونے کا ہوش نہ رہے تھوڑی سی چوٹ مین بہت درد ہو اور ایک عضو بیحرکت ہوجاوے سستی بہت آوے بدنمین پھنسیان ہوجاوین - گھٹنے - جانگھہ - کمر - ہاتھ پاؤن مین درد ہو - بدن بھاری رہے سُن ہوجاوے - بدنمین جلن ہو رنگت اَور کی اَور ہوجاوے بدنمین سرخ چٹمین پڑجاوین یہ علامتین ہون تو جاننا چاہیے کہ بات رکت ہوگا +

بات رکت کی علامتین

پاؤن مین بہت درد ہو اور پھڑکین - سوجن ہو - روکھے اور سیاہ ہون اور چوبین ناڑی اور اوربج کی اونگلی سکڑجاوین - بدن جکڑبند ہو - رعشہ پیدا ہو - بدن سوکھا سا نظر آوے یہ علامتین ہون تو باتا دیک بات رکت جانو +

رکتا دیک بات رکت کی علامتین

جسمین سوجن ہو - درد زیادہ ہو - سرخی سمیت ہو - چھچپی اور کھجلی ہو تو رکتا دیک جانو +

تپادیک کی علامتین

جسمین جلن تپش اور سوجن ہو پک جاوے اور گرم بہتا ہو یہ علامتین ہون اوسکو تپادیک بات رکت جانو +

کفادیک بات رکت کی علامتین

بدن اکڑ جاوے اور جکڑا جاوے کھنچا ہون پڑ جاوے کھجلی ہو جسمین یہ علامتین ہون اوسکو کفادیک بات رکت کہنا چاہیے اور جنمین یہ سب علامتین مل ہون اوسکو سنپات بات رکت سمجھنا چاہیے +

بات رکت ہاتھ پاؤن مین ہو اوسکی علامتین

جیسے پاؤن کے تلوے مین ہوتا ہے ویسے ہی ہاتھ کی ہتھیلی کے اوپر پھنسی وغیرہ ہوتی ہین پھر سب بدن مین ہوتی ہین +

لاعلاج بات رکت کی علامتین

پاؤن کے تلوے سے گھٹنون تک پھنسی ہون طاقت گوشت ناخنہ یہ سب زائل ہون تو بات رکت لاعلاج جانو - یہ بیمار ایک برس تک زندہ رہے +

بات رکت کا فساد

نیند نہ آوے - رغبت جاتی رہے - دمہ ہو - گوشت گل جاوے - دردسر - بیہوشی - پیاس - بخار - غفلت - ہچکی - بدن مین رعشہ ہو - انگلی گل جاوے - بسرسام ہو یعنی بدن پھیل جاوے - پھنسیان پک جاوین - سول ہو - ہچکی آوے انگلیان ٹیڑی ہو جاوین پھوڑے مین جلن ہو - یہ اسکے فساد ہین +

بات رکت کا علاج

بات رکت والے کے جونک یا سینگی لگا کر یا پچھنا یا فصد کر کے خون نکلوانا چاہیے جسقدر خون نکلوانا لازم ہے کہ جہان تک ہوا زیادہ نہ بڑھے اور نہ کمزور ہو - غصہ - محنت - جماع نکرے اور تلخ - گرم - بھاری - روکھی - کھٹائی - ایسی چیزین نہ کھاوے یہ

پرانا جو۔ پرانا گیہوں۔ پرانا دھان۔ اتنی چیزیں کھاوے۔ پلوا۔ تیتر۔ بٹیر۔ ہرن۔ چنا۔ مونگ
مسور۔ کلتھ۔ کشنیز۔ چولائی۔ میوہ۔ لوکی۔ چیلو۔ بکری کا دودھ۔ گھی۔ اتنی چیزیں ان کو
کھانے کے ہیں۔ یا گوگل ۱ درم گلو کے جوشاندے سے پیے۔ یا روغن ارنڈ ۲ درم گلو کے
جوشاندے مین ڈالکر پیے تو بات رکت جاوے وہ لکھتے ہیں گیٹھو۔ ترپھلا۔ کنکی۔ بچ
دار ہلدی۔ گلو۔ پوست نیم۔ یہ سب برابر لے جوکوب کر ۲ درم کا جوشاندہ ہمیشہ پیے تو
بات رکت۔ جذام۔ کوڑھ۔ کھجلی۔ پھوڑا۔ ان سب عارضون کو دور کرتا ہے اس کا نام
منجشٹا یوگ ہے۔ یا گلو۔ ہاپوچی۔ پواڑ۔ پوست نیم۔ پوست ہلیلہ۔ ہلدی۔ اڑوسہ۔
چھیاور۔ نیتر بالا۔ کھرہٹی۔ ملہٹی۔ مہوا۔ گوکھرو۔ ببول۔ خسن۔ مجیٹھ۔ سرخ چندن
یہ سب برابر لے جوکوب کر ۲ درم کا جوشاندہ ہر روز پیے تو بات رکت۔ جذام۔ کھجلی۔ جلن
ان عارضون کو یہ کاڑھا دور کرتا ہے اسکا نام گدچی یوگ کہا ہے اور پھاوڑے کا اس مین لکھا ہے
یا چنبیلی گوگل مصفا ۱ تار۔ پوست ہلیلہ ۱ تار۔ آملہ ۱ تار۔ گلو ۲ تولہ ان سبکو جوکوب کر
۱۶ تار پانی مین اوٹاوے جب آدھا پانی رہجاوے تب اتار کر چھان لے پھر کڑاہی مین
اوٹا کر گاڑھا کرے پھر پارہ ۲ درم۔ بائی برنگ ۲ درم۔ نسوت ۲ درم۔ گلو ۲ درم۔
واتیوفی ۲ درم۔ پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر یہ سب دوا باریک پیسکر اس مین گوگل
مین ڈالے پھر سبکو خوب ملاکر ۲ ماشہ یا ۱ ماشہ منجشٹا کاڑھ سے ہر روز کھاوے تو بات رکت۔ پھوڑا۔
پھنسی۔ گھاؤ۔ کھانسی۔ گولا۔ جذام۔ سوجن۔ عارضہ شکم۔ جریان۔ بدہضمی۔ ان سبکو
یہ دور کرتا ہے اور اسکا کھانے والا محنت نہ کرے دھوپ مین نہ رہے۔ آگ کے پاس نہ بیٹھے
کھٹائی نہ کھاوے۔ جماع نہ کرے۔ راہ بھی نہ چلے۔ نمک کھٹائی نہ کھاوے۔ اسکا نام
کشور گوگل ہے۔ یا ایک سیر پھلا لیوے ایسے لے کہ پانی مین ڈوب جاوین اوسکو منہ پر سے
گھس سولہ سیر پانی مین ڈالکر اوٹاوے اس اوٹتے پانی مین گلو دو سیر جوکوب کرکے ڈالے
جب اس پانی کا چوتھا حصہ رہجاوے تب اسمین گلو ۲ درم۔ باوچی ۲ درم۔ پوست نیم ۲ درم

آملہ ۲۰ درم - زرد چوب ۲۰ درم - ناگر موتھ ۵ درم - تج ۵ درم - الایچی ۵ درم - زنجبیل ۵ درم
ناگ کیسر ۵ درم - پت پاپڑہ ۵ درم - پنج ۵ درم - نیتر بالا ۵ درم - خس ۵ درم - چندن ۵ درم
گوکھرو ۵ درم - کچور ۵ درم - سنج چندن ۵ درم - انکو باریک پیس ڈالے اور بھلاوے سمیت
خوب ملاکر امرت بان مین رکھے پھر اسمین سے بقدر ۵ درم ہر روز پانی کے ساتھ کھاے تو بات رکت
جذام - بواسیر - بسرپ - پاما بھگندر اور خون کے سب فساد اتنے عارضونکو یہ دور کرتا ہے -
اسکا کھانے والا محنت نہ کرے - دھوپ مین نہ بیٹھے اور آگ کے پاس نہ رہے اور کھٹائی اور
گوشت نہ کھاوے اور تیل نہ لگاوے اور راہ نہ چلے - اسکا نام امرت بھلات کا اولیہ ہے -
یا السی یا ارنڈی کو دودھ مین پیس ہاتھ پیرون مین ملے تو بات رکت جاوے - یا سفید سرسون
رال - نمک - مجیٹھ - یہ سب برابر لے تیل مین پکاوے پھر اسکی مالش کرے تو بات رکت جاوے
یا بیج ارنڈ - گلو - اڑوسہ - انکا کاڑہ کرا وسمین گوگل چار ماشہ - روغن ارنڈ ۲۰ درم ڈالکر پیے
تو بات رکت - بھوشی - وحشت - سانک - پھوڑا ان سبکو یہ دور کرتا ہے یہ بید رس مین لکھا ہے
یا ہرتال کے اچھے پترے انکو سانٹی کے رس مین دو دن کھرل کرے پھر اوسکو گاڑھا کر ٹکیا کرکے
سکھالے پھر سانٹی کے کھار کے بیچ مین اوس ہرتال کی ٹکیا کو چولھے پر چڑہا کر پانچ منٹ نرم آنچ
دے اور جب کسیقدر ٹھنڈا ہو جاوے تب اوتارلے جو وہ ہرتال سفید نکلا اور پوری
تول اوتری تو اسمین سے بقدر ایک رتی گڑوچی کے ساتھ کھاے تو بات رکت اور ماٹھا رطرکی
کوڑہ - باؤ فرنگ - بسرپ - پاما - ان سبکو یہ دور کرے اور اسکا کھانے والا نمک - کھٹائی
کڑوا رس نہ کھاوے اور دھوپ مین اور آگ کے پاس نہ بیٹھے اور سیندھا نمک - میٹھا رس
کھاوے اسکا نام تالکیشر رس ہے - یہ ہرتال بنانے کی ترکیب بھاو پرکاش مین لکھی ہے ٭

سول کی بیماری کی پیدائش علامت اور علاج

باد - صفرا - بلغم - سنپات - آنو - باد بلغم - بلغم صفرا - باد صفرا - ان قسمون سے سول
آٹھ قسم کا ہوتا ہے ٭

باد کے سول کی پیدائش

محنت سے - گھوڑے وغیرہ کے دوڑانے سے - زیادہ جماع کرنے سے - بہت جگنے سے اور پانی وغیرہ کے زیادہ پینے سے - مٹر - مونگ - ارہر - کودون - اور سوکھی چیز کے زیادہ کھانے سے بدہضمی مین زیادہ کھانا کھانے سے - چوٹ لگنے سے - کسیلی - تیکھی - کڑوی - بھیگا ہوا اناج خلاف چیز - سوکھے گوشت کے کھانے اور پاخانہ پیشاب اور شہوت اور ریح کے روکنے اور فاقہ کرنے اور بہت ہنسنے سے باد بگڑکر سینہ اور دونون پسلی منہ اور اعضا مین اور بدلی اور سردی مین بہت درد پیدا کرکے بار بار ٹھہر جاوے اور پھر ہونے لگے پاخانہ اور پیشاب رک جاوے - سول اوٹھے - درد بہت ہو +

صفرا کے سول کی پیدائش اور علامت

کھاری - اور مرچ وغیرہ بہت تیکھی اور گرم چیز اور کھلی اور تل کلتھی ترشی کے کھانے سے غصہ اور محنت اور جماع کے کرنے سے اور شراب کے پینے سے دھوپ مین بیٹھنے سے اتنی چیزون سے صفرا مفسد ہوکر سول کو ظاہر کرتا ہے تب پیاس - سوزش - ناف مین پسینا - بیہوشی - غصہ ہو - اور دوپہر آدھی رات - کریکہرت یعنی جیٹھ بیساکھ مین زیادہ درد ہو تو جانو کہ صفرا کا درد ہے +

بلغم کے سول کی پیدائش اور علامت

انوپ دیس کی مچھلی گوشت پیڑا وغیرہ اور مائدہ کی چیز کے کھانے اور نشکر کے چوسنے اور میٹھے رس کے پینے سے بلغم مفسد ہوکر سول کو پیدا کرتا ہے - سینہ مین درد ہو - قے آوے - کھانسی اور درد ہو کھانے سے نفرت - درد شکم - درد سر - بدن بھاری - کھانا کھانے کیوقت درد ہو اور پاخانہ نہ اوترے اور بسنت کی بہار مین صبح کیوقت بہت درد ہو تب جانو کہ بلغم کا سول ہے

سنپات کے سول کی علامتین

جو علامتین پیچھے کہی ہین وہ سب ملین تو سنپات کا سول کہنا چاہیے +

آنو کے سول کی علامتین

اچھا دیہ اور پیٹ مین گڑگڑاہٹ ہو۔ سینہ کا جلنا سے سیر بھاری ہو جاوے

باد بلغم کے سول کی علامتین

پیڑو۔ سینہ گلا مونہ ان سبھون مین درد ہو اوسکو باد بلغم کا سول کہنا چاہیے +

بلغم صفرا کے سول کی علامتین

کھٹکھٹ۔ سینہ اور ناف مین درد ہو تو بلغم صفرا کا سول کہنا چاہیے +

سول روگ کا فساد

درد۔ پیاس۔ بیہوشی۔ بخار۔ بدن بھاری۔ نفرت۔ سانس اور کھانسی ہو تو سول کا فساد جاننا چاہیے +

سول کی ایک قسم پرنام سول ہے اوسکی علامتین

جسکی تشخیص سول کی ہین ہوتی ہی پرنام سول کی ہین وہی اوسکی پیدائش ہے اور یہین اسقدر زیادتی ہے کہ جو منہ مین جاوے وہ بلغم صفرا سے ملکر سول کو پیدا کرتا ہے +

اسکی علامتین

کھانا ہضم ہونے کے بعد سول پیدا ہوا اوسکو پرنام سول کہتے ہین +

انتر مکھ سول کی علامتین

کھایا ہوا کبھی ہضم ہو جاوے اور کبھی ہضم نہو +

جرت پت سول کی علامتین

جو کھانا کھانے کے وقت درد ہوا اوسکو جرت پت کہتے ہین +

علاج

سول روگ والے کو قے کراوے اور دوا دیوے پیسنا نکلوا دیوے پھر اوسکے چیرون سے

عوض کرنا چاہیے اور بیت کو گرم کرکے پانی ڈال اوسے بجھا کر پینا چاہیے اور گرم گرم کھانے کا استعمال

راکھ نہونے پاوے پھر ان گولیوں کو پیس اوسمیں دو ماشے زنجبیل کا چورن ملا کر پانی سے پیے تو لاعلاج بھی سول کا عارضہ دفع ہو۔ اسکا نام کوشماند کہیا ہے۔ یہ سب بھاوپرکاش میں لکھے ہیں۔ یا اجوائن۔ سیندھا نمک۔ بھنی ہوئی ہینگ۔ جواکھار۔ نمک سیاہ۔ پوست ہلیلہ ان سب کو برابر لے باریک پیس چورن کر ۲۔ درم گرم پانی کے ساتھ کھاے تو باد کا سول جاوے یا نمک سیاہ ادرم۔ زیرہ ۳ درم۔ کالی مرچ ۴ درم۔ انکو باریک پیس املی بید کے رس کی سات پٹ دے پھر اسکی ۵ ماشے کی گولی باندھے ہر روز ایک گولی گرم پانی سے کھاے تو باد کا سول دور ہو۔ یا زنجبیل۔ پوست ہلیلہ۔ پیپل۔ نسوت۔ نمک سیاہ یہ سب برابر لے اور انکو باریک پیس ۱ درم گرم پانی سے کھاے تو سول اپھار۔ بواسیر۔ آنو بات ان سب عارضوں کو دور کرتا ہے۔ اسکا نام پنچ سم چورن ہے۔ یا زنجبیل کے کارشمین ارنڈ کا تیل اور نمک سیاہ بھنی ہوئی ہینگ کو ملا کر پیے تو فوراً یہ بیماری دور ہو۔ یا سنکھ کا چورن۔ نمک سیاہ۔ بھنی ہوئی ہینگ۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ یہ سب برابر لے اور پیسکر ۲۔ درم گرم پانی سے کھاے تو جلد سول جاوے۔ یا سنگی مہرہ مصفا۔ چترک۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ زیرہ۔ بھنی ہوئی ہینگ یہ سب برابر لے انکو باریک پیس اسمیں بھانگرے کے رس کی تین پٹ دے پھر اسکی گولی چنے کے برابر باندھے ایک گولی گرم پانی سے کھاے تو سول جلد جاوے۔ یا سنکھ کی راکھ پنچ کنگ۔ بھنی ہینگ۔ سونٹھ۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ پانچون نمک۔ یہ سب برابر لے باریک پیس گرم پانی کے ساتھ ۲۔ درم کھاے تو یہ بیماری جلد جاوے اسکا نام سول ناس چورن ہے یا چترک۔ بھنی ہینگ۔ پاڑہ۔ سونٹھ۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ پانچون نمک۔ زیرہ۔ کشنیز چھڑ۔ اجوائن۔ پیلا مول۔ یہ سب برابر لے اور انکو باریک پیس جھیری کے رس کی پانچ پٹ دے پھر اسکی گولی باندھے ایک گولی ہر روز گرم پانی سے کھاے تو سول۔ درد سینہ پسلی کا درد۔ نفرت۔ انتی طرحکی باد۔ آنو کا درد۔ ان سبکو یہ گولی جلد دور کرتی ہے۔ اسکا نام چترکادگنکا ہے۔ یا پوست ہلیلہ۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ کچلا۔ گندھک مصفا۔ بھنی ہینگ

سیندھا نمک یہ سب برابر لے باریک پیس چنے کے برابر گولی باندھے ایک گولی ہر روز گرم پانی سے کھاوے تو یہ بیماری - سنگرہنی یعنے اسہال کبدی - اتیسار یعنی اسہال - بدہضمی اجیرن ان سبکو یہ دور کرتا ہے یا کوٹ ۲ درم - زنجبیل ۲ درم - نمک سیاہ ۱ درم - بھنی ہینگ ۱ درم انکو باریک پیس مہدی کی جڑ کے رس مین یا لیس کے رس مین گولی باندھے ایک گولی ہر روز کھاوے تو سول دفع ہو - اسکا نام کوٹا دگنکا ہے - یا ترپھلا - سار - ملٹھی - مہوا - ان سبکو برابر لے باریک پیس ۱ درم شہد اور گھی کے ساتھ چاٹے تو تینون خلطون کا سول دفع ہو - یا صاف کیا ہوا پارہ ۱ درم - سنگی مہرہ ۱ درم - کالی مرچ ۱ درم - پیپل ۲ درم - زنجبیل ۲ درم بھنی ہوئی ہینگ ۱ درم - پانچون نمک ۱ تولہ - امل کا کھار ۱۶ تولہ - جھیری کا رس - اور سنکھ کو سات مرتبہ جلاوے پھر اوس سنکھ کا چورن ۱۶ تولہ بھر لے پیچھے سبکو اکٹھا کرکے لیمو کے رس مین پانچ دن کھرل کرے پھر اسکو ۱ درم گرم پانی سے کھاوے تو سول جلد دفع ہو یا ہیرا کسیس ۱ مار چھپکری - ۱ مار سیندھا نمک - ۱ مار قلمی شورہ ۲ ۱ ر انکو باریک پیس ٹیکلی ہنتر مین انکو چوا کر اور چینی کے برتن مین رکھکر پکاوے پھر ہر روز ایک ماشہ بھر لے اور کھانے کے وقت زبان مین گھی لگاوے اور دانت لگنے نہ پاوے تو یہ بیماری - پھیا - تلکر کے امار ضعے - بواسیر - اجیرن یعنی بدہضمی - باد کے امار ضعے ان سبکو یہ دور کرتا ہے یا صاف کی ہوئی گندھک سے آدھا صاف کیا ہوا پارہ ان دونون کے برابر صاف کیا ہوا کنٹک بیدہی تانبے کا برقن ان تینونکو کھرل مین ڈالکر پیسے پھر ایک دن پیچھے اسکا گولا بناکر منڈیا مین نمک بھرا دیکے بیچ مین اس گولے کو رکھکر پکاوے اور تین دن آنچ دے جب ٹھنڈا ہو جاوے تو ایک رتی ناگر بیل کے پتے بھر کھاوے تو یہ بیماری بہت جلد دفع ہو - اسکا نام سول گنج کیسری رس ہے - یا زیرہ بھنی ہوئی ہینگ - کالی مرچ - بچ یہ سب برابر لے باریک پیس ۲ درم گرم پانی سے کھاوے تو یہ بیماری دور ہو - یا ترپھلا ۲ تولہ - صاف کی ہوئی گندھک ۵ درم سار ۲ درم انکو باریک پیس ۲ درم شہد اور ۲ درم گھی کے ساتھ تین مہینے تک استعمال رکھے تو سب طرح کے درد باد کے

فساد - پھوڑا - یہ سب دور ہون - اسکا نام گندھک رسا ین ہے - یا قند سیاہ ادرم - آملہ ادرم - پوست ہلیلہ ادرم - منڈورا ادرم - ان سبکو باریک پیس ۰۰ درم شہد اور گھی سے کھاوے تو ان دُر دوجرت پت امل پت - پرنام سُول ان سبکو دور کرتا ہے - یا بای برنگ - چترک - چب - ترپھلا - زنجبیل - کالی مرچ پیپل - یہ سب برابر لے اور ان سبکی برابر منڈور لے اور منڈور ہی کے برابر قند سیاہ لے اور سب سے دس حصہ زیادہ گاے کا پیشاب لے پھر انکو کڑھائی مین بھر نرم آنچ سے پکاوے پھر انکا ایک پنڈ ابنا کر چکنے برتن مین رکھے پھر ۲۰ درم غذا کھانے سے پہلے کھائے تو سُول نپکت سول - کاملا روگ یعنی یرقان - پانڈروگ - یعنی سوجن بدہضمی - بواسیر - سنگرہنی - کیڑون کی بیماری - گولا - شکم کے عارضے - امل پت - ان سبکو دور کرتا ہے - اسکا نام تارامنڈور ہے - یا پوست ہلیلہ - سہاگہ - زنجبیل - بھنی ہوی ہینگ - کالی مرچ - چترک - صاف کی ہوئی گندھک سیندھا نمک - یہ سب برابر لے اور ان سب کی برابر کچلہ لے پھر ان سبکو باریک پیس اور ملا کر ایک ماشہ پانی سے کھائے تو یہ بیماری - اپھار - قبض - گولا - کھانسی - بلغم کے عارضے - بدہضمی ضعف معدہ ان سبکو یہ دور کرتا ہے - اسکا نام سول گج کیسری گٹکا ہے - یا بنج لنگج - بھنی ہوئی ہینگ - بھُنا سہاگہ - زنجبیل یہ سب برابر لے باریک پیس ۲۰ درم گرم پانی سے کھائے تو ترا سول بھی دور ہو - یہ علاج بیدرہس مین لکھے ہین - یا لنوت بای ترنگ - سہجنہ کی پھلی - کمیلا - پوست ہلیلہ - یہ سب برابر لے اور باریک پیس گھوڑے کے پیشاب مین پکاوے پھر ۲۰ درم شراب کے ساتھ کھاوے تو بادکا سُول دور ہو - یہ چکروت مین لکھا ہے یا بھنی ہینگ - امل بید - پیپل - کالا نمک - اجوائن - جوا کھار - پوست ہلیلہ - سیندھا نمک یہ سب برابر لے اور باریک پیس ۲۰ درم شراب کے ساتھ کھائے تو بادسے پیدا ہوئی سب بیماریان دفع ہون - یا کالا نمک - امل بید - زیرہ - یہ سب ایک ایک سے دوگنا لے اور باریک پیس بجورے کے رس مین گولی باندھے پھر ایک گولی گرم پانی سے کھائے تو سول دور ہو - اسکا نام سور چلا وگنگا ہے یا بنج بجورہ ۲۰ درم باریک پیس گھی سے پیے

تو بادسے پیدا ہوا یہ مرض دور ہو۔ اسکا نام بیج پورا دجوگ ہے۔ اور یہ سب سرب سنگرہ مین ہے
یا بھنی ہینگ۔ امل بید۔ زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ اجوائن۔ کالانمک۔ سیندھانمک۔
یہ سب برابر لے اور باریک پیس بجورے کے رس مین گولی باندھے پھر ایک گولی گرم پانی سے
کھاوے تو یہ مرض دور ہو اسکا نام ہنگوادگنگا ہے۔ یا زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ نمک سیاہ
انکو برابر لے باریک پیس بجورے کے رس مین تین پٹ دیکر سکھالے پھر ۲ درم شہد مین چاٹے
تو تینون خلطون کا سول جاوے۔ یا سنکھ کی راکھ۔ کالانمک۔ بھنی ہوئی ہینگ۔ زنجبیل۔
کالی مرچ۔ پیپل۔ یہ سب برابر لے اور باریک پیس ۲ درم نیمگرم پانی سے کھاے تو یہ بیماری
دفع ہو۔ یا زردچوب۔ پوست سہنجنہ۔ سیندھانمک۔ بیخ ارنڈ۔ بھینسیا گوگل۔ سرسون۔
میتھی کے دانے۔ سونف۔ اسگندہ۔ مہوا۔ ان سبکو برابر لے اور باریک پیس کانجی کے پانی مین
روٹی کراوسکو پکا کر پیٹ کے اوپر اوسکا سینک کرے تو درد شکم دور ہو۔ یا کوڑہی کی راکھ صاف
کیا ہوا سنگی مہرہ۔ سیندھانمک۔ زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ یہ سب برابر لے اور باریک پیس
برگ تنبول کے رس مین ایک رتی بھر کی گولی باندھے پھر ایک گولی ہر روز کھاے تو
سول جاوے یا پارہ۔ صاف کی ہوئی گندھک۔ ابرک۔ تانبے کی راکھ۔ امل بید۔
صاف کیا ہوا سنگی مہرہ۔ یہ سب برابر لے اور باریک پیس ادرک کے رس مین تین رتی کی گولی
باندھے ایک گولی پانی سے کھادے تو ہوا کا سول جاوے۔ اسکا نام اگن مکھ رس ہے
یا بڑے سنکھ کو اکیس مرتبہ گرم کرکے لیمو کے رس مین بجھاوے پھر اوسکو خوب پیسے
پھر اسمین املی کا کھار ۲ تولہ۔ اور کچ نون ۲ تولہ۔ بڑنون ۲ تولہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ
پیپل ۶ ماشہ۔ بھنی ہینگ ۲ تولہ۔ صاف کیا ہوا سنگی مہرہ پانچ درم۔ صاف کی ہوئی
گندھک ۲ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ ان سبکو باریک پیسے پھر پارہ اور گندھک کو حل کرے
اوسمین یہ دوا ملاکر چھوٹے بیر کے برابر گولی باندھے ایک گولی لونگ کے کاڑھے کے ساتھ
کھاوے تو جلد یہ بیماری دفع ہو۔ اسکا نام سنکھ بٹی رس ہے۔ یا سیپ کی راکھ ۲ درم

نیگرم پانی کے ساتھ پیے تو کھانے کے بعد اگر درد ہوتا ہو تو بند ہو - یا صاف کیا ہوا پارہ ۲ تولہ صاف کی ہوئی گندھک ۲ تولہ - صاف کیا ہوا سنگی مہرہ ۲ تولہ - بھنی ہوئی ہینگ ۱۲ تولہ - پانچون نمک ۱۲ تولہ - املی کا کھار سوا تولہ - جمیری کے رس مین بجھائی ہوئی سنکھیا کی راکھ ۱۲ تولہ - پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر اوسمین یہ دوا ملا کر لیمو کے رس مین خوب ملے ایک درم کی گولی باندھے ایک گولی پانی سے کھاے تو یہ بیماری - اجیرن - عارضہ شکم - سوء ہضمی - ان سبکو دور کرے اسکا نام سول دوانل رس ہے - اور سر بسنگرہ مین لکھا ہے ٭

پسلی کے درد کا علاج

سنکھی مہرہ - ہرتال - بھنگ - رائی - نوسادر - مین سل - لہسن - بیج - ایلوا - انکو برابر لے باریک پیس گرم پانی سے نیگرم لیپ کرے تو پسلی کا درد دور ہو ٭

باب یازدہم

درمیان اوداورت ہر درد وغیرہ

اوداورت کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

جو شخص تیرہ زورون کو اختیار کرے اوسکے اوداورت کی بیماری پیدا ہوتی ہے وہ تیرہ زور لکھتے ہین - ۱ بیج - ۲ پاخانہ - ۳ پیشاب - ۴ جمھائی - ۵ آنسو - ۶ چھینک - ۷ ڈکار - ۸ قے - ۹ شہوت - ۱۰ پیاس ۱۱ بھوکھ - ۱۲ دم - ۱۳ نیند - ان تیرہ زورونکو جو آدمی روکے اوسکے اوداورت کی بیماری پیدا ہوتی ہے -

ترتیب سے بیج وغیرہ تیرہ زورونکے روکنے کی علامتین

بیج کے روکنے سے جو عارضے پیدا ہوون وہ لکھتے ہین - جو شخص بیج کو روکتا ہے اوسکے پاخانہ اور پیشاب روکنے کے عارضے - اچھار - پیٹ مین زیادہ باد کے عارضے - یہ علامتین ہون تو بیج کے روکنے کا اوداورت جانو ٭

پاخانہ کے روکنے کی اوداورت کی علامتین

پیٹ مین گڑگڑاہٹ کی آواز ہو - درد ہو - پیڑو مین درد ہو - پاخانہ نہ اوترے - ڈکار بہت اوے

پاخانہ منہ مین نکل آوے - یہ علامتین ہون تو پاخانہ کے روکنے کا اوداورت جانو +

پیشاب کے روکنے کی اوداورت کی علامتین

پیڑو اور آلت مین درد ہو - پیشاب تکلیف سے اوترے - سر مین درد ہو - بسبب درد کے بدن سیدھا نہو - پیڑو مین اچھار ہو - تو پیشاب کے روکنے کا اوداورت جانو +

جمھائی کے روکنے کے اوداورت کی علامتین

جبھین گلا - کندھا - رک جاوے - سر مین کوئی فساد ہو - جمھائی بہت آوے باد کے فساد ہون - آنکھین ناک - کان انمین بہت درد ہو - یہ علامتین ہون تو جمھائی کے روکنے کا اوداورت جانو +

آنسو روکنے کے اوداورت کی علامتین

خوشی یا رنج کے آنسوؤن کو روکے تو اوسکی پیشانی بھاری رہے انکھون کی عارضی ہون خناق ہو

چھینک روکنے کے اوداورت کی علامتین

کندھا نہ مڑے - پیشانی مین درد ہو - آدھا سیسی ہو - سب حواس سست ہوجاوین +

ڈکار کے روکنے کی اوداورت کی علامتین

گلا اور منہ کھانے سے بھرا ہوا نظر آوے اور غفلت زیادہ ہو اور بدن مین درد اور ہوا سے بہت فساد ہون - ریح صاف نہو +

قے کے روکنے کے اوداورت کی علامتین

بدن مین کھجلی ہو اور چکتے پڑجاوین - کسی چیز کی رغبت نرہے - منہ کے اوپر جھائین پڑجاوین - سوجن - یرقان - بخار - جذام ہو - سینہ مین درد ہو - اور بسر رنگ ہو +

منی کے روکنے کے اوداورت کی علامتین

پیڑو - مقعد - فوطے - آلت مین درد اور سوجن ہو - پیشاب رک جاوے - منی اور خون گرنے لگے - پتھری کا آزار ہو - آنکھون مین فساد ہو +

بھوکھ روکنے کے اوداورت کی علامتین

غنودگی - اعضا شکنی - نفرت ہو - بغیر محنت کے تکان معلوم ہو - بدن دُبلا اور کمزور ہو - اور نظر سست پڑجاوے +

پیاس روکنے کے اوداورت کی علامتین

گلے اور منہ مین درد ہو - کم سنے - سینے مین درد ہو -

دم روکنے کے اوداورت کی علامتین

دوڑنے مین دم ہوآوے اوسکو روکے جسکی یہ علامتین ہون اوسکے سینے مین درد اور زیادہ غفلت ہو - پیٹ مین گولے کا عارضہ ہو -

نیندر روکنے کے اوداورت کی علامتین

جمھائی بہت آوے - اعضا شکنی ہو - آنکھین اور پیشانی بھاری رہے - غنودگی ہو +

اوداورت کی پیدائش

معدہ مین جو ہوا رہتی ہے وہ روکھی سیلی تلخ خوراک سے مفسد ہوکر اوداورت کے عارضے کو پیدا کرتی ہے +

اوداورت کی عموماً علامت

جہان ہوا اوپنچے جاکر گھومے اوسکو اوداورت کہتے ہین +

اوداورت کی زیادہ علامتین

بلغم اور چربی کو پچلنے والی جو تسین ہین وہ ریح اور پاینخانہ اور پیشاب کو اونچا کر اوسکو سکھادیتی ہین اور سینہ اور پیڑو مین درد پیدا کرتی ہین تب بدن بھاری رہتا ہے اور نفرت ہوتی ہے - ریح پاینخانہ اور پیشاب بہت مشکل سے اوترتا ہے - اور دمہ - کھانسی - خناق - سوزش - غفلت - پیاس - بخار - قے - ہچکی - درد سر - ہول دل ہو - کہنے اور بادکے بہت سے عارضے ہوجاوین اور پیاس سے تکلیف پاکر آدمی کمزور

ہو جاوے - بہت درد ہو - پاینخانہ کی قے کرے - ایسا اوداورت والا مرجاوے -

ترتیب سے اوداورت کا علاج

ریاح کے روکنے سے پیدا ہوا جو اوداورت ہو اوسکو تیل پلاوے تو دفع ہو یا ان مواؤن سے پسینا نکلواوے یا قے کرادے تو اوداورت دور ہو +

پاینخانہ روکنے کے اوداورت کا علاج

انکو جلاب دے اور سول کی دور کرنے والی دوا دے اور ایسی ہی خوراک دے تیل کی مالش کرادے یا عمل کرادے +

پیشاب روکنے کے اوداورت کا علاج

جوا کھار ۱ درم بیج ۱ درم - انکو پانی مین باریک پیسکر پلاوے تو یہ اوداورت جاوے یا کیٹیلی بیج ارجن کا کاڑھا پیے تو پیشاب کے روکنے کا اوداورت دور ہو - یا تخم توری پانی مین پیس سیندھا نمک ڈالکر پیے تو پیشاب روکنے کا اوداورت دور ہو - یا مصری اوکھ کا رس - دودہ - داکھہ انکا شربت پیے تو پیشاب روکنے کا اوداورت - موتر کرچھر تھیری کا عارضہ یہ سب جاوین +

جمھائی کے روکنے کے اوداورت کا علاج

تیل کے پینے یا مالش کرنے یا پسینا لینے سے یہ عارضہ اور اور بھی باد کے عارضے جاوین +

آنسوؤن کے روکنے کے اوداورت کا علاج

بہت بلند آواز سے روکر آنسو ڈالے تو یہ عارضہ دور ہو - یا آرام سے اچھی طرح سو وے تو یہ عارضہ دور ہو یا دلچسپ قصہ سنے تو یہ عارضہ دور ہو +

چھینک روکنے کے اوداورت کا علاج

کالی مرچ - رائی - نک چھکنی وغیرہ کی ناس دے - یا سورج کو دیکھکر چھینک لے تو یہ بیماری دفع ہو یا تیل کی مالش کرادے یا پسینا نکلوادے تو یہ بیماری دور ہو +

ڈکار روکنے کے اودا ورت کا علاج

تیل کی مالش اور پسینا نکلوانے سے یہ عارضہ دور ہو +

قے روکنے کے اودا ورت کا علاج

اس مریض کو قے اور فاقہ کراوے اور جلاب دے یا تیل کی مالش کراوے یا عمل کرے یا ناس سونگھاوے تو یہ عارضہ دور ہو +

منی کے روکنے کے اودا ورت کا علاج

نہایت خوبصورت نوجوان سولھ برس کی عورت سے جماع کرے تو یہ عارضہ دفع ہو - یا تیل کی مالش کرے یا شراب پلاوے یا مرغی کا گوشت کھلاوے یا سانٹھ کے چانول کھلاوے یا عمل کراوے تو بیماری دور ہو +

بھوکھ روکنے کے اودا ورت کی علامتین

مرغن گرم ہلکی لذیذ فائدہ بخش غذا کھلاوے اور خوشبودار پھولونکا ہار پہناوے تو یہ عارضہ دور ہو

پیاس کے روکنے کے اودا ورت کا علاج

ٹھنڈی جگہ لیجاوے یا پانی کی چادر فوارہ وغیرہ دکھلاوے اور ٹھنڈے پانی میں بھیگی کپڑا نچوڑ ڈالکر آہستہ آہستہ اوسکو پیے تو یہ عارضہ دور ہو +

محنت کی دم روکنے کے اودا ورت کا علاج

آرام کرے کے اوس تکان کو دور کردے یا نیند کے ساتھ چاول کھاے تو یہ عارضہ دور ہو +

نیند کے روکنے کے اودا ورت کا علاج

گرم دودھ میں مصری ڈال گرم گرم رغبت سے پیے یا آرام سے سووے یا دلچسپ قصے سنے یہ عارضہ دور ہو

روکھی چیز وغیرہ کھانے سے پیدا ہوے اودا ورت کا علاج

ہینگ - شہد - سیندھا نمک - انکو باریک پیس چھی کر کھی سے چپڑ جبہ تک اچھا معلوم ہو مقعد میں رکھے تو یہ اودا ورت جاوے - اسکا نام ہنگوا وہلا ورتی ہے - یا تیل - پیل

گوٹ - بچ - سرسون - تلسی سیاہ - انکو دودہ مین باریک پیس انکی بتی کر گرم گرم مقعد مین رکھے تو اوداورت جاوے - اسکا نام مدن پچلا وبرتی ہے - یا شکر ۱ تولہ - نسوت ۵ تولہ - پیپل ۵ درم انکو پیس - کھانے کے پہلے ۲ درم شہد کے ساتھ کھاوے تو اگر گاڑھا دوہرا سوا دا وتر تا ہو وہ بند ہو جاوے - اودا وداورت دفع ہو - اسکا نام نارائج چورن ہے - یا زنجبیل - مرچ پیپل - پیلا مول - نسوت - دانتیونی - چترک - ان سب کو برابر لے باریک پیس ایک درم تلسی سیاہ کے ساتھ صبح ہوتے ہی پانی سے کھاوے تو اودا ورث - بھیا - گولا - سوجن پیلیا - یہ دور ہون - اسکا نام گرداشک ہے - یا سوکھی مولی - بچ سانٹھ - پیپل - پیلا مول چب - چترک - زنجبیل - دسمول - مغز الماس - ان دواؤن کو گھی مین پکا کر پھر اوتنی گھی کو کھاوے تو سب طرح کا اودا ورت دور ہو - اسکا نام ششک مول کا وگھرت ہے یہ سب بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین - یا صاف کیا ہوا اجوائن گوٹ - پارہ - صاف کی ہوئی - گندھک تھنا سہاگہ - زنجبیل - فلفل - پیپل - یہ سب برابر لے پہلے پارہ اور گندھک کو مل کر ے پھر سب چیزین ملا کر ہر روز ایک ماشہ صبح کے ساتھ کھاوے تو اودا ورث - اچار - عارضہ شکم گولا - ان سبکو دور کرتا ہے - اسکا نام نارائج رس ہے - یا نسوت - برگ تھوہر تل وغیرہ گرم چیزون کے کھانے سے اودا ورت جاتا ہے - یا نسوت - دانتیونی - بچ تھوہر سنکھا ہولی الماس - کملہ - بیج کنگ - چاکھ - انکو برابر بھر کوب کیا درم کا کاڑھ کرے اوسمین ۲ درم تل ڈالکر ہر روز سات دن تک پیے تو اودا ورت - شکم کے عارضے - اچار - زہر کے پیدا ہوئے عارضے - گولا - انکو یہ دور کرتا ہے +

اناہ کے عارضے کی پیدائش علامت اور علاج

پیٹ مین آنو کے یا سوا دکے بڑھنے سے یا بچ کے رکنے سے یا بدہضمی خراب ہونے سے بڑھنے سے آدمیون کے پیٹ مین اناہ یعنے اپچار کا عارضہ ہوتا ہے اوسمین پیاس اخلاق - سر کے سب فساد - دردِ شکم ہو - سر بھاری رہے - سینہ مین درد ہو - ڈکار آوے

یہ علامتین ہون تو آنو کا ابھار کہنا چاہیے +

مواد کے بڑھنے کی علامتین

بدن جکڑ بند ہو - پاخانہ کے وقت کمر اور پیٹھ مین درد ہو - بیوستی ہو - مواد نہ کرے دمہ - اور ہیضہ ہو - اور پیچھے کہی ہوئی علامتین بھی ہون تو مواد کے بڑھنے کا ابھار جانو

علاج

جو اوداورت کا علاج پیچھے لکھا ہے وہی ابھار کا بھی جاننا مگر کچھ زیادہ ہے وہ لکھتے ہین نسوت ۱ حصہ - پیپل ۴ حصہ - پوست ہلیلہ کلان ۵ حصہ - انکو باریک پیس انکی برابر قند سیاہ ملاکر بقدر ایک درم گولی بناکر ایک گولی ہر روز پندرہ ۱۵ دن تک پانی سے کھاوے تو ابھار کا عارضہ دور ہو - یا زنجبیل - مرچ سیاہ - پیپل - سیندہا نمک - سرسون - دہاسہ - کوٹ میٹھا - یہ سب برابر لے اور باریک پیس قند سیاہ مین ملاکر گولی بناوے پھر اوسکی انگوٹھے کے برابر موٹی بتی بناوے اور اوسمین گھی لگا مقعد مین رکھے تو ابھار - اوداورت شکم کے عارضے - پیڑو کی بیماریان - گولا - دور ہون - یہ سب علاج ابھار کاشن مین لکھے ہین

گلم یعنے پیٹ مین گولا پیدا ہوا اوسکی علامت اور علاج

خوراک اور آسایش کے تفرقہ اور بدپرہیزی سے ہوا صفرا بلغم فاسد ہوکر مرد یا عورت کے پیٹ سے پیڑو تک گولے کے مانند ایک گانٹھ کو پیدا کرتے ہین وہ گولا - ہوا - صفرا بلغم سنپات اونمون سے پانچ قسم کا ہے پیٹ مین جہان جہان گولا ہوتا ہے وہ جگہ لکھتے ہین دونون پسلیون مین - سینہ مین - ناف مین - پیڑو مین +

گولے کی عام علامتین

سینہ اور پیڑو کے بیچ مین گانٹھ ہوا پھرے یا نہ پھرے گول ہو + اور ٹہرتی جاوے اوسکو گلم کہتے ہین اس عارضے مین نفرت ہو یا نجانہ اور پیشاب دہرا اترے ہوا پٹ سے اور آنت بولے - ابھار ہو - ہوا اوپنی جاوے - جسمین یہ علامتین ہون اوسکو گلم کا روگ کہتے ہین +

باد گولے کی پیدایش اور علامت

روکھی غذا کے کھانے اور ٹھنڈا ہوا اور جگہ پر بیٹھنے اور پیشاب روکنے اور فکر کرنے اور چوٹ لگنے اور دکھ کے محکم مند ہونے اور فاقہ کرنے اور خلاف حرکت اور طاقت در کے ساتھ لڑائی کرنے سے گولا پیدا ہوتا ہے ✣

علامتین

جو گولے کی جگہ مین درد گھٹے بڑھے اور ریح بخوبی تمام صادر نہو اور ہوا اچھی طرح نہ اوترے اور مُنہ اور گلا سوکھے اور مُنہ کی رنگت سیاہ ہوجاوے - سردی اور بخار ہو - سینہ - کوکھ - پسلی سر - ان سب مین درد ہو - اور کھانا ہضم ہونیکے بعد سینہ مین زیادہ درد ہو - اور کھانا کھانے کے بعد تھوڑی ہی ہوا اور روکھے کسیلے کڑوے رس سے درد زیادہ ہو یہ علامتین ہون اوسکو باد کا گولم کہنا چاہیے ✣

صفرا کے گولے کی پیدایش

تلخ - تیکھا - ترش - گرم وغیرہ رسون کے استعمال سے اور غصہ کرنے اور شراب پینے سے اور آگ اور دھوپ کے پاس بیٹھنے سے اور چوٹ لگنے اور خون بگڑنے سے صفرا مفسد ہوتا ہے ✣

صفرا کے گولے کی علامتین

بخار اور پیاس ہو اور بدن مین درد اور سوں اور سوزش اور گولے کے ہاتھ لگانے سے زیادہ درد ہو اور کھانے کے ہضم ہونے کیوقت بہت پسینا آوے یہ علامتین ہون تو صفرا کا گولا جانو

بلغم کے گولے کی پیدایش

ٹھنڈی - بھاری - اور مرغن چیزون کے کھانے سے اور بیٹھے رہنے اور دن مین سونے سے بلغم کا گولا پیدا ہوتا ہے اور یہ سب علامتین ہون تو سنبھات یعنے تینون خلطون کے بگڑنیکا گولا جانو

بلغم کے گولے کی علامتین

جسمین سردی بخار اور بدن مین درد ہو اور تلخ اور ترش ڈکار اور کھانے سے نفرت ہو تو بلغم کا گولا جاننا چاہیے ✣

عورت کے حیض کے خون سے پیدا ہوے گولے کی علامتین

یہ خون کا گولا عورت کا بچا حمل گراتا ہے خلاف خوراک سے پہلے حمل کے حیض کے کیوقت یا زنا سے بغیر بھی اوس عورت کی بادخون کو پکڑکر گولے کو پیدا کرتی ہے اوس گولے مین زیادہ درد اور جلن ہو اور صفرا کے گولے کی سب علامتین ہلین اور وہ وجوہ بغیر ہی سب پیٹ مین پھیرے اور درد ہوا ور گولے مین حمل کی سب علامتین ہلین اوسکو خون سے پیدا ہوا گولا جانو مگر اوس عورت کا دسوان مہینا گذر چکے تب پیدا اوس گولے کا علاج کرے +

گولے کی لاعلاج علامتین

جس شخص کا گولا پھیرے یا نہ پھیرے اور درد ہوا ور بدنمین سوزش ہو تھپری کے مانند گانٹھ انچی وہ گانٹھ دل کو بگاڑکر اور بدن کمزور کرکے ہاضمے کی طاقت کو زائل کردے اوس گولے کو تینون خلطون کے نساد کا جانو یہ لاعلاج ہے +

دیگر گولے کی اور لاعلاج علامتین

گولا ترتیب سے بڑھے درد ہو - کھجوے کے مانند سخت ہو بدن کمزور ہوجاوے کھانے سے رغبت جاتی رہے - تلخ ترش قے کرے - پیاس - بخار - غنودگی - خناق - اسہال ہو اور سینہ ناف اور ہاتھ پیرون مین سوجن ہو پیاس زیادہ لگے ایسے مریض کو لاعلاج جانو +

گولے کا علاج

گرم دودھ مین ارنڈ تیل اور ہلیلکا چورن ڈال ہمیشہ پیے تو جلاب لگ کر گولا دفع ہو - یا تیل کی ناس سے گولا جاوے - یا سجی - کوٹ - جوا کھار - کیوڑے کا کھار پیس چھانکر انمین ارنڈ کا تیل ملاکر پیے تو سیاہ کا گولا دور ہو +

صفرا کے گولے کا علاج

نسوت کو پیسکر استعمال کرے یا ترپھلے کو پیسکر استعمال کرے یا کیلے کو مصری کے ساتھ یا شہد کے ساتھ دے تو یہ بیماری دور ہو +

باد کے گولے کا علاج اور یہی بلغم کا بھی ہے

سونٹھ ہینگ - پیلا مول - کشنیز - زیرہ سیاہ - چب - چترک - پاٹھہ - کچور - امل بید - نمک سیاہ سانبھر نمک - سیندھا نمک - جوا کھار - سجی - انار دانہ - پوست ہلیلہ - پوکر مول - ذائرہ - بیخ جھاؤ - یہ سب برابر لے باریک پیس اس مین ادرک کے رس کی سات پٹ دے - پھر بجورے کے رس کی سات پٹ دے پھر ۲ درم ہر روز کھاے تو گولا اپچار - بواسیر - اودا ورت - شکم کے عارضے ان سب کو یہ دور کرتا ہے اسکا نام ہنگوا دچورن ہے - یا سجی ۴ ماشہ - قند سیاہ ۴ ماشہ - انکو ملا کر ہر روز کھاوے تو گولا دور ہو - یا پلاس کا کھار - تھوہر کا کھار - آندھی جھاڑ کا کھار - امل کا کھار - آک کا کھار - تل کا کھار - جوا کھار - سجی انکو باریک پیس لے درم نیگرم پانی کے ساتھ کھاوے تو گولا اور سول کے عارضون کو دور کرتا ہے - اسکا نام کھیار راشک ہے - یا سانبھر نمک - کچ نون - جوا کھار - سیاہ نمک - سہاگہ - سجی یہ سب برابر لے انکو باریک پیس تھوہر کے دودہ مین انکو ایک دن بھگو رکھے - پھر دھوپ مین سکھاوے پھر آک کے پتون مین لپیٹ مٹی کے برتن مین رکھہ گجپٹ مین پکالے پھر زنجبیل کالی مرچ - پیپل - تر پھلا - اجواین - زیرہ - چترک - انکو اون کھارونکے برابر لے باریک پیس اونمین ملا کر انکو ۲ درم نیگرم پانی سے کھاے تو گولا - اجیرن - سوجن - پیٹ کے سب عارضے بدہضمی - اودا ورت پھیلا - ان سب کو دور کرتا ہے - یا کوار کے پٹھے کا گودا لیکر اوس مین زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - سیندھا نمک - انکو باریک پیس ملا کر بقدر ۲ درم گھی کے ساتھ ہر روز کھاوے تو گولا - پھیلا - سب دور ہون - یا گوار کے پٹھے کے ایک من گودے مین ۴۰۰ تولہ قند سیاہ ڈالے اور زنجبیل ۵ تولہ - فلفل ۵ تولہ - پیپل ۵ تولہ - تیج ۵ تولہ - تیج پتر ۵ تولہ - چب ۵ تولہ الائچی ۴ تولہ - کچور ۴ تولہ - تر پھلا ۴ تولہ - چترک ۴ تولہ - ناگ کیسر ۴ تولہ - بیخ جھاؤ ۴ تولہ - اجمود ۴ تولہ - زیرہ ۴ تولہ - دیودار ۴ تولہ - بیر کا چھلکہ ۴ درم - اسگندہ ۴ درم - راسنا ۴ درم - بدیاسا ۴ درم - اندرجو ۴ درم - انکو باریک پیس گوار کے پٹھے کے

رس میں ڈالے پھر انکو خوب گھوٹ کر کپڑے برتن میں بھر ۱۴ دن زمین میں گاڑے پھر نکالکر ۲ تولہ بھر کھاوے تو گولا۔ اور ورت۔ پیٹ کے فساد۔ ہیضہ۔ گرہنی۔ دمہ۔ کھانسی۔ پیلیا۔ باؤ کے سب فساد انکو دور کرتا ہے۔ اسکا نام گراو کے بیٹھے کا اعت ہے۔ اندھا دھند پکا شرمین لکھا ہے۔ یا شورہ ۱ درم۔ اور کل ۱ درم۔ انکو ہر روز کھاوے تو گولا جاوے۔ یا سیپ کی راکھ ۲ تولہ۔ تخم سیاہ ۲ ماشہ۔ ہر روز کھاوے تو گولا جاوے۔ اسکا نام سیپ پریوگ ہے یا لہسن ۲ تولہ۔ دودھ میں کھیر کرکے ہر روز کھاوے تو گولا جاوے۔ پانچ لونڈ۔ چترک۔ زنجبیل۔ پیلا مول۔ باجی ٹرنگ۔ سیندھا نمک۔ بھنی ہینگ۔ انکا کاڑھا دے تو گولا۔ اپھار اور سول دور ہو۔ یا اجواین ۱۶ درم۔ زیرہ ۵ درم۔ کشنیز ۵ درم۔ فلفل سیاہ ۵ درم۔ کڑا کی چھال ۵ درم۔ اجمود ۵ درم۔ زیرہ سیاہ ۵ درم۔ بھنی ہینگ ۶ درم۔ جوا کھار ۵ درم۔ سجی ۸ درم پانچوں نمک ۵ درم۔ سونٹ ۵ درم۔ مرچ پیپلی ۱۰ درم۔ کچور ۱۰ درم۔ پوکھرمول ۱۰ درم۔ باجی ٹرنگ ۱۰ درم۔ انار دانہ ۱۰ درم۔ پوشت ہلیلہ ۱۰ درم۔ چترک ۱۰ درم۔ امل بید ۱۰ درم۔ زنجبیل ۱۰ درم۔ ان سبکو باریک پیس بجورے کے رس کی ۱۰ ٹپ دے پھر ایک درم بھر کی گولی باندھے ایک گولی گھی کے یا دودھ کے ساتھ ہر روز کھاوے تو صفرا کے گولے کو دور کرے اور شراب کے ساتھ کھاوے تو باد کے گولے کو دور کرے اور سینے کی بیماریاں۔ سنگرہنی۔ سول۔ کیڑے۔ بواسیر کے عارضوں کو یہ گولی دور کرتی ہے اسکا نام کالکا مین گمکا ہے۔ یا لون بجا سکر چوران کو جو پیچھے لکھا ہے۔ اوسکے کھانے سے گولے کا عارضہ دور ہو۔ پیپل۔ بھانگ۔ پیلا مول۔ دیودار بیخ کنگنی۔ تل۔ انکا کاڑھا پیے تو گولے کا عارضہ دور ہو۔ یا بھانگ۔ قند سیاہ۔ ہلدی زرد۔ پیپل۔ تل۔ زنجبیل۔ مرچ کا کاڑھا پیے تو گولے کا عارضہ دور ہو۔ اسکا نام کنادکو تیتے یا مین سل۔ ہرتال۔ روپا بھسم۔ آک سار۔ گندھک۔ تانبے کی راکھ تا روپیہ بھر ہو پہلے گندھک کو حل کرے پھر اوسمین یہ سب دوا ڈالے پھر پیپل کے کاڑھے کے بیچ میں ایکیس دن کھرل کرے پھر تھوہر کے دودھ میں ایک دن کھرل کرے پھر ایک درم شدہ لیکر پانی کے

پیشاب مین کھاوے تو گولا اور سول کا فوراً دور ہو اسکا نام بدپاوہر لن ہے - یا پارہ
صاف کی ہوئی کنہیک - پھٹکا سفاگیر - ترپھلا - زنجبیل - کالی مرچ - پیپل - ہرتال صفا
سنگی جوہر ہر ایک تانبے کی برابر - جال گیر صفا یہ سب برابر لے پہلے پارہ اور گندھک کو
حل کرے پھر اور سب دوا پیسکر ملاوے پھر بھانگرے کے رس کی تین بھاوت دے اور تین
دن تک کھرل کرے پھر اسکی ایک رتی بھر کی گولی باندھے ایک گولی ادرک کے رس مین کھاوے
تو گولا جاتا رہے - اسکا نام مگدر کمٹھا رس ہے - اور یہ سب علاج بیضہ ہی مین لکھے ہین - یا ہاتھ
وغیرہ کی فصد لواوے تو گولے کے سب نشانے دور ہوتے - یا بھنی ہینگ - انار دانہ
برابر لے - یہ سب برابر لے اور بجورے کے رس مین کھرل کرے پھر ۵ درم شراب کے ساتھ
ہمیشہ پیئے تو بادکا گولا دور ہو - یا بھنی - کوٹ - جوا کھار - یہ سب برابر لے باریک پیس ۵ درم
تیل کے ساتھ پیئے تو گولا جاوے +

عورت کے مقام مخصوص مین درد ہو اوسکا علاج

ترپھلا - نیوتی - دسمول - یہ سب علیحدہ دو دو تولہ بھر لے پھر انکو جو کوب کر
۵ درم کا کاڑھا کرکے چھان لے اور اوسمین ارنڈ کا تیل ڈال اور گھی ملاکر دودھ سے پیئے تو
درد رفع ہو - اسکا نام مشرک سلیمہ ہے - اور جوگ ترنگنی مین لکھا ہے - یا ایک درم اجواین کو
باریک پیس ۵ درم قند سیاہ مین ملاکر مٹھے کے ساتھ ہمیشہ پیئے تو گولا جاوے اور بھوک لگے
یا نجاتا اور پیشاب اوترے یہ ہمیشہ مین لکھا ہے - یا اجواین - بھنی ہینگ - سیندہا نمک -
جوکھار - نمک سیاہ - پوست ہلیلہ - یہ سب برابر لے اور باریک پیس ۲ درم شراب کے ساتھ
ہر روز پیئے تو گولا - سول جاوے - یا بھنی ہینگ ۱ حصہ - سیندہا نمک ۲ حصہ - پیلا مول ۳ حصہ
کنکول مرچ ۴ حصہ - اجواین ۵ حصہ - پوست ہلیلہ ۶ حصہ - انار دانہ ۷ حصہ - آنب کی جگا چھلکا
۸ حصہ - چترک ۹ حصہ - زنجبیل ۱۰ حصہ - ان سبکو باریک پیس ۲ درم ہمیشہ
پانی سے پیئے تو گولا نشرت - ہیضہ کا نشہ - اچار - بواسیر - بادگی نساوہ وغیرہ کو

دور کرتا ہے۔ اسکا نام ہنگ وا ورش چورن ہے۔ پانچ۔ پوشت ہلیلہ۔ بھنی ہینگ
سیندہا نمک۔ امل بید۔ جوا کھار۔ اجواین۔ انکو برابر لے باریک پیس ۲ ۲ درم۔ گرم پانی
سے کھالے تو سول اور گولا دور ہو۔ اسکا نام بجا دیہ چورن ہے۔ یا پیپس ہلیلہ کلان کو ۱۲ بار
پانی مین پکاوے اور پانی ہی مین دا تیونی ۔ ۳۲ تولہ۔ چترک ۱۲ تولہ انکو ڈال نرم آنچ سے
پکاوے جب پانی کا چوتھا رہجاوے پھر اوس مین مع ہڑون کے ۳۲ تولہ قند سیاہ ڈال پھر
اوٹاوے جب آدھا رہجاوے تب اسمین پیپل ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ گھی ۸ تولہ شہد ۱۶ تولہ
تج ۲ تولہ۔ پتر ج ۲ تولہ۔ ناگ کیسر ۲ تولہ الائچی ۲ تولہ۔ ان سبکو خوب ملاکر ۲ تولہ ہر روز کھاوے
تو جلاب اثر کرے اور گولا سنگرہنی۔ یرقان۔ ورم۔ بکھر جور۔ جذام۔ بواسیر۔ نفرت پھیلا
بیماری سینہ۔ یہ سب عارضے دور ہون۔ اسکا نام دنت ہرتکی ہے۔ باسنکھ درا وے گولا جاتا ہے
یا بڑی پکی جمیری دو سو عدد لے اور اوسکا رس لیکر گھی کے چکنے برتن مین رکھے۔ پھر
بھنی ہینگ ۲ تولہ۔ سیندہا نمک ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ کالی مرچ ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۸ تولہ۔
اجواین ۲ تولہ۔ سرسون ۱۶ تولہ۔ ان سب دواؤنکو باریک پیسکر اوس رس مین ڈالے پھر دو دن
زمین مین گاڑ رکھے پھر ۲ تولہ ہر روز کھاوے تو گولا۔ پھیلا۔ بدہضمی۔ اسہیلہ۔ باد اور بلغم کا
اسہال۔ پسلی کا درد۔ بیماری سینہ۔ قبض۔ زہر کا فساد۔ پیٹ کے عارضے باد بلغم کا عارضہ
سب دور ہون اسکا نام جمیری وراہا ہے۔ یا ندی کرا۔ آک۔ سنجنہ۔ کپیلی۔ تھوہر۔ تیل
بکاین۔ آندھی جھاڑ۔ کدمب۔ اڑوسہ۔ ان سبکا کھار اور ساجھر نمک۔ برابر لے اور اسمین
مقدار کے موافق بھنی ہینگ ڈال پھر انکو ۲ ۲ درم گرم پانی سے کھاوے تو گولا۔ سول پیٹ کے
عارضے سب جاوین۔ اسکا نام نادئی چار ہے۔ یہ جوگ شتک مین لکھا ہے۔ یا سونف۔
بیخ کنگج۔ تیج۔ دار ہلدی۔ پیپل۔ انکا کاڑھا دے اور تل۔ قند سیاہ۔ زنجبیل۔ مرچ۔
بھنی ہینگ بھارنگی۔ یہ سب دوا کاڑھے مین ڈال اور اڑا کر دے تو طوفان کا اور عورت
کے حیض کے خون کا گولا دور ہو۔ یا پارہ ۱ حصہ۔ رانگ کی راکھ ۱ حصہ۔ گندھک ۱ حصہ

تانبے کی راکھ ۴ حصہ ان سبکو دودن تک آک کے دودہ مین کھرل کرے پھر اسکو گولا بناکر سرو ے مین رکھکر کچ مٹی مین پکاوے پھر نکال کر بھنڈا کرے اور عورتی کے برابر کھاوے تو پھیا پیٹ کی بیماری یہ سب دور کرتا ہے - اسکا نام سنگیشر رس ہے - اور ایسا مریض گوشت - مچھلی سوکھی ترکاری - دال مٹھا پھل نہ کھاوے یہ سر سنگرد مین لکھا ہے +

یکرت پلیہہ کے عارضی کی پیدایش علامت اور علاج

یکرت پلیہہ دونون بدن کے حصون مین اپنی اپنی جگہ رہتا ہے سینہ کے نیچے اور بائین پسلی مین پلیہہ رہتا ہے اسی کو عوام لوگ پھیا کہتے ہین یہ دونون خون سے پیدا ہوتے ہین اور خون کی چلنے والی نسون مین خاص انکی جگہ ہے +

پلیہہ روگ کی پیدایش

جو آدمی گرم یا وہی وغیرہ بلغم پیدا کرنے والی بہت چیزین کھاوے اوسکے خون اور بلغم بڑہ کر منہ جبرا اور ضعف معدہ کرتے ہین اور بلغم صفرا کی جس مین علامتین ہون اوسکے بدکی طاقت جاتی رہے بدن زرد پڑجاوے اوسکو پھیا کہتے ہین - یہ پھیا - باد - صفرا بلغم - خون سے چار قسم کا ہے +

باد کے پھیا کی علامتین

شکم مین ہمیشہ اپھارا و داورت اور درد رہے تو باد کا پھیا جانو +

صفرا کے پھیا کی علامتین

بخار رہے - پیاس بہت لگے - جلن اور غفلت ہو - بدن زرد ہوجاوے تو صفرا کا پھیا جاننا چاہیے

بلغم کے پھیا کی علامتین

سب حواس خمسہ سست اور کمزور ہوجاوین - مدہوشی ہو - بدن کا رنگ اور کا اور ہوجاوے غفلت ہو بدن بھاری رہے - شکم سرخ ہوجاوے - یہ علامتین بلغم کے پھیا کی جانو - اور تینون خلطون کا پھیا ہو تو لاعلاج جانو - اور یہی علامتین یکرت کی بھی جاننا +

علاج

جواکھار اونٹنی کے دودہ کے ساتھ کھاے تو بھیا جاوے یا سیپ کی راکھ دہی کے ساتھ کھاے تو بھیا جاوے۔ یا ۲ درم پیپل دودہ کے ساتھ کھاوے تو بھیا جاوے یا آک کے پتونکی راکھ نمک ملاکر مٹھے کے ساتھ کھاییے تو بھیا جاوے۔ یا بھنی ہینگ۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ زنجبیل۔ گوٹ۔ جواکھار۔ سیندھا نمک۔ یہ سب برابر لے باریک پیس ۲ درم بجورے کے رس سے ہر روز کھاییے تو بھیا جاوے۔ یا چھیلے کے کھار مین بھگوئی ہوئی پیپل ۲ درم کھاے تو بھیا اور گولا جاوے۔ یا سنکھ کی راکھ ۴ ماشہ جمیری کے رس کے ساتھ کھاے تو بھیا جاے یا بائین ہاتھ کی فصد کھلاوے تو بھیا جاوے دہنے ہاتھ کی فصد کھلاوے تو یکرت جاوے۔ یا کچے ہوے آنب کے رس مین شہد کو ملاکر پیے تو بھیا جاوے۔ یا اجواین۔ چترک۔ جواکھار۔ پیلا مول دانتیونی پیپل۔ شراب کے ساتھ ہمیشہ کھاوے تو بھیا جاوے یہ بھاو پرکاش مین لکھا ہے۔ یا سیندھا نمک ۵ درم پانی مین اوٹا کر ہمیشہ پیے تو بھیا جاوے۔ یہ بھی بیدرہس مین لکھا ہے۔ یا جواکھار بای ٹرنگ۔ پیپل۔ بیخ کنگچ۔ امل بید۔ یہ سب برابر لے باریک پیس ۲ درم ہر روز گرم پانی سے کھاے تو بھیا دور ہو۔ یا پیپل۔ زنجبیل۔ دانتیونی۔ یہ سب برابر لے اور انسے دوگنا پوست ہلیلہ لے سب کو باریک پیس قند سیاہ کے ساتھ پانی سے کھاے تو بھیا جاوے۔ یا بای ٹرنگ۔ بیخ اندراین۔ سیندھا نمک۔ چترک۔ یہ برابر لے اور انسے دوگنا دیودارلے اور ترنگنی زنجبیل اور بیخ سانٹھ کی لے اور بای ٹرنگ برابر لے سوت چوگنی لے انکو باریک پیس لے درم گرم پانی سے کھاے تو بھیا جاوے۔ یا بیخ سہجنہ۔ سیندھ نمک۔ چترک۔ پیپل۔ انکا کاڑہ کرکے پیے تو بھیا دور ہو۔ یا بھلانوہ۔ پوست ہلیلہ۔ زیرہ یہ سب برابر لے انکو باریک پیس ان مین برابر کا قند سیاہ پانچ درم ملاکر ہر روز سات دن تک کھاوے تو بھیا جاوے۔ یا لہسن۔ پیلا مول پوست ہلیلہ۔ یہ سب برابر لے باریک پیس ۲ درم گاے کے پیشاب کے ساتھ کھاے تو بھیا جاے۔ یہ چکرد ت مین لکھا ہے۔ پانچ روہت۔ پوست ہلیلہ یہ سب برابر لے باریک پیس ۲ درم گاے کے پیشاب کے ساتھ کھاے تو بھیا

اور شکم کے عارضے - جریان - بواسیر - بلغم کے عارضے - جذام یہ سب دور ہون - یہ جوگ ترنگنی
مین ہے - یا سا مہر نمک - زرد چوب - رائی ان تینون کو ایک ایک تولہ بھر لے اور ۲۰۰ تولہ
میٹھے کو چکنے برتن مین بھر پانچ دن تک رکھے پھر ۵ تولہ تین دن تک پیے تو پھیا جاوے اسکا نام
تکر سندھان ہے اور بھاو پرکاش مین لکھا ہے یا ۲۰۰ سو تولہ رو کھہ اور ۴ ہار بیر کی جڑ کو کوٹکر
۱۶ ہار پانی مین ان دونون کو اوٹاوے جب پانی چوتھائی رہجاوے تب اوتار کر چھان لے پھر
اوس پانی مین ایک سیر گاے کا گھی ڈالے اور بکریکا دودھ ۴ ہار ڈالے پھر زنجبیل ۲ درم کالی مرچ
۲ درم - پیپل ۲ درم - تیر پھلا ۲ درم - بھنی ہوئی ہینگ ۲ درم - اجواین ۲ درم - بیخ سانٹھ
۲ درم - تمبرو ۲ درم - بای ٹرنگ ۲ درم - نمک سیاہ ۲ درم - انار دانہ ۲ درم - دیودار ۲ درم
بیخ اندراین ۲ درم - جواکھار ۲ درم - پوکھر مول ۲ درم - بیخ جھاؤ ۲ درم - بیج ۲ درم
چب ۲ درم - ان سبکو باریک پیس گھی مین نرم آنچ سے پکاوے جب یہ دوا اور دودھ
جل جاوے اور گھی رہجاوے تب اسکو امرتبان مین چھانکر بھر رکھے پھر اس گھی مین سے
تین تولہ پرہیز سے کھاوے تو پھیا - پلیہو - پسلی کا درد - نفرت - قبض - پانڈرو گ -
قے - اسہال - بکھم جو ران سبکو دور کرتا ہے - اسکا نام مہاروچک گھرت ہے - یا چترک
۲۰۰ تولہ لے اوسکا کاڑہا کرا اوسمین کانجی کا پانی ۴۰۰ تولہ بھر اور دہی کا مٹھا ۸۰۰ سو تولہ
اور پیپلا مول ۱ تولہ - چب ۱ تولہ - چترک ۱ تولہ - زنجبیل ۱ تولہ - تالیس پتر ۱ تولہ - جواکھار ۱ تولہ
سیندھا نمک ۱ تولہ دونون زیرہ ۴ تولہ - دونون ہلدی ۴ تولہ - کالی مرچ ۲ تولہ ان سبکو
باریک پیس چترک کے کاڑہے مین ملاوے پھر اسمین اٹار گھی ملاوے جب پانی وغیرہ سب
جل جاوین اور صرف گھی رہجاوے تب اسے اوتار لے اور چھانکر امرتبان مین بھر رکھے
اور اسکا استعمال کرے تو پھیا - گولا - پیٹ کے عارضے - اپھار - پانڈرو گ - نفرت - بکھم جو
پیڑو کا درد - سوجن - ضعف معدہ ان عارضون کو یہ دور کرکے طاقت کو بڑہاتا ہے - اسکا
نام چترکا دگھرت ہے اور بر ندمین لکھا ہے - اور جو پھیا کا علاج ہے وہی یکرت کا بھی

جاننا - یا جوا کھار - بای ٹرنگ - پیپل - بیخ کنگھ انکے کاڑہ سے یکرت پھیا دونون جاوین +

ہردروگ یعنی سینہ مین درد پیدا ہوی عارضی کی پیدائش علامت اور علاج

بہت گرم اور بھاری اور بہت کھٹی - کسیلی - بہت تیکھی چیزون کے کھانے سے اور بہت محنت کرنے سے بھاری چوٹ کے لگنے سے اور بہت بیٹھنے اور نہایت فکر کرنے اور پیشاب اور پاخانہ کے روکنے سے سینے کا عارضہ پیدا ہوتا ہے وہ ۱ باد - ۲ صفرا - ۳ بلغم - سنپات اور کیڑون سے پانچ قسم کا ہے +

ہردرروگ کی عموماً علامتین

خوراک کھانیکا رس جو پہلے سینہ مین جاوے اوس رس کو باد - صفرا - بگاڑکر - سینے مین درد پیدا کرے اوسکو بید ہردروگ کہتے ہین +

بادی ہردروگ کی علامتین

سینے مین تیچھر اور کلھاڑی کی سی چوٹین لگین یہ علامتین ہون تو باد کا ہردروگ جانو +

صفرا کے ہردروگ کی علامتین

پیاس بہت لگے - جلن ہو - چھاتی مین درد ہو - گلے مین سے دھوان نکلے - بیہوشی ہو بدن سرد ہوجاوے - پسینا آوے منہ سوکھ جاوے جسمین یہ علامتین ہون اوسکو پت کا ہردروگ جانو +

بلغم کے ہردروگ کی علامتین

چھاتی بھاری رہے - منہ مین سے بلغم بہت نکلے - کھانے کی رغبت جاتی رہے - بدن جکڑا سا ہوجاوے منہ میٹھا رہے - بدہضمی ہو - چھاتی مین بلغم جم جاوے یہ علامتین ہون تو بلغم کا ہردروگ جانو - اور یہ سب علامتین ملی ہون تو سنپات کا ہردروگ جانو +

کیڑونکے ہردروگ کی علامتین

آنتون مین کیڑے ہون - پھر بدپرہیزی کا کرنے والا آدمی تل دودھ قند سیاہ وغیرہ شیرین

چیزین کھاوے تب اوسکے مرم استھانون مین درد ہو - چھاتی مین درد ہو - چھاتی مشرجائے
تب وہ نہایت تکلیف اور آزار اوٹھاوے یہ علامتین مسببین ہون اور قے آوے اور
بہت تھوکے اور چھاتی مین درد ہو - اور کھانے سے نفرت ہو - اور آنکھین سیاہ ہوجاوین
اور بدن سوکھہ جاوے یہ کیڑون کے ہر درروگ کی علامتین جاننی چاہئین ٭

ہر درروگ کے فساد

سب حواسون کا ہوش جاتا رہے بدن مین درد ہو اور چکر آوین بدن سوکھہ جاوے ٭

ہر درروگ کا علاج

بہیڑے کے درخت کی چھال کا چورن ۴ تولہ ہر روز دودہ یا گھی یا قند سیاہ کے پانی کے ساتھہ
کھاوے تو ہر درروگ - چیرن چور - رکت پت - انکو دور کرے یا پوست ہلیلہ - بیج - رسنا -
پیل - زنجبیل - کچور - پوکھرمول - یہ سب برابر لے باریک پیس ۲ درم پانی سے پیے تو ہر درروگ
دور ہو - یا ہرن کے سینگ کو پٹ پاگ کرنے اور گاے کے پیشاب کی ساتھہ کھاوے تو ہر درروگ
اور سب طرح کے درد دور ہون - اور گاے کے گھی کے ساتھہ کھاوے تو ہر درروگ اور سول وغیرہ
دور ہو - یہ ہرن کے سینگ کا پٹ پاک ہے یا کھرپٹی - پوست گنگیرن - کاہو کے درخت کی
چھال - ملہٹی یہ سب دوا برابر لے باریک پیس ۲ درم کا کاڑھا کر ہر روز پیے تو ہر درروگ -
بات رکت - رکت پت ان سبکو دور کرے - یہ بھاو پرکاش مین لکھا ہے یا کوٹ باہی ترنگ
انکو باریک پیس ڈہائی درم گاے کے پیشاب کے ساتھہ کھاوے تو سینے کے کیڑے گرڑپین اور
ہر درروگ جاوے - یا بیج گنگیرن اور کاہو کے درخت کی چھال - پوکھرمول ان سبکو باریک
پیس ڈہائی درم دودہ کے ساتھہ یا شہد کے ساتھہ کھاوے تو ہر درروگ - دمہ - کھانسی - قے
ہچکی انکو دور کرے - یا پوست ہلیلہ - بیج - رسنا - پیل - زنجبیل - کچور - پوکھرمول -
انکا چورن کھاوے تو ہر درروگ جاوے - یا سمول کے کاڑھے مین ارنڈ کا تیل اور سانبھر نمک
ڈالکر پیے تو ہر درروگ جاوے - یا پوکھرمول - زنجبیل - کچور - پوست ہلیلہ - جوا کھار -

یہ سب برابر لے اور انکا کاڑھا کرکے اسمین گھی ڈالکر پیے تو بادی ہر دوگ جاوے - یہ بیدرہس مین ہے - یا بھنی ہینگ - بچ - بای بڑنگ - زنجبیل - پیپل - پوست ہلیلہ - جنرک - جواکھار نمک سیاہ - پوکھرمول - یہ سب برابر لے باریک کرکے ۲ - ۲ درم شہد کے ساتھ کھاے تو ہر دروگ دور ہو - کھانسی - راج روگ - ہچکی یہ سب عارضے دور ہون - یا بھنی ہینگ - زنجبیل - جنرک - کوٹ - جواکھار - پوست ہلیلہ - بچ - بای بڑنگ - نمک سیاہ - پاڑہ - پوکھرمول یہ سب برابر لیکر کھاے تو ہر دروگ - اجیرن - ہیضہ - یہ سب دور ہون +

موتر کرچھر کی عارضی کی پیدایش علامت اور علاج

محنت کرنے - تیکھی اور روکھی چیز کھانے اور شراب پینے اور دریائی جانورون کے گوشت کھانے اور کھانے پر کھانا کھانے سے آدمیون کے موتر کرچھر کا عارضہ پیدا ہوتا ہے وہ آٹھ قسم کا ہے باد کا - صفرا کا - بلغم کا - سنپات کا - چوٹ لگنے کا - پاخانہ کے روکنے کا

عام علامتین

باد - صفرا - بلغم - مفسد ہوکر اپنے آپ ہی پیڑو مین جاکر پیشاب کی راہ مین بہت درد کرکے نہایت تکلیف سے ٹیس ہوکر پیشاب اوتارتے ہین اور پیشاب بند ہونے مین تو کم اور پیشاب کرنے مین زیادہ درد ہو اوسکو موتر کرچھر کہتے ہین +

باد کے موتر کرچھر کی علامتین

رانون اور پیڑو کے جوڑ مین اور آلت مین زیادہ درد ہو اور تھوڑا تھوڑا بار بار پیشاب کرے یہ علامتین جسمین ہون اوسکو باد کا موتر کرچھر کہنا چاہیے +

صفرا کے موتر کرچھر کی علامتین

درد اور سرخ اور گرم پیشاب بہت تکلیف سے ٹیس ہوکر اوترے اوسکو صفرا کا موتر کرچھر کہنا چاہیے

بلغم کے موتر کرچھر کی علامتین

پیڑو اور آلت یہ دونون بھاری ہون اور پیشاب مین جھاگ آوین اور پیشاب تکلیف سے اوترے

یہ علامتین جسمین ہون اوسکو بلغم کا موتر کرچھر جانو اور یہ سب علامتین ملی ہون تو اوسکو سنپات کا موتر کرچھر کہنا چاہیے +

چوٹ لگنے کے موتر کرچھر کی علامتین

پیشاب کو لیجانے والی نسون مین کسیطرح چوٹ لگنے سے پیشاب رک جاوے اور باد کے موتر کرچھر کی علامتین اس موتر کرچھر کی علامتون سے ملین تو آدمی مرجاوے +

پاخانہ روکنے کے موتر کرچھر کی علامتین

جو آدمی پاخانہ کے زور کو روکے اوسکے باد مفسد ہوکر پیڑو اور پیٹ مین نفخ کرے اور آلت کی جگہ مین درد زیادہ کرے پیشاب نہایت آزار سے اوترے یہ علامتین ہون تو پاخانہ کے روکنے کا موتر کرچھر جانو +

شہوت کے روکنے کے موتر کرچھر کی علامتین

منی کے روکنے سے پیشاب کی راہ رک جاوے تو آدمی کے پیڑو اور آلت مین درد ہو اور منی کو لیے پیشاب بہت آزار دیکر اوترے تو منی کے روکنے کا موتر کرچھر جانو +

پتھری کے موتر کرچھر کی علامتین

پتھری اور ریت یہ دونون فوطون مین رہتی ہین انھین سے موتر کرچھر ہوتا ہے وہ پتھری صفرا سے جلی اور باد سے رکتی ہوئی پتھری کی صورت ہوکر پیشاب کو روکتی ہے +

شکرا یعنے ریت کا فساد

سینے مین درد ہو۔ بدن کانپے۔ کوکھ مین شول اوٹھے بدہضمی اور بیہوشی ہو یہ علامتین ہون تو آدمی مرجاوے +

موتر کرچھر کا علاج

گوکھرو۔ مغز الماس۔ بیخ ڈاب۔ بیخ کاس۔ جواسہ۔ آملہ۔ پاکھان بھید۔ پوست ہلیلہ یہ سب برابر لے کوب کر ۲ درم کا کاڑھا کر شہد ملا ہر روز کھاوے تو موتر کرچھر اور پتھری کا

لاعلاج عارضہ بھی دور ہو۔ اسکا نام گوکھرو کواتھ ہے۔ یا الایچی۔ پاکھان بھید۔ سلاجیت پیپل۔ گوکھرو۔ تخم تورسی۔ سیندھا نمک۔ کیسر۔ یہ سب برابر لے باریک پیس۔ اکیس ۲۱ درم چانول کے پانی کے ساتھ یا پرانے قند سیاہ کے پانی کے ساتھ ہر روز کھاے تو موتر کرچھر دور ہو یا دودھ مین پرانا قند سیاہ یا مصری ڈالکر گرم کرکے پیے تو موتر کرچھر جاوے +

چوٹ لگنے کے موتر کرچھر کا علاج

آملہ کے رس مین شہد ملاکر پیے۔ یا اوکھ کے رس مین شہد ڈالکر پیے تو موتر کرچھر دور ہو +

پاخانہ روکنے کے موتر کرچھر کا علاج

گوکھرو کا کاڑہا کر شہد جوا کھار ملاکر پیے تو موتر کرچھر جاوے یا تربھلا ۵ درم۔ بیر کی جڑکی چھال ۵ درم ان دونوکو رات مین بھگوکر صبح اوسی پانی مین پیس سیندھا نمک ڈالکر پیے تو یہ بیماری دفع ہو۔ یا جوا کھار ۵ ماشہ۔ مصری ۵ ماشہ۔ انکو پیس پانی سے کھاے تو موتر کرچھر ضرور دفع ہو۔ یا منکہ دا کھہ ۵ درم۔ مصری ۱۰ درم۔ دہی کا مٹھا ۱۰ درم۔ یہ تینون ملاکر پیے تو موتر کرچھر جاوے یا گوکھرو کا جڑ سمیت کاڑہا کر شہد اور مصری ملاکر پیے تو موتر کرچھر جاوے یہ علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔ یا گلو۔ زنجبیل۔ آملہ۔ اسگندہ۔ گوکھرو۔ یہ سب برابر لے انکو جوکوب کر ۲۰ درم کا ہر روز کاڑہا کرکے پیے تو موتر کرچھر جاوے۔ یا پکے ہوے لیمون کا رس گاے کے کچے دودھ مین ڈال ہر روز رغبت کے موافق پیے تو عورت کے مقام مخصوص کے جو عارضے پیدا ہون اور جلن۔ جریان۔ موتر کرچھر وغیرہ عارضون کو دور کرے۔ یا پوست ہلیلہ۔ گوکھرو۔ مغز اماس۔ پاکھان بھید۔ دھانسہ۔ اڑوسہ۔ یہ سب برابر لے اور جوکوب کر ۵ درم کا کاڑہا شہد ڈالکر ہر روز پیے تو جلن سمیت۔ موتر کرچھر اور قبض دور کرکے اسکا نام ہر تکیا دکواتھ ہے +

تکلیف سے خون کا پیشاب کرتا ہوا سکا علاج

بیخ ڈابھہ۔ بیخ کاش۔ بیخ دوب۔ بیخ سرکنڈہ۔ انکا کاڑہا کرکے دے تو خون کا پیشاب کرنا

اچھا ہوا اسکا نام ترن نیچک ہے یا بیلے پیٹھے کے رس مین مصری ملاکر پیے تو موتر کرچھر جاوے
اسکا نام کوکھانڈر رس ہے - یا کیتلی کے رس مین شہد ڈالکر پیے تو موتر کرچھر جاوے - یا
چھپن ۵۶ تولہ بھر گوکھرو اٹھگونے پانی مین اوٹاکر چھانے پھر اسمین گوگل ۱۴ تولہ ڈالکر پھر
پکاوے پھر اسمین زنجبیل ۲ تولہ - کالی مرچ ۲ تولہ - پیپل ۲ تولہ - پوست ہلیلہ ۲ تولہ - بہیڑے
کی چھال ۲ تولہ - آملہ ۲ تولہ - ناگرموتھا ۲ تولہ - ان سبکو خوب ملاکر پیسے اور گوگل مین ڈالے
پھر ۵ ماشہ ہر روز پانی سے کھاے تو یہ بیماری - موتراگھات - جریان - پرمیہ - بات رکت
نطفہ کا عارضہ انکو دور کرتا ہے - اسکا نام گوکھرادگوگل ہے - یا زیرہ ۲ تولہ - قند سیاہ ۲ تولہ
ہر روز کھاے تو موتر کرچھر جاوے - یا جوا کھارے ۲ درم گاے کے مٹھے کے ساتھ پیے تو
چنگ سے پیشاب آنے کی بیماری اور پتھری دونون دور ہون - یا پارہ ۱ حصہ - گندھک مصفا
۴ حصہ ان دونون کو حل کرے پھر اسکو بڑی کڑاہی مین بھرے اور بھنے سہاگے کو پانی سے
پیس کوڑی کے منہ مین لگاوے پھر کوڑی کو کلھڑے مین رکھ گچپٹ مین پھونک دے اور
ٹھنڈا ہونے کے پیچھے اوس کوڑی کو کلھڑے سے نکال باریک پیس چاررتی کی گولی باندھے
اور اکیس کالی مرچ پیس گھی کے ساتھ کھاوے تو موتر کرچھر جاوے اسکا نام لگھو کیسر رس ہے
یہ سب علاج بھاو پرکاش اور بیدرہس مین لکھے ہین یا نرہ لست یا اوترلست کرنے سے موتر کرچھر
جاوے - یا چھتاور - بیج کاس بیج ڈابھہ - گوکھرو - بداری قند - بیج سالر - کسورہ - انکا کاڑہ
کرکے پیے تو صفرا سے پیدا ہوئی یہ بیماری دور ہو - یا کیکے کے رس مین گاے کا پیشاب ڈالکر
پیے تو بلغم کا موتر کرچھر دور ہو - یا الائچی کو باریک پیس پانی سے پیے تو بلغم کا موتر کرچھر جاوے
یا پپا ہوا مونگا لے درم چاول کے پانی سے کھاے تو بلغم کی یہ بیماری دور ہو - یا گوکھرو اور زنجبیل
کا کاڑھا پیے تو بلغم کا موتر کرچھر جاوے - یہ بندہ مین لکھا ہے - یا بڑی کنٹیلی - پارہ
ملہٹی - معدن - اندرجو - انکا کاڑھا کرکے پیے تو سنپات یعنے تینون خلط کا
موتر کرچھر دور ہو +

منی کے روکنے کے موتر کرچھیر کا علاج

سلاجیت شہد مین ملاکر کھاوے تو منی کے روکنے کا موتر کرچھر دور ہو - یہ چکردت مین ہے یا نہایت خوبصورت عورت سے صحبت کرے تو یہ بیماری دفع ہو - یا بیخ کھرٹی کا کاڑہ پیے تو سب موتر کرچھر جاوین - یا گوکھرو کا پنچانگ ۲۰۰ تولہ لے اوسکو کوٹ اٹھ گنے پانی مین اوٹاوے جب چوتھا حصہ رہجاوے تب اوسمین ۱۰۰ تولہ بھر مصری کے اولیہ کی سی چاشنی کرے اوسمین زنجبیل ۴ تولہ - پیپل ۴ تولہ - الایچی ۴ تولہ - جوا کھار ۴ تولہ - کنیسر ۴ تولہ کا ہو درخت کا چھلکا ۴ تولہ - تخم تورسی ۴ تولہ - نبس لوچن ۱۶ تولہ - ان سب دواؤنکو باریک پیسکر اس چاشنی مین ڈالے پھر ۲ تولہ ہر روز کھاوے تو یہ بیماری اور سوزش قبض پتھری - خون کی پیشاب کرنا - مدھو پرمیہہ یعنے جریان - ان سبکو دور کرے اسکا نام کوکھر اولیہ ہے یہ سب علاج سرب سنگرہ مین لکھے ہین +

موترا گھات عارضی کی پیدائش علامت اور علاج

عام لوگ موتر کرچھر اور موترا گھات مین شک کرتے ہین سو انکا فرق لکھتے ہین موتر کرچھر مین نہایت آزار اور موتر بند مین تھوڑا اور موترا گھات مین موتر بند تو بہت مگر پیشاب کرتی وقت درد کم ہوتا ہے اتنا فرق ہے +

موترا گھات کی پیدائش

بدپرہیزی سے باد صفرا بلغم مفسد ہوکر موترا گھات کو پیدا کرتے ہین وہ موترا گھات روگ تیرہ قسم کا ہے - باتکنڈلکا - اسٹیلا - باتبست - موترا گھات - موتر مہر - موتر وت سنگ موتر سکچھے - موتر گرنتھ - موتر شکر - اوشن باتہ - موتر ساد - پدگھات - بست کنڈلکا -

باتکنڈلکا کی علامتین

روکھی چیز کے کھانے اور پاخانہ اور پیشاب اور منی کے روکنے سے باد پیڑو مین جاکر درد پیدا کرے اور جب بول کی نسون مین جاکر گھومے اور مفسد ہوجاوے تب بلغم پیشاب کے

چھید کو روکے اور آلت سکے منہ مین باد دائرے کے مانند ہو جاوے تب آدمی تھوڑا تھوڑا پیشاب کرے اور پیشاب کرتے وقت درد زیادہ ہو یہ علامتین ہون تو اوسکو بات کنڈلکا کا عارضہ کہتے ہین - یہ لاعلاج ہے - یہ مریض مرجاتا ہے +

اسٹیلا کی علامتین

پیڑو مین اچھار ہو - ریاح صادر نہو نے - اور مقعد مین ہوا کی گانٹھ تھرسی ہو جاوے اوس جگہ درد بہت ہو اور پھر ہوا پیشاب کو روک دے تو اسٹیلا کی علامتین جاننی چاہیین +

بادبست کی علامتین

جو شخص پیشاب کے زور کو روکے اوسکے ہوا پیڑو مین جاکر پیشاب کی نسون سکے منہ کو روک دے اور پیشاب نہ اوترنے دے پیڑو اور کوکھ مین درد پیدا کرے اوسکو بات بست کا عارضہ کہتے ہین - یہ عارضہ بہت آزار دیتا ہے +

موتراتیت عارضے کی علامتین

پیشاب کو بہت مرتبہ روکے اور دیر تک پیشاب نہ کرے تب آدمی کے پیشاب کم اوترے اوسکو موتراتیت کہتے ہین +

موتر جٹھر کی علامتین

جو شخص پیشاب کے زور کو روکے اوسکے مقعد کی ہوا شکم کو بھر کر ناف کے نیچے اچھار کے عارضے کو پیدا کرکے بہت درد کرے اوسکو موتر جٹھر کہتے ہین +

موتروت سنگ کی علامتین

پیڑو یا آلت کی نسونمین جو پیشاب آیا ہوا وسکو نہ کرے تب اوس شخص کے پیشاب کے ذریعہ سے درد یا بغیر درد تھوڑا خون اوترے اوسکو موتر سنگ کا عارضہ جانو +

موتر چھے کی علامتین

جس شخص کا بہ سبب محنت کے زور کھا بدن پڑ جاوے اوسکے پیڑو مین جو باد صفرا بلغم رہتی ہین

وہ درد اور سوزش سمیت پیشاب کو زائل کرین اوسکو موتر چھے جانو +

موتر گرنتھ کی علامتین

پیڑو کے بیچ مین گول اور بیحرکت اور چھوٹی املی کی برابر بہت سخت ہوا کی گانٹھ اچانک پیدا ہو اوسکو موتر گرنتھ کہتے ہین +

موتر شکر کے عارضہ کی علامتین

پیشاب زور سے لگ رہا ہو اور جماع کرنے کے لیے عورت کے پاس جاوے تب اوسکی ہوا منی کو اوسکی خاص جگہہ سے ہٹا دے اور پیشاب کرنے کے پہلے یا اوسکے بعد ارنے اوسلے کی راکھہ کے پانی کے مانند گرے اوسکو موتر شکر کہتے ہین +

اوشن روگ کی علامتین

عورت سے قربت کرنے یا محنت یا دھوپ مین رہنے سے پیڑو مین جو باد۔ صفرا بلغم رہتے ہین وہ پیڑو آلت اور مقعد کو جلاتے ہین تب ہلدی کے مانند پیشاب اوترے یا خون لیے نہایت تکلیف سے پیشاب اوترے اوسکو اوشن بات کہتے ہین +

موتر اساد کی علامتین

بدپرہیزی سے پیڑو مین جو باد رہتی ہے وہ صفرا اور بلغم کو بگاڑتی ہے تب اوسکی پیشاب بہت تکلیف سے اوترے اور زرد یا سرخ یا سفید بہت گہرا گرم گولوچن کے مانند یا مچھنے کے مانند تھوڑا اوترے بدن سوکھہ جاوے اوسکو موتر ساد کہتے ہین +

بڑگھات کے عارضہ کی علامتین

جو شخص بہت روکھا ناکھانا کھاوے وہ دبلا ہو پاخانہ سمیت موتے اور اوسکے پیشاب مین پاخانہ کی سی بدبو آوے اور بہت تکلیف سے پیشاب اوترے اوسکو بڑگھات کہتے ہین +

بست کنڈل عارضہ کی علامتین

بہت جلد دوڑنے اور فاقہ کرنے اور بہت محنت اور پیڑو مین کسیطرح کی چوٹ لگنے سے

پیڑو مین گانٹھ پڑجاتی ہے تب اوٹھتے وقت درد ہوا ور گانٹھ بڑہی ہوئی نہ ہے - حمل کے مانند رہے درد ہو - بدن پھڑکے - سوزش زیادہ ہو - اوس گانٹھ کو ہاتھ سے دباوے تو پیشاب کا قطرہ اوترے اور بہت درد ہو تو پیشاب کی دہار اوترے اور ہتیار کی ضرب لگنے کا سا درد ہو اوسکو بست گنڈل کہتے ہین یہ لاعلاج ہے یہ مریض مرجاوے +

موترا گھات کا علاج

بیج نرسل - بیج ڈہاہبہ - بیج کاس - بیج سانٹی - بیج کہریٹی انکا کاڑہا کر پھر شہد ڈال ٹھنڈا کر پیے تو یہ بیماری دفع ہو - یا کافور کو پانی سے باریک پیس کپڑے مین اوسکا لیپ کرے اور بتی بنا کر پھر اوس بتی کو آلت پر رکہے تو یہ عارضہ دور ہو - یا کشنیز - گوکھرو - ان دونونکا کاڑہا کر اور اس کاڑہے مین گھی پکا کر کہاوے تو موترا گھات اور موترکرچہرمنی کا فساد یہ تینون دور ہون اسکا نام دہانیہ گوکہر ہے +

اور جتنا علاج موترکرچہرا اور تھیری کا ہے اوتنا ہی موترا گھات کا جان لینا - یہ بھاوپرکاش مین لکھا ہے - یا تخم قورسی ۵ درم - کشنیز ۵ درم - انکو رات کے وقت اوسی پانی مین چھان سیندہا نمک ۱ درم ڈالکر پیے تو موترا گھات دور ہو - یا پاٹل درخت کا کھار ۲ درم - نمک سیاہ ۱ درم یہ دونون شراب کے ساتھ پیے تو موترا گھات دور ہو - یا شراب مین ترش انار کا رس اور الائچی ڈالکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یہ برند مین لکھا ہے - یا سلاجیت کا استعمال کرے تو موترا گھات دور ہو - یہ دوا بانجھ عورت کے لڑکا پیدا کرنے والی ہے - یہ سرب سنگرہ مین لکھا ہے - یا چترک - ۱ ر سفید سرسون ۵ درم - کہریٹی ۱۰ درم - دا کھہ ۱۰ ر - بیج اندراین ۵ درم - ترپھلا ۵ درم آملہ کلان ۱۰ ۱ عدد انکا ۱۶ ۱ ر پانی مین کاڑہا کرے جب اسکا چوتھا حصہ رہجاوے تب اوتار کر چھان لے پھر اس کاڑہے مین ۴ سیر گھی ڈالکر پکاوے جب دوا اور پانی جل جاوے اور گھی رہجاے تب چھان لے پھر اوسمین - بنس لوچن ۲ سیر ڈال آدہ سیر ہر روز کہاوے تو سب طرح کے منی کے فسادون کو دور کرتا ہے اور اس دوا کے استعمال سے عورت کے حمل رہجاتا ہی اور موترا گھات

پرمیہ - عورت کے مقام مخصوص کے فساد - پنگ سے پیشاب آوے ان سب عارضوں کو دور کرتا ہے اسکا نام پنچرک آدگھرت ہے اور چرک مین لکھا ہے - یا تر پھلے کے کاڑھے مین قند سیاہ اور دودھ ڈالکر پیے تو موترا گھات جاوے - یا پاڑہل - ارلو - نیم کی چھال - زرد چوب - گوکھرو - پلاس کی چھال - یہ سب برابر لے انکا کاڑھا کر اوسمین قند سیاہ ڈالکر پیے تو موترا گھات جاوے - یا نہایت خوبصورت اور ہوشیار عورت سے جماع کرے تو یہ بیماری دور ہو - یہ سب آترے مین لکھے ہین +

موتر رودہ کا علاج

جو علاج موترا گھات اور موتر کرچھر کے ہین وہی اسکے بھی جان لینا اور جو کچھ زیادہ ہین وہ لکھتے ہین - تخم ککڑی - تر پھلا - سیندہا نمک - یہ سب برابر لے باریک پیس ۵ درم گرم پانی کے ساتھ پیے تو موتر رودہ جاوے یا تل کے کاکڑے کو جلا کر کھار نکالے اور دو درم دہی اور شہد کے ساتھ کھاوے تو پیشاب کے سب عارضے دور ہون +

پیشاب بہت گرم اوتری اوسکا علاج

چمیلی کی جڑ کو بکری کے دودھ مین پیسکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یا کمل کی جڑ کو گائے کے پیشاب مین پیس اوسمین تل ملا کر پیے تو موتر رودہ جاوے یہ سب آترے مین لکھا ہے +

اشمری کے عارضے کی پیدائش علامت اور علاج

اشمری کو عام مین پتھری کہتے ہین یہ پتھری کا عارضہ چار قسم کا ہے - باد کا - صفرا کا - بلغم کا - منی کے روکنے کا ان چارون مین جو بلغم ملا ہے وہ مار ڈالتا ہے +

پتھری کی پیدائش

پیڑو مین جو باد رہتی ہے وہ پیڑو کی منی - پیشاب - صفرا کو سکھا کر ترتیب سے پتھری کو پیدا کرتی ہے یہان یہ مثال ہے کہ جیسے کاچ کے پیالے مین گوبر جمتا ہے ویسی ہی آدمی کے پتھری پڑجاتی ہے

پتھری کی پہلی شکل

پتھری کا عارضہ سنپات تینون خلطون کے بگڑنے سے پیدا ہوتا ہے پتھری والے بیمار کے

پیشاب میں مست بکرے کیسی بدبو آوے پیڑو میں اچھار ہو اور درد بہت ہو پیشاب بڑے آنار ہو اور بخار ہو۔ کھانے سے نفرت ہو یہ پتھری کی پہلی کی علامتین ہین +

پتھری کے عارضی کی عموماً علامتین

ناف اور پیشاب کی نسون اور پیڑو مین بہت درد ہو اور پیشاب کی دھار بندھی نہ گرے اور پیشاب کی راہ رُک جاوے۔ جب پتھری پیشاب کی راہ سے سرک جاوے تب اوس آدمی کو آرام ملے پیشاب اچھی طرح زرد اوترے اور جب وہ مفسد ہو تب نہایت تکلیف سے خون ملا ہوا پیشاب اوترے +

زیادہ بادوالی پتھری کی علامتین

جس مین پیشاب کے وقت زیادہ درد ہو داتون کو چاوے اور پیشاب کرتے وقت کاسنے اور آلت اور ناف مین درد ہو پیشاب کرتے وقت پکارا مٹھے اور پاخانہ کروے پیشاب بند بند اوترے پتھر کا رنگ سیاہ ہو اور پتھری مین کانٹے سے ہون اوسکو بادکی پتھری کہتے ہین +

صفرا بلغم کی پتھری کی علامتین

پیڑو آگ کے مانند ایسا جلے گویا پک گیا ہے اور پتھری بادام کے چھلکے کے مانند زردی سرخی سفیدی لیے ہو۔ یہ علامتین ہون تو صفرا اور بلغم کی پتھری جانو +

بلغم کی پتھری کی علامتین

پیڑو مین بہت درد ہو۔ اور پیڑو ٹھنڈا اور بھاری ہو اور اوسکی پتھری چکنی اور گیلی اور سفید مرغی کے انڈے کے برابر ہو جسمین یہ علامتین ہون اوسکو بلغم کی پتھری کہنا چاہیے +

منی کے رکنے کی پتھری کی علامتین

جس شخص کو جماع کرنے کی خواہش ہو اور وہ ملی کو روکے کسیطرح جانے نہ دے اوسکو منی کی پتھری پیدا ہوتی ہے آلت اور فوطون کے بیچمین یہ ہوا منی کو سکھا کر پتھری پیدا کرتی ہے پھر وہ پتھری پیڑو مین درد کرے پیشاب تکلیف سے اوترے فوطے سوج جاوین اوسکی منی نالی ہو جاوے اور آلت مین درد کرے تو آلت کے منہ سے منی نکلے یا وہ آلت مین درد پیدا کرے تب جو باد

اوس پتھری کی نزدیک باریک منی کے ریت کے مانند ٹکڑے کردے تب اوسکو شکر کہتے ہین +

پتھری کے فساد

بدن کمزور ہوکر زرد ہو کوکھ مین درد اوٹھے - کسی چیز کی رغبت نہ رہے - بدن زرد ہوجاے اور موتر اگھات ہو اور ناف مین ورم ہو پیشاب رک جاوے یہ اسکے فساد ہین +

پتھری کے عارضے کا علاج

زنجبیل ارنی پاکھان بھید کوٹ - برنا گوکھرو - ارنڈکی چھال - مغز املتاس - یہ سب برابر لے جوکوب کر ۵ درم کا کاڑہا کرا اوسمین بھنی ہوئی ہینگ - جواکھار - سیندہا نمک - یہ تینون دال پتھری والا پیے تو پتھری اور موتر کرچھر یہ دونون دور ہون اور کوٹھے کی ہوا - اپدنس - بواسیر انکو بھی دور کرتا ہے اور ہاضمہ کرتا ہے اسکا نام سنٹھیا دکواتھ ہے - یا الایچی - پیپل - مہوا - پاکھان بھید - پت پاپڑہ - گوکھرو - اڑوسہ - بیخ ارنڈ - یہ سب برابر لے جوکوب کرانکا کاڑہا کرکے اوسمین سلاجیت ڈالکر پیے تو پتھری اور موتر کرچھر کو دور کرے اسکا نام املیاد کواتھ ہے - یا پٹھے کے رس مین بھنی ہوئی ہینگ - جواکھار - ڈالکر پیے تو پیڑو کا درد اور پتھری جاوے - یا ارنی کی چھال - پاکھان بھید - زنجبیل - گوکھرو - انکا کاڑہا جواکھار ڈالکر پیے تو پتھری جاوے یا گوکھرو کے چورن مین پانچ درم شہد ملاکر بھیڑ کے دودہ مین پیے تو پتھری جاوے - یا بیخ برنا کو کاڑہا کرا اوسمین قند سیاہ ڈالکر پیے تو پتھری کا عارضہ اور پیڑو کا درد دور ہو - یا ادرک کا رس - جواکھار - پوست ہلیلہ - ملیاگر چندن - انکا کاڑہا کردہی ڈالکر پیے تو پتھری دور ہو - یا برنا کا چھلکا دو سو تولہ بھر لے اوسمین چوگنا پانی ڈالکر اٹاوے جب چوتھا حصہ رہجاوے اوسمین دو سو تولہ بھر قند سیاہ کی چاشنی کرکے برتن مین رکھے اوسمین زنجبیل ۱ تولہ - تخم بیٹھہ ۱ تولہ - بھیڑی کی مینگنی ۲ تولہ - تخم بتھوا ۲ تولہ - تخم سنبھالو ۲ تولہ - داکھ ۴ تولہ - الایچی - ۲ تولہ - بای ڈنگ ۲ تولہ انکو پیس اوسمین ڈال خوب ملاکر ہر روز کھاوے تو پتھری کا عارضہ دور ہو - یہ برنا دکرکا اوپیہ یا مجیٹھہ - تخم تورئی - زیرہ - بادیان - آملہ - بیر کی گٹھلی - گندھک مصطگی - آسارہ - منیسل -

یہ سب برابر لے باریک پیس لے درم ہر روز شہد کے ساتھ کھاوے تو تپھری یقیناً دفع ہو۔
یا ۵ تولہ بھر کلتھی کا کاڑھا کر اوسمین سیندھا نمک ۲ ماشہ۔ سرھوکا کارس ۲ ماشہ ملا کر پیے تو
تپھری دور ہو۔ یہ سب بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔ یا ہلدی کا چورن ۱۰ درم۔ قند سیاہ
۱۰ درم۔ انکو ۱ ماشہ کانجی مین ڈالکر پیے تو تپھری دور ہو۔ یا نمک سیاہ۔ دودھ ملٹھی کی ۱ کھہ
یہ سب شراب مین ملا کر تین دن پیے تو تپھری جاوے۔ یہ چکروت مین لکھا ہے۔ یا ملٹھی کی ۱ کھہ
۲۰ درم شہد ۵ درم۔ انکو دودھ کے ساتھ پندرہ دن پیے تو تپھری ضرور گر پڑے۔ یا بیخ
گوپال کا کڑی ۲ درم لے اور اوسکو رات مین بھگو رکھے صبح کے وقت اوسی پانی مین
سات دن پیے تو تپھری آلت کے ذریعہ سے جھڑ پڑے۔ یہ راج مارتنڈ مین لکھا ہے۔
یا کلتھی۔ سیندھا نمک۔ بای ڈبرنگ۔ سار۔ مصری۔ سانٹھ کا رس۔ جوا کھار۔ پیٹھے کا رس
تل کا کھار۔ پیٹھے کے بیج۔ گوکھرو۔ ان سبکا کاڑھا کر اسمین گاے کا گھی پکا کر ۲ تولہ بھر
ہمیشہ کھاوے تو تپھری موتر کرچھر۔ موترا گھات۔ شکر بندہ ان سب عارضون کو یہ دور
کرتا ہے اسکا نام کلتھیا دگھرت ہے یہ برند مین لکھا ہے۔ اور مونگ۔ گیہون۔ جو۔ چاول
دودھ گھی۔ ٹنڈسہ۔ سیندھا نمک۔ اس عارضہ مین کھانے چاہیین +

پرمیہہ کی عارضہ کی پیدایش اور علامت

زیادہ بیٹھنے اور بہت سونے اور نئے پانی کے پینے اور بکرا بھیڑ اور قند سیاہ وغیرہ بہت شیرین
چیزون کے اور بہت دہی اور بلغم پیدا کرنے والی چیزون کے کھانے اور محنت اور بہت جماع
کرنے اور دھوپ کے رہنے اور خلاف طبیعت چیزون کے کھانے اور بہت شراب پینے
اور تلخ چیزون کے کھانے سے آدمی کے پرمیہہ یعنے جریان کا عارضہ پیدا ہوتا ہے +

باد بلغم صفرا کے پرمیہہ کی پیدایش

پیڑو مین چربی اور گوشت اور بدن کا پانی پہونچے اوسکو بلغم خراب کر کے بلغم کے پرمیہہ کو
کرتے ہین ایسے ہی صفرا گرم چیز سے مفسد ہو کر پیڑو مین جو چربی اور گوشت کا پانی پہونچتا ہے

اونکو خراب کرکے صفرا کے پرمیہہ کو کرتے ہین ایسے ہی باد بھی کمزور بلغم اور صفرا کو پیڑو ہین پہونچاکر صاف گوشت کی چربی اور بدن کے پانی کو پیڑو کی نسون مین پہونچاکر بادی پرمیہہ کو کرتے ہین اور بلغم کے دس پرمیہہ باعلاج ہین کیونکہ عام علاج سے جاتے ہین اور صفرا کے سات پرمیہہ جاپیہ ہین یعنے ہمیشہ موجود رہکر دوا کھانے سے دبے رہتے ہین اسکے علاج مین دوا وغیرہ کا ردبدل ہوتا ہے اور باد کے چار پرمیہہ باعلاج ہین وہ نہین جاتے اور بدن کو زائل کردیتے ہین +

بتیس طرح کے پرمیہون کا نام

اودک پرمیہہ - اچھیو پرمیہہ - ساندر پرمیہہ - سرار پرمیہہ - پیٹ پرمیہہ - شکر پرمیہہ - سکتا پرمیہہ شیت پرمیہہ - شنی پرمیہہ - لالا پرمیہہ - یہ دس تو بلغم کے پرمیہہ ہین اور چھیار پرمیہہ تیل پرمیہہ - کالا پرمیہہ - ہارور پرمیہہ - مانجشٹ پرمیہہ - رکت پرمیہہ - یہ چھہ صفرا کے پرمیہہ ہین اور بسا پرمیہہ - تیل پرمیہہ - کام پرمیہہ - ہستی پرمیہہ - یہ چار باد کے ہین یہ بتیس پرمیہہ باگبھٹ سشرت چرک بھاو پرکاش وغیرہ کے مطابق ہین - اور آترے کی راے سے اور زیادہ ہین وہ لکھتے ہین - سوپ پرمیہہ - تکر پرمیہہ - پنڈکا پرمیہہ - شکرا پرمیہہ گھرت پرمیہہ - آت موتر پرمیہہ +

پرمیہہ کی پہلی شکل

دانت اور تالو اور زبان مین میل زیادہ ہوجاتا ہو اور پیرون مین سوزش اور بدن چکنا ہوجاے بہت لگے منہ میٹھا رہے یہ علامتین ہون تو سمجھنا چاہیے کہ اسکے پرمیہہ کا عارضہ ہوگا +

پرمیہہ کی عموماً علامتین

بہت ٹھنڈا اور پتلا پیشاب ہو تب جاننا چاہیے کہ اسکے پرمیہہ ہوگا +

بلغم کے بیس پرمیہہ ترتیب سے لکھتے ہین

اودک پرمیہہ کی علامتین

بغیر میل کے سفید اور بہت ٹھنڈا بغیر بو کے پانی کے مانند کچھ بدرنگ اور چکنا پیشاب کرے اوسکو اودک پرمیہہ کہتے ہین +

اچھو پرمیہہ کی علامتین

نیشکر کے رس کے برابر میٹھا ہو اوسکو اچھو پرمیہہ کہتے ہین +

ساندر پرمیہہ کی علامتین

جیسے باسی پانی برتن مین رکھا ہوا ٹھنڈا ہوتا ہے ویسا ہی آدمی پیشاب کرے اوسکو ساندر پرمیہہ بولتے ہین +

سُرا پرمیہہ کی علامتین

جسکی پیشاب مین شراب کیسی بو آوے اور اوسکا پیشاب اوپر تو صاف ہو اور نیچے بدرنگ ہو اوسکو سُرا پرمیہہ کہتے ہین +

پشٹ پرمیہہ کی علامتین

چانول یا پانی وغیرہ کے چونیکے مانند سفید نہایت آزار دیکر پیشاب اوترے اور پیشاب کرتے وقت بال کھڑے ہوجاوین اوسکو پشٹ پرمیہہ کہتے ہین +

شکر پرمیہہ کی علامتین

منی سمیت پیشاب کرے اوسکو شکر پرمیہہ کہتے ہین +

سِکتا پرمیہہ کی علامتین

جسکے پیشاب مین بالو کے ذرون کے مانند بغم کی پھٹکین آوین اوسکو سکتا پرمیہہ کہتے ہین +

شنیت پرمیہہ کی علامتین

بار بار گرم پیشاب کرے اوسکو شنیت پرمیہہ کہتے ہین +

شنے پرمیہہ کی علامتین

آہستہ آہستہ مستی سے پیشاب کرے اوسکو شنے پرمیہہ کہتے ہین +

لالا پرمیہہ کی علامتین

لعاب کی تانت سمیت موتے اوسکو لالا پرمیہہ کہتے ہین - یہ دش بلغم کے پرمیہہ ہین +

صفرا کے چھہ پرمیہہ ہین پہلے چھیار پرمیہہ کی علامتین

جسکے پیشاب مین کھار کیسی بدبو آوے اور اوسیکا رنگ ہو اور کھاری پانی کی مانند پیشاب کرے اوسکو چھیار پرمیہہ بولتے ہین +

تیل پرمیہہ کی علامتین

جسکا پیشاب تیل کے رنگ کے مانند اوترے اوسکو تیل پرمیہہ کہتے ہین +

کال پرمیہہ کی علامتین

روشنائی کے مانند سیاہ پیشاب کرے اوسکو کال پرمیہہ بولتے ہین +

ہاردر پرمیہہ کی علامتین

ہلدی کے رنگ کے مانند تلخ اور سوزش لیے پیشاب کرے اوسکو ہاردر پرمیہہ جانو +

منجشٹ پرمیہہ کی علامتین

مجیٹھہ کے رنگ کے مانند پیشاب کرے اور بدبو بہت آوے اوسکو منجشٹ پرمیہہ کہنا چاہیے +

رکت پرمیہہ کی علامتین

خون کے مانند بدبودار پیشاب بہت کرے اوسکو رکت پرمیہہ کہتے ہین - یہ صفرا کی پرمیہہ ہین +

باد کے چار پرمیہون مین پہلے بسا پرمیہہ کی علامتین

یخنی کے رنگ کی پیشاب کرے اوسکو بسا پرمیہہ کہنا چاہیے +

مجا پرمیہہ کی علامتین

ہڈیون کی مینگی کو لیے اور اوسکے رنگ کے مانند بار بار پیشاب کرے اوسکو مجا پرمیہہ کہتے ہین +

مچھور پرمیہہ کی علامتین

کیلا اور شہد کے مانند میٹھا اور روکھا جسکا پیشاب ہو اوسکو مچھور پرمیہہ جانو - اور

جس شخص کے پرمیہہ ہو اور وہ علاج نہ کرے اور پرمیہہ بہت پورانا ہو جاوے اور ایسا بیمار بد پرہیزی کرے اوسکے مدہو پرمیہہ ہوتا ہے اور یہ لاعلاج ہے +

بلغم کے پرمیہہ کا فساد

کھانا ہضم نہو - کھانے سے نفرت اور قے ہو - نیند اور کھانسی بہت آوے خناق ہو یہ بلغم کے پرمیہہ کے فساد ہین +

صفرا کے پرمیہہ کا فساد

پیڑو اور آلت مین درد ہو فوطے پھٹنے لگین بخار - سوزش - پیاس - بیہوشی - اسہال ہو کھٹی ڈکارین آوین یہ صفرا کے پرمیہہ کے فساد ہین +

باد کے پرمیہہ کا فساد

جسمین اودا ورت روگ ہو بدن کانپے سینے مین درد ہو سب رسون کے کھانے کی خواہش رہے درد شکم ہو - نیند نہ آوے بدن سوج جاوے کھانسی اور دمہ ہو یہ بادی پرمیہہ کے فساد ہین +

لاعلاج پرمیہہ کی علامتین

باد - صفرا - بلغم کے فسادون سمیت جس شخص کے پرمیہہ ہو اوسکو لاعلاج جانو وہ مرجاوے اور پرمیہہ کی دس پیڑکا کہی ہین اونکے سمیت جو شخص ہے وہ بھی مرجاتا ہے +

آترے رکھہ کی راے سے جو پرمیہہ ہین اونکے نام اور علامتین

پوے پرمیہہ - تکر پرمیہہ - ٹیڑکا پرمیہہ - سرکرا پرمیہہ - گرت پرمیہہ - ات موتر پرمیہہ +

پوے پرمیہہ کی علامتین

پیپ کے مانند پیشاب کرے اوسکو پوے پرمیہہ کہتے ہین +

تکر پرمیہہ کی علامتین

جسکا پیشاب مٹھے سمان اوترے اور پیشاب مین مٹھے کی مانند بو آوے اوسکو تکر پرمیہہ جانو +

ٹپر کا پرمیہہ کی علامتین

جسکے پیشاب مین منی کی پھٹک پڑے اوسکو ٹپر کا پرمیہہ کہنا چاہیے +

سرکرا پرمیہہ کی علامتین

جسکا پیشاب مصری کے مانند میٹھا ہو اور مصری کے رنگ کے مانند ہو اوسکو شرکرا پرمیہہ کہنا چاہیے

گھرت پرمیہہ کی علامتین

جسکے پیشاب کا رنگ گھی کے مانند ہو اوسکو گھرت پرمیہہ کہتے ہین +

ات موتر پرمیہہ کی علامتین

جس شخص کے رات کو اور دن کو بہت پیشاب اوترے اور وہ شخص کمزور ہو جاوے اوسکو ات موتر کہنا چاہیے - یہ آترے کے راسے کے پرمیہہ ہین +

جربان والے شخص کے دس قسم کی پیرکا یعنے پھنسی ہوتی ہین اونکے نام

شرابکا - کچھپکا - جالنی - بنتا - الجی - مسورکا - سرسپکا - پترلی - بدارکا - بدردہ +

ٹپر کا کی علامتین

بدن کی مضبوط جگہ مین اونکے مرم استھان دس جوڑون مین پیدا ہو +

شرابکا کی علامتین

پھنسی اوپر تو اونچی اور جسکے بیچ مین پیپ ہو اوسکو شرابکا کہتے ہین +

کچھپکا کی علامتین

پیچھے کہے ہوے جو بدن کے مضبوط اعضا ہین اونمین سرسون کے برابر سوزش لیے کچھوے کیطرح پھنسی ہو اوسکو کچھپکا کہتے ہین +

جالنی کی علامتین

جس پھنسی مین سوزش بہت ہو اور وہ گوشت کے مجموعہ مین ہو اوسکو جالنی کہتے ہین +

نبتا کی علامتین

جس پھنسی کے اندر درد ہو اور وہ پھنسی بڑی ہو اور پیٹھ پیچھے یا شکم مین ہو اوسکو نبتا کہنا چاہیے ✣

الجی کی علامتین

جو پھنسی سرخ اور سیاہ ہو بہت پھٹے ورفزیادہ ہو اوسکو الجی بولتے ہین ✣

مسورکا کی علامتین

جو پھنسی مسور کے برابر ہو اور اوسکا مسور ہی کا سا رنگ ہو اوسکو مسورکا کہنا چاہیے ✣

سرکہپکا کی علامتین

جو پھنسی سرسون کے برابر ہو اور سرسون کا سا ہی رنگ ہو اوسکو سرکہپکا کہتے ہین ✣

تپرنی کی علامتین

جو پھنسی اوٹھتے ہی بڑی اوٹھے اوسکو تپرنی کہیے ✣

بدارکا کی علامتین

جو پھنسی بداری قند کے مانند گول اور سخت ہو اور ویسا ہی رنگ ہو اوسکو بدارکا کہنا چاہیے ✣

بدردہ کی علامتین

بدردہ کا عارضہ چھہ قسم کا ہے اوسکی علامتین پیچھے لکھی ہین وہی یہان بھی جان لینا دس قسم کی پھنسیان جریان کے مریض کو ہوتی ہین اور جسکی جریبی خراب ہو اوسکو یہ بغیر جریان کے عارضے کے بھی پیدا ہوتے ہین ✣

دس پھنسیونکے فساد

پیاس - کھانسی ہو - گوشت سمٹے - ہچکی - اور تھوڑا بخار - بسرپ - مندجر - اسکے فساد ہین ✣

لاعلاج پھنسیونکی علامتین

متعدد - سینہ - پیشانی - کنڈ ہونمین کم ہانصے والے کے پھنسیان ہون تو لاعلاج جانو - کئی بیدونکی رائے یہ ہے کہ عورتون کے جریان کا عارضہ نہین ہوتا کیونکہ عورت کے مہینے مہینے مین

حیض ہوتا ہے اوس سے کل عارضے جاتے رہتے ہین ✣

پرمیہہ جاتا رہا ہو اوسکی علامتین

پیشاب صاف ہو اور پانی کے مانند رقیق ہو اور تلخ اور تیکھا ہو جاے اوسکا پرمیہہ گیا ہوا جانو ✣

رکت پت پرمیہہ کی قسم

جسکے بدن کا رنگ ہلدی کے مانند ہو جاے اور پیشاب خون کے برابر اوترے اوسکے خون کا پرمیہہ جاننا چاہیے یا رکت پت کا فساد جانو ✣

پرمیہہ کا علاج

یہ مریض قدیم - سانوان - گندم - نخود - ارہر - کلتھی - جو - مونگ - رنجبیل - سانٹھ بریخ کھاوے اور تیکھا ساگ - ہرن کا گوشت کبھی نہ کھاوے اور قند سیاہ وغیرہ شیرین چیز دودھ گھی - تیل - مٹھا - شراب - کھٹائی - سانٹھ کا رس - پسا ہوا اناج انوپ دیس کا گوشت پرمیہہ والا اتنی چیزون سے پرہیز رکھے ✣

بلغم کے دس پرمیہہ والیکو یہ کاڑھا پینا چاہیے

ناگر موتھہ - پوست ہلیلہ - لودہ - کایپھل - انکو برابر لے جو کوب کرہ درم کا کاڑھا ہر روز شہد ڈالکر پیے تو صفرا اور بلغم کے پرمیہہ جاوین - یاخس - لودہ - کاہو کا چھلکا - سرخ چندن - انکو برابر لے جو کوب کرہ درم کا کاڑھا ہر روز شہد ڈالکر پیے تو صفرا کا پرمیہہ دور ہو ✣

جل پرمیہہ کا علاج

دھو کر درخت کی چھال - کدمب کی چھال - سرخ چندن - سال درخت کی چھال انکا کاڑھا کرکے تو جل پرمیہہ جاوے

خون کے پرمیہہ کا علاج

باسی پانی مین دارھ کا شربت کرے اوسمین ملٹھی اور صندل سفید ڈالکر پیے تو رکت پرمیہہ جاوے

چربی پرمیہہ کا علاج

نہایت خوبصورت عورت کے ساتھ مباشرت کرنے سے چربی پرمیہہ جاوے یا دھو درخت کا چھلکا

کا ہو درخت کا چھلکا اڑوسہ کا چھلکا - کسیرو - کیلے کے درخت کے اندر کا سفید بکل - بیخ کنول - داکھ - انکا کاڑھا کر کے دے تو چیار پر میہہ جاوے +

تکریر میہہ کا علاج

لودہ - کاہو کا چھلکا - خس - نیم کے پتے - آملہ - سرخ صندل - ان سبکا کاڑھا کر قند سیاہ ڈال کر پیے تو تکریر میہہ اور پیر کا پر میہہ جاوے +

شکر پر میہہ کا علاج

دوب - دوربا - بیخ ڈابھہ - بھٹکٹیا - مجیٹھہ - سالو کا چھلکا - انکا کاڑھا پیے تو شکر پر میہہ اور خون کا پر میہہ یہ دونوں جاوین +

گھرت پر میہہ کا علاج

تربھلا - مغز املتاس - بیخ املتاس - موریا - برگ سہنجنہ - برگ نیم - کیلے کا سفید چھلکا منکا داکھ - ان کا کاڑھا دے تو گھرت پر میہہ جاوے +

اچھو پر میہہ کا علاج

کوٹ - پت پاپڑہ - کٹکی - مصری - انکا کاڑھا دے تو اچھو پر میہہ جاوے یا بیخ ارنی - پاڑہل - دھاسہ - ارلو - بیخ چھیلا - انکا کارہ پیے تو اچھو پر میہہ جاوے +

پت پر میہہ کا علاج

بیخ کنول - کاہو کا چھلکا - اندرجو - دھو کا چھلکا - املی کی چھال - آملہ - نیولی - انمین مصری ڈالکر پیے تو صفرا کا پر میہہ دور ہو - یا بای ٹہنگ - رال - کاہو درخت کا پوست کا پھل - کدمب کا پوست - لودہ - بیجے سار انکا کاڑھ پیے تو صفرا کا پر میہہ دور ہو - یہ سب طرح کے جریان اور پیشاب کے عارضون کو دور کرتا ہے - یا کر ہاری - پوست ہلیلہ بلدمی - کاہو درخت کا پوست - زرد چوب - یہ سب برابر لے باریک پیس انکے برابر مصری ملا کر بقدر ۲ درم شہد کے ساتھ کھاوے تو سب طرح کے پر میہہ جاوین +

مدھو پرمیہہ کا علاج

پوست بیج برگد - پوست بیج ارلو - چارولی - آملہ - پیپل - املتاس - پوست بیج املتاس - اصل السوس - پوست نیم - پٹول - پوست برگد - بھٹکٹیا - میڑھا سنگی - چترک - بیج کنگج اندرجو - ترپھلا - بھلاوہ مصفّا - زنجبیل - فلفل سیاہ - تیج - پترج - الائچی - یہ سب برابر لے باریک پیس ۲ ۱ درم شہد کے ساتھ کھاوے تو مدھو پرمیہہ دور ہو - یا برگد کی چھال وغیرہ سے ان دواؤں کا کاڑھ دے یا انکا تیل یا گھی بناوے اور اوس تیل کی مالش کرے اور گھی کھاوے تو مدھو پرمیہہ جاوے - یہ نیگرودھا دنیگ چوران ہے - یا سونا مکھی مصفّا پاکھان بھید - سلاجیت مصفّا - صندل - کچور - پیپل - نبس لوچن - یہ سب برابر لے اور ۱ درم شہد ملاکر گائے کے دودھ کے ساتھ ہر روز پیے تو مدھو پرمیہہ اور پیشاب کی رکاوٹ ان سب کو یہ دور کرتا ہے - یہ سب آترے مین لکھے ہین ✣

چندر پربھا گٹکا لکھتے ہین

کچور ادرم - بچ ادرم - ناگر موتھا ادرم - چراتیا ادرم - دیودار ادرم - زرد چوب ادرم اتیس ادرم - دار ہلدی ادرم - پلاموں ادرم - چترک ادرم - کشنیز ادرم - ترپھلا ادرم چب ادرم - گج پیپل ادرم - جوا کھار ادرم - سجی ادرم - سیندہا نمک ادرم - نمک سیاہ ادرم سانبھر نمک ادرم - سارہ ۵ درم - مصری ۲ درم - سلاجیت مصفّا ۴ درم - گوگل مصفّا ۴ درم - ان سبکو علیحدہ علیحدہ باریک پیسے پھر سب کو خوب ملادے پھر پارہ ادرم - گندھک مصفا ادرم ابرک ادرم - پھر پارہ اور گندھک کو حل کرے یہ سب دوا اسمین ملاوے پھر چار ماشہ شہد اور گھی کے ساتھ کھاوے تو سب طرح کے جریان - بواسیر - چھی روگ - منی کا فساد - آنکھ اور دانتون کا عارضہ - کھانسی - پانڈو روگ - پاون کا درد - وردشکم - موترکرچھر - موترا گھات پتھیا - کوڑہ - ان سب کو یہ دور کرے - یا ترپھلا ۱ تولہ - زیرہ ۱ تولہ - کشنیز ۱ تولہ - دارچینی ۱ تولہ لونگ ۱ تولہ - ناگ کیسر ۱ تولہ - تخم کونچ - الائچی خرد ۱ تولہ - ان سبکو باریک پیس

خوب ملاکر پھر انکو مصری اور گھی مین ملاکر ۲ تولہ کا لڈو بناوے ایک صبح کیوقت کھاے تو سبطرح کے پرمیہہ دور ہون - اسکا نام پرمیا دچورن ہے +

مدھو پرمیہہ کا علاج

پارہ مصفا - گندھک مصفا - کا ہو درجہ کا پوست مصری - انکو برابر لے کھرل مین باریک پیس بیخ سالکے رس کی تین پٹ دے پھر اسکو کھرل کرکے ایک ماشہ کی گولی باندہے ایک گولی ہر روز کھاوے تو مدھو پرمیہہ جاوے - یا لودہ ادرم - شہد سے یا کھرپی کے کاڑہے سے کھاے تو پرمیہہ جاے یا گلو کاست - نیچلا - سار - یہ تینون ملاکر ادرم شہد ملاکر کھاوے تو پرمیہہ دور ہو - یا مصری سنگھاڑہ - ریوند چینی - یہ سب برابر لے باریک پیس ۲ ۰ درم پانی سے ہمیشہ کھاوے تو بہت دنون کا بھی پرمیہہ دور ہو - یا بنگیشر یعنے رانگے کی راکھ ایک رتی بھر شہد سے کھاوے اور اوسکے اوپر پکے گولر کی پھل کا چورن شہد سے کھاے تو لا علاج بھی پرمیہہ جاوے - یا پکے ہوے گولر کا پھل بقدر ۲ تولہ - سیندہا نمک کے ساتھ کھا جاے تو لا علاج بھی پرمیہہ دفع ہو +

بنگیشر رس مین رانگے کی کشتہ بنانیکی ترکیب

عمدہ رانگا - ارگلاوے اور اوسمین گلتے وقت ۲ مار پارہ پھر اسکی تھالی مین تلی پتری جماوے پھر اوسکے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے جدا رکھے پھر پانچ سیر گوبر کے بڑے دو کنڈے بھاے ایک اوپلے کے اوپر انار کسیر بسا ہوا بچھاوے اور تدبیر سے اوسمین پسی ہوئی منہدی ملاوے پھر پارہ اور رانگ کے ٹکڑون کو تدبیر سے رکھ اوپر دوسرا کنڈا رکھے پھر اوسی تدبیر سے جہان ہوا نہ آتی ہو اوسجگہ پر پھونک دے پھر ٹھنڈا کر جب اوسکا پھول سفید ہو جاے اور پوری تول اوترے تب نکال لے - یہ بنگیشر کی ترکیب ہے یہ علحدہ علحدہ بدرقون سے سب طرح کے عارضون کو دور کرتا ہے +

سپاری پاگ

دکھنی سپاری ۱۶ تولہ باریک پیس گاے کے ۱۶ تولہ گھی مین بھونے اور تین سیر گاے کے

دودہ مین پکاوے پھر اسمین ناگ کیسر ۵ درم - ناگرموتھا ۵ درم - چندن ۵ درم - بنجبیل ۵ درم
فلفل سیاہ ۵ درم - پیپل ۵ درم - آملہ ۵ درم - کویلہ کا بیج - ۵ درم - جایپھل ۵ درم -
لونگ ۵ درم - کشنیز ۵ درم - چاروی ۵ درم - تیج ۵ درم - پترج ۵ درم - الایچی ۵ درم
دونون زیرے ۱۰ درم - سنگھاڑہ ۵ درم - بنس لوچن ۵ درم - ان سبکو باریک پیس ماوے مین
ملاوے پھر تولہ بھر مصری کی چاشنی کرے اوس چاشنی مین سب دواؤن سمیت اوس ماوے
کو ڈالے پھر اوسکی ۲ تولہ بھر کی گولی باندہے ایک گولی صبح کیوقت اور ایک شام کو کھاوے
تو پرمیہہ - جیرن جور - اپچ - بواسیر - بدہضمی ضعف معدہ - منی کے فساد - اور پردر - انکو یہہ دور
کرکے بدنکو تازہ کرتا ہے اسکا نام سپاری پاک ہے +

گوکھرو پاک

گوکھرو آدہ سیر لے باریک پیس گائے کے ایک سیر گھی مین ملاوے پھر پانچ سیر دودہ مین اوسکو
پکاوے اوسمین بیلگیری ۲۰ درم - کالی مرچ ۲۰ درم - جایپھل ۲۰ درم - سمندر سوکھہ ۲۰ درم
الایچی ۲۰ درم - بھیم سینی کافور ۲۰ درم - پترج ۲۰ درم - دارچینی ۲۰ درم - زرد چوب ۲۰ درم
کوٹ ۲۰ درم - تال مکھانا ۲۰ درم - افیون ۲۰ درم - ان دواؤن سے آدہی بھنگ لے
انکو باریک پیس اوس ماوے مین ڈالے پھر چار سیر مصری کی چاشنی کرے اس پانی مین
دوا سمیت ماوا ملاکر ۵ درم کی گولی باندہے ایک گولی ہر روز صبح کیوقت کھاوے تو پرمیہہ کو
دور کرامساک ہو - اور عورتون کو بہت خوش کرے - یا چترک - گندک مصفا - بنجبیل
کالی مرچ - پارہ - سنگی مہرا مصفا - ترپھلا - ناگرموتھا - یہ سب برابر لے پہلے پارہ اور گندک
کو حل کرے پھر اسمین یہ دوا باریک پیس ملاوے پھر اس مین بھانگرے کے رس کی ایک
پٹ دے پھر کھرل کرے پھر ادرم بھر کی گولی باندہے ایک گولی ہر روز صبح کیوقت کھاوے
تو اٹھارہ طرح کا کوڑہ دور ہو - اسکا نام پنچانن گنگا ہے - یہ سب بید رس مین لکھے ہین
یا بھیم سینی کافور ۱ ماشہ - کستوری ۱ ماشہ - افیون ۴ ماشہ - جاوتری ۴ ماشہ - ان سب کو

برگ تنبول کے رس مین پیسے پھر ایک رتی بھر کی گولی باندھے اور ایک گولی ہر روز دودہ اور مصری کے ساتھ کھاے تو یرمیہہ سب قسم کے دور ہون اور امساک پیدا کرے +

گھرت پرمیہہ کا علاج

گلو - چترک - پاروہ - کڑاکی چیاں - بھنی ہینگ - کٹکی - کوٹ یہ سب برابر لے باریک پیس ۲ درم گھی سے کھاے تو گھرت پرمیہہ دور ہو - یا آملہ - ہلدی - یہ برابر لے ۵ درم رات کو بھگو کر صبح کیوقت اوسی پانی مین پیسکر اور شہد ملا کر ہر روز پیے تو سب طرح کے پرمیہہ دور ہون یا پارہ - گندھک مصفا - سار - سونا مکھی مصفا - زنجبیل - فلفل - پیپل - ترپھلا - سلاجیت بیر کی گٹھلی - زرد چوب - کیتہ - یہ سب برابر لے پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر اسمین یہ دوا باریک پیس کر ملاوے پھر بھانگرے کے رس کی ۲۱ پٹ دے پھر ایک درم ہر روز کھاوے تو سب طرح کے پرمیہہ دور ہون - اسکا نام میگھ ناد رس ہے - یا پارہ - ابرک برابر لے - آملہ کے رس مین سات دن کھرل کرے پھر ایک رتی ہر روز کھاے تو سب طرح کے پرمیہہ جاوین - اسکا نام مرتنگ رس ہے یا الائچی - بھیم سینی کافور - بھارنگی - جایپھل - گوکھرو - پوست سالر - موچرس پارہ - ابرک - رانگے کا کشتہ - یہ سب برابر لے انکو کھرل مین باریک پیس دو رتی ہر روز شہد سے کھاے تو سب طرح کے پرمیہہ دور ہون اسکا نام پرمیہہ کٹھار رس ہے - یا تخم بکاین بہ قدر ۵ درم چاول کے پانی مین پیسے اوسمین گاے کا گھی ملا کر ہر روز پیے تو بہت دن کا بھی پرمیہہ دور ہو - یہ علاج سرب سنگرہ مین لکھا ہے +

آترے رکھہ کی راے سے پرمیہہ اور اوپدر کا یعنی پھنسی کی علامتین اور علاج

صفرا کی پھنسی زرد یا سرخ اور بادی پھنسی سوزش اور بخار لیے سیاہ ہو - بدن کانپے - پیشاب کرتے وقت درد ہو - جس سے آدمی نہایت آزردہ اور دق ہو اور بلغم کی پھنسی سفید اور بارنگ اور ٹھنڈی ہو دیر مین پکے - سو جن لیے ہو یہ سب علامتین ہون تو اوسکو سنپات یعنے تینون خلطون کے فساد کی پرکا یعنے پھنسی ہون +

علاج

دھو - کا ہو - کدمب - بیر - شیشم - نیم کے پوست کا کاڑہا کر اوس پانی سے اوس پھنسی کو دھووے تو پھنسی دور ہو +

آلت کے اوپر پیپ پڑگئی ہو اوسکا علاج

کا ہوا ور کدمب کا پوست اور تیندو کے درخت کا ملائم اندر کا پوست لیکر کاڑہا بنا وے اور اوس سے دھووے تو یہ مرض دور ہو +

آلت کے اوپر بادی کی ٹپر کا یعنی پھنسی ہو اوسکا علاج

بھانگرے کا رس - برگ تلسی - برگ ٹپول کو کانجی سے پیس لیپ کرے تو پھنسی دور ہو +

صفرا کی ٹپر کا یعنی پھنسی کا علاج

ملٹھی - کوٹ - صندل سرخ - خس - روہکہ - گیرو - کنول گٹہ - یہ دوہ مین پیس صفرا کی پھنسیون پر لیپ کرے تو جلن دور ہو +

آلت کی پھنسی پک جاے اوسکا علاج

ٹھنڈے پانی سے سو مرتبہ کے دھوئے ہوے مسکہ کا لیپ کرے تو اوسکی سوزش دور ہو - یا کدمب - کا ہو - انار - کھیر - املی کے پتون کو گرم پانی سے لیپ کرے تو پھنسیان دور ہون یا تر پھلے کے پانی کے دھونے سے پیپ دور ہو - یا کانجی کے مٹھے اور ٹھنڈے پانی کے دھونے سے پیپ جاوے - یہ علاج آتر سے پشتک مین لکھا ہے +

لالا پرمیہہ کا علاج

کپاس کی مینگنی کو بھینس کے مٹھے مین سات دن کھرل کرے پھر اوسمین سے دو ماشے ہر روز کھاوے تو لالا پرمیہہ دور ہو +

موتر پرمیہہ کا علاج

پاریکا کشتہ - رانگے کا کشتہ - ابرک - ان سبکو برابر لے اور شہد مین ایک دن کھرل کرے پھر ایک ماشہ

شہد سے ہمیشہ کھاوے تو زیادہ پیشاب آنے والا پرمیہہ دور ہو۔ اسکا نام تالک رس ہے۔ اس رس کے کھانے کے پیچھے پکے ہوے گولر کا چورن بقدر ۲۰ درم کھاوے تو یہ بیماری دور ہو یا بیج بکھر رس بقدر ۲ ماشہ لے تو یہ بیماری جاوے۔ یہ علاج رس رتناگر مین لکھا ہے +

باب سیزدہم

شکم وغیرہ کی بیماریون کا بیان

میدہ یعنے شکم کے بڑہ جانیکی بیماری کی پیدایش علامت اور علاج

بہت عیش و آرام کرنے اور بیٹھے رہنے اور دن کے سونے اور بلغم پیدا کرنے والی اور شیرین اور گھی وغیرہ مرغن چیزون کے کھانے سے شکم بڑہ جاتا ہے۔ تب آدمی کچھ کام نہین کر سکتا کیونکہ جو ہڈیان۔ چربی۔ منی وغیرہ دہات ہین وہ شکم کے بڑہنے سے قوت نہین پکڑتین اسلیے آدمی نکما ہو جاتا ہے +

میدے کے اور فساد

جسکو پیٹ بڑہنے کا عارضہ ہو اوسکے دمہ۔ پیاس۔ غفلت وغیرہ ہون۔ کراہتا سووے۔ بدن مین درد ہو۔ چھینکین اور پسینا آوے۔ بدنمین بدبو آوے اور مباشرت کرنیکی طاقت نہو یہ میدہ والی کی علامتین ہین +

میدے کی جگہہ

جاندارون کے شکم مین چربی رہتی ہے اس سبب سے وہ چربی شکم کو بڑہاوے اور پھیلاوے کیونکہ چربی سے ڈہکی ہوئی ہوا معدہ مین گھوم کر ہاضمہ کی آتش کو روشن کر کھانیکی ہی خواہش زیادہ کرتی ہے تب اوس شخص کے بہت خوراک کھانے سے طرح طرحکے دہشت ناک عارضے بہت پیدا ہون پھر جو شکم مین ہوا اور آگ رہتی ہے اوس سے فربہ ہو کر اوسکو جلاوے۔ پھر چربی کے بہت بڑہنے سے شکم مین جو باد صفرا اور آگ رہتے ہین وہ بہت سے فسادونکو پیدا کر اوس شخص کو مار ڈالتے ہین +

استھول کی علامتین

میدکا گوشت جب بہت بڑہے تب اوس شخص کے سرین شکم - پستان بڑہ جاوین اور اوس شخص کی قوت - گوشت - ہمت جاتی رہے اوسکو استھول کہتے ہین پھر اوس شخص کے بسرپ یعنے بدنکا پھیل جانا - بھگندر - بکہم جور - اسہال - بواسیر - کھجلی وغیرہ اور بھی ہشت ناک عارضے ہوتے ہین +

علاج

پُرانا چاول - بھنگ - کلتھی - کودون وغیرہ کھاوے اور لکھنا - عمل محنت - فکر - ورزش - کشتی - راہ چلنا اور شہد اور جو کا کھانا جگنا - کھارا رس - ارنڈ کے پتون کی ترکاری - ہینگ - چانول کا ماڑہ اتنی چیزین اس مریض کو کھانی چاہیین - یا گلو - اور ترپھلے کے کاڑہے مین سارا اور شہد ملاکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یا گرم اناج کھاوے اور چانول کا ماڑہ پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یا باسی ٹھنڈے پانی مین شہد ڈالکر پیے تو عارضہ دفع ہو - یا زنجبیل - فلفل - پیپل - چترک - ترپھلا - ناگر موتھا - بای ٹبرنگ کے کاڑہے مین گوگل ڈالکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو یا پیپل شہد سے ہر روز کھاے تو یہ عارضہ دور ہو - یا بڑ دانل رس - پارہ تانبے کا کشتہ - سار - بیجابول - انکو برابر لے باریک پیس کوکر بھانگرے کے رس مین تین دن کھرل کرے پھر ایک رتی بھر کی گولی شہد سے چاٹے تو یہ عارضہ دفع ہو - اسکا نام بڑ دانل رس ہے - یا دھتورے کے پتون کا رس ملے تو یہ عارضہ دفع ہو - یہ بیدرہس مین لکھا ہے - یا چب - زیرہ - زنجبیل - کالی مرچ - پیپل - بھنی ہوئی ہینگ - نمک سیاہ - یہ سب برابر لے اور باریک پیس جو کے ستو کے ساتھ بقدر ۲ درم ہر روز کھاوے تو یہ عارضہ دور ہو - یہ چکرو دت مین ہے - یا بای ٹبرنگ - زنجبیل - جوا کھار - پیپل - سارانکو باریک پیس اوس مین ایک درم جواور آملہ کا چورن ملاکر شہد سے کھاے تو یہ عارضہ دفع ہو - یا بیر کے پتونکا خیساندہ کانجی کے پانی مین ڈالے اور اسمین ارنی کا رس اور سلاجیت ڈالکر پیے تو یہ عارضے دور ہون - یا گلو - گڑاکی چھال - آملہ - یہ سب ترتیب وار ایک ہے ایک زیادہ لے اور ان سب کی برابر

گوگل لے ان سبکو ملاکر لے درم شہد سے کھاوے تو پیٹ کے عارضے اور بھگندر سب جاوین۔ اسکا نام امرت گوگل ہے اور چکروت مین لکھا ہے۔ یا ترپھلا۔ نسوت۔ موربہ۔ اتیس۔ چترک۔ اڑوسہ۔ پوست نیم۔ مغز املتاس۔ پیلا مول۔ دونون ہلدی۔ گلو۔ بیخ اندرائن پیپل۔ گوٹ سرسون۔ زنجبیل۔ یہ سب برابر لے اور انکا کاڑھا کرا وسمین تلسی کا رس مقدار کے موافق ڈالے پھر اسمین تیل پکاوے اور اس روغن کی مالش کرے یا عمل کرے تو یہ عارضہ اور بلغم کے سب عارضے دور ہون۔ اسکا نام ترپھلا تیل ہے۔ اور چکروت مین لکھا ہے +

بدن مین پسینے سے بدبو آتی ہو اوسکا علاج

برگ اڑوسہ کے رس مین پسیا ہوا اسکہ ملاکر لے تو بدبو دور ہو۔ یا بیل کے پتون مین سنکہ کا چورن ملاکر لیپ کرے تو بدنکی بدبو جاوے +

بغل مین بدبو آتی ہو اوسکا علاج

لیمو کے پتون کا رس لیکر لیپ کرے تو بغل کی بدبو جاوے۔ یا ہلدی کو اوہ جلی کرکے پانی مین پیسکر لیپ کرے تو بغل کی بدبو جاوے۔ یا ناگ کیسر۔ پوست سرس۔ لودہ خس۔ پوست ہلیلہ۔ انکو پانی مین پیس اوبٹن کرے تو بدنکی بدبو جاے یا بیر کے پتون کو پانی مین باریک پیس بدن مین ملکر نہاوے تو بدنکی بدبو دور ہو۔ یہ علاج بھاو پکاش مین لکھے ہین +

بدنکی بدبو کے دور ہونیکا اوبٹن

برگ تنبول۔ پوست ہلیلہ۔ اور کوٹ کو پانی مین پیس بدن مین ملے تو بدنکی بدبو دور ہو۔ یہ برند مین لکھا ہے +

عورت کے خوشنما رنگ کرنیکا لیپ

پوست ہلیلہ۔ لودہ۔ برگ نیم۔ پوست انار۔ پوست انبہ کو باریک پیس بدن مین لیپ کرے تو بدن مین نہایت روشن نور ہو۔ یہ کاشی ناتھ پدھت مین لکھا ہے +

بغل کی بدبو دور کرنیکا دوسرا علاج

کوٹ - دونون ہلدی - انکو گائے کے پیشاب یا گوبر مین پیسکر لیپ کرے تو بغل کی بدبو دور ہو - اور یہ عارضۂ جذام کے لیے بھی مفید ہے - یہ چکرد ت مین لکھا ہے +

کارش کے عارضہ کی پیدائش علامت اور علاج

کارش کے عارضے کو عوام مین چھین کہتے ہین اور یہ مرض بادی اور سوکھے اناج کے کھانے اور لنگھن اور زیادہ مباشرت اور محنت کرنے اور خوف اور دولت اور اولاد کے زائل ہونے اور تفکرات سے پیدا ہوتا ہے +

علامتین

کولا - شکم اور کمند سوکھ جاوین - نسین نکل آوین - ہڈیان اور چمڑا بدن مین باقی رہجاوے بدن کمزور و نحیف ہو - یہ علامتین ہون تو چھیتا کا عارضہ جاننا +

جو شخص بہت چھین ہوجاے اوسکے اتنے عارضے ہوتی ہین

سنگرہنی - اپھار - وغیرہ اور بہت اشخاص دیکھنے مین دبلے ہوتے ہین اونکے بدن مین گوشت کا حصہ تو کم اور منی کا حصہ زیادہ ہوتا ہے وہ مباشرت زیادہ کرین اور امساک بہت رہے اور عورتون مین حمل قائم کردین اور کوئی تو دیکھنے مین بدن سے تروتازہ ہین مگر کم طاقت اور جماع مین کم قوت رکھتے ہین انکو چھین کہتے ہین اونکے بدن مین چربی کا حصہ تو زیادہ اور منی کا حصہ کم ہوتا ہے اسلیے اونکو بھی دبلا کہنا چاہیے +

علاج

جتنی قوت پیدا کرنے والی اور ممسک دوائین اور جتنی طاقت پیدا کرنے والی گھی دودھ اور گوشت وغیرہ چیزین ہین اونسے یہ عارضہ دور ہوتا ہے اور اسکے علاج طاقت پیدا کرنے کے اسی کتاب کے آخر مین لکھے ہین +

لاعلاج سوکھے کی عارضے کی علامتین

جس شخص کے اپنے آپ مزاج سے ہی دبلاپن اور ضعف معدہ ہو اور ہمیشہ بدن دبلا رہے اوسکا علاج نہین ہے یہ سب بھاو پرکاش مین لکھا ہے +

اودر روگ یعنے پیٹ کے عارضونکی پیدایش علامت اور علاج

سب پیٹ کے عارضے آٹھہ قسم کے ہین وہ معدہ کے ضعیف ہونیسے ضرور ہی پیدا ہوتے ہین اور بدہضمی سے بے تعداد عارضے پیدا ہوتے ہین ایسی ایسی چیزون کے کھانے سے یہ عارضہ ہوتا ہے اور جو پیٹ مین خلطون کا فساد ہو اور معدہ مین آون اور مواد جمع ہو تو پیدا ہوتا ہے +

پیٹ کی بیماریونکی پیدایش

بدپرہیزی سے جو باد صفرا بلغم مجتمع ہوتا ہے وہ پانی کی لیجانے والی نسونکو روکتا ہے اور چھاتی کی ہوا - آتش اور ریح کو بہت مفسد کر آٹھہ قسم کے شکم کے عارضونکو پیدا کرتا ہے +

شکم کی بیماریونکی عموماً علامتین

پیٹ مین اپھار ہو - چلنے اور پھرنے کی طاقت جاتی رہے بدن دبلا ہوجاوے اور معدہ ضعیف ہو - بدن مین سوجن اور اعضا مین درد ہو - پاخانہ اور پیشاب اچھی طرح نہ اوترے بدن مین جلن ہو یہ علامتین ہون تو اوسکے اودر روگ جانو +

آٹھہ قسم کے اودر روگ

بادی - صفراوی - بلغمی - اور تینون خلطونکا - پچھیاکا - قبض ہونیکا - ضرب لگنے کا - جلندہر کا +

باد کے اودر روگ کی علامتین

جس شخص کے ہاتھ پاون اور ناف مین ورم ہو اور کوکھہ پسلی کمر پٹھہ اور جوڑون مین درد ہو اور روکھا کھانے سے - بدن بھاری رہے - پاخانہ نہ اوترے - بدن کی جلد - ناخن اور

آنکھین سیاہ پڑجاوین اور درد شکم اور اپھار ہو۔ پیٹ بولا کرے تو باد کا فساد جانو ٭

صفرا کے اودر روگ کی علامتین

جسمین بخار۔ بیہوشی۔ پیاس ہوا۔ منہہ کا ذائقہ تلخ رہے اور چکر آوین اور اسہال ہو اور بدنکی جلد زرد اور ہری ہو اور بدنمین پسینا آوے اور جلن ہو اور دہوین کو لیے ڈکار آوے اور جلد نازک پکی سی ہوجاوے تو اوسکو صفرا سے سمجھنا چاہیے ٭

بلغم کے اودر روگ کی علامتین

جسکے بدن مین بہت درد ہو اور بہت سوجے اور سوجن ہو اور بدن بھاری رہے سینے مین درد ہو اور کھانے سے نفرت ہو اور دیر مین ہضم ہو اور بدن ٹھنڈا رہے اور پیٹ بولا کرے تو اوسے بلغمی جانو ٭

سنپات یعنے تینون خلطونکے اودر روگ کی علامتین

جس شخص کا دشمن کسیطرح شیر کا ناخن یا موچھ کا بال یا اور کسی جانور کا غلیظ پیشاب خون۔ منی یا کسی خوراک یا پانی مین زہر کھلاوے اوسکو یہ عارضہ پیدا ہوتا ہے سو اوسکے بدن کا خون باؤ۔ صفرا۔ بلغم مفسد ہوکر سنپات کا نہایت خوفناک اودر روگ پیدا کرتے ہین پھر وہ اودر روگ برسات مین مفسد ہوا آدمی کو بہت آزردہ کرکے بیہوش کرے بلکہ مرنیکے قریب کردے اوسکو دکھیو در کہتے ہین ٭

پلی ہو در یعنی پھیلے سے پیدا ہوی اودر روگ کی علامتین

گرم چیز کے کھانے اور پینے سے خون مفسد ہوکر بلغم سے پھیپھڑے کو بڑہاوے پھر وہ بڑہا ہوا پھیپھڑا بائین پسلی مین پیٹ کے عارضون کو پیدا کرے اسکی تکلیف پاکر آدمی کے ضعف بعدہ بدہضمی کا بخار ہو۔ طاقت زائل ہوجاوے ٭

قبض کے اودر روگ کی علامتین

جو شخص بغیر صاف اور درست کی ہوئی غذا کھاوے اور اوسمین بال۔ کنکر۔ ریت۔ دھول

سلے ہون اوسکے خلطون کو لیے مواد منجمد ہو تب اوس شخص کے تکلیف سے تھوڑا مواد اوپر
اور اوس شخص کا سینہ اور ناف بڑہجاوے +

چھتودر کی علامتین

جو شخص پتھر ریت وغیرہ ملا ہوا اناج کھاوے اوس شخص کی آنتون کو کاٹ کر اناج پانی کے مانند
ہوکر مواد نکلے اور اوسکی مقعد رات دن بہا کرے اور اوسکا پیڑو بڑہے اور درد ہو چھتودر اور قبض کا
اور روگ ایک ہی ہے +

جلودر کی علامتین

جو شخص گھی کھاکر یا عمل اور حلاب لیکر یا تے کرکے ٹھنڈا پانی پیے اوسکے پانی بہنے والی نسین
مفسد ہون اور چربی سے وہی نسین لیے ہوے جلودر کو پیدا کرین اوس ٹھنڈے پانی سے
جو جلودر پیدا ہو وہ ناف کے ادہر اودہر گول اور چکنا ہو اور پانی کی مشک کے موافق بہت
بڑہے - تب آدمی اوس سے بہت تکلیف پاوے اور اوسکا بدن کانپے یہ علامتین ہون تو
جلودر کہنا چاہیے یہ پیٹ کے عارضے پیدا ہوتے ہین باعلاج ہین اور طاقت ور شخص کے
جلودر جو نیا پیدا ہوا ہو وہ بھی باعلاج ہے +

اودر کے روگون کی لاعلاج علامتین

قبض سے پیٹ کا عارضہ ہو تو ہفتہ کے بعد لاعلاج ہے اور جلودر لاعلاج ہی ہے یا پسلیون مین
درد ہو اور آنکھون کے اوپر سوجن ہو اور آنکھ ٹیڑہا ہوا اور بدن کی جلد گل جاوے اور خون
اور گوشت خشک ہوتا جاوے - معدہ ضعیف ہو وہ شخص لاعلاج ہے +
دوسرا قاعدہ - پسلیون مین درد ہو - اور پسلی ٹوٹی سی ہو - غذا سے رغبت جاتی رہے
بدن مین سوجن ہو اور اسہال ہو اور پیٹ خالی ہو مگر بھرا ہوا نظر آوے تو بھی لاعلاج ہے +

بادکے اودر روگ کا علاج

دشمول کے کاڑہے مین ارنڈ کا تیل ڈالکر پیے تو یہ بیماری جاوے یا ترپھلے کے رس مین

گھاسے کا پیشاب ڈالکر پیے تو یہ عارضہ دور ہو۔ باکوٹ۔ بیخ املتاس۔ جواکھار۔ پاڑہ۔ نمک سیاہ۔ سیندہا نمک۔ ساجھر نمک۔ بچ۔ زنجبیل یہ سب برابر لے باریک پیس پانچ درم گرم پانی سے پیے تو یہ عارضہ جاوے اسکا نام کوٹھا وچون ہے۔ یا اک پوتھا لہسن دوسو تولہ بھر لے اور اوسکو سولہ سیر پانی مین اوٹاوے اور اوسٹتے ہی مین زنجبیل ۲ تولہ مرچ سیاہ ۲ تولہ پیپل ۲ تولہ بیخ سانٹھ ۱ تولہ نمک سیاہ۔ برنون ۲ تولہ۔ ترپھلا ۳ تولہ۔ بیخ املتاس ۲ تولہ۔ پوست سہنجنہ ۲ تولہ۔ اجواین ۲ تولہ۔ گج پیپل ۲ تولہ۔ نسوت ۲ تولہ۔ انکو باریک پیس اوس لہسن کے کاڑھے مین ڈالے اسمین ۲ مار روغن سیاہ ڈالکر نرم آنچ مین پکاوے جب سب رس اور دوا جل جاوین اور تیل رہجاوے تب اوتار کر برتن مین بھر رکھے اور پانچ درم صبح کیوقت اپنے ہاضمہ کے مطابق پیے تو سب طرحکے پیٹ کے عارضے اور وہ بیماری جسمین پیشاب چنگ سے آتا ہو۔ اودآورت۔ آنتون کا بڑھنا۔ دردگردہ۔ آنو۔ سول۔ نفرت۔ بھیا۔ اشٹھیلا۔ اعضا شکنی اور باد کے سب عارضے مہینا بھر کے استعمال سے جاتے ہین +

صفراکے اودر روگ کا علاج

نسوت کا چورن ۲۰ درم اونٹنی کے دودہ مین ڈالے اور روغن ارنڈ ۵ درم۔ پیپل۔ پیپامول چترک۔ یہ سب چھ چھ ماشہ بھر ڈال اوس دودہ کو ایک مہینہ گرم کرکے پیے تو یہ بیماری دفع ہو +

سنپات یعنی تینون خلطونکے اودر روگ کا علاج

زنجبیل اور ترپھلے کا کاڑھا کراسمین دہی یا تیل یا گھی ڈالکر پکاوے پھر اوسکو کھاوے تو یہ بیماری دفع ہو۔ یا گرم دودہ مین ارنڈ کا تیل ۱ اور گائے کا پیشاب ڈالکر پیے تو بادی اودر روگ جاوے یا مٹھے مین نمک سیاہ اور پیپل ڈالکر پیے تو باد کا اودر روگ جاوے۔ یا مصری فلفل سیاہ پانی سے پیے تو صفراوی پیٹ کا عارضہ دور ہو۔ یا اجواین۔ بیخ جھاؤ۔ زیرہ۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ پیپل۔ انکو باریک پیس ۵ درم گرم پانی کے ساتھ کھاے تو بلغم سے پیدا ہوئی یہ بیماری دفع ہو۔ یا زنجبیل۔ کالی مرچ۔ پیپل۔ جواکھار۔ سیندہا نمک انکو باریک پیس ۵ درم

گرم پانی سے پیے تو سنپات کا اودر روگ جاوے +

نارائن چورن

اجواین - پوست جھاؤ - کشنیز - ترپھلا - پیپل - زیرہ سیاہ - اجمود - پلاموں - بای ڈنگ یہ سب برابر لے اور بیخ املتاس ایک دوا سے تگنی لے اور نسوت ایک دوا کے حصہ سے دوگنی لے اندرائن ایک دوا کے حصہ سے دوگنی لے تھوہر کا دودہ سب سے چوگنا لے ان سبکو باریک پیس تھوہر کے دودہ کی ایک پٹ دے پھر سکھا کر ۱۰ درم گرم پانی سے کھاے تو پیٹ اور باد کے عارضون کو دور کرے اور اسکو بیر کے چھلکے کے کاڑہے سے کھاے تو باد کی بیماریونکو دور کرے اور شراب سے کھاے تو اپھار جاوے مٹھے سے کھاے تو قبض دفع ہو انار کے رس سے کھاے تو بواسیر جاوے اور گرم پانی سے استعمال کرے تو بدہضمی دفع ہو اور یہ چورن بھگندر - پانڈرو گ کھانسی - دمہ - سوکھے کا عارضہ - سنگرہنی - جذام - ضعف معدہ - اور زہر کو دور کرے جیسے بھگوان کا سودرشن چکر دیتون کو مارتا ہے ویسے ہی یہ نارائن چورن بیماریون کو دور کرتا ہے یا تھوہر کا دودہ - بیخ املتاس - ترپھلا - بای ڈنگ - کٹیلی - چیرک - گوکرو بھانگرہ - یہ سب دو دو سیر لے اور اس سے چوگنا پانی ڈالے اور ایک سیر کاے کا گھی ڈالکر دھیمی آنچ سے پکاوے جب یہ سب جل جاوین اور گھی رہجاوے تب اتار کر برتن مین بھر رکھے پھر اسمین سے ۱۰ درم کھاے تو جلاب اثر کرے اور پیٹ کے عارضون کو دور کرے اسکا نام ناراچ گھرت ہے - یا بیخ سانٹی - دارہلدی - پٹول - کٹکی - پوست ہلیلہ - پوست نیم - دیودار - زبجبیل - گلو - یہ سب برابر لے انکو جوکوب کرکے ۵ درم کا کاڑہا ہر روز گاے کے پیشاب اور گوگل ڈالکر پیے تو بلغم کی یہ بیماری - پسلی کا درد - دمہ - پانڈروگ - وغیرہ سب جاوین - اسکا نام نیرنواد کوا تھا ہے اور یہ سب بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین - یا اجواین ۱۴ درم - بھنا ہوا سہاگا ۱۴ تولہ انکا چورن کر ۱۰ درم گرم پانی سے کھاے تو پیٹ کے عارضے جاوین - یا پیپل ۱۰ تولہ لے اور اوسکو تھوہر کے دودہ مین سترہ دن تک بھگو رکھے پھر سائے مین سکھا کر باریک کے چار ماشہ پانی سے

ایک دن کے فرق سے کھاوے اور اسکے اوپر مٹھا اور چاول کھاوے تو پیٹ کے عارضے جاوین اسکا نام اودار بھیدی چورن ہے - یا ایک ہزار پیپل لے اوسمین تھوہڑ کی دودہ کی سات پٹ دے یا تھوہڑ کے چورن مین تھوہڑ کے دودہ کی سات پٹ دے پھر اوسمین سے سوا درم گائے کے پیشاب کے ساتھ کھاوے تو سب پیٹ کے عارضے جاوین - یا بیخ املتاس - پیپل - زنجبیل برابر لے اوران سب سے دوگنا چوکھہ لے اور انسے چوتھائی ترنون لے پھر انکو باریک پیس سوا درم گرم پانی سے کھاوے تو پھیپا - گولا - ضعف معدہ - پانڈروگ - پیٹ کے عارضہ وغیرہ کو دور کرتا ہے یا آک کے پتون مین سیندہا نمک ڈالکر مٹکی مین بھراو سکے منہ کو بند کر پھونک دے پھر اوسکو پیسکر پانچ درم مٹھے سے یا گوار کے پٹھے سے ہر روز کھاوے تو پیٹ کے عارضے جاوین یا قند سیاہ اور ہلیلہ یا قند سیاہ اور پیپل سب کو بقدر ۲ درم ہر روز کھاوے تو پیٹ کے عارضے دور ہون - اور سوجن - پنہیں - کھانسی - نفرت - بدہضمی کا بخار - بواسیر - سنگرہنی - بلغمی - اور بادی بیماریون کو دور کرتا ہے - یہ سب بیدرہس مین ہین +

جلودر کا علاج

نیلا تھوتھ - گندھک - پیپل - پوست ہلیلہ - یہ سب برابر لے انکو باریک پیس تھوہڑ کے دودہ مین پانچ دن کھرل کرے پھر بقدر ایک ماشہ گرم پانی سے ہر روز کھاوے تو جلودر کا عارضہ دور ہو اور اسکے اوپر چانول کھاوے اور املی کا شربت پیے اسکا نام اودار رس ہے - اور جوگ ترنگنی مین ہے - یا زنجبیل - کالی مرچ - پیپل - پانچون نمک - سہاگا - سونٹھ - یہ سب برابر لے اور ان سبکی برابر جال گوٹہ مصفا لے اوران سب مین بیخ املتاس کی تین پٹ دے پھر بجورے کے رس کی تین پٹ دے اور کھرل کرکے سایہ مین سکھاوے - تو پیٹ کے عارضے - پھیپا گولا - اپھار - سول بواسیر - ان سبکو دور کرتا ہے اور اسکے آنکھون مین انجن کرنے سے سانپ کا زہر دور ہوتا ہے - اسکا نام اوپچے بھاسکر ہے - اور رتن پردیپ مین لکھا ہے - یا آک کا دودہ ۴ تولہ - پوست کڑا ۱ تولہ - تھوہڑ کا دودہ ۱۲ تولہ - نسوت ۲ تولہ - پوست ہلیلہ ۲ تولہ - کمیلا ۱ تولہ

ان سبکو باریک اکھٹا کرا اور پانچ سیر پانی مین گھی سمیت آنچ کے اوپر چڑہا کر نرم آنچ سے پکاوے جب پانی وغیرہ سب جل جاوین اور گھی رہجاوے تب اوتار کر برتن مین رکھے پھر اس گھی کے جتنے قطرے کھاوے اوتنے ہی دست جلاب مین آوین تب پیٹ کے عارضے سوجن بھگندر۔ گولا۔ ان سبکو یہ گھی دور کرتا ہے۔ اسکا نام بند گھرت ہی اور بیدیہ نبود مین لکھا ہے

باب چہاردہم

دربیان ورم وغیرہ

شوتھ یعنے ورم کے عارضے کی پیدائش علامت اور علاج

جو شخص قے کرانے اور خود بخود قے ہونے اور بخار اور فاقون سے کمزور ہوا وسکے کھاری۔ کھٹی۔ تیکھی۔ اور بھاری چیز اور دہی اور کچی اور موٹی چیز اور ساگ اور خلاف چیز گیہون کا میدہ زہر کا ملا ہوا اناج کھانے سے اور بواسیر کے رہنے سے پیٹ مین آون ہوا اور جلاب پینے سے اور ضرب لگنے اور حمل کے گرنے اور جلاب وغیرہ پانچ کرم کرے اوسمین بدپرہیزی کرنے سے اوس کمزور آدمی کے ورم کا عارضہ ہوتا ہے وہ نو قسم کا ہے۔ بادی — صفراوی۔ بلغمی۔ بادی صفراوی۔ بادی بلغمی۔ بلغمی صفراوی۔ تینون خلطون کا اور ضرب لگنے کا۔ زہر کا +

ورم کی پہلی شکل

بدن مین ہوا رہے اور تان کر سونے سے نسون مین درد ہو بدن بھاری رہے یہ علامتین ہون تو جانو کہ اسکے سوجن کا عارضہ ہوگا +

ورم کی عموماً علامتین

خود بخود باد صفرا خون مفسد ہو کر بدن کے باہر کی نسون مین بلغم پہونچا کر بدن کی جلد گوشت کے مجموعہ کو پھلا دیتے ہین اس سبب سے اوسکو شوتھ روگ کہتے ہین یہ عارضہ بدن کو بھاری کرے اور جہان چاہے وہان ہوجاوے اور گرمی رہے نسین نکل آوین۔ روئین

کھڑے ہو جاوین بدنکا رنگ اور کا اور ہو جاوے یہ علامتین ہون تو سوتھ یعنے سوجن کا عارضہ جانو۔ یا کالی سوجن ہو تو وہ فکر وغیرہ کرنے سے اچھی ہو۔ اور نین سوجن بہت ہو تو بادی ورم جانو +

صفرا کی سوجن کی علامتین

بدن کی جلد نازک اور بدبو لیے زرد اور سرخی لیے ہو۔ بدن گھومے بخار ہو پسینا بہت آوے پیاس بہت لگے نشہ معلوم ہو بدنکا چھونا اچھا نہ معلوم ہو آنکھین سرخ ہون بدن کی جلد مین جلن بہت ہو +

بلغم کی سوجن کی علامتین

جس سوجن مین بدن بھاری رہے جلد زرد ہو نیند بہت آوے معدہ ضعیف ہو سوجن اونچی نہین ہو کھانے کی رغبت جاتی رہے رات کو بڑھ جاوے یہ جسمین علامتین ہون اوسکو بلغم کی سوجن کہنا چاہیے اور اور فسادون کی جسمین علامتین ملی ہون اوسے اونھین فسادون کی سوجن کہنا چاہیے اور جس سوجن مین سب فسادون کی علامتین ملین اوسکو سنپات کی سوجن کہنا چاہیے +

چوٹ لگنے سے جو ورم پیدا ہو اوسکی علامتین

ہتیار یا ٹھنڈی ہوا کے لگنے اور دہی کے کھانے یا بھلانوہ یا کونچھ یا زمین قند وغیرہ کے لگنے سے جو سوجن پیدا ہو وہ ایک جگہ کی سوجن سب بدن مین پھیل جاوے اوسمین جلن بہت ہو سرخ ہو آوے اور صفرا کی سب علامتین اسمین ملین۔ یہ علامتین جسمین ہون اوسے ہتیار کی ضرب کا ورم جانو +

زہریلے جانور کے ورم کی علامتین

زہریلے جانور کی پیشاب کے چھونے یا دانت کے لگنے یا دانت کے کاٹنے یا خون کے لگنے یا اوسکے پاخانہ پیشاب کے چھونے یا زہریلے درخت کی ہوا یا زہر کھانے یا لگانے سے ورم پیدا ہوتا ہے +

ان سب کی علامتین

جس ورم مین بہت درد ہو بدن مین بہت پھیلے سوزش ہو تب جانو کہ یہ زہر کی سوجن ہے ✣

سوجن کے فساد

دمہ - پیاس اور قے ہو بدن کمزور ہو جاوے بخار ہو غذا کی رغبت جاتی رہے یہ اسکے فساد ہین ایسے بیمار کا معالجہ نہ کرنا چاہیے اور جو ورم پیڑو سے لیکر پستان تک ہو تو مشکل دفع بھی ہو اور جو سب بدن مین ہو تو وہ لاعلاج ہے ✣

اور طریق سے لاعلاج ورم کی علامتین

مرد کے تو پہلے پاؤن سے لے منہ کے اوپر تک سوجن بڑہے عورت کے پہلے منہ پر ہو پاؤن تک آوے وہ لاعلاج ہے اسکا علاج نہین ہے اور پہلے پیڑو مین ہو اور پھر سب جگہ پھیلے وہ دونون لاعلاج جانو ✣

علاج

سونٹھ - بیخ سانٹی - پوست ارنڈ - پیپل - پیلا مول - چتہ - چترک انکا کاڑہا پیے تو بادی ورم دفع ہو - یا ہٹول - تربھلا - پوست نیم - دارہلدی - کا کاڑہا گوگل ڈالکر پیے تو صفرا کی سوجن زائل ہو اور پیاس اور بخار کو بھی یہ کاڑہا دور کرتا ہے ✣

بلغم کی سوجن کا علاج

پیپل یا ہلیلہ کو تھوہر کے دودہ مین بھگوئے پھر تین دن بعد انکو سکھا کر باریک پیس ۲ ورم دس دن تک کھاوے تو بلغم اور تینون خلطون کی سوجن دور ہو ✣

بھلانوے کی سوجن کا علاج

تل اور گیلی مٹی بھینس کے دودہ مین یا مسکہ مین پیسکر لیپ کرے تو بھلانوے کی سوجن دور ہو یا اصل السوس - تل سیاہ - بھینس کا دودہ مسکے مین پیسکر لیپ کرے تو بھلانوے کی سوجن دفع ہو یا سال کے درخت کے پتون کو پیسکر لیپ کرے تو بھلانوے کی سوجن جاوے اور

زہر کی سوجن کا علاج زہر کے باب مین لکھینگے +

سوجن کا عموماً علاج

پوست ہلیلہ - زرد چوب - بھارنگی - گلو - چترک - دارہلدی - بیخ سانٹی - دیودار - زنجبیل انکا کاڑہا پیے تو پیٹ - پاؤن منہ کی سوجن جلد دور ہو اسکا نام تپیاد کوا تھہ ہے +

فوطے کی سوجن کا علاج

تربھلے کے کاڑہے مین گاے کا پیشاب ڈالکر پیے تو فوطے کی سوجن دور ہو - یا بیخ بس کھپرہ - دیودار - زنجبیل کے کاڑہ سے سوجن جاے - یا بیخ املتاس - نسوت - زنجبیل - کالی مرچ - پیپل چترک کا کاڑہا پیے تو سوجن جاوے یا سونا مکھی - بس کھپرہ - پوست نیم - گاے کے پیشاب کا کاڑہا پیے تو سوجن جاوے - یا بیخ سانٹی - دارہلدی - زنجبیل - بیخ سہنجنہ - سرسون کو کانجی کے پانی مین باریک پیس گرم کرکے لیپ کرے تو سب طرحکی سوجن دور ہو یا قند سیاہ ادرک یا قند سیاہ - سونٹھہ یا قند سیاہ یا پوست ہلیلہ - یا قند سیاہ پیپل انکو باریک پیس ۲ ۰ درم سے ۴ تولہ تک ہمیشہ بڑہاتے بڑہاتے ایک مہینہ بھر کھاے تو سوجن - خناق - گلے کے عارضے - دمہ - کھانسی - نفرت - تپ دق - بواسیر - سنگرہنی - بلغم اور باد کے سب فسادون کو یہ دور کرتا ہے - یا پیپل اور زنجبیل کو باریک پیس انکی برابر قند ملاکر کھاوے تو سوجن آنو بدہضمی باد سول کو دور کرے یا قند سیاہ ۶ تولہ - زنجبیل ۶ تولہ پیپل ۶ تولہ - منڈور ۲ تولہ - تل ۲ تولہ - انکو باریک پیس خوب ملاوے پھر بقدر ۲ ۰ درم ہر روز کھاوے تو سب طرحکی سوجن جاوے - یا سوکھی مولی - بیخ سانٹی - دارہلدی رہسنا - زنجبیل - انکا کاڑہا کرکے اوسکے رس مین تیل پکالے پھر اس تیل کی مالش کرے تو درد سمیت ورم دور ہو - یہ علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین +

سوجن کی جلن دور کرنیکا لیپ

ہیرے کی گٹھلی کو پانی مین پیسکر لیپ کرے تو سوجن کی جلن دور ہو - یا بیخ سانٹی - دارہلدی

گلو - پاڑہ - زنجبیل - گوکھرو - ان سبکو برابر لے باریک پیس ۲ درم گاے کے پیشاب سے کھاے تو سب طرحکی بدن مین پھیلی ہوئی سوجن اور آٹھ قسم کے پیٹ کے عارضے اور زخم وغیرہ جاوین - اسکا نام پُنرنوا چورن ہے - پانچ سانٹی - پوست ہلیلہ - پوست نیم دارہلدی - کٹکی - پرور - گلو - زنجبیل کا کاڑھا گاے کا پیشاب ڈالکر پیے تو سب بدن کا ورم کھانسی - دمہ - پیب اور یرقان کے عارضون کو یہ دفع کرتا ہے +

انڈبردہ یعنے فوطون کے بڑہنے کی پیدایش علامت اور علاج

یہ عارضہ چھہ قسم کا ہے - بادکا - صفراکا - بلغم کا - خون کا - چربی کا - پیشاب کا - اور باد سے آنتون کے بڑہنے کا +

فوطون کے بڑہنے کی عموماً علامتین

نیچے جانے والی ہوا اپنے آپ مفسد ہوکر فوطون اور جانگھون کی جڑون مین پہونچ اون مین گھومتی ہوئی سوجن اور درد کو کرے اور پیچھے اون دونون فوطون کی کھال کے بھنڈار سے کوسہنے والی جو نسین ہین اون مین وہ بگڑی ہوا پہونچ اون نسون مین درد پیدا کرے اور اون دونون فوطون اور اونکے بھنڈارونکو بڑہاوے اوسکو بیدانڈبردہ کہتے ہین +

بادکی انڈبردہ کی علامتین

ہوا کی بھری ہوئی کھال کی دہونکنی کی مانند ہو اور روکھی ہو اور بغیر کسی سبب کے اوس مین درد ہو اوسکو بادی انڈبردہ بولتے ہین +

صفراکی انڈبردہ کی علامتین

جبکا رنگ پختہ گولر کے پھل کے مانند ہو اور جلن اور پیب ہو اوسکو صفراکی انڈبردہ بولتے ہین +

بلغم کی انڈبردہ کی علامتین

جو انڈبردہ ٹھنڈی بھاری اور چکنی ہو اور اوس مین خارش ہو اور کچھ درد بھی ہو تو بلغم کی انڈبردہ جانو +

خون کے فساد کی انڈبردہ کی علامتین

کالی ہوا اور پھوڑے بہت ہون اور خون کی انڈبردہ کی علامتین ملین تو اوسکو خون کے فساد کی انڈبردہ کہنا چاہیے +

چربی کی انڈبردہ کی علامتین

جسمین سب بلغم کی علامتین ہون اور نازک تاڑ کے پھل کے مانند ہوا اوسکو چربی کی انڈبردہ کہنا چاہیے

پیشاب روکنے کے انڈبردہ کی علامتین

جو شخص پیشاب کے زور کو روکے اور راہ چلے اوسکے مشک کے مانند وہ نازک فوطے بڑہین اور اونمین درد ہو پیشاب مشکل سے اوترے اوسکے پیشاب روکنے کی انڈبردہ جانو +

آنتون کے بڑہنے کی پیدایش علامت اور علاج

جن چیزون سے ہوا مفسد ہو ایسی تو خذا کھاے اور ٹھنڈے پانی سے نہاے پاخانہ اور پیشاب کے زور کو روکے - لڑائی مین رہے بوجھ اوٹھاوے راہ چلے - بدکو توڑے - اور کسی خوفناک کام کو کرے انسے ہوا رک کر بدن کی چھوٹی آنتون کے اجزاون کو اپنی جگہ سے گرا کر پیڑو اور جانگھ کی جڑون مین اچھار کرے جب آدمی فوطون کو ہاتھ سے دباوے تب وہ فوطے بولکر اپنی جگہ بیٹھ جاوین اور پھر کسیطرح اچھار ہو تب باہر نکل آوین اور جس شخص کے ہوا بہت جمع ہوا اوسکی آنتون کا جزو کر انتر بردہ یعنے آنتون کے بڑہنے کو پیدا کرتا ہے - یہ آنتو نکا بڑہنا ہوا سے بڑہنے کے برابر ہے اور لاعلاج ہے +

علاج

دودہ مین انڈکا تیل ڈالکر ایک مہینے تک پیے تو بادی فوطون کا بڑہنا دور ہو - یا گوگل انڈکا تیل گاے کے پیشاب مین ملاکر پیے تو صفرا کی انڈبردہ دور ہو - یا صندل سرخ - مہوا - کہنول گٹہ - جس مین کنول کے برابر لے اور دودہ مین باریک پیس فوطون پر لیپ کرے تو صفرا کی انڈبردہ - جلن - درد کو یہ لیپ دور کرتا ہے - یا زنجبیل - ملٹھی - بیل - ترپھلا -

انکا کاڑہا کر اور اوسمین جاکھار۔ سیندہا نمک ڈالکر پیے تو بلغم سے فوطون کے بڑہنے کا عارضہ دور ہو۔ یا روکھی کڑوی توبی کا گرم گرم لیپ کرے اور ارنڈ کے پانی کا تریڑا دے تو سب طرحکا یہ مرض دور ہو۔ یا برابر جونک لگا کر اوس جگہہ کا خون نکلوایا کرے تو خون کے فساد کی انڈبردہ جاوے۔ یا جلاب سے خون کی انڈبردہ جاوے۔ یا مصری اور شہد پانی مین ملا کر پیے تو خون کے فساد کا یہ عارضہ دور ہو یا ٹھنڈی چیزون کے علاج سے خون اور صفرا کی یہہ بیماری جاوے یا تلسی کے پتون کو جہاکر اوسکا گرم گرم لیپ کرے تو میدا انڈبردہ جاوے ✣

گوسا اوتر گیا ہوا اوسکا علاج

بھیڑ کا گھی کانسے کی تھالی مین مسلکر اوسمین رال ملاوے پھر اور ملے پھر تھوڑا سنگی مہرا ملاوے پھر اوسکو گوسے پر ضماد کرے تو اچھا ہوجاوے ✣

انڈبردہ کا علاج

مغز کمیرہ ۱۵ درم۔ بیج ۱۰ درم۔ زنجبیل ۱۵ درم گائے کا دودہ ۸ تولہ بھر اسمین ثعلب مصری ۸ تولہ ملا کر تین درم ہر روز اکیس دن تک ہر روز فوطون پر لگاوے تو یہ عارضہ دور ہو یا فوطون کی سیون پسلیون کے نیچے باریک ہتیار سے چھیدی تو پیشاب کی انڈبردہ جاوے۔ یہ سب علاج بھاو پرکاش مین ہین۔ یا راسنا۔ گلو۔ ملٹھی۔ بیخ ارنڈ۔ مغز املتاس۔ گوکھرو۔ پٹول اڑوسہ۔ انکا کاڑہا کر ارنڈ کا تیل ڈالکر پیے تو آنتون کا بڑہنا دور ہو۔ یا پوست ہلیلہ چرایتہ کشنیز۔ یہ سب ایک تولہ۔ لونگ نو تولہ۔ سونا مکھی ایک درم ان سب کی برابر مصری لے اور مصری کی برابر شہد ملا کر ہر روز ۲۰ درم کھاوے تو فوطون کا بڑہنا ضرور دور ہو۔ یہ بیدرہس مین لکھا ہے ✣

بردہم جسکو عام مین بد کہتے ہین اوسکی پیدایش اور علاج

بہت بھاری اور بلغم کرنے والی چیز کھاوے یا بھاری یا صفرا کرنے والا گوشت کھاوے آرام و آسایش کے تفرقہ اور عورت سے مباشرت کرنے وغیرہ سے صفرا باد سمیت منصد ہو کر

باد کے پٹرو اور جانگھون کی جڑون مین سوجن کو لیے گانٹھ پیدا کرے اور وہ گانٹھ سنجار اور درد کو پیدا کرے اور بدن کے اعضا مین درد کرتی ہے اوسکو بید بد بولتے ہین +

بد کا علاج

پوست ہلیلہ - پیپل - سیند ہانمک برابر لے باریک پیس ارنڈ کے تیل مین بھونے پھر ۲ ۰ درم اس مین سے کھاوے تو یہ عارضہ دور ہو - یہ بھاو پرکاش مین لکھا ہے - یا اوسیوقت کانجی کے پانی مین باریک پیس بدپر لیپ کرے تو یہ عارضہ دور ہو - یہ بھاو پکاش مین لکھا ہے یا اوسیوقت کا مارا ہوا کا گلا اوسکے اندر کا میل لے اوسکو کچھ گرم کر بد مین باندھے یا لیپ کرے تو اوسیوقت بد اچھی ہو یہ بید رہس مین ہے یا کندرو کو بھیڑ کے دودھ مین پیس کر لیپ کرے تو بد اچھی ہو +

گل گنڈ - گنڈ مالا - اپچی - گرنتھ - اربد وغیرہ عارضونکی پیدایش علامت اور علاج

جس شخص کے گلے مین انڈے کے مانند سخت سوجن ہو لٹکی اور بڑی ہو یا چھوٹی اوسکو بید گل گنڈ کہتے ہین +

اسکی عموماً علامتین

باد اور بلغم یہ دونون گلے مین مفسد ہون اور گلے کے بیچ چربی کو پکڑ کر رفتہ رفتہ انڈے کی مانند اپنے نشان کو لیے لچ پچا دیتے ہین اوسکو گل گند کہتے ہین وہ گل گنڈ تین قسم کا ہے باد کا - بلغم کا - میدہ کا +

بلغم کے گل گنڈ کی علامتین

جسمین بہت درد ہو اور گلے کی نسین سیاہ ہون یا سرخ ہون اوسمین سختی ہو اور دیر مین بڑھے اور نہ پکے اور منہ کی لذت جاتی رہے اور تالو اور گلا سوکھے تو یہ علامتین باد کے گل گنڈ کی جانو +

بلغم کے گل گنڈ کی علامتین

گلے مین غوطون کی مانند لٹکتی ہوئی سوجن ہو اور بھاری ہو اوسمین کھجلی بہت ہو اور وہ ٹھنڈی ہو

دیر مین بڑھے اور دیر مین پکے اوسمین درد کم ہو اور اوسکا منہ میٹھا ہو اور تالو اور گلا بلغم سے لپا رہے اوسکو بلغم کا گل گنڈ کہنا چاہیے +

چربی کے گل گنڈ کی علامتین

جو گل گنڈ چکنا نازک اور زرد ہو اور اوسمین کھجلی اور درد ہو گلے مین کدو کی مانند لٹکے اوسکی جڑ تھوڑی ہو اور مریض کے بدن کے موافق گھٹے اور بڑھے اور اوسکا منہ چکنا ہو وہ گلے مین ہی بولے یہ علامتین ہون تو اوسکو چربی کا گل گند کہنا چاہیے +

گل گنڈ کی لاعلاج علامتین

جسکو مشکل سے دم آوے اور کل بدن نازک ہو جاوے دم اچھے نہ نکلین اور اس بیماریکو ہوے ایک برس گذر گیا ہو غذا کی رغبت جاتی رہے اور بدن کمزور ہو جاوے تو وہ بیمار مر جاوے +

کنٹھ مالا کی علامتین

جسکے گلے اور بغل یا کندھون مین یا پیڑو اور جانگھون کی جڑون مین بیر یا آملے کے برابر بلغم کی بہت سی گانٹھین پڑ جاوین اوسکو بید گنڈ مالا کہتے ہین +

اپچی بیماریکی علامتین

جو وہی بیماری بہت دنونکی ہو جاوے اور اوسمین یہ علامتین ہون کہ گانٹھین پک کر بہنے لگین اوسکو اپچی جانو

اپچی کی لاعلاج علامتین

پسلی مین درد ہو اور کھانسی بخار اور قے ہو یہ علامتین ہون تو لاعلاج ہے +

گرنتھ جسکو گانٹھ کہتے ہین اوسکی علامتین

باد صفرا بلغم خون گوشت چربی اور نسونکو خراب کرین اور مدورا و پنچی سوجن لیے گانٹھ کو پیدا کرتی ہین اوسکو بید گرنتھ روگ کہتے ہین وہ گانٹھ پانچ قسم کی ہے باد کی ۔ صفرا کی ۔ بلغم کی ۔ چربی کی ۔ نسون کی +

باد کی گانٹھ کی علامتین

پہلے وہ گانٹھ جلد کو کھینچکر بڑی ہو پھر اوسمین چبھن چلین درد زیادہ ہو اور جب پھوٹے تو صاف خون نکلے

صفرا کی گانٹھ کی علامتین

جسمین آگ سی جلے اور کھجلی اور سوزش زیادہ ہو اور اوسکا سرخ اور زرد رنگ ہو اور جو پھوٹے تو اوسمین سے بہت بُرا خون نکلے اوسکو صفرا کی گانٹھ کہنا چاہیے +

بلغم کی گانٹھ کی علامتین

وہ گانٹھ ٹھنڈی ہو اور اوسکا رنگ اور کاآور ہو درد کم اور کھجلی بہت ہو تپھر کے مانند گانٹھ ہو دیر مین بڑھے اور پھٹے اور بدرنگ ہو پیپ اور خون نکلے یہ علامتین ہون تو بلغم کی گانٹھ جانو +

چربی کی گانٹھ کی علامتین

بدن کے موافق وہ گانٹھ بڑھے اور گھٹے اور چکنی اور بڑی ہو اور اوسمین کھجلی چلے درد بہت ہو اور جب وہ پھوٹے تب بُرا معلوم ہو اور گھی کے مانند میل نکلے اوسکو چربی کی گانٹھ کہنا چاہیے +

نسون کی گانٹھ کی علامتین

وہ گانٹھ تندرست آدمی کے محنت سے پیدا ہو اور نسون کو سکوڑ دے باد کی گانٹھ کو پیدا کرے اونچی اور گول ہو اور اوسمین درد ہو اور نازک ہو اور درد بھی نہو اور گانٹھ مرم جگہ پر ہو تو ضرور لاعلاج ہے - یا مشکل سے اچھی ہو +

مرم جگہ کا بیان

زخسارہ - گلا - کندھا اور بدن کی جڑین - چھاتی - مقعد کے قریب کی جگہ - پیٹھ یہ مرم جگہ کہلاتی ہین

ارُبد یعنے بدکی پیدائش

جو شخص گوشت بہت کھاوے اور اناج کم - اوسکے باد - صفرا - بلغم - مفسد ہون - اور خون اور گوشت کو بگاڑ کر اوسکے بدن مین یا بدن کے ایک حصہ مین بڑی گول قائم ہو اور جسمین تھوڑا درد ہو اور جسکی جڑ تھوڑی دیر مین بڑھے اور نہ پکے ایسی گوشت کی گانٹھ کو کہین اوسکو بید ارُبد لوگ کہتے ہین وہ دو قسم کا ہے - ایک تو رکتارُبد یعنے خون سے پیدا ہو دوسرا - مانسارُبد یعنے گوشت سے +

رکتاربد یعنے خون سے پیدا ہوئی بد کی علامتین

اپنے آپ ہی خون مفسد ہوکر نسون کو سکوڑ اوسمین ورد پیدا کرے اور اونکے گوشت کا پنڈا پیدا کرکے گوشت کے دانون سے دھکے اور بڑھاوے پھر اوسکو کچہ پکا کر خون سمیت ہمیشہ بہت بہاوے یہ لاعلاج ہے خون کے زائل ہونے سے یہ بدن مین اور فساد پانڈروگ وغیرہ کو کرتا ہے اسکو رکتاربد کہتے ہین +

گوشت سے پیدا ہوئی بد کی علامتین

جسکو گھونسے وغیرہ کی ضرب سے کسیطرحکی بدن مین چوٹ لگے اوس جگہ کا گوشت بگڑکر سوجن پیدا کرے اور اوس سوجن مین ورد نہو اور اوس سوجن کا بدن کی رنگ کے مانند رنگ ہو چکنی ہو پکے نہین پتھر کے مانند سخت اور قائم ہو اوسکو ماسار بد کہتے ہین یہ بھی لاعلاج ہے

اوہ اربد کی علامتین

جو بدمرم جگہ پر پیدا ہو یا نسون مین ہو - اوسکو اوہ اربد بولتے ہین +

جو بد نہ پکے اوسکا سبب

یہ بلغم اور چربی کی زیادتی سے نہ پکے اور یہ لاعلاج ہے +

ان سبکا علاج

سرسون - تخم سہنجنہ - تخم سن - السی - جو - تخم ترب انکو برابر لے کھٹے مٹھے مین باریک پیسکر لیپ کرے تو گنڈمالا گل گنڈ - گانٹھ ان سب عارضون کو جلد دور کرے - یا سرسون جل کھمبی کی راکھ - ان دونون کو تیل مین پیسکر لیپ کرے تو گنڈمالا جاوے یا سنکھاہولی کو پانی سے پیس چھانکر صبح کے وقت پندرہ دن تک پیے اور اوپر سے گاے کا بہت سا گھی کھاوے تو یہ مرض دفع ہو - یا کٹکی کو باریک پیس اوسکو بیجنہ کدو کے پانی مین بھگو رکھے پھر اوسی پانی مین اوسکو باریک پیس چھان کر سات دن پیے تو گل گند جاوے - یا گلو - پوست نیم - چھڑ - پوست تن - چبلچ دونون کھرنٹی - دیودار - یہ سب برابر لے

انکے کاڑھے کے رس مین تیل پکاوے پھر اس تیل کو ۵ درم ہر روز پندرہ تک پیے تو گل گنڈ جاوے - اسکا نام امرتا دتیل ہے - اور جو - مونگ - مٹھل - تلخ چیزین - روکھا اناج کا کھانا اور خون کا نکلوانا یہ گل گنڈ کے بیمار کو مفید ہین - یا جل کھمبی - سیندہا نمک - پیپل انکو باریک پیس صبح کے وقت زنجبیل ڈالکر پیے تو گنڈ مالا جاوے - یا نیم پرنا کے کاڑھے مین شہد ڈالکر پیے تو گنڈ مالا جاوے - یا پوست کچنار ۱۰ تولہ - زنجبیل ۲ تولہ - پیپل ۲ تولہ - مرچ ۲ تولہ - پوست ہلیلہ ۱۰ تولہ - پوست بہیڑہ ۱۰ تولہ - آملہ ۱۰ تولہ - پوست بنا ۱۰ درم - تیج ۱ درم تیرج ۱ درم - الایچی ۱ درم - انکو باریک پیس انکی برابر صاف کیا ہوا گوگل ملا کر ۴ ماشہ صبح ہی پانی سے ہمیشہ کھاوے تو گل گنڈ بگا نٹھ - گولہ - جذام - بھگندر - جلندھر کے بدرقون سے دور کرتا ہے - اسکا نام کچنار گوگل ہے - یا نیم بای ٹنگ کا کاڑھا کراوس مین جل بھانگرے کا رس ڈالکر اندازہ کے موافق تیل ڈالے اور نرم آنچ سے پکاوے جب رس جل جاوے اور تیل رہجاوے تب اوسمین سیندہ ڈال کر اسکا لیپ کرے تو کنٹھ مالا جاوے اسکا نام چکرمرد تیل ہے - یا چرمٹی کا پنچانگ لے پانی سے باریک پیس اندازہ سے اوسمین تیل ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے جب رس جل جاوے اور تیل رہجاوے تب اسکی مالش کرے تو کنٹھ مالا جاوے +

اپچی کا علاج

سرسون - برگ نیم اور بھلاوے کو سیاہ بکری کے پیشاب مین باریک پیسکر لیپ کرے تو اپچی جاوے - یا صندل سرخ - پوست ہلیلہ - لاکھ - بچ - کنکی کو پانی مین پیسکر اس پانی مین تیل پکاوے پھر اسکی مالش کرے تو یہ عارضہ دور ہو - اسکا نام چندنادی تیل ہے - یا زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - بای ٹرنگ - ہوا - سیندہا نمک - دیودار - انکو پانی سے باریک پیس اسمین تیل ڈال نرم آنچ سے پکاوے - جب پانی سوکھ جاوے اور تیل رہجاوے تب اس تیل کی مالش کرے تو اپچی جاوے +

گانٹھ کا علاج

ترب کے کھار اور سنکھ کے چورن کو پانی مین باریک پیس لیپ کرے تو گانٹھ اور بد کو دور کرتا ہے اور جاتیا دگھرت آگے برن کے عارضے مین کہا ہے اوس سے گانٹھ وغیرہ سب برن جاوین +

ارد کا علاج

زرد چوب - لودہ - تنگ - دھاسہ - مینسل - انکو شہد مین باریک پیس لیپ کرے تو چربی کی دور ہو - یا ترب کا کھار - زرد چوب - اور سنکھ کے چورن کو پانی مین باریک پیس کر لیپ کرے تو یہ عارضہ جاوے یا کوٹ - کھاری نمک - برگد کے ڈودہ کو باریک پیس لیپ کرے اور اوپر برگد کے پتے سات دن باندہے تو ارد جاوے یا تخم سہنجنہ - بیج سہنجنہ - سرسون - برگ تلسی - جو - پوست کنیر - اندرجو - برابر لے اور مٹھے سے باریک پیس لیپ کرے تو یہ عارضہ جاوے - یہ سب بھاو پرکاش مین لکھے ہین یا بیج سرخ ارنڈ - اور بیج چمیلہ کو بیج کے پانی مین پیسکر لیپ کرے تو کنٹھ مالا جاوے یا بیج سمہالو کو پانی سے پیس لیپ کرے تو کنٹھ مالا جاوے - یا سرسون - ستور کا خلیظ انکو برابر لے باریک پیس روغن تلخ ملاکر صاف برتن مین رکھے پھر لیپ کرے تو کنٹھ مالا جاوے یہ سب بید رہس مین لکھے ہین +

شلیپد روگ یعنی پیل پاؤن کی پیدایش علامت اور علاج

جسکے پیڑو اور جانگھون کی جڑون مین بہت سوجن ہو اور بیٹھنے مین درد بہت کرے اور وہ درد تپ کو پیدا کرے پھر وہ سوجن اوسجگہ سے بڑہکر ترتیب سے پاؤن تک آوے اوسکو بید شلیپد کہتے ہین اور کئی لائق طبیب اگر ہاتھ کان - آلت - آنکھین لب اور ناک مین سوجن ہو اوسے بھی شلیپد کہتے ہین یہ عارضہ چار قسم کا ہے - باد کا - صفرا کا - بلغم کا - سنپات یعنے تینون خلطون کا +

باد کے شلیپد کی علامتین

سیاہ اور رکھا ہوکر پھٹ جاوے اور اوس مین بہت درد اور بخار ہو +

صفرے کے شلیپد کی علامتین

جسکا زرد رنگ ہوا ور سوزش اور بخار کو لیے ہوا ور چھونے مین ملائم معلوم ہوا وسکو صفرا شلیپد جانو +

بلغم کے شلیپد کی علامتین

چکنا زرد ہوا ور ایک ہی جگہ رہے اور سفیدی لیے ہو تو بلغم کا جانو - یہ تینون شلیپد بلغم کی زیادتی سے پیدا ہوتے ہین کیونکہ بغیر بلغم کے ذرن اور برابن نہین ہوتا +

سنپات یعنی تینون خلطونکی شلیپد کی علامتین

جس شلیپد مین بہت سے چھید ہون اور پکنے لگے اور پانی کیطرح ہو وہ شلیپد سنپات کا جانو +

علاج

اس بیمار کو فاقہ کراوے یا لیپ کراوے یا پسینا لاوے اور جلاب دے یا خون نکلواوے اور گرم چیزین کھانے کو دے یہ سب مفید ہین - یا سرسون - بیخ سہنجنہ - دیودار - زنجبیل کو گائے کے پیشاب مین باریک پیسکر لیپ کرے تو یہ عارضہ دور ہو - یا بیخ سانٹی - زنجبیل سرسون انکو کانجی مین پیسکر لیپ کرے تو یہ عارضہ دفع ہو - یا بیخ دیودرہ - بیخ ارنڈ - بیخ سہالو بیخ سانٹی - بیخ سہنجنہ اور سرسون کو پانی مین پیسکر لیپ کرے تو شلیپد جاوے - یا سہدی کو تال پھل کے رس مین پیسکر لیپ کرے تو یہ عارضہ دفع ہو - یا ساکھو ٹک درخت کے پوست کے کاڑھے مین گائے کا پیشاب ڈالکر پیے تو شلیپد جاوے - یا زرد چوب اور قند سیاہ دونونکو برابر لے باریک پیس گائے کے پیشاب سے پیے تو یہ بیماری جاوے اور جذام - سوزش غیرہ کو بھی دور کرتا ہے - یا بیخ سانٹی - ترپھلا اور پیپل کو برابر لے باریک پیس ۲ ۰ ورم شہد سے کھاوے تو بہت دنون کا بھی شلیپد جاوے - یا ہلیلہ کلان کے چورن مین ارنڈکا روغن ملاکر اور سیمین گائے کا پیشاب ڈال پندرہ دن پیے تو یہ عارضہ دفع ہو - یہ سب علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین - یا بھدایرہ - پیپل - زنجبیل - کالی مرچ اور بائی ڈنگ کو پانی مین پیس اندازسے تیل ملاکر نرم آنچ سے پکاوے جب پانی جل جاوے اور تیل رہجاوے تب اوتارلے پھر اسکی

مالش کرے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا دستور سے کے بیجون کو ایک سے بیس تک پیس کر کھاوے اوسکے اوپر ٹھنڈا پانی پیے تو یہ عارضہ دفع ہو۔ یہ سب بچاؤ پرکاش مین لکھے ہین۔ یا بھیٹ مہوا۔ راسنا۔ جال۔ بیخ سانٹی۔ انکو کانجی مین باریک پیسکر لیپ کرے تو صفرا کا عارضہ دفع ہو یا انگوٹھے کے اوپر کی نسو کا خون نکلواوے تو صفرا کی یہ بیماری دور ہو۔ یا نیم کسونڈی دم گاے کے گھی کے ساتھ پیے تو شلیپد جاوے۔ یا پیپل۔ ترپھلا۔ دیودار کو باریک پیس دو دم ہر روز کانجی کے پانی سے کھاوے تو یہ بیماری۔ بدہضمی۔ باد کی بیماریان۔ بھیا۔ وغیرہ عارضونکو دور کرکے اشتہا بہت بڑہاتا ہے۔ اسکا نام پلاد چورن ہے۔ یہ برندمین لکھا ہے +

بدردہ کی پیدایش علامت اور علاج

جو بدیون مین باد صفرا اور بلغم رہتے ہین وہ بدن کی جلد خون گوشت اور چربی کو بگاڑ کر رفتہ رفتہ سوجن کے خوفناک سوجن پیدا کرتے ہین وہ سوجن گول ہو اور درد کو لیے ہو اور بہت گہری اور بہت بڑی ہو۔ یہ جسمین علامتین ہون اوسکو بید بدردہ کہتے ہین وہ عارضہ چھ قسم کا ہے باد کا۔ صفرا کا۔ بلغم کا۔ سنپات کا۔ ضرب لگنے کا۔ خون کا +

باد کی بدردہ کی علامتین

وہ سوجن کالی یا سرخ ہو ایک لحظہ مین تو تھوڑی ہو اور اوٹھتے ہی پکنے لگے یہ علامتین ہون تو باد کی بدردہ کہنا چاہیے +

صفرا کی بدردہ کی علامتین

وہ سوجن پکنے پر گولر کے پھل کے مانند ہو اور سیاہ ہو اور سوزش اور بخار لیے ہو اور جلد ہی پک جاوے یہ علامتین ہون تو صفرا کی بدردہ کہنا چاہیے +

بلغم کی بدردہ کی علامتین

زرد رنگ اور ٹھنڈی اور چکنی ہو اور اوسمین درد کم ہو بہت دنون مین پکے اوسکو بلغم کی بدردہ جانو +

سنیپات کی بدردہ کی علامتین

جس سوجن مین طرح طرح کے رنگ ہون اور وہ گلے کے نزدیک اور ناہموار ہو کبھی تو گھٹے اور کبھی بڑہی ہو اور کبھی تو جلدی اور کبھی دیر سے پکے تو سنیپات کی بدردہ جانو ٭

ضرب لگنے کی بدردہ کی علامتین

جس جگہ ضرب لگے وہان کی ہوا صفرا سے ملکر خون کو بگاڑے پھر اوسجگہ سوجن کو پیدا کرے اور بخار۔ پیاس۔ جلن ہو اور اوس بدردہ مین صفرا کی بھی علامتین ملی ہون اوسکو چوٹ لگنے کی بدردہ جانو ٭

خون کی بدردہ کی علامتین

سوجن سیاہ ہو اور اوسمین بہت سے پھوڑے ہون اور درد جلن اور بخار بھی ہو اور صفرا کی بدردہ کی علامتین ملی ہون اوسکو خون کی بدردہ کہنا چاہیے ٭

باعلاج اور لاعلاج بدردہ کی علامتین

علیحدہ علیحدہ یا ملے ہوے باد صفرا بلغم یہ بدپرہیزی سے بگڑکر بدن مین ایک گانٹھ گوسے کے مانند یا بانبی کے مانند اونچی کرتے ہین اوسکو بید انتر بدردہ کہتے ہین وہ بدردہ دس قسم کی ہے۔ مقعد مین۔ پیڑو کے منہ مین۔ ناف مین۔ کوکھ مین۔ پیڑو اور جانگھ کے جوڑ مین اور چھاتی مین اور پیاس کی۔ پھیپھڑا مین۔ سینہ مین۔ لاف کی دہنی طرف۔ پیاس کی جگہ مین

مقعد کی بدردہ کی علامتین

مقعد مین بدردہ ہو تو ریاح بخوبی تمام صادر نہو یا پیخ رک جاوے اور پیڑو کے منہ مین بدردہ ہو تو اوسکے موتر کرچھر کا عارضہ ہو۔ ناف مین بدردہ ہو تو اوسکو ہچکی بہت آوین اور پیٹ مین ابھار بہت رہے۔ کوکھ مین بدردہ ہو تو اوسجگہ باد بگڑی ہو پیڑو اور جانگھ کے جوڑ مین بدردہ ہو تو کمر مین درد بہت ہو سینہ اور پیاس کی جگہ مین بدردہ ہو تو پسلیان سکڑ جاوین اور اوسجگہ درد زیادہ ہو۔ پھیپھڑا مین بدردہ ہو تو دم نہ آوے سینے مین بدردہ ہو تو سب اعضا مین درد ہو

اعضا رک جاوین اور کھانسی ہو اور ناف مین دہنی طرف بدردہ ہو تو دے کا عارضہ ہو اور پیاس کی جگہ بدردہ ہو تو پانی بہت پیے +

بدردہ کی با علاج علامتین

ناف کے اوپر جو بدردہ پک کر پھوٹے اوسکا پیپ نیچے کو جاتا ہے جو بدردہ کا پیپ نیچے کو جاوے تو وہ بیمار زندہ رہے اور جس بیمار کا پیپ پھوٹ کر اوپر کو جاوے وہ مریض مرجاوے یا ناف سے پیڑو مین بدردہ ہو وہ اچھی نہین اور جگہ مین ہو تو وہ اچھی ہو اور اگر بدردہ کچی یا پکی یا جل گئی ہو اوسکو سوجن کیطرح دیکھ لینا +

اندر کی بدردہ کی لا علاج علامتین

ابھار۔ قے۔ ہچکی اور پیاس بہت ہو اور درد زیادہ پیدا کرے یہ علامتین ہون تو وہ مریض مرجاوے

وہ بدردہ جو مشکل سے اچھی ہو اوسکی علامتین

بدردہ کچی ہو اور باد کی ہو اور بڑی ہو یا چھوٹی ہو یا مرم جگہون مین ہو تو مشکل سے اچھی ہو اور جو بدردہ سنپات کی ہو اور چھاتی ناف اور پیڑو مین ہو اور وہ مٹھی کے برابر ہو تو لا علاج ہے اور مٹھی کے برابر گوشت اور خون کا گولا بھی ہو تو وہ بدردہ پک جاتی ہے گولا نہ پکے یہی اسمین نیمی ہے +

بدردہ کا علاج

سب بدردہ مین جونک لگاوے اوسکا خون نکلواوے تو اچھی ہو یا جلاب سے صفرا کی بدردہ جاوے یا بدردہ کچی نہو تو اوسکا سوجن کا سا علاج کرے یا ارنڈ کی جڑ کا کاڑھا کرا دسمین تیل یا گھی پکا کرا اوسکا نیم گرم سینک کرے تو بادی بدردہ جاوے یا جو گیہون اور مونگ کا چورن گھی سے پکا کر لیپ کرے تو بادی بدردہ بغیر پکی بھی اچھی ہو۔ یا اسگندہ خس مہوا سرخ صندل کو دودھ سے باریک پیس کر اسمین گھی ملا کر گرم گرم لیپ کرے تو صفرا کی بدردہ دور ہو۔ یا امنیٹ کی ریت لوہے کا میل اور گوبر انکو باریک پیس گائے کے پیشاب مین بجھا کر اسکا گرم گرم سینک کرے یا لیپ کرے تو بلغم کی بدردہ دور ہو۔ یا دھمول کے کاڑھے مین تیل یا گھی ڈالکر اوسکا تریڑا دے

تو بدردہ گھاو کی سوجن جاوے اور اوسکا درد بھی دفع ہو - یا صندل سرخ مجبیٹھ - زرد چوب میدہ - گیرو کو دودہ مین سمجھا کر لیپ کرے تو خون کی اور ضرب کی بدردہ جاوے - یا زیرہ سیاہ بیخ اندراین - اور تورکا کا ڑہا ڈہائی درم لے تو معدہ کی پیدا ہوئی بدردہ جاوے - یا بیخ سہنجنہ کا رس شہد ملاکر پیئے تو انتر بردہ یعنے انتونکا بڑہنا دور ہو یا سہنجنہ کے کاڑہے مین سنکی ہوئی ہینگ اور سیندہا نمک ڈالکر صبح کے وقت پیئے تو آنتون کا بڑہنا جاوے یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین +

بران شوتھہ روگ یعنی جراحت کی پیدایش علامت اور علاج

یہ عارضہ چھہ قسم کا ہے - بادکا - صفراکا بلغم کا - سنپاتک یعنے تینون خلطون کا خون کے بگڑنیکا اور کسی طرحکی لکڑی وغیرہ کے ضرب لگنے کا - اتنے سببون سے پہلے زخم ہون پھر زخم مین شوتھہ یعنے ورم ہو +

علامتین

بادکا زخم بخوبی تمام نہ پکے صفراکا جلد پک جاوے بلغم کا دیر سے پکے اور خون اور چوٹ لگنے کا بھی بہت جلد پکے +

بران شوتھہ نہ پکا ہوا اوسکی علامتین

اس بران شوتھہ مین گرمی اور سوجن کم ہو اور کردا ہوا اور اوسکے بدنکی جلد کے موافق رنگ ہو اور درد بھی کم ہو یہ علامتین ہون تو بران شوتھہ کی پھنسی کہی جانو +

پکے ہوے بران شوتھہ کی علامتین

سوجن آگ کیطرح جلے اور کہار کیطرح پکے اور چیونٹی کیطرح کاٹے اور ڈنڈے کیطرح مارے اور ہاتھہ کے چھونے سے درد ہو گویا سوئی سے چبھا ہوا ہے اور اوسمین سوزش ہو انگلی کے دبانے سے درد ہو اور کسیوقت آرام مطلق نہو اور اوسمین بچھو کے کاٹنے کا سا درد ہو اور یہ سوجن گاڑہی ہو اور کسی تدبیر سے نہ پھوٹے اور اوس سوجن مین بخار - پیاس نفرت ہو

یہ علامتین ہون تو سوجن پکی ہوئی جانو +

برن شوتھ پک گیا ہوا سکی علامتین

اوس برن شوتھ مین درد نہوا اور سرخی لیے بہت تھوڑی ہو اور اوسکی سوجن مین تہ پڑجاوے اور درد ہو خارش معلوم ہو۔ سب فساد جاتے رہین پھر وہ سوجن سنجاوے جلد پھٹنے لگے اور اوسمین اونگلی لگنے سے درد ہوا اور پیپ نکلے یہ علامتین ہون تو جانو کہ برن شوتھ پک گیا ہے اوسمین بھی ہوا بغیر درد نہین۔ صفرا بغیر پکتا نہین۔ بلغم بغیر پیپ نہین اسلیے پکنے کے وقت یہ تینون ہوتے ہین +

جراحتون کی تپتگی کے لیے اور بھی رای ہے

اوسکے علاج کرنے مین دیر کرے تو صفرا اثر پکر بلغم کو لے خون کو پکاوے وہ پکا ہوا خون پیپ پیدا کرے یا پیپ کو نہ پکاوے اوسکے لیے ایک مثال لکھتے ہین کہ جیسے تنکون کے مجموعہ کو جو ہوا سے متحرک ہون آگ جلا ڈالتی ہے ویسے ہی اوسکی پیپ نہ نکالے تو اوسکے بدن کے گوشت اور نسون کو یہ پیپ کھا جاتا ہے +

کچے پکے کے جاننے کے لیے بید کی ہوشیاری کی صفتین

جو کچے اور پکے ہوے زخم کو جانے وہ تو بید ہے اور جو نہ جانے وہ بید نہین وہ چور کا کام کرنے والا چور ہے اور جو بید پھوڑے کو یا زخم کو کچا پھاڑے اور پکے کو نہ پھاڑے اور جسکو کچے اور پکے کا علم نہوا وسکو چنڈال جانو +

زخم کے روگ کی پیدایش علامت اور علاج

یہ زخم آٹھ قسم کے ہین۔ بادی صفرا اور بلغم کے فسادون کا۔ بہتیارے لگنے کا۔ باد صفرا بلغم کا۔ خون کا۔ باد صفرا کا۔ باد بلغم کا۔ بلغم صفرا کا۔ سنپات یعنی تینون خلطون کا +

بادی زخم کی علامتین

زخم کالا اور سخت ہو کم بہے درد بہت ہو بہت بڑہے کی سیاہ ہو یہ علامتین ہون تو اوسکو بادکا زخم جانو +

صفرا کے زخم کی علامتین

پیاس غفلت اور بخار ہو اور تری - سوزش اور درد ہو - پھٹے تو بدبو لیے پیپ نکلے یہ علامتین ہون تو اوسکو صفرا کا زخم کہنا چاہیے +

بلغم کے زخم کی علامتین

جسمین زیادہ سستی اور بھاری پن اور چکناپن ہو اور جسمین درد ہو - زرد ہو دیر سے پکے ان علامتون سے بلغم کا زخم جانو +

خون کے زخم کی علامتین

زخم سرخ ہو اوسمین خون بہت نکلے جس زخم مین بادی صفرا کی علامتین ہون تو اوسے بادصفرا کا کہنا چاہیے جسمین ہوا بلغم کی علامتین ہون اوسکو بادبلغم صفرا کا کہو جس مین سب علامتین ملی ہون اوسکو سنپات کا جانو +

زخم کے صاف ہونیکی علامتین

زبان کے نیچے کا پنیدے کے مانند رنگ ہو اور نہایت نازک اور صاف اور چکنا ہو درد نہو اور اوسکی اچھی حالت ہو اور اوسمین سے پیپ وغیرہ نہ نکلے تب جانو کہ زخم صاف ہوا +

فساد کرنیوالے زخم کی علامتین

جسمین سے پیپ اور خون بدبو لیے نکا کرے اور سوجن ہو اور قائم رہے اوسکو دشٹ زخم کہنا چاہیے +

انکرت شدہ برن کی علامتین

جو زخم زرد یا بدرنگ ہو اور پیپ وغیرہ اور دانون مین سے نکلنے لگین اوسکو انکرت برن جانو +

اچھی طرح زخم بھرتا ہو اوسکی علامتین

جس زخم مین دانے اچھی طرح نکلین اور گانٹھ نہو اور سوجن ہو اوسکو اچھی طرح بھرا ہوا زخم جانو +

زخم کے باعلاج ہونیکی علامتین

وہ زخم مرم جگہون مین نہو اور جلد اور گوشت مین ہو اور بیماری جان اور ہوشیار ہو اور پرہیزگری اور

مین ہو تو باجلاج ہے بادی صفرا بلغم کا تو زخم ہوا ور چربی اور ہڈی کی ہنگی اور سر کی مغز کا مانند تو اچھا ہوا اور ہتیار وغیرہ کی ضرب کے زخم مین سے بھی جو ہوا چربی اور سر کے بیل کے مانند نکلے تو اچھا ہو۔ کودھی اور زہر کھانے والے اور مدہوش بیہوش (حیران) والے شخصون کو مشکل سے اچھا ہو ✣

زخم کی لاعلاج علامتین

جس زخم مین بہت جلن ہو اور زخم باہر سے ٹھنڈا ہو اور اوس شخص کا گوشت اور خون سوکھ گیا ہو اور دمہ کھانسی نفرت وغیرہ ہون اور وہ بیمار بوڑھا ہو اور اوس زخم مین سے پیپ نکلا کرے مرم جگہون مین ہو تو ایسا زخم اچھا نہو۔ بید اپنی مشہوری چاہے تو علاج نہ کرے ✣

اگنتک برن یعنی تلوار وغیرہ ہتیار کی ضرب سے جو گھاو ہوا اوسکی پیدائش اور علامتین

تلوار۔ سیل۔ تیز چھری۔ گولی بان کلہاڑہ وغیرہ کسی ہتیار کے کسی عضو مین لگنے سے طرح طرح کے زخم ہوتے ہین وہ چھ قسم کے ہین۔ چھِن۔ بھِن۔ بِدھ۔ چھِت۔ پچھِت۔ کرشٹ ✣

چھِن زخم کی علامتین

جو شخص تلوار وغیرہ ہتیار سے ٹیڑھا کٹا ہو یا سیدھا کٹا ہو اور گھاو بڑا ہو اور آدمی کے بدن کو زمین پر ڈال دے اوسکو بید چھِن زخم کہتے ہین ✣

بھِن زخم کی علامتین

جسکو برچھی سیل چھری اور تلوار وغیرہ کی ضرب لگی ہو اوسکا کوٹھا کسیطرح کٹ جاوے اوس کٹے ہوے کوٹھے سے خون چلے تب خون سے پیٹ بھر جاوے تب بخار اور سوزش کو پیدا کرتا ہے پھر وہ خون آلت۔ مقعد۔ منہ۔ ناک کے ذریعہ سے نکلے اور بیہوشی۔ دمہ پیاس۔ ابھار۔ نفرت کو پیدا کرے اور پاخانہ اور پیشاب رک جاوے پسینا آوے آنکھین سرخ ہوجاوین منہ مین سے خون اور بدن مین سے بدبو آوے سینہ اور پسلی مین درد ہو۔ جسمین یہ علامتین ہون اوسکو بھِن زخم کہنا چاہیے ✣

بدہ زخم کی علامتین

جس شخص کے اندر ہتیار کی نوک لگے اور اوسکا بدن کٹ جاوے اوسکو بدہ زخم کہتے ہین +

جس زخم مین تیر وغیرہ رہگئے ہون اوسکی علامتین

جو گھاو سیاہ ورم سمیت ہو اور اوسمین پھنسیان ہون اور اوسکے گھاو کا گوشت بُدبُدے کے مانند اونچا ہو اور اوسمین درد ہو اوس گھاو مین ہتیار جانو +

معدہ مین تیر رہگیا ہو اوسکی علامتین

بدنکی ساتون جلد اور بدنکی نسون کو طے کرکے اون نسون کو پھاڑ ڈالے اور معدہ مین جو تیر رہا ہے وہ ابھار کو کرے اور زخم کے مُنہ مین غذا اور پاخانہ اور پیشاب کو لے آوے تب جانو کہ اسکے گوشت مین تیر ہے +

لادو اخون کی علامتین

گوشت مین رہنے والا خون زرد ہو کر بدن کو زرد کرے ہاتھ پاؤن مُنہ ٹھنڈے ہون اور اوسکی ناک کا دم ٹھنڈا چلے آنکھین سرخ ہون ان علامتون سے یہ خون لادوا ہے +

چھت برن کی علامتین

جسمین ات چھن ات بھن کی علامتین نہ ملین دونون کی علامتین ملی ہون وہ زخم بکھم ہے

پچّت برن کی علامتین

جو عضو مگدر اور درودرے وغیرہ کسی بھاری چیز سے کچل جاوے اور ہڈیون مین زخم ہو جاوے اوسکو پچت کہنا چاہیے +

گھرشٹ برن کی علامتین

جسکے اینٹ پتھر دیوار وغیرہ کی رگڑ سے بدن کا چمڑا گھس جاوے اور بدن سے دور ہو جاوے اور اوسمین سے چیپ نکلا کرے اور جلن ہو اوسکو گھرشٹ برن کہنا چاہیے +

جسکے گوشت نس اور مرم جگہونمین ضرب لگی ہو اوسکی عموماً علامتین

مدہوشی اور بکواد ہو - گر پڑے غفلت ہو ہوش جاتے رہین نفرت اور سوزش ہو عضو کمزور پڑ جاوین - درد زیادہ ہو اور گوشت کے پانی کے مانند اوسکا خون ہو اور حواس خمسہ کند ہون اور پیچھے جو پانچ مرم جگہ کہی ہین اون مین ضرب لگے +

مرم جگہ عضو ہڈی وغیرہ جو زخم سے چھد گئی ہون اونکی علیحدہ علیحدہ علامتین

اندر کے دھکے اور ساون کی بیر بہوٹی کے مانند جسمین سے خون نکلے اوسکو جیت زخم کہنا چاہیے یہ گھاو باد کے بے تعداد عارضون کو پیدا کرتا ہے اور تیر تلوار وغیرہ ہتیار سے نسین چھد جاوین اوس سے زخم پیدا ہو اوس سے بدن کبڑا ہو جاوے ہر ایک عضو مین درد ہو چلا نجاوے اور عرصہ کے بعد اوسمین انگورا آوین تب جاننا چاہیے کہ نس چھد جانے کا زخم ہے جس زخم مین بہت سوجن ہو طاقت زائل ہو جاوے اور اعضا مین گھاو لگے ہون تو اعضا کی حرکت بند ہو جاوے اور اوسمین درد ہو اور رات دن آرام نہ پاوے اوسکی ہڈی مین ہتیار کی ضرب سے پیدا ہوا زخم جانو - اور مرم جگہون پر چوٹ لگنے سے زخم ہون اوسکے بدن کا رنگ بھی زرد ہو اور زخم چھونے کی برداشت نہو +

زخم کے سولہ فساد

بسرپ[1] روگ - پچھیا گھات[2] - سرنہ[3] گھومے - اپتان[4] - جمریان[5] - خفقان[6] بدنمین درد - بخار[7] پیاس[8] - کندہا پیچھے کو نہ جھکے - کھانسی[9] - قے[10] - اسہال[11] - ہچکی[12] - دمہ[13] - رعشہ وغیرہ سولہ فساد ہون +

اگن دگدہ یعنی آگ سے جلے ہوے کی پیدایش اور علامتین

پہلے اگن دگدہ دو قسم کا ہے ایک تو تیل وغیرہ سے جلا ہوا دوسرا لوہے آگ سے دگدہ پھر اگن دگدہ چار قسم کا ہے - پلشٹ[1] - درد دگدہ[2] - سمیک دگدہ[3] - اتی[4] دگدہ +

پلشت وگدہ کی علامتین

جسکی آگ سے جلکر اور ہی قسم کی رنگت ہوجاوے اوسکو پلشٹ کہنا لازم ہے +

دُرد وگدہ کی علامتین

جسمین سوزش اور درد ہو اور پھوڑے ہوجاوین اور بہت دنون مین مٹے اوسکو دُرد وگدہ کہنا چاہیے

سمیک وگدہ کی علامتین

جسکے بدن کا نسنے کا سا رنگ ہوجاوے اور وہ قدیم ہو اور اوسمین سوزش اور درد ہو اور نہ پھیلے اوسکو سمیک وگدہ کہنا چاہیے +

ات وگدہ کی علامتین

جسکی جلد اور گوشت سب جل جاوین اور انسے بدن علحدہ ہوجاوے اور نسین الگ ہون یہ سب جل جاوین اور اونمین درد ہو اور سوزش بخار پیاس بیہوشی ہو اور جسمین دانے دیر سے آوین سرنگت اور ہوجاوے اوسکو ات وگدہ جانو +

ان فسادون سے جو زخم پیدا ہوا اوسکا علاج

اسکے علاج گیارہ قسم کے ہین وہ ترتیب سے لکھے جاتے ہین - اور شسترت اور چرک مین زخم کے علاج ساٹھ قسم کے ہین - لیپ کرے - دوا یون کے پانی سے گرم گرم تر بتر دے بانس کی لکڑی سے انگوٹھا تک اوسکے پسینا لاوے - کسیطرح خون نکلوا دے - دوا یون سے پٹی باندہ اوسکے پسینا لوا دے - اوسے پکاوے - ہتیار وغیرہ سے چیرے - زخم کو انگوٹھے سے دبا کر اوسکا پیپ نکالنا - زخم کا صاف کرنا جراحت کا صاف کرنا انگورانا جلد کے رنگ کے موافق کر دینا +

ابا دکی سوجن کے دور کرنیکا لیپ

بیخ بجورہ - چھپر - دیودار - زنجبیل - راسنا - ارلو - سب برابر لے انکو پانی سے باریک پیسکر گرم گرم لیپ کرے تو وہ سوجن دور ہو +

صفرا کی سوجن کا لیپ

مہوا - سرخ صندل - دوب - آملہ - بیج کمل - خس - متیر بالا - پدماکھ - یہ سب برابر لے پانی سے باریک پیس ٹھنڈا لیپ کرے تو صفرا کی سوجن دور ہو - یا برگد - گولر - پیپل - پاکر اور بیج بید کا پوست لے پانی سے باریک ان مین دواؤن سے دسوان حصہ گھی ملا کر لیپ کرے تو صفرا کی سوجن دور ہو +

بلغم کی سوجن کا لیپ

اجمود - باوچی - موتھا - مجیٹھ - رال - اسگندہ - چھتاور کو پانی مین پیس گرم گرم لیپ کرے تو بلغم کی سوجن دور ہو - یا پیپل - پورانی خس - پوست سہنجنہ - ریت پوست ہلیلہ انکو گائے کے پیشاب مین باریک پیس گرم گرم لیپ کرے تو بلغم کی سوجن دور ہو - اور رات کو لیپ کرنا چاہیے + نیچے لکھی ہوئی دواؤن سے گرم گرم تریڑا دے اوسی ترتیب سے لکھتے ہین - ہلیلہ کے پوست کو اوٹا کر اسکا گرم گرم اوس سوجن کی سوزش پہ تریڑا دے تو جلن جلد دفع ہو یا باد کو دور کرنے والی دوا کے کاڑھے سے پانیکا اوپر تریڑا دے یا تیل کا تریڑا دے یا گوشت کے پانی کا تریڑا دے یا گرم گرم گھی کا یا گرم گرم کانجی کا تریڑا دے تو باد کی سوجن دور ہو +

صفرا کی سوجن کے دور کرنیکا تریڑا

ٹھنڈی دواؤن کے کاڑھے کا تریڑا دے اور دودھ گھی شکر سانٹھ کے رس کے تریڑون سے صفرا کی سوجن جاوے +

بلغم کی سوجن کا تریڑا

بلغم کو دفع کرنے والی دواؤن کا گرم گرم تریڑا دے تو بلغم کی سوجن دور ہو خون صفرا اور سوجن کا علاج ایک ہی ہے اور زخم کی سوجن کو انگوٹھے وغیرہ سے مسلکر نہ نیا لاوے جو زخم سخت ہو اوسے انگوٹھے یا بانس کی صاف لکڑی سے آہستہ آہستہ مسلاوے تو وہ ڈھیلا پڑکر اچھا ہو جاوے اور اوسکی رنگت اور رسی اور ہو جاوے سیاہ ہو وہ بہت ہو ایسے زخم کی سوجن کے

یا کسی زہریلے جانور کے کاٹنے کی سوجن کے جونک لگا کر اوسکا خون نکلوالے یا پچھنا دلوا کر خون نکلوالے یہ ایک ہی علاج سب کے برابر ہے +

کچے زخم کے پکانے کی دوا

دھمول - کھرہٹی - راسنا - اسگندہ - کمیپ - بیج ارنڈ یا اسکا پھل نرگنڈی - سانٹھ - سہنجنہ - پیپل - سیندھا نمک - زنجبیل - تخم سن - تخم کپاس - السی - کلمٹھ - تل - جو - سرسون تخم ترب - سونف - برگ نیم - برگ تنبول - برگ گلاباس وغیرہ گرم کرکے باندھے یا انکو باریک پیسے یا انکے کاڑھے کا تہڑیا دے تو بادکے زخم کی سوجن جاوے +

زخم کے ورم دور کرنے کا لیپ

بیخ ساہی - دیودار - زرد چوب - پوست سہنجنہ اور سرسون کو کھٹائی سے باریک پیس گرم گرم لیپ کرے تو سب طرح کے برن شوتھ دور ہون +

زخم کے پکانیکی ترکیب

زخم لیپ وغیرہ سے نہ پکے تو بیج سن اور سہنجنہ کا پھل - اور تل اور سرسون - السی - جو - گیہون - برگ نیم کو بھاکر زخم مین باندھے تو زخم پک جاوے +

پکے ہوئے زخم مین چیرا دینے کی ترکیب

جس زخم مین پیپ پڑگئی ہو اوسکو ہوشیار بید ہتیارون سے چیرا دلواکر اوسکا پیپ نکلوا ڈالے پھر مرہم وغیرہ لگاوے تو زخم اچھا ہو - اور اناڑی لوگ چیرا نہ لگاوین - لڑکا - بوڑھا کہ جس کو چیرنے کی برداشت نہو کمزور آدمی کے - خون زدہ کے - عورت کی نرم جگہون مین - انکو کبھی چیرا نہ دے انہین دواسے پھوڑا اوسکی پیپ نکلوا کر اچھا کرنا چاہیے - بیخ کنگھی چرکٹ - بیخ املتاس - بھلاوہ - کنیر - کبوتر کی بیٹ - گیدہ کی بیٹ انہین کسیکا لیپ کرے تو زخم آپ ہی پھوٹے اور پیپ نکلکر اچھا ہو - یا کھاری نمک - جوا کھار - سجی - آندی جوا کھار - انہین کسیکا لیپ کرنے تو زخم کا پیپ نکل جاوے - یا زخم گنا ہو تو ہاتھی دانت کو

پانی مین گھس اوسکا قطرہ زخم پر رکھے تو سوجن دور ہو اوسکا پیپ نکل جاوے +

فائدہ

جس مین پیپ پڑگیا ہو اور مرم جگہون مین ہو ایسے زخم کو چیرا دینا چاہیے اور نیچے لکھی ہوئی دوا لگا کر اوسکا پیپ نکال ڈالے تو وہ زخم اچھا ہو - دوا یہ ہے - جو - گیہون - ماش کو باریک پیس پانی مین گرم کرے اور زخم کے منہ مین سے پیپ نکال ڈالے پھر اوسکے مرہم وغیرہ لگاوے تو زخم اچھا ہو +

جراحتون کے صاف کرنیکا طریقہ

جو زخم کچا ہو تو برگ پھول یا برگ نیم کو سجھا کر انکے پانی سے زخم کو دھووے تو زخم اچھا ہو یا دھمول کے کاڑھے سے زخم کو دھووے تو بادکا زخم اچھا ہو - یا پوست گولر کے کاڑھے سے زخم دھووی تو زخم اچھا ہو یا پوست املتاس کے کاڑھے سے دھووے تو بلغم کا زخم اچھا ہو - اور پیپل گولر برگد کے پوست کے کاڑھے سے زخم کی سوجن اور اوپدنش کو دھووے تو زخم اچھا ہو یا تل - سیندھا نمک - ملہٹی - برگ نیم - اور دونون ہلدی باریک پیس لیپ کرے تو زخم کے کیڑے جاوین یا لہسن کا لیپ کرے تو زخم کے کیڑے جاوین یا ہینگ اور پوست نیم کا لیپ کرے تو زخم کے کیڑے مرین +

زخم مین پیپ اور کھجلی اور درد ہو اور کیڑے ہون اوسکی دوا

برگ نیم - بچ - ہینگ - گھی - نمک - سرسون کو اکھٹا گھی مین باریک پیس انکی دھونی دے تو زخم کا پیپ اور کھجلی اور کیڑے جاوین یہ سب بھاو پرکاش مین لکھے ہین +

زخم کے بھرنے کا مرہم

روغن تلخ ڈھائی تولہ - پانی ڈھائی تولہ - کانسے کی تھالی مین ایک دن تک ہاتھ سے مسل کر اسمین رال پانچ تولہ باریک پیسکر ملاوے - نیلا تھوتھ ڈھائی درم سے اور بھوجپتر سوا درم

مرچ سوا درم پھر انکو خوب ہاتھ سے ملکر زخم مین لگاوے تو زخم اوسیوقت بھر جاوے ۔

اگنتاک یعنی تلوار وغیرہ ہتیار کی ضرب لگنے کے زخم کا علاج

جن لوگون کی تلوار وغیرہ ہتیار کی طرح طرح کی دھار سے جلد پھٹ گئی ہو یا جلد کی طرح طرح کی صورت ہو تو اوسے اچھے ہوشیار جراح سے ایسی جگہہ پر کہ جہان ہوا نہ آتی ہو پاٹ کے سوت سے سلاوے پھر ٹانکون کی جگہہ کو گیہون کے میدہ مین پانی اور گھی ملاکر پکالے جب پانی جل جاوے اور گھی رہجاوے تب اوسکی لوئی بناکر گرم گرم سینک کرے تو زخم بہت جلد اچھا ہو۔ یا کنکی ۔ موم ۔ زرد چوب ۔ اصل السوس ۔ بیج کنگنی ۔ برگ لنگنی ۔ اور پٹول کے چھل برگ نیم انکو گھی مین ڈالکر پکاوے جب پانی جل جاوے اور گھی رہجاوے تب اس گھی کا گرم گرم سینک کرے تو زخم بہت جلد اچھا ہو۔ یہ علاج بیدرمس مین لکھے ہین یا زخمون سے جسکا خون بہت نکل گیا ہو اور اوسکے باد کا درد ہوا سکے دور کرنے کے لیے گھی پلانا چاہیے اور جسکا تلوار وغیرہ سے بدن کٹ جاوے تو بیج کنگنی کا رس اوس مین بھر دے تو وے زخم بہت جلد اچھے ہو جاوین ۔ اس زخم والے کو ٹھنڈے علاج سب اچھے ہین اور ہتیار لگنے سے جسکا خون آون کی جگہہ مین جاوے تو اوس شخص کو قے کراوے کہ اچھا ہو اور پیڑو مین خون جاوے تو وہ جلاب سے اچھا ہو اور پوست بانس ۔ پوست انڈ ۔ گوکھرو پاکھان بھید کا کاڑھا کر اوسمین سنکی ہوئی ہینگ اور سیندہا نمک ڈالکر پیے تو پیٹ کا خون نکلکر اچھا ہو ۔ اور جو کلتھہ ۔ سیندہا نمک ۔ روکھے اناج کا کھانا مفید ہے ۔ یا چمیلی کے پتے برگ نیم ۔ پٹول ۔ کنکی ۔ دارہلدی ۔ سفید سرسون ۔ مجیٹھہ ۔ پوست ہلیلہ ۔ موم ۔ نیلا تھوتھہ شہد تخم کنگنی یہ سب برابر لے انکے برابر گائے کا گھی لے اور اوسے اٹھگنا پانی لے انکو نرم آنچ سے پکاوے جب پانی جل جاوے اور گھی رہجاوے تب اسکی بتی زخم مین رکھے تو گنبھیر وغیرہ سب زخم اچھے ہون اسکا نام جاتیادگھرت ہے ۔ یا چنبیلی ۔ نیم ۔ پٹول برگ املتاس ۔ موم ۔ مہوا ۔ کوٹ ۔ دارہلدی ۔ زرد چوب ۔ کنکی ۔ مجیٹھہ ۔ پدماک ۔

پوست ہلیلہ - لودہ - سچ - کنول گٹہ - سپید سرسوں - نیلا تھوتھہ - مغز املتاس کو برابر لے
کاڑھا کرانکے اس مین نرم آنچ سے تل کا روغن پکاوے جب کاڑھے کا اس مین جل جاوے اور
تیل رہجاوے تب اوس تیل کو اتار اچھے برتن مین رکھے پھر اس تیل کی بتی کر کسیطرح سے
زخم مین رکھے تو زخم جلد بھر آوے اسکا نام جاتیادی تیل ہے - یا چیرک - لہسن - ہینگ
سرنکھا جوگوڑ دیس مین ہوتا ہی کلہاری ٹربیک ٹربیند ورا تیس کوٹ - روغن تل لے اور انمین اندازے
پانی ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے جب پانی جل جاوے اور تیل رہجاوے تب اس تیل کو برتن مین
بھر رکھے پھر اسکو کپڑے کی بتی وغیرہ سے زخم مین کسی طرح پر لگاوے تو سب طرح کا زخم
دشٹ برن - نارڈی برن وغیرہ کو یہ تیل دور کرتا ہے - اسکا نام ببریت مل تیل ہے - یا گلو
بیچ بٹول - ترپھلا - بائی ڈنگ - کو برابر لے باریک پیس انکے برابر گوگل ملا کر ڈھائی درم پانی سے
ہر روز کھاوے تو زخم - بات رکت - گولا - شکم کے عارضے اور ورم کو یہ تیل دور کرتا ہے
اسکا نام امرتادگوگل ہے اور یہ سب علاج بھاوپرکاش مین لکھے ہین +

چھ قسم کے اگن دگدہ کا ترتیب سے علاج

آگ سے کسیطرح پر جل گیا ہو اوسکو آگ سے تپاوے تو وہ شخص جلد شفا پاوے یا اوس شخص کے
اگر وغیرہ گرم دواؤن کا لیپ کرے تو وہ اچھا ہو یہ پلشٹ پتک کا علاج ہے +

دُرد گدہ کا علاج

دواؤن کے گھی کو یا اسی گھی کو گرم کرے پھر ٹھنڈا کر کے لیپ کرے تو زخم ہو +

دگدہ سمیک کا علاج

طباشیر - بیخ برگد - سرخ صندل - رسوت - گیرو - گلو کو باریک پیسکر گرم کرے پھر ٹھنڈا کر کے لیپ کرے

ات دگدہ یعنی بہت جل گیا ہو اوسکا علاج

بھنے گوشت کو دور کر پھر سانٹی کے چاول اور تینددو کو گھی مین باریک پیسکر لیپ کرے اور اوپر
گلو کا پتا باندھے تو ات دگدہ اچھا ہو - یا موم - مہوا - لودہ - رال - مجیٹھ - سرخ صندل -

اور مور با کو برابر لے باریک پیس گاے کے گھی مین پکاوے پھر اس گھی کا لیپ کرے تو ات دگدہ نام نقلہ ۱۲
اچھا ہوا اور سب بدن مین اور گوشت پیدا ہو۔ اسکا نام سکتہا دگھرت ہے۔ یا پٹول کے پنچانگ کا کاڑھا کرا وسمین کڑوا تیل پکاوے جب کاڑھے کا رس جل جاوے اور تیل رہجاوے تب اوتار کر لگاوے تو اگ کے جلے ہوئے کی جلن اور اوسکا بہنا اور پھوڑے سب اچھے ہون یہ سب بھاو پرکاش مین لکھے ہین۔ یا پورانے کھانے کے چونے کو دہی کے پانی مین پیس جلے ہوئے کے لگاوے تو وہ اچھا ہو اگر تیل سے جلا ہو تو اوسکے پھپھولے بھی اچھے ہون۔ یا جو کو جلا کر تلون کے تیل مین پیس جلے ہوے کے اوپر لیپ کرے تو اچھا ہو۔ یا بھنے ہوے زیرے کو باریک پیس اوسکے برابر موم رال اور گھی ملا کر لیپ کرے تو اگ کا جلا ہوا بہت جلد اچھا ہو ✣

تیل سے جلے ہوے کا علاج

تل کا تیل پاو بھر اور کھانے کا چونہ چار تولہ اوسکو ہاتھ سے ایک پہر تک مسلے اور راب کیطرح بنا کر روئی کے پہل سے اوسکے اوپر لگاوے تو جلا ہوا جلد اچھا ہو ✣

برن گرنتھ کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

بغیر کسی محنت کے بدن سے نکلتا ہوا خراب خون جسے ہوا سکھا کر گانٹھ پیدا کرے اوس گانٹھ مین جلن اور کھجلی بہت ہو اوسکو برن گرنتھ کہتے ہین ✣

برن گرنتھ کا علاج

کمیلہ۔ بایڈنگ بیج اور ہلدی کو پانی سے باریک پیس اوسمین تل کا تیل ڈال نرم آگ مین پکاوے جب پانی جل جاے اور تیل رہجاے تب اس تیل کا لیپ کرے تو برن گرنتھ جاوی ✣

بھگن روگ کی پیدایش علامت اور علاج

ہڈیون کے شکست ہونے کو بھگن کہتے ہین وہ دو قسم کا ہے کانڈ کا۔ سندہ کا۔ کانڈ کا تو ٹل کھوپڑی۔ کلائی وغیرہ مین ہوتا ہے اور سندہ کا چھ قسم کا ہے اوتپشٹ۔ بشلشٹ۔ ببرنت۔ ترجگ گت۔ چپیٹ۔ انڈہ ✣

پہلے کہے کے موافق کسی جگہہ مین ہڈی کا جوڑ شکست ہوگیا ہو اوسکی عموماً علامتین

اوٹھتے بیٹھتے اکٹھا کرتے جوڑ مین بہت درد ہو اور اوسجگہ کا چھونا اچھا معلوم نہو تو جاننا کہ جوڑ ٹوٹ گیا ہے +

اتیشٹ سندہ ٹوٹنے کی علامتین

ہڈیون کا جوڑ شکست ہوگیا ہو اوسجگہ چارون طرف بہت ورم ہو اور درد بھی معلوم ہو تو جاننا چاہیے کہ اوتشٹ سندہ ٹوٹی ہوئی ہے +

بشلشٹ سندہ کے ٹوٹنے کی علامتین

اوس جگہہ ورم ہو اور رات کو سوجن اور ورم زیادہ ہو اوسکی بشلشٹ سندہ ٹوٹی ہوئی جانو +

بہرتت سندہ کے ٹوٹنے کی علامتین

پسلیون مین بہت درد ہو اور اوسجگہہ ورم اور درد رہا کرے تو بہرتت سندہ ٹوٹی ہوئی جانو +

ترجک سندہ ٹوٹی ہوئی کی علامتین

اوسجگہہ ورم ہو اور درد بھی زیادہ ہو تو ترجک گت سندہ ٹوٹی جانو +

چھپت سندہ ٹوٹی ہوئی کی علامتین

جانگھون مین کبھی تو کم کبھی بہت درد ہو اوسکی چھپت سندہ ٹوٹی ہوئی جانو +

اَدہ سندہ ٹوٹی ہو اوسکی علامتین

جو نیچے کا جوڑ شکست ہوگیا ہو اوسکے نیچے درد ہو اوسکو ادہ سندہ کہنا چاہیے +

جو جوڑ بغیر نل سر اور کلائی کی ہڈیان شکست ہون اوسکی علامتین

نرکل کے موافق وہ ہڈیان سوراخ لیے ہون سیدھی ہون اوسکو تل جانو +

ہڈیون کا شکست ہونا نیچے لکھے کے موافق بارہ قسم کا ہے

کرکٹ - اشوکرن - پچورنت - بچت - استھی بھنگ - کانڈبھگن - اتپاتت - مجھاگت پرشٹھت - بکر - چھن - وہدا کرنا +

ہڈی ٹوٹی ہو اوسکی علامتین

اعضا کمزور ہوجاوین اور اوسجگہ پر چھونا اچھا نہ معلوم ہو اور دلمین بدن بھڑکے اور بدنمین درد اور سوزش ہو۔ رات دن کبھی بھی چین نہ پڑے +

بھگن جو نہایت مشکل سے دفع ہو اوسکی علامتین

یا خمہ کی آگ سمیت ہوجاوے۔ بدپرہیزی کیا کرے۔ باد کا بدن ہو۔ تپ اور اسہال عارضے بھی ہون ایسا مریض مشکل سے شفا پاوے +

بھگن مہروگ کی لاعلاج علامتین

جسکا سر پھٹ گیا ہو کر شکست ہوگئی ہو۔ اور جوڑ کھل جاوے جانگھ پس جاوے پستان کی جگہہ ٹوٹ جاوے۔ سینہ۔ مقعد کنپٹی۔ پیشانی پھٹ جاوے وہ لاعلاج ہے۔ دوسرا طریقہ۔ ہڈی کو اچھی طرح باندہے پھر کپڑا باندہے اور وہ بری طرح بند ہجاوے اور اوسمین ضرب آجاوے اور جماع وغیرہ کرے تو وہ ہڈی کا شکست ہونا لاعلاج ہوجاوے +

بدنمین جگہہ جگہہ کی ہڈیون مین ضرب لگی ہو اوسکا نشان

گلا۔ تالو۔ کنپٹی۔ کندہے۔ سر پاون۔ کھوپڑی۔ ناک اور آنکھون مین کسیطرح کی ضرب لگے تو اوس جگہہ کی ہڈیان جھک جاوین اور کلائی۔ پٹھہ وغیرہ کی کہ سیدہی ہڈیان ہین اون مین زخم آجاوے اور کھوپڑی وغیرہ کی جو گول ہڈیان ہین وہ پھٹ جاوین اور دانت وغیرہ چھوٹی ہڈیان ٹوٹ جاوین +

علاج

پہلے چوٹ وغیرہ سے اگر کسیطرح ہڈی اور جوڑ شکست ہوجاوے تو اوسیوقت اوس جگہہ ٹھنڈا پانی ڈالے پھر عقلمند آدمی اوسکا دواؤن سے سینک کرے یا پٹی باندہے اور اوسجگہ کا ٹھنڈا علاج کرے اور پٹی ڈھیلی نہ باندہے نہ بہت کڑی اچھی طرح باندہے ڈھیلی باندہنے سے اچھی طرح ہڈی مضبوط نہ ملے اور بہت زور کے باندہنے سے جلد مین ورم اور درد ہو

اور پک جاوے اسلیے پٹی نہ بہت زور سے اور نہ بہت ڈھیلی باندھنی چاہیے - ہڈی کی ٹوٹی جگہہ مین گانٹھہ بخوبی تمام باندھے دونون کو ترکر یا چوٹ کی جگہہ تر پیاز لگاوے تو ہڈی اور جوڑ ٹوٹا ہوا اچھا ہو - یا مہوے اور مجیٹھہ کو ٹھنڈے پانی سے باریک پیس ٹوٹی ہوئی ہڈی پر لیپ کرے تو اچھی ہو یا ستو مرتبہ کے دہوئے ہوے گھی مین سانٹھی کے چاول پیسکر لیپ کرے تو اچھا ہو - یا بیر پوست پیپل - گندم - پوست درخت کاہو کو گھی مین پیس پانچ درم دودہ سے پیے تو جوڑ اور ہڈی ٹوٹی اچھی ہو - یا لاکھہ - پوست درخت کاہو اسگندہ - کھریٹی اور گوگل کو برابر لے اور خوب ملاکر ۲ درم دودہ کے ساتھہ کھاوے تو اچھا ہو یا گیہون کو ٹھیکرے مین رکھکر اوہ جلاکر ے پھر اوسکو باریک پیس پانچ دن شہد کے ساتھہ ہر روز چاٹے تو ٹوٹی ہڈی اچھی ہو - یا میدہ لکڑی آملہ اور تل کو ٹھنڈے پانی مین باریک پیس اوسجگہہ لیپ کرے اور اوسمین گھی بھی ملاوے تو ٹوٹی ہڈی اعد جوڑ اچھا ہو یا موسیائی اندازے سے لیکر شہد کے ساتھہ اوسکو چٹاوے تو ٹوٹی ہڈی اور ٹوٹا جوڑ اچھا ہو اور چوٹ ولیکو گوشت شوربا گھی دودہ وغیرہ قوت پیدا کرنے والی چیزین دے تو یہ سب اچھی ہین اور اتنی چیزین اچھی نہین ہین + نمک تلخ چیز کھار کھٹائی کی مذاولت روکھا اناج - لڑکے اور جوان کی چوٹ بہت جلد اچھی ہو بوڑھے اور بیمار کی چوٹ جلد اچھی نہو - یا لاکھہ ۲ درم دودہ سے پندرہ دن تک پیے تو ٹوٹی ہڈی اچھی ہو - یا زرد کوڑیون کا چورہ دو رتی یا تین رتی اوٹاکر دودہ سے پیے تو ٹوٹی ہڈی جڑجاوے - یہ سب بیدرہس مین لکھے ہین یا بیر کا پوست تر پھلا - زنجبیل مرچ - اور پیپل کے برابر گوگل ڈال سبکو خوب ملاکر ڈہائی درم پندرہ دن دودہ سے کھاوے تو بدن بہت مضبوط پتھر کی مانند ہو جاوے یا بیر کا پوست دو درم باریک پیس شہد سے ایک مہینہ کھاوے تو بدن بہت مضبوط ہو یہ جوگ ترنگنی مین لکھا ہے +

	مگدر وغیرہ سے کسیطرح کی ضرب لگی ہو اوسکی اچھی ہونیکی دوا

میتھی میدہ لکڑی سونٹھہ اور آملہ کو گائے کے پیشاب مین باریک پیس چوٹ پر لیپ کرے تو اچھی ہو

ناڑی برن کی پیدایش اور علامت

جو بیقوف بید یا ستھیار زخم کو کچا جان اوسکا علاج نہ کرے اور اوسکا پیپ نہ نکالے تو وہ پیپ نسون مین گھس جاوے پھر اون جگھون کو بگاڑدے پھر وہ کسیطرح باہر نہ نکلے اور پیپ کی زیادتی سے وہ پیپ نسون مین تل کی مانند بڑھے کہ جیسے تل مین پانی بڑھتا ہے ویسا ہی نسون مین پیپ بڑھے اس عارضے کا نام ناڑی برن ہے یہ بیماری پانچ قسم کی ہے۔ بادی ۲ صفراوی ۳ بلغمی ۴ سنپات کی ۵ ہتیار ۶ ونکے چوٹ لگنے کی +

بادی ناڑی برن کی علامتین

جسکا سخت اور باریک منہ ہو اور سوکل ہو اور منہ مین پیپ رہے اور رات مین بہت رہے تو ان علامتون سے بادی ناڑی برن جانو +

صفراوی ناڑی برن کی علامتین

جسمین پیاس تپ جلن وغیرہ ہون اور گرم اور زرد پیپ نکلے اوسکو صفراوی ناڑی برن جانو

بلغم کے ناڑی برن کی علامتین

جس زخم کے منہ مین خون لیے بہت بدرنگ سپید پیپ نکلے اور اوسمین کھجلی اور درد بھی ہو اور رات کو بہت درد ہو تو ان علامتون سے بلغم کا ناڑی برن سمجھنا چاہیے +

سنپات کے ناڑی برن کی علامتین

جس مین جلن تپ - دمہ بیہوشی ہو منہ سوکھے اور پیپ بہت دور تک ہو اور بدپیپ نکلے وہ ناڑی برن گویا موت کی نشانی ہے مارہی ڈالتا ہے یہ علامتین سنپات کی ناڑی برن کی جانو +

ہتیار ونکی چوٹ سے پیدا ہوے ناڑی برن کی علامتین

جسکے بدن مین تیر گولی وغیرہ لگے ہون اور وہ کسیطرح بدن مین رہجاوین اوسکو بید یا ستھیا نکالے اوس سے اوس جگہ زخم پڑجاوین اور اوس زخم مین سے جھاگ سمیت پیپ نکلا کرے کسیطرح بدن مین ملنے سے درد رہے اوسے ہتیار وغیرہ کی ضرب کا ناڑی برن کہنا چاہیے +

لاعلاج اور مشکل سے اچھی ہونیوالی ناڑی برن کی علامتین

تینون خلطون کا ناڑی برن اچھا نہو اور چارون قسم کا ناڑی برن اچھا ہے اونمین آرام ہوجاتا ہی +

ناڑی برن کا علاج

چھوٹے منہ کے زخم مین جو جیب نکلا کرے تو اوسکو تھوہر کے دودہ یا آک کے دودہ مین دار ہلدی بھگو کر رکھے اور اوسکی بتی بناکر اوس زخم کے منہ مین رکھے تو وہ زخم بھر جاوے یا بیخ املتاس زرد چوب اور مجیٹھ کو شہد مین باریک پیس اوسکی بتی کر زخم مین تدبیر سے رکھے تو اچھا ہو — یا چمیلی کے پتونکا رس - آک کی جڑ - بیخ املتاس - واتیونی - سیندہانمک - جواکھار - ان کو باریک پیس بتی کر زخم کے منہ مین تدبیر سے رکھے تو زخم بھر کر اچھا ہو - اور جانیا دگھرت اور جانیا دتیل سے بھی ناڑی برن اچھا ہوتا ہے - یا ترپھلا - زنجبیل - فلفل - پیپل اور انکی برابر صاف کیا گوگل لے انکو باریک پیس خوب ملاکر ۲ درم ہر روز اونچاس دن تک پانی سے کھاوے اور پرہیز سے رہے تو سب طرحکا ناڑی برن وغیرہ اچھا ہو - یا گوگل اور سیندور کو باریک پیس تدبیر سے ناڑی برن پر لیپ کرے تو بادی ناڑی برن اچھا ہو یہ بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین - یا تخم آندہی جھاڑہ اور تل کو باریک پیس تدبیر سے ناڑی برن پر لیپ کرے تو بادی ناڑی برن اچھا ہو - یا تل ملہٹی - واتیونی - پوست نیم اور اوسی کے پتے — سیندہانمک باریک پیس لیپ کرے تو ناڑی برن اچھا ہو - یا تل شہد اور گھی اکٹھا کرکے لیپ کرے تو ناڑی برن اچھا ہو - یا شہد کی بتی یا نمک کی بتی سے فساد کرنیوالا زخم اچھا ہو یا تجی جواکھار - کملا مہندی - سہاگہ اور سیندکنیر سار کو برابر لے گھی مین باریک پیس کر ایک دن پیچھے زخم مین بھرے تو زخم کے کیڑے مرجاوین اور کھجلی جاتی رہے اور زخم اچھا ہو اسکا نام سورجتا گھرت ہے اور چکرپت مین لکھا ہے - یا سمھالو کے پتون کے رس مین تیل پکاکر اوس تیل کی بتی زخم مین رکھے تو اچھا ہو - اسکا نام مرگنڈی تیل ہے اور برند مین لکھا ہے +

سفید مرہم کے بنانیکی ترکیب

تل ۱ تولہ - سفید موم ۲ تولہ - مروارسنج ۱ تولہ - انکو باریک پیس اوسمین گاے کا گھی ۶ تولہ بھر گرم کرکے اوسمین موم پگھلاکر درست کرے پھر وہ دوا بھی موم کے گھی مین اوسیوقت ڈالے پھر اوسکو کانسے کی تھالی مین پانی ڈال اوس پانی مین موم سمیت سب دوا ڈال ہاتھ سے خوب ایک سو مرتبہ دھووے پھر زخم مین لگاوے تو زخم اچھا ہو یا پارہ مصفا اور آنولا سار گندھک اوران دونون کی برابر مروارسنج لے اوران تینون کی برابر کمیلا لے اوران مین تھوڑا سا نیلا تھوتھہ ڈالے اوران سب سے چوگنا گاے کا گھی ملاوے اور نیم کے پتونکا رس اندازسے ڈالے پھران سبکو گھی مین خوب دودن تک پیسے پھر زخم مین لگاوے تو سب زخم اچھے ہون - یہ بیدرہس مین ہے یا سفید موم مصطگی گوند - میٹرل - نیلا تھوتھہ سُہاگا - ستجی - سندور - کمیلا - مروارسنگ - گوگل - فلفل سیاہ - سون گیرو - الایچی بیر - سپیدا - شنگرف - اور گندھک مصفا - ان سبکو برابر لے موم بغیر سب کو اکٹھا کر علیحدہ علیحدہ باریک پیسے اور موم کو گاے کے گھی مین آگ پر تپاکر درست کرے پھر یہ سب دوائین اس موم مین ملاکر کھرل مین خوب باریک پیسکر لگاوے تو اس سے ہتیار کی ضرب کا زخم اور دوشٹ برن بھی دفع ہون - یہ بیدکتوہل مین لکھے ہین - یا نیلا تھوتھہ - مروارسنج - سپیدہ - کھیرسار - سفیداسندور - شنگرف - موم کیسر گاے کا گھی یہ سب برابر لے اور گاے کے گھی کو گرم کرکے نیچے اوتار پہلے اسمین نیلا تھوتھہ پیسکر ڈالے پھر اوسیوقت اوسمین موم ڈالے اور پگھلائے پھر اسمین یہ دوا باریک پیسکر ڈالے پھر انکو خوب ملاکر کانسے کی تھالی مین بہت سا پانی ڈالے اوسمین موم سمیت یہ سب دوا ڈالے اور ہتیلی سے ایک دن تک اچھی طرح ملے پھر اسکو زخمون مین لگاوے تو زخم اور چاندہ وغیرہ سب اچھے ہون - یہ بھی بیدکتوہل مین لکھا ہے - یا شنگرف تین تولہ - سفید موم تین تولہ ستجی ایک تولہ نیم کے پتون کی ٹکیا کرگاے کے گھی مین پکاوے اور موم گھی مین پگھلاکر

مردار سنگ ایک تولہ لے پھر انکو باریک پیس خوب ملا کر زخم مین لگاوے تو سبطرح کے زخم اچھے ہون

بدنمین ہاتھ پاؤن وغیرہ پھٹین اور اونمین بوائی سی پڑجای اوسکو اچھی موثر کام مرہم

رال ایک تولہ۔ کتھہ ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ گائے کا گھی ۲ تولہ۔ چمبیلی کا تیل ۴ تولہ۔ یہ سب دوائین برابر پیس لوہے کی کرچھلی مین مرہم کرلے پھر اسکو لگاوے تو ہاتھ پاون وغیرہ کا پھٹنا ضرور اچھا ہو۔

نیم کا مرہم

نیم کے تینڈکا رس ایک سیر نکالے پھر گائے کا گھی پاو بھر کر چھلی مین چڑہاوے اور اوسمین گرم کرے جب گرم ہوجاے تب اوسمین چار تولہ ڈالکر اوسکو پگھلاوے جب اون پتون کا رس اون مین سوکھ جاوے اور گاڑہا ہوجاوے تب کتھہ ایک تولہ نیلا تھوتھہ ایک تولہ مردار سنگ ایک تولہ انکو باریک پیس اوسمین ڈال خوب ملا کر اور کپڑے مین لگا کر زخم کے اوپر لگاوے تو زخم بہت جلد اچھا ہو +

زخم کے جگہہ کی جلد کا رنگ اچھا کرنے کی دوا

مین سل مجیٹھہ لاکھہ اور دونون ہلدی برابر لے انکو گھی اور شہد مین باریک پیس جلد پر لیپ کری تو زخم کی جلد اچھی ہو +

باب شانزدہم

در بیان امراض بھگندر وغیرہ

بھگندر کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

مقعد کے آس پاس چارون طرف دو دو انگل کے فاصلے مین پھنسی ہون اور پھوٹین تب دہان درد ہو اور اوس جگہہ پھنسی ہوا کرے اوسکو بھگندر کہتے ہین اور فرج۔ مقعد کے بیچ مین یہ ہوتی ہے فرج کی طرح عارضہ ہوتا ہے اسواسطے اسکو بدبھگندر بولتے ہین یہ پانچ قسم کا ہے۔ بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ سنپاتی۔ اور ہتیارہ وغیرہ کی ضرب کا +

بادی بھگندر شت جونک کی علامتین

جو شخص کسیلی اور روکھی بہت غذا کھاوے اوسکی باد مفسد ہوکر مقعد کے پاس پھنسی پیدا کرے اور جو شخص سستی کرکے اوسکا علاج نہ کرے تب وہ پھنسی پکے اور اوسجگہ درد بہت پیدا کرے اور وہ پھوٹے تب اوسمین سے پیب وغیرہ اور پاخانہ اور پیشاب بھی نکلا کرین اور اوسمین چلنی کے مانند سو سوراخ ہوجاوین اسلیے اوسکو شت جونک بھگندر کہتے ہین +

صفرا کے اوشٹ گریو بھگندر کی علامتین

گرم چیزون کے کھانے سے صفرا مفسد ہوکر مقعد کی چارون طرف دو انگل کے فاصلے مین سرخ پھنسی پیدا ہو اور وہ جلد پک جاوے اور اوسمین سے گرم گرم پیب نکلے اور وہ پھنسی اونٹ کی گردن کے مانند اونچی ہو اوسکو صفرا کا اوشٹ گریو کہنا چاہیے +

بلغم کے پرسراوی بھگندر کی علامتین

اوسمین کھجلی بہت چلے اور گہرا پیب نکلے وہ پھنسی سفید ہوکر بہا کرے اوسکو پرسراوی بلغم کا بھگندر بولنا چاہیے +

سنپات کی شمبو کاورت نامے بھگندر کی علامتین

اوس پھنسی مین بہت طرح کا درد ہو اور بہت قسم کے رنگ ہون اور وہ بہا کرے اور وہ پھنسی منکہ دا کھجور کے مانند ہو اور سنکھ کے اندر کے جوف کے مانند ہو اوسکو شمبو کاورت بھگندر بولنا لازم ہے +

ہتیار کی ضرب لگنے سے پیدا ہوے بھگندر کی علامتین

مقعد کے پاس کانٹے وغیرہ لگے ہون یا وہان کھجلانے سے ناخن وغیرہ لگ جاوین تب وہان پھنسی ہو اور وہ پھنسی پھوٹے تب اوسکے پیب کی چپ سے وہان اور پھنسیان ہوجاوین اور بہا کرین اوسے اونمارگ نام ہتیار کی ضرب کا بھگندر کہنا چاہیے +

لاعلاج بھگندر کی علامتین

بھگندر تو سب ہی مشکل سے اچھے ہوتے ہین مگر سنیات کا اور ضرب کا بھگندر اچھا نہو +

بھگندر کا علاج

مقعد کی جگہ بھگندر پیدا ہوا جانے تب بید جونک لگاکر اوسجگہ کا خون جلد نکلوا ڈالے تو وہ پھنسیان نہ پکین یا اوسجگہ پھنسی پیدا ہوئی جانے تو وہان سانٹی کی جڑ۔ گلو۔ سونٹھ۔ ملہٹی اور برگد کے نازک پتون کو باریک پیس گرم گرم لیپ کرے تو بھگندر کی پھنسی اچھی ہو۔ باتل نیم کا پوست اور مہوے کو باریک پیس ٹھنڈے پانی سے لیپ کرے تو صفراوی بھگندر اچھا ہو یا چمیلی کے پتے برگد کے پتے۔ گلو۔ زنجبیل۔ سیندہا نمک کو باریک پیس بھگندر پر لیپ کرے تو بھگندر اچھا ہو یا ہلدی۔ آک کا دودہ۔ سیندہا نمک۔ گوگل نیم کے پتے انکو اوٹاکر اندار سے تیل نکالے جب پانی خشک ہوا اور تیل رہجاے تب اس تیل کی مالش کرے تو بھگندر جاوے یا گوگل ترپھلا پیپل کو برابر لے باریک پیس سوا درم پانی سے کھاے تو درم۔ گولہ۔ بواسیر اور بھگندر کو یہ دور کرتا ہے۔ اسکا نام نودو کہکا گوکل ہے۔ یا بہت ہوشیار بید اور ستھیے سے چیرا دلاوے اور مرہم وغیرہ لگاکر زخم کا علاج کرے تو بھگندر اچھا ہو۔ اور بھگندر کا مریض اتنی باتین نہ کرے محنت۔ جماع۔ لڑائی۔ گھوڑے کی سواری اور نیا اناج نہ کھاوے اور جو بھگندر اچھا ہوگیا ہو تو بھی ایک برس تک اتنی باتین نہ کرے۔ یہ بھاوپرکاش مین لکھا ہے۔ بارسوت دونون ہلدی۔ مجیٹھ۔ نیم کے پتے نسوت۔ تیج بل اور داتیونی کو باریک پیس بھگندر مین لیپ کرے اور انھین سے اوسکو دہووے تو بھگندر اچھا ہو یا کتے کی ہڈی اور کیچوے کو گدہے کے خون سے باریک پیسکر لگاوے تو بھگندر اچھا ہو۔ یا بلی اور کتے کی راکھ کو لوہے کے برتن مین گاے کے گھی سے گھس لیپ کرے تو بھگندر جاوے یا بلی کی ہڈی کو ترپھلے کے رس سے باریک پیس بھگندر مین لیپ کرے تو بھگندر جاوے +

روپ راج رس کے بنانیکا طریقہ

پارہ ایک حصہ تانبے کا میل چار حصہ ان دونون کو اکھٹا کرکاگ لہری کے رس مین پانچ دن کھرل کرے پھر انکو تانبے کی سمپٹ مین رکھے اوسکے چارونطرف اور اوپر ریت سے منڈیا بھرے پھر اوسکے نیچے لکڑیون کی آنچ دے جب ٹھنڈا ہوجاوے تو اوسمین سے نکال لے پھر اونکو نکالکر گھی مین ڈبودے تو بھگندر ضرور اچھا ہو اوپر سے تر پھلے کا کاڑھا پیے اور پرہیز سے رہے

رب سندر رس

پارہ ایک حصہ - آملہ سارگندھک دو حصہ لیکر کھرل مین مل کرے پھر گوار کے ٹھیے کے رس مین کھرل کرے پھر اسکا گولا بناکر تانبے کے سمپٹ مین رکھے اور اوس سمپٹ کو منڈیا کے چارون طرف اوپر نیچے راکھ بھرکر بیچمین رکھے پھر اوسکے نیچے ایک دن تک آگ جلاوے جب درست ہوکر ٹھنڈا ہوجاوے تب اوسکو نکالے پھر اسمین جمیری لیمو کے رس کی سات پٹ دے پھر اسکو ایک رتی شہد اور گھی سے چاٹے تو بھگندر جاوے اسکے اوپر موسلی پیے اور جب یہ دوا کھاوے تو شیرین غذا نہ کھاوے اور دھن نہ سووے اور جماع نہ کرے اور ٹھنڈی غذا بھی نہ کھاوے +

اوپدنش کے عارضی کی پیدائش علامت اور علاج

جلق لگانے سے اور آلت مین کسیطرح ناخن اور دانت کے لگنے سے یا عورتون کے مقام مخصوص کے اوپر سخت بالون کے ہونے سے یا فرج کے سوراخ باریک ہونے سے یا فرج خراب ہونے سے یا آلت کو نہ دھونے سے یا عورت مرد سے جماع بہت کرے تو مرد کے آلت مین پانچ قسم کا اوپدنش ہوتا ہے - بادی - پتّی - صفراوی - سنپاتی - اور آلت مین کسیطرح ناخن اور دانت وغیرہ کی ضرب کا +

بادی اوپدنش کی علامتین

آلت مین گرمی کے سبب درد ہو اور بوائی کے مانند پھٹ جاوے اور وہ پھڑکے اور

اور اوسجگہ سیاہ دھبیان ہوجاوین تو جانو کہ بادی اپدنش ہے +

صفراوی اوپدنش کی علامتین

اوسجگہ زرد دھبیان ہوجاوین اور اونمین بہت چیپ لگے اور گلے مین جلن بہت ہو یا دھبیان سرخ ہون تو صفراوی اوپدنش جانو +

بلغم کے اوپدنش کی علامتین

جسمین بہت کھجلی ہو اور سفید دھبیان ہون اور گاڑھی سیب ہے اوسکو بلغم کا اوپدنش کہنا چاہیے اور جسمین یہ سب علامتین ملی ہون اوسکو سنپات کا اپدنش جانو +

لاعلاج اوپدنش کی علامتین

جو آلت کا گوشت بکھر جاوے اور اوسمین کیڑے پڑجاوین آلت گل جاوے نو طے باقی رہجاوین وہ اوپدنش لاعلاج ہے + یا ایسا مریض علاج نہ کرے اور جماع کرتا رہے اوسکے وقت پاکر آلت مین سوجن ہوآوے اور آلت پک جاوے اور اوسمین کیڑے پڑین اور آلت گل جاوے وہ شخص مرجاوے +

لنگارش کی علامتین

جس شخص کے آلت مین دھان کے انکھوے کے مانند اوپر ہوجاوے یا کتے کے سر کے بال کے مانند ہوجاوے اور آلت مین اور اوسکے جوڑ کی نسون مین درد بہت ہو اور اوسکا جوڑ اور آلت ٹیکنے لگے اوسکو لنگارش کہنا چاہیے +

اوپدنش کا علاج

جونکین لگاکر اوس جگہ کا خون نکلوا دے اور اوسکو پکنے نہ دے تو اپدنش جاوے - پانچ سانی گلو - زنجبیل - اجمل السوس - برگد کے پتے جو بہت نرم ہون اونکو اوٹاکر اون کے پانی سے آلت دہووے تو اپدنش جاوے یا آلت کی فصد کھلوا دے تو اپدنش جاوے یا برگد کے نرم پتے پوست ہوا - پوست جامن - ودہ - پوست ہلیلہ - زرد چوب - یہ سب

برابر لے انکو پانی مین باریک پیس آلت کے اوپر لیپ کرے تو سب تکلیفین دور ہون - اگر آلت پک جاوے تو انھین دواؤن سے دھووے تو اوپدنش جاوے یا ترپھلے کے کاڑھے سے دھووے یا لیپ کرے تو اوپدنش جاوے یا سہنجنے کے درخت کی پوست کا چورن یا ماتیونی کے پوست کے چورن کو باریک پیس آلت پر لیپ کرے تو اپدنش جاوے یا سپاری کو پانی مین گھس کر لگاوے تو اوپدنش جاوے یا کرٹائی مین ترپھلے کو جلا کر اوسکی راکھ کو شہد سے اوپدنش پر لیپ کرے تو یہ عارضہ دور ہو - پاٹول - پوست نیم - ترپھلا چرائتہ - کھیرسار - بیجے سار اور گوکل کو اوٹا کر پیے تو اوپدنش جاوے یا چرائتہ پوست نیم ترپھلا - پٹول - بیج کنگج - آملہ - کھیرسار - بیجے سار - انکی کاڑھی کو پانی مین گھی پکاوی جب پانی جل جاوے اور گھی رہجاوی تب اس گھی کا لیپ کرے یا غذا کے ساتھ کھاوی تو اپدنش جاوی - یا جو گھرت عارضہ جذام اور بدن کی صلاح مین لکھا ہی وہ لگاوی یا غذا مین کھاوی تو اپدنش جاوی - یا جلاب لینے سے اوپدنش جاوی - یا ہلیلہ زنگی آٹھ تولہ - کتھہ سفید ایک تولہ - نیلا تھوتھہ ایک تولا انکو باریک پیس تھوہر کی ہوی لیموکی رس مین کھرل کر یہ رس سکھاوی پھر اسکی ایک ماشہ بھر کی گولی بناوی ایک گولی ہر روز پندرہ دن تک دہی کے ساتھ کھاوے اور پرہیز سے رہے تو اوپدنش ضرور دفع ہو یا نیلا تھوتھہ ایک حصہ - کتھا دو حصہ - مردار سنگ دو حصہ - سوپاری کی راکھ دو حصہ انکو باریک پیس اوپدنش پر اوسکو چھڑکے تو اپدنش کا عارضہ دور ہو - یا پارہ گندھک ہرتال سندور اور مین سل کو تانبے کے برتن مین تانبے کے گھوٹنی سے گھونٹ تین دن بعد اوسکو لگاوے تو اوپدنش جاوے اور مسے کے دور ہونیکا معالجہ جو پیچھے لکھا ہے اوس سے لنگارش کا علاج بید کرے - یہ سب بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین ✣

شوک روگ کی پیدائش علامت اور علاج

جو بیوقوف آدمی بغیر سوچے سمجھے کسی بیوقوف آدمی کے کہنے سے آلت مین پٹی باندھے یا لیپ وغیرہ کرکے بڑہانا چاہے - اوسکی اٹھارہ قسم کے آلت مین شوک کے عارضے پیدا ہوتے ہین وہ یہ ہین - سرکھپکا - اشٹیلکا - گرتھت - کمبھکا - انجی - مروت -

سمورٹیپر کا - اونتھہ - پشکرکا - اسپرشن ہان - اوتما - شت جونک - توک پاک - شون ناریدہ مانسا ریدہ - ماش پاک - بدبدہ - تل کالک +

سرکھپکا کی علامتین

کسیطرح آلت مین بلغم اور خون سے سرسون کی مانند پھنسی ہوجاوے اوسکو سرکھپکا نامے شوک روگ کہنا چاہیے +

اشٹیلکا کی علامتین

کسیطرح آدمی کے آلت مین سخت اور بیحد درد لیے بادی سے پھنسیان پیدا ہون اوس کو اشٹیلا شوک روگ کہتے ہین +

گرتہت کی علامتین

کسیطرح آلت مین بلغم سے پھنسی ہوجاوے اوسکو گرتہت نام شوک روگ کہنا چاہیے +

کمبھیک شوک روگ کی علامتین

کسی سبب خون صفرا سے جسکی آلت مین جامن کی گٹھلی کے مانند پھنسی ہوجاوے اوسکو کمبھکا شوک روگ کہنا چاہیے +

الجی شوک روگ کی علامتین

جسکی آلت مین پرمیہہ کی پھنسی ہوجاوے اوسکو الجی کہنا چاہیے +

مروت شوک روگ کی علامتین

جسکی آلت کسیطرح مسل گئی ہو اور اوسکے بادسے درد ہو اوسکو مروت کہنا چاہیے +

سمورٹیپر کا شوک روگ کی علامتین

جسکے دونون ہاتھون سے آلت مسل گئی ہو اوس سے پھنسی ہوآوے اوسکو سمورٹیپر کا کہنا چاہیے

اوشٹھہ شوک روگ کی علامتین

جسکے کسی سبب سے آلت مین بلغم خون کے بگڑنے سے بڑی اور بہت پھنسیان ہون اور اونٹ

درد ہو بال کھڑے ہوآوین اوسکو اودمنتہ شوک روگ کہنا چاہیے +

پیشکر کا شوک روگ کی علامتین

جسکے سپاری کے اوپر صفرا خون کے فساد سے پھنسیان بہت ہون اوسکو پیشکر شوک روگ کہنا چاہیے

اسپرش ہان شوک روگ کی علامتین

جسکی آلت کسی سبب سے ہاتھہ وغیرہ کا چھونا برداشت نہ کرسے اوسکو اسپرش ہان شوک روگ کہنا چاہیے

اوتما شوک روگ کی علامتین

جس شخص کے بدپرہیزی سے مونگ یا ماش کے مانند خون صفرا کے فساد سے آلت مین سرخ پھنسی ہوجاے اوسکو اوتما شوک روگ جاننا چاہیے +

شت جونک روگ کی علامتین

جسکے آلت مین کسی سبب سے باد اور خون کے فساد سے زیادہ سوراخ ہوجاوین اوسکو شت جونک کہتے ہین +

تمک پاک شوک روگ کی علامتین

جسکی آلت باد صفرا اور بلغم کے پیدا کرنے والی پک جاوے اور اوس مین جلن ہو اور درد سے بدن مین بخار ہو اوسکو تمک پاک شوک روگ کہنا چاہیے +

شونتا ربد شوک روگ کی علامتین

جسکی آلت مین سیاہ سرخ پھنسی ہوآوے اور وہان درد ہو اوسکو شونتا ربد بولنا چاہیے

مانسا ربد کی علامتین

جسکی آلت کا گوشت بگھر جاوے اور وہان زیادہ درد ہو اوسکو سب کے فساد کا مانسا ربد کہنا چاہیے

بدردہ شوک روگ کی علامتین

جسکی آلت مین تینون خلطون کے فساد سے پھنسیان اوٹھین اوسکو بدردہ شوک روگ کہنا چاہیے +

تل کالک شوک روگ کی علامتین

جسکے آلت مین سیاہ اور طرح طرح کے رنگون کوا ور زہر کولیے پھنسی ہوا ور پکنے لگے اور اوسمین پیب پڑے آلت گل جاوے یہ سنپات یعنے تینون خلطون کے فساد سے پیدا ہوتی ہے اسکو تل کالک جانو +

شوک روگ کی لاعلاج علامتین

مانسارُبد - مانس پاک - بدبودہ - تل کالک - یہ اچھے نہین ہوتے +

علاج

اٹھارہون طرح کے شوک روگون کے دفع کرنے لیے زہر کے ہٹانے والے علاج کرنا چاہیے یا آلت مین جونکین لگاکر غلیظ یا خراب خون نکلواڈالنا چاہیے تو یہ عارضہ دور ہو یا آلت کو عمدہ جلاب دے تو شوک روگ جاوے - یا کم غذا کھانے سے شوک روگ جاوے یا ترپھلے کے کاڑھے سے گوگل کھاوے یا اچھی دواؤن سے لیپ کرے یا سینک کرے یا ٹھنڈی دوائین استعمال کرے تو یہ عارضہ دفع ہو - یا دارہلدی - تلسی - اصل السوس اور دھاسہ کو روغن تلخ مین پکاوے جب یہ دوا پک جاوین تب اس روغن کی مالش کرے تو یہ عارضہ دفع ہو یا کھرہٹی کے تیل کی مالش کرے تو شوک روگ جاوے یہ علاج سرب سنگرہ مین لکھے ہین +

کشٹ روگ یعنی جذام کی پیدائش علامت اور علاج

خلاف غذا یا پینے کی چیز یا کوئی رقیق اور بھاری چیز کے کھانے سے اور دھوپ مین رہنے اور ریاض کرنے اور قے سے اور پاخانہ اور پیشاب کے زور روکنے اور بہت آگ تاپنے اور بہت خوراک کھانے سے اور سردی گرمی کے شمار نہ کرنے سے اور دھوپ اور خوف اور ریاض سے آزردہ ہوکر جلد اسکے اوپر ٹھنڈا پانی پینے اور اجیرن یعنے بدہضمی مین غذا کھانے اور قے اور جلاب وغیرہ مین بدپرہیزی کرنے سے پانی کے پینے اور دہی اور مچھلی اور بہت نمک کھٹائی باش ترب اور پیسا ہوا غلہ زردچوب اور قند سیاہ وغیرہ کے زیادہ

کھانے اور دنکے سونے اور کسی برہمن کی بددعا سے اور طرح طرح کے زیادہ کھانے سے عورت سے زیادہ مباشرت سے اور طرح طرح کے گناہون کے کرنے سے آدمی کے بادصفرا بلغم اور ساتون دھاتین مفسد ہون اوسکے بدنکا خون گوشت کے خون کو خراب کردے اور اٹھارہ طرح کے کوڑہ کو ظاہر کرتا ہے +

اٹھارہ طرحکی کوڑہونکا نام

کپال ۱ - اودمبر ۲ - منڈل ۳ - رچہ ۴ جہو ۵ - ہبدریک ۶ - سدم ۷ یعنے بہوت ۸ - کاکن ۹ - ایک کشٹ ۱۰ - گجرم ۱۱ - چرم دل ۱۲ - ببرچکا ۱۳ - پاپا ۱۴ - داد ۱۵ - بسپھوٹک ۱۶ - بیپاوک ۱۷ - کلبھ ۱۸ - آلس ۱۹ - شتار ۲۰ +

اس عارضے کی پہلی شکل

پہلے زخم ہون اور وہ زخم نرم ہون یا بہت کھردرے ہون یا روکھے ہون یا اون زخمون مین سوزش ہو کھجلی چلے یا بدن کی جلد سوکھ جاوے زخمون مین بہت درد ہو زخم اونچا ہو درد بہت ہو - بہت جلد پیدا ہو اور بہت دن تک رہے اور تھوڑی بدپرہیزی کرنیسے بھی بہت زور ہو اور باد کے ہونے سے بال کھڑے ہوا وین اور اسمین سے خون سیاہ نکلے جسمین یہ علامتین ہون تو جاننا چاہیے کہ اسکو جذام کا عارضہ ہوگا +

کوڑہ کی عام علامتین

پہلے جنم کے گناہ سے یا لوگون کے کہنے سننے سے بدپرہیزی کرے اون بدپرہیزیون سے باد صفرا اور بلغم مفسد ہوکر بدن کی نسون مین پہونچکر جلد خون اور گوشت کو خراب کرے اور بدن کی جلد کا رنگ اور کا اور کردے اوسکو بید کوڑہ کہتے ہین اور باد بدنمین بہت مفسد ہوکر کپال کشٹ کو پیدا کرے - بدنمین بلغم مفسد ہو تو منڈل کوڑہ کو پیدا کرے - جو صفرا مفسد ہو تو ببرچی اور رچہ جہونا سے جذامون کو پیدا کرے اور باد بلغم بدنمین مفسد ہوکر گجرم کٹھہ سدہم - الس - بادکا - کوڑہون کو ظاہر کرین - صفرا بلغم بدنمین مفسد ہوکر - داد ستارکھی ہبدریک بسپھوٹک - پاون - چرم - دل - کوڑہون کو ظاہر کرتے ہین - اور باد صفرا بلغم

بدن مین مفسد ہوکر کرن کوڑہ کو پیدا کرتے ہین +

ساتون کوڑہون کے بیچمین یا لک کوڑہ کی علامتین

جسکے بدن کی جلد سیاہ سرخ پھٹی روکھی سخت اور سوکھی ہو اور اوسمین زیادہ درد ہو اوسکو پیدکپال نامے کوڑہ کہتے ہین +

اودمبر کوڑہ کی علامتین

جسکے بدن کی جلد مین سوزش اور سرخی بہت ہو اور کھجلی چلے روئین روئین مین زیادہ درد ہو اور بدنکی جلد گوگل کے پھل کے مانند ہوجاوے اوسکو اودمبر کوڑہ کہنا چاہیے +

منڈل کوڑہ کی علامتین

جسکے جلد سفید اور سرخ ہو اور وہ ہمیشہ رہے اور چکنی اور اونچی ہو تر رہا کرے اوسکو منڈل نام کوڑہ کہنا چاہیے +

سدہم یعنی مہوت کوڑہ کی علامتین

جسکے بدنکی جلد سپید توے کے مانند ہو اور جلد کم ہو اوسمین کھجلی اوٹھے اور باریک باریک جلد اوتر جاوے اور زیادہ کرکے سینے سے بہت ہو اور کدو کے پھول کے مانند ہو اوسکو سدہم بولتے ہین +

کاکن نامے کوڑہ کی علامتین

جسکی جلد ریشم کے مانند ہو اور درمیان مین سیاہ آخر مین سرخ ہو اور وہ نہ پکے اور اوسمین بہت درد ہو اوسکو کاکن کوڑہ کہتے ہین وہ سنپات یعنے تینون خلطون سے پیدا ہوتا ہے یہ کوڑہ اچھا نہو +

پنڈریک نامی کوڑہ کی علامتین

جسکی جلد سفید سرخی لیے کنول کے پھول کی پنکھڑی کے مانند ہو اوسکا نام پنڈریک کوڑہ ہے یہ بلغم کے فساد سے عیان ہوتا ہے +

رکش جھوکوڑہ کی علامتین

جسکی جلد خون تک سپید اور سیاہ بھی ہو اوسکو رکش جھوکوڑہ کہتے ہین +

گیارہ چھدہر کوڑہ ہین اونمین ایک کشٹ نام کوڑہ کی علامتین

جسکی جلد مین پسینا نہ آوے اور اوسکی بڑی جگہہ ہو اور مچھلی کے ٹکڑے کے مانند ہو اوسکو کشٹ کوڑہ کہتے ہین +

گج چرم کی علامتین

ہاتھی کے چمڑے کے مانند جسکی جلد بدرنگ ہو اوسکو گجچرم کوڑہ کہتے ہین +

چرم دل کوڑہ کی علامتین

جسکے بدن کی جلد درد لیے سرخ ہو اور کھجلی ہو اور اوسمین پھٹے ہوے پھوڑے ہون اور ہاتھہ کے چھونے کی برداشت نہو اوسکو چرم دل کوڑہ کہتے ہین +

بجرچکا کوڑہ کی علامتین

جسکی جلد مین پھنسیان کھجلی لیے ہون اور سیاہ ہون اور اونمین سے پیب نکلے اور ہاتھہ پاؤن مین ہون اوسکو بجرچکا کوڑہ کہتے ہین +

پاما کوڑہ کی علامتین

جسکے بدن مین چھوٹی چھوٹی بہت پھنسیان ہون اور پیب نکلے اور کھجلی ہو اور وہ پھنسیان ہون اور جلن ہو اوسکو پامایعنے پانون کا کوڑہ کہتے ہین +

داد نامے کوڑہ کی علامتین

جسمین کھجلی ہو اور پھنسیان سرخ ہون اور جلد سے اونچی ہو تو داد کوڑہ کہنا چاہیے +

داد کا ایک قسم کچھہ داد ہی اوسکی علامتین

جسکے ہاتھہ پاؤن اور کمر مین پھنسیان ہون اور اونمین سوزش ہو اوسکو کچھہ داد کوڑہ کہنا چاہیے +

بسپھوٹک نامے کوڑہ کی علامتین

جسکے بدنکی جلد مین پھوڑے سیاہ سرخ اور چھوٹے چھوٹے ہون اوسکو بسپھوٹک کوڑہ کہتے ہین +

کبٹھہ کوڑہ کی علامتین

جسکے بدنکی جلد سوکھے زخم کے موافق کھردری ہو۔ اوسکو کبٹھہ کوڑہ کہتے ہین +

بیپادک کوڑہ کی علامتین

جسمین کھجلی اوٹھے اور درد لیے پاون مین بھی ہو اوسکو بیپادک کہتے ہین +

الساک کوڑہ کی علامتین

جسکی جلد مین سرخ کھجلی لیے پھنسیان ہون اوسکو الساک کوڑہ جانو +

شتارنام کوڑہ کی علامتین

جسکے بدن کی جلد مین پھنسیان سرخ اور سیاہ جلن کو لیے ہون اوسکو شتار کہنا چاہیے +

ساتون دہاتون مین گھسی ہوئی کوڑہ کی علامتین

جسکے بدن کی جلد مین کوڑہ ہو اوسکی جلد کا رنگ اور کا اور ہو اور جلد روکھی ہوجاے اور سوکھ جاے روئین کھڑے ہوجائین پسینا بہت آوے یہ علامتین ہون تو جلد مین پہونچا ہوا کوڑہ جانو +

خون مین پہونچی ہوئی کوڑہ کی علامتین

جسمین کھجلی ہو اور پیپ نکلے تو جانو کہ خون مین کوڑہ ہے +

گوشت مین پہونچی ہوئی کوڑہ کی علامتین

جو کوڑہ بہت موٹا ہو اور منہ بہت سوکھے اور پھنسیان بہت سخت ہون اور اونمین بہت درد ہو تو گوشت مین پہونچا کوڑہ جانو +

چربی مین پہونچی ہوئی کوڑہ کی علامتین

ہاتھ زائل ہوجائین کنپٹی آرہے اور چلا نہ جاے سب اعضا ٹوٹتے لگین تھوڑی ضرب سب جگہ پھیل جاوے منہ سوکھے اور پھنسیان سخت ہون اور اونمین درد ہو تو چربی مین پہونچی کوڑہ جاننا چاہیے +

شحم مین پہونچی ہوئی کوڑہ کی علامتین

ناک گل جاوے آنکھین سرخ ہوجاوین اور اوس زخم مین کیڑے پڑجاوین اور گلا گھون گھون بولے اور زخم مین درد ہو تب جاننا چاہیے کہ شحم مین کوڑہ پہونچا ہے +

منی مین پہونچی ہوئی کوڑہ کی علامتین

جسکے والدین کے نطفے مین کوڑہ کے فساد بہت ہون اوس سے پیدا ہوئی اولاد بھی کوڑہی ہو +

کوڑہ کی باعلاج اور لاعلاج ہونیکی علامتین

جو کوڑہ باد بلغم کا ہو اور جلد خون اور گوشت مین رہتا ہو وہ تو باعلاج ہے اور جو کوڑہ چربی مین پہونچ جاوے اور کیڑے پڑجاوین اور سنوزش ہوآوے اور معدہ ضعیف ہوجاوے اور تردوکھہ یعنے تینون خلطون کا ہو وہ لاعلاج ہے اور جو منی مین کوڑہ پہونچا ہو تو وہ بھی لاعلاج ہے دوسرا طریقہ کوڑہ بکھر جاوے اور بہنے لگے اور آواز گھون گھون بولے اور تے اور جلاب نہ کرنے دے +

کشٹ کی ایک قسم شوتر بھی ہے اوسکی پیدائش علامت اور علاج

جو کوڑہ کی پیدایش ہے وہی اس عارضے کی بھی پیدایش ہے یہ بھی سرخ ہوا اور نہ ہے کوڑہ ہے اسمین بھی فرق ہے اور شوتر کی قسم کلاس ہے یہ سرخ ہوتا ہے پھر شوتر دو قسم کا ہے ایک تو باد صفرا بلغم کا۔ دوسرا زخم کا +

شوتر کوڑہ کے باعلاج اور لاعلاج ہونیکی علامتین

باریک ہوا اور سیاہ بال مین ہوا اور ایک ہی خلط کا ہوا اور نیا پیدا ہوا آگ سے پیدا ہو تو باعلاج ہے جو اسمین اور علامتین ملی ہون تو لاعلاج ہے یا کوڑہ کے ملنے سے جیسے کوڑہ اور شخصون کو جالگتا ہے ویسے ہی اور بھی یہ عارضے جالگتے ہین۔ ایسے مریضون کا بیان کرے یا کھٹا کھانا کھاوے یا سووے یا آپس مین کپڑے پہنے یا باہم کسی چیز کا لیپ کرے تو اسنے عارضون مین مبتلا ہو۔ دمہ۔ کوڑہ۔ بخار۔ راج روگ۔ آنکھون کے عارضے سیتلا چیچک وغیرہ

اور یہ اوڑ کے لگتے ہین - دوسرا طریقہ مقعد منہ اور ہاتھون مین ہو تو بچاوے +

علاج

پوست ہلیلہ - بیج کنگج - سرسون - ہلدی - چب - باوچی - سیندہا نمک - بای بڑنگ - برابر لیکر گاے کے پیشاب مین باریک پیسکر لیپ کرے تو کوڑہ دور ہو - اسکا نام نہیا لیپ ہے یا باوچی کو باریک پیس اوک کے رس کی اومین پٹ دے پھر اس کا کوڑہ کے اوپر اوبٹن کرے تو کوڑہ جاوے - یا برہا جی نے مارکنڈے کو جو علاج تبایا ہے وہ کوڑہ وغیرہ اور عارضون کو بھی دفع کرتا ہے - نیم کے پھولنے کیوقت تو نیم کے پھول لے اور اوسکا پھل اور پوست اور بیج اور برگ یہ پانچون چیزین لے اور دونون قسم کی زرد چوب - ترپھلا - زنجبیل کالی مرچ - پیپل - براہمی - گوکھرو - صاف کیا ہوا بھلانوہ - چترک - بای بڑنگ - سار باراہی قند - گلو - باوچی - املتاس - مصری - کوٹ - اندرجو - پارہ - کھیر سار - برابر بباریک پیس ناگر موتھے کے رس کی پٹ دے پھر نیم کی پانچون چیزون کی رس کی سات پٹ دے پھر بھانگرے کے رس کی سات پٹ دے پھر اسکو سائے مین سکھا کر باریک پیس چورن کرلے پھر اچھا دن دیکھکر کوڑہ والے کو شہد کے ساتھ یا کھیر سار کے کاڑھے کے ساتھ صبح کے وقت گرم پانی سے بقدر چھ ماشہ کا جلاب دے پھر تھوڑا تھوڑا چار تولہ تک بڑہاتا جاوے اور گھی سمیت اوسکے اوپر ہلکی غذا کھاوے تو اتنے عارضونکو یہ دور کرے بیوچی کوڑہ - اودمبر - پنڈریک - کپال - داد - کبیٹھہ - الرک - شتار - بسپھوٹک - یہ سب طرحکے کوڑہ اور بسرپ یعنے جسمین بدن پھیل جاوے بھگند - پیل پاون - بات رکت - اور سب طرحکے زخم - جریان - بزدر اور سب طرحکے زہر اور شکم کے عارضونکو یہ سب بنچادچورن دور کرتا ہے - یا باوچی دس تولہ - گوگل مصفا دس تولہ - صاف کی ہوئی سونا مکھی چھ تولہ - سار پانچ تولہ - گورکھ منڈی چھ تولہ - ترپھلا چھ تولہ - کنگج دو تولہ - کھیر سار دس تولہ - گلو چار تولہ - نسوت چار تولہ - ناگر موتھا چار تولہ - بای بڑنگ دو تولہ

زرد چوب دو تولہ - تج دو تولہ - نیم کی پانچوں چیزیں دس تولہ - چترک چار تولہ - ان سبکو باریک پیس بقدر ڈھائی درم گھی کے ساتھ گولی بناوے اور صبح کیوقت ایک گولی گائے کے پیشاب سے کھاوے تو سب قسم کے کوڑہ اور بات رکت - پانڈو روگ شکم کے عارضے جریان - عارضوں کو دور کرتا ہے اور بوڑھاپے کو دفع کر جوان کر دیتا ہے اسکا نام سوایمبھو گگل ہے یا چترک - تر پھلا - زنجبیل - مرچ - پیپل - زیرہ - کلونجی - تج - سیندہا نمک - اجمین کوٹ چیب - الائچی - جوا کھار - بائی ڈنگ - اجمود - ناگر موتھا - دیودار اور ان کی برابر گوگل صفا لے ان سبکو باریک پیس خوب ملاوے اور گھی سے چار ماشہ بھر کی گولی بناوے ایک گولی غذا کے ساتھ کھاوے تو کوڑہ کیڑے زخم سنگرہنی بواسیر گردہ رسی گولہ وغیرہ کو یہ دور کرتا ہے اسکا نام کشور گوگل ہے - یا دو سیر صاف کیے ہوے بھلاوہ کو ۱۶ سیر پانی مین اوٹاوے اور اوٹتے وقت گلو دو سیر کوٹ کر ڈالے جب اس پانی کا چوتھا حصہ رس رہجاوے تب اوتار کر اس مین گائے کا گھی اٹھار اور گائے کا دودہ ۵ سیر ڈالے پھر انار مصری اور ۵ سیر شہد ڈالے پھر نرم آنچ سے پکاوے جب یہ ٹھنڈی ہوجاوین تب اوسکو آنچ پر سے اوتار یہ دوا ڈالے -

باوچی دو درم - تخم پوار چار تولہ - پوست نیم دو درم - پوست ہلیلہ دو درم - آملہ دو درم - سیندہا نمک دو درم - ناگر موتھا دو درم - تج دو درم - الائچی دو درم - ناگ کیسر دو درم - پت پاپڑہ دو درم پتج دو درم - نیتر بالا دو درم - خس دو درم - چندن دو درم - گوکھرو دو درم - کچور دو درم - سرخ صندل ۲ درم - یہ سب دوا باریک پیس کر اوسمین ملاوے پھر بقدر ایک درم صبح کیوقت کھاوے تو سب طرح کے کوڑہ بات رکت بواسیر وغیرہ کو دور کرتا ہے اور اس امرت بھلات کا استعمال کرنے والا اتنی باتین نہ کرے - ریاضت نہ کرے - دھوپ مین نہ رہے - آگ کے نزدیک نجاوے - کھٹائی گوشت دہی نہ کھاوے - تیل نہ لگاوے - راہ نہ چلے - یا پوست نیم سفید سرسون - مجیٹھ - کٹکی - ترایمان - تر پھلا - ناگر موتھا پت پاپڑہ - باوچی - جوا سہ بچ کھیر - سرخ صندل - پاڑہ - زنجبیل - بھارنگی - اڑوسہ - چراتیا - پوست کٹا -

نسوت - بیج اندرائن - موربا - بابی ٹرنگ - اندرجو - چترک - مان پات - گلو - بکائن - پٹول
دونون ہلدی - پیپل - مغز املتاس - ستیون بید - صاف کی ہوئی چربی - مہیٹھ - بیج کرنا ری
راسنا - بیج سانٹی - بیج املتاس - جمال گوٹہ مصفا - بھانگرہ - کٹ میلا - انکوٹ - شاکھا ٹک
یہ سب دوا علیحدہ علیحدہ چار چار تولہ بھر لے اور جو کوب کر سولہ اثار پانی مین اوٹاوے جب اس کا
چوتھا حصہ رہجاوے تب اوتار کر چھان لے پھر ایک ہزار بھلا نوہ مصفا کو سولہ اثار پانی مین
اوٹا لے جب اسکا بھی چوتھا حصہ رہجاوے تب جدا رکھے پھر ان دونون کو اکٹھا ملا لے پھر ان
دونون کے رس مین دو سو تولہ بھر گڑ کی چاشنی مین یہ دوا ڈالے زنجبیل دو تولہ - مرچ دو تولہ
پیپل دو تولہ - تر پھلا چھ تولہ - ناگر موتھا ایک تولہ - بابی ٹرنگ دو تولہ - چترک دو تولہ
سیندھا نمک دو تولہ - چندن دو تولہ - کوٹ دو تولہ - اجمود ۲ تولہ - تیج دو تولہ - تیج دو تولہ
ناگ کیسر دو تولہ - الائچی دو تولہ - یہ سب دوا باریک پیس اولیہہ مین ڈال انکو خوب ملاوے
پھر اچھا دن دیکھکر چار تولہ ہر روز کھاوے تو سب طرحکی کوڑہ بواسیر سب طرحکے نم گیرونکا
عارضہ رکت پت اودا ورت کھانسی اور دمہ بھگندر ان عارضون کو دور کرتا ہے اور آون
یات کو بھی دفع کرکے تازگی لاتا ہے اور بدن مین بہت نور لاتا ہے اور بھوکھ بڑہاتا ہے
اسکا کھانے والا کھٹائی گرم چیزین وغیرہ نہ کھاوے اور کسیطرحکی بدپرہیزی نہ کرے یا مجیٹھ
تر پھلا - گنگی - بچ - دارہلدی - پوست نیم اور گلو کو برابر لے جو کوب کر دس تولہ کا کاڑا ہر روز
استعمال کرے تو سب طرحکے کوڑہ - بات رکت - بسرپ - بسپھوٹک کو دور کرتا ہے اسکا نام
گھرمنجشٹادی کوا تھ ہے - یا مجیٹھ - باوچی بیوڑہ - پوست نیم - پوست ہلیلہ - زرد چوب
آملہ - ارڈوسہ - شتاور - کھریٹی - پوست گنگیرن - اصل السوس - مہوا - کٹیلی - پٹول
خس - گلو - سرخ صندل - انکو برابر لے جو کوب کر پانچ درم کا کاڑا پیے تو کوڑہ بات رکت
کو دور کرتا ہے - یا مجیٹھ - اندرجو - گلو - ناگر موتھا بیج زنجبیل زرد چوب دونون کٹیلی
پوست نیم پٹول - کوٹ - کنگی - بھارنگی - بابی ٹرنگ - چترک سوہا - دیودار - جل بھانگرا

پیپل - ترایمان - پاڑہ - شتاور - کھیرسار - یے سار - ترپھلا - چراتیا - لکاین - منغرالمتاس - نسوت - باوچی - سرخ صندل - بارنا - بیخ کریلا - شاکھوٹ - ارڈوسہ - پت پاڑہ - سفید سرسون اتیس - جواسہ - بیخ اندراین یہ سب برابر لے جوکوب کر پانچ درم کا کاڑھا ہر روز پیے تو اٹھارہ قسم کے کوڑہ - بات رکت - خون کے فساد بسرپ روگ - جلد سن پڑ گئی ہو ان سب عارضونکو دور کرتا ہے - اسکا نام برہت منجشادک کواتھ ہے - یا کالی مرچ - نسوت - ناگرموتھا ہرتال بیخ اندراین - کلونجی - دونون چھڑ - کوٹ - سرخ صندل - مین سل - دیودار - زرد چوب آک کا دودہ - گوبر کا رس یہ سب دوا چھ چھ ماشے اور سنگی مہرا ایک تولہ - روغن تلخ اثار پانی مہار گائے کا پیشاب ۸ مارلے پھر ان سبکو نرم آنچ سے پکاوے جب یہ سب جل جاوین اور تیل رہجاوے تب اوتار کر چھان لے پھر اسکی مالش کرے تو سب طرحکی کوڑہ یہ دور کرتا ہے اسکا نام لگھو مرجادتیل ہے - یا کالی مرچ - نسوت - بیخ املتاس - آک کا دودہ - گوبر کا رس - دیودار - دونون ہلدی - چھڑ - کوٹ - سرخ صندل - بیخ اندراین - کلونجی - ہرتال منسیل بیخ کنیر - چترک - بیخ کلہاری - ناگرموتھا - بای ڈبنگ - پوار - بیخ سرس - پوست کڑا پوست نیم - پوست ستون - گلو - تھوہر کا دودہ - مغزالمتاس - کھیرسار - باوچی - بچ - مال کنگنی - یہ سب دوا دو دو تولہ اور سنگی مہرا آٹھ تولہ - روغن تلخ مہار گائے کا پیشاب ۸ مار ان سبکو جمع کر نرم آنچ سے پکاوے جب گائے کا پیشاب وغیرہ سب جل جاوین اور تیل رہجاے تب اوتار کر چھان لے پھر اس تیل کی مالش کرے اسکی مالش طیاری اور جوانی لاتی ہے اور یہ آدمی گھوڑا ہاتھی وغیرہ کے باو کو بھی دور کرے اسکا نام مرچادتیل ہے - یا ہرتال کا عمدہ تر کر چترک کے رس سے ایک دن کھرل کرے پھر سانٹی کے رس سے ایک دن کھرل کرے پھر اسکی ٹکڑے کرا اچھی طرح سکھاوے پھر اس ہرتال کو سانٹی کے پچانگ کے کھار کے بیچ مین رکھکر چولھے پر چڑہاوے اور اس ہرتال کا دھوان نکلنے نہ دے پھر اوس ٹکڑے کو اوس سانٹی کے کھار کے بیچ مین خوب دباوے پھر اوسکے نیچے برابر ایک رات دن تک نرم آنچ دے

یہ چاردن تک دے جب طیار ہوکر ٹھنڈا ہوجاوے تب اس ٹکڑے کو بہت ہوشیار شخص تدبیر سے نکالے وہ ہرتال وزن مین پوری اوترے بغیر دھوئین کے سفید ہو پھر اسمین سے دوگنی آدمی کھاوے اوسکے اوپر مرچ وغیرہ کا کاڑھا پیے تو اٹھارہ قسم کی کوڑہ - بات رکت - اپدنش فرنگ باد انکو یہ ہرتال دور کرتا ہے اور اسکا کھانے والا نمک کھٹائی کڑارس نہ کھاوے دھوپ مین نہ سووے اور نمک بغیر نہ رہا جاوے تو سفید ہا نمک کھاے اور شیرین چیزین بہت کھاوے یہ ہرتال کے بنانے کا طریقہ ہے اسکو تالکیشر کہتے ہین یا پارہ - گندھک مصفا - تانبے کا کشتہ گوگل - چترک - سلاجیت - کچلا - سج - ابرک - یہ سب برابر لیوے اور تخم کنگنی ایک دوا کے حصے سے چوگنا لے پہلے پارہ اور گندھک کو حل کرے پھر اوسمین یہ دواڈالکر خوب ملاوے پھر اوسمین سے دو درم گھی کے ساتھ ہر روز کھاوے اور اوپر سے چانول اور دودہ کھاوے تو گلت کشٹ جاوے اور اوسکا بدن نہایت خوبصورت ہوجاوے اگر یہ رس کھاوے تو مباشرت نہ کرے گلت کشٹار رس اسکا نام ہے +

بہوت کا علاج

کوٹ - تخم ترب - سرسون - زردچوب - کیسر - انکو سرس کے پانی مین پکا کر لیپ کرے تو بہت دنکی بھی بہوت جاوے یا کیلے کا کھار - زردچوب - دارہلدی - تخم ترب - ہرتال دیودار - سنکھ کا چورن یہ سب برابر لے انکو برگ تنبول کے رس مین باریک پیس لیپ کری تو بہوت دور ہو +

چرم دل کوڑہ کا علاج

امچور مین تھوڑا سا سفید ہا نمک ڈالکر پانی سے تانبے کے برتن مین گھوٹے اور خوب باریک پیسکر لیپ کرے تو چرم دل کوڑہ جاوے +

پاوں کا علاج

زیرہ ایک درم - سیندور پانچ درم - ان دونون کو روغن تلخ مین خوب پیس لگا کر لیپ کری

توپا و اچھی ہو یا بھیٹھہ - ترپھلا - لاکھہ - پنچ کریاری - ہلدی - آملہ سار گندھک انکو برابر لے باریک پیس دھوپ مین خوب گرم کرے پھر انکا لیپ کرے تو پا و اچھی ہو یا پارہ دونون قسم کا زیرہ - دونون ہلدی - مرچ سیاہ - سندور - آنولا سار - گندھک - مینسل یہ سب برابر لے پھر پارہ اور گندھک کو حل کرے اور گلاے کے گھی مین ایک دن کھرل کرے پھر اسکی مالش کرے تو پا و دور ہو یا پارہ آنولا سار گندھک - نیلا تھوتھہ - کیتھہ - اجاین - مہندی - خراسانی اجاین - موم - مال کنگنی کو برابر لے پھر پارہ اور گندھک کو حل کرے اور موم کو گھی مین جدا گھلاے پھر یہ سب دوا علحدہ پیسکر ملاوے پھر سب دوا گاے کے گھی مین اکھٹی کرے اور ایک دن تک پیسکر مالش کرے تو پانو وغیرہ خون کے سب فساد جاوین یا صاف کی ہوئی آنولہ سار گندھک دو درم - نیلا تھوتھہ ۳ ماشہ پانی سے باریک پیس ایک گولی باندھے اس گولی کو باریک کپڑے مین باندھکر پوٹلی کرے اور اس پوٹلی کو گیہون کی بغیر نمک کی تین یا چار روٹی مین سینکے پھر باریک پیس گھی مین چپڑکر کھلاوے یا اسکو چورا کرکے پانچ دن کھاوے تو پانو وغیرہ خون کے سب فساد دور ہون یا سیندھا نمک - تخم پوہار - سرسون اور پیپل کو کانجی کے پانی مین باریک پیس لیپ کرے تو پانو کی کھجلی دور ہو +

کچھہ داد کی دوا

آک کے تیوان کا رس اور ہلدی کے کاڑھے کے رس کو سرسون کے تیل مین پکاوے پھر اسکی مالش کرے تو کچھہ داد دور ہو اسکا نام ارک تیل ہے - یا مینسل ہیراکسیس اتولہ سار گندھک سونا گیرو پتھر پھوڑ - زنجبیل - پیپل - کرہار - کنیر - بای ڈنگ - چترک - بیخ املتاس - برگ نیم چھیچھہ ماشے لے اور پانی سے باریک پیس روغن تلخ مین پکاوے اور اوسمین آک آدہ پاو - گاے کا پیشاب ۴ سیر ڈالے پھر اسکو نرم آنچ سے پکاوے جب سب جل جاوین اور تیل رہجاوے تو اسکی مالش کرے تو لا علاج بھی کچھہ داد دور ہو - اور پانو کھجلی اور خون کے بھی سب عارضے جاوین اسکا نام کچھہ راجس تیل ہے +

داد کا علاج

کوٹ - باہی ٹرنگ - تخم نوار - تل - نیندل - سیندہا نمک - سرسون کو برابر لے کھٹائی سے باریک پیس لیپ کرے تو داد کوڑہ دور ہو - یا دوب - پوست ہلیلہ - سیندہا نمک - تخم نوار پوست کنیر کو برابر لے کانجی مین یا مٹھے مین باریک پیس لیپ کرے تو داد کچہلہ اور کھجلی جاوے +

شوتر نامے کوڑہ کا علاج

پوست بہیڑہ - پوست ہلیلہ - کنوہرا اور باوچی کا کاڑہا کرکے استعمال کرے تو شوتر کوڑہ جاوے یا ہرتال نیندل - چرمٹی اور چرک کو گائے کے پیشاب مین باریک پیس لیپ کرے تو شوتر کوڑہ جاوے یہ سب علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین یا زرد چوب سولہ تولہ - گائے کا گھی بارہ تولہ گائے کا دودہ چار اڑا مصری ۱۰ تولہ - زنجبیل دو تولہ - فلفل سیاہ ۲ تولہ - تج دو تولہ - ناگ کیسر دو تولہ باہی ٹرنگ دو تولہ - نسوت دو تولہ - تریپھلا چھ تولہ - کیسر دو تولہ - ناگر موتھا دو تولہ انکو جدا جدا باریک پیس گھی ملا کر ہندی اور دودہ مین شکر کی چاشنی کرا وسمین یہ سب دوا ڈالے پھر اسکی دو تولہ بھر کی گولی باندہے ایک گولی ہر روز کھاوے تو کوڑہ کھجلی پھوڑے کی داد وغیرہ عارضون کو دور کرتا ہے اسکا نام ہردر اکھنڈ ہے +

ہرتال مارنے کی ترکیب

عمدہ طبقیہ ہرتال لے اوسمین دسوان حصہ سہاگہ ملا کر اوسکی باندنے کے کپڑے مین چار پوٹلی بناوے پھر وہ پوٹلیان جمہیری کے رس مین رکھکر دولکا جنتر کرا وسکے نیچے دو پہر تیز آنچ دیکر اوٹاوے پھر اسیطرح کانجی کے پانی مین اوٹاوے پھر تیل مین اوٹاوے پھر ترپھلے مین اوٹاوے پھر پیٹھے کے پانی مین اوٹاوے پھر اس ہرتال کو کسیطرحکی کھٹائی مین دہولے پھر اسکو چھلکے کے پوست کے رس مین دو رات دن کھرل کرے پھر دہوپ مین سکھا کر اس کا گولا بناوے پھر اس گولہ کو سکورے مین رکھا وسکے اوپر دوسرا سکورہ نہایت حفاظت سے ڈبکٹ دے اور خوب بند کردے پھر گجپٹ مین اڑی اوپلی کی آنچ دی ٹھنڈا ہونیکے پیچھے ہرتال کو نکالکر بکری کے

دودہ مین ایک دن کھرل کرے پھر اسکا گولہ کر دہوپ مین سکھا دے پھر بلاس کی ہانڈی مین بھرے اوسکے بیچ مین ہرتال کا گولا رکھ خوب راکھ منہ تک دبا کر بھرے پھر اوس ہنڈیا کو چولھے پر چڑہا کر نیچے آنچ دے اور اوسکا دہوان نکلنے نہ دے اسیطرح ترتیب سے نرم تیز اور بہت تیز تیس پہر آنچ دے جب بنکر ٹھنڈا ہوجاے تو اوس ہرتال کو نکالے اگر ہرتال سفید نکلے اور پوری تول بغیر دہوئین کے ہو تو اوسکو پورانے قند سیاہ کے ساتھ ایک رتی اکیس ۲۱ دن کھاوے اور اسکے اوپر نان نخود اور بیخ سانٹھی اور روغن مادہ گاو کھاوے اور اسکا اکیس ۲۱ دن تک استعمال کرے تو اٹھارہ قسم کے کوڑہ بات رکت فرنگ باو کو یہ ہرتال دور کرتی ہے - یا پارہ دو درم - گندھک مصفا دو درم - ہرتال دو درم - مینسل دو درم باوچی پانچ درم - دہماسہ - دو درم - سیندور دو درم - دونون ہلدی پانچ درم - ان سب کو گاے کے گھی سے خوب باریک پیس لیپ کر دوپہر دہوپ مین بیٹھے پھر نہاوے تو کوڑہ داد اور کیڑے تین دن کے استعمال کرنے سے اچھے ہون یا چھیلے کی جڑ کا پوست پچاس تولہ جلا کر راکھ کرلے - اوسکو نئی اور مضبوط ہنڈیا مین بھر اوسکے بیچ مین طبقیہ ہرتال پچیس ماشہ بھر ترکیب سے رکھکر دباوے پھر ہنڈیا کے اوپر سرا رکھ اور اوس ہنڈیا کو چولھے پر چڑہا اوسکے نیچے پھر خوب تیز آنچ دے جب ٹھنڈا ہو تو نئے کپڑے مین چھان لے پھر بقدر دو رتی اوسمین زیرہ ایک ماشہ خوب ملا کر برگ تنبول اور ٹھنڈے پانی کے ساتھ کھاوے اسکے اوپر بچے کی الونی روٹی ایک مہینہ تک کھاوے تو اٹھارہ قسم کے کوڑہ بات رکت سب قسم کے گھاؤ اور پرکانا سے پھنسیان بادی عارضون کو یہ دور کرتا ہے اور اسکا استعمال کرنیوالا دہوپ اور ہوا نہ کھاوے ✤

داد کا علاج

تخم پوار - باوچی - سرسون - تل - کوٹ - دونون ہلدی - ناگر موتھا - یہ سب برابر لے اور انکو مٹھے مین خوب باریک پیس لیپ کرے تو داد کنڈو یوچی دور ہون ✤

کوڑہ کے دور ہونے کا علاج

نیلا تھوتھ - سہاگہ - دونون دو دو درم - باوچی پانچ درم - ان نینون کو باریک پیس کر جل بھانگرے کے رس کی اسمین سات پٹ دے پھر اسکا لیپ کرے تو کوڑہ دور ہو یہ سب علاج بید رہس مین لکھے ہین +

مہالیپ

پاڑہ کا کھار - سنکھ کا کھار - آندہی جھاڑہ کا کھار - تل کا کھار - سانٹھی کا کھار - ہلیلہ کا کھار - اڑوسہ کا کھار - ٹیول کا کھار - ارنڈ کا کھار - جوا کھار - سہاگہ - سجی - نوسادر - آنولا سار - گندھک - پانچون نمک - کوٹ - زنجبیل - کالی مرچ - پیپل - بیخ ڈانسرہ - بیخ آک - نیلا تھوتھ بیخ کرہاری - ہلدی - زمین قند - گورکھ منڈی کا کھار - کاہو کا کھار - رائی - سرسون سیندور - سلاجیت - پاٹرپا کھار - کمیلا - لودہ - بیخ تھوہر - بیخ آک اوداک کے پنچانگ کا کھار یہ سب دوا علیحدہ علیحدہ دو دو تولہ لے پھر ان سبکو باریک پیس اکھٹا کر گاے کے پیشاب مین ملا کر تانبے کے بڑے برتن مین رکھے پھر اسمین بھینس - گھوڑا - بکرا - ہاتھی کا پیشاب اور لیمو اور جمبیری - بجورہ - نارنگی کا رس - چنے کا کھار - سہنجنہ کا رس - رائی - کانجی - یہ سب اوسکے اندار کے موافق ڈالے پھر اسکا منہ ڈھک کر اکیس ۲۱ دن اچھی طرحسے رکھ چھوڑے پھر اسکا لیپ کرے تو سب طرح کے کوڑہ دور ہون اور گنڈ مالا - لبرب - بواسیر - بیوچی - سب بادی عارضے ایک مہینے مین دور ہون +

باب ہفتدہم

دربیان سیت پت اور درد کوڑہ وغیرہ

سیت پت اور درد کوڑہ اور کوڑہ عارضونکی پیدایش علامت اور علاج

ٹھنڈی ہوا کے چھونے سے بلغم اور ہوا مع صفرا کے طرح طرحسے مفسد ہو کر جلد مین اور باہر اور باد و بلغم سے سردی اور گرمی کے عارضون کو پیدا کرتی ہے +

شیت پت کی پہلی شکل

پیاس لگے - نفرت ہو - قے آوے - بدن میں درد ہو - بدن بھاری رہے - آنکھیں سرخ ہو جاویں - یہ علامتیں ہوں تو جاننا چاہیے کہ شیت پت وغیرہ کا عارضہ ہوگا +

شیت پت اودرد کی علامتیں

جیسے کیڑے کے کاٹے چکتے ہوتے ہیں ویسے ہی جلد کے اوپر بہت سے چکتے ہوں اور اونمیں کھجلی چلے اور بہت درد ہوتے اور بخار ہو - جلن معلوم ہو تو جاننا چاہیے کہ شیت پت ہے اور اسیکو اودرد کہتے ہیں بادکی زیادتی ہو تو شیت پت جانو اور بلغم کی زیادتی ہو تو اودرد سمجھنا چاہیے یہ شسرت یعنی کنوار کا تک میں ہوتا ہے +

کوڑہ اوتکوڑہ کی علامتیں

قے کورو کے تو صفرا اور بلغم مفسد ہوں اور سرخ سرخ کھجلی کو لیے چکتے بدن میں پیدا کرے اوسکو کوڑہ کہتے ہیں یہ تھوڑی دیر رہے اور جو یہی دیر تک رہے تو اوتکوڑہ کہنا چاہیے +

ان سبکا علاج

دوا کے زور سے قے کراوے تو شیت پت اودرد دور ہو - یا پٹول - پوست نیم - اڑوسہ - ترپھلہ - گوکل - اور پیپل کا کاڑھا دے تو شیت پت اودرد جاوے یا جلاب دی تو عارضہ مذکور دفع ہو یا روغن تلخ کی مالش کرے اور بدن کو گرم پانی سے دھووے تو یہ عارضے دفع ہوں یا ترپھلا شہد سے کھاوے تو شیت پت اودرجاویں یا مصری کے ساتھ کٹکی کا جلاب لے تو شیت پت اودرد جاوے یا قند سیاہ اور آملہ کا استعمال کرے تو شیت پت اودرد جاوے یا اجواین - زنجبیل - کالی مرچ - پیپل - اور جاکھار کا چورن بقدر دو درم سات دن تک گرم پانی سے کھاوے تو یہ عارضہ دور ہو - یا ادرک کا رس - پورانا گڑ - کھاوے تو یہ عارضہ دفع ہو یا سرسوں - ہلدی - تخم چنوار - اور تل کو روغن تلخ میں باریک پیس لیپ کرے تو شیت پت اودرد جاوے - یا اجمود پانچ درم - قند سیاہ پانچ درم ان دونوں کو اکھٹا کر

پانچ دن یا سات دن بلاناغہ کھاوے تو شیت پت اودرد جاوے یا پوست بکاین ایک درم باریک پیس گاے کے گھی کے ساتھ پیے تو یہ عارضے دفع ہون - یا خون نکلوائین تو یہ عارضے دور ہون - یا برگ آملہ اور نیم کو گھی مین تل کر بقدر دو تولہ پندرہ دن تک کھاوے تو بھوڑے کی بیماری پتی کیڑے شیت پت کھجلی اور گرمی کے عارضونکو یہ دور کرتا ہی - یا ایک سیر جھلی ہوئی اورک کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرے اور گاے کا گھی ۲ سیر لے اور گاے کا دودہ ۲۲ سیر اوسکا ماوا کرا وسمین اورک کے ٹکڑے گھی سے چپڑ کر ڈالے پھر اوس ماوے کے نیچے آنچ دے اور اوسکا گاڑہا ماوا کرے اور ایک سیر مصری کی چاشنی رقیق اوکیہ کے مانند بنا کر اوسمین ماوے کو ڈالے اور یہ دوائین باریک پیسکر ڈالے - پیپل - پیپامول - مرچ - زنجبیل - چترک - بای ونگ - ناگر موتھا - ناگ کیسر - تیج - الایچی - پترج - کچور یہ دوا علحدہ علحدہ دو دو تولہ لے اونکو باریک پیس مصری کی چاشنی مین ڈالے پھر بقدر ۲ تولہ صبح اور شام کھاوے تو شیت پت اودرد کوڑہ کی عارضے رکت پت کھانسی نفرت بادکا گولا اودا ورت سوجن کھجلی کیڑون کا عارضہ بیماری شکم کو یہ اولیہ دور کرتا ہے - اور قوت اور منی کو بڑہاکر فربہ کرتا ہے اسکا نام آرورک اولیہ ہے اور بھاؤ پرکاش مین لکھا ہے - یا سیندہا نمک کو گھی مین باریک پیس بدن مین مالش کرے پھر سرخ کمل اوڑہے تو پتی کا عارضہ دور ہو یا گاے کا گھی گیرو سیندہا نمک کسم کے پھول یہ سب برابر لے اونکو باریک پیس بدنمین اوبٹن کرے تو پتی دور ہو - یا چراتیا - اڑوسہ - کٹکی - پٹول - ترپھلا - سرخ صندل پوست نیم انکا کاڑہا پیے تو پتی کا عارضہ - پھوڑا - جلن کا بخار - مکھ شوکھ یعنے منہ کا سوکھنا - پیاس کی بیماریان ان سب عارضون کو یہ کاڑہا دور کرتا ہے - یا ارنے اوپلے کی راکھ بدنمین ملے تو پتی جاوے یہ سب علاج بھید رس مین لکھے ہین - یا میتھی کے دانے دو تولہ کالی مرچ دو تولہ - ہلدی دو تولہ - ان سبکو باریک پیس انکو اورک کے رس کی تین پٹ دے پھر ایک گولی بقدر دو درم بناکر ایک گولی کھاوے تو پتی کے سب فساد دور ہون - یہ بھید رس مین لکھا ہے

امل پت کی پیدائش علامت اور علاج

نمک کھٹائی اور گرم چیز کے کھانے سے صفرا مفسد ہوکر امل پت کو پیدا کرے وہ امل پت عارضہ تین قسم کا ہے بادی - بلغمی - بلغمی بادی +

امل پت کی علامتین

غذا ہضم نہو بغیر ریاض کیے محنت معلوم ہوتے آوے - کڑوی اور کھٹی ڈکارین آوین بدن بھاری ہو چھاتی اور گلے مین جلن ہو - کھانے سے نفرت پیدا ہو - یہ علامتین امل پت کی ہین یہ عارضہ دو قسم کا ہے - ایک اوردہ گامی وہ منہ مین ہی ہوکر جاوے دوسرا دہوگامی جو مقعد کے ذریعہ سے ہوجاتا ہے +

اوردہ گامی امل پت کی علامتین

جو قے کرے تو ہرا زرد سیاہ اور سرخ اور بہت صاف گوشت کے پانی کے مانند ہو اور امل پت بلغم سے ملا ہو تو بہت چکنا اور کڑوا نمکین اور تیکھا قے کرے +

ادہوگامی امل پت کی علامتین

اوسکے پاخانے مین طرح طرح کے رنگ ہون اور پیاس جلن غشی اور غفلت چھاتی مین درد ہوتے آوے - بدن مین چکتے پیدا ہون قوت ہاضمہ سست ہوجاوے بال کھڑے ہون پسینا آوے بدن زرد پڑجاوے یہ علامتین ہون تو ادہوگامی امل پت جانو +

غذا کھاکر امل پت کی یہہ علامتین ہوتی ہین

غذا کھاوے یا نہ کھاوے تو بھی تیکھے اور کڑوی قے کرے اور بدن مین کھجلی ہو چکتے پڑجاوین اور ڈکار بہت آوین - گلے اور سر مین درد ہو ہاتھ پاون مین جلن غذا سے نفرت اور بخار ہو یہ علامتین ہون تو امل پت کا عارضہ جانو +

امل پت مین اور بھی فسادون کا میل ہوتا ہے

امل پت مین باد اور بلغم کا میل ہو تو بید بخوبی واقفیت نہ کرسکے - اور جسمین رعشہ - غشی

بدن مین چم چاہٹ اور بدنمین درد اور سوں ہو اور اندھیری - چکر غفلت اور تکلیف ہو تو جاننا چاہیے کہ امل پت مین باد کا میل ہے - یا بلغم تھوک - بدن بھاری رہے نفرت ہو بدن مین سردی لگے قے ہو قوت ہاضمہ اور طاقت جاتی رہے بدنمین کھجلی ہو اور نیند بہت آوے تو امل پت مین بلغم ملا ہوا جانو +

با علاج لا علاج امل پت کی علامتین

امل پت کا عارضہ ابتدائی ہو تو با علاج ہے اور بہت دنون کا ہو اور پرہیز نہ کرے تو لا علاج ہے

علاج

اس مریض کو پٹول - پوست نیم - ارڈوسہ برابر لیکر اسکے کاڑھے سے قے کراوے تو امل پت جاوے یا جلاب سے یہ عارضہ دفع ہو - یا توت شہد آملہ کا جلاب دے تو امل پت جاوے اور دوگامی امل پت ہو تو قے اور جلاب کراوے اور ادھوگامی امل پت ہو تو جلاب دینا چاہیے یا گیہون کا ستو یا چانول کا ستو مصری ملاکر کھاوے تو یہ بیماری دفع ہو - یا جوہ ارڈوسہ - آملہ - بیج - بیرج الایچی انکا کاڑھا کرکے شہد ڈالکر پیے تو امل پت بہت جلد دفع ہو - یا گلو - پوست نیم - پٹول انکا کاڑھا کر شہد ڈالکر پیے تو بڑا خوفناک بھی امل پت جاوے - یا ارڈوسہ - گلو - پت پاپڑہ چراتیہ - پوست نیم - جل بھانگرہ - ترپھلا - کلمی - انکو ٹھنڈے پانی سے پیے تو امل پت جاوے یہ امل پت چورن ہے +

بسرپ روگ کی پیدائش علامت اور علاج

نمک - کھٹائی اور گرم چیزون کے کھانے سے بسرپ روگ پیدا ہوتا ہے وہ پھیلا ہوا عارضہ سات قسم کا ہوتا ہے - بادی - صفراوی - بلغمی - سنپات کا - بادی صفراوی - بادی بلغمی بلغم صفراوی +

بسرپ روگ کی علامتین

نمک کھٹائی اور گرم چیز وغیرہ جو اوپر لکھی گئی ہین اونکے بہت کھانے سے بار - صفرا بلغم

مفسد ہوکر بدن کے خون گوشت وغیرہ ساتون دھاتون کو بگاڑکر بدن مین چھوٹی چھوٹی بہت پھنسیون کے گھیرے کو پھیلا دیتے ہین اسی سے یہہ اسکو بسرپ کہتے ہین +

بادی بسرپ کی علامتین

بدن مین بد پرہیزی کرنے سے باد مفسد ہوکر بدن مین کئی جگہ چھوٹی بڑی پھنسیان پیدا کرین تب پھنسیان بدنمین پھیل جاوین اور اونمین پانو روگ کے مانند درد اور کھجلی بہت ہو +

صفراوی بسرپ روگ کی علامتین

بد پرہیزی سے صفرا مفسد ہوکر بدن مین چھوٹی بڑی پھنسیان پیدا کرے اور اوسمین صفراوی بخار کی سب علامتین ہون اور وہ پھنسیان بہت جلد پھیل جاوین اور بہت سرخ ہون +

بلغم کے بسرپ روگ کی علامتین

بد پرہیزی سے بلغم مفسد ہوکر بدنمین چھوٹی بڑی پھنسیان پھیلا دین اور اونمین بہت کھجلی ہو اور وہ پھنسیان چکنی ہون اور اوسمین بلغمی بخار کی سب علامتین ملین +

سنپات کے بسرپ روگ کی علامتین

بد پرہیزی کرنے سے سنپات مفسد ہوکر بدن مین چھوٹی چھوٹی پھنسیون کو پیدا کرکے جلد پھیلا دیتے ہین اور اون پھنسیون مین سب علامتین مذکورہ بالا ملین اور سنپات بخار کی بھی سب علامتین ہون +

باد صفرا کے بسرپ کی علامتین

جسکے بدنمین باد صفرا بد پرہیزی کرنے سے مفسد ہوکر بدن مین چھوٹی بڑی پھنسیونکو پیدا کرین وہ بدن مین پھیل جاوین اون پھنسیون کا نام اگرا کہیہ ہے اونکا رنگ آگ کے مانند ہو اور اوسمین باد صفرا کے بخار کی علامتین ملین اور قے بیہوشی اسہال پیاس شنک بھی ہون اور بدنکی ہڈیان ٹوٹین - اندھیری آوے کسی چیزکی رغبت نہو کل بدن آگ کے اندر جلے - جہان گہہ ہون اوسکو بیاکل یا سرخ کرین - مرم جگہونمین پھیل جاوین

اوسجگہ بہت درد ہو ہوش جلتے رہین نیند نہ آوے یہ بسرپ روگ لاعلاج ہے - بدنمین چین نہ پڑے دل اور بدن سب بگڑ جاوین بدن کا ہوش جاتا رہے یہ بسرپ روگ بہت ہی لاعلاج ہے +

بادی بلغمی بسرپ کی علامتین

بدپرہیزی کرنے سے باد بلغم مفسد ہوکر بدنمین چھوٹی بڑی پھنسیون کو پیدا کر پھیلا دین اون پھنسیون کو گرنتھا کہنا چاہیے وہ گانٹھ کے موافق ہوتی ہین - اور بلغم سے رکی اور تھکی ہوا بلغم کو بہت طرحسے حرکت دے پھر جلد گوشت اور نسون مین پہونچا ہوا خون اوسے اور سردی کو کرتا ہے اور کھردرے گول بڑے اور بھاری چکتون کا مجموعہ پیدا کرے اوس مین بہت سی زرد سرخ بخار کو لیے ہون اور دمہ کھانسی ہو منہ سوکھے اور ہچکی تے شک غفلت ہو بدنکی رنگت اور کی اور ہو اور غشی - اعضا شکنی - ضعف معدہ بھی ہو تو باد بلغم کا بسرپ جاننا چاہیے

بلغم صفرا کے بسرپ روگ کی علامتین

اپنے ہی سبب سے بلغم صفرا مفسد ہوکر بدن مین چھوٹی بڑی پھنسیون کو پیدا کر کے پھیلا دین اون پھنسیون کو پیدکردم نامے خوفناک بسرپ کا عارضہ کہتے ہین اوسمین یہ علامتین ہون بدن مین بخار - درد - اعضا شکنی - بکواد - شک ہو - اشتہا جاتی رہے - ہڈیان ٹوٹین پیاس ہو - بدن بھاری رہے - آنو پیدا ہو - حواس پک جاوین - بدن مین درد ہو - کل بدنمین پھنسیان پھیل جاوین اور بہت سرخ چکنی سیاہ سوجن لیے بھاری ہون دے مین پکین جلن بہت ہو پیپ بہت نکلے رعشہ پیدا ہو - بدنکی نسین نکلی رہین اور مردے کی سی بدبو آوے یہ علامتین ہون تو کردم نامے بسرپ روگ کہنا چاہیے +

ہتیار کے زخم سے پیدا ہوی بسرپ کی علامتین

ہتیار کی ضرب لگنے سے باد مفسد ہوکر خون سمیت صفرا کو مفسد کر کے کلتہ کے برابر بدن مین پھنسیون کو پیدا کرین پھر اون پھنسیون کے پھوڑے ہو جاوین اور اون مین سوجن اور بخار ہو خون سیاہ ہو +

بسرپ کے فساد

بخار۔ اتیسار۔ قے اسہال۔ پیاس ہو گوشت بکھر جاوے عقل درست رہے کسی چیز کی رغبت نہو نہ ان مہم نہو یہ اسکے فساد ہین ✣

با علاج لا علاج بسرپ کے پہچاننے کی علامتین

باد صفرا بلغم کا بسرپ اور آگ سے پیدا ہوا جو بسرپ اور مرم جگہو نہین جو بسرپ پیدا ہو وہ لا علاج ہے ✣

عام علاج

جلاب دے اور دواؤن کا استعمال اور خون نکلوانا بسرپ کو مفید ہے ✣

باد کے بسرپ کا علاج

راسنا۔ کنول گٹہ۔ دیودار۔ سرخ صندل۔ مہوا۔ کھریٹی۔ انکو برابر لے کر دودہ یا گھی سے باریک پیسکر لیپ کرے تو بسرپ روگ اچھا ہو ✣

صفرا کے بسرپ کا علاج

کسورا۔ سنگھاڑہ۔ کنول گٹہ پانی کا سوال۔ سرخ صندل کو باریک پیس دہوئے گھی یا ٹھنڈے پانی سے پکا دے تو بسرپ روگ جاوے ✣

بلغم کے بسرپ کا علاج

تربھلا۔ کنول گٹہ۔ خس۔ لجالو۔ بیخ کنیر۔ نرسل۔ جواسہ کو پانی سے باریک پیس لیپ کرے تو بلغم کا بسرپ جاوے ✣

وشانگ لیپ

تگر۔ بیخ سرس۔ ملہٹی۔ سرخ صندل۔ الایچی۔ چھڑ۔ دونون ہلدی۔ نیتر بالا۔ انکو پانی سے باریک پیس گاے کا گھی ڈالکر لیپ کرے تو سب طرحکے بسرپ جاوین یا چراتیہ۔ اڑوسہ۔ گٹکی۔ نیم۔ تربھلا۔ سرخ صندل۔ پوست نیم۔ یہ سب برابر لے اور بہو کوب کرکے ۲ درم کا

کاڑہ پیے تو بسرپ جلن کا بخار۔ سوجن۔ کھجلی۔ پھوڑے۔ قے۔ اتنے عارضون کو یہ کاڑہا دور کرتا ہے۔ یا کنگج۔ پوست سفید ینیا۔ چترک۔ جل بھانگرہ۔ ہلدی سنگی مہرہ۔ یہ سب دو دو تولہ اور گاے کا پیشاب ۲ مار پانی ۲ مار تلو نکا تیل ۱ مارلے پھر انکو جمع کرا سکے نیچے نرم آنچ دے جب سب جل جاوین اور تیل رہجاے تب اسکی مالش کرے تو بسرپ پھوڑا پھنسی انکو یہ تیل دور کرتا ہے یہ علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین۔ یا برگد کی جٹا۔ ناگر موتھا کیلے کا مغز دہوئے ہوے گھی سے لیپ کرے تو بسرپ اور گانٹھ دور ہون۔ یا سرس کے پوست کو سو مرتبہ کے دہوئے ہوے گھی سے باریک پیس لیپ کرے تو بسرپ روگ اور گانٹھ کو دور کرتا ہے اور کوڑہ۔ پھوڑا۔ سیتلا یعنے چیچک یہ سب جونک کے لگانے سے دور ہون یہ سب علاج بیدرمس مین لکھے ہین ✣

سنایو روگ یعنی بالا کے عارضے کی پیدایش علامت اور علاج

خراب غذا کھانے اور پانی پینے سے باد مفسد ہوکر ہاتھ پیرون مین پھپھولے اور سوجن پیدا کرے پھر اوس پھپھولے کو وہ باد پھوڑکر اوسجگہ پہونچے وہ ضعف سے نسون کو سکھا کر تانت کے مانند ڈورے کو وہ مفسد باد پیدا کرتی ہے وہ تانت کے مانند ڈورے کو باندھنے سے آہستہ آہستہ باہر نکل پڑے اور وہ شکست ہوجاوے تو مفسد ہوا اور وہ باہر نکل آوے تو جاتا رہے اور وہی بدن مین ہوجاوے یا ہاتھ مین ✣

بالا کا علاج

پانچ درم انگوزہ ٹھنڈے پانی سے تین دن کھاوے تو بالا کا عارضہ کبھی نہو۔ یا گاے کا گھی پاو بھر بلا ناغہ تین دن پیے تو یہ عارضہ دفع ہو۔ یا نرگنڈی کا رس تین دن چار تولہ ہر روز پیے تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا بیخ کلونجی ٹھنڈے پانی سے سات دن پیے تو یہ عارضہ جاوے یا بیخ ارنڈ کا رس گھی سے سات دن پیے تو یہ عارضہ دفع ہو۔ یا تیس ناگر موتھا۔ بھارنگی۔ زنجبیل۔ پیپل پوست بہیڑہ یہ سب برابر لے انکو باریک پیس دو درم

سات دن تک گرم پانی سے پیے تو یہ عارضہ دور ہو - یا بیخ سہنجنہ اور پتون کو کانجی کے پانی سنے پیسکر سیندہا نمک ملاوے پھر اوسکو بالا کے اوپر باندہے تو عارضہ جاوے یا کانٹے والی جاتی کے جڑ کو پانی سے پیسکر بالا کے اوپر سات دن باندہے تو بالا کا ضرور جاوے یہ سب علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین یا کوٹ زنجبیل - بیخ سہنجنہ کو پانی سے باریک پیس بالا کے اوپر لیپ کرے یا یہ دوائین پیے تو یہ عارضہ جاوے یا دھتورے کے پتے تیل لگاکر بالا کے اوپر باندہے تو یہ عارضہ دور ہو - یا تخم ببول کو کانجی سے ملاکر بالا کے اوپر باندہے تو دفع ہو یا بالا کے منتر سے بالا جاوے وہ یہ ہے +

نام دوار ۱۲

منتر

بروپ نام باون کے پوت کا ڑہ کیے بہت پاک پھوٹے پڑا کرے بروپ ناتھ کی آگیا پھرے اس منتر سے بالا کے اوپر گوڑ کو سات مرتبہ منتر پڑہ بالا والے کو کھلاوے تو بالا جاوے یہ علاج بید رہس مین لکھے ہین - یا کبوتر کی بیٹ کی شہد سے گولی باندہکر سات دن نگل جاوے تو بالا کبھی نہ نکلے یہ بید رہس مین لکھا ہے - یا شہد مین سجی پیسکر لیپ کرے تو بالا جاوے +

بسپھوٹک کی عارضی کی پیدائش علامت اور علاج

تلخ کھٹی گرم روکھی کھاری چیز کے کھانے اور بدہضمی مین دھوپ مین رہنے اور غذا پر پھر خوراک کھانے سے اور سردی گرمی اور برسات یہ جہان ہون یا نہون یا انکے خلاف ہونے سے باد صفرا بلغم مفسد ہوکر بدن کی جلد مین پہونچ بدن کے خون گوشت اور ہڈیونکو بگاڑ دیتے ہین اور بدن مین خوفناک پھوڑے پیدا کرتے ہین اور پہلے بخار پیدا کرتے ہین اسکو بسپھوٹک کا عارضہ کہنا چاہیے +

بسپھوٹک روگ کی علامتین

بخار لیے پھوڑے مین آگ سی جلے ایسا پھوڑا پکے تو پھوڑے خون صفرا سے پیدا ہون -

جدنمین سب جگہ ہو جاوین یا کہین ہون اوسکو بسپھوٹک کہتے ہین +

بادکے بسپھوٹک کی علامتین

درد سر ہو۔ پھوڑے مین بہت درد ہو اور بخار اور پیاس اعضا شکنی ہو۔ زخم سیاہ ہو۔ یہ علامتین ہون تو بادی بسپھوٹک جانو +

صفرا کی بسپھوٹک کی علامتین

بخار۔ جلن اور پھوڑے مین درد ہو جلد پھوٹے اور پک جاوے پیاس لگے۔ پھوڑے کے زرد سرخ رنگ ہون یہ علامتین ہون تو صفرا کا بسپھوٹک جانو +

بلغم کے بسپھوٹک کی علامتین

سے نفرت ہو دیر مین پکے اوسکو بلغم کا بسپھوٹک جانو +

باد صفرا کے بسپھوٹک کی علامتین

بہت درد ہو اور باد صفرا کی علامتین ملتی ہون اوسکو باد صفرا کا بسپھوٹک جانو +

باد بلغم کے بسپھوٹک کی علامتین

بدن بھاری ہو کھجلی ہو تو باد بلغم کا جانو +

صفرا بلغم کے بسپھوٹک کی علامتین

کھجلی جلن سے بخار ہو تو بلغم صفرا کا جانو +

سنپات کے بسپھوٹک کی علامتین

پھوڑے کے بیچ مین گڑھے ہون اور اونچے بھی ہون اور پھوڑی گاڑھی ہون کم پکین اور اون پھوڑون مین جلن ہو سرنچی بہت ہو اور پیاس غفلت غشی ہو اور پھوڑون مین درد اور بخار بکواد ہو بدن مین رعشہ ہو یہ علامتین ہون تو اوسکو سنپات کی علامتین کہتی چاہیین یہ لاعلاج ہے

خون کے بسپھوٹک کی علامتین

جسمین صفرا کے پھوڑے کی سب علامتین ملی ہون اور پھوڑے کا چرمی کے برابر رنگ ہو

خون نکلے جلن ہو یہ عارضہ علاج سے اچھا نہین ہوتا +

بسپھوٹک کے فساد

پیاس دمہ ہوا ور گوشت سکڑ جاوے اور اوسمین جلن ہو چکیان آوین بخار ہو مرم جگہون مین پھوڑے پھیل جاوین +

با علاج اور لا علاج بسپھوٹک کی پہچانی کی علامتین

ایک خلط کا با علاج دو خلط کا مشکل سے تکلیف دیکر اچھا ہو اور جس مین بہت سے فساد ہون وہ لا علاج ہے +

بسپھوٹک کا علاج

بسپھوٹک کے مریض کو فاقہ اور ستے کرانا چاہیے اور جلاب دینا مفید ہے اور پورانے چانول جو۔ گیہون اور ارہر۔ یہ بھی فائدہ مند ہین۔ یا دسمول کا کاڑہا۔ راسنا۔ دارہلدی خس کٹیلی۔ گلو۔ کشنیز۔ ناگرموتھا انکا کاڑہا دے تو بادکا بسپھوٹک جاوے یا دارکھد۔ کمبھیر چھوہارا۔ پٹول۔ پوست نیم۔ اڑوسہ۔ گنگی۔ چانول کی کھیل۔ جواسہ انکا کاڑہا دے تو صفرا کا بسپھوٹک دور ہو۔ یا چراتیا بیچ۔ اڑوسہ۔ ترپھلا۔ اندرجو۔ پوست کڑا۔ پٹول انکا کاڑہا شہد ملا کر دے تو بلغم کا بسپھوٹک جاوے۔ یا چراتیا۔ گنگی۔ پوست نیم۔ ملہٹی۔ ناگرموتھا۔ پٹول۔ پت پاپڑہ۔ خس۔ ترپھلا۔ پوست کڑا۔ پٹول۔ انکا کاڑہا شہد سے دے تو سب طرحکا بسپھوٹک دور ہو۔ یا چانول۔ پوست کڑا۔ انکو پانی سے باریک پیس کر پھوڑنے کے اوپر لیپ کرے تو بسپھوٹک دور ہو۔ یا گلو۔ پٹول۔ چراتیا۔ اڑوسہ پوست نیم پت پاپڑہ۔ کھیر سار۔ انکا کاڑہ دے تو بسپھوٹک کا عارضہ اور بخار دور ہو۔ با صندل سرخ ناگ کیسر۔ سفید سرسون۔ بیخ چولائی۔ پوست سرس۔ برگ چمیلی۔ انکو پانی سے باریک پیس پھوڑون کے اوپر لیپ کرے تو بسپھوٹک دور ہو یا کنول گٹہ۔ سرخ صندل۔ لودہ خس سفید سرسون انکو پانی سے باریک پیس لیپ کرے تو بسپھوٹک جاوے یا جیا لوتا کی گٹھلی

پانی سے باریک پیس لیپ کرے تو بچھوٹنک کا کھولائی - گلے کی گانٹھ - کان کی گانٹھ اور پھوڑا پھنسی کو یہ لیپ دور کرتا ہے - یہ سب علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین اور دھانگ لیپ اور کشور گوکل سے بھی یہ عارضہ دور ہوتا ہے +

فرنگ باو کی پیدایش علامت اور علاج

فرنگ روگ اوپدنش روگ کی ایک قسم مین سے ہے وہ بہت گرمی والی عورتون کے ساتھ جماع کرنے یا اوس سے کسی اور نے قربت کی ہووہ جہان پیشاب کرے یا اوسکا کیچ خوراک وغیرہ مین شامل ہو تو باد اپنے آپ ہی سے مفسد ہوکر اس عارضے کو ظاہر کرے یا خود بلا شخص ہو اور بہت زیادہ قربت اختیار کرے تو اوسکو امساک نہین رہتا اور باد کے طرح طرح کی بدن مین درد ہوتب اوسکے باد صفرا بلغم یہ سب بہت مفسد ہوکر اگنتک نامے فرنگ باو کو پیدا کرین وہ فرنگ باو تین قسم کی ہے بدن کی نسون مین دھنس جاوے +

بدنکی جلد کے باہر ہواوسکی علامتین

آلت کے اوپر پھنسی اور پھٹنے وغیرہ کے نشان ہون اور وہان کم درد ہو تو باعلاج ہے یہ علاج کرنے سے جاتا رہے +

بدن کے جوڑونمین اور نسونمین دھس جاوی اوسکی علامتین

بدنمین کیڑون کے کاٹنے کی سی چٹین پڑجاوین موریان جانگھ اور پیٹھ مین بہت درد ہو اور ورم ہو تو مشکل سے آرام ہو +

بدنکے باہر ہواوسکی علامتین

یہ سب مذکورہ بالا علامتین ہون اور بہت دن تک رہین تو وہ بہت ہی مشکل سے اچھا ہو +

فرنگ باو کے فساد

بدن دبلا ہو جاوے طاقت زائل ہوجاوے ناک گل جاوے قوت ہاضمہ سست ہو اور گوشت اور خون سوکھ جاوے صرف ہڈیان رہجاوین یہ اسکے فساد ہین یہ اچھی نہین +

فرنگ باد کا علاج

رس کپور کے بنانے اور کھانے کا طریقہ - رس کپور چار رتی لیکر گیہون کے آٹے مین پانی سے اوسکے بیچ مین رس کپور کو رکھ اوسکی گولی بناوے اور باریک پیس اوسکے چورن مین گیہون کے آٹے کی گولی رس کپور سمیت لپیٹے پھر اوس گولی کو ٹھنڈے پانی سے نگل جاوے دانت نہ لگنے پاوین اسکے اوپر پان بغیر کتھے چونے کے چباوے اور نمک کھٹائی نہ کھاوے پرہیز نہ کرے اور دھوپ مین نہ رہے اسیطرح تین دن کرے تو فرنگ باد دور ہو ✤

سمپرسارن گٹکا

پارہ ایک درم - کھپرسار ایک درم - عاقرقرحا دو درم شہد تین درم ان سبکو باریک پیس خوب ملاوے پھر اسکی گولیان بنا کر صبح کیوقت ٹھنڈے پانی سے کھاوے تو فرنگ باد دور ہو اسکے اوپر نمک کھٹائی نہ کھاوے یا پارہ دو درم - آنولہ سار گندھک دو درم - چانول دو درم - ان تینون کو کھرل مین باریک پیس حل کرے پھر انکی سات پوڑیان بناوے پھر ایک پوڑیا کی ہر روز آلت مین دھونی دے تو فرنگ باد جاوے یا پیلے پھول کی کھرنٹی کے پتون کا رس ایک درم پارہ ایک درم ان دونون کو دونون ہاتھون مین ملے پارہ اور وہ رس ہاتھون مین نظر آوے تب تک ملتا جاوے پھر ہاتھون کو کچھ تپا لے جہانتک کہ پسینا آوے اسیطرح سات دن کرے تو فرنگ باد جاوے اور نمک کھٹائی نہ کھاوے - یا برگ نیم آٹھ درم - پوست ہلیلہ سات درم - آملہ سات درم - زرد چوب ادرم - ان سبکو باریک پیس چار ماشہ ٹھنڈے پانی سے کھاوے تو باہر اور اندر کی فرنگ باد جاوے یا عمدہ چوب چینی کا چورن چار ماشہ لے اور شہد سے پندرہ دن چاٹے تو یہ عارضہ جاوے اسکے اوپر نمک اور کھٹائی نہ کھاوے اور جو کھاوے تو سیندہا نمک کھاوے یا ایک درم پارہ کو کسیلے کے رس مین کھرل کرے پھر اوسمین گوگل پانچ درم - عاقرقرحا پانچ درم - ترپھلا چار درم - یہ سب باریک پیسے اور شہد پانچ درم گاے کا گھی پانچ درم ملا کر اس چورن کو ہر روز اکیس ۲۱ دن تک پانچ درم کھاوے یا اسکی مالش کرے تو فرنگ باد جاوے اسکے اوپر

نمک اور کھٹائی نہ کھاوے یہ سب طریق بھاو پرکاش مین لکھے ہین اور جلاب لینے اور خون نکلوانے سے بھی فرنگ باد جاتا ہے - یا پارہ شنگرف نیلا تھوتھہ - ہیراکسیس - آنولا سار - گندک سب صاف یہ سب برابر لے انکو کھرل مین پیس خوب ملاوے اور اسکا بھرکا دے یا لیپ کرے تو یہ عارضہ جاوے اسکا نام سوتکا لیپ ہی - یا تین مرتبہ کے دہوے ہوے گھی کا لیپ کرے تو فرنگ باد جاوے - یا نیلا تھوتھہ اور موم کو گھی مین پکا کر لیپ کرے تو فرنگ باد دفع ہو - یا روغن تلخ دو تولہ - موم پانچ درم - کمیلہ - بیر - یہ دونون چھ چھ ماشہ - سندور ۲ درم - شورہ دو درم - مردار سنگ دو درم - انکو باریک پیس پیتل کے برتن مین نرم آنچ سے پکاوے پھر ہاتھون سے ملکر ڈبیا مین بھر رکھے پھر اسکی کجلی دے تو فرنگ باد کے پھوڑے اوپدنش کو یہ مرہم اچھا کرتا ہے اسکا نام ملہر مرہم ہے - یا سندور آدہ پاؤ گائے کا گھی ایک اٹا ان دونون کو ملکر مدتین لیپ کرے - اسیطرح تین دن کرے اور اسکے اوپر کھیر کھاوے تو سب طرح کا زخم بسپھوٹک فرنگ باد کے چکتے یہ سب سوکھ جاوین - یا پارہ اور سیسہ کو کھرل مین جلی کرے اور گیہون کی بھوسی اور کچی املی اور نیم کے پتے دہوسہ یہ سب برابر لے لیمو کے رس سے کھرل کرے پھر دو درم بھر کی گولیان بناوے اور کپڑے سے بدن کو ڈھک کر ایک گولی کی دہونی لے اور اسیطرح سات دن کرے تو سب طرح کا بسپھوٹک دور ہو اسکے اوپر کھیر اکیس ۲۱ دن یا چودہ روز تک کھاوے یا ترپھلا - کھیرسار - جاوتری برابر لے اور پانی مین اوٹا کر منہ دہووے پھر دہونی لے تو فرنگ باد جاوے یا زیرہ سیاہ اور کوٹ دونون تین تین درم لے اور پورانا گڑ ان سے تین حصے زیادہ لے انکو کوٹ انکی پندرہ گولیان بناوے ایک گولی صبح اور ایک شام کبوتر کھاوے تو فرنگ باد دور ہو اسکے اوپر گیہون کی روٹی گھی سے چپڑ کر کھاوے اسکا نام فرنگ گج کیسری رس ہے - یا شنگرف چھ ماشہ - سہاگہ دس ماشہ - حاقر قرحا دس تولہ - موم دس ماشہ - انکو باریک پیس انکی ایک ایک رتی کی گولیان بناوے - پھر ایک گولی کی بیر کی کونپل مین سات روز تک دہونی دے تو فرنگ باد جاوے یا پوست سنبزہ - پوست برگد - پوست کا ہوا نکال کر

توسات دن مین فرنگ باے دفع ہو۔ یا شنگرف چار ماشہ۔ منیسل چار ماشہ انکو باریک پیس بیر کی لکڑی کی آگ مین دو ماشہ کی کپڑا اوڑھا کر جہان ہوا نہ آتی ہو ایسی جگہ مین دھونی دے تو فرنگ باے دفع ہو۔ یا ہنگا دکا دھوان مقعد مین دے ✣

پوست پیپل۔ پوست گولر۔ پوست پلکھ خرد و کلان۔ پوست برگد۔ پوست چین انکا کاڑھا کر انکی کلی کرے تو موڑھے کی سوجن دور ہو یا زیرہ پانچ درم۔ کھیرسار دو درم انکو پانی سے باریک پیس چھالے مین لگاوے تو منہ کا پکنا دور ہو ✣

مسور کا نام سیتلا کی پیدایش علامت اور علاج

تلخ اور نمک کھٹائی کی چیز اور خلاف شے کے کھانے اور غذا کے اوپر پھر خوراک کھانے سے اور بہت ساگ نمک اور گوشت کھانے سے یا خراب ہوا کے استعمال سے یا بدستارے کے آنے سے شدھ مین سیتلا کے فساد سے بدن کے خون کو خراب کر کے مسور کے مانند پھنسیونکو پیدا کرتے ہین۔ یہ عارضہ چودہ قسم کا ہے بادی۔ صفراوی۔ بلغمی۔ خونی۔ سنپات یعنے تینون خلطون کا۔ چرمچ یعنے چمڑے سے پیدا ہوا۔ رونانکا۔ ساتون ہات گت رکت گت۔ مانس گت۔ دوش میدگت۔ استھنہ گت۔ مجیا گت۔ شکر گت ✣

بادی مسور کا علامتین

اوسکی پھنسیان سیاہ اور روکھی ہون اور بہت درد ہو۔ سخت ہون۔ یہ علامتین ہون تو بادی مسور کا جانو ✣

صفراوی مسور کا علامتین

جسکی پھنسیان سرخ زرد سیاہ جلن لیے ہون اور اون مین بہت درد ہو اور جلد پکین تو صفراوی مسور کا جانو ✣

خونی مسور کا علامتین

جسمین اسہال اور بہت بخار ہو اور صفرا کی بھی علامتین ہون اوسکو خونی مسور کا جانو ✣

ملغمی مسور کا کی علامتین

جسمین سپیدا اور بڑی چکنی پھنسیان ہون اور اون مین کھجلی آوے اور درد کم ہو دیر مین پکین یہ علامتین ملغمی مسور کا کی ہین +

سنیات کی مسور کا کی علامتین

جسمین پھنسیان نیلی اور چپٹی ہون اور پھیل جاوین اور بیچ مین کھجلی لیے ہون درد بہت ہو پیپ پڑ گیا ہو دیر مین پکین اور بہت ہون تو سنیات کی مسور کا جانو +

رس مین پہونچی ہوئی مسور کا کی علامتین

جلد مین پہونچی ہوئی مسور کا پانی کے بلبلے کے مانند اور انمین کم فساد ہو اور وہ پھوٹین تو اونمین سے پانی برآمد ہو +

خون مین پہونچی ہوئی مسور کا کی علامتین

وہ پھنسیان سرخ ہون اور بہت جلد پکین جلد مین ہو جاوین اور یہ بہت مفسد ہین یا علاج نہین ہین اور یہی پھٹے ہوے خون کو بہا دین +

گوشت مین پہونچی ہوئی مسور کا کی علامتین

وہ پھنسیان سخت اور چکنی ہون دیر مین پکین جلد مین ہو جاوین بدن مین سول چلے اور کھجلی ہو اور سوزش غشی اور پیاس ہو +

چربی مین پہونچی ہوئی مسور کا کی علامتین

وہ پھنسیان مدور اور نازک اور کچھ اونچی ہون اور اونمین دہشت ناک بخار ہووے پھنسیان بڑی اور چکنی ہون اور درد کو لیے ہون اور حواس بیماری مین نفرت اور جلن ہو تو شاید کوئی آدمی زندہ رہے +

ہڈیون مین پہونچی ہوئی مسور کا کی علامتین

پھنسیان چھوٹی اور بدن کے مانند رنگ چپٹی اور کچھ اونچی ہون +

منی مین پہونچی ہوئی مسور کی علامتین

پھنسیان پکی ہوئی نظر اوین اور چکنی ہون اور اونمین بہت درد ہو اور نفرت غفلت اور بیدلی بھی ہو ایسی علامتین ہون تو وہ شخص زندہ نرہے +

چمڑے مین پیدا ہوئی مسور کی علامتین

چمڑے مین جو مسور کا پیدا ہوئی ہو وہ گلے کو روک کر نفرت غنودگی بک پیدا کرے یہ بہت علاج کرنے سے اچھی ہو +

روما نتکا یعنے روئین مین پہونچی ہوئی مسور کی علامتین

پہلے بخار ہو پھر روئین روئین مین بلغم صفرا سے پھنسیان ہون وہ کچھ اونچی ہون اور اون مین کھانسی اور نفرت ہو تو روما نتکا کہنا چاہیے +

باعلاج مسور کی علامتین

جلد خون مین مسور کا ہوا اور صفرا یا بلغم سے پیدا ہوئی ہو وہ تو باعلاج ہے بغیر علاج کے ہی اچھی ہو

لاعلاج مسور کی علامتین

جو سنپات سے پیدا ہوئی اور مونگا یا جامن یا خون یا السی کے پھول کی مانند اوسکی رنگت ہو تو یہ مسور کا لاعلاج ہے اسکے طرح طرح کے رنگ ہین اور اسمین یہ علامتین ہون اوسکو بھی لاعلاج جانو +

مسور کا علاج

مسور کا کے شروع مین پیدصندل کو بھگو کر سات دن لیپ کرے تو مسور کا تھوڑی نکلے +

بادی مسور کا علاج

دھمول - راسنا - آملہ - خس - دھاسہ - گلو - کنٹیر - ناگر موتھا - انکا کاڑھا دے تو بادی مسور کا جاوے یا بیٹھہ - برگد کے انکھوے - پوست سرہن - پوست گوکل - انمین گھی ملکر لیپ کرے تو بادی مسور کا اچھی ہو - یا گلو - مہوا - داکھ - مورہا - پوست انار دانکا

کا ڑہا کر قند سیاہ ڈالکر پیے تو بادی مسور کا اچھی ہو اور پکے نہین - مسور کا مین شالی کے چاول مونگ - مسور - مصری کھاوے اور نمک اور کھٹائی نہ کھاوے اور سیندہا نمک بیش و کم کا استعمال رکھے +

صفراوی مسور کا علاج

پٹول کی جڑ کا کاڑہا یا پانون کا رس پیے تو صفرا کی مسور کا دور ہو - یا پوست نیم - پت پاپڑہ پاڑہ - پٹول - دونون صندل - خس - کٹکی - آملہ - ارڈوسہ - انکا کاڑہا مصری ملاکر پیے تو صفراوی مسور کا دور ہو +

خون کی مسور کا علاج

اسمین سے خون نکلواوے تو خون کی مسور کا جاوے +

بلغم کی مسور کا علاج

ارڈوسہ - چراتیا - تربھلا - جواسہ - پٹول - پوست نیم - انکا کاڑہا شہد ڈالکر دین تو بلغم کی مسور کا جاوے +

سب قسم کی مسور کا علاج

پاڑہ - پٹول - کٹکی - دونون قسم کے صندل - خس - آملہ - ارڈوسہ - جواسہ - انکا کاڑہا مصری ڈالکر دین تو سبطرح کی مسور کا اچھی ہون +

مسور کا گلے مین زخم ہو گیا ہو اوسکا علاج

آملہ اور مہوے کے کاڑہے مین شہد ملاکر کلی کرے تو گلے کے زخم اچھے ہون +

مسور کا مین آنکھ چیٹ گئی ہو اوسکا علاج

مہوے کے پانی سے نوطون کا سینک کرے تو آنکھین کھلین +

مسور کا مین آنکھون مین زخم ہو گئی ہون اوسکا علاج

مہوا - تربھلا - مورہا - دار ہلدی - کنول گٹہ - خس - لودہ - بھینٹہ کا لیپ کرے تو آنکھ کا

زخم اچھا ہو پھر اوسجگہ زخم نہو سیا پوست برگد۔ پوست گولر پوست پیپل پیسکر آنکھون کے اوپر لیپ کرے تو آنکھین اچھی ہون۔ یا ارنے کنڈے کی راکھ کے لگانے سے مسور کا اچھی ہو یہ سب علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین +

مسور کا کی ایک قسم سیتلا ہی اوسکی شکل

پہلے کبھی بکھر حور بہت ہو کبھی تھوڑا۔ کبھی سردی لگے کبھی گرمی اور اسکا بھی کچھ ٹھیک نرہے پھر مسور کے مانند پھنسیان نکلین وہ بڑی ہو جاوین بخار کے بعد سات دن تک نکلا کرین اور پھر ڈھلین اوسکو سیتلا کہتے ہین۔ وہ سیتلا سات قسم کی ہے +

سیتلا کا علاج

سیتلا پکی ہو تو ارنے کنڈے کی راکھ نیچے بچھانی چاہیے یا نیم کی ٹہنی سے کھیان اوڑانا مفید ہے اسکے بخار مین ٹھنڈا پانی پلانا چاہیے یا سیتلا کسی عمدہ پاک جگہ مین استھاپنا یعنے قائم کرے اور پاک ہو کر سیتلا دیبی کی پرستش کرنی چاہیے اور سیتلا کا بہت علاج نکرنا چاہیے یا ٹھنڈے پانی کو ہلدی سے پیے تو سیتلا کے پھوڑے بہت کم ہون یا کیلے کے پانی سے سپید صندل کو یا اڑوسہ کے رس مین مہوے کو یا شہد کے ساتھ مہوے کو پلانا مرد اور لڑکی کے لیے مفید ہے اس سے کوئی فساد سیتلا کا ظہور مین نہین آتا +

سیتلا والے کی رچھیا یعنی حفاظت کا طریقہ

جس گھر مین سیتلا والا رہے اوس گھر کے دروازون مین نیم کے پتے باندہنے چاہیین۔ یا صندل اڑوسہ ناگر موتھا گلو اور داکھ کا کاڑھا دین تو سیتلا کا بخار دور ہو۔ یا جب ہوم خیرات برہمنون کے کھانا کھلانے سے یا شیوجی کی پرستش نہایت پاک ہو کر کرانے سے دفع ہو۔ یا سیتلا کے آگے سیتلا کا استوتر پڑہنا چاہیے وہ یہ ہے +

اشلوک

(۱) بھگوان دیو دیویش۔ سیتلا یاستوم شبھم۔ بکتو مہیہ شکھین بسپھوٹک بھیا پہم۔

الیشر وباچ - (۲) بندیم شتیلام دیہیم - سرب روگ بھیاپہام یا با ساویہ نرمتیہ - بسپھوٹک بہیم بھیت
(۳) ستیلے شتیلے چتی - یو برویا داہ پیڑتہ - بسپھوٹک بہیم گھورم - کپہم تسیہ نمشتیت (۴)
جتو دامدک مدہ متیو دہر تو اسمپو جیت رہ - بسپھوٹک بہیم گھورم کلے تسیہ نجاتیے (۵) شتیلے
تنو جان روگان نرنام ہرنہام ہرس سدستان - بسپھوٹک بشیر ناتام - تمیکا مرت برکہنی -
(۶) گلگنڈ گرہا روگان - یے چانیے دار نام نرنام - تدنو دمیان ماترین - شتیلے یانت
سنچہیم (۷) نہ منترم توکہ دم کنچت سپاپ روگسیہ بدتیے - تمیکا ستیلے وہاتری - نانیام
پسیام دیوتام (۸) مرنال تم تو سدرشیم - نابھہ ہرنمہیہ سنستہام دیوتوام بخپتیت دیی ملتیہ تیو
نجاتیے (۹) شرو بتیم پتبیم وے - نریر بہکت سمنتہ - اوپسرگ نباشارتہم - پرم ستیم مہت
(۱۰) ستیلا شٹک متیدوے - ندیم یہ کیہ چت - کنتو تسمے پرداتویم - شرو ہا بھگت
سمنیوتہ - یہ ستیلا شٹک اسکندہ پوران مین لکھا ہوا ہے ✣

ستیلا کی اور قسم

باد بلغم سے پیدا ہوا وسکو کو درو اکہتے ہین اوسکی کوڑون کی سی شکل ہو باد بلغم کی سی بھی ہوجاے
اوسمین بدن مین گرمی ہو اور کل بدن درد راسا ہوجاوے - یہ سات دن مین یا بارہ روز
مین بغیر کسی دوا کے اچھا ہوا سکو عوام مین بودری اور بہوری کہتے ہین اسمین بہت گرمی ہو
اور بدن مین سرسون کے مانند زرد زرد پھنسیان ہون یہ سب لڑکون کے ہوتا ہے یہ سب
ستیلا کی قسم ہے ✣

باب ہیجدہم پھنسیونکے بیان مین

چھدر روگ یعنے چھوٹی چھوٹی پھنسیونکی پیدایش

علامت اور علاج

اجگلکا نامے پھنسی کی علامتین

یہ پھنسی چکنی ہو اور بیر بہوٹی کے رنگ کے مانند ہو اور اوسمین درد نہو اور مونگ کے برابر ہو یہ بلغم

باد سے پیدا ہوتی ہے +

جو پہ چھاپھنسی کی علامتین

جو کے مانند ہو اور سخت گٹھیلی ہو گوشت مین رہتی ہو یہ بلغم باد سے پیدا ہوتی ہے +

انتر الجا پھنسی کی علامتین

وہ پھنسی بھاری اور سیدھی اور اونچی ہو گھیرا کیے ہو اور اوسمین پیپ کم ہو یہ بلغم باد سے پیدا ہوتی ہے +

ببر نامے پھنسی کی علامتین

پچھے منہ کی ہو اور اوسمین بہت جلن ہو اور پکے ہوے گولر کے پھل کے مانند مع گہیری کی ہو +

کچھپکا پھنسی کی علامتین

پانچ یا چھ گانٹھین دہشت ناک ہون اور کچھوے کیطرح اونچی ہون یہ بلغم باد سے پیدا ہوتی ہے +

بالمیک پھنسی کی علامتین

کندھے اور بغل اور ہاتھ پاون اور گلا ان جگہون مین بدپرہیزی سے بانبی کے مانند جو گانٹھ ہو پھر وہ بڑھے اوسکے بے تعداد منہ ہون اونکے منہ مین سے پیپ نکلے اور درد ہو اور وہ اونچی ہون اور بسرپ روگ کے موافق پھیل جاوین اسکا علاج نہین ہے

اندر بردہ نام پھنسی کی علامتین

کنول کے پھول کے بیچ مین جو کنول کے گٹے کا گھر ہے اوسکے مانند پھنسیان چارون طرف باد صفرا سے ہون اوسکو اندر بردہ پھنسی کہتے ہین +

گرد بھکا پھنسی کی علامتین

دایرے کے مانند گول اور اونچی اور سرخ ہو اور اوسمین درد ہو وہ باد صفرا سے پیدا ہوتی ہے اوسکو گرد بھکا کہتے ہین +

پاکھان گرد بھگا پھنسی کی علامتین

یہ ڈہاری کے جڑ مین سوجن کو لیے بلغم سمیت ہوا وسمین کم درد ہوا ور چکنی ہوا وسکو پاکھان گرد بھگا پھنسی کہنا چاہیے +

پنکا پھنسی کی علامتین

کان کے بیچمین ہوا وسمین بہت درد ہوا ور وہ قائم ہووہ باد بلغم سے ہوتی ہے اسی پنکا کہتے ہین +

جال درمبھگا پھنسی کی علامتین

جو سوجن پہلے کم ہوا ور بسرپ روگ کے مانند پھیل جاوے اور وہ نہ پکے جلن اور بخار کو کرے اوسکو جال درمبھگا پھنسی کہتے ہین +

اربیلکا پھنسی کی علامتین

جو سر مین گول پھنسی ہوا ور جسمین بخار لیے بہت درد ہو یہ سنپات سے ہوتی ہے اوسکو اربیلکا کہتے ہین +

کانکھولائی کی علامتین

بازو کے ایک حصہ مین یا پسلیون کے ایک حصہ مین یا کندہون کے ایک حصہ مین درد لیے صفرا کے فساد سے سیاہ پھوڑا ہوتا ہے اوسکو کانکھولائی کہتے ہین اور کئی ایک کے فساد سے بغل مین پھوڑے ہوتے ہین اوسکو بھی کانکھولائی کہتے ہین +

اگن روہنی پھنسی کی علامتین

بغل کے ایک حصے مین جو گوشت کا پھاڑنے والا پھوڑا دہشت ناک ہوتا ہے اور اوس پھوڑے مین جلن کا بخار بھی ہو گویا اوس پھوڑے مین یہ سب بھرے ہین وہ پھوڑا سات دن یا بارہ دن یا سولہ دنون مین آدمی کو مار ڈالتا ہے اسکو اگن روہنی کہتے ہین یہ سنپات سے پیدا ہوتا ہے اور لاعلاج ہے

پیچ نامے پھنسی کی علامتین

باد صفرا ناخن کے گوشت مین رہکر سوزش اور پیپ کو پیدا کرتے ہین تب پیچ نامے پھنسی ہوتی ہے +

کنکھہ روگ یعنے جسکا ناخن جاتا رہا ہو اوسکی علامتین

باد صفرا بلغم یہ کپہ مفسد ہوکر کنکھہ کا عارضہ پیدا کرتے ہین +

انوشی پھنسی کی علامتین

وہ پھنسی گہری ہو اور اوسکی ابتدا کم ہو اور بدن کے رنگ کے مانند پاون پر ہو اور فساد پیدا کرے

بدار کا پھنسی کی علامتین

وہ پھنسی بداری قند کے مانند گول ہو اور بغل مین سنیات سے پیدا ہوتی ہے +

شترکرا پھنسی کی علامتین

بلغم جربی باد گوشت اور نسون مین پہونچ گانٹھہ کو شہد یا گھی یا چربی کے مانند کیے اور وہ گانٹھہ ٹیڑہی ہوکر میلے خون کو چلا دیوے اور بدنکے گوشت کو سکھا دے اوسکو شترکرا بولتے ہین +

شترکرا ربد پھنسی کی علامتین

وہ خراب گانٹھہ ہو اور اوسمین طرح طرح کے رنگ کا بہت چیپ نکلے اور اوسکی نسین خون بہایا ہی کرین +

بباوکی علامتین

پاون بہت روکھا ہو اور پھر اکرے اوسکے پاون کی تلی مین باد بباوکو پیدا کرے +

کدر پھنسی کی علامتین

پاون مین یا ہاتھہ مین کنکڑی چبھی ہو یا کانٹا چبھا ہو اوس سے بیر کی مانند اونچی گانٹھین ہوتی ہین

کھرو ہلی علامتین

خراب کیڑے چھونے سے پاون کی انگلی کے نیچے کھجلی ہو اور اوسجگہ جلن اور درد ہو +

اندرلپت جسکو عوام مین اوری لاگی کہتے ہین اوسکی علامتین

ہر ایک روہین مین جو صفرا رہتا ہے وہ باد بلغم سے ملکر بڑہے ہوے بالون کو دور کرتا ہے پھر مع خون کے بلغم روہون کو پیدا ہونے سے روک دے اوسکو اندرلپت یا چانہ بالا کہتے ہین +

ارنکھکا اسی کی قسم ہے اوسکی علامتین

بالون کی زمین مین کھجلی بہت چلے اور وہ زمین باد کے فساد سے روکھی پڑجاوے اسکو وارن کہتے ہین۔ بلغم اور خون سر مین مفسد ہون تو ارنکھکا ظاہر کرتے ہین +

جوانی مین سپید بال ہون اوسکی علامتین

غصہ سے یا فکر سے بدن کی گرمی سر مین جاوے تب صفرا بالون کو سفید کردیتا ہے +

لہسن کی علامتین

سیاہ اور چکنا ہو اور اوسمین درد نہو اور گول ہو یہ بلغم خون سے پیدا ہوتا ہے اور یہ بد کی ساتھ پیدا ہوتا ہے اسکو لہسن کہتے ہین +

مسون کی علامتین

اون مین درد نہو اور قائم اور سیاہ ہون اور بدن مین ماش کی برابر ہون یہ باد سے ہوتی ہین

تلکا کی علامتین

سیاہ تل کے برابر ہون اور اونمین درد نہو بدن کے برابر ہون یہ باد صفرا اور بلغم کی زیادتی سے ہوتی ہین اور بہت ہوتی ہین +

نیچھہ کی علامتین

بڑا یا چھوٹا ہوا اور سیاہ سفید ہو اور گول بغیر درد کے ہو اوسکو نیچھہ کہتے ہین +

لنگ برتکا کی علامتین

آلت کے مسلنے یا اوسکے دبانے سے یا وہان ضرب لگنے سے آلت کی ہوا گھومتی رہے آلت کے چمڑے کو اولٹا دے اور سپاری کے نیچے ایک لمبی درد لیے گانٹھ کردے یہ باد سے پیدا ہوتی ہے +

اوپاکا روگ کی علامتین

جس عورت کے خاص مقام کا منہ بہت چھوٹا ہو اوس عورت کے ساتھ مرد قربت کرنیکے لیے جاوے

کسی خوشی سے یا اپنی طاقت سے بہت قربت کرے اوس عورت کی آلت کا چمڑا اوتر جاوے اوسکو اوپاٹکا کہتے ہین +

نردہ پرکاش ردگ کی علامتین

آلت مین باد آکر دہس جاوے تب بیمار کی چمڑی مین رہکر سپاری کے چمڑے سے آلت کو ڈھک کر پیشاب کی راہ کو روک دے اور وہان باد سے مل کر درد پیدا کرے +

من روگ کی علامتین

نردہ پرکاش ہونیکے بعد پیشاب کی دہار باریک بغیر درد کے چلے اور اوس سوتے کا منہ چوڑا ہوجاوے اوسکو من روگ کہتے ہین +

سنردہ گد روگ کی علامتین

جو شخص پاخانہ کے زور کو روکے اوسکی مقعد کی بڑی راہ کو باد چھوٹا کردیتا ہے تب اوس چھوٹی راہ کے سبب روکھا مواد بہت مشکل سے اوترے +

برکہن یعنے کچھور روگ کی علامتین

جو شخص نہین نہاتا اوسکے حصیے مین میل بہت ہوجاوے جسمین پسینا آوے کھجلی چلے تب اوس کھجلانے سے پھوڑے ہوجاوین اون پھوڑون مین پیپ بہت نکلے تب اوسجگہ بلغم اور خون کے فساد سے برکہن یا کچھور روگ پیدا ہوتا ہے +

گد بہرنش روگ کی علامتین

موڑا بناہی اور اتیسار یعنے اسہال ان دونون سے ہی آدمی کمزور ہوجاتا ہے اور اوسکا پاخانہ روکھا پڑجاوے اور وہ دبلا ہوجاوے تب اوس بیمار کی مقعد باہر نکل آوے اوسکو عوام مین کانچ کہتے ہین +

شوکردنشٹ روگ کی علامتین

جسکی جلد پک جاوے اور اوسجگہ بہت درد ہو جلن ہوتی رہے اور وہ جگہ سرخ ہو وہان بہت

کھجلی آوے اور بخار ہو اوسکو شوکر نشت کہتے ہین +

ان سبکا علاج

آجلگا وغیرہ جو پھنسیان ہین انکا جونکین لگاکر خون نکلوالین یا پکے ہوے برن یعنے زخم کا جو علاج پیچھے لکھا ہے وہ کرنا چاہیے یہ عارضہ اچھا ہو - یا پھٹکری سونف پیاز ان کو ٹھنڈے پانی سے باریک پیس لیپ کرے تو پھنسیان اچھی ہون یا مینسل - دیودار - کوٹ کو پانی سے باریک پیس لیپ کرے پھر ہتیار سے چیر کر پیپ نکالے پھر جو مرہم پیچھے کہا ہے اوسکے لگانے سے یقیناً دور ہو یا سہنجنہ اور دیودار کو پانی سے باریک پیس لیپ کرے تو بدار کا پھنسی اچھی ہو +

ارتیلکا پھنسی کا علاج

جو صفراوی بسرپ کا علاج ہے وہی اسکا بھی ہے +

پنسکا پھنسی کا علاج

پہلے برگ نیم باندھکر اسکو پکاوے پھر مینسل - کوٹ زرد چوب اور تل کو باریک پیس انکا لیپ کر اسکو پکاوے پھر چیرا دیکر اسکا پیپ نکالے یہ مرہم لگاوے تو پنسکا اچھی ہو +

پاکھان گرد بھکا کا علاج

پہلے جونکین لگاکر خون نکلواے اور گرم لیپ کرکے اسکو پکاوے پھر برن یعنے زخم کے علاج سے اسکا علاج کرے +

بالیک پھنسی کا علاج

اسکو پکاکر چیرا دینا چاہیے پھر نمک اور چرک کا لیپ کرے پھر اوسکی پیپ نکال ڈالے پھر ارمد یعنے بدکا علاج کرکے اوسکو بھر دے یا جنک وغیرہ سے اسکا خون نکلوالے یا پنج کلتہ - گلو نمک - پنج املتاس - داتیونی - نسوت انکو پانی سے باریک پیس گرم کرا سمین تھوڑا گھی ڈالکر لیپ کرے تو یہ پک جاوے پھر چیرا دیکر مردار گوشت نکال ڈالے پھر زخم کے اچھے

ہونیکے مرہم سے یہ اچھا ہو۔ یا منیسل الایچی۔ سرخ صندل۔ کوٹ۔ برگ چمیلی بھلاوہ مٹھا برگ نیم انمین تیل پکاکر اسمین پکاوے تو بالیک مع سوجن پھنسی دور ہو اسکا مارسنہ شلا دتیل ہے

کانکھولائی اور اگن دہنی پھنسیوں کا علاج

پہلے جونکون سے خون نکلوانا چاہیے۔ یا جو صفراوی بہرپ کا علاج ہے وہی اسکا بھی کرنا چاہیے یا دیودار۔ منیسل اور کوٹ کو برابر لے باریک پیس پانی سے کچھ گرم کر اسکا لیپ کرے یا گرم گرم اسکا پنڈا باندہے تو کانکھولائی اچھی ہو +

اوپاٹکا کا علاج

چکنی چیزون سے رفتہ رفتہ سینک کرے تو اوپاٹکا اچھی ہو +

نردہ پکاش کا علاج

چوکے کے رس مین تیل کو پکاکر اس تیل کا سینک کرے یا سوکر کی گھی کا سینک کرے تو نردہ پکاش اچھا ہو +

سنردہ گدا کا علاج

گرم گرم تیل کا سینک کرے یا باد کے دور کرنے والے تیل کا سینک کرے تو سنردہ گدا کا عارضہ دور ہو

برکھن کچھورو گ کا علاج

رال کوٹ۔ سیندہا نمک اور سرسون کو پانی سے باریک اوبٹن کرے تو یہ عارضہ دور ہو +

گدبھرنش یعنے کانچ کے عارضی کا علاج

گائے کے گھی وغیرہ چکنی چیزون کا گرم گرم سینک کرے تو یہ عارضہ دفع ہو۔ یا کملنی کے نرم پتے سکھاکر اور اسمین مصری ملاکر ڈھائی درم ہر روز کھاوے تو کانچ نکلنی بند ہو۔ یا چوہے کے گوشت کا روغن کانچ پر لیپ کرے تو کانچ نکلنا بند ہو۔ یا ڈانسرہ۔ چترک لینا مغز بیل پاڑہ جواکھار یہ سب برابر لے انکا باریک چورن کر بقدر ڈھائی درم گائے کے مٹھے سے ہمیشہ پیئے تو گدبھرنش دور ہو یا چوہے کا گوشت اور دسمول کا اس مین پانی ڈالکر اسکا کاڑھا بناوے پھر اسمین تیل پکاکر اسکی مالش کرے تو کانچ کا نکلنا متصد کا دور

دور ہو یا چوہے کا گوشت اور دسمول کا اسمین پانی ڈالکر اسکا کاڑھا بناوے پھر اسمین تیل پکاکر اسکی مالش کرے تو کانچ کا نکلنا مقعد کا درد اور بھگندر کا عارضہ دور ہو۔ یا مچھیندر کا تیل چوہے کے تیل کیطرح نکالکر اوسکا لیپ کرے تو گدبہرنش یعنے کانچ کا نکلنا بند ہو۔ یا لینا کا رس۔ بیر کی جڑ کا رس۔ دہی مٹھا۔ اسمین زنجبیل اور جواکھار اور گھی ڈالکر پکاوے پھر اس گھی کو پانچ درم ہر روز کھاوے تو گدبہرنش کا عارضہ دور ہو اسکا نام جنگیری گھرت ہے +

سوکر ونشٹ روگ کا علاج

بیج جل بھانگرہ اور زرد چوب کو باریک پیس پانی سے جہان سورنے کاٹا ہو وہان اسکا لیپ کرے تو سور کی داڑھ کا زہر دور ہو +

الس یعنے کہار کا علاج

ہیول۔ منیسل۔ لیمو۔ گولوچن۔ کالی مرچ۔ تل کٹیلی کا رس اور کانجی مین روغن تلخ پکاوے پھر اسکو کہروے مین بھر کر مالش کرے تو کہروا اچھا ہو۔ بانجم کنگچ۔ زرد چوب۔ ہیر اسمین مہوا۔ گولوچن ہرتال یہ سب برابر لے انکو شہد سے باریک پیس لیپ کرے تو کہروا اچھا ہو +

بیاو کا علاج

نیگرم تیل کا سینک کرے یا موم اور جواکھار کو گھی مین ملاکر گرم گرم بیاو مین بھرے تو بیاو اچھی ہو۔ یا راسنا سیندہا نمک۔ شہد اور گھی کو روغن تلخ مین ملاکر لے پھر اس کو بیاو مین بھرے تو بیاو اچھی ہو۔ یا شدر موم۔ گیرو۔ گھی۔ قند سیاہ۔ گلو۔ رال کو باریک پیس خوب ملاکر بیاو مین بھرے تو بیاو اچھی ہو۔ یا تخم دھتورہ اور جواکھار کو کڑوے تیل مین پکاکر مالش کرے تو بیاو اچھا ہو +

کدر کا علاج

جسکے پانون مین کانٹا یا کنکڑی چبھ گئی ہو اور اوس مین زخم ہوگیا ہو وہ گرم تیل سے سینک کرے یا آک مین دودھ اور گڑ ملاکر باندھے تو کدر اچھا ہو +

تل کا علاج

سرسون - سجی - زرد چوب - اور کیسر کو پانی سے باریک پیس کر اوبٹن کرے پھر جھری وغیرہ سے رگڑے تو بدن کے تل دور ہون ✣

مسّے کا علاج

سجی - چونہ اور صابون کو پانی سے باریک پیسکر مسون پر لگاوے تو مسّے دور ہون ✣

لہسن کا علاج

لہسن کو بچھنے سے رگڑے پھر سرسون - ہلدی کوٹ سجی جواکھار مدر کیسر کو پانی سے باریک پیس اوبٹن کرے تو لہسن دور ہو ✣

چیپ کا علاج

اس عارضے مین جونکین لگاکر خون نکلوادے یا سپاری اور زرد کوڑی کی راکھ کتہ کیلا مردار سنگ نیلا تھوتھہ کو بُرکے تو چیپ دور ہو ✣

کنکھہ روگ کا علاج

سارا ایک ماشہ ہر روز شہد سے کھاوے یا کنکی کو استعمال کرے تو کنکھہ کا عارضہ دور ہو ✣

مسّے تل اور لہسن کا علاج

سنگرف بھنا ہوا نیلا تھوتھہ دونون تولہ تولہ بھر اور سیندور ایک درم - رال سات درم ان سبکو گاے کے گھی مین بارہ پہر کانسے کی تھالی سے یا لوہے یا تانبے کی گھوٹنے سے تین دن رگڑے جب وہ پانی سے مانند ہوجاے تب اسکا لیپ کرے تو مسہ لہسن کہروا پھوڑا اور کھجلی یہ سب دور ہون - یا کالی زیری ۲ درم نوسادر ۵ درم - سیپ کا چون ۱ درم - نیلا تھوتھہ چار تولہ - ان سبکو باریک پیس ارنی کے رس کی تین پٹ دے پھر جل بھانگرے کے رس کی تین پٹ دے انکو دھوپ مین سکھاکر گاے کے بچھرے کی پیشاب مین اسکی گولی باندھے پھر ایک گولی اوسکے پیشاب سے گھسکر لگاوے تو تل مسہ اور لہسن سب دور ہون ✣

کھجلی کا علاج

لوہے کے برتن مین لوہے کے گھوٹنے سے آنولا سار گندھک ایک حصہ پارہ دو حصہ - نیلا تھوتھہ تین حصہ گاے کے گھی سے خوب گھوٹ کر لیپ کرے تو کھجلی دور ہو +

چیپ کا اور علاج

لوہے کے برتن مین ہر کو ہلدی کے رس سے رگڑے پھر گرم کر کے لگاوے تو چیپ دور ہو +

پتل یعنے عالم شباب مین بال سپید ہون اوسکا علاج

لوہے کا چورن ۲ ۰ درم - آنب کی گٹھلی ۲ ۰ درم - آملہ ۲ درم - بڑی ہر کا چورن ۲ درم - بہیڑہ ۲ ۰ درم - ان سبکو باریک پیس لوہے کے برتن مین بھانگرے کے رس سے دو دن بھگو رکھے پھر سپید بالون مین لیپ کرے تو سیاہ ہون - بانج کیٹکی - بانج کیوڑہ - سنجنہ کا پھول - بیر - لوہ چورن - جل بھانگرہ - تربھلا - ان سب کو تیل مین پکاوے پھر لوہے کے برتن مین رکھکر زمین مین گاڑ رکھے ایک مہینے کے بعد اوس تیل کو سپید بالون مین لگاوے تو سپید بال سیاہ ہون - یا تربھلا - برگ نیم لیچون - جل بھانگرہ یکا رس گاے کے پیشاب مین اسکو سپید بالون پر لگاوے تو بال سیاہ ہو جاوین - یا پاپڑ کھار ایک ماشہ - سندور ایک ماشہ مردار سنگ ایک ماشہ - کھانے کا چونہ آٹھ ماشہ - انکو پانی سے پتھر مین تین گھڑی تک پیسے جب اسکا رنگ ناخن کے اوپر سیاہ آوے تب سپید بالون مین لگاوے تو وہ بال سیاہ ہون - یا موتا نیا مازو پھل لیکر بھوبھل مین ایسی ہوشیاری سے سینکے کہ نہ اوسکو پھٹنے دے اور نہ جلنے پاوے پھر ایک عدد ماجو پھل - سنگ راس ایک ماشہ نیلا تھوتھہ چار رتی - نوسادر تین رتی - لونگ تین رتی پھٹکری تین رتی - لیچون ایک ماشہ ان سبکو آملہ کے پانی مین اور لوہے کے برتن مین لوہے کے گھوٹنے سے ایک پہر رگڑے جب اوسکا رنگ ناخن پر آوے تب سپید بالون کو آملے کے پانی سے دھوکر بالون پر گھرا لیپ کرے اور لیپ اوپر نہ آوے پھر سپید بالون کو آملے سے دھوڈالے تو بال سیاہ ہون یا کھانیکا چونہ

یا ارہر کی راکھہ یا کوڑیونکی راکھہ کو سیسے سے رگڑے اور اسمین تھوڑا سا گوپی چندن ڈالکر ایک ماشہ مروارید سنگ ڈالے جب رگڑتے رگڑتے ناخن پر رنگ سیاہ آوے تب بالون پر لیپ کرے اوراوپر سے ارنڈ کا پتا باندہے تو بال سیاہ ہون +

اندر لپت جسکو عوام مین اودری لاگی بولتے ہین اوسکا علاج

پھول کے پتے کے رس مین کتلی کو پیسکر جہان بال گئے ہون وہان لیپ کرے تو بال جم آوین یا گوکھرو اور تلونکے پھول برابر لے اور گھی مین پیس جہان بال گئے ہون وہان لیپ کرے تو بال جم آوین - یا ہاتھی دانت کی راکھہ کو بکری کے دودہ مین لگاوے تو بال ہوآوین - یا بیخ کنول داکھہ تیل گھی دودہ ان سبکو باریک پیس لیپ کرے تو بال ہوآوین یا برگ چمیلی بیخ کنگھ اور چترک کو تیل مین لگا کر ملے تو بال جم آوین +

چیپ کا علاج

چرونجی کی گرچھلی مین سجی جلاکر لیپ کرے تو چیپ کا عارضہ دور ہو یہ بھاو پرکاش مین لکھا ہے

سر کے عارضون کی پیدائش اور علامات

سر کے گیارہ قسم کے عارضے ہین - باوی - صفراوی - بلغمی - سنپات کا - خون کا - دوہرے پن کا کیڑون کا - سورجاورت - اتت ہات - شکر نلیے کنپٹی کے درد کا - اردہا و بھیدک - یہ گیارہ قسم کے سر کے عارضے ہین سو یہ خاصکر خلاف غذا کے کھانے سے پیدا ہوتے ہین +

باوی سر کے درد کی علامتین

بغیر کسی سبب کے سر مین بہت درد ہو اور رات کو زیادہ ہو اور دواہون کے لیپ تابینک کرنے سے آرام ہو تو جاننا چاہیے کہ باوی سر کا درد ہے +

صفراوی سر کے درد کی علامتین

جسکی پیشانی آگ کے مانند جلے سر کے ٹکڑے ہوتے جاوین اور آنکھون مین بہت درد ہو رات کو سردی زیادہ لگے تو صفرا کا درد سر جاننا چاہیے +

بلغمی دردسر کی علامتین

جسکا سر بلغم سے لپا رہے اور بھاری اور ٹھنڈا ہو اور آنکھ ناک منہ مین سوجن ہو اور سر جلے تو ان علامتون سے مریض کو بلغم کا دردسر جانو ✣

سنپات کے شرو روگ کی علامتین

اوپر کہی ہوئی سب علامتین ملین تو سنپات کا دردسر جاننا چاہیے ✣

خون کے دردسر کی علامتین

جو صفرا کے دردسر کی علامتین کہی ہین وہ سب ہون اور پیشانی ہاتھ چھونا برداشت نکرے تو خون کا دردسر جانو ✣

دُبلے پن سے پیدا ہوی سر درد کی علامتین

بدنکی قوت زائل ہوجاوے تب سر خالی پڑجاوے اور جلے - بہت درد ہو تو جین سے کا یعنے دُبلے پن سے دردسر جانو ✣

کیڑون سے پیدا ہوے دردسر کی علامتین

جسکا سر بہت درد کرے اور پھڑکے اور جسکی ناک سے خون اور پیب بہت نکلے اور اوسکا سر بہت پڑ رہے تو کیڑون کا دردسر جانو ✣

سورجاورت دردسر کی علامتین

آفتاب کے طلوع ہوتے وقت آہستہ آہستہ درد ہو اور جیون جیون دن چڑھے تیون تیون دوپہر تک درد بڑھے اور آنکھین اور ابرُون مین بہت درد ہو اور دوپہر کے بعد درد کم ہوتا جاوے اسکو سورجاورت روگ کہتے ہین ✣

اننت بات شرو روگ کی علامتین

بادصفرا اور بلغم ان تینون کے خراب ہونیسے کنپٹی اور آنکھین اور کنپٹیون مین بہت درد ہو اور ڈاڑھونکو ملنے لگین - رخسارون مین رعشہ - آنکھون مین فساد سر مین بہت درد پیدا کرے

اسکو انتت بات کہتے ہین +

کنپٹی مین درد ہوا وسکی علامتین

صفرا خون اور باد مفسد ہوکر کنپٹی مین بہت درد پیدا کرین اور بدن مین جلن ہو اور کنپٹی کو سرخ کردین اور سر کے ٹکڑے ٹکڑے کرین اور گلے کو روک دین اسکو سنکہ نام سر کا درد کہتے ہین ایسا مریض تین دن تک زندہ رہے +

ارد ہاوبھیدک نامی درد سر کی علامتین

رو کھی چیزون کے کھانے اور خوراک پر خوراک کھانے سے اور مشرقی ہوا سے اور بہت جماع کرنے اور پاخانہ اور پیشاب کے روکنے اور ریاضت کرنے سے باد مفسد ہوکر بلغم کو لیلے پھر وہ باد کندہ ہے کنپٹی کان پیشانی اور بھونھ کے آوہے آدہے حصے مین کسی بڑے ہتیار کے لگنے کا سا درد کرے اوسکو ارد ہاوبھیدنک کہتے ہین اور یہ درد آنکھ اور کان مین بہت ہونے سے آدمی کو مار ڈالتا ہے +

باد کے درد سر کا علاج

باد کے دفع کرنے کا تیل یا عام تیل کی مالش کرین اور باد کے دور کرنے والی چیزون کا استعمال کرین تو یہ عارضہ دور ہو۔ یا کوٹ۔ بچ ارنڈ۔ زنجبیل کو مٹھے مین باریک پیس گرم کرکے پیشانی مین لیپ کرین تو بادی درد سر دور ہو۔ یا سوانس کٹہار رس کا ناس لین تو طرح طرح کا درد سر دور ہو۔ یا ماش کی چون کو اوسن کر روٹی کر اوس روٹی کو سر پر ایک پہر باندہے تو درد سر دور ہو +

شربت

ماش کے آٹے کو پانی مین اوسن سوا انگل یا آٹھ انگل کی روٹی کر اوسکو گرم تیل سے سینکے پھر وہ تیل ایک پہر یا چار گھڑی قائم جگہ مین سر کے اوپر رکھے تو بادی درد سر دور ہین۔ کندہ آنکھ اور کان کے عارضو کو اور پیشانی کے رعشہ کو دور کرتا ہی اسکا استعمال پانچ سات دن کرے +

نعمانی

صفراوی سر درد کا علاج

صندل اور کنول گٹے کو ٹھنڈے پانی سے پیسکر لیپ کرے تو صفراوی درد سر دور ہو یا نیلوفر کے دہوے ہوے گھی کا لیپ کرے تو صفراوی درد سر دور ہو۔ یا زنجبیل اور قند سیاہ کو پانی مین پیس ناس لے تو سب قسم کا درد سر دور ہو +

خونی درد سر کا علاج

صفراوی سر درد اور اسکا ایک ہی علاج ہے اسمین خون نکلوانا زیادہ ہے +

بلغمی سر درد کا علاج

اس بیماری مین قے کرانا چاہیے یا بلغم دفع کرنے والی دوائین پیسکر گرم گرم لیپ کرنا مفید ہے

سنیپات کے سر درد کا علاج

سنیپات کے دور کرنے والی دوائیون کا لیپ کرنا چاہیے یا اونکو کھاوے تو درد سر دور ہو +

کھڈ نبدہ و تیل

بیخ ارنڈ۔ تگر۔ سونف۔ جیونتی۔ سیندہا نمک۔ راسنا۔ جل بھانگرہ۔ بابیرنگ۔ ملٹھی۔ سونٹھ تلون کا تیل۔ ان سب دواؤن سے آٹھ حصہ زیادہ لے جگنا جل بھانگرے کا رس لے اور تیل سے چار حصے زیادہ بکری کا دودھ لے پھر ان سبکو مجمع کر کڑاہی مین نرم آنچ سے پکاوے جب سب جل جاوین اور تیل رہجاوے تب اسکے چھ قطرون کی ناک مین ڈالے تو سر کے سب درد دور ہون۔ اور دبلے پن کا درد سر مقوی علاج سے دفع ہوتا ہے +

کیڑون سے پیدا ہونے سر درد کا علاج

زنجبیل۔ فلفل۔ پیپل۔ بیخ املتاس۔ اور تخم سنجنہ کو برابر لے بکری کے پیشاب مین باریک پیسکر ناس لے تو سر کے سب کیڑے جاوین اور درد سر اچھا ہو +

سورجابرت آدھا سیسی کا علاج

دودھ اور گھی ملا کر ناس لے تو آدھا سیسی دور ہو۔ یا سنکھ مہرہ۔ افیون۔ بیخ آک۔ بیخ دھتورہ

زنجبیل - کوٹ - لہسن - انگوزہ - انکو گائے کے پیشاب مین باریک پیس گرم کرکے لیپ کرے تو آدہا سیسی دور ہو +

آدہا سر درد کرے اوسکا علاج

جلاب دے تو یہ عارضہ دور ہو - یا گرم غذا کھانے سے جاوے - یا بی ٹرنگ سیاہ تل یہ دونون باریک پیس لیپ کرے تو یہ اچھا ہو - یا مصری دودہ کچے ناریل کا پانی آپس مین ملاکر پیے یا اسکا ناس لے تو آدہا سیسی اچھی ہو +

اننت باے درد سر کا علاج

آدہا سیسی کا اور اسکا ایک ہی علاج ہے یا پیشانی کی رگ کی فصد کھلاوے تو یہ اچھی ہو یا شہد کی مال پوریان کھاوے تو اننت بات سر کا عارضہ دور ہو +

تھیلا دکا ڑہا

پوست ہلیلہ - بہیڑہ - آنولا - ہلدی - گلو - چراتیا - پوست نیم - قند سیاہ - یہ سب برابر لے انکو جوکوب کر انکا کاڑھا سے یا ناس لے تو ابرواو کنپٹی کا درد اور آنکھونکا عارضہ آدہا سیسی دور ہو

کنپٹی مین درد کا علاج

دار ہلدی - ہلدی - مجیٹھہ - سفید سرسون - خس - کنول گٹہ انکو پانی سے باریک پیس کنپٹیون مین لیپ کرے تو اچھی ہو یا ٹھنڈے پانی سے ٹھنڈی دواؤن کا لیپ کرے تو کنپٹی اچھی ہو - یا اصل السوس اور ماش برابر لے اور انکا چوتھا حصہ سنگی مہرہ لے پھر انکو باریک پیس سرسون کے برابر لے تو سب قسم کا درد سر دور ہو - یا گلو - سیپ کا چونہ اور نوسادر انکو باریک پیس ناس لے تو سب قسم کا سر کا درد جاوے +

آدہا سیسی کا اور علاج

مصری اور کیسر کو گھی مین سینک کر اسکا ناس لے تو آدہا سیسی اور کنپٹی اور آنکھ کا درد سب دور ہون - یہ سب بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین - یا زنجبیل مرچ - پیپل - پوہکر مول

ہلدی - راسنا - دیودار - اسگندہ انکا کاڑھا بے تو سب قسم کے سر کے درد دور ہون یا مصری اور اس سے آدہی انار کی کلی کو ایک پیس ناس لے تو سب قسم کے سر کے درد دور ہون - یا کوٹ بیخ ارنڈ کو کانجی مین باریک پیس لیپ کرے تو درد سر دور ہو - یا مچکند کے پھولون کا لیپ کرے تو درد سر دور ہو - یا دیودار - تگر - کوٹ - خس - زنجبیل - انکو کانجی مین گھوٹ کر لیپ کرے تو درد سر دور ہو - یا مصری اور منیسل کر گاے کے پیشاب مین باریک پیس ناس لے تو آدہا سیسی دور ہو - یا خرگوش کے شوربے مین مرچ ڈالکر غذا کیوقت سات دن کھاوے تو آدہا سیسی وغیرہ سب سر کے درد دور ہون - یہ سب علاج بید رہس مین لکھے ہین - یا سرخ صندل - لونگ - زنجبیل کو پانی مین پیس لیپ کرے تو درد سر جاوے یا پوست انبہ کا لیپ کرے تو سر کا درد اچھا ہو - یا جل بھانگرے کے رس اور گاے کے مسکہ کا لیپ کرے تو درد سر دفع ہو یا پیپل - مرچ لودہ یہ سب برابر لے باریک پیس انکا تین دن ناس لے تو آدہا سیسی وغیرہ درد سر دور ہو ۔

سر کے کیڑون کا علاج

کڑوی ککوریکے بیجون کے رس کا ناس لے تو کھوپڑی کے کیڑے دور ہون - یا پیپل - آندہی جھاڑہ سرسون آک کی ڈوڈی کی بیج انکا ٹھنڈے پانی سے لیپ کرے تو درد سر دور ہو - یہ بید بلبھ مین لکھا ہے ۔

سر کے بالون کے بڑہنے کی ترکیب

چھار چھبیلا - کوٹ - سیاہ تل - سفید سرسون - کنول گٹہ انکو شہد اور دودہ سے باریک پیس لیپ کرے تو سر کے بال بڑہین یا چرپٹی باریک پیس جل بھانگرے کے رس مین وہ چورن اور تل کا تیل پکاکر اوس تیل مین الایچی - چھار چھبیلا - کوٹ کو باریک پیسکر لیپ کرے تو بال بڑہین - یا چھڑ - کدیٹی - پوست مول سری - آمد - اور کوٹ کو پانی سے باریک پیس لیپ کرے تو بال بڑہین ۔

دردسر کا اور علاج

لونگ ایک عدد - مرچ تین عدد ہینگ ایک چنے کے برابر ان تینوں کو پانی سے ناس لے تو دردسر تھینا دور ہو +

آدھا سیسی کا منتر

اوہ کپالی ناشے جاجاری پانی جاجاری ہتیاری نہ جاے تو تیرے گرو کی آگیا نہو منت بیر کی آگیا گرڑ پنکھڑی کی آگیا میری بھگت گرو کی شکت پھرو منتر ایشر و باچ اس منتر سے سر کے رفتہ رفتہ اکیس مرتبہ پھونک دے تو ادھا سیسی دور ہو - جو کالے پاکھ کی چودس کو اپنی طاقت کے موافق اس منتر کا جاپ کرے تو منتر سدھ رہے +

دوسرا منتر

اونگ نمو آدیش سیسی ہینگ ہنگ کاری مہر بجاری مکھ موند پاٹ لے داڑی مکارے سیس رہے مکھ مہیشر کی آگیا پھرے اونگ اونگ ٹھنگ ٹھنگ سوا ہا اکیس مرتبہ اس منتر سے اونگلی سر کے اوپر پھیرے تو آدھا سیسی دور ہو +

آنکھوں کے عارضوں کی پیدایش علامت اور علاج

آنکھوں کا دائرہ دو ڈھائی اونگل کے برابر ہے یا اپنے انگوٹھے کے بیٹ کے برابر ہے سو شاستر کے موافق اوس آنکھ کے گھیرے مین چوراسی عارضے ہین اور کئی عقلمند لوگون کی راے سے اٹھتر عارضے خاص ہین - پلک مین تو بارہ عارضے ہین - آنکھون مین دو عارضے ہین آنکھون کی سیاہ جگہہ مین چار عارضے ہین - آنکھ کے سپید حصے مین گیارہ عارضے ہین آنکھون کی مارگ مین جہان سے پانی نازل ہوا وسکا نام مارگ ہے نو عارضے ہین آنکھون کی بامنی مین دو عارضے ہین آنکھون کے جوڑون مین نو عارضے ہین سب آنکھ مین ستاسی عارضے ہین اسیطرح آنکھون مین اٹھتر عارضے ہین - یہ چرک اور سسرت مین لکھے ہین بادی دوش - صفراوی دوش - بلغمی تیرہ - خونی سولہ - سنپات کے پچیس

آنکھون کے باہر کے دوا ایسی چھیتر بیماریان ہین +

آنکھون کے عارضون کی پیدایش

دھوپ وغیرہ سے بدن مین گرمی ہوئی ہو پھر دریا تالاب یا باؤلی وغیرہ کے پانی مین جانے سے یا دور کے دیکھنے سے دن کے سونے یا پسینے سے آنکھون مین خاک کے پڑنے سے آنکھون مین دھوئین کے جانے سے قے کے روکنے سے یا بہت قے کرنے سے گرم چیز اور کانجی کلتہ اور ماش کے کھانے سے اور ریاح پاخانہ اور پیشاب کے روکنے سے اور موسم کے خلاف ہونے سے تکلیف اور بہت جاگنے سے آنسوؤنکے روکنے سے باریک چیز کے دیکھنے سے آنکھون مین چھیتر عارضے پیدا ہوتے ہین +

درشٹ روگ کی علامتین

اس آنکھ کے گھیرے کی کالی جگہ مین مسور کی دال کے برابر ایک مسہ ہے وہ مسہ پانچ مہابھوت سے پیدا ہوا ہے اور وہ آگ کے مانند چمکے اور ہمیشہ رہنے والا ہو اور وہ مسہ پانی اور خون کے سہارے ہے اس نظر کی چار جھلیان ہین پہلی جھلی تو خون اور پانی کے سہارے ہے دوسری جھلی گوشت کے سہارے ہے تیسری جھلی چربی کے سہارے ہے اس سے نور گوشت چربی ہڈی ان چارون کے سہارے ہے +

پہلی جھلی مین پیدا ہوے عارضون کی پیدایش علامت اور علاج

پہلی آنکھ کی جھلی کی نظر مین جو عارضے رہتے ہین اوس شخص کو جو نظر آوے وہ درست اور پورا نہو کیونکہ پہلی جھلی مین تھوڑے فساد رہتے ہین +

دوسری جھلی مین پیدا ہوی عارضونکی علامتین

دوسری جھلی مین جو فساد ہو تو کبھی کبھی اور بالون کا مجموعہ نظر نہ آوے اور دور کی نزدیک اور نزدیک کی دور چیز نظر آوے نظر چکر کھاتی رہے اور بہت تدبیرون سے بھی سوئی کا سوراخ نظر نہ آوے کیونکہ اوس جگہ نظر بہت پریشان ہوجاتی ہے +

تیسری جھلی مین جو فساد ہوا اوسکی علامتین

اونچا نظر آوے اور نیچے کی چیز نظر نہ آوے اور صورتون کا اسطرح مجموعہ نظر آوے گویا کہ بیچ مین آگیا ہے اور کان ناک آنکھین اوسی نظر آوین - نظر مین بہت فساد آجاوے اور جو نیچے کی چیز ہے وہ اوپر اور جو اوپر کی چیز ہے وہ نیچے نظر اوے - جو آنکھ کی پسلیون مین بہت فساد آگیا ہو تو اوسکو نزدیک کی چیز کوئی نظر نہ آوے اور آنکھ کے چارون طرف جو فساد رہے ہون تو چکا چوندہی نظر آوے اور نظر کے بیچ مین جو فساد رہتے ہین اوسکو بڑی چیز چھوٹی اور چھوٹی چیز بڑی نظر آوے اور نظر مین جو فساد ہین اوسکو نزدیک کی چیز ایک کی دو نظر آوین اور بغل کی جو دو چیزین ہین وہ تین نظر آوین اور بغل مین بہت چیزین ہون تو اونکا شمار نہو یہ علامتین تیسری جھلی کی جانو +

چوتھی جھلی مین جو فساد ہوا اوسکی علامتین

چوتھی جھلی مین جو فساد آگیا ہو اوسکو عوام مین تمرروگ کہتے ہین اور کئی بید اوسکو لنگ ناشک بولتے ہین یعنے لنگ ناشک وہ چیز ہے جنکی آنکھون کی جوت کی تیلی نیلی کانچ کے مانند ہوجاوے اور جسمین یہ علامتین ہون اوس جھلی مین بہت فساد ہون آفتاب ماہتاب اور ستارے آسمان اور بجلی جنکی صاف روشنی ہے وہ اچھی طرح نظر نہ آوین بلکہ یہ گھومتی ہوئی نظر آوین اور اس عارضے کو نزلہ کہتے ہین اور کوئی کوئی موتیا بند بھی کہتے ہین - یہ عارضہ چھ قسم کا ہے - بادی[1] - صفراوی[2] - بلغمی[3] - سنپاتی[4] کا - خون[5] کا پرلاین[6] یعنے خون سے بیہوش ہوے صفرا کا +

موتیا بند کی علامتین

جسکو بادی موتیا بند ہو اوسکو سب چیزین گھومتی ہوئی اور میلی نظر آوین اور سب چیزین کچھ سرخ معلوم ہون اور ٹیڑھی نظر آوین +

صفرا کے موتیا بند کی علامتین

جسکے صفرا کا موتیا بند ہوا وسکو آفتاب ماہتاب ستارے آگ اندرکا دھنک بجلی گھومتی ہوئی نظر آوین اور سب چیزین نیلی سی نظر آوین +

بلغم کے موتیا بند کی علامتین

جو بلغم کا موتیا بند ہوا وسکو چکنا اور سپید نظر آوے اور اوس بیمار کی آنکھین پانی سے بھری ہوئی نظر آوین +

سنپات کے موتیا بند کی علامتین

جسکے سنپات کا موتیا بند ہوا وسکو طرح طرح کی شکلین نظر آوین اور سب چیزین نورانی نظر آوین اور مذکورۂ بالا سب علامتین ہون +

خون سے پیدا ہوے موتیا بند کی علامتین

جسکے خون کا موتیا بند ہوا وسکو سرخ سپید ہری سیاہ اور زرد چیزین سب نظر آوین +

پرلاین سے پیدا ہوے موتیا بند کی علامتین

جو خون سے صفرا مفسد ہوا ہے اوسکو پرلاین کہتے ہین جو ایسا بیمار ہوا وسکو دسون اطراف زرد ہی نظر آوین گویا سب طرف آفتاب ہی طلوع ہوے ہین اور درخت وغیرہ سب چیزین جلی ہوئی آگ کے مانند نظر آوین +

موتیا بند کی شکل

باد کا موتیا بند قرمزی اور زردی لیے نیلا ہوا ور ایسا ہی صفرا کا ہوا ور بلغم کا سپید ہوا ور خون کا سرخ ہوا ور سنپات کا عجیب وغریب طرح طرح کا ہو +

بادی وغیرہ جو چھ قسم کے موتیا بند کہے ہین اونکی آنکھونکی گھیریکی علیحدہ علیحدہ شکل

بادی آنکھون کا دائرہ سرخ متحرک اور سخت ہو صفرا کی آنکھون کا دائرہ کانسے کے رنگ کے مانند اور زرد ہو بلغم کا دائرہ بہت چکنا ہو۔ اور شنبہ یا کندے کے پھول کے مانند ہو

اور متحرک ہوا اور اوس آنکھون سکے دیرے مین سپید بند ہو +

سفیات سکے آنکھ کے دائرہ کی علامتین

اسمین مونگے یا کنول کے پتے کی مانند آنکھ کا دائرہ ہوا اور مذکورہ بالا علامتین بھی ہون +

خون کے آنکھ کے دائرہ کی علامتین

اس آنکھ کا دائرہ سرخ ہو +

پرطاین آنکھ کے دائرہ کی علامتین

اس آنکھ کا دائرہ بدرنگ کانچ کے مانند زرد ہوا اور یہ دائرہ سرخ رو کھا میلا اور نیلا ہو +

پت بدگدہ درشٹ کی علامتین

جسکے بدن مین صفرا خراب ہوا ہو اوس شخص کی نظر زرد ہو جاوے اور اوسکو سب چیزین زرد ہی نظر آوین +

خراب صفرا تیسری جھلی مین پہونچ اوسکی شکل

اوس شخص کو دن مین نظر نہ آوے اور رات کو نظر آوے کیونکہ ماہتاب کی سردی سے کچھ صفرا رات کو کم ہو جاتا ہے +

بلغم سے خراب ہوئی نظر کی علامتین

جسکی نظر بلغم سے جلی ہوا اوسکو سب چیزین سپید نظر آوین یہ عارضہ پہلی اور دوسری جھلی مین ہوتا ہے +

نکلاندہ یعنی رتوندہی کی علامتین

تیسری جھلی مین بلغم آوے تب نکلاندہ یعنے رتوندی ہو اوسکو نظر آوے تاکو نظر نہ آوے +

دہوم درشی روگ کی علامتین

تفکرات باطنی یا تپ یا ریاض سے گرمی سر مین پہونچے تب آنکھ کی نظر دہوئین سے مل جاوے تب اوسکو سب چیزین دہوئین کے مانند نظر آوین +

ہرسوجات روگ کی علامتین

جو شخص مشکل سے بڑی چیز کو دیکھے اور وہ چیزون مین چھوٹی نظر آوے اور رات کو درست معلوم ہو۔ اوسکو ہرسوجات بولتے ہین +

نکلاندہ کی علامتین

جس شخص کی نظر دیکھنے مین تو اچھی معلوم ہو اور اوس نظر مین فساد آجاوے تو اوسکو رات عجائب غرایب نظر آوے اوسکو نکلاندہ بولتے ہین +

گمبھیر کی علامتین

جس شخص کی نظر کی پتلی بالکل اندر دہس جاوے اور آنکھ مین درد ہو اوسکو گمبھیر نال روگ بولتے ہین +

جو بغیر کسی سبب کے موتیا بند ہو اوسکی علامتین

جسکی نظر بہت صاف اور اچھی ہو وہ بغیر کسی سبب کے سیاہ ہو جاوے اوسکو بغیر کسی سبب کا موتیا بند جانو +

آنکھون کے دائرہ مین جو عارضے ہوتے ہین اونکے نام اور علامتین

یہ چار عارضے کالے دائرے مین ہون۔ سبرن شکر۔ ابرن شکر۔ اچکاتے۔ اجگاجات

سبرن شکر کی علامتین

آنکھون کی سیاہ جگہ مین پتلی کے اوپر فساد آگیا ہو اور اوس فساد کے سبب تارہ ڈھک جاوے اور وہ قطرہ آنکھ مین گر جاوے اور اوسمین سوئی کے چبھنے کے مانند معلوم ہون اور گرم گرم پانی آنکھون مین سے گرا کرے تو اوسکو سبرن شکر کہتے ہین +

باعلاج لاعلاج شکر برن کی علامتین

وہ قطرہ نظر کی پتلی کے نزدیک گہرا اور پختہ جلد مین منہو۔ اور آنکھون مین بہت پانی نہ پڑے اور اوسمین کم درد ہو اور ایک آنکھ مین ہو وہ شاید دفع ہو اور اس سے خلاف علامتین ہون تو لاعلاج ہے +

ابرن شکر کی علامتین

جسکی سیاہ پتلی کے تارے پر منی کا قطرہ آیا ہوا ور وہ قطرہ ہلے اور چلے اور شنکھ یا ماہتاب یا کند کے پھول یا آسمان یا بادل کے مانند ہو اوسکو ابرن شکر کہتے ہین یہ باعلاج ہے - اگرچہ یہ باعلاج ہے مگر نیچے لکھی ہوئی علامتین ہون تو لاعلاج ہے - کہ جسکی آنکھہ کا گوشت بکھر جاوے اور وہ قطرہ اڑا ہوا اور نسو نمین ہوا ہو اور بدرنگ ہو اور دوسری جھلی مین ہو اور چارون طرف سرخ ہو اور بہت دنون کا ہو تو اسکا علاج نہ کرنا چاہیے - یا جسکے آنکھون مین سے آنسو گرم اوترین اور آنکھون مین پھنسیان ہون اور پتلیون کے اوپر منی کا قطرہ مونگ کے برابر ہو اور تیتر کے پر کی مانند اونکا رنگ ہو وہ ابرن شکر بھی لاعلاج ہے +

اچھپاتے کی علامتین

جسکی آنکھہ کی سپید جگہہ سب سوج جاوے اور آنسو بہت گرین اور اوسجگہہ بہت درد ہو اور وہ آنکھون کے فسادون سے پک جاوین - یہ بھی لاعلاج ہے +

اجکاجات کی علامتین

جسکی آنکھہ بلدیکی مینگنی کے مانند ہو جاوے اور اوسمین درد ہو اور سرخ رہین اور اونمین سے سرخ ہی آنسو چلین تو یہ اجکاجات ہے یہ چارون دائرہ سیاہ کے عارضے ہین +

آنکھہ کے سپید حصے مین جو عارضی ہین اونکا نام اور تعداد

آنکھون کے سپید حصے مین گیارہ عارضے رہتے ہین - پرستاربہہ - شکلاربہہ - رکتاربہہ ادہ مانساربہہ - سناہیرم - شکت - ارجن - پشتک - شراجال - شرپیڑکا - بالاسکر یہ بلغم کے فساد کی آنکھہ کے سپید حصے مین ہوتے ہین +

پرستاربہہ آنکھہ کے عارضی کی علامتین

آنکھہ کے سپید حصے مین گرمی سے ٹبا سیاہ اور سرخ نشان ہو +

شکلار بہہ کی علامتین

آنکھہ کا سپید اور نرم گوشت بڑہے اوسکو شکلار بہہ کہتے ہین +

رکتار بہہ کی علامتین

آنکھہ کے سپید حصے مین کنول کے پھول کے مانند نرم گوشت بڑہے اوسکو رکتار بہہ کہتے ہین +

ادہ مانسار بہہ کی علامتین

آنکھہ کے سپید حصے مین بڑا نرم اور موٹا نشان ہو اوسکو ادہ مانسار بہہ کہتے ہین +

شکت روگ کی علامتین

جس آنکھہ کے سپید حصے مین سیاہ اور گوشت کے مانند بہت قطرے ہون اوسکو شکت نامے آنکھہ کا عارضہ بولتے ہین +

ارجن روگ کی علامتین

جسکی آنکھہ کے سپید حصے مین خرگوش کے خون کے مانند ایک قطرہ ہو اوسکو ارجن نامے آنکھہ کا عارضہ بولتے ہین +

بسٹک آنکھہ کے عارضہ کی علامتین

جس آنکھہ کے سپید حصے مین باد اور بلغم کے فساد سے پسے ہوے آٹے کی مانند گوشت اونچا ہوا اوسکو بسٹک کہتے ہین +

سرجالا آنکھہ کی بیماری کی علامتین

جس آنکھہ کے سپید حصے مین نسون کا مجموعہ سخت اور زرد ہو آوے اوسکو سرجالا آنکھہ کا عارضہ بولتے ہین +

شراپیر کا کی علامتین

جسکے سپید حصے مین نسون سے ڈہکی ہوئی سپید پھنسیان ہون اوسکو شراپیر کا آنکھہ کی بیماری کہتے ہین +

بلاس گرتھت آنکھ کی بیماریکی علامتین

جس آنکھ کے سپید حصے مین کانسے کے مانند سپید یا کنول کے پھول کے مانند رنگ اور سجت سا لشان ہوا وسکو بلاس گرتھت کہتے ہین +

آنکھ کے مرم استھان مین اکیس ۲۱ عارضہ جو اوپر کی اور نیچے کی پلکھری مین رہتے ہین

اوتسنگ ۱ پٹرکا - کنبھیکا ۲ - پوتھکی ۳ - برتم شرکرا ۴ - ارشو برتما ۵ - ششکارش ۶ - انجن نامکا ۷ - بھل بترتما ۸ - برتم منبدہ ۹ - کلشٹ برتما ۱۰ - برسم کردم ۱۱ - شیاوبرتم ۱۲ - پکلن برتما ۱۳ - اکلن برتما ۱۴ - بات ہت برتما ۱۵ - برتما بدھ ۱۶ - اسرسٹ نیکھہ ۱۷ - شونتارش ۱۸ - لگن بس برتما ۱۹ - کچھن ۲۰ +

اوتسنگ پٹرکا کی علامتین

آنکھون کے مارگ مین پھنسی ہوا ور اوس پھنسی مین منہ ہووہ پھنسی سرخ اور اونچی ہو اور خون سے پیدا ہوئی بری ہو اور اوسمین کھجلی ہو +

کنبھیکا پٹرکا کی علامتین

جسکی آنکھ کے مارگ کے آخر مین کھڑے کے بیج کے مانند پھنسیان ہون اور وہ پھنسیان پھوٹ کر بہا کرین اور کونے مین سوجن ہو +

پوتھکا آنکھ کے عارضہ کی علامتین

جسکے کونے مین سرخ سرسون کے برابر پھنسیان ہون اور وہ جھڑین اور بہت کھجلی اور درد ہو اوسکو پٹرکی پھنسی کہتے ہین +

برتم شرکرا پھنسی کے عارضہ کی علامتین

جسکے کونے مین کنکری کے بیج کے مانند پھنسیان ہون اور درد کم ہو اوسکو برتم شرکرا کہتے ہین +

ارشو برتم آنکھ کے عارضہ کی علامتین

جو پھنسی چکنی اور سخت ہو اوسکو ارشو برتم کہتے ہین +

شششکارش کی علامتین

جسکی آنکھ کے کویے مین بڑے بڑے دانے درد سے خوفناک ہون اوسکو ششکارش کہتے ہین +

انجن نامکا کی علامتین

جسکی آنکھ کے کویے مین پھنسیان جلن لیے ہون اور سرخ اور نرم اور چھوٹی ہون اور اون مین کم درد ہو اوسکو انجن نامکا پھنسی کہتے ہین +

بھل برتما آنکھ کے عارضہ کی علامتین

جسکے کویے مین چارون طرف ایک رنگ کی بہت سی پھنسیان ہون اوسکو بھل برتما کہتے ہین +

برتم بندہک کی علامتین

جسکی آنکھ کے کویے مین ورم ہو اور اوسمین تھوڑی کھجلی ہو اور کچھ درد ہو اور سوجن سے آنکھ رک جاوے اوسکو برتم بندہک کہتے ہین +

کلشٹ برتما آنکھ کے عارضہ کی علامتین

جسکی آنکھ کے کویے کا مارگ یکبارگی سرخ ہو اور کم درد ہو اوسکو کلشٹ برتما کہتے ہین +

برتم کردم کی علامتین

جسکی آنکھ مین مع صفرا کے بدپرہیزی سے خون جل گیا ہو اور آنکھ سے کیچڑ بہت بہے اوسکو برتم کردم آنکھ کا عارضہ جانو +

شیاو برتما آنکھ کے عارضہ کی علامتین

جسکی آنکھ کے کویے کے مارگ مین اور باہر سیاہ سوجن ہو اور اوس ورم مین درد ہو اور کھجلی ہو اور کیچڑ بھی آوے اوسکو شیاودرت کہتے ہین +

پرکلن برتما کی علامتین

جسکی آنکھ کے کویے کے باہر سوجن ہو اور اوس مین درد نہو اور کیچڑ بہت آوے اوسکو پرکلن برتما کہتے ہین +

اکلن برتما نامے آنکھہ کے عارضے کی علامتین

جسکی آنکھہ دھونے سے نہ کھلے اور بند رہے اوسکو اکلن برتما کہتے ہین +

بات ہت برتما کی علامتین

جسکے پلک اچھی طرح بند نہون اور کھلی ہی رہین اور درد رہے یا نہ رہے یا ایک بند رہے اوسکو بات ہت برتما کہتے ہین +

برتم ارمد کی علامتین

جسکی آنکھین اندر کو بیٹھہ جاوین اور باد سے بامنی جلا کرے اوسکو برتما رمد آنکھہ کا عارضہ بولتے ہین اور اسرست نیمکھہ بھی اسیکا نام ہے +

شونتارش کی علامتین

جسکے کویے کے پلک کی مارگ مین پیدا ہوئی پھنسی کے نرم نرم دانے ہون اونکے دور کرنے کے لیے باندھکر سوہے وہ دانے بڑہا کرین اوسکو شونتارش کہتے ہین +

لگن نامے آنکھہ کے عارضے کی علامتین

جسکی آنکھہ کے کویے کی مارگ مین بیر کے برابر گانٹھہ ہو اور وہ گانٹھہ نہ پکے اور سخت ہو اور اوسمین کھجلی ہو اور آنکھون مین سے کیچڑ آوے اوسکو لگن کہتے ہین +

بلمہ برتما آنکھہ کے عارضے کی علامتین

جسکی آنکھہ کے کویے مین بہت سے سوراخ ہوجاوین اور کویے کے اوپر سوجن چڑہ جاوے اور آنکھون مین بہت سے آنسو آوین اوسکو بلمہ برتما کہتے ہین +

کنچن آنکھہ کے عارضے کی علامتین

جسکی راہ کو باد صفرا اور بلغم سکوڑے اور کویے کو آنکھو نمین اوسکے نہ دیکھنے سے کوئی چیز نظر نہ آوے اوسکے کنچن کہتے ہین صرف اتنے ہی کویے کے عارضے ہین - اور آنکھون کی باہنی مین دو عارضے ہوتے ہین - پچھم کوپ - پچھم شانت +

پچھم کوپ کی علامتین

جسکی کویے کی بامنی جاتی رہے یا کویے مین گھس جاوے یا بامنی مین بہت کھجلی ہو یہ باد کے فساد سے ہوتا ہے اور بہت دہشت ناک ہے اور اسمین سوجن بھی بہت ہو لاعلاج ہے +

پچھم شانت کی علامتین

آنکھون کے کویون کی بامنی جاتی رہے اور اوسمین کھجلی ہو اور جلتی رہے یہ صفرا کے فساد سے ہوتا ہے - آنکھ کے جوڑ مین نو عارضے ہوتے ہین جنکا ذکر ذیل مین ہے پوپالس - اوٹپاہ پتیک شراو - کف شراو - سنپات شراو - رکت شراو - پرتمنی شراو - ابج - جنت گرنتھ +

پوپالس آنکھ کے جوڑ کی علامتین

آنکھ کے نزدیک پتلی کے پاس کویے کے آخر مین جو جوڑ ہے اوسمین درد پیدا ہو اور پک کر اوسمین ورم ظاہر ہو اور اوسمین سے کیچڑ پیپ کے مانند بہت گہرا آوے اوسکو پوپالس کہتے ہین +

اوٹپاہ آنکھ کے جوڑ کی عارضہ کی علامتین

آنکھ کی نظر کے جوڑ مین بڑی گانٹھ ہو اور وہ نہ پکے اور اوسمین کھجلی آوے اور درد نہو اوسکو اوٹپاہ کہتے ہین +

پتیک شراو آنکھ کے جوڑ کی علامتین

جسکی آنکھ مین درد بہت ہو اور رونمین کھڑے ہوجاوین اور آنکھ مین کھجلی ہو آنکھ کڑوی ہون اور سرگرم رہے اور آنکھ کے جوڑ سے بہت سے آنسو ہلدی کے مانند زرد ہون اوسکو پتیک شراو کہتے ہین +

کف شراو آنکھ کے جوڑ کی عارضی کی علامتین

جسکی آنکھ کے جوڑ مین سپید بدرنگ اور چکنے آنسو آوین اوسکو کف شراو کہتے ہین +

سنپات نتیر شراو کی علامتین

آنکھ کے جوڑ مین ناسور پڑجاوے اور اوسمین بلبلے پیپ نکلا کرے اوسکو سنپات نتیر شراو

آنکھ کے جوڑ کا عارضہ بولتے ہین +

رکت شراو کی علامتین

جسکی آنکھ کے جوڑ مین سے گرم گرم خون بہت نکلے اوسکو رکت شراو آنکھ کی جوڑ کا عارضہ جانو +

پریہی کی علامتین

جسکی آنکھونکا جوڑ تانبے کے مانند سرخ ہوجاوے اور باریک ہو اور اوسمین درد ہو اور ورم گول ہو اوسکو پریہی کہتے ہین +

ابجی آنکھ کے جوڑ کی علامتین

جسکی آنکھ کا جوڑ تانبے کے مانند سرخ ہو اور باریک ہو اور سوزش اور درد لیے ہو اور اوس کا ورم گول ہو اوسکو ابجی کہتے ہین اسکی اور پریہی کی ایک ہی علامتین ہین +

جنت گرنتھ آنکھ کے جوڑ کی علامتین

جسکی آنکھ کے جوڑ کی گانٹھ مین کیڑے پڑجاوین اور اوس سے پانی جاتی رہے اور اوسجگہ کھجلی آوے اور اوسکی آنکھون کے جوڑون مین بہت سے باریک سوراخ ہوجاوین اور آنکھو نمین زیادہ درد ہو اوسکو جنت گرنتھ بولتے ہین — صرف اتنے ہی جوڑ کے عارضے ہین +

آنکھ کے سب عارضونکی تعداد اور اونکا نام

باد کا ابھکند — صفرا کا ابھکند — بلغم کا ابھکند — خون کا ابھکند — باد کا ادنمتھ — صفرا کا ادنمتھ بلغم کا ادنمتھ — خون کا ادہ نمتھ — ستو تمہ پاک — اشو تمہ پاک — بتہادہ نمتھ — بات پرجائے شنکا جہ — پاچیک — انیتو پات — اندادہکھت — سروپات — شرو برکھ — اد انکھون کی ساتا — آنکھون کی تراسا +

آنکھون کے باد کے ابھکند کی علامتین

جسکی آنکھون مین زیادہ درد ہو اور رونین کھڑے ہوجاوین اور آنکھون مین کھجلی آوے اور سخت ہوجاوین اور سرگرم رہے اور آنسو ٹھنڈے گرین تو اسکو بات ابھکند بولتے ہین اسکو

عوام نیتر پڑا یعنے آنکھون کا درد کہتے ہین +

صفرا کے ابہکنہ کی علامتین

جسکی آنکھون مین بہت جلن ہو اور آنکھین پک جاوین - آنکھون مین ٹھنڈی چیز اچھی معلوم ہو اور ہوان سا نکلے اور گرم آنسو گرین اور آنکھین زرد ہو جاوین تو صفرا کا ابہکنہ جانو اسکو عوام مین گرم سے آنکھ کا درد بولتے ہین +

بلغم کے ابہکنہ کی علامتین

جسکی آنکھ مین گرمی اچھی ہو اور آنکھین بھاری ہون اور اوپر سوجن ہو اور آنکھون مین کھجلی معلوم ہو اور کیچڑ بہت گرے اور آنکھین بہت ٹھنڈی رہین اور بہت جھڑین اسکو بلغم کا ابہکنہ بولتے ہین +

خون کے ابہکنہ کی علامتین

جسکی آنکھون کے کوئے سرخ ہون اور آنکھون کے آنسو تانبے کے مانند گرین اوسکو خون کا ابہکنہ جانو +

باد کے ادہ منتھہ جسکو عوام مین بڑا آنکھونکا درد کہتے ہین اوسکی علامتین

جب آنکھ درد کرے تو بدپرہیزی کرے تب آنکھون مین بہت درد ہو اور ایسے رونے چلین گویا آنکھین پھوٹی سی جاوین آدہا سر نیچے ہو جاوے سر جل اوٹھے آنسو ٹھنڈے آوین تو جاننا چاہیے کہ باد کا ادہ منتھہ ہے +

صفرا کے ادہ منتھہ کی علامتین

جسکی آنکھ مین درد ہوا ہو وہ گرم چیزین اور کھٹائی وغیرہ استعمال کرکے بدپرہیزی کرے تب اوسکی آنکھون مین بہت رونے چلین گویا آنکھ درد سے پھوٹی جاوے جلن ہو اور پک جاوین اور ٹھنڈی چیزون کا لگانا اچھا معلوم ہو آنسو بہین اور زرد آنکھین ہون تو صفرا کا ادہ منتھہ جانو +

بلغم کے ادہ منتھہ کی علامتین

جسکی آنکھون مین بہت روے چلین گویا آنکھہ پھٹی جاتی ہے اوسمین گرم چیزون کا لگانا اچھا معلوم ہو اور آنکھون مین ورم ہو کھجلی آوے اسکو بلغم کا ادہ منتھہ آنکھہ کی بیماری جانو +

خون کے ادہ منتھہ کی علامتین

جسکے آنکھونکی بیماری ہو اور وہ ایسی بدپرہیزی کرے کہ خون بگڑے اوسکی آنکھون مین روے بہت چلین گویا آنکھہ پھٹی جاتی ہے اور تانبے کے مانند آنسو گرین اور آنکھین سرخ ہون اور سوزش ہو پک جاوین گرم آنسو گرین تو خون کا ادہ منتھہ جانو۔ یہ بیماری سات روز مین آنکھہ کو پھوڑے بادی ادہ منتھہ چھہ دن مین اور صفرا کا ادہ منتھہ جلد ہی آنکھون کو پھوڑ ڈالتا ہے +

سشوک پاک آنکھون کی بیماری کی علامتین

جسکی آنکھون سے آنسو آوین اور خارش معلوم ہو اور آنکھین پکے ہوے گولر کے مانند پک جاوین اور آنکھین سرخ ہون اوسکو سشوتھہ پاک آنکھونکی بیماری جانو +

اشوتھہ پاک کی علامتین

جسکی آنکھہ کے اوپر ورم نہو اور خارش ہو اور پکے ہوے گولر کے مانند پک جاوے اور آنکھین سرخ ہون اوسکو اشوتھہ پاک جانو +

ہتادہ منتھہ کی علامتین

جسکو آنکھون سے نظر نہ آوے اور اونمین درد بہت ہو اور جیسے کنول کا پھول سوکھتا ہے ویسے ہی سوکھہ جاوین اوسکو ہتادہ منتھہ بیماری بولتے ہین +

بات پرجالے کی علامتین

جسکے ابرو اور آنکھون مین بار بار بہت درد ہو اوسکو بات پرجالے کہتے ہین +

ششکا چھپاک کی علامتین

جسکی آنکھین بند ہوجاوین اور جلین اور سرخ ہون اور بخوبی تمام نظر نہ آوے اور آنکھین رُوکھی ہوجاوین اسکو ششکا چھپاک بولتے ہین +

انیتوبات آنکھ کی بیماری کی علامتین

جسکے کندھے سر داڑھی کان ابرو اور آنکھونمین بہت درد ہو اوسکو انیتوبات کہتے ہین +

اللاوُ ہیکمد آنکھ کی بیماری کی علامتین

جسکی آنکھین سیاہ اور سرخ ہوکر پک جاوین اور اونمین ورم ہو آنکھونمین سے پانی آوے اوسکو اللاوہیکمد آنکھ کی بیماری بولتے ہین +

شروتپات جسکو عوام مین سبل بابو کہتے ہین اوسکی علامتین

جسکی آنکھون مین درد ہو یا نہو یا آنکھون کی نسین چارون طرف تانبے کے مانند سرخ ہون اسکو شروتپات بولتے ہین +

شروہرکھہ کی علامتین

جو شخص بیوقوفی سے سبل بابے کا علاج نہ کرے اوسکی آنکھون سے آنسو بہت گرتے رہین اور اوسکو آنکھون سے کچھ بھی نظر نہ آوے +

انکھہ کی بیماری کی علامتین

آنکھون مین بہت درد ہو اور اونمین سرخی رہے بجلی ہو شول چلے تو جاننا چاہیے کہ آنکھون مین بیماری ہے +

صاف آنکھ کی علامتین

آنکھون مین کچھ بھی درد نہ ہے اور کچھ بجلی اور ورم نہو اور آنسو وغیرہ نہ آوین آنکھون کا اچھا رنگ ہو اور چیزین باریک بھی درست طور سے نظر آوین تو آنکھون سے بیماری گئی ہوئی جانو اور جب تک آنکھون مین بیماری رہے تب تک مذکورہ ذیل باتین نہ کرنی چاہیین کہ سر

اور کاجل نہ لگاوے گھی اور کھٹائی اور کسیلی چیزین اور پان وغیرہ گرم چیزین اور بھاری غذا نہ کھاوے اور نہانا بھی ترک کردے ✣

سب بیماریون کا عموماً علاج

آنکھون کے مریض کو فاقہ کراوے اور لیپ دے اور پسینا لاوے اور سر کی نس کی فصد کھلواوے اور جلاب اور آشچوتن کرم وغیرہ علاج کرے تو آنکھون کے فساد سب دور ہون ✣

انکھون کے درد کا علاج

جسکی آنکھ مین درد ہوا وسکا تین دن تک علاج نہ کرے کیونکہ تین دن تک آنکھین کچی رہتی ہین چوتھے دن پک جاتی ہین تب آنکھون مین انجن وغیرہ دوا کرے تو وہ جلد اچھی ہون - ہیمنت اور سشرت مین تو دوپہر کیوقت انجن کرنا چاہیے - اور گرکھیم اور سرد رت مین دوپہر کے پہلے اور برشکال مین جب بادل نہون تب انجن کرنا فائدہ پہونچاتا ہے اور بسنت رت مین ہر وقت انجن کرنا درست ہے اور سرمہ وغیرہ کا انجن کرے تو آنکھون کے عارضے کبھی نہون پہلے تو بائین آنکھ مین انجن کرنا چاہیے پھر دہنی آنکھ مین یہ عام طریقہ ہے ✣

آنکھ کے درد کا لیپ

پوست ہلیلہ - سیندہا نمک - گیرو رسوت یہ سب برابر لے پانی سے باریک پیس آنکھ کے اوپر لیپ کرے تو سب آنکھون کے عارضے دور ہون - دوسرا لیپ - لوہے کے برتن مین لیمو کا رس ڈالے پھر اس رس کو کچھ گھرا کرکے آنکھون کے اوپر لگاوے تو آرام ہو یا افیون ایک ماشہ - بھونی ہوئی پھٹکری ایک ماشہ - لودہ ایک ماشہ - انکو لیمو کے رس مین باریک پیس لوہے کی کٹوری مین بھگو کر آنکھون کے اوپر لیپ کرے تو آنکھ کا درد جلد دفع ہو - یا اصل السوس - گیرو - سیندہا نمک - دارہلدی - رسوت یہ سب برابر لے انکو پانی سے باریک پیس آنکھون کے اوپر لیپ کرے تو آنکھ کی سب بیماریان دفع ہون ✣

آنکھ کے درد کی پوٹلی

پٹھانی لودا ایک ماشہ - بھنی ہوئی پھٹکری ایک ماشہ - رسوت ایک ماشہ - اصل السوس ایک ماشہ انکو باریک پیس گوار کے پتے کے رس مین یا پوست کے پانی مین یا پانی مین ایک ماشہ بھر کی پوٹلی بناوے پھر آنکھون پر بار بار اوسکو پھیرے تو آنکھین اچھی ہون +

آنکھون مین باد سے سول چلتا ہوا وسکے آرام ہونیکا سینک

پٹھانی لودہ کو باریک پیس کپڑے مین چھانکر گھی مین بھونے پھر اسکو گرم پانی سے سینک کرے تو آنکھین اچھی ہون +

آنکھونکے آرام کے لیے اسطرح اتنے علاج کرے تو بہتر نہ کھاوے

شارنگ دہر سنسکرت زبان کی کتاب سے لکھتے ہین

سینک - اشچوتن کرم - پنڈی بندہن - آنکھون کے اوپر لیپ کرنا - ترپن یعنے آنکھون مین گھی اور رس کا ڈالنا - پٹ پاک - انجن - شستر کرم - انسے آنکھون کا علاج کرنا چاہیے اور ارنڈ کے پتے یا جڑ کو اوٹاکر انکا پانی نکال اس پانی کو بکری کے دودہ مین اوٹادے جب پانی خشک ہوجاوے اور دودہ رہجاوے تب اس دودہ کو کچہ گرم کر آنکھ کے اوپر سو مرتبہ ٹپکا دے تو بادی آنکھ کا درد اچھا ہو - یا دودہ مین تھوڑا سیندہا نمک ڈال گرم کر آنکھ کے اوپر ٹپکا دے تو بادی آنکھ کی بیماری اچھی ہو - یا زرد چوب دارہلدی اور سیندہا نمک کو دودہ مین اپکا کر اس دودہ کا آنکھ کے اوپر ٹپکا دے تو آنکھ اچھی ہو +

آنکھ مین گرمی سے درد ہوا وسکا سینک

پٹھانی لودہ اور اصل السوس کو باریک پیس گھی مین سینکے پھر بکری کے دودہ مین انکو پکاوے پھر اس دودہ کو آنکھ کے اوپر ٹپکا دے تو گرمی سے آنکھ کا درد درہوا اور خراب خون سے آنکھون مین درد ہوا وسکا بھی یہی علاج ہے - یا تر پھلہ لودہ اصل السوس - مصری ناگر موتھ انکو ٹھنڈے پانی سے باریک پیس آنکھون پر ٹپکا دے تو آرام ہوجاوے +

آشچوتن کی ترکیب

آشچوتن رات کو کرنا چاہیے آنکھین کھلی رکھے اوسمین دواؤن کے رس کی آٹھ قطرے ڈالے گرمی مین ٹھنڈے ڈالنے چاہیے بادی سے آنکھون مین درد ہو تو گرم دوا ڈالنی واجب ہے بلغم سے آنکھون مین درد ہو تو تیکھی اور گرم چیزون کا رس ڈالنا چاہیے +

باد سے آنکھ مین درد ہوا اوسکا لیپ

نیم کے پتون کا رس پانی ڈالکر نکالے اور اوسمین لودہ کو پیس گرم کرکے پھر اوسکو آنکھ کے اوپر لیپ کرے +

خون صفرا اور باد سے آنکھ مین درد ہوا اوسکا علاج

عورت کے دودہ کے آٹھ قطرے ڈالے تو گرمی سے آنکھ کا درد دور ہو - یا باد سے آنکھ نہین رولین چلین اور علاج سے آرام نہو تو اوسکی پیشانی کی رگ کا خون نکلوا دے یا ابرو کے اوپر گرمی دے تو رولے اچھے ہون - یا سہنجنے کے پتون کا گولہ یا نیم کے پتون کا گولا آنکھ کے اوپر باندہے تو رولے دور ہون +

گرمی سے آنکھ مین رولی چلین اوسکا علاج

آنولے کو پانی سے پیس اوسکی پنڈی باندہ لے یا بکاین کے پتون کی پنڈی باندہے تو گرمی سے پیدا ہوے آنکھون کے رولے دور ہون - یا ترپھلے اور لودہ کو کانجی کے پانی مین پیس گھی مین تلے پھر اسکی پنڈی باندہے تو گرمی اور بلغم کی آنکھون کے رولے دور ہون - جو آنکھ نہین رولے اور سوجن اور کھجلی ہو تو زنجبیل نیم کے پتے اور انمین تھوڑا سا سیندہا نمک ملاکر باریک پیس اوکی پنڈی آنکھ مین باندہے تو سب مین آرام ہو +

آنکھ کی گھانی کا علاج

آنکھ کی گھانی کو گھی سے سینک پھر اوس گھانی کو ہتیار سے پھوڑکر اوسکے اوپر ہرتال تنکہ اور سیندہا نمک یہ سب جا بجا لے انکو شہد سے باریک پیس لیپ کرے تو گھانی دور ہو +

آنکھہ کے دکھنے کے لیے ترپن کی ترکیب

جس جگہہ ہوا نہ آتی ہو وہان بیمار کو سیدہا سلانا چاہیے اوسکی آنکھہ کے اوپر چوگرد باریک پسا ہوا ماش کا آٹا پانی مین پکا کر اوسکی دو انگل کی بتی بنانی چاہیے پھر اوس مین تھوڑا سا گھی گرم کر یا نشوستر تبہ کا دھویا ہوا گھی یا دودہ رکھکر تو آنکھون کی بیماریان بانکا پن جاتی رہے آنکھین اچھی طرح نہ کھلین - تمر یعنے اندہیرا نظر آوے بھولا درد سر بادی رہے یہ سب اس ترپن سے دور ہوتے ہین یہ ترپن جبکہ بادل ہون یا گرمی یا فکر اور شک مین دکرنا چاہیے +

آنکھو کا انجن

سنگہ کی ناف - بھیڑ کی گھلی - ہڑ کی گٹھلی - منیسل - پیپل کوٹ اور بیج یہ سب برابر لے بکریکے دودہ مین باریک پیس انجن کرے تو بھولا تمر جو آنکھون مین فاضل گوشت بڑہتا ہو آنکھ مین کاچ آگئی ہو رتوندہی اور سب آنکھون کی بیمارین کو یہ انجن دور کرتا ہے اسکا نام چندرودی گٹکا ہے

لیکھنی گٹکا

کنگج کے بیجون کو باریک پیس اوسمین کمیسولی کے رس کی بہت سی بھاون دی پھر اوسکی گولی کرکے جب سوکھہ جاوے تب پانی مین گھسکر انجن کرے تو بھولا وغیرہ سب بیمارینکو دور کرے - دنت برت سورگاہی کچھوڑا اور گدہے کی دانت - سنگھ کی ناف - مروارید ناسفتہ - سمندپھین یہ سب برابر لے انکو باریک پیس انکا انجن کرکے تو سب قسم کی پھلی دور ہون یا کنول گٹہ - تخم سہنجنہ اور ناگ کیسر کو باریک پیس انجن کرے تو جو بہت نیند آتی ہو تو دور ہو - اسکا نام نیند ناسک انجن ہے +

روپنی گٹکا

تلونکی پھول اسی عدد - پیپل کے بیج ساٹھہ عدد چمیلی کے پھول پچاس عدد - فلفل سولہ عدد انکو باریک پیسکر گولی بنا رکھے پھر ایک گولی کو پانی مین گھس انجن کرے تو تمر اور اجن آنکھونکی بیماریان دور ہون +

سنیہہ کی گٹکا

رسوت - دونون ہلدی - چمیلی کے پھول یا برگ نیم انکو باریک پیس گوبر کے رس سے انجن کرے

توآنکھون کے پانی کو اور بادی خونی بیماریون کو یہ انجن دور کرتا ہے یا نیلا تھوتھ - سونا مکھی سیندہانمک - مصری - سنکھ کی ناف - مینسل - گیرو - سمندرپھین - فلفل سیاہ - یہ سب برابر لے شہد سے انکو باریک پیس انجن کرے تو تمر آنکھونکا پھولا اور کانچ کو یہ دور کرتا ہے +

پھولی کے دور ہونیکا انجن

چینا کافور کو برگ کے دودہ مین دو ماشے تک انجن کرے تو پھولا دور ہو +

نیند کا دور کرنے والا انجن

فلفل سیاہ کو باریک پیس گھوڑے کے لعاب سے یا شہد سے انجن کرے تو بہت نیند جاتی رہے +

غنودگی کے دور ہونیکا انجن

مونگا - کالی مرچ - کٹکی - بیج - سیندہانمک یہ سب برابر لے انکو بچھڑیکے بول مین گھسکر انجن کرے تو غنودگی دور ہو +

رس انجن گٹکا

رسوت - سال - چمیلی کے پھول - مینسل - سمندرپھین - سیندہانمک - گیرو - کالی مرچ یہ سب برابر لے انکو باریک پیس شہد مین انجن کرے تو آنکھونکی خارش جو باہنی جاتی رہی ہو اوسکو اچھا کرے +

موتیابند کے دور ہونیکا انجن

گلو کا رس ڈھائی درم - شہد ایک ماشہ - سیندہانمک ایک ماشہ ان سبکو اکھٹا کر باریک پیسکر انجن کرے تو تمر اور دھوند وغیرہ سب بیماریان دور ہون پانچ سانٹی کو عورت کے دودہ سے گھسکر انجن کرے تو آنکھونکا پانی بند ہو - پانچ سانٹی کو گھی سے رگڑکر انجن کرے تو پھولا دور ہو - اور سانٹی کی جڑ کو تیل سے گھس انجن کرے تو تمر دور ہو اور سانٹی کی جڑ کو کانجی سے انجن کرے تو توتدہی دور ہو +

آنکھون سے پانی گرے اوسکے دور ہونیکا انجن

ببول کے پتونکا کاڑھا کر رس نکالے اور اس رس کو گاڑھا کر اور اسمین شہد ملاکر انجن کرے

تو آنکھون سے پانی گرنا بند ہو۔ یا نرملی کے پھولونکو پانی مین گھسکر انجن کرے تو آنکھون کا پانی بند ہو۔ اور نرملی کے پھولون کو شہد مین گھسکر اسمین تھوڑا سا کافور ملاکر انجن کرے تو آنکھین صاف ہون ✣

آنکھونمین موتیا بند یا کاچ وغیرہ سے نظر نہ آوے اوسکے اچھے ہونیکا انجن

کالے سانپ کے گوشت کا روغن اور سنکھ کی ناف اور نرملی کو باریک پیس آنکھون مین انجن کرے تو موتیا بند وغیرہ سب عارضے آنکھونکے دور ہون۔ اور اس سے نظر آنے لگے یا مرغی کے بیضے کا پوست مینسل۔ کانچ۔ سنکھ کی ناف۔ صندل۔ سیندہانمک یہ سب برابر لے انکو باریک پیسکر انجن کرے تو موتیا بند اور پھولا وغیرہ آنکھونکی بیماریان دفع ہون ✣

آنکھون کی سب بیمارونکے دور ہونیکا انجن

مرچ سیاہ دو ماشہ۔ پیپل دو ماشہ۔ سمندرپھین دو ماشہ۔ سیندہانمک دو ماشہ۔ سرمہ چھتس ماشہ انکو باریک پیس چترا نچھتر کے دن اسکا انجن کرے تو پھولا اور کھجلی کاچ وغیرہ سب آنکھون کی بیماریان دور ہون۔ یا کھاپری کو باریک پیس اسکو پانی مین ڈبو دے پھر اوسکا پانی نکال اوسکو جدا رکھے اور برابر پانی لے اور اوس کھاپریکے پانیکو جدا برتن مین سکھا رکھے پھر اوسکے پپڑی بنالے پھر اوس پپڑی کو تر پھلے کے رس کی تین پٹ دے پھر اس پپڑی کا دسوان حصہ کافور ملا دے پھر اسکو باریک پیس انجن کرے تو آنکھونکی سب بیماریان دور ہون ✣

آنکھونکی سب بیمارونکے دور ہونیکا علاج

سرمے کو آگ سے گرم کر تر پھلے کے رس مین سات مرتبہ ڈبو دے پھر اسیطرح عورت کے دودھ مین سات مرتبہ ڈبو دے اسیطرح گائے کے پیشاب مین بھی بار بار گرم کرکے ڈبو دے پھر عورت کے دودھ مین پانچ مرتبہ ڈبو دے پھر اسکو باریک پیس انجن کرے تو آنکھون کی سب بیماریان دور ہون ✣

آنکھونکی نظر تیز کرنے والی سلائی

سیسہ کو آگ مین گلاکر تیر پھلکے رس مین ستہ مرتبہ ڈبووے پھر اسیطرح جل بھانگرے کے رس مین پچاس مرتبہ ڈبووے اور گاے کے بول مین پچیس مرتبہ اور بکری کے دودہ مین پچیس مرتبہ ڈبوکر سیسے کی سلائی بنوالے اس سلائی کو آنکھون مین پھیرے تو آنکھون کی سب طرحکی بیماریان دور ہون +

نین امرت کا انجن

صاف کیے ہوے سیسے کو گلاکر اوسی کے برابر اوسمین پارہ ملاکر ان سبکا دسوان حصہ بھیم سینی کا نور ڈالے پھر ان سبکو پیسکر انجن کرے تو آنکھون کے سب فساد دور ہون +

سانپ وغیرہ زہر کے دور ہونیکا انجن

جال گوٹے کی گٹھلی مین لیمون کے رس کی اکیس پٹ دے پھر اسکی گولی آدمی کے لعاب مین گھسکر انجن کرے تو سانپ وغیرہ کا زہر دور ہو۔ اس سے مرا ہوا آدمی بھی زندہ ہو جاتا ہے یہ سب سارنگ دہر مین لکھے ہین +

آنکھ کے دکھنے کی آرام ہونیکا شاہ حضوریکا بتایا ہوا نسخہ

عطار کی دوا۔ زنگی ہڑ ان دونون کو پانی مین گھسکر آنکھون کے چوگرد لیپ کرے تو باد صفرا اور بلغم کے آثارون مین اگر کسی فساد سے آنکھ دکھتی ہو تو جلد آرام ہو یہ نسخہ آزمایا ہوا ہے +

باگ بہٹ کتاب کی راے سے موتیا بند کا علاج

کچے موتیا بند کا جالا سلائی سے اوتارنا نچا ہیے پکے ہوے کا جالا اوتارنا لازم ہے +

پکے ہوے موتیا بند کی علامتین

آنکھ کے تل کے اوپر دہی یا مٹھے کی طرح قطرہ آجاوے اور اوسکو کچھ بھی نظر نہ آوے اور ساون آنکھ مین درد وغیرہ کچھ نہو اوسکا سلائی وغیرہ سے جالا اوتارے اور اسنے بیمارونکا جالا نہ اوتارنا چاہیے۔ خناق کے مریض کا۔ یا جسکے کان اور آنکھ مین سوں چلے اور ساون اور کاتک

اور چیت کے مہینے مین جالا نہ اوتارنا چاہیے اور معتدل وقت ہو تو حلاب وغیرہ دیکر بدنکو
صاف کرکے اور غذا کھلاکر اچھی جگہ پر بٹھاوے کہ جہان ہوا وغیرہ نہو دوپہر کے پہلے
آنکھ کی بیماری کے دور کرنے والے عقلمند اور ہوشیار بید کے پاس آنکھ کا جالا سلائی سے
نکلواوے اور بیمار کو پالتھی مارکر بٹھاوے اور بیمار کے پیچھے کسی ہوشیار تجربہ کار آدمی کو
بٹھاوے وہ آدمی دونون ہاتھون سے بیمار کو پکڑے ہلنے نہ دے پھر اوسکی آنکھ مین بید
سلائی ڈالے اور بہت ہوشیاری سے اوسکی آنکھ مین سلائی پھیرے آنکھ کے جزو مین جالے کو
پھوڑ سب آنکھ کے جالے کو دور کرا اوس جالے مین سے آنکھ کے تل کے اوپر کا وہ مفسد قطرہ
ڈہل پڑے تب اس آدمی کو سب رنگ درست نظر آوین سلائی کے پھرنے سے پہلے آنکھ کو
منہ کی باپھہ سے پھونک دے کہ اوسمین نمی آجاوے اور بید اپنے انگوٹھے سے اوس بیمار کی
آنکھ کو مسلکر نرم کرے پھر سلائی سے چلائے بید بھی اپنا ہاتھ اور طرح ہلنے نہ دے اس طریق سے
آنکھ کا جالا لے پھر بیمار کو اچھی اچھی باتون سے خوش کرکے سلاوے پھر اوس بیمار کی آنکھ
کے اوپر گھی کا پھویہ باندہے اور اوس بیمار کو سیدہا سلاوے مگر ایسی جگہ مین جہان ہوا
اور چکا چوندہ وغیرہ نہو اور بیمار کے سر وغیرہ بدن ہلنے نہ پاوین اور بیمار کو چھینک کھانسی
ڈکار تھوکنا اور بہت پانی پینا مسواک نہانا ریاضت یا محنت وغیرہ کام نکرنے دے اور
اوس بیمار کو اولٹا سونے نہ دے اور بہت ہلکی غذا کھلاوے اور گھی وغیرہ بھاری چیزین
کھانے نہ دے یہ طریقہ سات دن مستعمل رکھے پھر کچہ گھی ڈالکر تیلا غلے کا حریرہ کھاوے
پھر بادی دور کرنیوالی مصری وغیرہ کی چیزین کھلاوے اور کچہ بدپرہیزی نہ کرنے دے اور ہوا
نورانی چیز اور باریک چیز وغیرہ کو نہ دیکھے جس سے آنکھون مین ٹھنڈک ہو ایسی دوا وغیرہ
چیزین دیکھنے دی تو موتیابند وغیرہ آنکھونکی سب بیماریان دور ہون پھر ٹھنڈا چشمہ لگاوے تو یہ بیماری کبھی نہو +

پانڈروگ کے دور کرنیکا انجن

ہینگ کو درگھل کے رس مین گھسکر آنکھون مین انجن کرے تو پنڈروگ یعنے پیلیا دور ہو +

نارائن انجن

تلسی اور تلسی کے بیجونکا رس برابر لے دونون کو کانسے کے برتن مین ڈال دونون کی برابر عورت کا دودہ ڈالے پھران تینون کو گھبیل کے گھوٹے سے دوپہر گڑے پھر کانسے ہی کے برتن مین تاویکے گھوٹے سے دوپہر گڑا سکا انجن کرے تو آنکھونکی میس اور آنکھونکا پکنا جلد دور ہو ✣

نین امرت گٹکا

زنجبیل۔ پوست ہلیلہ۔ کلتھہ۔ کہاپرہ۔ پھٹکری۔ مازو یہ سب برابر لے اور بھیم کا فور کستوری مروارید ناسفتہ یہ ایک دوا سے وزن مین آدہی آدہی لے پھران سبکو کھرل مین باریک پیس لیمو کے رس مین پانچ دن کھرل کرے پھر گولیان بناکر ایک گولی گھسکر انجن کرے تو تمر دور ہو اور اس گولی کو عورت کے دودہ مین گھسکر انجن کرے تو پھولا اور جھلی کے عارضے دور ہون۔ اور شہد سے انجن کرے تو آنکھون سے پانی گرنا بند ہو۔ جوگاے کے بول سے انجن کرے تو رتوندہی دور ہو اور کیلے کے رس مین انجن کرے تو آنکھونکا گوشت بڑہنا دور ہو ✣

آنکھونکی بامنی جاتی رہی ہو اوسکی آنیکا انجن

آندی جھاڑہ یعنے اپامارگ کے بیجون کو گاے کے پیشاب مین پیسکر اوس سے آدہا کھارہ لے پھران دونون کو کھرل مین پیسے پھران دونون کے بیچ مین جست کا باریک تیر کرکے رکھے اور کیروٹی کرکے سکھاکر اونے اوپلے مین گھبیٹ کی آگ مین پھونک دے جب ٹھنڈا ہوجاوے تو نکالے پھر باریک پیسکر انجن کرے تو آنکھ کی بامنی آجاوے ✣

سیتلا پھلی کے دور ہونیکا انجن

گدہے کی ڈاڑہ کو باریک پیسکر انجن کرے تو سیتلا کی پھلی اچھی ہو ✣

بل پاے کے دور کرنیکا انجن

آنولہ سارگندھک سے تانبے کے کشتہ کو باریک پیس انجن کرے تو بل پاے اور جھلی وغیرہ آنکھ کے سب عارضے دور ہون یہ سب بید رس مین لکھے ہین ✣

جھلی اور دھند کے دور ہونیکا علاج

نیلا تھوتھہ پانچ درم - بھنی ہوئی پھٹکری پانچ درم - بھگوئی ہوئی پیپل کی پانچ درم مصری پانچ ماشہ - انکو باریک پیس حل کر آنکھون مین انجن کرے تو جھلی اور دھند سب دور ہون - اسکا نام چندرودے گنگا ہے - یا سنکھ بھیڑہ کی گٹھلی - پوست ہلیلہ - مینسل - پیپل - مرچ کوٹ اوپیچ کو برابر لے باریک پیس گولیان بناوے پھر ایک گولی کو گھس انجن کرے تو تمر آنکھہ کا گوشت بڑہنا - جھلی کانچ رتوندھی اور پھولا وغیرہ سب بیماریان دور ہون ✣

چندر پربھا گنگا

زردچوب - برگ نیم - پیپل - فلفل - بای ڈنگ - ناگرموتھہ - پوست ہلیلہ یہ سب برابر لے باریک پیس بکری کے پیشاب مین تین دن کھرل کرے پھر اسکی گولی بنا کر سایہ مین سکھالے پھر اسکی گولی کو گاے کے پیشاب مین گھس انجن کرے تو اندھیالی کو دور کرے پانی سے گھسکر انجن کرے تو آنکھہ کی کانچ کو دور کرے اگر شہد سے گھس کر انجن کرے تو جھلی کے عارضہ کو دور کرے عورت کے دودہ سے گھسکر انجن کرے تو پھلی کو دور کرتا ہے ✣

دواد ش امرت ہرتکی

پوست ہلیلہ ایک حصہ - پوست بھیڑہ دو حصہ - آملہ چار حصہ - چھتا ور چار تولہ - اصل السوس دو حصہ تج دو حصہ - سیندہا نمک پانچ درم ان سبکی برابر مصری لے پھر انکو باریک پیس دو درم شہد اور گھی کے ساتھہ اونچاس ۴۹ دن تک ہر روز کھاوے تو تمر جھلی کانچ رتوندھی پھولا اور آنکھہ سے پانی گرنا سبل باے وغیرہ سب عارضے دور ہون ✣

تر پھلا دگھرت

تر پھلے کا رس اماد - جل بھانگرے کا رس اماد - اڑوسہ کا رس اماد - چھتا ور کا رس اماد - بکری کا دودہ اماد گلو کا رس اماد - آملہ کا رس اماد - کنول گٹہ - ملہٹی - تر پھلا - پیپل - داکھہ - مصری - کٹیلی ان سب کا رس آدہ سیر انمین گاے کا گھی پختہ ۲ سیر ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے جب یہ سب خشک

ہوجاوین اور گھی رہجاوے تب اس گھی کو ۴ تولہ بھر بھر روز کھاوے تو آنکھ کا تمر کانچ - پھولا سبل باسے وغیرہ سب عارضے دور ہون اسکا نام مہاتر پھلادگھرت ہے +

گرمی کے فساد کی دور ہونیکا انجن

آنکھ دکھنے آوے یا سوجن ہو تو آنکھ مین انجن یا لیپ کرنے سے آرام ہو سپیدہ مصفا - اما اسکے صاف کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ سپیدے کو باریک پیس چینی کے برتن بہت پانی سے دھووے جب سپیدا نیچے بیٹھ جاوے تب اوسکا پانی نکال ڈالے اسطرح تین مرتبہ کرنا چاہیے پھر عطارکی انزروت دو اتین ماشے لے اوسکے صاف کرنے کی ترکیب - انزروت کو باریک پیس جس عورت کے لڑکی پیدا ہوئی ہو اوسکا دودھ لیکر اسمین اتنا ملاوے کہ اوسمین آٹھ پہر مین خشک ہوجاوے اسطرح پانچ پٹ دے پھر کنیرہ ایک ماشہ - بھیم سینی کافور چار رتی عطارکی نسوت دو دو ماشہ - سپید گوند ایک ماشہ اندازکے موافق سب دوا جمع کرکے گلاب مین یا خالی پانی مین گھسکر انجن کرے یا لیپ کرے تو گرمی کے فساد دور ہون +

کان کے عارضونکی پیدایش علامت اور علاج

سشرت نامے کتاب مین کان کے اٹھائیس عارضے لکھے ہین وہ درج ذیل ہین - کرن سول کرن ناد - بہراپن - کیڑے - کرن شراو - کرن کنڈو - کرن گوتھ - کرن پرتناد - کرن کرن ضرب سے کان مین زخم ہو - فساد وان سے کان مین زخم ہو - کان پک جاوے - پوتی کرن - باد کا کان کا ورم - صفرا کا کان کا ورم - بلغم کا کان کا ورم - خون کا کان کا ورم باد کا کرن شوتھہ - صفرا کا کرن شوتھہ - بلغم کا کرن شوتھہ - خون کا کرن اربد - گوشت کا کرن شوتھہ باد کا کرن اربد - صفرا کا کرن اربد - بلغم کا کرن اربد - خون کا کرن اربد - گوشت کا کرن اربد - چربی کا کرن اربد - اور چرک مین نباگوش کے لیے چار اور زیادہ چار پان ہین - اوپناہ - اونمنتھ - دکھ ہرن - پرکیمن +

کرن سول کی علامتین

جسکے کان مین ہوا دہس جاوے اور وہ مفسد ہو تو کان مین بہت ٹیس پیدا کرے اوسکو کرن سول کہتے ہین +

کرن نادکی علامتین

جسکے کان کے سوراخ مین ہوا دہس جاوے اور وہ مفسد ہو تب اوس شخص کے کان مین مردنگ اور سنکھہ وغیرہ باجون کی آواز ہوا اوسکو کرن ناد کہتے ہین +

بدبہر یعنے بہرے پن کی علامتین

جو کان کے سوراخ مین مع باد کے بلغم دہسکر اوسمین بیٹھہ رہے تو اوس شخص کو بہرا کردے +

لاعلاج بہرے پن کی علامتین

لڑکا بوڑہا اور بہت دنکا بہرا ہو تو وہ اچھا نہو +

کھیڑ کرن کی علامتین

جسکے کان مین باد مع بلغم کے دہس جاوے اور اوسکے کان مین بانس کے پھٹنے کے سی آواز ہوا اوسکو کرن کھیڑ کہتے ہین

کرن شراو کی علامتین

جو سر مین ضرب لگی ہو یا کان مین پانی بھر گیا ہو تو کان مین سے پیپ بہا کرے اوسکو کرن شراو کہتے ہین +

کرن کنڈو کی علامتین

جسکے کان مین مع بلغم کے باد ہے اوس کان مین کھجلی آوے اوسکو کرن کنڈو کہتے ہین +

کرن گومکھہ کی علامتین

جسکے کان مین صفرا کی گرمی دہس جاوے اور بلغم کو خشک کرے اوسکے کان مین سے پانی بہت بہے اوسکو کرن گومکھہ کہتے ہین +

کرن پرتناد کی علامتین

وہ کرن گوتھہ تپلا پڑجاوے پھر وہ ناک مین پہونچے اوسکو کرن پرتناد کہتے ہین +

کرم کرن کی علامتین

جسکے کان مین پتنگ یا کن کھجورا وغیرہ کوئی جانور وہس جاوے اور اوسکے کانمین ٹھہر پھراوے اور اوس شخص کو بہت دق کردے اور درد کرے اور درد وغیرہ سب جاتے رہین اوسکو کرم کرن کہتے ہین +

کرن بدردہ کی علامتین

یہ دو قسم کی پھنسیان ہین ایک تو کان مین چوٹ لگنے سے صورت زخم نمودار ہو اور ایک فساد سے کان مین زخم پڑجاوے پھر اوس کان سے خون پیب وغیرہ سب نکلے اور کان مین جلن وغیرہ سب رہے اوسکو کرن بدردہ کہتے ہین +

کرن پاک کی علامتین

جسکا کان صفرا سے پک جاوے اور کان مین سے کاڑھے کے مانند پیب نکلے اوسکو کرن پاک کہتے ہین +

پوت کرن کی علامتین

جسکے کان مین زخم پڑین پھر اوسکے کان سے پانی گرا کرے اور اوسمین پیب بھی پڑے اوسکو پوت کرن کہتے ہین +

یا باد صفرا بلغم سے ہو تو اونکی علامتون سے جانو اور باد صفرا بلغم اور خون کے سبب مسّے کی صورت کان مین ارش پیدا ہوتا ہے اوسکو باد وغیرہ سے جان لینا اور کان مین باد صفرا بلغم خون گوشت نسین یہ ساتون ہی ایک ارُبدنامے عارضہ کا نمٹھہ کی صورت ہوتا ہے اوسکو بھی پیدا کرتا ہے اوسکی بھی علامتین ارُبد کے عارضہ مین کہی ہین وہ دیکھہ لینا۔ یہ سب اٹھائیس عارضے ہین چرک کی راے سے کان کے نیچے باد۱ صفرا۲ بلغم۳ سنپات۴ کا +

کان کی بناگوش مین پانچ بیماریان رہتی اونکی اور پرٹوبک کی علامتین

کان کی بناگوش بہت نرم ہوتی ہے اوسکو بڑہایا کرے تو اوسمین ورم پیدا ہوا اور درد رہے اوسکو پرٹوبک کہتے ہین +

اوتپات کی علامتین

کان کی بناگوش مین بھاری زیور پہنے اوس سے یا کسیطرح کھنچنے سے اوپر ورم ہوا اور اوسمین جلن اور درد ہوا اوسکو اوتپات کہتے ہین +

اوٹھک کی علامتین

جو کان کی بناگوش کو مہٹ سے بڑہایا جاہے تب وہان باد مفسد ہوکر مع بلغم کے ورم پیدا کرے اور وہان کھجلی معلوم ہو +

دکھہ بردہن کی علامتین

جسکے کان کا بناگوش کسی آزار یا تکلیف سے بندہ گیا ہو اور وہان جلن ہو اور پک جاوے اوسکو دکھہ بردہن جانو +

پرلیہن کی علامتین

جسکے کان کی بناگوش کے اوپر بلغم خون کے فساد سے سرسون کے برابر پھنسیان ہون اور اوسجگہ کھجلی ہو اور جلن پیدا ہوا ور پک جاوے اوسکو پرلیہن کہتے ہین +

کان کی بیماریونکا علاج

ادک کا رس - شہد - سیندہا نمک اور تیل کو جمع کرا اور گرم کرکے کان مین ڈالے تو کان کا درد اور کرن ناد یعنی کان مین آواز ہونا اور بہرا پن اور کرن کھیڑ یہ سب دور ہون - یا لہسن ادرک اور برنا کی جڑ اور کیلے کے رس کو گرم کرکے کان مین ڈالی تو کان کا درد وغیرہ کان کی بیماریان دور ہون

کان کی سول دور ہونیکا علاج

آک کے نرم پتون کو کھٹائی سے باریک پیسکر رس نکالے اور اسمین تیل اور نمک ڈالے پھر

اسکو تھوہڑ کی لکڑی مین بھرے پھر اوس لکڑی مین کپڑونی کرکے اوسکو پٹ پہتر پاک کرکے رس نکالے پھر اس رس کو گرم کرکان مین ڈالے تو کان کی سول جاوے یا آک کے پتون مین گھی لگاکر آگ سے گرم کرکے اونکا رس نکالے پھر اس رس کو گرم کرکے کان مین ڈالے تو سول دور ہو یا بکری کے بول مین سیندہا نمک ڈالکر نیمگرم کان مین ڈالے تو کان کا سول دور ہو۔ یا ارلو کی جڑ کے رس مین نرم آنچ سے تیل کو پکاوے جب وہ رس خشک ہوجاوے اور تیل رہجاوے تو اس تیل کو کان مین ڈالے تو تینون خلطون سے پیدا ہوا بھی کان کا درد اچھا ہو ✣

بہرے پن وغیرہ سب کانکی بیماریونکی دفع ہونیکا تیل

روغن تلخ مین۔ زنجبیل۔ فلفل۔ پیپل۔ کوٹ۔ پیلا مول۔ اپامارگ کا کھار۔ جوا کھار۔ بیل کی حرف کا رس گاے کا پیشاب یہ سب نرم آنچ سے پکاوے جب یہ سب جل جاوین اور تیل باقی رہے تو اس تیل کو کان مین ڈالے تو بہرا پن کان کی آواز اور کان کا بہنا ان سب بیماریون کو دور کرے اسکا نام بلوتیل ہے۔ یا بیل کے کچے پھلونکا رس نکال اوسمین بسی ہوئی سبجی ڈالکر اوسکو پیے تو کان کا درد بہرا پن جلن ان سبکو دور کرتا ہے ✣ لف زیرہ ۱۲

جو کان سی پیپ بہتا ہوا وسکے اچھے ہونیکا تیل

املی کے پتے اور جامن کے پتے اور مہوے کے پتے اور برگد کی جڑ چمیلی کے پتون کے رس مین تیل ڈالکر نرم آنچ سے پکاوے جب یہ سب جل ہوجاوین اور تیل رہجاوے تو اس تیل کو کان مین ڈالے تو کان کا بہنا اچھا ہو۔ یا رسوت کو عورت کے دودہ مین گھسکر اور شہد ملاکر کان مین ڈالے تو کان کا بہنا بند ہو۔ یا کوٹ۔ انگوزہ۔ بچ۔ دارہلدی۔ سونف۔ زنجبیل اور سیندہا نمک کو باریک پیس بکری کے بول مین گھول کر اسمین ڈالے اور نرم آنچ سے پکاوے جب یہ جل جاوین اور تیل رہجاے تب اس تیل کو کان مین ڈالے تو پیپ بہنا بند ہو ✣

کان مین زخم پڑگیا ہو اوسکے دور ہونیکا تیل

مولی سیپ کو پیسکر کروے تیل مین پکاوے پھر اوس تیل کو کان مین ڈالے تو کان کے زخم

اچھے ہون - یا آنولا سا گندھک دو تولہ - منیسل دو تولہ - زرد چوب دو تولہ - روغن تلخ سولہ تولہ - دھتورے کے پتون کا رس یہ سب برابر لے انکو باریک پیس نرم آنچ مین پکاوے جب سب جل جاوین اور تیل باقی رہے تو اسکو کانمین ڈالے تو کان کے زخم دور ہون +

کان مین کیڑے پڑ گئے ہون اوسکے دور ہونیکا علاج

کیڑون کے دور ہونیکا علاج جو پیچھے لکھا ہے اوس سے کیڑے دور ہون یا بادنجان کی جڑ کے رس کا دہوان - سرسون کے تیل کے ساتھ کان مین ڈالے تو کان کے کیڑے دور ہون اور کان کے ورم اور کان کے ارٹد کا علاج جو پیچھے لکھا ہے اوس سے دور ہون یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین +

بہرے پن کے دور ہونیکا تیل

بیج ترب کا رس - روغن تلخ اور شہد برابر لیکر کچھ گرم کرکے کان مین ڈالے تو بہرا پن دور ہو یا مصری اور الائچی کو باریک پیس کان مین ڈالے تو بہرا پن دور ہو +

کان کے درد کے دور ہونیکا تیل

گہری اور موٹی سیپی کو پیسے اور پدماک ہینگ تمبر سیندھا نمک کوٹ کپاس کی گٹھلی کو پیسکر کاڑھا کر اسمین روغن تلخ چودہ تولہ ڈالے اور ہل ہل کا رس بھی ان سبکی برابر لے پھر اسکو نرم آنچ سے پکاوے جب رس وغیرہ سب جل جاوین اور تیل باقی رہجاوے تب اس تیل کو کان مین ڈالے تو کان کے زخم پیپ اور بہرا پن اور کان مین آواز ہونا ان سبکو یہ دور کرتا ہے - یا کوکر بھانگرے کا رس یا وٹاور ہر پہاڑی بڑی کا رس ۸ تولہ لہسن کا رس ۴ تولہ - سونف ڈہائی درم - تج ڈہائی درم - کوٹ ڈہائی درم - زنجبیل ڈہائی درم مرچ ڈہائی درم - پیپل ڈہائی درم - لونگ دو درم - بکریکا دودھ ۱۰ ماہ روغن تلخ دس تولہ یہ سب جمع کر نرم آنچ سے پکاوے جب سب جل جاوین اور تیل باقی رہے تب اس تیل کو کان مین ڈالے تو بہرا پن کان کا پیپ اور کان کی سب بیماریان دفع ہون +

کان مین پیپ بہتا ہوا وسکے اچھے ہونیکی دوا

سمندر پھین - سپاریکی راکھ اور کتھے کو باریک پیس کان مین ڈالے تو کان کا بہنا بند ہو یہ سب بیدرہس مین لکھے ہین - جو کان کی نباگوش پک گئی ہو تو اس دوا سے دفع ہو - چھتا ور اسگندہ - دودہ - بیخ ارنڈ - اور سیاہ تلون کے تیل کو نرم انچ سے پکاوے جب یہ سب جل جاوین اور تیل رہجاوے تب اس روغن کو کان کی نباگوش مین لگاوے تو درد وغیرہ سب دور ہو - اور کان کی نباگوش بڑہے ✣

پرپوٹک کے اچھے ہونیکا تیل

جیونتی گن مین تیل پچاکر مالش کرے تو پرپوٹک اچھے ہون اور جونکون کے لگانے سے بھی اوتپات کی بیماریان دفع ہوتی ہین اور سرسہ کی باری باوچی اور کنک بچھی کو نرم آنچ مین تلون کا تیل پکاوے جب رس خشک ہوجاوے اور تیل باقی رہجاوے تو کانکی نباگوش مین لگاوے تو اونمتھہ دور ہو - یا جامن کے پتے آملہ کے پتے اور برگد کے پتون کا ڑہا کر کے اس تیل مین کاڑھے کو پکاوے پھر اس تیل کی مالش کرے تو دکھہ بردہن کی بیماری دور ہو - یا گوبر کے کنڈے سے سینک کرے یا دودہ سے یا گاے کے بول سے کا فور کا لیپ کرے تو کان کی نباگوش اچھی ہو یہ سب علاج بھاؤ پرکاش مین لکھے ہین ✣

ناک کے عارضونکی پیدایش علامت اور علاج

ناک مین چونتیس بیماریان ہین - اونکے یہ نام ہین - پنس - پوتناک - ناسا پاک - پوتیگندھ بہت چھینکین آوین - چھینکین نہ آوین - ناک جلا کرے - پرتناہ - پرشراو - ناسا شیکھہ - پرتشیاے - چار قسم کا - ناساربد سات قسم کا - ناسارش چار قسم کا - ناک مین ورم ہو چار قسم کا - ناک مین خون صفرا کا چار قسم کا ✣

پنیس کی علامتین

جسکی ناک مین بسبب بلغم کے دم اچھی طرح نہ آوے اور ناک رک جاوے اور سوکھی رہے اور

اوسمین سے دھان نکلے اور اوسکی ناک مین خوشبو اور بدبو کی کچھ بھی تمیز نرہے اوسکو پنس کہتے ہین +

پوتناس کی علامتین

جسکے گلے اور تالوے کی جڑ کی ہوا صفرا بلغم کو خراب کرے اور اوسکے منہ اور ناک مین وہ ہوا کی راہ بدبو نکالے

ناسا پاک کی علامتین

جسکی ناک مین صفرا خراب ہوکر ناک مین مچھنسی پیدا کرے اور اوسکو پکا دے اور اوسمین سے پیب نکلے اوسکو ناسا پاک کہتے ہین +

پویے رکت کی علامتین

جسکی پیشانی مین کسیطرح کی چوٹ لگے تو وہان کی خلطین خراب ہوکر اور ناک کے ذریعہ سے پیب کو لیے خون نکالین اوسکو پویے رکت کہتے ہین

چھوتہہ یعنے بہت چھینکین آوین اوسکی علامتین

جسکی ناک مین باد مفسد ہوکر ناک کی مرم جلیون کو خراب کرے پھر وہ بلغم سے ملے تب وہ بہت چھینکین جاری کرے اوسکو چھوتہہ کہتے ہین - یا جو شخص ناک مین مرچ وغیرہ دوا ڈالے یا سورج وغیرہ کو دیکھے یا ناک مین تاگا تنکے وغیرہ ڈالے تو اوسکی ناک مین سے چھینکین بہت آوین اسکو بھی چھوتہہ کہتے ہین +

چھوتہہ بھرنش کی علامتین

جسکی ناک مین صفرا سے بلغم جل جاوے اور اوس شخص کو چھینکین نہ آوین اوسکو چھوتہہ بھرنش کہتے ہین

دیپت روگ کی علامتین

جسکی ناک مین صفرا مفسد ہوکر ناک مین بہت جلن کرے اور ناک مین سے دھوان بہت سا نکلے اور اوس ہوا سے ناک جلے اوسکو دیپت کہتے ہین +

پرتناہ کی علامتین

باد سے بلغم ملکر ناک کے دم کو نہ آنے دے اوسکو پرتناہ کہتے ہین +

پرشراو کی علامتین

جسکی ناک دم مین سے گہرا زرد اور سپیدی لیے میل بھی آئے اوسکو پرشراو کہتے ہین +

ناشا سنشوکھہ کی علامتین

جسکی ناک مین باد صفرا بلغم تینون مفسد ہون اور وہ بہت تکلیف سے دم لے اوسکو سنشوکھہ کہتے ہین +

پرتشیای کی علامتین

جسکے پنیس کا عارضہ ہو اور وہ سستی سے اوسکا علاج نہ کرے تو وہ پنیس بڑہے پھر وہ مفسد ہوکر اور جگہون مین ظاہر ہو تب اوسکے بہت سے نام نزلہ وغیرہ ہون اور وہ بہت سی بیماریون کو پیدا کرے +

پنیس نامے بیماری کی پہلی شکل

جسکو چھینکین آوین سر بھاری رہے بدن جکڑبند ہوجاوے اور بال کھڑے ہون اور اونگھا ہون تو جاننا چاہیے کہ پنیس کی بیماری ہوگی +

بادی پنیس کی علامتین

جسکی ناک کی راہ رک جاوے اور اوس سے تھوڑا سا رقیق پانی گرے اور گلا تالو اور لب سوکھہ جاوین اور اوسکی کنپٹی مین درد ہو اور منہ کی آواز گھون گھون ہو اوسکو بادی پنیس بولنا چاہیے

صفراوی پنیس کی علامتین

جسکی ناک مین جلن ہو اور زردی لیے گرم گرم پانی گرے اور وہ شخص دبلا ہوجاوے اور اوسکا بدن گرم رہے اور اوسکی ناک مین سے آگ کی صورت دہوان نکلے اور وہ قے بھی کرے اوسکو صفراوی پنیس بولنا چاہیے +

بلغم کی پنیس کی علامتین

جسکی ناک مین سے گہرا سپید بلغم بہت نکلے اور اوسکا بدن سپید ہوجاوے اور آنکھون کے اوپر سوجن ہوکر بھاری رہے اور گلا تالو لب اور سر مین بہت کھجلی ہو تو بلغم کی پنیس جانو +

سنپات کی پنیس کی علامتین

جسکی ناک مین مذکورہ بالا سب علامتین ملین اور وہ پنیس بار بار ہو اور علاج کرتے سے نجاوے اور پکے بھی نہین اوسکو سنپات کی پنیس جانو +

خراب پنیس کی علامتین

جسکی ناک بار بار جھڑا کرے اور سوکھ جاوے اور ناک مین سے اچھی طرح دم نہ آوے ناک بند ہو جاوے اور کبھی کھل بھی جاوے اور خوشبو اور بدبو کا تمیز نہ رہے اوس کو دشٹ یعنے خراب پنیس کہتے ہین +

خون سے پیدا ہوئی پنیس کی علامتین

جسکے سینے مین ضرب لگی ہو اوسکو خون کی پنیس ہو جاوے اور ناک مین سے خون بہے اور اوسکے صفرا کی علامتین جو اوپر بتائین ہین وہ ہون اور اوسکی سرخ آنکھین ہون اوسکو خون کی پنیس کہنا چاہیے +

پنیس کی لاعلاج علامتین

سستی سے پنیس کا علاج نہ کرے تو سب قسم کی پنیس لاعلاج ہو جاوین +

پنیس والی کی ناک مین کیڑے پڑ گئے ہون اوسکی علامتین

جسکی ناک مین پنیس سے سپید اور چلتے کیڑے پڑ جاوین اور نظر نہ آوین اور اوسکو سر کی بیماری ہو جاوے اور اور بھی بیماریون کو ظاہر کرے یعنے بہرا پن آنکھون کی بیماری دم ضعف معدہ وغیرہ اور ناک مین گانٹھ سات قسم کی ورم چار قسم کا ارش ناک مین چار قسم کا خون صفرا ناک مین چار قسم کا ہوتا ہے پیچھے ان سبکی علامتین لکھی ہین جو جان لینا

پنیس کے کچے ہونیکی علامتین

جسکا سر بھاری رہے اور غذا سے رغبت نہو ناک جھڑا کرے آہستہ بولے بدن کمزور اور دبلا ہو جاوے اور بہت تھوکے یہ علامتین ہون تو پنیس کچا جانو +

پکے ہوے پنیس کی علامتین

جسکی ناک سے کف گہر نکلے اور ناک کے سوراخ مین بھی رہے اور رنگ بھی اچھا ہوجاوے اور دم بھی اچھا ہو اور بھوکھ وغیرہ سب لگین اوسکو پکا ہوا پنیس جانو +

ناک کی بیماریونکا علاج

کالی مرچ - قند سیاہ اور انگوزہ اپس مین خوب ملاکر اندازکے موافق کھاوے تو پنیس کی بیماری دفع ہو - پاکا پیپل - پہکر مول - کاکڑاسنگی - زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - اور کلونجی کو باریک پیس ڈہائی درم ادرک کے رس کے ساتہ کھاوے یا اوسکا کاڑہا پیے تو پنیس - سرپھنگ یرقان - سنپات بلغم دمہ کھانسی انکو یہ دور کرتا ہے یا کا پیپل ہینگ مرچ لاکھ اندرجو کوٹ بیچ سیندہا نمک بیچ سہنجنہ بای بڑنگ انکا کاڑہا پیے تو پنیس دور ہو +

بیوکہاد گنگا

زنجبیل - فلفل سیاہ - پیپل - چترک - تالیس پتر - ڈانسرہ - ال بید - چب - زیرہ - الائچی تیج - تیج - یہ سب برابر لے اور انکی برابر پورانا گڑ لے اور باریک پیسکر ڈہائی درم کی گولیان بناوے اور ایک گولی ہر روز کھاوے تو دس روز مین پنیس اور کھانسی اچھی ہو +

پنیس کے دور ہونیکا تیل

کیٹیلی - مغز املتاس بیج پوست سہنجنہ - تلسی کے پتونکا رس ان سبکو تیل مین پکاوے پھر اس تیل کا ناس لے تو پنیس دور ہو - یا پوست سہنجنہ - کیٹیلی - نسوت - زنجبیل - فلفل پیپل - سیندہا نمک - پیپل کے پتونکا رس - ان سب کو تیل مین پکاوے پھر اسکا ناس لے تو پنیس دور ہو - اسکا نام شنگرو تیل ہے +

جسکو بہت چھینکین آوین اوسکا علاج

گھی - گوگل اور موم کی ناک مین دہونی دے تو چھینکین آنا بند ہون - یا زنجبیل - کوٹ - پیپل - مغز پیل - لاکھ کا کاڑہا تیل مین پکاوے پھر اسکا ناس لے تو بہت چھینکین آنا دور ہون +

پینس کے دور ہونیکا چورن

بای ٹرنگ - سیندہا نمک - انگوزہ - گوکل - مینسل اوریج کو باریک پیس کر سونگھے تو پینس دور ہو +

پینس کے دور ہونیکا تیل

بھانگرے کے تیونکا رس اور سیندہا نمک مین تیل پکاوے پھر اس تیل کو سونگھے تو پینس جلد دور ہو +

ناک مین مسہ ہوا وسکے دور ہونیکا تیل

دھاسہ - پیپل - دارہلدی - اپامارگ کے بیج - جوالکھار - بیج کرالا - یا پوست اور سیندہا نمک اسمین تیل پکاوے اور یہ تیل ناک کے مسے مین لگاوے تو مسے دور ہون اور ناک کے جو عارضے کہے ہین اوسمین اسکا علاج دیکھ لینا یہ سب بھاؤپرکاش مین لکھے ہین یا سونے کے وقت آدہا اوٹا ہوا پانی پیے تو پینس کی بیماری دور ہو - یا زیرہ گھی اور شکر ملاکر کھاوے تو یہ بیماری دور ہو +

منہ کی بیماریون کی پیدایش کی علامت اور علاج

منہ کے سات حصے ہین - لب - مسوڑہ - دانت - زبان - تالو - گلا - اور گلے کے شروع سے کل منہ

منہ کی بیماریون کی پیدایش

انوپ دیس کے گوشت کھانے سے بہت دودھ پینے سے اور بہت دہی اور ماش کے کھانے سے بادصفرا اور بلغم مفسد ہوکر منہ کی بیماریون کو پیدا کرتے ہین +

لب کی بیماریونکی پیدایش اور تعداد

لب مین آٹھ بیماریان ہین - بادی - صفراوی - بلغمی - سنپات کی خون کی - گوشت کی - چربی کی - چوٹ لگنے کی +

بادی لب کی بیماری کی علامتین

جسکے لب سخت اور کھردرے اور گہرے اور سیاہ ہون اور جنمین زیادہ عدد ہو تو بادی لب کی بیماری جانو +

صفراوی لب کے عارضہ کی علامتین

جسکے لبون مین پھنسیان ہون اور وے پھنسیان بہنے لگین اور اون مین چوگرد درد ہو اور جلن ہو اور پک جاوین اور اونکا زرد زرد رنگ ہو تو صفراوی لب کی بیماری جانو +

بلغم کے لب کی بیماری کی علامتین

جسکے لب بدن کے رنگ کے مانند ہون اور وہ بہین اور اون مین پھنسیان ہون اور درد نہو خارش پیدا ہو اور اونمین سے گہرا اور سخت بلغم نکلے +

شنپات کے فساد کے لب کی بیماری کی علامتین

کبھی سیاہ کبھی زرد کبھی سپید پھنسیان ہون اور بہت پھنسیان ہون اور اوسمین سب علامتین ملین اوسکو سنپات کے لب کی بیماری جانو +

خون کے فساد سے لب کی بیماری کی علامتین

جسکے لبون مین بہت پھنسیان اور اون مین بہت درد ہو اور اون پھنسیون کی رنگت چھوہارے کے مانند ہو اور اونمین سے خون بہت بہے تو خون کے فساد کی لب کی بیماری جانو +

گوشت کے فساد سے لب کی بیماری کی علامتین

جسکے لب کا گوشت خراب ہو اوسکے لب بھاری اور گیھلے ہون اور اوسکے خون مین جانور ڈالنے سے بیہوش ہو جاوے تو خون کے فساد سے لب کی بیماری جانو +

چربی کے فساد سے لب کی بیماری کی علامتین

جسکے لبون کی پھنسیون کا خون مثل روغن زرد یا چانول کے مانڈ کے مانند نکلے اور خارش ہو اور لب نرم ہون اور خون سپید مثل تیجر کے گہرا بہا کرے تو میدے کے فساد کا لبونکا عارضہ جاننا چاہیے +

ضرب لگنے کے لبونکی بیماری کی علامتین

جسکے لب مین کسیطرح کی چوٹ لگی ہو تو اوسکے لب پھٹ جاوین اور اون مین خارش ہو

اور لب اور طرح کے ہو جاوین اور درد بھی ہو ✤

لبونکی بیماریکا علاج

جسکے لبون مین بیماریان ہون اوسکو جونکون سے خون نکلوانا لازم ہے یا صاف موم مین گھی ڈالکر اوسکے بتی سے اچھی طرح سکاوے تو لبون کی بیماریان دور ہون - یا چار قسم کے سینہ ہین یعنی تیل گھی گوشت کا تیل - یا گوشت کے بچ کی مینگی ان چارون مین موم ملاکر گرم گرم سینک کرے تو لبون کی بیماریان دور ہون - یا پرینگ کے پھول تر پھلہ اور لودہ کو باریک پیسن سنیہہ مین لبون مین سینک کرے یا شہد سے کھاوے تو لبونکی بیماریان دور ہون ✤

پرتسارن کا طریقہ لبون پین چوڑن اور لیہہ اونگلی سے رفتہ رفتہ لگاوے اوسکو پرتسارن کہتے ہین

لبون مین بہت زخم پڑ گئے ہون اوسکا علاج

جو پیچھے زخم کے اچھے ہونیکا علاج پیچھے لکھا ہے وہ کرے ✤

مسوڑہے کی بیماریونکے نام اور تعداد

شتیاد[1] - دنت پیٹ[2] - دنت بیشٹ[3] - سوکھر[4] - ماہاسوکھر - پدر[5] - اوکش[6] - بیدربہہ - کہل پرد[7] اوہٹھانس[8] - نیخ[9] ناڑی[10] یعنے باد سے مسوڑہے کی نس نکلے - صفرا[11] سے مسوڑہے کی نس نکلے بلغم[12] سے مسوڑہے کی نس نکلے - سنپات[13] کے سبب مسوڑہے کی نس نکلے - چوٹ[14] لگنے سے مسوڑہے کی نس نکلے - دنت[15] بدردہ ✤

شتیاد مسوڑہے کے عارضی کی علامتین

بغیر کسی سبب کے اتفاقاً مسوڑہے مین زخم سے خون نکلے اور اوس خون مین بہت بدبو آوے اور خون سیاہ ہو اور مسوڑہے نرم ہون اور بکھر جاوین آپس مین پکنے لگین اس طرح بلغم خون کے خراب ہونے سے پیدا ہوا اوسکو شتیاد کہ بولتے ہین ✤

دنت پیٹ مسوڑہے کی بیماریکی علامتین

دانتون کے تین مسوڑہے ہین بہت ورم پیدا ہو جاوے اوسکو دنت پیٹ روگ

سکتے ہین یہ بلغم خون کے فساد سے پیدا ہوتا ہے +

دنت بیشٹ کی علامتین

جسکے مسوڑے مین پیپ کیلیے خون نکلے اور دانت ہلنے لگین اوسکو دنت بیشٹ کہتے ہین +

سوکھر مسوڑے کی بیماری کی علامتین

مسوڑے مین ورم پیدا ہوا وراوسمین درد ہو اور لعاب گرنے اور کھجلی ہو اسکو سوکھر مسوڑے کی بیماری کہتے ہین - یہ بلغم اور باد سے پیدا ہوتا ہے +

مہا سوکھر کی بیماری کی علامتین

اون مسوڑہون مین دانت ہلنے لگین اور تالو بیٹھ جاوے یا تالو پر سوراخ ہوجاوین یہ سنپات کے فساد سے پیدا ہوتی ہے اسکو مہا سوکھر کہتے ہین +

پردر مسوڑے کی بیماری کی علامتین

جسکے دانت کے مسوڑے بکھر جاوین اور اون مین خون نہ رہے وہ صفرا خون اور بلغم کے فساد سے پیدا ہوتا ہے اسکو پردر کہتے ہین +

اوپکش مسوڑہی کی بیماریونکی علامتین

جسکے مسوڑے مین جلن ہو اور پک جاوے دانت ہلنے لگین اور مسوڑے کے دبانے سے یا دواؤن کے گھسنے سے خون نکلے اور اوسمین درد نہو اور مسوڑے مین سے بدبو آوے یہ صفرا خون سے پیدا ہوتی ہے اسکو اوپکش کہتے ہین +

بیدربھ مسوڑے کی بیماری کی علامتین

جسکے مسوڑے مین کسیدلج کی ضرب لگے یا وہ گھس جاوین تب اونمین ورم پیدا ہو اور دانت ہلنے لگین اور اونمین سوزش اور درد بھی ہو اوسکو بیدربھ مسوڑے کی بیماری کہتے ہین +

کپل بردہن مسوڑہی کی بیماری کی علامتین

جسکے مسوڑہی میں دانت بہت بُرہین اور دہان درد زیادہ ہو اوسکو کپل بردہن کہتے ہین +

ادہ مانس مسوڑہی کی بیماریکی علامتین

جسکے نیچے کی داڑہ کی جڑمین بہت ورم ہو اور اوسمین بہت درد ہو اور مُنہ سے لعاب گرے یہ بلغم سے پیدا ہوتی ہے اسکو ادہ مانس کہتے ہین - مسوڑہے کی نسون مین باد صفرا بلغم سنپات اور چوٹ لگنے سے پانچ قسمکی بیماریان کہتے ہین +

دنت بدردہ مسوڑہی کی بیماریکی علامتین

دانت کے مسوڑہے مین سے خون نکلے اور وہان ورم بہت پیدا ہو اور اوسمین جلن اور درد بھی ہو اور پیب لیے خون بہت نکلے +

مسوڑہے کی بیماریون اور شتیاد مسوڑہی کی بیماریکا علاج

اس بیماری مین مسوڑہے کا خون نکالکر - زنجبیل سرسون اور ترپھلے کے کاڑہے کی کلی کرے تو شتیاد وغیرہ مسوڑہے کی بیماریان دور ہون - یا ہیراکسیس - ٹپانی لودہ - پیپل منیسل - پرسپاگ - تیج پل - انکو برابر لے باریک پیس شہد سے مسوڑہی پر لگاوے تو شتیاد مسوڑہے کی بیماریان دور ہون - یا تیل یا گھی کی کلی کرے تو شتیاد مسوڑہی کی بیماریان دور ہون

دنت پیپٹ مسوڑہے کا علاج

اس بیماری مین مسوڑہے کا خون نکالے پانچون نمک جواکھار اور شہد ڈالکر کاڑہا کرے تو یہ بیماری رفع ہو +

چل دنت مسوڑہی کا علاج

لودہ - تپنگ - مہوا - لاکھ بیل - سرس کا پوست انکو باریک پیس مسوڑہے مین ملے تو چل دنت مسوڑہی کی بیماری دور ہو - یا اگر موتھا - ہلیلہ - زنجبیل - مرچ - پیپل - بای ٹپنگ - برگ نیم انکو باریک پیس گاے کے بول مین گولیان بناوے پھر اوس گولی کو سایے مین سکھا کر سونے سے وقت مُنہ مین رکھے تو چل دنت مسوڑہے کی بیماری دور ہو اسکا نام بل مہدر متا دگنکا ہے یا بیلے پھول کا کاٹ سیلہ - دہاسہ سکھیر سار - جامن کا پوست - پوست انبہ - اصل السوس -

کنول گٹہ یہ سب برابر چار تولہ بھر لے پھر انکو ۱۶ مار پانی مین اوٹاوے اسکا چوتھا حصہ رکھے پھر اسمین تیل یا بکریکا گھی نرم آنچ سے پکاوے جب رس وغیرہ سب جل جاوین اور تیل باقی رہے تب اس تیل یا گھی کو دو گھڑی منہ مین رکھے تو دانت گہرے ہون اسکا نام سچرادگھرت تیل ہے

سوکھر مسوڑھی کا علاج

اس بیماری مین مسوڑہے کا خون نکلوا دے پھر لودہ - ناگر موتھہ - رسوت اور شہد کو باریک پیس شہد مین مسوڑہے پر لیپ کرے اور پھر دودہ کی کلی کرے تو سوکر مسوڑہی کی بیماری دور ہو +

پردر مسوڑہے کا علاج

پہلے مسوڑہے کا خون نکلوا کر زنجبیل سرسون اور ترپھلے کے کاڑہے سے کلی کرے تو پردر اور اوکشٹ دور ہو

مسوڑہے مین زخم پڑجاوین اوسکا علاج

گوکرو کے پتے نمک - شہد - زنجبیل فلفل - پیپل - انکو کاڑہا کرے اور پہلے مسوڑہے کا ہتیار وغیرہ سے خون نکالے پھر اس کاڑہے کی کلی کرے پھر اس مسوڑہے پر نمک وغیرہ کا کھار لگاوے تو مسوڑہے کا گھاؤ دفع ہوکر کیڑے مرجاوین +

کھل بردہن مسوڑہی کی بیماریکا علاج

اس بیماری مین مسوڑہے کا گوشت نکال ڈالے پھر شہد کی کلی کرے پھر نیم تیج بل - پاڑہ سجی جواکھار اور پیپل کو باریک پیس مسوڑہے مین لگاوے تو کھل بردہن مسوڑہی کی بیماری دور ہو +

مسوڑہے کی نسونمین پانچ قسم کی زخم ریگئی ہون اوسکا علاج

مسوڑہونکا گوشت کچہ ہتیار سے دور کرے پھر ٹوپل - برگ نیم - اور پہلے کا کاڑہا کر گرم گرم کلی کرے تو مسوڑہونکی نسونکی زخم دور ہون یا جمبلی اور دہتورے کے پتے کیتلی اور گوکھرو کا بیچا نگ مجیٹھہ - لودہ کھیر سار اور اصل السوس کا کاڑہا کر اس کاڑہے مین نرم آنچ سے تیل کو پکاوے پھر اس تیل کی کلی کرے تو مسوڑہے کے زخم وغیرہ سب بیماریان دفع ہون مجرب و آزمودہ ہے +

دانتونکی بیماریونکی نام اور تعداد

دالن - کرم دنتک - مہینک - دنت ہرکھہ - دنت شرکرا - کپالکا - شیاودنت - کرمال +

دالن نامے دانت کی بیماریکی علامتین

جسکے دانتون مین ٹوٹے ہوے دانت کا درد ہو وہ درد باد سے ہوا اوسکو دالن کہتے ہین +

کرم دنت بیماریکی علامتین

جسکے دانت مین سیاہ سوراخ پڑجاوین جلن ہو اور اوسمین سے کچہ خون نکلے اور ورم ہو بغیر کسی سبب کے باد کا سا درد ہو اوسکو کرم دنت کہتے ہین +

بھیجن دانت کی بیماریکی علامتین

جسکے دانت کیڑے ہون شکست ہوجاوین یہ بلغم سے پیدا ہوتا ہے اوسکو بھیجن کہتے ہین +

دنت ہرکھہ دانت کی بیماریکی علامتین

جسکے ٹھنڈے پانی وغیرہ یا روکھی چیز یا ٹھنڈی ہوا یا کھٹائی سے دانت کھٹے ہوجاوین یہ باد صفرا سے ہوتا ہے اوسکو دنت ہرکھہ کہتے ہین +

دنت شرکرا دانت کی بیماریکی علامتین

جسکے دانتون مین میل رہے اور میل کو بلغم باد سکھالے پھر اوسکے دانت کھردرے لگین اور ریت کے مانند کھل جاوین اوسکو دنت شرکرا بولتے ہین +

کپالکا دانت کی بیماریکی علامتین

جسکے دانت مٹی کے گھڑے کی صورت ہون اور اون مین سوراخ ہون اور کھل جاوین اور اون مین میل ہو اوسکو کپالکا کہتے ہین +

شیاودنتک دانت کی بیماریکی علامتین

جسکے دانت خراب خون سے ملکر سب جل جاوین اور وہ دانت سیاہ اور نیلے ہوجاوین اوسکو شیاودنتک دانت کی بیماری بولتے ہین +

کرال نامی دانت کی بیماری کی علامتین

جسکے دانتون کو بادرفتہ رفتہ خراب کرکے خوفناک کردے اوسکو کرال دانتون کی بیماری جانو یہ بیماری علاج سے بھی اچھی نہو +

اور کتاب کی روسے نہو موچھہ دانت کی بیماری کی علامتین

جسکی داڑھ مین باد مفسد ہوکر دانتون کو پکڑے اور دانتون مین یا داڑھ مین درد پیدا کرے اوسکو نہو موچھہ کہتے ہین اور اوسمین اردہت یعنی لقوے کی علامتین ملین +

دانتونکی بیماریونکے دور کرنیوالا لاجیا دتیل

لاکھہ کا رس - مارلونکا تیل - مارکاے کا دودہ - ہر لودہ ۲ تولہ - کاپھل ۲ تولہ مجیٹھہ ۲ تولہ کنول گٹہ ۲ تولہ - کمل کی کیسر ۲ تولہ - سرخ صندل ۲ تولہ - اصل السوس ۲ تولہ - ان سبکا کاڑھا کرکے اوس کاڑھے مین نرم آنچ سے تیل پکاوے جب سب رس جل جاوین اور تیل باقی رہجاوے تب اس تیل کو منہ مین ایک گھڑی تک رکھے تو دانتون کی سب بیماریان دور ہون اسکا نام لاجیا دتیل ہے - یا باد کے دفع کرنیوالے تیل کی کلی کرے تو دانتونکی بیماریان دور ہون +

کرم دنت دانتونکی بیماری کی علامتین

ہینگ کو کچھہ گرم کرکے دانتون کے بیچ مین رکھے تو دانتون کے کیڑے دور ہون یا کاکلمری بیل کو اور کڑوئی توبی کی جڑ کو باریک پیس دانتون مین ملے تو کیڑے دور ہون +

جو دانت کٹے رہین اوسکا علاج

سانبھر نمک - زرکچور - زرجبیل اور عاقرقرحا کو باریک پیس دانتون مین ملے تو کٹے دانت اچھے ہون +

دانتونکی سب بیماریون کے دور ہونیکی دوا

ہیراکسیس ۲ ماشہ - اور بای ڈنگ کو باریک پیس دانتون مین ملے تو دانتونکی سب بیماریان دور ہون +

دانتونکے گھرے ہونیکی مستی

ہیراکسیس - مازو - لہون - سونا مکھی - مجیٹھہ - زنجبیل - بھنی ہوئی پھٹکری اور ترپھلہ کو برابر لے کھرل مین کاجل کے مانند باریک پیسے پھر بقدر ایک ماشہ کے دو گھڑی تک سات دن دانتون مین ملے تو دانت کالے اور گھرے ہوجاوین +

دانتونکے سب فساد دور ہونیکی دوا

بھنی ہوئی پھٹکری - نیلا تھوتھہ - تیج بل - پپڑیا کتھہ - پیپل کا پوست - لاکھہ زنجبیل - مرچ - پیپل - آملہ - ہیراکسیس - مازو - مجیٹھہ - روہی مصطگی - بول مکا پوست - سیندہا نمک - سپاری یہ سب برابر لے انکو کوٹ کپڑچھانکر دگنڈے کے رس کی اکیس پٹ دے پھر بول سری کے پوست کی بھی اکیس پٹ دے اور دھوپ مین سکھاوے پھر اوسکو باریک پیس تھوڑا سا سیندہا نمک ملاوے اور دانتونمین ملے تو سب بیماریونکو دور کرے +

دانتونکے دکھنے کی اور دوا

کوٹ - زنجبیل - مرچ خراسانی اجواین - پوست ہلیلہ - کتھہ سب پانچ پانچ درم لیکر باریک پیس دانتونمین ملے تو دانت دکھنے بند ہون - یا گنگاجی کے پار کی تمباکو عاقرقرحا - کا پھل - بابی ٹرنگ - زنجبیل - مرچ - پیپل اور نمک کو باریک پیس دانتون مین ملے تو دانت دکھنا بند ہو +

زبان کی بیماریونکی پیدایش علامت اور علاج اور اونکی تعداد

زبان کی بیماریان پانچ قسم کی ہین - بادی - صفراوی - بلغمی - الاسس - ادپ چہوا +

باد سے پیدا ہوے ادپ جہوا بیماریکی علامتین

جسکی زبان کٹ جاوے اور بہری ہوجاوے اور زبان مین کانٹے پڑجاوین اور میٹھے وغیرہ کی لذت زبان مین معلوم نہ ہے تو بادی زبان کا عارضہ جاننا چاہیے +

کرال نامی دانت کی بیماری کی علامتین

جسکے دانتون کو بادرفتہ رفتہ خراب کرکے خوفناک کردے اوسکو کرال دانتون کی بیماری جانو یہ بیماری علاج سے بھی اچھی نہو +

اور کتاب کی روسے نہوموجہہ دانت کی بیماری کی علامتین

جسکی وجہ مین بادمفسد ہوکر دانتون کو پکڑے اور دانتون مین یا داڑہ مین درد پیدا کرے اوسکو نہوموجہہ کہتے ہین اور اوسمین اردہت یعنی لقوے کی علامتین ملین +

دانتونکی بیماریونکے دور کرنیوالا لاجیا دتیل

لاکھہ کا رس ۔ مارلونکا تیل ۔ مارکاے کا دودہ ۔ ، رلودہ ۲ تولہ ۔ کاپھل ۲ تولہ مجیٹھہ ۲ تولہ کنول گٹہ ۲ تولہ ۔ کمل کی کیسر ۲ تولہ ۔ سرخ صندل ۲ تولہ ۔ اصل السوس ۲ تولہ ۔ ان سبکا کاڑہا کرکے اوس کاڑہے مین نرم آنچ سے تیل پکاوے جب سب رس جل جاوین اور تیل باقی رہجاوے تب اس تیل کو منہ مین ایک گھڑی تک رکھے تو دانتون کی سب بیماریان دور ہون اسکا نام لاجیا دتیل ہے ۔ یا بادکے دفع کرنیوالے تیل کی کلی کرے تو دانتونکی بیماریان دور ہون +

کرم دنت دانتونکی بیماریکی علامتین

ہینگ کو کچھہ گرم کرکے دانتون کے بیچ مین رکھے تو دانتون کے کیڑے دور ہون یا کاکلہری بیل کو اور کڑوی توبی کی جڑ کو باریک پیس دانتون مین ملے تو کیڑے دور ہون +

جو دانت کٹے رہین اوسکا علاج

سانبھر نمک ۔ زرکچور ۔ زرنجبیل اور عاقرقرحا کو باریک پیس دانتون مین ملے تو کٹے دانت اچھے ہون +

دانتونکی سب بیماریون کو دور ہونیکی دوا

ہیراکسیس ۔ مازو ۔ اور بای برنگ کو باریک پیس دانتون مین ملے تو دانتونکی سب بیماریان دور ہون +

دانتونکے گھرے ہونیکی مستی

ہیراکسیس - بازو - لہسن - سونا مکھی - مجیٹھ - زنجبیل - بھنی ہوئی پھٹکری اور ترپھلہ کو برابر لے کھرل مین کاجل کے مانند باریک پیسے پھر بقدر ایک ماشہ کے دو گھڑی تک سات دن دانتون مین ملے تو دانت کالے اور گھرے ہوجاوین +

دانتونکے سب فساد دور ہونیکی دوا

بھنی ہوئی پھٹکری - نیلا تھوتھہ - تیج بل - پپڑیا کتھہ - پیپل کا پوست - لاکھہ زنجبیل - مرچ - پیپل - آملہ - ہیراکسیس - بازو - مجیٹھ - رسوت - بول مکا پوست - سیندہا نمک - سپاری یہ سب برابر لے انکو کوٹ کپڑچھانکر دگنڈے کے رس کی اکیس پٹ دے پھر بول سری کے پوست کی بھی اکیس پٹ دے اور دھوپ مین سکھاوے پھر اوسکو باریک پیس تھوڑا سا سیندہا نمک ملاوے اور دانتونمین ملے تو سب بیماریونکو دفع کرے +

دانتونکے دکھنے کی اور دوا

کوٹ - زنجبیل - مرچ خراسانی اجواین - پوست ہلیلہ - کتھہ سب پانچ پانچ درم لیکر باریک پیس دانتونمین ملے تو دانت دکھنے بند ہون - یا گنگاجی کے پار کی تمباکو عاقرقرحا - کاپھل - بابی ٹرنگ - زنجبیل - مرچ - پیپل اور نمک کو باریک پیس دانتون مین ملے تو دانت دکھنا بند ہو +

زبان کی بیماریونکی پیدایش علامت اور علاج اور اونکی تعداد

زبان کی بیماریان پانچ قسم کی ہین - بادی - صفراوی - بلغمی - الاس - ادپ چہوا +

باد سے پیدا ہوے ادپ جہوا بیماریکی علامتین

جسکی زبان کٹ جاوے اور ہری ہوجاوے اور زبان مین کانٹے پڑجاوین اور سنسناہٹ وغیرہ کی ملذت زبان مین معلوم نہ ہے تو بادی زبان کا عارضہ جاننا چاہیے +

صفرا کے زبان کے عارضہ کی علامتین

جسکی زبان مین جلن رہے اور رنگ سرخ ہوجاوے اور کانٹے پڑجاوین تو زبان مین صفرا سے پیدا ہوا عارضہ جانو +

بلغم کے زبان کی بیماریکی علامتین

جسکی زبان بھاری نظر آوے اور سخت ہوا ور زبان مین سپید کانٹے پڑجاوین تو زبان مین بلغم کی بیماری جانو +

الاس زبان کی بیماریکی علامتین

زبان کے نیچے بہت ورم ہو زبان کو اور داڑھی کو بی حرکت کردے جنبش نکرنے دے اور زبان نیچے پک جاوے یہ بیماری بلغم خون سے پیدا ہوتی ہے اسکو الاس کہتے ہین یہ لاعلاج ہے

اوپ جہوا کی علامتین

زبان کی لوک کے اوپر ورم ہوا ور ایسا معلوم ہو کہ گویا دوسری زبان ہے اور زبان مین سے بہت لعاب گرے اور خارش اور جلن ہو اوسکو اوپ جہوا زبان کی بیماری بولتے ہین +

زبان کی بیماریون کا علاج

زبان کی بیماریون کو دفع کرنے کے لیے خون نکالنا چاہیے یا گلو پیپل پوست نیم اور کٹکی کا کاڑھا کرکے کلی کرے تو زبان کی بیماریان سب دور ہون - یا لہون کا علاج جسکا پیچھے ذکر ہوا ہے اوس سے زبان کی بیماری دور ہوتی ہے - یا زنجبیل مرچ - پیپل - جواکھار ہلیلہ - انکو باریک پیس زبان مین لگاوے تو زبان کی بیماریان دور ہون - یا زنجبیل - مرچ - پیپل - جواکھار - پوست ہلیلہ - انمین تیل کو پکاکر اس تیل کی کلی کرے تو اوپ جہوا دور ہو +

تالو کی بیماریونکے نام اور اونکی تعداد

تالو مین نو عارضے ہین گل ٹھنڈی - تندگیری - دہردہ - کچھپ - تالوبد - سانس - نکھات

تال پیٹ - تال شوکھ - تال پاک +

گل شنڈ کی علامتین

تالو کے جڑ سے سوجن بڑھے اور وہ سوجن کٹی ہوئی کھال کی مانند ہو جاوے تو جاننا چاہیے کہ اس کھال مین باد بھری ہے اور اوسکو پیاس لگے اور کھانسی اور دمہ بھی ہوا سکو گل شنڈی کی بیماری بولتے ہین یہ بلغم خون سے پیدا ہوتا ہے +

تنڈکیری کی علامتین

تالو کی جڑ پیدا ہو کر ورم جلن درد اور پیپ کو لیے پیدا ہو وہ بلغم خون کے فساد سے ہوتا ہے +

دہرو کی علامتین

جسکے تالو مین بخار لیے سرخ ورم ہو اوسکو دہرو بولتے ہین +

کچھپ بیماریکی علامتین

جسکے تالو مین مثل کچھوے کے سوجن اونچی ہو اور درد بھی ہو یہ بلغم سے پیدا ہوتا ہے اوسکو کچھپ کہتے ہین

تال اربد کی علامتین

جسکے تالو مین کنول کے پھول کے مثال ورم ہو اور اوسمین بڑے دانے ہون اور جلن ہو اوسکو تال اربد بولتے ہین +

مانس گھات بیماریکی علامتین

جسکے تالو مین خراب گوشت بڑھے اور اوسمین درد نہو اوسکو مانس گھات کہنا چاہیے +

تال پیٹ بیماریکی علامتین

جسکے تالو مین مثل بیر کے ورم ہو اور درد نہو اوسکو تال پیٹ کہتے ہین +

تال پاک بیماریکی علامتین

جسکا تالو بسبب گرمی کے بہت پک جاوے اوسکو تال پاک بولتے ہین +

تالو کی بیماریونکا علاج

جو گل شنڈی نامے بیماری ہو تو ہوشیار بید کسی اوزار سے زہر نکال ڈالے تو گل شنڈی کی بیماری دور ہو۔ یا کوٹ۔ مرچ۔ بچ۔ سیندہا نمک۔ پاڑہ۔ ناگر موتھہ۔ انکو باریک پیس گل شنڈی مین ملے تو گل شنڈی کی بیماری دور ہو۔ یا پیپل۔ اتیس کوٹ۔ بچ۔ زنجبیل فلفل سیاہ۔ سیندہا نمک۔ انکو باریک پیس شہد سے گل شنڈی پر لگاوے تو گل شنڈی دور ہو یا پیپل اتیس۔ کوٹ۔ بچ۔ رسنا۔ کٹکی۔ پوست نیم انکو جوکوب کر انکا کاڑھا دے تو گل شنڈی تنڈکیری وغیرہ تالو کی بیماریان دور ہون +

گلے کی بیماریون کی علامتین اور علاج اور نام اور تعداد

گلے مین اٹھارہ بیماریان ہین پانچ قسم کی روہنی یعنی بادی صفراوی بلغمی سنپات کی۔ خون کی۔ کنٹھہ شالوک۔ ادہ جوا۔ بلے۔ بلاس۔ ایک برند۔ برند۔ شنگھنی۔ گلایو۔ گل بدروہ۔ گلوب۔ سرگھن۔ مانستان۔ بداری +

بادی روہنی کی علامتین

گل زبان ہین درد ہوا ور زبان مین دانے نکل آوین اور اونسے گلا رک جاوے اور باو سب فساد ہو جاوین اوسکو بادی روہنی کہتے ہین +

صفرا کی روہنی کی علامتین

جسکا گلا پک جاوے اور گلے مین جلن اور بخار ہو اسکو صفرا کی روہنی بولتے ہین +

بلغمی روہنی کی علامتین

جسکے گلے کی سردی بلغم سے رک جاوے اور گلا دیر مین پکے اور بھاری ہو اوسکو بلغم کی روہنی بولتی ہین

سنپات کی روہنی کی علامتین

جسمین بہت پیپ ہو اور بہت تدبیر سے بھی دور نہو اور اوسمین سب علامتین ملین اوسکو سنپات یعنے تینون خلطون کی روہنی جانو +

خون کی روہنی کی علامتین

جسکے گلے مین درد ہوآوی اور خون کی سب علامتین ہلین اوسکو خون کی روہنی جانو +

کنٹھ شالوک کی علامتین

جسکے گلے مین بیر کی گٹھلی کے برابر بلغم کی گانٹھ ہوجاوے اور گلے مین کھردرے کانٹے پڑجاوین اور اوسجگہ درد بھی ہوا وسکو کنٹھ شالوک بولتے ہین +

اوہجوا کی علامتین

جسکی زبان کی نوک کے اوپر ورم ہوا ور خون کو لیے بلغم تھوک کے اور زبان بلغم اور خون سے لپی ہوئی پکی سی ہوجاوے اوسکو اوہ جوا گلے کی بیماری بولتے ہین +

بلے نامے گلے کی بیماری کی علامتین

جسکے گلے مین بلغم بڑہے پھر ورم پیدا کرے اور غذا کو گلے مین جانے نہ دے اوسکی راہ روک دے اوسکو بلے گلے کی بیماری بولتے ہین - یہ لاعلاج ہے +

بلاس نامے گلے کی بیماری کی علامتین

جسکے گلے مین بلغم باد بڑہکر گلے مین ورم کرے اور دم بلغم باد اور درد کو ظاہر کرکے مرم استھان کو چھیدتا ہوا سینہ مین درد کرے اسکو بلاس گلے کی بیماری بولتے ہین +

ایک برند گلے کی بیماری کی علامتین

جسکے گلے مین بلغم خون خراب ہوکر گلے کے بیچ مین جلن کو لیے گول اور اونچی سوجن پیدا کرے اور وہان خارش ہو اور گلا پک جاوے اور بھاری اور نرم ہوا سکو ایک برند بولتے ہین +

برند گلے کی بیماری کی علامتین

جسکے گلے مین صفرا خون خراب ہوکر مع باد کے گلے مین گول ورم کو ظاہر کرے اور بغیر درد کے گلے مین سوزش ہو اور یہ بیماری بہت تیز ہو اسکو پیدا کرے اسکو برند گلے کی بیماری بولتے ہین +

شتگھنی نامے گلے کی بیماریکی علامتین

جسکے گلے مین گوشت کے دانے سخت اور آواز کے روکنے والے ہون اور اونمین درد ہو اور بہت جلین اوسکو مار ڈالنے والا جانو گویا گلے مین خون کا لٹھہ ڈالا ہے یہ بیماری تینون خلطون سے پیدا ہوتی ہے اور لاعلاج ہے +

گلاے نامے گلے کی بیماریکی علامتین

جسکے گلے مین آملہ کی گٹھلی کے برابر گانٹھہ ہو اور اوسمین کم درد ہو اور وہ گانٹھہ بلغم خون سے پیدا ہوتی ہے اور کھانا کھاوے تب وہ بُری لگے اسکو ہتیار سے دور کرے تو یہ دور ہوتی ہے اسکو گلاے گلے کی بیماری بولتے ہین +

گل بدردہ کی علامتین

جسکے سب گلے مین ورم ہو اور اون مین جانکا زائل کرنے والا بہت درد ہو یہ بھی تینون خلطون کے فساد سے پیدا ہوتا ہے اسکو گل بدردہ کہتے ہین +

گلوگھہ نامے گلے کی بیماریکی علامتین

جسکے گلے کی راہ مین بہت ورم ہو اور جسکے گلے کی راہ مین ہوا جانے سے بھی رک جاوے اور اوسکے تیز بخار پیدا ہوجاوے یہ بلغم خون کے بگڑنے سے پیدا ہوتا ہے اسکو گلوگھہ کہتے ہین +

سرگھن گلے کی بیماریکی علامتین

جسکے گلے مین بلغم خراب ہوکر گلے کے دم کو دور کرے اور زیادہ گوشت لٹکے اور حلق گھون گھون بولے اور غذا بخوبی تمام کھائی نجاوے اور یہ بلغم گلے کی ہوا کو بگاڑے اسکو سرگھن بولتے ہین +

مانس تان گلے کی بیماریکی علامتین

جسکے گلے مین ورم رفتہ رفتہ بڑہے اور سب گلے مین ورم ہوجاوے اور جان کا زائل کرنیوالا درد ہو یہ بھی تینون خلطون سے پیدا ہوتا ہے اسکا نام مانس تان ہے +

بداری نامے گلے کی بیماریکی علامتین

جسکے گلے مین تانبے کے رنگ کے برابر ورم ہو اور درد کو لیے جلن زیادہ ہو اور گلا لٹک جاوے اور پک جاوے اور پیپ پڑجاوے وہ صفرا کے فساد سے ہوتا ہے - اور وہ بداری گلے کی پیچھے ہوتی ہے جس کروٹ سووے وہان ہو اوسکو بداری نامے گلے کی بیماری کہتے ہین +

گلے کی بیماریونکا علاج

جسکے روہنی بیماری ہو اوسکے گلے کا جونک وغیرہ سے کسیطرح سے خون نکالے تو روہنی کی بیماری دور ہو - اور قے کرنا اور دواؤنکا حقہ پینا اور دواؤنکی کلی کرنا ناس دینا خون نکلوانا نمک کا سینک یہ سب گلے کی بیماری کو مفید ہین - یا تیل کی کلی کرے تو یہ سب علاج بادی گلے کی بیماریون کو اچھے ہین +

صفرا کے گلے کی بیماریکا علاج

مصری شہد پرینگ کے پھول اسکے کاڑھے سے صفرا کی گلے کی بیماری دور ہو +

بلغم کے گلے کی بیماریکا علاج

گھرکا دھوس اور کٹکی انکی کاڑھے سے بلغم کے گلے کی بیماری دور ہو - یا کٹکی - زنجبیل - پیپل مرچ بای ٹرنگ - بیخ املتاس اور سیندہا نمک کا کاڑھا کرا وسمین تیل پکاوے پھر اس تیل کا ناس دے تو بلغم کے گلے کی سب بیماریان دور ہون - یا بیش کرانتا کا کاڑھا پیے تو روہنی نامے گلے کی بیماری دور ہو - یا بیش کرانتا اور سنکھا ہولی کو گھوٹ کر پیے تو کنٹھ شالوک تنڈکیری - اوپ جوا - اده جوا - برندگلایل وغیرہ سب جاوین - یا اوزار کو درست کرکے گلے کا خون نکالے تو گل بدرده وغیرہ گلے کی سب بیماریان دفع ہون +

حلق کی بیماریونکا علاج

حلق کی بیماریان خون نکالنے اور ناس دینے سے اچھی ہوتی ہین یا دار ہلدی - پوست نیم - اندرجو - پوست ہلیلہ - بیخ انکا کاڑھا کرا وسمین شہد ڈالکر پیے تو حلق کی سب بیماریان دور ہون

یا کٹکی - اتیس - دار ہلدی - ناگر موتھہ - اور اندر جو کا کار ہا کر اونھین گاے کا پیشاب ڈالکر پیے تو حلق کی سب بیماریان دور ہون - یا پوست بلیلہ کا کاڑہا شہد ڈالکر پیے تو حلق کی سب بیماریان دور ہون - یا منکہ دا کھیہ - کٹکی زنجبیل - فلفل - پیپل - دار ہلدی - تج - تیجپھلا ناگر موتھا - پاڑہ - سوت - موریہ - تجپل - زرد چوب کا کاڑہا کر شہد ڈالکر پیے یا اسکی کلی کرے یا شہد سے اسکی گولی باندہے اوس گولی کو منہ مین رکھے تو گلے اور حلق کی سب بیماریان دور ہون +

سب منہ کی بیماریونکی پیدائش علامت اور تعداد

بادی - صفراوی - بلغمی - سنپات +

بادی منہ کی بیماریکی علامتین

جسکے منہ مین سب جگہہ چھالے ہوجاوین اور اونمین بہت درد ہو تو بادی منہ کی بیماری جانو

صفراوی منہ کی بیماریکی علامتین

جسکے منہ مین سرخ چھالے ہون یا جلن لیے زرد ہون اوسکو صفرا کے منہ کی بیماری جانو +

بلغم کے منہ کی بیماری کی علامتین

جسکے منہ مین سپید چھالے بغیر درد کے ہون اور اونمین خارش ہو وہ سب بلغم سے پیدا ہوئی جانو

لاعلاج منہ کی بیماریکی علامتین

جسکے لب اور مسوڑہے مین خون کے فساد سے یا تینون خلطون کے فساد سے چھالے ہون وہ لاعلاج ہے

سب منہ کی بیماریون کا علاج

منہ مین باد کے چھالے ہون تو نمک اور پھٹکری کی کلی کراوے یا باد کے دور کرنے والے تیل کے کلون سے چھالے دور ہون +

صفرا کے منہ کی بیماریونکی چھالے کا علاج

ملہٹی اور کھیرسار کو اوٹاکر اور شہد ڈالکر کلی کرے تو صفراوی منہ کے چھالے دور ہون -

نیا دودہ کو گرم کرکے تھوڑا سا گھی اور شہد ڈالکر کلی کرے تو صفراوی منہ کی بیماریان دور ہون ✤

بلغم کے منہ کے چھالے کا علاج

نیلا تھوتھہ اور پھٹکری کو باریک پیس چھالے مین لگاوے اور منہ کا لعاب ڈالے تو بلغم کے چھالے دور ہون ✤

سنپات کے منہ کی بیماریکے چھالے کا علاج

اس بیماری مین منہ کی نسون کی فصد کھلاوے تو وہ چھالے دور ہون - یا چمیلی کے پتے گلو تریپھلا - جواسہ - دار ہلدی اور دا کھہ کا کاڑہا کراوسمین شہد ڈالکر کلی کرے تو تینون خلطونکی منہ کی بیماریان دور ہون - یا زیرہ سیاہ - کوٹ - اندرجو - انکو باریک پیس دانتون سے اوسکا رس منہ مین لے پھر تھوک دے تو تینون خلطونکا منہ کا عارضہ دور ہو - یا ٹہول کے پتے - پوست نیم - برگ جامن - برگ انبہ - برگ چمیلی انکا کاڑہا کرکے اوسکی کلی کرے تو سنپات کے مکھ پاک کے چھالے دور ہون - یا برگ ٹہول - تریپھلا - دار ہلدی کا کاڑہا کرکے اسمین شہد ڈالکر کلی کرے تو تینون خلطونکی منہ کی بیماری دور ہو - یا خس ٹہول - ناگر موتھہ پوست ہلیلہ - کٹکی - ملہٹی پوست کر بالا - سرخ صندل کا کاڑہا یا اوسکی کلی کرے تو یہ بیماری دفع ہو - یا تلون کی ڈنڈی - بیخ کنول - گھی - مصری - دودہ اور شہد کو جمع کرکے کلی کرے تو تینون خلطونکے منہ کے عارضے دور ہون - یا زرد چوب - برگ نیم - اصل السوس - اور بیخ کنول کو تیل مین پکاوے پھر اس تیل کی کلی کرے تو تینون خلطون کے منہ کی بیماری کے چھالے دور ہون ✤

دانت ہلتے ہون اور اونمین درد بھی ہو اوسکی دوا

پیپل - سیندہا نمک - زیرہ - پوست ہلیلہ - اور موچرس کو باریک پیس دانتون مین رگڑے تو دانت ہلنا بند ہون اور اونکا درد دور ہو - یا ناگر موتھہ - پوست ہلیلہ - زنجبیل - مرچ - پیپل - بای ٹرنگ - برگ نیم - انکو باریک پیسکر گاے کے پیشاب کی

پٹ دے اور سایے مین سکھا کر گولیان بنا دے ایک گولی رات کو منہ مین رکھکر سو دے اور صبح کے وقت اوس گولی کو تھوک دے پھر کلی کرے تو دانت کی سب بیماریان دور ہون یا پھٹکری نیلا تھوتھہ - کھیر سار - پپڑیا کتھہ - تیجپل - کچی لاکھہ - بنس لوچن - مرچ - آملہ مجیٹھہ - رومی مصطگی - بول سرکا پوست - سیندہا نمک - مازو پھل - دکھنی سپاری - انکو باریک پیس کپڑ چھان کر اسمین نرگنڈی کے رس کی ایک پٹ دے پھر چمیلی کے رس کی پٹ دے اور دھوپ مین سکھالے پھر باریک پیس دانتون مین رگڑے تو دانت گھرنے ہون اور دانتون کی سب بیماریان دور ہون +

زبان کی بیماری کی اور دوا

کچنار کے پوست کا کاڑہا کرا اوسمین کھیر سار ملا کر کلی کرے تو زبان کی سب بیماریان دور ہون

گلے کی سب بیماریونکے دور ہونیکی گولی

تیجپل - پاڑہ - رسوت - دارہلدی اور پیپل کو باریک پیس شہد مین گولیان بنا دے پھر ایک گولی کو منہ مین رکھے تو سب قسم کی بیماریان دور ہون +

مکھ پاک یعنے منہ کی بیماریونکے دور ہونیکی گولی

کھیر سار - جاپھل - بھیم سنی کافور - دکھنی سپاری - تیج - ناگ کیسر - الایچی کستوری یہ سب برابر لے اور باریک پیس کھیر سار کے کاڑہے مین چنے کے برابر گولیان بنا دے پھر ایک گولی کو منہ مین رکھی تو زبان لب دانت منہ گلا تالو کی سب بیماریان دور ہون +

دوسری کھیر سار کی گولی

جاپھل - کستوری - بھیم سنی کافور - سپاری - انکی برابر کھیر سار لے ان سبکو باریک پیس گولیان بنا دے اور منہ مین رکھے تو منہ کی سب بیماریان دور ہون +

دانتونکے خون کے بند ہونیکی دوا

سیندہا نمک - کھیر سار - کوٹے - کشنیز فلفل - رنجپل - بھنا ہوا زیرہ - بھنا ہوا نیلا تھوتھہ

انکو باریک پیس دانتون مین ملے تو دانتون سے خون نکلنا بند ہو +

مکھ پاک کی اور دوا

دار ہلدی - گلو - چمیلی کے پتے داکھ اجواین اور ترپھلے کا کاڑھا کر کلی کرے تو یہ بیماری دور ہو

یہ سب علاج بیدر ہس مین لکھے ہین +

منہ کے اوپر جھائین کا دور کرنیوالا علاج

نوذہ - کشنیز - بچ - گولوچن - اور مرچ کو باریک پیس منہ پر لیپ کرے تو منہ کی جھائین دور ہو

یا سرسون - بچ - نوذہ - سیندہا نمک انکو باریک پیس منہ پر لیپ کرے تو منہ کی جھائین

دور ہو یا مرچ صندل - مجیٹھ - کوٹ - نوذہ - پرینگ کے پھول برگد کے انکھوے - مسور

انکو پانی سے باریک پیس منہ کی جھائین مین لیپ کرے تو جھائین دور ہو - یا جایپھل کو گھس کر

لیپ کرے تو جھائین دور ہو - یا اک کے دودہ مین ہلدی کو بھگو کر لیپ کرے تو منہ کی

جھائین دور ہو - یا مسور کو دودہ مین پیس اسمین تھوڑا سا گھی ملا کر لیپ کرے تو منہ کی

جھائین دور ہو اور نور کی ترقی ہو - یا کیسر سرخ صندل - نوذہ - خس - مجیٹھ - ملہٹی

پتر - کوٹ - گولوچن - زرد چوب - لاکھ - دار ہلدی - ناگ کیسر - پرینگ کے پھول

برگد کے انکھوے چمیلی کے پتے - موم سرسون اور بچ کا کاڑھا کر کے اسمین نرم آنچ سے

تیل پکاوے پھر اس تیل کی مالش کرے تو منہ کی جھائین کیل تل مسے وغیرہ سب فساد

دور ہون +

باب نوزدہم

استھاور جنگم کے زہر کا بیان

زہر دو قسم کا ہے - استھاور - جنگم - وہ دن ایک جگہ رہے - درخت کی جڑ مین - پتے مین

پھل مین - پھول مین - پوشت مین - درخت کے دودہ مین - درخت کے رس مین

درخت کے گوند مین - دہاتو یعنے ہرتال وغیرہ مین - گندھ یعنے سنگی مہرہ وغیرہ مین -

ان جگہون مین استھاورنامے زہر رہتا ہے - اور جنگم زہر تیرہ جگہون مین رہتا ہے -
آدمی[1] وغیرہ کی نظر مین - سانپ[2] وغیرہ کی دم مین - کتے اور سیار[3] کی داڑھ مین - بچھو[4] وغیرہ
کے ناخنون مین - بسکھپری[5] وغیرہ کے برازمین - پیشاب[6] مین - بندر[7] وغیرہ کی منی مین -
ہڑی[8] جانور یعنے باولے کتے اور سیار وغیرہ کی مقعد مین - سانپ[9] وغیرہ کے استخوان مین
نیولے[10] اور مچھر وغیرہ کے گرمی مین - بھونرے[11] وغیرہ کے کاٹنے مین - چوہے[12] کی دانت
مین - شیر و ون[13] کے رؤمین مین +

استھاورزہر کھانیسے یہ بیماریان ہوتی ہین	

استھاورزہر کے کھانے سے بخار اور ہچکی ہو - دانت کھٹے ہوجاوین گلا بند ہجاوے
منہ مین سے جھاگ آوین تے نفرت دمہ اور غشی ہو +

درخت وغیرہ کی جڑ کے زہر کھانیکی علامتین	

تے اور غفلت ہو +

درخت کے تنون کے زہر کھانیکی علامتین	

جمائیان بہت آوین بدن مین رعشہ اور دمہ ہو +

درخت کے پھلونکے زہر کھانیکی علامتین	

منہ مین ورم اور بدن مین سوزش ہو اور غذا وغیرہ سے زیادہ نفرت کرے +

درختونکے پھولونکے کھانے یا سونگھنے سے جو بیماریان ہون اونکی علامتین	

تے اچھار اور غشی مین مبتلا ہو +

درخت وغیرہ کے پوست کے کھانے یا لگانے کے زہر کی علامتین	

اوسکے منہ مین سے بدبو آوے بدن گرما ہوجاوے درد سر رہے اور منہ مین سے بہت بلغم نکلے

درخت وغیرہ کے دودھ کے زہر کے کھانیکی علامتین	

سینہ مین درد ہو غشی ہو منہ سے پھینا نکلے اور مقعد کے بند چھوٹ جاوین زبان بھاری ہے

ہرتال وغیرہ کی زہر کھانیکی علامتین

چھاتی دُکھنے - بیہوشی ہو - بدن مین جلن ہو - اور تالو مین جلن ہو اس زہر سے بہت جلد مرجاوے یا کچھ عرصہ مین ہلاک ہو +

کندرکھہ یعنی سنکھیا وغیرہ کھانیکی علامتین

سنکھیا وغیرہ کا کھانے والا جلد ہی ہلاک ہو چھاتی دُکھے غشی ہو بدن مین جلن ہو تالو جلے +

سب قسم کے زہر کے صاف کرکے کھانے کا نتیجہ

سب قسم کے زہر روکھے اور گرم اور تیکھے ہین اور انکا عام یہ فائدہ ہے کہ یہ بہی ہوتے ہین اور کل بدن مین جلد پھیل جاتے ہین اور اونکی صفتین جلد عیان ہو جاتی ہین اور جلد پک جاتے ہین یہ دس علامتین استہاور زہر مین ہین +

استہاور زہر کے کھانے سے جو بیماریان پیدا ہون اونکی علامتین

زہر کے روکھے ہونے کے سبب سوا دبگڑے اور سب جگہون کے جوڑونکو کاٹے اور بدنکے ہر ایک عضو مین وہ زہر تقسیم ہو جاوے اور زہر کی طاقت سے عورت سے زیادہ جماع کرے اس خاصیت سے بدن کے فسادونکو اور بدن کی دہاتون کو اور بدن کے مواد کو بگاڑے اور زہر کے جلد پھیلنے کی خاصیت ہونے سے بدن کو تکلیف دے انمین باعثون سے زہر کا علاج نہایت مشکل ہے +

زہر کے پانی کے بجھے ہوئے ہتیار کے لگنے کی علامتین

جسکو زہر کے پانی کا بجھا ہوا ہتیار لگے اوسکا زخم فوراً پک جاوے اور اوس زخم مین سے بہت سا خون نکلے اور وہ خون سیاہ ہو اور بدبودار ہو اور گوشت بکھر جاوے پیاس لگے تب جلن غشی وغیرہ بھی علامتین ہون تو جاننا چاہیے کہ کسی دشمن نے زہر کے پانی کے بجھے ہوئے ہتیار سے مارا ہے +

زہر کھانے والے آدمی کے جاننے کی علامتین

زہر کھانے والے آدمی کی زبان کی حرکتین منہ کا رنگ اور طرح ہوجاوے کوئی اوس سے پوچھے تو اوسکو جواب نہ دے اور ہی کہے اور زہر کا کھانے والا غافل ہوجاوے اور اوس سے بولا نہ جاوے اور جو وہ بولے تو بیوقوف کے مانند بولے اور انگلی سے زمین کو کھودے اور بھاگ جاوے اور گھر مین سے نکلنے کا ارادہ کرے اور ادہر ادہر بار بار دیکھتا جاوے اور اوسکا دل بیطرح ہوجاوے یہ سب علامتین زہر کھانے والے مین ہوتی ہین عقلمند جان لین +

جنگم بکھہ یعنی سانپ وغیرہ دی روح کی کاٹنے کی چار یونکی عام علامتین

جسکو کسی جانور نے کاٹا ہو اوسکو نیند اور غنودگی ہو اور اوسکا ہوش جاتا رہے اندھیری آوے اور اوسکا جگہ ورم ہو اور اسہال پیدا ہوجاوے یہ علامتین ہون تو جاننا چاہیے کہ کسی زہریلے جانور نے کاٹا ہے +

بھوگی منڈل یعنی سانپ کے کاٹنے کی علیحدہ علیحدہ علامتین

بادی طبیعت والا بھوگی - صفرا والا منڈل - بلغمی طبیعت والا راجل یہ سانپ جسکو کاٹین اونکی علامتین مذکورہ ذیل ہین - جسکو بھوگی سانپ کاٹے وہ جگہ ڈنک کی زرد ہو اور اوسکو سب بادی بیماریان پیدا ہون - اور جسکو منڈل سانپ کاٹے اوسکے کاٹنے کی جگہ زرد ہو - اور کسیقدر ورم ہو اور جسکو راجل سانپ کاٹے اوسکے کاٹنے کی جگہ قائم سوجن ہو اور اوسجگہ زرد چکنے جھاگ کو لیے گہرا خون نکلے اور اوس کو سب بلغم کی بیماریان ہوجاوین +

مختلف جگہہ اور اوقات مین جو سانپ کاٹے اوسکی علامتین

پیپل کی جگہ مین - دلہیز مین - مسان مین - دیوڑہی کے نزدیک - چوتھے مین شام کیوقت بھرنی اور گھانچہ مین اور مرم جگہون مین جو سانپ آدمی کو کاٹے تو وہ مرجاوے +

دربی کا سانپ جسکا پھن کرچھی کی مانند ہو اوسکے کاٹنے کی علامتین

جس سانپ کا پھن چھتری یا کنول یا انکس کے مانند ہو اور وہ سانپ جلد چلے اوسکو دربی کار بولتے ہین - اسنے آدمیون کو سانپ کاٹے تو علاج نہ کرنا چاہیے بدھی والے کو - گرجی کے فساد والے کو - لڑکے کو - بوڑھے کو - بھوکے آدمی کو - زخمی کو - پرمیہ یعنی جریان والے کو حاملہ عورت کو اور جسکے بدن مین خون نہو اتنے آدمیون کو سانپ وغیرہ کاٹین تو لا علاج ہے یا جسکے مُنہ مین سے خون کی دھار نکلے یا جسکی مقعد یا آلت سے خون کی دھار گرے وہ بھی لا علاج ہے

دوسرے زہر کی علامتین

استھاور یا جنگم جو زہر ہین وہ بہت دنون کے ہونے سے دوا سے بھی زہر ہو جاتے ہین اونکی صفتین جاتی رہتی ہین اون پورانی دوا وغیرہ کو زہر سے بیہوشی شک وغیرہ ہو جاتے ہین +

چوہے کے زہر کی علامتین

جہان چوہا کاٹے اوسجگہ سے خون زرد نکلے اور اوسجگہ دائرہ ہو جاوے اور بخار نفرت ہو بال کھڑے ہو جاوین اور جلن ہو یہ علامتین ہون تو چوہے کا کاٹا ہوا جانو +

جان کے زائل کرنے والی چوہے کی زہر کی علامتین

جس چوہے کے کاٹنے مین بیہوشی اور اعضا مین ورم ہو اور بدن کا رنگ اور ہو جاوے اور بدن مین پسینا بہت ہو آوے اور کاٹنے کی جگہ مین سے خون بہت گرے اور بخار ہو آوے اس چوہے کے کاٹنے کو لا علاج جانو +

گرگٹ کے زہر کی علامتین

گرگٹ کے کاٹنے کی جگہ مین ورم ہو اور وہ جگہ سیاہ ہو جاوے اور بدن کے طرح طرح کے رنگ ہو جاوین اور غفلت ہو اور اسہال پیدا ہو تو گرگٹ کے کاٹنے کا زہر جانو +

بچھو کے کاٹنے کی لا علاج علامتین

بچھو بہت ہی زہریلا ہو اور ناک مین کاٹے تو اوسجگہ بہت آگ سی جلے اوسکی زبان درد سے

پک جاوے اور اوسجگہ کا گوشت گرنے لگے ایسا آدمی مرجاوے +

زہریلے مینڈک کے کاٹنے کی زہر کی علامتین

زہریلا مینڈک جسکو کاٹے اوسکے کاٹنے کی جگہ ورم ہو اور درد ہان درد ہوا اور پیاس لگے اور نیند بہت آوے اور قے ہو +

زہریلی مچھلی کے کاٹنے کی زہر کی علامتین

جسکو زہریلی مچھلی کاٹے اوسکے جلن پیدا ہو اور اوسجگہ ورم اور درد ہو +

زہریلی جونک کے کاٹنے کی علامتین

اوسجگہ کھجلی اور ورم ہو اور غشی بین بھی مبتلا رہے تو زہریلی جونک کے کاٹنے کا زہر جانو +

زہریلے بس کھپریے کاٹنے کی علامتین

اوسجگہ جلن ورم اور درد ہو اور پسینا آوے +

کان سلائی کے کاٹنے کی علامتین

جس جگہ کان سلائی کاٹے اوسجگہ درد ہو اور پسینا آوے اور جلن ہو +

مچھڑ کے کاٹنے کی علامتین

اوسجگہ کھجلی اور درد ہو اور کچھ ورم بھی ہو +

جنگلی مچھڑ کے کاٹنے کی علامتین

جسکو زہریلا مچھر کاٹے اوسکے مثل پی کے سرخ چکتے مانند زخم گہرے پڑجاوین اور اوسجگہ بہت درد ہو یہ لاعلاج ہے +

زہریلی مکھی کے کاٹنے کی علامتین

جس جگہ زہریلی مکھی یا بھونرکھی کاٹے وہ جگہ سیاہ ہوجاوے اور جلن غشی اور تپ ہو اور وہان چکتے ہون تو اسکا کاٹا مرجاوے +

جسکو شیر گھیڑہ چیتا کاٹے اوسکی علامتین

جسکو شیر وغیرہ کاٹین اوسکا زخم پکے اور اوسمین پیپ پڑجاوے اور تپ ہوآوے +

باولے کتے کی علامتین

جسکے مُنہ مین سے لعاب گرے اور وہ کتا بہرا اور اندہا ہوجاوے اور چارون طرف دوڑے اور اوسکی دُم سیدہی ہوجاوے اور اوسکی داڑہ اور کندہے اور سر دُکھے اس سے اوسکا سر نیچے ہی رہے ایسا کتا یا سیار شیر اور چیتا وغیرہ باولا جانو +

باولا کتا وغیرہ جسکو کاٹے اوسکی علامتین

جسکو باؤلے کتے وغیرہ کاٹین اوسکا خون سیاہ نکلے اور اوسکے سُر چھاتی مین بہت درد ہو اور بخار ہو بدن جکڑ بند ہوجاوے پیاس لگے اور اوسجگہ کھجلی اور درد ہو بدن کا رنگ اَور ہوجاوے بدنمین بہت ہی تکلیف ہو چکر آوین جلن ہو اور کاٹنے کی جگہ ورم ہوگانٹھ پڑجاوے اور کاٹنے کی جگہ پھٹنے لگے اور اوسجگہ پھوڑے ہون یہ علامتین باؤلے کتے کی کاٹنے کی جانو +

اسکی لاعلاج علامتین

جو شخص پانی یا کانچ یا تیل مین سیار یا کتے کو دیکھے اور پکار کرنے لگے اور خلاف حرکتین کرنے لگے اور ڈرے وہ مرجاوے +

سب قسم کے استھاور کا علاج

جو استھاور زہر کھاوے اوسکو دوائیون سے قے کراوے تو استھاور کا زہر دور ہو سب طرح کے زہر گرم ہین اسلیے ٹھنڈے علاج سب مفید ہین یا مع شہد اور گھی کے زہر کی دفع کرنے والی دوائین دین تو زہر دفع ہو اور اس زہر والے کو کھٹائی اور مرچ نہ دینا چاہیے اوسکو برنج ساٹھی کو دون اور سیندہا نمک دینا چاہیے +

زہر کے دور کرنے کا لیپ

پرنگ کے پھول - کانگنی کی جڑ - پان کا پوست اور اوسکے تخم اور سرسوں کا پنچانگ انکو

گاے کے پیشاب مین باریک پیس لیپ کرے تو استہاور زہر کی بیماری دور ہو۔ یا پیپل۔ چھڑ۔ لودہ۔ الایچی۔ کالی مرچ۔ نیتر بالا۔ سینا گیرو۔ انکو پانی سے باریک پیس لیپ کرے تو زہر دور ہو۔ یہ سب علاج بھاوپرکاش مین ہین۔ یا چولائی کی جڑ کو چانولون کے پانی مین پیسکر پیے تو استہاور زہر کا فساد دور ہو +

جنگم زہر کا علاج

پوست ہلیلہ۔ گولوچن۔ کوٹ۔ آک کے پھول۔ کنول کی جڑ۔ نرسل کی جڑ۔ تلسی۔ اندرجو۔ مجیٹھ۔ جواسہ۔ چنیاور اور سنگھاڑیکا کاڑھا کر اوسمین گاے کا گھی پکاوے جب یہ سب جل جاوین اور گھی رہجاوے تب اس گھی مین برابر کا شہد ڈالکر یہ نیم لیپ کرے تو زہر کا فساد اور سانپ کا کاٹنا وغیرہ اور سب جاندارونکا زہر دور ہو یہ گھی کھانے پینے اور ناس لینے مین مفید ہے +

سانپ کے زہر کے دور ہونیکا علاج

گھی شہد مسکہ پیپل اور کالی مرچ سیندا نمک ان سبکو باریک پیس پیے تو سیاہ سانپ کا کاٹا بھی اچھا ہو۔ یا سرس کے پھول کے رس مین سنجنے کے بیجون کی سات پٹ دے پھر اوسکا انجن کرے تو سانپ کا کاٹا اچھا ہو۔ یا سپید سانٹی کی جڑ کو شپارک یعنی کچھ کچھترا اور اتوار کے دن لاوے اوسکو چانول کے پانی سے باریک پیسکر پیے تو سانپ کا کاٹا اچھا ہو +

بچھو کے زہر کا علاج

جمال گوٹے کو گھسکر بچھو کے ڈنک پر لگاوے تو زہر دور ہو۔ یا نوسادر اور ہرتال کو باہم باریک پیس بچھو کے ڈنک پر لیپ کرے تو بچھو کا زہر دور ہو۔ یا پلاس پاپڑے کو آک کے دودھ مین گھسکر بچھو کے ڈنک پر لگاوے تو زہر دور ہو۔ یا سرس کے بیجون کو بکری کے دودھ مین گھسکر بچھو کے ڈنک پر لگاوے تو زہر دفع ہو +

بچھو کے زہر دور ہونیکا منتر

اونگ آدیتیہ رتھہ بیگمین بشن باہو بلے نمہ - سبرن پکش پاتین ہو میانک گمہ دہا بکہہ - جوبکش جوگ بداگیا سری شوتم پربھو بداگیا ہو میانک گمہ دہا بکہہ - اس منتر سے اکیس مرتبہ ڈنک کے اوپر جھاڑ دے تو بچھو کا زہر دور ہو +

کنیر کے زہر کے دور کرنیکا علاج

ہلدی کو دودہ مین باریک پیس اوسمین ہری ملا کر پیے تو کنیر کا زہر اوتر ے +

دھتورے کے زہر کو دور کرنیکا علاج

چرائتی کی جڑ یا گلو کو پیے یا کپاس کے بچانگ کا استعمال رکھے تو دھتورے کا زہر دور ہو +

آک زہر کے دور ہونیکا علاج

زرد چوب - تل - اور دوب کو بکری کے دودہ مین پیسکر لیپ کرے تو آک کا زہر دور ہو +

کونچ کے زہر کے دور ہونیکا علاج

گھی کی مالش کرے تو کونچ کا زہر دور ہو +

بھلانوے کے زہر کے دور ہونیکا علاج

سو مرتبہ کے دہوے ہوے گھی کی مالش کرے تو بھلانوے کا زہر دور ہو +

مکھی کے زہر کے دور ہونیکا لیپ

کلیتر مگدا ور زنجبیل کو باریک پیسکر لیپ کرے تو مکھی کا زہر دور ہو +

بھونرا مکھی کے زہر کے دور ہونیکا لیپ

زنجبیل - کبوتر کی بیٹ - بچ ریکا رس - ہرتال اور سفید ہانک کو باریک پیس لیپ کرے تو تو بھورا مکھی کا زہر دور ہو +

چوہے کے زہر کے دور ہونیکا علاج

دہاسہ - مجیٹھہ - زرد چوب اور سیندہانک کو پانی مین باریک پیسکر لیپ کرے تو چوہے کا زہر دور ہو +

مینڈک کے زہر کے دور ہونیکا علاج

سرسوں کے بیجون کو تھوہڑ کے دودہ مین باریک پیس کر لیپ کرے تو مینڈک کا زہر دور ہو۔

کان سلائی کے زہر کے دور ہونیکا لیپ

چراغ کے تیل کا لیپ کرے تو کان سلائی کا زہر دور ہو +

سانپ کے زہر کے دور ہونیکا انجن

جمال گوٹے کی گھٹلی مین نیم کے رس کی سات پٹ دے اور دھوپ مین سکھا کر لاکھہ کے رس کی ایک پٹ دے پھر اسکا انجن کرے تو سانپ کا کاٹا اچھا ہو +

باولے کتے اور سیار کے کاٹنے کا علاج

یہ جانور جس جگہہ کاٹین اوسجگہہ کا خون نکال ڈالین اور اوسجگہہ لوہے کی سلاخ سے داغدین تو کتے اور سیار وغیرہ کا زہر دور ہو۔ یا دھتورے کا رس دو تولہ آک کا دودہ ۲ تولہ گھی ۲ تولہ۔ انکو باریک پیس لیپ کرے تو باولے کتے کا زہر دور ہو۔ یا دھتورے کی پھلونکو مع بیجونکے لیکر چولائی کی جڑ کے رس مین پیس یا گوبھی اور شہد سی پیسکر لیپ کرے تو باولے کتے کا زہر دور ہو۔ یا آک کا دودہ گوشت تیل اور گڑ کو برابر لیکر ایک درم ملانا نہہ سات دن کھاوے تو اسکا زہر دور ہو۔ یا اس منتر سے ایک سو آٹھہ آہوتی دے اور جسکو باولے کتے نے کاٹا ہو اوسکو چوہٹے مین یا دریا کی کناری نہلا کر آپ پاک ہو کر اس منتر سے ایک سو آہوتی دے پھر ڈابھہ سے اسکا جھاڑہ دے تو زہر اوترے منتر یہ ہے +

الرکا دتپرے یکشن سارمیہ گنا دہپ۔ الرک خشٹ مے تم مے نربھم کرما چرام سوا ہا +

تمد سیاہ تیل اور اک کے دودہ کا لیپ کرے تو کتے کا زہر دور ہو۔ یا مرغی کی بیٹ کا لیپ کرے یا گوار کے پٹھے کا منفرا ور سیند ہا نمک اسکے اوپر پانچ روز باندہے تو کتے کا زہر دور ہو۔ مانیچ چولائی اور تخم تلسی اور بیج کو چانول کی پانی مین پیسکر سات دن پیے تو کتے کا زہر دور ہو۔ یا چولائی کی جڑ کا رس اور عمدہ گھی ملا کر سات دن کھاوے تو کتے کا زہر دور ہو یا کڑوئی تونبی کی جڑ چار درم۔ زنجبیل چار درم۔ مرچ چار درم۔ نیم کی بنولی چار درم۔ جمال گوٹہ مغفا ۹ درم۔ نہوت ۷ درم

انکو باریک پیس قند سیاہ مین ڈبا ڈبا کر ۴ درم کی گولیان بنا وے ایک گولی سات دن یا چودہ دن تک کھاوے تو باؤلے کتے کا زہر دور ہو یا کڑوی توبی کی جڑ - سنگرف - جمال گوٹہ مصفا - مرچ سہاگہ بریان یہ سب برابر لے انکی دوگنی بھر کی گولیان چلائی کے رس مین بنا وے اور ایک گولی سات دن تک گرم پانی سے کھاوے تو کتے کا زہر دور ہو - اور جہان کتے نے کاٹا ہو وہان اس گولی کو پیشاب مین گھسکر لگاوے تو پیشاب مین ہو کر لٹ گر پڑے +

باب بستم

عورت اور لڑکون کی سب بیماریونکے نام اور قسمین

عورتونکے پر درد وغیرہ سب بیماریونکی پیدایش علامت اور علاج

پر در کی بیماریکی علامتین

خلاف غذا کھانے اور بہت شراب پینے اور غذا کے دہرانے اور بدہضمی پر خوراک کھانے اور حمل گرنے اور بہت جماع کرنے اور سواری پر سوار ہونے اور راہ چلنے اور تفکرات اور بہت تیزی ہونے اور بوجھ اوٹھانے اور چوٹ کے لگنے اور دن کے سونے سے عورتون کے باد صفرا اور بلغم اور سنپات یہ سب مفسد ہو کر پر در کی بیماریون کو پیدا کرین وہ بیماری چار قسم کی ہے - ۱ بادی - ۲ صفراوی - ۳ بلغمی - ۴ سنپاتی کی +

پر در کی عام علامتین

عورت کی فرج مین سے بغیر ایام حیض کے خون نکلے اور خون نکلنے کے وقت اعضا شکنی ہو اور کل بدن مین درد ہو اوسکو پر در بولتے ہین +

بادی پر در کی علامتین

جسکی فرج کا خون روکھا ہو اور اوسمین جھاگ ہون اور مثل گوشت کے پانی کے ہو +

صفرا کے پر در کی علامتین

اوسکی فرج کا خون زرد نکلے اور پتلا سپیدی لیے سرخ اور گرم بھی بہت نکلے اور بدن مین جلن ہو +

بلغم کے پرور کی علامتین

جسکی فرج کا خون مثل گوند چکنا اور پلاو کے پانی کے مانند نکلے اوسکو بلغم کا کہنا چاہیے ✣

سنپات کے پرور کی علامتین

شہد یا گھی یا ہرتال یا سرکے گودے کے مانند مردہ کی سی بدبو لیے خون نکلے تو تردد کھہ یعنی سنپات کا جانو ✣

خون کے بہت جانیکا فساد

خون بہت نکلے تو عورت دبلی اور کمزور ہوجاوے تکلیف ہو اور غشی اور نشہ ہو پیاس بہت لگے جلن اور بک ہو بدن زرد ہوجاوے غنودگی ظاہر ہو اور بادی کی اور بھی بیماریان ہون ✣

پرور کی لاعلاج علامتین

فرج مین سے برابر خون نکلا کرے اور کبھی بند نہو اور پیاس لگے اور جلن اور بدن مین تپ ہو بدن کمزور ہوجاوے تو لاعلاج ہے ✣

شدہ آرتو یعنے حیض کی علامتین

جس عورت کی فرج کا خون مہینے کے مہینے مثل خرگوش کے خون کے نکلے اور خون مین جلن نہو اور خون نکلتے وقت درد نہو اور پانچ رات نکلے اور نہ بہت نکلے اور تھوڑا بھی نہ نکلے اوسکو شداستری دہرم یعنے درست خون حیض کا جانو ✣

علاج

سنجی نمک - زیرہ - ملہٹی - کنول گٹہ انکا کاڑہا کرکے شہد مین ڈالے تو بادی پرور دور ہو - یا ملہٹی ڈہائی درم - مصری ڈہائی درم - انکو باریک پیس چانول کی پانی سی پیے تو صفراوی پرور دور ہو یا رسوت ڈہائی درم - چولائی کی جڑ کا رس - چار تولہ اوسمین ملاکر سات دن پیے تو سب قسم کا پرور دور ہو یا آسا پالی کے پوست کا کاڑہا کرکے اوسمین دودہ ڈالکر پیے تو بہت عرصہ کا بھی پرور دور ہو - یا کٹہر کے پوست کے رس مین شہد یا مصری اور چانول کا پانی ڈالکر پیے تو یہ بیماری دفع ہو - یا دارہلدی - رسوت - چرایتہ - الدسہ - ناگرموتھہ - سنج مندل

آک کے پھول کا کاڑھا شہد ڈالکر پیے تو یہ بیماری دور ہو۔ اسکا نام داریا یہ کواتھ ہے۔ یا گورکے پھلون کو سکھاکر باریک پیس مصری اور شہد ڈال دو تولہ کی گولیان بناوے اور سات روز کھاوے تو پردر کی بیماری دور ہو +

عورتون کے پردر کی قسم سوم روگ ہی اوسکی علامتین

عورتون کے بہت جماع سے یا فکر سے یا ریاض سے یا زہر کے ملاپ سے اتیسار یعنے مثل اسہال کے عورتون کے یا مردون کے بھی سوم روگ پیدا ہوتا ہے کہ بار بار پیشاب آوے +

سوم روگ کی عام علامتین

نہایت خوبصورت عورت جو بار بار بہت پیشاب کرے اور وہ دبلی ہوجاوے اور اوسکو ایک گھڑی بھی چین نہ پڑے اور بہت پیشاب کرنے سے اوسکا بدن کمزور ہوجاوے اور منہ اور تالو سوکھا کریں اور غشی ہو اور جمہائیان بہت آوین اور بہت بکے اور اوسکی جلد روکھی ہوجاوے اور خوراک وغیرہ سے سیری نہو تو سوم روگ جانو +

علاج

پکے ہوے کیلے مین مصری ملاکر کھاوے یا آملہ کے رس مین شہد ڈالکر کھاوے یا ماش کا آٹا ملہٹی و بداری قند کو باریک پیس اوسمین برابر کی مصری ملاکر دو تولہ ہر روز کھاوے تو سوم روگ دور ہو +

سپید پردر جانیکا علاج

آملے کے پانچ درم بیجون کو پانی مین بھگوکر باریک پیس چھان اور شہد مصری ڈالکر بلا ناغہ چودہ دن تک پیے تو سپید پردر دور ہو +

موترا تیسار کی علامتین

سوم روگ بہت دن تک رہے تو موترا تیسار ہوجاوے اور موترا تیسار مین قوت زائل ہوجاوے اور پیشاب کی زیادتی ہو +

موترا تیسار کا علاج

تال درخت کی جڑ - چوپارہ - ملٹی اور بہاری تونبہ کو باریک پیس اسمین بہت سی مصری ملاکر مقدار چار تولہ ہر روز کھاوے تو یہ بیماری دفع ہو - یا پنوار کی جڑ کو چانولون کے پانی سے پیے تو موترا تیسار دور ہو - یا سپید موسلی - تاڑ کے درخت کی جڑ چوپارہ - کیلہ بختہ دودہ سے پیے تو موترا تیسار دور ہو +

پردر کا اور علاج

چوہے کی مینگنی بقدر دو درم لیکر مصری ملاوے اور دودہ سے تین دن پیے تو عورت کے سرخ اور سپید دونون قسم کے پردر اچھے ہون - یا دیہوئی کے پھول - بیجا بول چوہے کی مینگنی کو برابر پیس مصری ملاکر دو درم پانی سے پیے تو پردر کی بیماری دور ہو +

عورتون کی فرج کی بیماریون کی تعداد اور اونکی پیدائش اور علامتین

عورتون کے غذا اور آسایش کے تفرقہ سے باد صفرا اور بلغم مفسد ہوکر فرج مین بیس قسم کی بیماریون کو پیدا کرتے ہین اونکے نام ذیل مین درج کیے جاتے ہین - ادا اورت - بندھیا بیلتا - پرپلتا - باتلا - لوہچھیا - دوہ پرجاونی - بامنی - تپرگہنی - پتلا - انیاسندا - کرنی کرنگا - اتچرنا - انارتوا - استنی - کھنڈی - اندنی - نبرتا - سوچی بکترا +

علامتین

جو عورت حیض سے ہو تو بڑی تکلیف سے جھاگ کو لیے خون نکلے اوسکو ادا اورت جون کہتے ہین - اور جو حیض نہوا اوسکو بندھیا کہتے ہین اور جسکی فرج مین ہمیشہ درد رہے اوسکو پرپلتا جون کہتے ہین - اور جس عورت کے حیض ہونے کے وقت شدت سے درد ہو اوسکو پرپلتا بولتے ہین - اور جس عورت کی فرج سخت ہو اور فرج مین سوال چلے اوسکو باتلا بولتے ہین - جسکی فرج مین جلن رہے اور خون نکلا کرے اوسکو لوہتا چیا کہتے ہین جسکی فرج بہا کرے اور مفسد رہے اوسکو دوہ پرجاونی جانو - بچے اوس فرج سے اولاد

بہت مشکل سے ہو - اور جسکی فرج مین سے مع ہوا کے خون منی کو لیے نکلے اوسکا بامنی جون نام ہے - اور جس عورت کے حمل رہے اور پھر جاتا رہے اوسکو مچھر گھنی بولتے ہین اور جسکی فرج مین جلن بہت ہو اور پک جاوے اور بدبو نہین نکلا رہے اوسکو پتلا جون جانو - اور جسکی فرج جماع سے سیر نہو اوسکو اتیانندا جون جانو - اور جسکی جون کرن پھول کی صورت ہو اور اوسمین سے بلغم اور خون نکلے اوسکو کرنتی جون جانو - اور جس فرج مین منی نرہے اوسکو آت چرنا بولتے ہین - اور جس عورت کی بہت چھوٹی پستان ہون اوسکو ستنی جون جانو - اور جسکی فرج شکست ہو اور جماع کرتے وقت کچہ لگ آوے اوسکا کھنڈتا نام ہے اور جسکی فرج کا سوراخ باریک ہو اوسکا نڈنی نام ہے - اور جسکا منہ بڑا ہو اوسکو مہا بیرتا بولتے ہین - اور جسکا منہ مثل سوئی کے ہو اوسکا سوچی بکرا نام ہے +

جون قند بیماریکی پیدائش اور علامت

دن کے سونے سے بہت لحصہ کرنے سے محنت کرنے سے جماع کرنے سے فرج کے اوپر کسیطرح کی ضرب لگنے سے یا فرج مین ناخن کے لگنے سے بلغم مفسد ہوکر فرج مین جون قند بیماری کو پیدا کرتے ہین +

جون قند کی شکل

فرج کے بیچ مین ایک گانٹھ پیپ اور خون کو لیے بڑہل یا بیل کے مانند مذکورہ بالا باغیون سے پیدا ہوا اوسکو بدبو بولتے ہین اور جون قند بہی اوسیکا نام ہے - یہ بیماری چار قسم کی ہے بادی[1] - صفرادی[2] - بلغمی[3] - سنپات[4] کی +

بادی جون قند کی علامتین

اوس فرج کی نیچے کی گانٹھ روکھی ہو اور اوسکا رنگ اچھا نہو اور فرج کے رنگ کے مانند ہو اور اوس گانٹھ کا منہ پھٹا ہو +

صفرا کے جون قند کی علامتین

اوس فرج کی بیچ کی گانٹھ جلن کو لیے سرخ ہو اور اوس مین بخار آوے اور جسکو جون قند کی بیماری ہو اوس عورت کے حیض کا خون برآمد نہو +

بند ہیا یعنے بانجھہ کا علاج

جو عورت کہ حیض سے نہو تو وہ ہر روز مچھلی اور گوشت کھاوے - یا کانجی بلا نمک پیے یا تل ہر روز کھاوے یا ماش کھاوے یا دہی کا استعمال رکھے تو عورت حیض سے ہو اور اسکا بانجھہ پن دور ہو - یا تخم سانٹھ - کڑوی توبی - بیخ املتاس - پیپل - قند سیاہ - میڑل - دارہو کا جھاگ - جوا کھار - تھوہر کا دودہ ان سب کو اکٹھا کر باریک پیس فرج مین اسکی بتی ڈالے تو عورت حیض سے ہو یا مال کنگنی - رائی سب سے سار اور بیج کو باریک پیس ٹھنڈے پانی سے پانچ دن پیے تو عورت حیض سے ہو +

بانجھہ عورت کے لڑکا پیدا ہونیکا علاج

کھیرئی - گنگیرن کا پوست ہوا - برگد کے انکھوے اور ناگ کیسر برابر لیکر باریک پیس گائے کے دودہ مین پانچ درم شہد ڈال اس چورن کو ہر روز پندرہ دن تک پیے تو بانجھہ عورت کے ضرور لڑکا پیدا ہو +

حیض کے خون کے نہ گرنیکا علاج

تل سیاہ - زنجبیل - فلفل - پیپل - بھانگ اور قند سیاہ کو ایک درم بھر اوٹا کر کاڑھا کرے اور پندرہ دن تک پیے تو عورت ضرور حیض سے ہو اور اوسکے خون کی گانٹھ دور ہو - اور لڑکا پیدا ہو - یا سگندہ کے کاڑھے مین گائے کا دودہ اور گھی ملا کر حیض کے وقت عورت صبح کے وقت پانچ دن پیے تو عورت کو حمل رہے - یا سپید کٹیلی کی جڑ کچھ کچھ تر مین اکھاڑ پانچ تولہ بھر دودہ کے ساتھہ حیض کے وقت تین دن پیے تو ضرور حمل رہے یا کٹ سیلا کی جڑ پیسی ہوئی - برگد کے انکھوے اور کنول گٹہ کو باریک پیس بقدر ڈھائی درم

حیض کے وقت عورت پیے تو ضرور حمل رہے بارش میل یعنے سپید پیپل کی جڑ یا اوسکے بیج اور سپید زیرہ اور سرپھوکا یہ سب برابر لے باریک پیس ڈھائی درم حیض کے وقت عورت دودہ کے ساتھ کھاوے تو اوس عورت کے حمل رہے اور ضرور ہی لڑکا پیدا ہو یا بارہی قند اور کیتھا اور شیولنگی کو باریک پیس حیض کے وقت ڈھائی درم دودہ سے پیے تو عورت کے ضرور لڑکا پیدا ہو یہ سب علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین - یا بجورے کے بیجونکو گاے کے دودہ مین پکاوے اور اوسمین گاے کا دودہ ملاوے اور اوسکے برابر ناگ کیسر ملاکر حیض کیوقت پانچ درم مصری کے ساتھ سات دن کھاوے تو عورت حاملہ ہو یا ارنڈ کی انڈولی اور بجورے کے بیجون کو گھی مین پیس دودہ کے ساتھ حیض کے وقت تین دن تک پیے تو حمل رہے یا پیپل درخت بیل - مرچ - ناگ کیسر کو باریک پیس حیض کیوقت عورت گھی کے ساتھ تین دن پیے تو عورت کو حمل رہے یہ سب علاج سرب سنگرہ مین لکھے ہین +

عورت کے حمل نرہنے کی دوا

پیپل - بای ڑنگ - اور سہاگہ برابر لیکر باریک پیسے اور حیض کے وقت عورت پانی سے پانچ دن کھاوے تو عورت کبھی حمل سے نرہے یا پورا ناگر دو تولہ لیکر اوٹاوے اور حیض کے وقت عورت پندرہ دن تک پیے تو عورت کو کبھی حمل نرہے - یا نیولی کے تیل کا پھاہا عورت حیض کے وقت فرج مین پانچ دن تک رکھے تو عورت کو کبھی حمل نرہے - یہ نسخے بھاو پرکاش مین لکھے ہین +

عورت کی فرج کی بیماریونکا ترتیب سے علاج

تگر - کٹیلی - کوٹ - سیندہانمک - اور دیودار کا کاڑھا کرکے اس کاڑھے مین تیل پکاوے پھر اس تیل کا پھاہا فرج مین رکھے تو عورت کی بیلتا فرج کی بیماری دور ہو - بادی فرج کی بیماریون کے دفع کرنے کے لیے پاڑل کے پتون کو سجھاکر فرج مین پسینا لواوے اور دھویا کرے تو بادی فرج کی بیماری دفع ہو - یا صفرا کی فرج کی بیماریون کو دور کرنے کے لیے تلون کے تیل مین نیونکو پکاکر اس تیل سے فرج کو سینکے تو صفراوی بیماریان دفع ہون - یا صفرا کے ہٹانے والی دوا کے

گھی سے فرج کو سینکے تو صفرا کی فرج کی بیماریان دور ہون - یا آملہ کے رس مین مصری ڈالکر دس تک عورت پیے تو عورت کی فرج کی جلن دور ہو - یا کوکر بھانگرے کی جڑ کو چاولون کے پانی کے ساتھ پیے تو عورت کی فرج مین پیب پڑنا دور ہو - یا نیم اور املتاس کے پتے بیچ اڑوسے کے پتے پٹول کے پتے انکو اوٹاکر اس سے فرج کو دہووے تو فرج کی بدبو دور ہو - اور پیپل - مرچ - ماش - بادیان کوٹ اور سیندہا نمک کو اوٹاکر اس سے فرج کو دہووے تو فرج کے بلغم کے عارضے دور ہون +

فرج کے سکڑجانے کی دوا

مونگ کے پھول - کھیرسار - ہلیلہ - جاپھل - مازو سپاری انکو باریک پیس اور باریک کپڑے سے چھان کر عورت کی فرج مین رکھے - یا کونچ کی جڑ کے کاڑھے سے فرج دہووی تو عورت کی فرج گہری ہو - یا بھنگ کو باریک پیس پوٹلی کرکے فرج مین رکھے یا موچرس کو باریک پیس پوٹلی کرکے فرج مین رکھے تو عورت کی فرج سکڑجاوے - یا آملہ کی جڑ کسیلا ببول کی جڑ بیر کی جڑ اڑوسہ کی جڑ مازو پھل ان سبکو اوٹاکر اس پانی سے فرج کو دہووے یا دہی سے دہووے یا سپید ٹپکری کو بھون کر مازو پھل ملاوے اور باریک پیسکر فرج مین رکھے تو فرج سکڑجاوے +

فرج کی سب بیماریون کی دور ہونیکا پھل گھرت

مجیٹھ - ملہٹی - کوٹ - ترپھلا - مصری - کھرٹی - میدہ - اسگندہ - اجمود - دونون ہلدی - پرنیک کے پھول - کٹیلی - کنول کی جڑ - داکھ - صندل سرخ - یہ سب دوا چھ چھ ماشہ لے اور گاے کا گھی ۱ سیر لے اور چھتاور کا رس ۱ سیر لیکر نرم آنچ سے پکاوے - جب یہ سب جل جاوے اور گھی باقی رہجاوے تب اس گھی کو مرد یا عورت ہر روز دو تولہ بھر پیے تو مرد جو محنت بھی ہو تو بڑا مہی اور طاقت ور لڑکون کو پیدا کرنے والا اس گھی کے استعمال کرنے سے ہوتا ہے - اور عورت جو اس گھی کو کھاوے تو اوسکی فرج کی سب بیماریان دور ہون - اور اوسکے اس گھی کے سبب لڑکا پیدا ہو جو عمر دراز طاقت ور عقلمند ہو +

جون قند کا اعلاج

گیرو - بای ڈبنگ - زرد چوب کا چھل - ان سب کو باریک پیس تر بھلے کے کاڑھے مین شہد ملا کر اس چورن کو عورت فرج مین رکھے تو یہ بیماری دور ہو +

حاملہ عورت کی بیماریون کا علاج

جس عورت کا حمل گرتا ہوا وسکو جھاؤ کی جڑ اتیس ناگر موتھہ - موچرس - اور اندرجو کا کاڑھا کرکے دے تو اوس عورت کا حمل گرنا بند ہو +

حاملہ عورت کے بخار کا علاج

ملہٹی - سرخ صندل - خس - سفید سرسون اور کنول کی جڑ کا کاڑھا کرکے مصری اور شہد ملا کر پیے تو حاملہ عورت کا بخار دور ہو +

حاملہ عورت کی سنگرہنی کا علاج

چانولون کے ستوا سنب اور جامن کے پوست کا کاڑھا پیے تو حاملہ عورت کی سنگرہنی دفع ہو - یا جھاؤ کے درخت کا پوست اور ارلو کا پوست - صندل سرخ - کھرہٹی - کشنیز - پوست کٹا ناگر موتھہ - جاسہ - پت پاپڑہ اور اتیس کا کاڑھا بنا کر حاملہ عورت پیے تو تیسار یعنے اسہال اور سنگرہنی دور ہو +

عورت کے حمل گرنے اور گربھہ شراو کی پیدائیس علامت اور علاج

بہت جماع کرنے اور راہ چلنے اور بخار کے آنے اور فاقہ کرنے اور کسی ضرب کے لگنے اور بدہضمی مین کھانا کھانے اور دوڑنے اور تے کرنے اور جلاب لینے اور تیکھی گرم کڑوی اور روکھی چیزین کھانے اور ناہموار جگہہ پر بیٹھنے اور خوف کے ہونے اور پیٹ مین سول چلنے سے حمل کا گرنا اور گربھہ شراو ہوتا ہے +

عورت کے حمل گرنے اور گربھہ شراو کی پہلی شکل

عورت کے حمل رہے اور چار مہینے مین حمل گرے تو اوسکو گربھہ شراو بولتے ہین اور چار

مہینے کے بعد پانچ چھ مہینے مین حمل گرے تو اوسکو گربھ پات کہتے ہین - اسجگہ یہ مثال ہے کہ جیسے درخت کا لگا پھل کسیکی ضرب لگنے سے گر پڑے ویسے ہی کچا حمل کسیطرح چوٹ لگنے سے گر پڑتا ہے +

حمل گرتا ہو اوسکے قائم رہنے کا علاج

گنول کی جڑ - گنول کی نال اور پھول - اودملٹی کو دودہ کے ساتھ اوٹا کر پیے تو حمل کا گرنا بند ہو اور یہی حاملہ عورت کو جلن - غشی - قے اور نفرت کو دور کرتا ہے +

حمل گرنے کے فساد

عورت کا حمل گرے تو جلن اور سُوجن ہو پسلی پشت مین درد ہو حیض کا خون بہت گرے - پیشاب نہ آوے +

حمل گرتا ہو اوسکے قائم رکھنے کا علاج

ڈاہبھ کانس ارنڈ اور گوکھرو کی جڑ دنین گلاے کا دودہ اوٹا کر حاملہ عورت پیے تو اوسکے حیض وغیرہ کا سیل دور ہو یا گوکھرو - ملٹی - کمیٹلی - مدن بان کے پھولون کو گلاے کے گھی مین اوٹا کر حاملہ پیے تو حمل کا گرنا بند ہو - اور عورت کے بدن کی سب تکلیفین دفع ہون - یا کمہار کے چاک کی مٹی گیرو - چمیلی - مجیٹھ - دہوئی کے پھول - رسوت اور رال کا چورن پانچ درم شہد سے عورت کھاے تو پیڑو وغیرہ سب بیماریان دور ہون - یا بھرنگی جانور کے گھر کی مٹی - مجیٹھ - لجالو - کمیلو - کنول کی جڑ کو گاے کے دودہ مین اوٹا کر عورت پیے تو حمل کا گرنا بند ہو +

حاملہ عورت کے اپھار ہوا اوسکا علاج

بیچ - رسوت - ہینگ اور نمک سیاہ مین دودہ اٹاوے پھر پیے تو عورت کا اپھار دور ہو +

حاملہ عورت کو پیشاب نہ آوے اوسکا علاج

ڈاہبھ - دوب اور کانس کی جڑون کو دودہ مین اوٹا کر عورت پیے تو پیشاب آوے جو بیچ لکھی ہوئی ماہ بماہ دوائین استعمال کرائین تو حمل ہرگز نہ گرے - ملٹی - سال درخت کی بیج - کھیرا کا بیج - دیودار - لونا کھیہ یعنی لونیا کا ساگ - تل سیاہ - رال - پیپل - جھنبا اور بیج کنول - جواسہ - سرسون - راسنا - دونون کٹیلی - سنگھاڑہ کسیرو - داکھ

اور مصری کو اوٹاکر مہینے کے مہینے سات دن پیے تو عورت کا حمل نہ گرے اور کوئی فساد نہو - یہ سب علاج سات ماہ تک کرنے چاہیین +

آٹھوین مہینے کا علاج

کیتھہ - کیتلی - بیل - پٹول - اور سانٹھ کی جڑ کو دودہ مین اوٹاکر پیے تو حمل قائم رہے +

نوین مہینے کا علاج

اصل السوس - جاسہ - کھیرکا کوی - سپید سرسون انکو چھ چھ ماشہ بھر لیکر دودہ مین اوٹاکر پیے تو حمل قائم رہے +

دسوین مہینے کا علاج

زنجبیل اور کھیرکا کوی کو دودہ مین اوٹاکر پیے یا زنجبیل - اصل السوس - دیودار - کھیرکا کوی - کنول گٹہ اور مجیٹہ کو پانی مین اوٹاکر پانی سمیت دودہ مین اوٹاوے جب پانی جل جاوے اور دودہ باقی رہجاوے تب اس دودہ کو پیے تو عورت کا حمل قائم رہے اور وہ تندرست رہے اور اوسکو کسی طرحکا فساد نہو +

باد سے حمل سوکھ جاوے اوسکا علاج

جس عورت کا حمل بسبب باد کے سوکھ جاوے اوس عورت کا پیٹ پورا نہو خالی رہے تب وہ عورت طاقت کی چیزین دودہ گھی رس وغیرہ کھاوے اور دودہ پیے تب باد دور ہو اور حمل پورا ہو +

حمل کے لڑکے کے ہونیکا مہینا

عورت نوین مہینے یا دسوین مہینے اولاد کو پیدا کرتی ہے اور کوئی عورت گیارہوین یا بارہوین مہینے ظاہر کرتی ہے ان مہینون کے بعد جو حمل رہے وہ حمل کا فساد جاننا چاہیے اور اس حمل کو شکمی بیماریون مین تصور کرکے علاج کرنا لازم ہے +

عورت کے آرام سے وضع حمل ہونیکا علاج

سانپ کی کینچل مروے یعنے نیولا بو کی فرج مین دہونی دے - یا کرہاری کی جڑ کو عورت ہاتہ پاون مین باندہے - یا کوکر بھانگرے کی جڑ اور پاڑل کی جڑ کو عورت ہاتہ پاون مین باندہے یا پوئی کی جڑ کے کاڑہے مین تلونکا تیل ڈالکر عورت حمل مین لیپ کرے یا پیپل اور بچ کو پانی مین باریک پیس فرج پر لیپ کرے - یا ارنڈ کے تیل کو ناف پر لیپ کرے یا مہوے اور بجورے کی جڑ کو گھی سے باریک پیس عورت پیے یا سانپ کی جلکو کاٹ کر عورت باندہے تو بہت جلد اور آرام سے حمل وضع ہو - یہ سب علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین یا آپا مارگ کی جڑ اور کاگلہری کی جڑ کاٹ کر باندہے تو فوراً حمل وضع ہو یہ نسخہ جوگ چنتامن مین لکھا ہے

آرام سے جلد حمل کے وضع ہونیکے خبر منتر

کمتا پاشا بکمتا شچہ کمتا سورجین رشمیہ - کمتاہ سرب مہیادگرہہ ایہی ماچرما چرسواہا - یہ سات مرتبہ پانی پر پڑہ کر وہ پانی عورت کو پلادے تو جلد فراغت ہو یا اس خبر کو دیکھے تو جلد حمل وضع ہو

۱۶	۶	۸
۲	۱۰	۱۸
۱۲	۱۴	۴

موڑہ گربہہ کی پیدائش علامت اور علاج

جس عورت کے بدنمین باد مفسد ہوکر عورت کی فرج اور شکم اور کوکھ مین شول پیدا کرے اور پیشاب نہ آوے وہ خراب ہوا حمل کو فرج مین چار قسم سے ٹیڑہا کردے +

حمل مین بسبب خراب ہونے کے لڑکا چار طریق یا آٹھ طریق سے رہتا ہے

کیلک - پرت کہر - پرکھہ - بیج - اور وہ باہو - پاون سر اور پسلیون کی قسم سے آٹھ قسم سے لڑکا حمل مین رہتا ہے +

کیلک کی علامتین

عورت کی فرج کے منہ مین کیلا سا لگ جاوے اوسکو کیلک بولتے ہین - عورت فرج کے موڑہے ہاتھہ پاؤن آڑے آجاوے اوسکو پرت کہر جانو - عورت کی فرج کے شروع مین آگ سی لگ جاوے اوسکو پرگھہ بولتے ہین عورت کی فرج کے موڑہے مین سر آکر اٹکے اوسکو پنچک جانو - عورت کی فرج کے موڑہے مین پیب اٹک جاوے - عورت کی فرج کے موڑہے مین پسواڑہ اٹکے عورت کی فرج کے موڑہے کا منہ نیچا ہو - عورت کی فرج کے موڑہے مین پسواڑہا اور پیٹھہ اٹکے - اسطرح موڑہ گربھہ آٹھہ قسم سے ہوتا ہے +

موڑہ گربھہ کی لاعلاج علامتین

حاملہ کا سر سیدہا نرہے لٹکا جاوے اور شرم جاتی رہے اور عضو ٹھنڈے ہوجاوین اور بدنکی نسین نیلی ہوجاوین اوس عورت کا لڑکا مرا ہوا جانو - اور وہ عورت بھی ہلاک ہو - اور جس عورت کے حمل مین لڑکا مرا ہو اوس عورت کا حمل نہ پھڑکے اور اوسکا منہ سیاہ اور زرد لون کے لیے ہو اور اوسکی ناک اور منہ مین سے مردے کیسی بدبو آوے اور پیٹ مین سول چلے یہ علامتین ہون تو پیٹ مین مرا ہوا لڑکا جانو +

پیٹ مین اولاد کے مرنیکا سبب

جس عورت کا کوئی بھائی ماں باپ بیٹا خاوند وغیرہ کوئی عزیز مرا ہو یا اوسکی زر و دولت کسیطرح زائل ہوجاوے یا اوسکے پیٹ مین کسیطرحکی چوٹ لگے تب اوس عورت کو بہت رنج پیدا ہو اور اوس رنج کے سبب اوسکا حمل تکلیف مین رہے اور اوسکی کوکھہ مین طرح طرحکی بیماریان پیدا ہون تب اوسکے پیٹ کی اولاد پیٹ مین مرجاوے +

حاملہ عورت کی لاعلاج علامتین

جس عورت کی فرج کا منہ مردے ہوے لڑکے سے ڈھک جاوے اور کوکھہ مین سول چلے اوس حمل کو متکلک بولتے ہین اوسمین مذکورہ بالا فساد بھی ہون +

موڑہ گربھ کی علامتین

جس عورت کے حمل کے وقت فوج کے پاس لڑکا بُری طرحسے آگیا ہو اوسکے لیے بہت ہوشیار دایہ جسنے بہت لڑکے جنائے ہون بلانا چاہیے وہ ہاتھہ مین گھی لگاکر ہوشیاری سے فوج مین ہاتھہ ڈالکر لڑکے کو سیدہا کرکے زندہ فوج سے باہر نکالے +

رحم مین لڑکا مرگیا ہو اوسکا علاج

بہت ہوشیار دایہ بہت ہوشیاری سے فوج مین تیز اور چھوٹا نشتر ڈالکر اوس مرے ہوے لڑکے کے اعضا کاٹ کر باہر نکال ڈالے اور اوس مرے ہوے لڑکے کو اسطرح باہر نکالے کہ وہ حاملہ عورت اوسکے ساتھہ مرجاوے اور مرے ہوے لڑکے کو حمل مین سے نکالنے کے بعد فوج کو ہوشیاری سے گرم پانی سے دہووے یا اوسپر تیل چپڑے تو فوج نرم رہے اور اوسمین درد وغیرہ کوئی فساد نہو پھر کڑوی تونبی کے پتے اور پٹھانی لودہ کو برابر لیکر باریک پیسے اور اوسکا فوج مین لیپ کرے تو فوج اپنی جگہہ بیٹھہ جاوے - یا پلاس پاپڑہ اور ریلے ہوے گولر کے پھل کو برابر لیکر تلون کے تیل مین باریک پیس فوج کے اوپر لیپ کرے تو فوج گہری ہو اور اسیطرح اکیس ۲۱ دن لیپ کرے تو فوج مین کوئی بیماری نہو - سانپ کی کینچل - کوٹ اور سرسون کو باریک پیس روغن تلخ مین فوج کو دہونی دے تو فوج کی بیماریان سب دور ہون - یا کلہاری کی جڑ کو اوٹاکر اوس پانی سے ہاتہ پاون مین لیپ کرے تو مرے ہوے لڑکے کے سب فساد دور ہون +

مکلک بیماری پیدایش علامت اور علاج

جس عورت کے اولاد پیدا ہوئی ہو اور وہ عورت بادی چیزین کھاوے اور اوس عورت کو تیکھی چیزین پیلا مول وغیرہ نہ ملین اور وہ نہ کھاوے اوسکی باد ناف کے نیچے یا دونون پسلیون مین یا پیڑو مین خون کو روک باد کی گانٹھہ پیدا کرے یا وہ باد ناف اور پیڑو شکم اور معدہ مین سول کو پیدا کرے یا وہ باد پیڑو مین ابھار پیدا کرے اور پیشاب نہ آنے دے اوسکو مکلک کہتے ہین +

علاج

جو اکھار کو گرم پانی مین پیکر عورت کھاوے تو مکلک کی بیماری دور ہو - یا پیپل - پیلا مول فلفل - زنجبیل - چترک - چب - سمھالو - الایچی - اجمود - سرسون - بھنی ہوئی مینگ پاڑہ اندرجو - زیرہ - بکاین - موربا - اتیس - کٹکی - بابی ٹرنگ انکا نام پیلا دگن ہے انکو باریک پیس بقدر ڈھائی درم گرم پانی سے کھاوے یا انکا کاڑھا کرکے اسمین تھوڑا سا سنیندھا نمک ڈالکر پیے تو عورت کے بلغم یا باد کی سب بیماریان دور ہون اور گولہ - سول اور شکم کی بیماریان اور بخار کو دور کرے اور بھوکھ لگاوے اور آنو کو دور کرے اور اس مکلک بیماری کو ضرور ہی دور کرے یا زنجبیل - مرچ - پیپل - تیج - پترج - ناگ کیسر الایچی - کشنیز ان سب کو باریک پیس ڈھائی درم پرانے گڑ سے کھاے تو مکلک کی بیماری دور ہو اور جس عورت کے اولاد پیدا ہوئی ہو اوسکو تدبیر سے غذا دے اور عمدہ طور سے آسایش دے اور وہ اتنی باتین نہ کرے - ریاض - جماع - غصہ - اور ٹھنڈی جگہ نہ رہے

سوتکا بیماری کی پیدایش

بدپرہیزی کے سبب یا بہت تکلیف سے یا ناہموار جگہ مین بیٹھنے سے یا بدہضمی مین غذا کھانے سے زچا خانے مین جو بیماریان ہوتی ہین وہ سب دہشت ناک ہین +

سوتکا روگ کی علامتین

اعضا مین درد اور بخار اور کھانسی ہو پیاس بہت لگے بدن بھاری ہو اور بدن مین ورم اور پیٹ مین سول اسہال اور اپھار ہو اور بدنکی طاقت زائل ہوجاے اور غنودگی اور نفرت ہو اور اوڑ بھی باد اور بلغم کی بیماریان ہون اور قوت اور گوشت اور قوت ہاضمہ یہ سب زائل ہوجاوین ان سب بیماریون کو سوتکا کی بیماریان جانو +

علاج

جو دوا باد کو دور کرتی ہے وہی سوتکا کی بیماریون کو نائل کرتی ہے اور سمول کے کاٹنے سے

سوتنکا کی بیماری دفع ہو۔ یا گلو۔ زنجبیل۔ سہنجنہ۔ پیپل۔ پیلا مول۔ چیپ۔ چترک۔ نیتر بالا انکا کاڑہا شہد ڈالکر دے تو سوتنکا کی بیماری دور ہو۔ یا دیودار۔ بچ کوٹ۔ پیپل۔ زنجبیل چراتیا۔ کاجپل۔ ناگر موتھہ۔ پوست ہلیلہ۔ گج پیپل۔ دہاسہ۔ گوکرو۔ جواسہ۔ کیتکی۔ گلو۔ زیرہ سیاہ۔ یہ سب برابر لے انکا کاڑہا کرے اور ہینگ سیندہا نمک دے اور یہ کاڑہا دے تو سوتنکا کی بیماری سول کھانسی دمہ بخار غشی ذرد سر غنودگی اسہال قے وغیرہ کو دور کرتا ہے +

پنچ جیرک پاک

سیاہ و سپید زیرہ۔ بادیان۔ اجواین۔ اجمود۔ کشنیز۔ میتھی۔ زنجبیل۔ پیپل۔ پیلا مول چترک۔ جھاؤ کی جڑ کا پوست۔ بیر کی گٹھلی۔ کوٹ۔ کمیلا۔ یہ سب دوا دو دو تولہ لے اور انکو باریک پیس کپڑ چھانکر گاے کے ایک اثار گھی مین سانے پھر اس چورن کو چار پھر گاے کے دودہ کے ماوے مین گھی سے ملا دے اور چورن کو پکا کر اسکا گاڑہا ماوا کرے پھر اس ماوے کو دو سو تولہ بھر شکر کی چاشنی مین ڈالے پھر دو دو تولہ کی گولیان بناوے اور بالا نفہ عورت کھاوے تو وضع حمل کی بیماری بخار چھٹی یعنے سوکھا لگے کھانسی یرقان چینتا یعنے زیرہ روز کمزور ہوتا جاوے اور بادی بیماریان دور ہون +

سوبھاگ سونٹھہ پاک

ستوا سونٹھہ آدہ سیر باریک پیسکر کپڑ چھان کرکے آدہ سیر گاے کے گھی مین مخلوط کرے پھر ۸ سیر شکر کی چاشنی کرکے اس چاشنی مین یہ دوائین باریک پیس کپڑ چھان کر ڈالے وہ یہ ہین کشنیز ایک درم۔ سونف پانچ درم۔ بای ڈنگ دو تولہ۔ زنجبیل دو تولہ۔ کالی مرچ ۲ تولہ پیپل دو تولہ۔ ناگ کیسر دو تولہ۔ ناگر موتھا دو تولہ۔ یہ سب دوا باریک پیس اس چاشنی مین ڈالے سار پانچ درم۔ ابرک پانچ درم۔ اور میوہ مرضی کے موافق ڈالکر دو دو تولہ بھر کی گولیان بناوے اور ایک گولی کھاوے تو تشنگی سے بخار۔ جلن۔ دمہ۔ کھانسی۔

نپڈ روگ یعنے یرقان ضعف معدہ انکو یہ دور کرتا ہے +

پستان کے عارضے کی علامتین

کل بدن مین با دصفرا بلغم جو پھیلتے ہین اور فساد سے خراب ہوکر عورت کی پستان مین پہونچ جاوین تو اوس عورت کی پستان دودہ کی بھری ہوئی ہون یا دودہ کے بغیر ہون اونمین شے وے خراب ہوئی گانٹھہ وغیرہ خون کی بیماریون پیدا کرین +

علاج

عورت کی پستان کے اوپر جو بید ورم دیکھے تو بدردہ کا علاج جو پیچھے لکھا ہے وہ کرے تو عورت کے پستان کی بیماریان دور ہون اور پستان کے اوپر گانٹھہ کچی ہو تو گانٹھہ کی دور کرنیوالی ٹھنڈی دوائین لگاوے تو پستان کی بیماری دور ہو یا جونکین لگاکر پستان کا خون نکلواوے تو پستان کی سب بیماریان دور ہون +

پستان کے درد کا علاج

گنڈیرہ کی جڑ کو پانی مین پیسکر اوسکا لیپ کرے تو پستان کا درد دور ہو یا ہلدی اور دھتورے کی جڑ کو پانی سے باریک پیس لیپ کرے تو پستان کی بیماری دور ہو۔ یا لوہے کو گرم کرکے پانی مین بجھاکر عورت پیے تو پستان کی بیماری دور ہو +

بیوہ عورت کے حمل گرانیکا علاج

حیض کے وقت چوتھے دن تالیس اور گیرو دو درم باریک پیس ٹھنڈے پانی سے پیے تو عورت بانجھہ ہو یا حیض کے وقت چوتھے دن پلاس پاپڑے کو شہد اور گھی مین باریک پیسکر فرج مین لیپ کرے تو اوس عورت کے کبھی حمل نہ رہے یا تخم کاجرا اور کلونجی کو قند سیاہ کے کھاوے تو عورت کا حمل گرپڑے یا بیخ چولائی کو چاولون کے پانی کے ساتھہ عورت حیض کے وقت پانچ دن پیے تو وہ عورت بانجھہ ہو۔ یا حیض کے وقت نیم کی جڑ کی تدبیر سے فرج مین دھونی دے تو عورت بانجھہ ہو۔ یا میتھی دان ۱۰ مار قند سیاہ ۱۰ مار انکو پانی مین اٹاکر یہ پانی

پانچ دن پیے اور گڑہل کی جڑ اور رال کی بتی کرکے فرج مین رکھے تو بیوہ عورت کا حمل گر پڑے یا کڑوی توبی اور سانپ کی کینچل سرسون کو کڑوے تیل مین پیسکر کڑوے تیل مین دہنی دے تو عورت کا حمل گر پڑے +

باب بست ویکم

لڑکون کی بیماریون کے بیان مین

لڑکون کی بیماریون کی پیدایش علامت اور علاج

پہلے لڑکون کے نوگرہ یعنے نو ستارے ان ستارونسے جدا ہی ہین اور ناپاک لڑکے کو وہ نوگرہ تکلیف دیتے ہین ان نو ستارون سے لڑکے کو بچانا چاہیے اون کے نام یہ ہین - اسکندہ[1] - اسکندا پسمار[2] - شکنی[3] - ریوتی[4] - پوتنا[5] - گندہ پوتنا[6] - جیت پوتنا[7] - مکھ منڈکا[8] - نیگ مہیہ[9]

نوگرہ یعنی ستارونکی پیدایش

یہ نو ستارے سوام کارتک کی حفاظت کے لیے مہادیو جی نے پیدا کیے ہین اون نوگرہونکی شکل نہایت خوبصورت عورت کیسی ہے اور کئی ایک کی شکل خوبصورت مرد کی سی ہے - یا سوام کارتک جی کا بسا کھہ جسکا نام مگھا ہے اور اوسکے بدن کا نور مثل آگ کے روشن ہے ان سبکو مہادیو جی نے پیدا کیا سو یہ سب ملکر سوام کارتک جیکی کے ساتھہ رہنے لگے پھر انھون نے ملکر سوام کارتک جی سے عرض کی کہ ہم بھوکھے ہین کھانے کے لیے کوئی چیز بتلائیے تب سوام کارتک جی نے مہادیو جی سے کہا تب مہادیو جی نے حکم دیا کہ جو دنیا مین چوپائے اور پرند اور آدمی اور دیوتا بھی رہتے ہین وے دیوتا آدمیون کو تکلیف دیتے ہین - گرمی مین تو گرمی سے اور برسات مین سردی اور ہوا سے اور سردی مین سردی سے اور آدمی جاپ ہون وغیرہ کرکے اچھی طرح دیوتون کو خوش کرکے کھانیکا بھوگ دین اور اسطرح جو لوگ نہ کرین اونکے لڑکونکو تکلیف دو اور اونکو کھاؤ - جو لوگ اپنے ہشت کے دیوتا اور پتر اور خداوند تعالے اور برہمن اور فقیر گرو یعنے مرشد اور مہانون کی پرستش اور خاطر و تواضع نہ کرین اور اونکو کھانا وغیرہ ندین

اور کانسے کے چھوٹے ہوے برتن مین کھاوین اونکے لڑکون کو تم کھاؤ یہ مہادیو جی نے اون ستارون سے کہا تب اونکی معاش ہوئی +

ستارے جن لڑکونکو لگین اونکی علامتین

جن لڑکون کو یہ گرہ یعنے ستارے لگین وہ لڑکے ایک لحظہ مین تو اُوبھ اوٹھین اور لحظہ مین ڈرنے لگین اور ایک لحظہ مین اپنی دایہ کو ناخنون سے اور دانتون سے کاٹنے لگین اور اونچے آسمان کی طرف دیکھا کرین اور اپنے دانتون کو چباوین اور کراہا کرین جمہائیان لین اور بھوت چڑہایا کرین لب کاٹا کرین اور اونکے منہ مین سے جھاگ آوین اور ستے کرین اور اونکو اسمان کی بیماری بھی پیدا ہو اور بدن کمزور پڑجاوے اور رات کو جاگین اور اونکے بدن مین ورم نمودار ہوجاوے اور گلے کی آواز گھون گھون بولے اور بدن دُبلا ہوجاوے اور مقعد مین سے خون بہے اور رات کو جگے اور بدن مین سے مچھلی کی سی بدبو آوے اور بدنکا ہوش جاتا رہے۔ یہ جس لڑکے مین یہ علامتین ہون تو اوسکے ستارہ لگا ہوا جانو — یہ اسکی عام علامتین ہین +

بال گرہ یعنے ستارے جسکو لگے ہون اوسکی خاص علامتین

جسکے عضو کمزور ہوجاوین اور بدن مین سے خون کی بدبو آوے اور پستان کا دودہ نہ پیے اور منہ ٹیڑہا ہوجاوے اور آدہا بدن ٹیڑہا رہجاوے اور آنکھون مین آنسو رہین اور روے اور کچہ ہاتھہ کی مٹھی بند بھی رہے یہ جسکی علامتین ہون تو اسگندہ گرہ لگا ہوا جانو +

بشاکھہ جسکو لگا ہو اوسکی علامتین

جسکا ہوش جاتا رہے اور پھر آجاوے اور کبھی ہاتھہ پاون کو جھٹکانے لگے اور بغیر ہوش کے پاخانہ اور پیشاب کردے جمہائیان بہت آوین تو بشاکھا گرہ لگا ہوا جانو +

جسکو شکنی گرہ لگا ہو اوسکی علامتین

اعضا کمزور رہین اور خوف سے متعجب رہا کرے اور اوسکے بدن مین سے مچھلی کیسی بدبو آوے اور بدن مین بہت سے زخم پڑجاوین اور جلن ہو یہ علامتین ہون تو شکنی گرہ لگا ہوا جانو +

جسکو ریوتی گرہ لگا ہوا وسکی علامتین

جسکا مُنہ سرخ اور ہرا ہوا اور اوسکا زرد بدن ہوا ور درد کو لیے ہاتہ اور پاؤن سیاہ ہون تو ریوتی گرہ لگا ہوا جانو +

جسکو پوتنا گرہ لگا ہوا وسکی علامتین

جسکا بدن کمزور ہو جاوے اور رات دن سووے اور مواد پتلا ہوا اور اوسکے بدن مین سے کاکل کیسی بدبو آوے اور قے ہوا ور تشنگی زیادہ ہو تو پوتنا گرہ لگا ہوا جانو +

جسکو گندہ پوتنا لگا ہوا وسکی علامتین

جولڑکا دودہ نہ پیے اور اسہال اور کھانسی ہچکی قے اور بخار ہوا ور بدن کا رنگ جاتا رہے اور بدن مین سے خون کی بدبو آوے تو گندہ پوتنا لگی ہوئی جانو +

شیت پوتنا کی علامتین

جولڑکا رویا کرے اور رعشہ ہوا اور اوسکی آنتین بولین اور بدن کمزور ہو جاوے اور اسہال بہت ہو تو شیت پوتنا کا فساد جانو +

نیگ میہ کی علامتین

جسکے مُنہ مین سے بہت جھاگ آوین اور بدن مین رعشہ ہوا ور بہت اونچا بھی دیکھے اور بہت پکارے اور بدن مین بدبو آوے ہوش جاتے رہین تو نیگ میہ گرہ کا فساد جانو اور یہی علامتین ڈاکن کے فساد کی بھی جانو +

عام گرہون یعنے ستاروں کے فساد کا علاج

گورکھ مُنڈی اور جس کا کاڑہا کرکے اس سے لڑکے کو نہلاوے یا ہلدی صندل کوٹ کو باریک پیس بدن مین لیپ کرے تو لڑکا اچھا ہو۔ یا سانپ کی کینچل۔ لہسن۔ سرسون۔ نیم کے پتے بلی کا خلیظ۔ بکرے کے بال۔ مینڈھے کے سینگ۔ بچ اور شہد کو پیسکر لڑکے کے دھونی دے تو لڑکے کے گرہون کے سب فساد دور ہون۔ اور اوتارا وغیرہ سب علاج کرے +

اسگندہ وغیرہ لڑکے کی گرمہونکے فساد کا علاج

بادے دور کرنیوالے درختون کے پتونکا کاڑہا کر اوس لڑکے کو نہلاوے تو سب فساد دور ہون یا سرسون - سانپ کی کینچل - بچ اور کاگلہری کو کوٹ اسمین اونٹ اور بکری کے بال ملاوے اور گھی ملاکر لڑکے کے دہونی دے تو لڑکے کے سب فساد دور ہون +

اسگندہ بیمار کے فساد کا علاج

مغز بیل - بیج سرس - سپید دوپا - سپید سرسون - پاڑہ - مروا - سپید رائی - باوچی - کاپھل - کسمبھی - بای بڑنگ - سمہالو - گولر - کھرہٹی - چرلوٹن یعنی مکوی - لکائن سیاہ تلسی - اور بھارنگی کا کاڑہا کر اسکے لڑکے کو نہلاوے تو اسگندہ بیمار لڑکے کی گرمہون کا فساد دور ہو - یا بکری - بھیڑ - بھینس - گھوڑے - گدہے اور اونٹ کی پیشاب مین تیل پکاوے جب وہ سب پیشاب خشک ہوجاوین اور تیل باقی رہجاوے تب لڑکے کے مالش کرے تو اسگندہ بیمار لڑکے کے ستاریکا فساد دور ہو - یا گاے اور بکریکا بول سر بال ہاتھی کا ناخن - بیل کے روئین انمین گھی ملاکر اسکی دہونی دے تو فساد دور ہو - یا جواسہ متسیل کسوری - کونچ کی جڑ انکی لڑکے کے دہونی دے یا لڑکے کے باندہے تو لڑکے کے اسگندہ بیمار کا فساد دور ہو - یا لڑکے کو چوہٹے مین نہلاوے تو آرام ہو - اور اسکندہ بیمار اور بشاکھہ ستاریکا فساد دور ہو +

شکنی ستاریکے فساد دور ہونیکا علاج

بید کی جڑ اور آنب کی جڑ اور کیتھہ کی جڑ کے کاڑہے کے پانی سے لڑکے کو نہلاوے تو شکنی ستاریکا فساد دور ہو - یا جھاؤکی جڑ - مہوا - خس - سفید سرسون - کنول کی جڑ - پدماک - لودہ برنگ کے پھول - مجیٹہ اور گیرو کو پانی سے باریک پیس اسکا اوبٹن کرے تو شکنی گرہ کا فساد دور ہو - یا اسگندہ بیمار گرہ کا علاج جو پیچھے لکھا ہے اوس سے شکنی گرہ کا فساد دور ہوتا ہے اور چھتاور پانچ اندراین یا ناگ دمن یا کٹیلی یا سہدئی انکی پوجا کرکے

لڑکے کے گلے مین باندہے تو شکنی ستاریکا فساد دور ہو۔ یا تل چانول پھولونکی مالا ہرتال مینسل انکا موافق طریقے کے شکنی گرہ کو بل دے اور لڑکے کو دوائیون کے پانی سے نہلاوے تو شکنی گرہ کا فساد دور ہو +

ریوتی گرہ کا علاج

اسگندہ۔ میڑھا نگی۔ سفید سرسون۔ سانٹی کی جڑ۔ سیوتی کے پھول۔ بداری قند انکا کاڑھا کرکے اسکے پانی مین لڑکے کو نہلاوے یا لڑکے کے بدن مین تیل کی مالش کرے یا کوٹ۔ رال گوگل۔ خس۔ ہلدی کی لڑکے کے دھونی دے یا خوشبودار سپید پھول چانول کی کھیل دودہ سال اور دہی کو لڑکے کے اوپر ڈالکر نہلاوے اور انھین کو جہان گاے باندہی جاتی ہے بل دے تو لڑکے کے ریوتی ستاریکا فساد دور ہو +

پوتنا گرہ کا علاج

پوست نیم اور بشن کرانتا کا کاڑھا کرکے پانی سے لڑکے کو نہلاوے تو لڑکے کو ستاریکا فساد دور ہو۔ یا نئی بداری قند۔ سپید دا کھہ ہرتال۔ مینسل۔ کوٹ اور رال کا کاڑھا کرکے اسکے رس مین تیل یا گھی پکاوے اور یہ تیل یا گھی لڑکے کے مالش کرے تو پوتنا کا فساد دور ہو +

گندہ پوتنا گرہ کی علامتین

برگ نیم۔ برگ پٹول۔ برگ کٹیلی۔ برگ گلو۔ برگ ارڈوسہ انکا کاڑھا کرکے اس پانی سے لڑکے کو نہلاوے تو گندہ پوتنا کا فساد دور ہو۔ یا پیپل۔ پیلا پھول اور دونون کٹیلی کا کاڑھا کرکے اسمین گاے کا دودہ پکاوے پھر اسکی مالش کرے تو گندہ پوتنا کا فساد دور ہو یا کیسر۔ اگر۔ کافور۔ کستوری۔ اور صندل کو بلیک پیپر آنکھون کے اوپر لیپ کرے تو گندہ پوتنا کا فساد دور ہو۔ یا مرغے کی بیٹ لڑکے کے بال۔ بن کی چھال اور گھی انکو لڑکے کے اوپر اوتار کر چولہے مین رکھے تو گندہ پوتنا کا فساد دور ہو +

شیت پوتنا کا علاج

گاے اور بکری کا بول - ناگر موتھ - دیودار اور صندل وغیرہ سب خوشبودار چیزین لے اور انمین تیل پکاوے تو شیت پوتنا سارے کا فساد دور ہو - یا کنکی - پوست نیم - کھیر سار ڈھاک کا پوست اور کاہو کا پوست انکے کاڑھے مین گھی پکاوے پھر اس گھی کو لڑکے کو کھلاوے یا لیپ کرے تو شیت پوتنا کا فساد دور ہو - یا نیم کے پتون کی لڑکے کو دھونی دے یا لڑکے کو گنجا کی مالا پہناوے تو شیت پوتنا کا فساد دور ہو - یا دریا کے کنارے پر مونگ اور چانول شیت پوتنا کو دے تو شیت پوتنا کا فساد دور ہو +

مکھ منڈ کا گرہ کا علاج

کیتھہ - بیل - ارنی - اڑوسہ - سپید ارنڈ اور کوٹ کے کاڑھے مین پانی سے لڑکے کو نہلاوے تو مکھ منڈ کا کا فساد دور ہو - یا بھانگرے کے تیل یا رس مین تیل پکاوے اور اس تیل کی لڑکے کے مالش کرے تو مکھ منڈ کا کا فساد دور ہو یا ناں اور کوٹ کا کاڑھا کرکے اسمین گھی پکا کر لڑکے کے مالش کرے تو مکھ منڈ کا کا فساد دور ہو - یا گاے کی جگہ مین بل دے اور اس منتر سے نہلاوے تو مکھ منڈ کا کا فساد دور ہو +

نہلانیکا منتر

النکرتا کا موتی سہگا کام روپنی - گوشٹ مدھیا لیتا پات تو ام مکھ منڈ کا +

نیگمیہ گرہ کا علاج

بیل کی جڑ کا پوست - بچ ارنی - بچ کنگ - انکے کاڑھے کے پانی سے لڑکے کو نہلاوے تو نیگمیہ گرہ کا فساد دور ہو - یا پرنگ کے پھول - جواسہ - سونف - چترک کی درخت کا پوست اور گڑہل کا کاڑھا کرکے اس کاڑھے کے رس مین تیل پکاوے پھر اس تیل کے پکتے ہی مین گاے کا پیشاب - دہی اور کانجی ڈالے پھر اس تیل کو پکاوے جب یہ سب جل جاوین اور تیل باقی رہجاوے تب لڑکے کے اسکی مالش کرے تو نیگمیہ گرہ کا فساد دور ہو - یا تل چانول

بھوکونکی مالا لڈو وغیرہ شیرنی لڑکے کے اوپر سے سات مرتبہ اوتار کر کسی درخت کے پاس رکھے تو نگیہ گر کا فساد دور ہو +

اوتارے کا منتر

اجا نتیج لاکشی تو کام روپی مہاشیا پالم پالیتو دیو نگمیو سیر کشتو - یہ سب علاج بھاو پرکاش مین لکھے ہین - یا راون کا بنایا ہوا بال گرنتھ ہے اوسکے منتر سے لڑکون کے ڈاکنی وغیرہ آسیبون کے اچھے ہونے کی علامتین لکھی جاتی ہین - لڑکے کے پیدا ہونے کے بعد پہلے دن پہلے مہینے پہلے برس مین منداماے ماترکا راون کی بارہ بہنین ہین وہ لڑکے کو آزار دیتی ہین اونکی یہ علامتین ہین لڑکے کو بخار ہو اور بہت روووے یا نہ بولے اوسکے اچھے ہونے کے لیے یہ ترکیب کرے کہ دریا کے دونون کنارونکی مٹی لے اوسکا کوری سینک مین پتلا بناوے اور اوسکے پاس چانول اور سات سپید پھول سات دہجا یعنے بھربھرے سات چراغ سات گلگلے سات پان خوشبودار چیزین دھوپ گوشت شراب یہ لڑکے کے اوپر سے اوتار کر مشرق کیطرف چوہٹے مین دوپہر کیوقت رکھ آوے اوپر پیپل کے پتے سر پر رکھکر لڑکے کو نہلاوے تو منداماترکا کا فساد دور ہو - اسیطرح چار روز کرے اور لڑکے کے سرسون میڑھے کے سینگ نیم کے پتے شیوجی کا نرمال اسکی دھونی دے تو لڑکے کو آرام ہو +

اوتارے کا منتر

اونگ نمو بھگوتی راونایے ہن ہن منج منج سواہا +

لڑکے کے پیدا ہونے کے دوسرے دن دوسرے مہینے دوسرے برس شہدماترکا راون کی بہن لڑکون کو تکلیف دے اوسکی علامتین ذیل مین لکھی جاتی ہین +

پہلے بخار ہو - آنکھین بند نہون بدن مین رعشہ ہو اور نہ بولے اوسکے اچھے ہونیکے لیے اوتار لکھا جاتا ہے جس سے لڑکے کو آرام ہو - سوا سیر چانول دہی اور مچھلی کا گوشت - شراب تل کا چورن یہ سب پیالے مین رکھ بجانب مغرب چوراہے مین تین بن شام کیوقت

لڑکے کے اوپر اوتارا کرے پھر مسان کے پانی سے لڑکے کو نہلاوے پھر شیوجی کا نرمال خس بتی کے روئین گھی دودھ کی لڑکے کو دھونی دے +

اوتارے کا منتر

اونگ راونائے ہین ہین پنچ پنچ ہنگ بھٹ سوا ہا۔ چوتھے دن اپنی طاقت کے موافق برہمنون کو کھانا کھلاوے تو شہدا ناتر کا کا فساد دور رہو +

تیسرے دن تیسرے مہینے تیسرے برس پوتنا اون کی بہن لڑکے کو آزار دے اوسکی علامتین نیچے لکھی جاتی ہین +

پہلے لڑکے کے بخار پیدا ہو۔ بدن کانپے اور نہ بولے اور ہکا بکا کرے اور آسمان کیطرف دیکھا کرے اوس لڑکے کے آرام کے لیے اوتارا لکھا جاتا ہے۔ دریا کے پار کی مٹی لے اوسکا پتلا بناوے اور پتلے کو پیالے مین رکھکر اوسمین تنبول سرخ صندل سرخ پھول سات چراغ سات ڈبی۔ گوشت۔ شراب۔ بھات رکھکر بجانب شمال تیسرے پہر چوراہے مین رکھ آوے پھر شیوجی کا نرمال۔ گوگل۔ سرسون۔ نیم کے پتے مٹیدے کے سینگ انکی تین دن تک دھونی دے +

اوتارے کا منتر

اونگ نمہ راونائے نمہ ہین ہین پنچ پنچ تراسے تراسے سوا ہا۔ چوتھے دن برہمنونکو کھانا کھلاوے تو لڑکے کو آرام ہو +

چوتھے دن چوتھے مہینے چوتھے برس مکھ منڈکا نامے راون کی بہن کی فساد دور کرنیکی علامتین پہلے بخار ہو۔ کندہا نہ جھکے۔ آنکھین بھٹی رہین لڑکا نہ بولے اور رویا کرے اور بہت سوے اور اوسکے ہاتہ کی مٹھیان بندہی رہین اوسکے آرام کے لیے یہ اوتارا کرے۔ دریا کے

دونون کنارون کی مٹی لیکر پتلا بناوے اوسکے آگے کنول کے پھول رکھے اور خوشبو برگ تنبول۔ سپید پھول چار چراغ تیرہ پوے مچھلی کا گوشت شراب چھاچھ یہ سب پیالے مین رکھے پھر جنوب کیطرف جاکر تیسرے پہر کے وقت چوراہے مین کھے تو لڑکے کو آرام ہو +

اوتارے کا منتر

اونگ نمو راونائے ہن ہن متھہ متھہ سوا ہا چوتھے دن برہمنون کو کھلاوے تو لڑکا آرام پاوے پانچوین دن یا پچون مہینے یا پچون برس پوتنا ماترکا راون کی بہن کے فساد کی علامتین مرج ذیل ہوتی ہین +

پہلے بخار ہو بدن کانپے اور منہ سے نہ بولے اور ہاتھونکی مٹھیان نہ کھولے +

اوتارا

کمہار کے چاک کی مٹی لیکر اوسکا پتلا بناوے اور اوسکے آگے خوشبو برگ تنبول چانول — سپید پھول پانچ بڑے چراغ پانچ دہجا ایسان کیطرف اوتار کر رکھے پھر سانٹی کے پانی سے نہلاوے پھر شیو جی کے نرمال سانپ کی کینچل گھی اور نیم کے پتون کے دھونی دے تو لڑکے کو شفا ہو +

اوتاریکا منتر

اونگ نمو راونائے نمہ چورنے چورنے سوا ہا۔ چوتھے دن برہمنون کو کھلاوی تو لڑکا اچھا ہو + چھٹے دن چھٹے مہینے چھٹے برس شکنی نامے ماترکا راون کی بہن کے فساد کی علامتین + پہلے بخار ہو۔ بدن کانپے راتدن چین نہ پڑے اونچا دیکھے اوسکی آرام کے لیے اوتارا گیہون کے آٹے کا پتلا بناوے اور سپید زرد اور سرخ پھول۔ شراب گوشت اور دس چراغ اور دس دہجا دودھ جامن انکا اوتارا اگن کون مین دوپہر کے وقت رکھے پھر ٹھنڈے پانی سے نہلاوے پھر شیو جی کے نرمال لمسن گوکل سرسون سانپ کی کینچل نیم کے پتے اور گھی کی دھونی دے +

اوتارے کا منتر

اونگ نمو راونایے چرنے چرنے ہن ہن سوا ہا - تیسرے دن برہمنون کو کھانا کھلاوے تو لڑکے کو آرام ہو +

ساتوین دن ساتوین مہینے ساتوین سال ششٹھی دیوتی نامے ماترکا راون کی بہن لڑکونکو تکلیف دیتی ہے اوسکی علامتین اور علاج - پہلے تپ ہو - بدن کانپے مٹھیان بند رہین اور بہت روووے اوسکی آرام کے لیے اوتارا +

دریا کے کنارے کی مٹی کا پتلا بناوے اوسکے آگے سرخ پھول - برگ تنبول - سرخ برنج کی کھچڑی دیں چراغ - گوشت - شراب - تیرہ دہجا مغرب کیطرف گاون کے باہر تیسرے پہر کو اوتارا کرے پھر نہلاوے اور شیوجی کا نرمال - میڈھے کا سینگ - سرسون خس اور گھی کی دھونی دے +

نوین دن نوین مہینے نوین سال سوڑکا نامے ماترکا راون کی بہن لڑکون کو آزار دیتی ہے اوسکی علامتین اور علاج +

بخار اور بدن مین درد ہوتے ہو جاوے اوسکے آرام کے لیے اوتارا - دریا کے دونون کنارونکی مٹی کا پتلا بناوے اوسکو سپید کپڑے پہناکر سپید پھول تلک تنبول تیرہ چراغ تیرہ دہجا جنوب کی جانب گاون کے باہر اوتارا کرے پھر شانت کے پانی سے نہلاوے اور گوکل نیم کے پتے گاے کا سینگ سرسون اور گھی کی دھونی دے +

اوتارے کا منتر

اونگ نمو راونایے ہن ہن سوا ہا چوتھے دن برہمن کو کھلاوے تو لڑکے کو آرام ہو +

دسوین دن دسوین مہینے دسوین برس کریا نامے ماترکا راون کی بہن لڑکون کو تکلیف دیتی ہے اوسکی علامتین اور علاج +

بخار ہو بدن مین رعشہ ہو روووے اور پاخانہ اور پیشاب کردے اوسکا اوتارا =

دریا کے دونون کنارون کی مٹی کا پتلا بناوے پھر تلک تنبول - سرخ پھول - سرخ صندل پانچ پوجا پانچ چراغ - پانچ پوے - گوشت - شراب - بائب کونے مین رکھدے اور کوے کی بیٹ گاے کا سینگ - بی کے روئین - نیم کے پتے اور گھی کی دھونی دے +

اوتارے کا منتر

اونگ نمو راونایے پرنت بتسایے منج منج سوا ہا - چوتھے دن برہمنون کو کھلاوی تو لڑکا اچھا ہو گیارہوین دن گیارہوین مہینے گیارہوین سال پیلکا راون کی بہن تکلیف دیتی ہے اوسکے فساد کی علامتین اور علاج +

اوسکے آرام ہونیکے لیے بل

آرد گندم کا پتلا بناوے اور پتلے کے منہ مین دودہ کی دھاروے پھر سرخ صندل اور زرد پھول خوشبو - تنبول - سات چراغ - آٹھ ہری مالا - پوے - گوشت - شراب - مشرق مین اوتارا رکھے پھر شانت کے پانی سے نہلاوے پھر شیو جی کا نرمال - گوگل اور گاے کا سینگ سانپ کی کینچل اور گھی کی دھونی دے +

اوتارے کا منتر

اونگ نمو راونایے منج منج ہن ہن سوا ہا - چوتھے دن برہمنون کو کھانا کھلاوے تو لڑکا آرام پاوے +

بارہوین دن بارہوین مہینے بارہوین سال کا مکانامے ماترکا راون کی بہن لڑکون کو تکلیف دے اور اسکے فساد کی علامتین اور علاج -

تپ ہو ہنسے ہاتھ سے دور کرے اور بہت پکارے اور دم بہت چلے +

اوسکے اوتارنیکا طریقہ

ماویکا پتلا بناوے پھر خوشبو - تنبول - سپید پھول - دہجا - سات مالپوے کا بل دے پھر شانت کے پانی سے نہلاوے پھر شیو نرمال گوگل سرسون اور گھی کی دھونی دے +

اوتارے کا منتر

اونگ نمو راونلے منج منج ہن ہن سوا ہا۔ چوتھے دن برہمن کو کھانا کھلاوے تو لڑکے کو آرام ہو۔ یہ راون کا بنایا ہوا کمار تنتر چکوت مین لکھا ہے +

بادی بیماریون کی پیدایش علامت اور علاج

دایہ کے بھاری اور سخت کھانا کھانے سے اور اوسکے بادصفرا کے آہارون سے لڑکے کے بدن مین خلط مفسد ہوتے ہین اور ایسے ہی بدپرہیزی کے کھانا کھانے سے دایہ کی بستان مین پہونچکر دودہ کے ذریعہ سے بادی بیماریان ہوتی ہین تب وہ لڑکا کمزور ہوجاوے اور اوسکا منہ سپید ہو بدن دبلا ہوجاوے اور پاخانہ اور پیشاب مشکل سے اوترے اور اور بھی بادی بیماریان پیدا ہوتی ہین ایسے ہی لڑکا صفرا سے خراب دودہ پیے تو لڑکے کے صفرا کی بیماری پیدا ہو۔ اوس لڑکے کے پسینا آوے موادرقیق ہو بدن زرد پڑجاوے تشنگی زیادہ ہو۔ بدن گرم رہے اور اور بھی صفرادی بیماریان ہون اور منہ سے لعاب بہت گرے نیند بہت آوے سردی زیادہ رہے بدن سن ہوجاوے آنکھین منہ اور کل بدن بھاری رہے اور تپ وغیرہ بیماریان جو بڑے آدمیون کو ہوتی ہین وہی لڑکے کے ہون اور جو تالک اور کنٹک بیماریان شیر خوار بچہ کو ہوتی ہین وہ بڑون کو نہین ہوتین +

تالک کنٹک کی علامتین

تالو کے گوشت مین بچے کے بلغم مفسد ہو تب اوسکے تالو مین کانٹے پڑجاوین اور اوس کا تالو بیٹھ جاوے اور تالو کے بیٹھنے کے سبب دودہ نہ پیے موادرقیق ہو تشنگی ہو آنکھون مین درد پیدا ہو اور گلے اور منہ مین درد ہو بلرنہ اوٹھے اور تے کرے +

مہاپدم روگ کی پیدایش علامت اور علاج

لڑکے کے سر مین اور مقعد مین بیماری پیدا ہو اور باد پیدا ہو اور کنول کے رنگ کے مانند اوسکا رنگ ہو وہ تینون خلطون کے فساد سے ہوتا ہے پہلے وہ بیماریان کنپٹیون سے

سینے مین آوین پھر سینے سے مقعد مین آوین اور ایسے ہی پیڑو سے مقعد مین جاوین اور مقعد سے پھر سینے مین جاوین اور سینے سے مرین +

کلکون کی بیماریکی علامتین

کلکون بیماری خراب دودھ کے پینے سے لڑکے کے ہوتی ہے اوسمین آنکھین دکھین اور خارش ہو اور بار بار آنسو بہت گرین اور وہ لڑکا پیشانی آنکھ ناک کو کھجاہی کرے اور دھوپ کی طرف نہ دیکھے اور آنکھ نہ کھلے اوسکو کلونک بیماری بولتے ہین +

تنڈگد اپاک کی علامتین

بچے کی مقعد پک جاوے اور اوسکی ناف مین درد ہو اوسکو تنڈ پاک کہتے ہین +

اہی پوتنا بیماری کی علامتین

لڑکے کی مقعد پاخانہ اور پیشاب سے پکی رہا کرے یا دھووے یا کپڑے سے پونچھے ہوا لگے تب کھجلی ہو اور مقعد سرخ رہے اور وہ لڑکا مقعد کو کھجلا دے تو اوسمین پھوڑے پیدا ہون اور اوسکی مقعد مین سے پانی سا جھڑا کرے اوس سے اوسکی مقعد مین خوفناک زخم پڑجاوین اوسکو اہی پوتنا بولتے ہین +

اج گلی بیماریکی علامتین

جسکے بدن مین چکنی اور سرخ رنگ کی مونگ کے برابر بہت سی پھنسیان ہوجاوین اور اونمین درد نہو وہ بلغم سے پیدا ہوتی ہین اونکو اج گلکا بیماری بولتے ہین +

پارگربھک بیماریکی علامتین

جو لڑکا حاملہ عورت کا دودھ پیے تو اوسکے کھانسی آوے اور معدہ ضعیف ہوجاوے اور بدن مین جلن اور غنودگی ہو اور کمزور ہوجاوے کسی چیز کی رغبت نرہے چکر آوین اور اوسکا شکم شبہ بجاوے اوسکو پارگربھک بولتے ہین +

لڑکے کے دانتون کی بیماریونکی علامتین

لڑکے کے دانت نکلنے کے وقت بخار ہو۔ دست آوین۔ کھانسی آوے تے ہوسر اور آنکھین درد کرین۔ رتوا ہو۔ یہ علامتین دانتونکی بیماریون کی جانو +

لڑکون کی بیماریون کا علاج

جو بڑے آدمیون کو بیماریان ہون وہی لڑکون کو ہوتی ہین جو علاج بڑے آدمیونکا کرے وہی بچون کا بھی کرنا چاہیے اور لڑکون کو ایک برس تک ایک رتی کے برابر دوا دینی چاہیے اور دوسرے برس ایک ماشہ یقاعدہ ہے اور لڑکا جہان ہاتھ لگاکر روے وہان بیماریان جانو۔ اور اوسکا علاج کرنا چاہیے +

لڑکے کے زیادہ بخار کا علاج

ناگرموتھ۔ پوست ہلیلہ۔ پوست نیم اور پٹول کا کاڑھا کرکے اسمین شہد ڈالکر لڑکے کو پلاوے تو لڑکے کا سب قسم کا بخار دور ہو یہ سب قسم کے بخارونکی دوا ہے اور اسکا نام مہدرتاد کواتھ ہے

لڑکے کے جوراتیسار کا علاج

ناگرموتھ۔ منیسل۔ اتیس۔ کاکراسنگی۔ انکا چورن شہد سے لڑکے کو چٹاوے تو لڑکے کی تپ اور اسہال دور ہو +

لڑکے کے اتیسار یعنے پیت آنیکا علاج

مغز بیل۔ دھوئی کے پھول نیتر بالا لودہ۔ کچ بیل۔ انکے کاڑھے مین شہد ڈالکر دے تو لڑکے کا اتیسار یعنے اسہال دور ہو +

لڑکے کے خوفناک اتیسار کا اور علاج

بیٹھہ دھوئی کے پھول لودہ سفید سرسون انکا کاڑھا شہد اور مصری ڈالکر دے تو لڑکے کا خوفناک بھی اتیسار دور ہو +

لڑکے کے آنو کے اتیسار کا علاج

بای برنگ - اجمود - پیپل - انکو باریک پیس چانول کے پانی سے دے تو آنو کا اتیسار دور ہو - اسکا نام پرنگادی کواتھ ہے +

لڑکے کے رکتا اتیسار کی علامتین

موچرس - اتیس - دھوئے کے پھول اور کنول کے پھولون کو باریک پیس سانٹی سنگ چانول کے مانڑمین دے تو رکتا اتیسار دور ہو +

لڑکے کے سب قسم کے اتیسار کا علاج

زنجبیل - اتیس - ناگر موتھ - نیتر بالا - اور اندرجو کا کاڑھا دے تو لڑکے کے سب قسم کا اتیسار دور ہو +

لڑکے کے موڑھا بناہی کا علاج

چانول کی کھیل - ملٹی - مہوا - انکو باریک پیس مصری اور شہد مین چاٹے تو لڑکے کی موڑا بناہی دور ہو +

لڑکون کی سنگرہنی کا علاج

ہلدی - چب دیودار - کٹیلی - گج پیپل - پرشٹ پرنی - سونف - انکو باریک پیس شہد اور گھی سے چاٹے تو سنگرہنی اور یرقان کے جور اتیسار کو دور کرے اسکا نام رجنیاد کواتھ ہے +

لڑکے کی کھانسی کا علاج

ناگر موتھ - اتیس - اڑوسہ - پیپل - کاکڑاسنگی - انکو باریک پیس شہد کے ساتھ چٹاوے تو لڑکے کی پانچ قسم کی کھانسی اور دمہ دور ہون +

کھانسی کا اور علاج

کٹیلی کے پھول نکی کیسر کو شہد سے چٹاوے تو لڑکے کی کھانسی دور ہو +

کھانسی اور دمے کا علاج

منکا دا کھجہ - ارڈوسہ - پوست ہلیلہ - پیپل - انکو باریک پیس شہد اور گھی کے ساتھ چٹاوے تو لڑکے کی سے اور ہچکی دور ہو +

لڑکے کی سے کا علاج

آنب کی گٹھلی - چانول کی کھیل - سیندہا نمک انکو باریک پیس شہد سے چٹاوے تو لڑکے کی سے دور ہو +

لڑکے کے دودہ گرانیکا علاج

کٹیلی کے پھل کا رس - پیپل - پیلا مول - چب - چترک - زنجبیل ان کو باریک پیس شہد اور گھی سے چٹاوے تو لڑکے کی سے دور ہو +

لڑکے کے پیٹ مین اپھار ہوا اور سول چلی اوسکا علاج

سیندہا نمک - زنجبیل - الایچی - بھنی ہوئی ہینگ - بھارنگی - انکو باریک پیس گرم کرکے پانی سے کھاوے تو لڑکے کا اپھار اور سول دور ہو +

لڑکے کا پیشاب بند ہوگیا ہوا وسکا علاج

پیپل - مرچ - چھوٹی الایچی - سیندہا نمک انکو باریک پیس مصری اور شہد سے چٹاوے تو پیشاب اچھی طرح سے اوترے +

لڑکے کے لعاب بہت گرے اوسکا علاج

سفید سرسون - تل لوده - انکا کاڑہا کر شہد ڈالکر لڑکے کو پلاوے تو لڑکے کا لعاب گرنا بند ہو +

لڑکے کے منہ مین چھالی پڑ گئی ہون اوسکا علاج

پیپل کا پوست اور اوسکے پتے انکو باریک پیس شہد مین ملاکر چٹاوے تو لڑکے کے منہ کے چھالے اچھے ہون +

لڑکے کی ناف مین ورم ہوا وسکا علاج

زرد مٹی کو آگ سے سرخ کرکے دودہ سے بجھاوے تو سوجن اچھی ہو +

لڑکے کی ناف پک گئی ہوا وسکا علاج

زرد چوب - لودہ پرنگ کے پھول انکو شہد سے باریک پیس ناف پر لیپ کرے تو آرام ہو +

لڑکے کی مقعد پک گئی ہوا وسکا علاج

رسوت کو پانی مین باریک پیس لڑکے کی مقعد مین لیپ کرے تو مقعد پکنا بند ہو - یا سنکھ مٹی رسوت ان تینون کو باریک پیس کر لگاوے تو آرام ہو +

لڑکے کے دانت دوہری نکلین اوسکا علاج

دہوئی کے پھول اور پیپل کو آملہ کے رس مین لڑکے کے منہ مین لگاوے تو دانت اچھی طرح نکلین اور لاکشا دتیل سے لڑکے کا بخار وغیرہ جاوے +

باب بست ودوم

دربیان قوت باہ اور علاج مخنث کے بیان مین باجی کرن وغیرہ لکھتے ہین

باجی کرن وغیرہ اوسکو کہتے ہین کہ جو آدمی دیکھنے مین فربہ اور طاقت ور نظر آوے اور وہ مخنث ہو اور عورت کے کام کا نہو وہ سات قسم کا ہوتا ہے - ایک یہ کہ عورت سے جماع کی خواہش تو ہو مگر اوس سے مباشرت نہو سکے اس سبب سے استادگی نہوا وسکو نپنسک بولتے ہین - اوسکا سبب لکھا جاتا ہے - کڑوئی - کھٹی - گرم چیزون کے بہت کھانے سے باہ زائل ہو جاوے - یا رنج سے یا غصہ وغیرہ سے منی زائل ہو یا لڑکا - عورت - رو یہ کے نقصان سے باہ ضعیف ہو - یا ماتہ کی کسیطرح آلت مین چوٹ لگنے سے آلت کی نس ماری جاوے اوس سے اور بہت رُک کے رہنے سے مخنث ہو جاوے - اور اَور بھی سبب ہین +

باہ کے زائل ہونے کا علاج

شیرین اور طرح طرح کی لذت دار چیزون کے کھانے سے یا نہایت خوبصورت عورت کی صحبت سے یا نہایت خوبصورت عورت جسکی آواز بہت پیاری لگے - یا تنبول اور عمدہ عرق کے پینے اور پھلواری اور باغون کے رہنے اور طاقت کی دوا دودہ مصری کے پڑے ہوے مرگانک اور چندر رودے وغیرہ ساتون رہات - وہی سکھرن ماش یہ سب چیزین باہ کی ضعیفی کو دور کرتی ہین اور امرس کے کھانے سے اور بھیم سینی کا فور اور کستوری پڑے ہوے پان کے بیڑے سے اور اور چیزون سے بھی باہ کی ضعیفی دور ہوتی ہے +

گوکھرادچورن

گوکھرو - تال مکھانہ - اسگندہ - چھتاور - سپید موسلی - کونچ کے بیج - ملٹی - کھریٹی کے بیج گنگیرن کا پوست یہ سب برابر لے انکو باریک پیس اسمین اندازے مصری ملاکر دودہ کے ساتھ پانچ درم ہر روز رات کو کھاوے اور پرہیز سے رہے تو ضعیفی دور ہو +

سپاری پاک

سپاری آدہ سیر لیکر دودن تک پانی مین بھگو رکھے پھر انکو باریک کترکر سکھالے پھر اسکا چورن کرے اور کپڑ چھان کر دودہ مین مخلوط کرکے اٹھ گنے دودہ مین ملا کرلے پھر اٹھ گنی مصری کی چاشنی بناکر اوسمین سپاری کا ملا ڈالے اور یہ دوا اسمین ملاوے - الائچی کھریٹی پوست گنگیرن - جاپھل - لونگ - جاوتری - پتنج - زنجبیل - چھتاور - موسلی - تخم کونچ بداری قند - گوکھرو یہ سب دوا چار چار تولہ بھرلے یا بیدا اپنی عقل کے موافق ڈالے اور مرگانک چندر رودے بنگ سارا برک خوشبودار چیزین اور میوہ اپنی سمجھ سے اسمین ڈالے پھر دو تولہ کا لڈو بناوے اور ایک لڈو ہر روز کھاوے اور پرہیز سے رہے تو ضرور ہی ضعیفی دور ہو اسکا نام رت بلبھ پاگ بھی ہے +

امرپاک

سپکے ہوے میٹھے آمونکا رس ۱۶ بار اور اوسمین ۴ بار مصری ڈالے اور گھی اینٹ ڈالکر مٹی کے برتن مین پکاکر گاڑہا کرکے مثل چاشنی کے کرے اور چاندی کے برتن مین رکھے اور اسمین مذکورۂ ذیل دوا ڈالے - مربجبیل سولہ تولہ - فلفل سولہ تولہ - پیپل چار تولہ - کشنیز چار تولہ زیرہ دو تولہ - چترک دو تولہ - پترج دو تولہ - دارچینی دو تولہ - ناگ کیسر دو تولہ - کیسر ۲ تولہ الایچی دو تولہ - لونگ دو تولہ - جایپھل دو تولہ - کستوری چار ماشہ - بہیم سینی کافور دو تولہ - شہد پاو اثار - پھر ان سبکو خوب مخلوط کرا مرتبان مین بھر رکھے اور اوسمین سے دو تولہ ہر روز کھاوے تو ضعف باہ دور ہو - اور باہ کی کثرت ہو اور سنگر ہنی - چھپی دمہ - نفرت - اہل پت - رکت پت - پانڈرروگ وغیرہ کو یہ پاگ دفع کرتا ہے +

جلق وغیرہ کسیطرحسے مخنث ہوجاے اوسکا علاج

دیسی گوکھرو کا چورن پانچ درم شہد پانچ درم ملاکر بکری کے دودہ کے ساتھ دو مہینے تک کھاوے تو ضعف باہ دور ہو +

چندن آدی تیل

صندل سرخ - تنبگ - اگر - دیودار - چیڑ کی لکڑی - پدماک - کافور - کستوری - کیسر - جایپھل - جاوتری - لونگ - دونون الایچی - کنکول - تج - دارچینی - پترج - ناگ کیسر - نیتر بلا خس - چھڑ - دارہلدی - موربہ - کچور - ناگرموتھ - سہاگہ - پرینگ کے پھول - لوبان گوگل - لاکھ - نکھ - رائی - دہوئی کے پھول - کسم کے پھول - پیلا موں - مجیٹھ - تگر - موم - یہ سب دوا چار چار ماشہ لے اور انکا نرم آنچ سے کاڑہا کرے کہ انکا چوتھا حصہ رہجاے پھر اسمین میٹھا تیل پاو اثار ڈالے اور پھر نرم آگ مین پکاوے جب کاڑھے کا رس خشک ہوجاوے اور تیل باقی رہجاوے تب چھان کر برتن مین بھر رکھے اور اسکی بدن مین مالش کرے تو بوڑہا آدمی بھی جوان ہوجاوے اور بدنکی سب بیماریان دور ہون +

بانزی گنگا

تخم کونچ یا وا تار - اسکو یا وا تار گاے کے دودہ مین نرم آنچ مین پکاوے پھر انکا پوست دور کرے اور اسکو خوب پیسکر دودہ مین ڈالدے اور چھوٹے چھوٹے اسکے بڑے کرکے گاے کے گھی مین تلے پھر اس سے دونی مصری کی چاشنی کرکے بڑون کو پاگے پھر ان بڑون کو شہد مین ڈالے اور انمین سے بقدر دو درم ملاناغہ دو مہینے تک کھاوے تو باہ کی ضعیفی دور ہو - اور جماع مین منی دیر سے انزال ہو

ضعف باہ کے درد ہونیکا علاج

عاقرقرحا - زنجبیل - لونگ کیسر - پیپل - جایپھل - جاوتری - سپید صندل یہ سب دوا اچھ چھ ماشے لے اور افیون دو تولے پھر ان سبکو شہد مین باریک پیس ماش کے دانے کے برابر گولیان بناوے ایک گولی رات کیوقت ہر روز کھاوے اور اوپر سے دودہ پیے تو دیر سے منی انزال ہو - اور ضعف باہ دور ہو - اور بہت عورتون سے جماع کرے یا بداری قند کو پیسکر گیلے بداری قند کے رس کی اکیس بھبن دے اور سکھاتا جاوے پھر اسمین مصری شہد اور گھی ملاکر ہر روز بقدر دو درم کھاوے یا چار ماشہ کھاوے اور اوسکے اوپر عمدہ دودہ پیے تو بوڑھا آدمی بھی جوان ہو جاوے یہ برند مین لکھا ہے یا آملون کو پیسکر گیلے آملون کے رس کی اکیس بھبن دے کر سکھالے اور اس چورن کو گھی اور مصری سے کھاوے تو ضعف باہ کی بیماری دور ہو یہ بیکروت مین لکھا ہے

مدن منجری گنگا

زنجبیل - فلفل - پیپل - ان تینون کے چار حصے کرے پارہ کا ایک حصہ اور بنگ یعنے رانگے کے کشتہ کے دو حصے کرکے ان سبکی برابر چھتاور - تیج - پترج - ناگ کیسر - جایپھل - مرچ - پیپل زنجبیل - لونگ - جاوتری - ان سبکے دو حصے پھر ان سبکو باریک پیس مصری شہد اور گھی مین پانچ پانچ درم کی گولیان بناوے اور ایک گولی ہر روز کھاوے اور اوپر سے دودہ پیے تو بوڑھا بھی جوان ہو یہ مدن منجری گنگا جوگ ترنگنی مین لکھا ہے - یا افیون پدہ یہ برابر دونون کو دھتورے کے بیجون کے تیل مین تین دن کھرل کرے پھر مصری اور بھنگ برابر ملاکر

ایک رتی کھاوے اور اوپر سے دودہ پیے تو دیر سے انزال ہو۔ اور ضعف باہ دور ہو۔
یہ سارسنگرہ مین لکھا ہے۔ یا عاقرقرحا۔ جایپل۔ لونگ۔ زنجبیل۔ کیسر۔ پیپل۔ کستوری
بھیم سینی کافور۔ ابرک۔ ان سبکے برابر افیون لے پھر ان سبکو باریک پیس مونگ کے برابر
گولیان بناوے اور ایک گولی کھاوے تو دیر مین انزال ہو۔ یہ دوا بہت امساک پیدا کرتی ہے +

لنگا رجن بگڑکا

چینا کافور سہاگا۔ پارہ یہ سب برابر لے اگست کے رس مین اور شہد مین ایک دن کھرل کرے
اور آلت پر لیپ کرے پہر بھر رکھے پھر دہو کر عورت سے جماع کرے تو دیر مین انزال ہو +

عضو تناسل پر ضد کرنیکی دوائین

سپید کنیر کی جڑکا پوست۔ عاقرقرحا۔ اجمود۔ سیاہ دھتورے کے بیج۔ جایپل۔ ان سبکو
پانی سے باریک پیسکر کالی مرچ کے برابر گولیان بناوے اور ایک گولی آدمی کے بول سے گھسکر
آلت پر لیپ کرے تو باہ کی ضعیفی دور ہو اور دیر سے منزل ہو۔ یا سور کے تیل اور شہد کو
کھرل مین گھسکر ایک مہینے تک آلت پر لیپ کرے تو آلت کی سب بیماریان دور ہون۔
یا سپید کنیر کے پوست کو دودہ مین جاکر گھی نکالے پھر اس گھی مین مہوہرا۔ جایپل۔ جمال گوٹہ
اخراد کے موافق ملاکر آلت کے اوپر سات دن لیپ کرے اور اوپر پان باندہکر جماع ترک کرے
تو باہ کی ضعیفی دور ہو +

باب بست وسوم

قوت کی دواؤنکے بیان مین

مرگانگ بنانیکی ترکیب

سونیکا پتلا ورق کراکر گرم تیل اور کانجی اور مٹھے اور تر پھلے اور گائے کے پیشاب اور کلتھ کے
کاڑھے مین دو دو بار بجھاوے پھر سونے سے دونا پارہ لے اور سونے کے ورق کو کھٹائی کے
ساتھ کھرل کرے پھر اوسکا گولا بناکر اون دونون کے برابر آنولہ سار گندک اوس گولے کے

نیچے اوپر دے اور کٹوری مین رکھکر اسکے کپڑمٹی دے اور گجپٹ مین پھونک دے اسطرح اسمین تین پٹین دے تو یہ عمدہ مرگانگ ہوتا ہے یا سونیکا عمدہ ورق لیکر اوسمین اوسکا سولہوان حصہ سیسہ ڈالے ان دونون کو کھٹائی سے کھرل کرے پھر اسکے نیچے اوپر گندھک مصفا اسکی برابر دے اور کٹوری مین رکھ اوسکو کپڑمٹی کر گجپٹ مین پھونک دے اسطرح سات پٹین دے تو مرگانگ عمدہ بنے یا سونیکا ورق منگا کر اسکی برابر کھٹائی سے کھرل مین پارہ چڑہا دے پھر اسمین کچنار کے رس کی ایک پٹ دے پھر اس مین اگن چمالے کی رس کی تین پٹین دے پھر اسمین سونے کا چوتھا حصہ موتی ڈالکر کھرل کرے پھر اوس مین سبکی برابر صاف کی ہوئی گندھک ڈالے پھر دو دن کھرل کر کے اسکا گولا سروے مین رکھکر کپڑمٹی کر گجپٹ مین پھونک دے جب ٹھنڈا ہوجاوے تو عمدہ مرگانگ بنے +

مرگانگ کے کھانیکا طریقہ

ایک رتی مرگانگ لیکر اوسمین ڈہائی درم شہد اور ایک پیپل ملاکر کھاوے تو کھانسی دمہ چھٹی - نفرت وغیرہ سب بیماریون کو دور کرے دو مہینے تک کھاوے تو بدن مین تانگی لاوے پرہیز سے رہے اور کھٹائی وغیرہ نہ کھاوے +

روپ رس یعنی چاندی کے کشتے کا طریقہ

ورق نقرہ تین حصہ - ہرتال کا ورق ایک حصہ پھر ان دونون کو کھٹائی سے کھرل کرے پھر انکا گولا بناکر اور کٹوری مین رکھ گجپٹ مین پھونک دے اسیطرح چودہ پٹین دے تو روپ رس بہت عمدہ بنے اور ایک رتی ہر روز کھاوے تو بہت ہی فائدہ کرے یا چاندی کے ورقون کے نیچے اوپر روپا مکھی برابر کر کے رکھے اور سروے کے سمپٹ مین پھونک دے تو روپ رس عمدہ ہو ایک رتی ایک مہینے تک کھاوے تو بہت فائدہ کرے +

تامیشر یعنے تانبے کے کشتہ بنانے کی ترکیب

عمدہ تانبے کا گھرا ورق بنواکر تیل مٹھے اور ترپھلے کے رس مین سات مرتبہ صاف کرے

پھر ان پتروں کے برابر روپا ماکھی باریک پیس اوپر اور نیچے کر دے اور سرو مین سمپٹ کر گچپٹ مین پھونک دے تو عمدہ تامیشر بنے اور ایک رتی ہر روز مہینے بھر تک کھاوے تو دمہ۔ کھانسی وغیرہ سب بیماریان دفع ہون اور بہت فائدہ کرے +

۱۰ گیسر یعنے سیسے کی کشتے کی ترکیب

سیسے کو گلا کر تیل مین مٹھے مین گائے کے پیشاب مین کانجی مین ترپھلے کے پانی مین آک کے دودھ مین سات بار بجھاوے پھر کر چھلی مین رکھکر چولھے پر چڑہا کر نیچے آگ جلاوے پھر سیسے کے اوپر پیپل کے چھوترے کا اور املی کے چھوترے کا چورن سیسے سے چوتھائی لے اور اوس سیسے کے اوپر تھوڑا تھوڑا ڈالتا جاوے اور لوہے کی کرچھی کے پیندی سے اوسے ایک دن برابر رگڑتا جاوے پھر اس طریق سے اوس گچپٹ مین پھونک دے پھر اسی طرح جمیری کے رس کی دس پٹین دے پھر تنبول کے پتون کے رس کی دس پٹین دے پھر سیسے کے برابر منسیل لیکر کانجی سے کھرل کرے پھر ٹکلی باندھکر سروے مین رکھ گچپٹ مین پھونک دے اور جب ٹھنڈا ہو جاوے تو نکالے اسیطرح ساٹھ پٹین دے تو نا کیشر عمدہ بنے اور بہت فائدہ کرے اور سب بیماریون کو دفع کرے اور ایک رتی ہر روز کھاوے +

دوسری ترکیب

سیسے کو صاف کر کے کرچھلی مین چڑہاوے اور نیچے اوپر آگ جلا کر کیوڑے کے گھوڑے سے برابر رگڑتا جاوے جب راکھ سرخ ہو ایک رتی کھاوے اور اکیس ۲۱ دن استعمال کرے تو بہت فائدہ پہونچاوے +

بنگیشر یعنے رانگے کا کشتہ بنانے کی ترکیب

رانگے کو گلا کر تیل مین مٹھے مین گائے کے پیشاب مین کانجی مین ترپھلے کے پانی مین سات بار بجھاوے پھر کر چھلی مین رکھکر اور چولھے پر چڑہا کر رانگے سے چوتھائی پیپل کا چھوترہ اور چوتھائی املی کا چھوترہ انکو باریک پیسکر رانگے کے اوپر ڈالتا جاوے اور کرچھی کے

پیندے سے دو پہر تک رگڑتا جاوے تب وہ رانگا راکھہ ہو جاوے پھر رانگے کے برابر ہرتال لے
اور کھٹائی سے کھرل کرے اور گچپٹ مین پھونک دے اسیطرح دس پٹین دے تب بنگیشر
عمدہ ہو جاوے اور بہت فائدہ کرے اور ایک رتی کھاوے۔ یا رانگا پاوتار اور اوسکے
برابر پارہ لے انکو خوب مخلوط کرکے تیر بناوے پھر ایک بڑا آوپالے اوسمین کیلے کا چورن
پاوتار بچھاکر اوسکے اوپر رانگے کا ٹکڑا رکھے پھر اوسکے اوپر کیلے کا چورن رکھکر آس پاس
اوپلے رکھے اور جہان ہوا نہو وہان پھونک دے تو اوس رانگے کی کھیلین ہو جاوین۔
یہ بہت فائدہ کرتا ہے +

سار کی ترکیب

گج بیل کے لوہے کا چورن کراکر اوسی تیل مین مٹھے مین کلے کے پیشاب مین کانجی مین سات مرتبہ
بجھاوے پھر چھیلر کے رس مین کھرل کرے اور گچپٹ مین پھونک دے پھر گوار کے پتے
کی تین پٹین دے پھر آک کے دودہ کی سات پٹین دے اور تھوہر کے دودہ کی سات پٹین
دے اور ترپھلے کے رس کی سات پٹین دے اور ڈوڈا کے پتے کے رس کی سات پٹین دے
اسیطرح پٹین دے دیکر راکھ کرلے اور تیر کے اوپر پیسے جب تک وہ پانی اوپر نہ تیرے تب تک
راکھ کرے تو بہت فائدہ کرے یا گجبیل کے چورن مین لیمو کے رس کی اور نوسادر کی اکیس
پٹین دے اور گچپٹ مین پھونکتا جاوے اور بہت عمدہ سار ہو اور بہت فائدہ کرے اور
ایک رتی ہر روز کھاوے تو سب بیماریان دور ہون +

دہات اور پدہات کے مارنیکا طریقہ

سونامکھی اور روپامکھی۔ ابرک۔ منسل۔ ہرتال۔ پارہ۔ کھپریا۔ سرمہ۔

سونامکھی کے سودھنے یعنی صاف کرنیکا طریقہ

سونامکھی تین حصہ۔ سیندہا نمک ایک حصہ ان دونون کو لوہے کی کرچھلی مین رکھکر بیجورے
رس مین اور جمیری کے رس مین جانتک لوہیکے تیر سرخ ہو جاوین تب تک پکاوے تو سونامکھی صاف ہے

سونا ماکھی کے مارنیکا طریقہ

سونا ماکھی کو کلتھے کے کاڑہے مین سکورے مین رکھہ گھیٹ مین پھونک دے یا تیل مین پیسکر گھیٹ دے یا مٹھے مین پیسکر گھیٹ دے یا بکری کے دودہ مین پیسکر گھیٹ دے تو سونا ماکھی کشتہ ہوا اور بقدر ایک رتی کھاوے تو فائدہ بخشے +

ابرک کے صاف کرنے اور مارنے کا طریقہ

کالے بھوڈل کو لے اور اگ مین پکاکر دودہ مین بجھاوے یا چولائی کے رس مین بجھاوے یا کھٹائی مین بجھاوے تب ابرک صاف ہو پھر ابرک کے صفحہ علیحدہ علیحدہ تیر کے اونکو کوٹ پیسکر سکھاوے پھر اونکو کمل مین رکھہ اور اوسمین سات ملاکر ابرک کو مع سات کے بار بار سکھاکر باریک کمل سے پانی کر علیحدہ علیحدہ برتنون مین باہر نکالے تب اوسکا نام دھانیہ ابرک ہوجاوے پھر اس ابرک کو آک کے دودہ مین کھرل کر کے اسکی ٹکی باندہے پھر سکھاکر آک کے پانی مین لپیٹ کپڑمٹی دے اور بغیر پیالے کے گھیٹ مین پھونک دے اور اسیطرح تھوہر کے دودہ کی سات پٹین دے اور پھر اسیطرح گوار کے پٹھے کی سات پٹین دے اور چولائی کے رس کی بھی سات پٹین دے یا ناگر موتھ کے کاڑہے کی یا کانجی اور چرک کے کاڑہے کی یا جمیری کی یا ترپھلے کی یا گاے کے پیشاب کی سات سات پٹین دے تو ابرک بہت عمدہ ہے اور یہ ابرک بلاناغہ دو مہینے تک کھاوے تو جریان وغیرہ سب بیماریان دور ہون اور بدن مین بہت تازگی لاوے اور باہ کی ضعیفی دور ہو +

ابرک کے کشتہ کی دوسری ترکیب

سپید بھوڈل کے برابر قند سیاہ لے اوس کو پانی مین گھولے پھر بھوڈل کے پتونکا گھرا گھرا لیپ کرے اور اون پتون پر شورہ چھڑکتا جاوے شورہ بھوڈل سے آدھا لے اور بھوڈل کیطرح کرتا جاوے اور بھوڈل کی تہ کو اوپلون سے پھونک دے وہ بھوڈل کھل جاوین جو بہت سپید نہو تو بھی فائدہ کرے اور ایک رتی اسکی معتاد ہے +

ہرتال کے صاف کرنیکی ترکیب

زرد ہرتال کے تیر نوا کر اوسکی پوٹلی باندہ ہانڈی مین کانجی بھر کر دولا آگہ مین ایک پہر تک پکاوے پھر چونے کی کلی کے پانی مین پوٹلی کر کے دولا آگہ سے چار پہر پکاوے اسیطرح ہرتال کو پکاوے تو ہرتال مصفا ہو +

ہرتال کے مارنیکی ترکیب

ہرتال مصفا کو کھرل مین باریک پیس دودہ کے رس مین دودن کھرل کرے پھر اسکا گولا بنا کر سایے مین سکھاوے پھر چھیلے کی راکھ کو ہانڈی مین دبا دبا کر بھرے اوسکے بیچمین اس ہرتال کے گولے کو رکھے پھر منڈیا کو چولھے پر چڑہا کر نیچے تین دن تک ترتیب سے اعلا اوسط ادنے آتش جلاوے اور اوسکا دھوان نہ نکلنے دے اور جو دھوان نکلے تو اوس دھوئین کو چھیلے کی راکھ سے بند کرتا جاوے جب بنکر ٹھنڈا ہو جاوے تو اوس ہرتال کو منڈیا سے نکالے تب یہ ہرتال عمدہ ہو ایک رتی کی اسکی مقدار ہے اسکے کھانے سے سب بیماریان دور ہون اور بھوکھ بہت بڑہاتا ہے - دوسری ترکیب پہلے اسی طرح صاف کرے پھر اس ہرتال کو گوار کے پٹھے کے رس مین تین دن کھرل کرے پھر چولھے پر چڑہا کر چار پہر تک آگ مین جلاوے جب بنکر ٹھنڈا ہو جاوے تو نکالے وہ ہرتال وزن مین پورا اوترے اور بغیر دھوئین کے ہوا وسکو پان کے رس مین کھاوے تو یہ کوڑہ کو دور کرتا ہے اور جب اسکا استعمال کرے تو غذا مین موٹی چنے کی روٹی بغیر نمک کی کھاے تو کوڑہ دور ہو

چندر رودے رس کے بنانیکی ترکیب

سونیکا عمدہ ورق دو تولہ اور پارہ مصفا سولہ تولہ یا شنگرف کا بارہ سولہ تولہ آنولا سار گندھک سولہ تولہ ان تینون کو کھرل مین ڈالکر نادون بن یعنے نرمے کے پھولون کے رس مین تین دن کھرل کرے پھر گوار کے پٹھے کے رس مین تین دن کھرل کرے پھر اسکو سکھا کر کانچ کے آتشی شیشے مین کبڑمٹی دے پھر اسکو سکھا کر اس شیشے مین یہ دوامع سونے کے ورق کے بھرے

پھر شیشے کا منہ باندہ دے اور بالکا جنتر مین چولھے پر چڑہا دے اور نیچے آگ جلا دے اور اونے اوسط اور اعلے آنچ دے اسیطرح تیس پہر آنچ دے پھر ٹھنڈا ہونے پر بالکا آکہ مین سے سیسے کو نکالے اور سیسے مین سے چندرودے کو نکالکر ڈبیا مین بھر رکھے اسکا رنگ مانند شنگرف سرخ ہو پھر اس مین سے بقدر ایک رتی کھاوے اور اس مین جا پھل بہیم سینی کا فوہ سمندر سوکھ لونگ - کستوری یہ سب چار ماشہ ملاکر ہر روز کھاوے تو بہت فائدہ کرے اور اوپر سے اوٹاکر مع مصری کے رغبت کے موافق رات کو دودہ پیے اور گوشت وغیرہ تازگی کی چیزین کھاوے اور کھٹائی نہ کھاوے تو بہت عورتون سے جماع کرے اور باہ کی ضعیفی کو یہ دور کرکے امساک پیدا کرتا ہے +

رس سیندور کی ترکیب

اسکا نام ہرگوری رس بھی ہے پہلے پارے کو صاف کرکے کھرل مین ڈال زرد چوب اور رینٹ اور دہوسہ اور لیموے کے رس مین تین دن کھرل کرے تب اسکی ساتون کیچل دودہون پھر تر پھلا - کانجی - چترک - گوار کے پتے - رنجبیل - مرچ - پیپل - ان مین تین دن کھرل کرے پھر لہسن کے رس مین تین دن کھرل کرے اور جمیری کے رس مین تین دن کھرل کرے پھر ہانڈی مین رکھکر دوسری ہانڈی کا منہ اوسمین ملاکر جوڑ دے پھر منہ کو بند کر چولہے پر چڑہا دے اور اوپر کی ہانڈی کی پیندی پر گیلا کپڑا رکھے اور نیچے آگ جلا دے تب وہ پارہ اوپر کی ہانڈی کے پیندے مین جا لگے تب پارے کو نکال لے یا شنگرف کا پارہ ترکیب سے نکال لے پھر اس پارے کو بانجہہ ککوڑے کے رس مین کھرل کرے پھر ہانڈی مین بانجہہ ککوڑے کا رس ڈالکر اس رس مین یہ چیزین اور ڈالے - سرپھوکا کی جڑ اور زمین قند کا رس اور بہانگرے کا رس - سامہر نمک - سیندہا نمک اور کانجی یہ سب چیزین ہانڈی مین ڈالکر پھر اس مین دولک جنتر کرکپڑے مین پارہ باندہکر چار پہر تک پکالے تب وہ پارہ عمدہ ہو - دوسری ترکیب - یا لیمون ایک ہزار کے رس مین رنجبیل - مرچ

پیپل - رائی - ساجی نمک - چترک - انگوزہ - یہ سب دواؤں کو ایک دن تک پارے مین اسکو کھرل کرے تب وہ پارہ صاف ہوجاوے پھر پارہ مصفا دس تولہ اور نوسادر اور آنولا سار گندھک مصفا دس تولہ - پھٹکری دو درم - پھر ان سبکو تین دن تک کھرل کرکے پھر آتشی شیشے کی سات کپڑمٹی دے اور اوس شیشے مین دوا بھرے پھر شیشے کا منہ بند کردے اور بالکا جنتر مین سیسے کو رکھکر اوسکو بھٹی کے اوپر چڑہاوے اور نیچے ترتیب سے ادنے اوسط اور تیز آگ جلاوے اسیطرح تینوں پہر کی آنچ دے پھر ٹھنڈے ہونے پر بالکا جنتر مین سیسے کو نکالے پھر سیسے مین سے اس سندور کو نکالکر ایک رتی پان کے ساتھ کھاوے اور پرہیز سے رہے تو سب بیماریون کو جدا جدا بدرقون سے یہ دور کرتا ہے اور بھوکھ بڑہاکر بدن مین تازگی لاتا ہے - یا شنگرف سے نکالا ہوا پارہ یا یہی پارہ مصفا اور آنولا سار گندھک ان دونون کو برابر لے اور انکو برگد کی جٹا کے رس مین تین دن تک کھرل کر پھر آتشی شیشے کو کپڑمٹی دے اوسمین یہ بھرے پھر سیسے کی انیٹ کو ڈالے اور بالکا جنتر مین سیسے کو رکھے پھر بالکا جنتر کو بھٹی پر چڑہاکر ترتیب سے اگلے پہر ادنے اوسط اور تیز آگ جلاوے جب ٹھنڈا ہوجاوے تو آلہ مین سے نکالکر اس سیسے مین سے نکالے اسکا رنگ مثل شنگرف ہوا اسکی ایک رتی معتاد اور پان مین کھاوے تو بہت فائدہ پہونچاوے اور سب بیماریون کو دفع کرے +

پارہ مارنے کی ترکیب

پارے کو کھرل مین ڈالکر گوار کے دودہ مین ایک پہر کھرل کرے پھر اسکی گولی باندہے پھر گوار کے دودہ مین عمدہ ہینگ گھس اس ہینگ کی دو موسی یعنی گھریان بناوے پھر پارے کی گولی کو موسی مین رکھکر دوسری گھریا کا منہ جوڑ گھریا کو جوڑدے پھر سکھاکر ایک سیر اوپلے کی بھوبھل مین پکاوے تب وہ پارہ سپید کھل جاوے تب اسکی راکھ ہو یہ راکھ سب بیماریون کو دفع کرے یا اپامارگ یعنے لٹ زیرہ کے بیجون کو باریک پیس اسکی دو گھریان بناوے پھر گولے کے

دودھ مین پارے کو کھرل کرے پھر پارہ کی گولی باندھکر یہ گولی گھی مین رکھے اور پارہ کی گولی کے نیچے اوپر ڈر گل کے پھول باریک پیسکر کھیر سا انکا چورن کرکے رکھے اسکا گولا بناوے پھر اس گولے کو دھونکنی کے کوئلون سے دھونکاوے پھر اسکو کپڑ مٹی دے اور کچپٹ مین پھونک دے تب اسکی راکھ پورے وزن کی امرتے یہ راکھ سب بیماریونکو دور کرتی ہے +

بسنت مالتی رس کی ترکیب

ورق طلا ایک ماشہ - موتی دو ماشہ - شنگرف تین ماشہ - مرچ چار ماشہ - سورت کھارہ آٹھ ماشہ کھارے کو گائے کے پیشاب مین سولہ پہر دولک آگ مین پکاوے پھر ان سبکو کھرل مین ڈالکر مسکہ سے کھرل کرے جبتا مسکہ اوسمین جذب ہوا ڈالے اور اتنا کھرل کرے کہ اوسکی چکنائی دور کرے پھر اسکی گولیان بناکر ایک رتی دو پیپل اور شہد سے کھاوے تو بکم جور یعنے ناہوار بخار وغیرہ سب بیماریون کو دور کرتا ہے اور اسکو طاقت کی دوا سے کھاوے تو نہین تاثیر گی ہے +

شنگرف مارنیکی ترکیب

دودھ شنگرف کی چار تولہ بھر کی ڈلی لے اسکو کرچلی مین رکھکر اس ڈلی کے اوپر نیمون کا رس مارکر سکھاوے پھر شنگرف کے اوپر پیاز کا رس پانچ سیر سکھاوے پھر اسکی ڈلی کو نکالکر اور کرچلی مین رکھکر اس ڈلی کے اوپر نیچے - مار پیاز لگدی دیکر پکاوے پھر اس ڈلی کو جدا نکالے پھر مارکر کھلا - مرچائی - مال کنگنی المر - گھی انار شہد ان سبکو پیسکر اور ایک لگدا بناکر کڑاہی مین رکھے اور لگدی کے بیچمین شنگرف کی ڈلی رکھے اور اسکے نیچے آٹھ پہر آگ جلاوے تب وہ شنگرف بن جاوے اور وزن مین پورا اوترے اوسکا رنگ سرخ ہو مقدار آدھی رتی یا ایک رتی پان مین کھاوے اور پرہیز سے رہے تو سب بیماریون کو یہ دور کرتا ہے اور اشتہا کی زیادتی کرے اور باہ کی ضعیفی کو دور کرے +

باب بست وچہارم

سب آسونکے بنانے اور شلاجیت کے صاف کرنے

اور جوا کھار وغیرہ بنانے کی ترکیب اور چنک کھار کے صاف کرنے اور تیل نکالنے اور سینا لوانے اور مل اور حقہ وغیرہ کے دھوئین کی ترکیب اور خون چھڑانے کی ترکیب آسو بنانے کی ترکیب اور دھول کی چیزین

سال پنی - پرشٹ پرنی - دونون کٹیلی - گوکھرو - بیل ارنی - ارلو کسمبیر - پاڑل - ان سب کی جڑ دس تولہ - چترک ۵۰ تولہ - پوکھرمول ۵۰ تولہ - لودہ ۴۰ تولہ - کلو ۲۰ تولہ - آملہ ۱۶ عدد دھاسہ ۴۴ تولہ - کھیر سار ۴۴ تولہ - پوست ہلیلہ ۴۴ تولہ - کوٹ ۱۹۲ تولہ - مجیٹھ ۴۴ تولہ دیودار ۴۴ تولہ - بای ٹرنگ ۴۴ تولہ - ملٹی ۴۴ تولہ - بہارنگی ۴۴ تولہ - کیتھ ۴۴ تولہ - پوست ہیڑہ ۴۴ تولہ - سانٹی کی جڑ ۴۴ تولہ - پدماک ۴۴ تولہ - ناگ کیسر ۴۴ تولہ - ناگر موتھ ۴۴ تولہ - جپ ۴۴ تولہ چھڑ ۴۴ تولہ - چرنگ کے پھول ۴۴ تولہ - سفید سرسون ۴۴ تولہ - زیرہ سیاہ ۴۴ تولہ - نعنوت ۴۴ تولہ - سمبالو ۴۴ تولہ - ساسنا ۴۴ تولہ - پیپل ۴۴ تولہ - سپاری ۲ تولہ - کچور ۲ تولہ - زرد چوب چار تولہ - سونف ۴۴ تولہ - اندرجو ۴۴ تولہ - کاکڑا سنگی - ۴۴ تولہ - کاکولی ۴۴ تولہ - کھیرا کاکوی ۴۴ تولہ - روہ چار تولہ - بردہ چار تولہ - منکہ دا کھ ۱۲۰ تولہ - شہد ۴۴ ۶ تولہ - دھولی کی پھول ۵ مار - بوربڑی ۵ مار - ناریل کا پوست ۵ مار ان سبکو اٹھ گنے پانی مین اوٹا کر اوسکا چوتھا حصہ رکھے یا انکو جوکوب کر بڑے ٹنکے مین بھرے اور اوسکے موافق پانی ڈالے اور پانی مین عمدہ ایک من پختہ قند سیاہ ملاوے اور کھاتی کی زمین مین اس ٹنکے کو گاڑدے اور ٹنکے کا منہ ڈھک دے اور اکیس ۲۱ دن کے بعد جب اسکا جوا اوٹھے تب جاوے کو اور ٹنکے مین بھرے اور شراب نکالنے کے اوزار بتن مین اس اسکو نکال لے اور اوس آلہ کے منہ پر ان خوشبودار چیزون کی اور پوٹلی ڈالے - خس - صندل کا چورہ جایپھل - لونگ - دارچینی - الائچی - تیج - کیسر - پیپل یہ سب دو دو تولہ - اور کستوری ۴ ماشہ - انکو باریک پیس اس آلہ کے منہ پر پوٹلی رکھے اسیطرح یہ آسو بنالے پھر اسکو پرانا کرکے چار تولہ بھر یا اندازہ کے موافق کردانی پیئے

یعنے شراب پینیکے باب مین اسکے پینیکی ترکیب لکھی ہے آدمی کے موافق پیے تو سوکھی کی بیماری سنگرہنی نفرت سول دمہ کھانسی بھگندر بادکی سب بیماریان کوڑہ بواسیر جریان ضعف معدہ ہماری شکم تپھری موتر کرچھر یعنی جسمین سوزش سے بیتاب ہوان سبکو یہ دور کرتا ہے اور بھوکھ زیادہ کرے اور باہ کی ضعیفی کو دور کرکے بدنمین تازگی لاوے اور بدنمین منی کو بہت بڑہاوے یہ دستور ترکیب ہے اور اسیطرح سب آسوا کھ اور انگور کا نبالے +

موسلی پاک بنانیکی ترکیب

سپید موسلی پاو انار - کونچ کے بیج دہائی درم - بھاری قند دہائی درم - گوکھرو دہائی درم - چنبلی دہائی درم - تخم کھرٹی ایک درم - پوست گنگیرن دو تولہ - تج ۲ تولہ - زنجبیل ۲ تولہ - انکو باریک پیس انکی برابر گھی مین انکو مخلوط کر دس سیر دودہ مین پکاوے اور سخت کھلا ہوا مادہ بناوے پھر ایک سیر شکر کی لڈو کی سی چاشنی بناوے اور اوس چاشنی مین یہ ماوا ڈالے اور یہ دوا چاشنی مین ڈالی مرچ ۲ درم - پیپل ۲ درم - زنجبیل ۲ درم - دارچینی دو تولہ - تیج دہائی درم - الایچی دو تولہ - ناگ کیسر ۴ تولہ - کستوری ۴ ماشہ - لونگ ۲ تولہ - جایپھل دو تولہ - جاوتری ۲ تولہ نبس لوبھن دو تولہ - یہ دوائین جدا جدا پیسکر اس چاشنی مین ڈالے اور بنگ ابرک - مرگانگ اور ہرگوری رس یہ بھی اندازے کے موافق چاشنی مین ڈالے پھر انکو خوب مخلوط کرکے دو دو تولہ بھر کی گولیان بناوے اور ایک گولی صبح اور شام کھاوے تو بدن مین تازگی لاوے اور بریمہ یعنے جریان وغیرہ کو دور کرے +

سلاجیت کے صاف کرنیکا طریقہ

سلاجیت یعنے پہاڑ کے مدکولے یا جس مین سے وہ نکلا ہو اوس پتھر کو لے پھر اوس سلاجیت کو گائے کے دودہ یا تر پھلے کے کاڑہے مین یا بھانگرے کے رس مین بھگودے ایک دن کے بعد برتن مین خوب پکاکر ملے پھر اوسکو کپڑ چھان کرکے دھوپ مین رکھکر سکھالے تو وہ صاف ہوے یا سلاجیت کی کنکڑی لیکر گرم پانی مین دو پہر رکھکر ملے اور متی کے برتن مین کپڑے سے چھان لے اوس برتن کو دھوپ مین رکھے اور اوپر کا پانی اوسکا دوسرے برتن مین نتھارلے اسیطرح

بار بار دو مہینے عمل کرے تو وہ سلاجیت صاف ہو +

جوا کھار وغیرہ سب کھاروں کی بنانیکی ترکیب

کچے جو کو کاٹ کر سکھالے اور اونکو جلاکر خوب راکھ کرے اور اوس راکھ کو برتن مین دو دن تک بھگودے پھر تپائی مین کپڑا باندہ کر اوس کپڑے مین وہ راکھ مع سب چیزون کے پانی ڈال دے جبتک اوس مین سے کھاری پانی نکلے تب تک اور پانی ڈالتا جاوے پھر اوس پانی کو کڑاہی مین چڑہا کر پانی خشک کر ڈالے جب اوس کڑاہی مین مثل نمک کے کھار جم جاوے تو درست جوا کھار سمجھنا چاہیے اسیطرح سب کھار بنا لینے چاہییں -

جبا کھار کے بنانیکی ترکیب

ماگھ کے مہینے مین جبے کے کھیت ہوتے ہین چنانچہ ایک کھیت پر ایک باریک کپڑا تین یا چار گھڑی کے تڑکے کوئی ہوشیار آدمی گھما لاوے اور وہی کپڑا ہر روز پندرہ دن تک گھماوے اور ہر روز سکھاتا جاوے تو اوسمین کرختگی ہو پھر اوس کپڑے کو پانی مین کسی کڑاہی مین بھگودے اور کپڑے سے وہ پانی چھان لے پھر کڑاہی مین وہ نتھارا ہوا پانی ڈالکر مثل چاشنی کے گاڑہا کر کے کسی برتن مین بھر رکھے تو وہ عمدہ جبا کھار بنجاوے اور ترش ہو +

سنیہہ یعنی تیل ملنے کی ترکیب

سنیہہ چار قسم کے ہین - گھی - تیل - بسا یعنے صاف گوشت کا گھی اور مجیا یعنے شحم یہ چارون سنیہہ فربہی لاتے ہین +

سویدہ یعنے پسینا لوانے کی ترکیب

سوید چار قسم کا ہے - تاپ - اوشن - اوشاپ - دروسویدا پھر اوشن سوید بلغم کی بیماریونکو دفع کرتا ہے - ریت نمک گرم ہاتھ ٹکنی اور ایکٹھی اتنی سینک کرے اور پسینا آوے اسکو تاپ سوید بولتے ہین - لوہے کی بتی اور اینٹ وغیرہ کے تپانے سے پسینا آوے اوسکو اوشن سوید بولتے ہین - تاپ اور اوشن دونون کے ملنے سے جو پسینا آوے اوسکو

اونیاہ بولتے ہین اور بدن کو کپڑے سے ڈھکے اور بدن کے اوپر گرم کھٹائی کا پانی چھڑکے یا بادی دور کرنے والی دواؤن کا گرم پانی بدن کے اوپر ڈالے اور پسینا بہت آوے اوسکو درو سوید بولتے ہین یہ چارون پسینا لانیکی ترکیب بادی بیماریون کو دور کرتے ہین +

مہاسالون سوید کی ترکیب

کلتھ - ماش - گندم - السی - تل سرسون - سونف - دیودار - سمھالو - زیرہ - ارنڈولی بیخ ارنڈان سبکو سم نمک کے کانجی سے یا کسی کھٹائی سے باریک پیس اوسکو گرم کرکے بدن مین جہان ہوا بھری ہو وہان سینکے تو سب بادی بیماریان دور ہون +

بمن یعنے قے کی ترکیب

سرد - بسنت - اور برکھا مین آدمی کو قے اور جلاب لینا چاہیے جسکے بدن مین بلغم کی بیماریان ہون اور درد سینہ ہو اور زہر کا فساد ہو اور پیل پاون - سبرپ - پرمیہ یعنے مرض جریان بدہضمی - شک - کھانسی - دمہ - پینس یعنے خناق - مرگی - ہول - رکت اتیسار ہوا ورناک کان لب اعتالو پک گئے ہون - یا دوزبانین ہوگئی ہون اسمال ہو - اور صفرا اور بلغم کی بیماریان ہون چربی بڑھگئی ہو سر کی بیماریان ہون اور پسلیون مین درد اور بخار شروع ہو - نفرت ہو - ان سب بیماریون مین قے کرنا چاہیے قے سے یہ بیماریان دور ہوتی ہین - اور اتنی بیماریون مین قے نہ کرانا چاہیے - تمر روگ - گولے کی بیماری - پیٹ کی بیماری مین اور کمزور بوڑھے اور حاملہ عورت کو - فربہ آدمی کو چوٹ لگی ہو اور بھوکے کو اور اوداورتی کو - باسے کے مریض کو قے نہ کرانا چاہیے +

قے کرانے کی ترکیب

بھیڑ کی رینڑی خوب پیٹ بھر کر حلق تک کھلاوے بلکہ اوسمین دودھ بھی خوب ملاوے اور سیندھا نمک شہد اور بچ کھلا کر اوپر گرم پانی پلا کر گلے مین انگلی ڈالکر قے کراوے - یا کھٹی اور نمکین چیز مین یا پسا ہوا میٹھا نیم گرم پانی سے کھاوے یا پھٹکری تاکو گرم پانی سے کھلاوے تو قے ہو -

یا نیم وغیرہ تلخ چیزون سے ہوتے ہو سو تو مذکورہ بالا کل بیماریان دفع ہون اور قے کرنیکے بعد بانکو زیرہ وغیرہ اچھی چیزین لگاوے یا بورہ لگاوے اور عطر وغیرہ خوشبودار چیزین سونگھے اور عمدہ اور لطیف غذا کھاوے +

جلاب کی ترکیب

پہلے مریض کو ترکیب سے قے کراوے پھر اوسکو ہاضمہ کی دوائین دے کہ اوسکے بدن کی بلغمی بیماریان دفع ہون اور سردی اور نسبت رت مین ضرور جلاب دے اور جلاب پینے سے ضرور بیماریان دور ہون تب چاہیے جس موسم مین جلاب دے اور اتنی بیمار و نکہ ضرور ہی جلاب دینا چاہیے جسکو بدہضمی سے بخار ہو یا جسکے بدن مین مواد جمع ہو اور باد خون بگڑ رہا ہو اسیر پانڈ روگ - بیماری شکم - سینہ کی بیماریان نفرت - فیل کی بیماریان - گرمی کی بیماری اور کان اور ناک کی بیماریان جریان - پھوڑا - سیفہ اور انکھون کی بیماریان سول سر کی بیماریان منہ کی بیماریان ورم موتراگھات اتنے مرضون کا بیمار جلاب سے توجلد بیماریان دفع ہون اور ایسے آدمیون کو جلاب نہ لینا چاہیے - لڑکا - بوڑھا - جسکا سر بہت چکنا ہو - یا بیمار کی ضرب سے کمزور ہوگیا ہو وہ بہت ناک درومند پیاسا غربہ آدمی حاملہ عورت یا جسکو جلد بخار ہو یا اوس عورت کے نورا اولاد پیدا ہوئی ہو اور جسکا معدہ ضعیف ہو اور جسکا روکھا بدن ہو تو اتنے آدمی جلاب نہ لین اور صفرا کے طبیعت والے کو اوسنے قسم کا جلاب دین اور بادی مزاج والے کو سخت جلاب دے +

مردو یعنے ادنے قسم کے جلاب کی دوائین

داکھ ڈوڈہ اور ہلیلہ وغیرہ +

اوسط درجہ کے جلاب کی دوائین

نسوت کٹکی اور املتاس وغیرہ +

تیز جلاب کی دوائین

تھوہر کا دودھ - چکھہ - بیخ املتاس - جمال گوٹہ اور اجپا سہیدی وغیرہ ٭

جلاب کی اور دوا

پہلے پانچ سات دن تو منضج پیے سونا مکھی ڈہائی درم زیرہ سوا درم سونف ڈہائی درم منکہ ڈہائی درم - گلاب کے پھول ڈہائی درم - پاڑہ دس درم ان سب کو مین پاو پانی مین اوٹہا کر پاو آنار رکھے اور پھر چھانکر چار دن تک پیے تو پیٹ کا مواد منہضم ہو اور تھوڑا تھوڑا ہوکر اجابت ہوا کرے ہر روز کھچڑی مع روغن زرد کھاوے اور پانچوین روز سونا مکھی ۱۰ درم نسوت دس درم - گلاب دس درم - زیرہ ڈہائی درم - سونف پانچ درم - پاڑہ ۱۰ درم انکو اوٹا کر بلا ناغہ چار روز تک پیے اور مع گھی کے کھچڑی کھاوے تو جلاب اچھا ہوا اور سب بیماریان دور ہون اور کھٹی اور کھاری چیزین نہ کھاوے جلاب مین تین دست آوین تو پہلے درجے کا جلاب جانو اور پانچ دست آوین اوسط اور دس دست آوین تو اولی جلاب ہے

چھوہارہ تین یعنے فصلون کی علیحدہ علیحدہ جلاب

بسنت رت مین تو سونا مکھی نسوت گلاب کے پھول - سونف زیرہ اور شکر کا جلاب دینا چاہیے اور گرمی رت مین - نسوت - مصری کو برابر لیکر جلاب دے تو سب طرح کی بیماریان رفع ہوکر بدن صاف ہو اور برشکال مین نسوت پیپل داکھہ زنجبیل اور شہد کا جلاب لینا درست ہے اور سرودت مین نسوت - دہاسہ - ناگر موتھہ - داکھہ - نیتر بالا - ملہٹی - صندل - سونا مکھی اور مصری کا جلاب لین اور ہمنت رت مین نسوت - چترک - پاڑہ - سونا مکھی اور بیج کا جلاب گرم پانی سے لین اور ششر رت مین نسوت - پیپل زنجبیل - سیندہا نمک شہد اور سونا مکھی کا جلاب دے ٭

امہیاد مودک

پوست ہلیلہ فلفل - زنجبیل - بای ڈبنگ - آملہ - پیپل - پیلا مول - تیج - ناگر موتھہ

یہ سب برابر لے اور بیخ اتنا ان اس سے تگنی لے اور انسے اٹھ گنا نسوت لے اور ان سب سے چھ گنی مصری لے اور ان سبکو باریک پیس بقدر ڈیڑھ ماشی دم کے گولیان بناوے اور ایک گولی صبح کے وقت ٹھنڈے پانی سے کھاوے تو اچھا جلاب ہو جب تک بہت گرم پانی نہ پیوے تب تک جلاب ہوتا رہے اور اسمین بہت دست آوین تو آدمی کی یہ سب بیماریان دور ہون - اور پھر جو ضعف معدہ یرقان کھانسی بھگندر جہان راج جچھا - آنکھون کی بیماری بواسیر کوڑہ - گنڈمالا شکم کی بیماریان - بادی بیماریان - اپھار - موتر کرچھر - تتھری - جانگھہ اور کمر کا درد ان سب بیماریون کو یہ امہیا دمودک دور کرکے جوان کر دیتا ہے اور جو جلاب لے اوسکے لیے مذکورۂ ذیل امور عمل مین لانے چاہیین - جلاب کے بعد ٹھنڈے پانی سے آنکھین دھووے عطر سرمہ لگے پان کھاوے ہوا مین نہ رہے اور ٹھنڈے پانی سے نہاوے اور گرم پانی بار بار پیے جب تک پورا جلاب لگے اور درمیان مین یہ نکرے تو ناف اور کوکھہ مین سول چلے پھر اجابت نہو اور رواج بھی صادر نہو اور پتی وغیرہ سب بیماریان عائد ہون - بدن بھاری رہے اور جلن اور اپھار ہو چکر آوین قے ہو تو پھر اوسکو ہاضمے کی چیزین دیکر صاف کرے تو سب بیماریان دور ہون اور بھوکھہ لگے اور بدن ہلکا رہے اور جلاب مین یا دو ست آوین تو غشی ہو مقعد باہر نکل آوے اور سول چلے اور اسہال وغیرہ اور بھی بیماریان ہون تب اوسکو ٹھنڈے پانی سے نہلاوے اور چانول مصری شہد سہکرن دہی یہ سب کھلاوے اور بکریکا دودہ مصری ڈالکر پلاوے اور سانٹی کے چانول سورو وغیرہ کھلاوے تو جلاب تھم جاوے +

اچھا جلاب ہوا وسکی علامتین

دل خوش رہے ریح صادر ہو اور سب حواس طاقت پکڑ جاوین - عقل صاف ہو بھوکھہ اچھی طرح لگے کل بدن مین طاقت ہو +

چھوون رت یعنی فصلون مین ہر کی کھانیکی ترکیب

گرمی رت مین ایک ہلیلہ پیسکر اوسمین برابر کا قند سیاہ ملاکر ساٹھ روز تک کھاوے تو

کوئی بیماری نہو اور برکھارت مین دو ہڑین پیسکر سیندھے نمک کے ساتھ کھاوے - اور سردرت مین مصری کے ساتھ تین ہڑون کا چورن کھاوے اور ہمنت رت مین چار ہڑون کا چورن زنجبیل کے ساتھ اور ششرت مین پانچ ہڑین پیسکر پیل کے ساتھ کھاوے اور بسنت رت مین چھ ہڑون کا چورن شہد کے ساتھ کھاوے تو کوئی بیماری نہو +

بست کرم کی ترکیب

بست کرم یعنے پچکاری کی ترکیب جس بیمار کا پاخانہ اور پیشاب باد کی بیماری کے سبب رک گیا ہو اوسکی پچکاری آلت مین دے اور وہ پچکاری جست کی نلی لگاکر بکرے بچھوکے کی یا سونے وغیرہ دھاتون کی نلی گاؤدم بنتی ہے سو اسمین دواؤن کا پانی بھرکر آلت مین یا مقعد مین پچکاری دے تو باوی سب بیماریان دور ہون سو بست کرم دو قسم کا ہے - انوباسن - نرہ - تیل گھی وغیرہ کی پچکاری کو انوباسن بست کرم بولتے ہین اور نرہ بست کا ایک قسم اوتر ناسے بست ہے اور انوباسن کا قسم ماترہ بست ہے اوسکا وزن چار تولہ بھر پانیکا ہے استنے بیمار کو انوباسن بست نہ دینی چاہیے بھسمک کے بیمار کو یا جسکو ورن باد کی بیماری ہو - عارضہ غشی یا جسکو نفرت کھانسی دمہ جمبی ہو اور دہشت ناک کو انوباسن بست نہ دے - اوران بیمارون کو دو نوباسن بست کرادے ایک برس سے چھ برس والے کو چھ انگل کی پچکاری دے اور جسکی بارہ سال کی عمر ہو اوسکو آٹھ انگل کی اور بارہ برس کے بعد بارہ انگل کی پھر اپنی عقل کے موافق دینی چاہیے اور پچکاری مین گھی لگاکر دینا چاہیئے اس طرح عمل سے بدن مین قوت زیادہ ہو بیماریان دفع ہون اور سرد اور بسنت رت مین روغن کا عمل دے اور گرکھیم برکھا اور سردرت مین رات کیوقت انوباس بست دے اور بست مرغن چیزین نہ کھلاوے اور ہلکی غذائین دے اور روغن مین سونف کا پانی سیندھا نمک ڈالکر مقعد مین عمل دے گرم پانی مین غذا کھلاوے اور پھراوے اور پاخانہ اور پیشاب کراوے اور بائین کروٹ سووے اور بائین جانگھہ اونچی کرکے

مقعد مین روغن کی پچکاری دے اور بائین ہاتھ سے پکڑکے داہنے ہاتھ سے دباوے تب مقعد مین پچکاری کا پانی اور روغن جاپڑے اور پچکاری دے اور دینے والا اور لینے والا اتنی باتین نہ کرے - جمہائی نہ لے اور نہ کھانسے نہ چھینک لے یا منہ سے نسوتک کی گنتی گنے پھر سب بدن کو پھیلا کر سیدہا سلاوے پھر دونون پیرون کی انگلیان اور انگوٹھون کو کسی ہوشیار آدمی سے کھچاوے پھر پلنگ پر سووے تو یہ سب بادی بیماریون کو دور کرے اور وہ پچکاری مع مواد کے مقعد مین سے سب میل کو اور بادی بیماریون کو دور کرتی ہے اور انوباسن بست اس ترکیب سے چھ سات آٹھ اور نو مرتبہ ایک ایک دن کے فرق کے کرنے سے سب بادی بیماریون کو دور کرتی ہے انوباسن بست کے بعد نروہ بست کرنی چاہیے اور جسکے مواد کی جگہہ اور معدہ مین ہے جہان کھانا ہضم ہوتا ہے وہان وہان انوباسن بست چلانے سے اوسی جگہہ اوسکا مع روغن کے پانی وغیرہ جاوے اور مقعد مین سے نہ نکلے اور پیڑو کو مسلنے سے بہے تو نروہ بست اور کیجیے اوس دوا کی بی نہ اکر مقعد مین چلاوے تو بیچ صاف رہے اور اوسکے پیٹ کا مواد نکل جاوے اور طبیعت صاف ہو یا جلاب دیکر نکالے +

انوباسن بست کے دینے کا روغن

گلو - نیم اڑنڈ - نیم کنج - بھارنگی اردسہ - روہنک - چھتاور - سہنجنہ - کا کلہری انکو چار چار تولہ لے اور جوماش السی بیج بیل اور کلتھہ سیر سیر بھر لے یہ سب دوائین چونسٹھہ سیر پانی مین اوٹاکر اوسکا چوتھا حصہ رکھکر اوسمین بیٹھا تیل چار سیر پکالے جب رس خشک ہو جاوے اور تیل باقی رہجاوے تب اسکو چھان کر بقدر دو تولہ مقعد مین ڈالے تو بادی سب بیماریان دور ہون

نروہ بست کی ترکیب

نروہ بست کی بہت قسم ہے اور اوسکے بہت سبب ہین اور اس نروہ بست کا استھاپن بھی نام ہے اور نروہ بست کا زیادہ دینے کا اندازہ ہے اتنی بیماریون کو نروہ بست دے جسکا بدن بہت جلتا رہے اور سینہ مین ضرب لگی ہو یا بدن مکروہ ہو اور اچھا رہتے

ہچکی - بواسیر - دمہ - کھانسی - مقعد کا ورم - اسہال - بسوچکا یعنے ہیضہ - اور اورت بات - کت - بکھم جور - غشی - تشنگی - پیٹ کی بیماری - اپھار - موتر کرچھر - پتھری - پاون کی بیماری اور ضعف معدہ - سول اور اتل پت - بیماری سنیہ ان سب بیماریون مین سے جسکو کوئی بیماری ہو اوسکو یہ نروہ بست دفع کرتی ہے اور نروہ بست کے دینے کی ترکیب انوباسن بست مین لکھی ہے اور یہ نروہ بست بھی دو چار مرتبہ ایک ایک دن کے فرق سے جیسے کہ اوپر ذکر ہو چکا ہے اوس ترکیب سے دینی چاہیے اور صرف بادہ فساد ہو تو کسیلی اور تلخ چیزون کا روغن بنا کر دے اور صفرا کا فساد ہو تو مع دودھ کے دو بست دے اور بلغم کا فساد ہو تو کسیلی اور تلخ اور پیشاب وغیرہ کو نروہ بست دینا چاہیے اور نازک آدمی اور لڑکے کو ادنے درجہ کی دوا ونکی پچکاری دینی لازم ہے +

اونکلیشن بست کی ترکیب

ارنڈ ولی - مہوا - پیپل - سیندھا نمک - بیج - جھاؤ کے درخت کا پوست انکی پچکاری دے +

دودھ ہر بست کی ترکیب

سونف اصل السوس - پیپل - اندرجو - انکو کانجی اور گائے کے بول مین پیسکر دے نوسنے دودھ بون

لیکھن بست

ترپھلہ کا کاڑھا گائے کے پیشاب اور شہد اور جوا کھار مین دین +

سودھن بست

بیلہ املتاس لے اونکا جلاب بنا اسکی پچکاری دے +

سمن بست

پرنیگ کے پھول اصل السوس اگر موتھ سوت کو دودھ مین پیسکر پچکاری دین +

برنگ ہین بست

موت کی دادن نجیرو کا کاڑھا بنا کر اوسمین مصری وغیرہ شیرین چیزین ملا کر اور گھی اور گوشت وغیرہ کی پچکاری دین +

پچھل بست

برگ بیل - چھتاور - لہسوا اور موچرس کو دودہ مین پکاکر شہد ڈالکر بست دے +

نروہ بست کی دواؤنکا وزن اور اندازہ

پہلے تو کچہ سیندہا نمک ڈالے پھر اوسمین آدہ سیر شہد اور آدہ سیر گھی ڈالے اور تینون کو خوب مسل کر اسکی پچکاریان پانچ سات مرتبہ ایک دن کے فرق سے دے +

مدہو تیل بست

بیج ارنڈ کا کاڑہا کرکے اوسمین شہد اور میٹھا تیل دو تولہ ڈالے اور سونف دو تولہ سیندہا نمک چھہ ماشہ انکو باریک پیسکر خوب مخلوط کرکے پچکاری دے تو مید - گولا بچیا کیڑے مواد کے عارضے اور اوداورت ان سب بیماریون کو یہ بست دور کرتی ہے +

استھاپن بست

شہد گھی دودہ تیل چار تولہ ان مین جھاؤ کا پوست اور سیندہا نمک ۶ ماشہ ڈالے پھر ان کو خوب مخلوط کرکے پچکاری دے +

سدہ بست

پیپل - پیلا مول - چب - چترک اوزر بجبیل کے جوشاندہ مین تیل شہد سیندہا نمک اصل السوس علحدہ اوٹاکر ملاوے اور پچکاری دے +

پچھل بست

مقعد مین اور باہر گھی لگاکر اپنے انگوٹھے کے اوپر موٹی ڈنڈی بارہ اونگل کی آدہی مقعد مین ڈالے اور اسکی ہوشیاری سے پچکارے دے اور نروہ بست کی قسم اوتر بست ہے اور بست کرانے والا گرم پانی سے نہاوے اور دن مین سووے اور کچہ بھی بدپرہیزی نہ کرے +

حقہ وغیرہ کی دہوئین پینے کی ترکیب

دہوان پینا چھ قسم کا ہے - شمن - بنگ ہین - کاش ہرتا - تمین کرتا - برہن دہوپ - اور

دواؤن کے دھوئین پینے کو سودھن بولتے ہین اور اسنے بیمار کو دھوان نہ پلاوے ۔۔
تکلیف مند ۔ دہشت ناک ۔ دانت کا بیمار ۔ جورات کو جگا ہو ۔ پیاسا ۔ جلن والا ۔
تالو شکم اور سر کا درد والا اور جسکو تے اچھار اور زخم کی بیماریان جریان اور منڈ روگ کا
مریض اور حاملہ عورت اور کمزور لڑکا اور بوڑھا اور دھوئین کا پینا بادا اور بلغم کی سب بیمارنیکو
دور کرتا ہے اور سب حواسون اور دلکو خوش کرتا ہے اور بالون کو اور دانتون کو مضبوط
کرتا ہے جوالاچی وغیرہ کا دھوان پیے تو اوسکو شمن بولتے ہین ۔ اور رال وغیرہ کے
دھوئین کے لینے کو برنگھن بولتے ہین اور تیکھی دواؤن کے دھوئین کو ریچن بولتے
ہین اور مرچ وغیرہ کے دھوئین کا نام کاسگھن ہے یا کاس ہرتا ہے کھال کے دھوئین کو
بمن کرتا بولتے ہین اور بیم بج وغیرہ کا دھوان زخم وغیرہ کو دیتے ہیں اوسکو برن دھوپن بولتے ہین

اپراجت دھوپ

مور کے پنکھ ۔ برگ نیم ۔ کٹیلی کا پھل ۔ مرچ ۔ ہینگ ۔ چھڑ ۔ کپاس ۔ بکری کا بال ۔ سانپ کی
کینچل ۔ بلی کی بیٹ ۔ ہاتھی دانت انکو باریک پیس گھی ملاکر دھونی دے تو بھوت پشاچ ۔
راچھس پریت ڈاکن وغیرہ آسیبونکے سب فساد دور ہون ۔ اور بخار کو دور کرتا ہے ✤

ماہیشور دھوپ

انگوزہ ۔ دیودار ۔ پیپل کے پتے روغن مادہ گاو مرغی کی ہڈی ۔ سرسون ۔ برگ نیم ۔
سر کے بال ۔ سانپ کی کینچل ۔ بلی کی بیٹ ۔ گاے کے سینگ ۔ مٹرل ۔ دونون کٹیلی ۔
کپاس ۔ تکمہ ۔ بکری کے روئین ۔ صندل ۔ مور کا پنکھ ۔ اور بکریکے پیشاب کو باریک
پیسکر دھونی دے تو بھوت پشاچ ۔ راچھس ۔ ڈاکنی ۔ پریت ۔ چڑیل وغیرہ کے سب فساد
دور ہون اور سب قسم کا فساد دور ہو ✤

خون کے چھڑانیکی ترکیب

بید بیمار کے خون کے فساد کو بخوبی دیکھکر اوسکا خون ایک سیر یا پاو اتار یا آدھ پاو نکالے

اور سردرت مین جو فساد ہو تو تھوڑا خون نکالے تو کبھی خون کا فساد نہو +

صاف خون کی شکل

خون کا میعار سرخ رنگ ہو اور ٹھنڈا اور گرم نہو اور بھاری اور چکنا اور بدبو لیے ہو اور نہی خراب ہوکر فسادون کو پیدا کرتا ہے - اور بدن مین خون کو خراب کرتا ہے تب درد پیدا ہوتا ہے اور بدن پک جاتا ہے اور جلن ہوتی ہے اور بدن مین چکتے پڑجاتے ہین اور خارش ہو اور پھنسیان وغیرہ سب فساد ہون اور بدن مین خون بڑھجاتا ہے اور آنکھین سرخ رہین - اور نسین بھاری رہین اور بدن بھاری رہے نیند بہت آوے بدن مین جلن ہو - اور بدن مین خون کم ہوجاوے اس سے کھٹائی اور مٹھائی کی خواہش رہے غشی ہو بدن رو کھا رہے اور بدن کی نسین کمزور ہوجاوین +

باد سے خراب ہوی خون کی علامتین

رنگ سرخ ہو - جھاگ آوین اور سخت ہون اور اوسکے خون کی سرعت سے باریک دھار نکلے اور مثل سوئی کے بدنمین چبھین اور سرخ ہو +

صفرا سے خراب ہوی خون کی علامتین

خون زرد - ہرا نیلا اور سیاہ ہو اور اوسمین سے بڑی بدبو آوے اور نہ چلے اور گرم ہو - مکھی اور کیڑے اوسکو نہ بیٹھین +

بلغم سے خراب ہوی خون کی علامتین

خون ٹھنڈا اور بہت چکنا ہو اور اوسکا رنگ مثل گیرو کے ہو یا گوشت کی بوٹی کے مثال ہو اور آہستہ آہستہ چلے +

سنپات سے خراب ہوی خون کی علامتین

اوسمین کل مذکورہ بالا علامتین ملین اور اوسکا کانجی کے مانند رنگ ہو +

زہر سے خراب ہوی خون کی علامتین

جب کا خون سیاہ ہوا ور ناک سے بہت گرے اور اوسمین سے بڑی بدبو آوے اور کانچ کا سا رنگ ہوا وس سے عارضہ جذام کا پیدا ہوا ور ساون کی چنٹی کے مانند رنگ ہو اور بدن مین ورم اور جلن ہو بدن پک جاوے ✣

انتی بیماریون مین خون نکلوانا چاہیے

ورم - بدن مین جلن ہو - بدن پھوڑے اور پھنسیون سے پک جاوے اور بدن کا رنگ سرخ ہوا ور بات رکت کی بیماری اور بیاد وغیرہ ہون اور پستان کی بیماری ہو - بدن بھاری رہے - آنکھین سرخ ہو جاوین - غنودگی معلوم ہو ناک اور منہ کی بیماریان ہون اور پھیا - گولا - بسرپ - اور بدردہ ہو - اور چھالے وغیرہ کی بیماریان اور درد سر اوبدنش یعنے گرمی کی بیماری رکت پت ان سب بیماریون مین خون نکالنا چاہیے ان سب بیماریون مین شاخین یا جونکین لگاوے یا توبنی لگاوے یا فصد کھلاوے

اتنے بیماردن کو فصد سے خون نہ نکالنا چاہیے

نکمزور آدمی یا جو جماع بہت کرے محنت دمشت ناک حاملہ عورت جسکے اولاد پیدا ہوئی ہو نپڈرو گی کے بیمار کو - اور جلاب وغیرہ پانچ کام جنسے نہ کیے ہون اور بواسیر اور بدن مین ورم کھانسی - دمہ - قے ان سب بیمارون کو اور سولہ برس کی عمر کے آدمی کو اور ستر برس کے بعد سن والے کو فصد نہ کھلانی چاہیے اور ان بیماریون مین کھون نکلوانے سے بیماریان دور ہون تو جونکین لگاکر خون نکالے اوزہر سے خون خراب ہوا ہو تو اوسکو فصد کھلوانی چاہیے یا پچھنے دے اور باد صفرا اور بلغم سے خراب ہوے خون کو شاخون اور جونکون اور توبنیون سے نکالنا چاہیے - جونک تو ہاتہ بھر کا خون چوستی ہے اور اور شاخین اور توبنی بارہ انگل کے فاصلے کے خون کو کھینچتی ہین اور پچھنا ایک انگوٹھے کے فاصلے کا خون کھینچتا ہے اور فصد سے کل بدن کا خون نکل آتا ہے اور سردی کر

دنوں مین اتنی بیماریون مین خون نہ نکلوانا چاہیے - بھوکھا اور غشی والے کو نیند شک والی کو یا جسکو پاخانہ اور پیشاب کا زور ہوا وسکے زخم کے منہ کو کوٹ زنجبیل مرچ - پیپل سنیدھا نمک سے مسلے تو اچھی طرح سے خون نکلے اور خون اچھے وقت مین نکلوا وے کہ اوسوقت بہت سردی اور بہت دھوپ نہو اور غذا ہلکی کھلا کر خون نکالنا چاہیے +

جو خون بہت نکلے تو نیچے لکھی ہوئی دوا اونسے ٹھہراوے

لودہ - بال - رسوت - جو اور گندم کا آٹا - دھوکا پوست گیرو - سانپ کی کینچل ریشمی کپڑے کی راکھ - ساہر کی پال - انکو زخم پر لگا وے تو خون تھم جاوے اور نیز زخم کا ٹھنڈا علاج کرنا چاہیے اور فصد چھڑانے کی نس پر کسیقدر گرمی دے یا اوس نس پر کھار لگا وے یا نس پر کسیلی چیز کا لیپ کرے اور بائین انڈیکے اوپر ورم ہو تو دہنے ہاتھ کے نیچے کی نس کو جلا وے اور داہنے انڈی مین ورم ہو تو بائین ہاتھ کے انگوٹھے کے نیچے کی نس کو جلا وے یا بائین انگوٹھے مین ورم ہو تو دہنے ہاتھ کی فصد کھلوا وے اور داہنے انڈی مین ورم ہو تو بائین ہاتھ کی فصد چھڑاوے تو یہ ورم دور ہو +

فصد چھڑانے سے خون نکلے تو اتنی بیماریان ہون

اندھا ہو جاوے آدھا بدن سن ہو جاوے پیاس کی بیماریان ہون اندھیری آوے درد سر اور کھانسی اور دمہ ہو اور کھجلی آوے اور جلن اور نپڑوگ ہو اور خون حد سے زیادہ نکلے تو آدمی مر جاوے کیونکہ اس بدن مین بہ سبب خون کے زندگی ہے جو بدن کا خون ہی زائل ہو جاوے تو مر جاوے اسلیے خون کو جلد بند کرنا چاہیے اور خون چھوٹے اور ورم ہو تو تھوڑا سا گھی گرم کرکے اوسکو سینکے تو اوسکا درد اور سوجن دور ہو اور جو خون زیادہ نکلے تو ہرن یا بزکے گوشت کا شوربا پینا چاہیے یا دودھ پلاوے یا سانٹھ کے چانولون کی کھیر کھلاوے جب تک درد جاتا رہے بدن ہلکا ہو جاوے اور دل خوش رہے +

جو خون نکلواوے وہ مذکورہ ذیل بدپرہیزی نکرے

جماع۔ غصہ۔ ٹھنڈے پانی سے نہانا۔ باہر کی ہوا لگنا ہوا اور ایک ہی جگہ پر بیٹھنا دن کو سونا۔ اور کھٹی تلخ اور نمکین چیزوں کا کھانا دفع کرنے بدہضمی میں کھانا۔ اور جب تک بدن میں طاقت ہو تب تک بدپرہیزی نہ کرے ✣

باب بست و پنجم

رت یعنی فصل دن چرچارات چرچا شاریرک کے بیان میں

چھ رت یعنے چھ فصلوں کا بیان

ہیم رت۔ ششر رت۔ بسنت رت۔ گرکھم رت۔ برکھارت۔ سرد رت۔ یہ فصلیں دو دو مہینے کی ہیں۔ اگہن پوس تو ہم رت۔ ماگھ پھاگن ششر رت۔ چیت بیساکھ بسنت رت۔ جیٹھ اساڑھ گرکھم رت۔ ساون بھادوں برکھارت۔ کنوار کاتک سرد رت

اور طریقہ

میکھ اور برکھ کی شنکرانت یہ دونوں گرکھم رت ہیں اور متھن اور کرک کی شنکرات پراوٹ رت کہتے ہیں اس فصل میں بادلوں سے آسمان گھرا رہتا ہے اور تھوڑا پانی مڑوڑے کو لیے برسے یہ برکھارت رت قسم ہے اور سنگھ اور کنیا کی شنکرانت کو برکھارت بولتے ہیں۔ کنبھ اور مین کی شنکرات کو بسنت رت بولتے ہیں ✣

ان چھیوں فصلوں میں خلطوں کی زور یا کمزوری کا حال

گرکھم رت میں باد کا جماؤ اور برسات میں باد مفسد ہوتی ہے اور شرد میں وہ کم ہو جاتی ہے اور برکھا میں صفرا کا جماؤ ہوتا ہے اور برکھارت رت میں صفرا مفسد اور ہم رت میں صفرا کم ہو جاتا ہے ششر رت میں بلغم کا جماؤ۔ بسنت رت میں بلغم فاسد ہوتا ہے۔ گرکھم رت میں بلغم دور ہوتا ہے وقت وقت پر باد صفرا اور بلغم کی زیادتی اور کمی غذا اور اساپش کے تفرقہ سے ہوتی ہے۔ اور وقت پر آپ ہی دور ہوتے ہیں ✣

باد کے فساد کی غذا اور آسایش کے تفرقہ کی کیفیت

یہ بغیر وقت ہلکی روکھی چیز تھوڑی چیز اور بہت سرد چیز بہت ریاضت سے شام کیوقت جاگ کرنی مگر قوت سے اور رات کے جاگنے سے ضرب لگنے سے غذا کی بدہضمی سے منی کے زائل ہونے سے اور اوّر باعثون سے باد مفسد ہوتی ہے جو باد کے دور کرنیکا علاج ہو تو باد دور ہو ✣

صفرا کے فساد پیدا کرنیوالی غذا اور آسایش کے تفرقہ کی کیفیت

تلخ اور ترش گرم اور تیکھی چیزین بہت کھاوے اور غصہ سے دھوپ وغیرہ گرمی سے دوپہر کے وقت بھوکھ اور پیاس کے روکنے سے بدہضمی کے ہونے سے صفرا مفسد ہوتا اور صفرا کے دور کرنے سے صفرا دور ہوتا ہے ✣

بلغم کے فساد کی پیدا کرنیوالی غذا اور آسایش

شیرین اور مرغن چیزون کے کھانے اور ٹھنڈی غذاون کے کھانے اور دن کے سونے سے قوت ہاضمہ کی سست ہوجاوے اور صبح کے وقت غذا کھانے کے بعد محنت سے اور اوّر باعثون سے بلغم مفسد ہوتا ہے اور بلغم کے فساد کے دور کرنیکے باعثون سے یہ فساد زائل ہو

ہم رت مین آسایش اور غذا کا استعمال

نئی بھینس اور گائے کا دودھ شیرین قند سیاہ دہی نمک تیل کی مالش تل گندم ماش اور مصری وغیرہ میٹھی چیزین اور رنجبیل مع ہلیلہ کا استعمال آگ جہان ہوا نمودہ جگہ اور نیا کپڑا اور نئی عورت وغیرہ ✣

ششرت کی آسایش اور غذا کا استعمال

مع پیپل کے ہلیلہ مع ادرک - نیا گھی - سیندھا نمک - قند سیاہ - دہی - اور جو ہم رت مین بیان کیے ہین وہ سب استعمال کرے ✣

بسنت رت کی آسایش اور غذا کا استعمال

بسنت رت مین جو بلغم مفسد ہو وہ بلغم کی بیماریون کو پیدا کرے اور قوت ہاضمہ زائل ہو جائے

اسلیے مع شہد کے ہڑون کا استعمال کرے تو بلغم دور ہو۔ اور بدن مین طاقت ہو اور نسبت رت مین تریوکھ اور چرک کا کھانا بہت فائدہ بخشتا ہی اور بلغم کے زائل کرنے والی چیزین بھی مفید ہین +

گریکھم رت کی آسایش اور غذا کا استعمال

گریکھم رت مین آفتاب سب جاندارون کی طاقت زائل کرتے ہین اسلیے درختون کے سائے کا استعمال کرنا چاہیے اور قند سیاہ کے ساتھ ہلیلہ ٹھنڈا پانی اور شیرین چیزین اور ہلکی غذا دانکھ اور چکنی چیزین سکھرن۔ ستو۔ مصری کا شربت ٹھنڈے پانی مین پیرنا خستخانہ پھولہاری وغیرہ کا چھڑانا اور کافور اور چندن ملنا دن کا سونا خس کا پنکھا اور کھیر کھانا اور اور بھی عمدہ اور لطیف غذاؤن کا کھانا اس فصل مین مفید ہے اور کڑوی اور تیکھی چیزین اور نمک اور کھٹائی اور جلن پیدا کرنے والی چیزین محنت شراب اور دھوپ انکا استعمال نہ کرنا چاہیے +

برکھارت کی آسایش اور غذا کا استعمال

سیندہا نمک مع ہلیلہ کے مرغن چیزین نمک کھٹائی ثعلب مصری۔ زنجبیل۔ پیپل۔ پیلا مول چترک اور سیندہا نمک۔ دہی کا مٹھا گرم پانی اور چاہ کا پانی۔ سپید کپڑے بطور سیر کے پہنکر گھومنا۔ ہلکی غذا کا کھانا اور جلاب یہ سب مفید ہین +

مذکورۂ ذیل باتون کا استعمال کرنا منع ہے

دن کا سونا محنت دھوپ مین رہنا تالاب کا پانی۔ دہی۔ دہیان اور جنگل کا رہنا اور جماع کرنا یہ نچاہیین +

شردرت کی آسایش اور غذا کا استعمال

برکھارت رت مین جو صفرا پیدا ہوتا ہے وہ شرودت مین مفسد ہوتا ہے اسلیے اوسکے دفع کرنے کے لیے مصری سمیت ہڑ کا استعمال اور شیرین چیزین اور ساٹھی کے چاول

مونگ اور چنون کا اوٹا ہوا پانی اور دودھ مفید ہین اور تیکھی چیزین نمک گھی آفتاب دھوپ دودھ اوردن کا سونا مشرقی ہوا منع ہین رت کے اوترنے مین سات دن تک فصل کا طریقہ اختیار کرے اور آٹھوین دن سے فصل مین بتلائے ہوے کام استعمال کرے ۔

دن چریا یعنی جو دن مین کرنا لازم ہے اوسکا بیان

مرد چار گھڑی سے رہتے اوٹھکر اپنے معبود کو یاد کرکے یہ فکر کرے کہ آج کے دن مجکو یہ کام کرنا ہے اور یہ نہین کرنا ہے پھر پلنگ پر سے اوٹھکر ضروریات سے فارغ ہو اور پائخانہ کا زور نہ ہو تو اور جانب جنوب منہ کرکے دنکو حاجت سے فراغت کرے اور راست کو شمال کی طرف منہ کرے اور اوسوقت منہ سے نہ بولے ۔ بعد انان کسی سیدہے درخت بول سری وغیرہ کی مثل اپنی انگشت بنصر کے پتلی اور سیدہی بارہ اونگل کی دانتون کرے پھر اوسکو پھاڑکر زبان کو صاف کرے پھر ٹھنڈے پانی سے بارہ کلے کرے اور ٹھنڈے ہی پانی سے منہ دھووے تو منہ کی سب بیماریان دفع ہون اور دانتون مین سیندہا نمک اور زنجبیل ملاکر ہر روز منجن کرے تو دانتون کی بیماریان دور ہون اور بدن مین ماریان وغیرہ تیل کی مالش کرے پھر اوسکی چکنائی کے دور کرنیکے لیے چنے کا آٹا اور کسٹورل وغیرہ کا اوبٹن کرے اور اپنی قوت کے موافق ورزش کرے پھر پسینا دور کرکے کچھ گرم پانی سے کرکے اوپر سے نہاوے تو کوئی بیماری نہو ۔

نہانے کے فائدے

نہانا فکر اور گرمی کی بیماریون اور سینہ کی جلن اور فسادخون اور بدنکی بدبو کو دور کرتا ہے اور رنگ اور نور کو بڑہاتا ہے اور گناہ اور دل کی نفرت کو دور کرتا ہے اور بھوک اور رغبت اور عقل اور مذہب اور آسایش کی بھی ترقی کرتا ہے اور بدن کو بہت آرام پہونچاتا ہے اور بدنکا دبلاپن اور کمزوری اور راہ کی تکان کو دفع کرتا ہے ۔ اور مذکورہ ذیل مرضون کا بیمار نہ نہاوے نیند کے بعد یا نیند آتی ہو اور کا بخار اور ہچکی کا بیمار اور دبلا آدمی بعد غذا کھانے کے بھی نہ نہاوے اور بلغم باد اور تے کا مریض بھی نہ نہاوے پھر اپنے معبود دیوتا

گاے برہمن رشید مہمان وغیرہ کی پرستش اور خاطر و تواضع کرکے اپنی طاقت کے موافق خیرات دے پھر دوپہر کو مع اپنے سب عیال و اطفال کے کھانا کھاوے پہلے شیرین اور مرغن اور فائدہ مند کھانا چانول مونگ اور گیہون وغیرہ کی نان مع روغن زرد کسی ترکاری کے ساتھ کھاوے اور آہستہ آہستہ کھانا کھاوے جلدی نکرے اور کھانا کھانے کے بعد مصری ملا کر شیر پیے اور کھانا کھانے کے بعد دہی نہ کھاوے اور کھانا زیادہ اور کم نہ کھاوے اپنی رغبت کے موافق کھاوے اور کھانا کھاتے وقت والدین دوست بید اور نان بائی مورچکور مرغ کتا بندر انکو بٹھالے کیونکہ انکی نظر اچھی ہے اور اگست - کمبھ کرن - سینچر بڑوانل - بھیم سین - ان پانچون کو یاد کرے تو وہ غذا بخوبی تمام ہضم ہوجاوے اور کھانا کھانے کے بعد خوشبودار پھولون کی مالا اور عطر اور اچھے کپڑے پہنے اور پھر خس کے پنکھے وغیرہ کی ہوا لے اور ٹھنڈے سایے مین رہے اور کھانا کھانے کے بعد ٹہلا اور شیرین تھوڑا تھوڑا پانی پیے اور بہت نہ پیے اور جو بہت پیے تو بیماریان ہون اور کھانا کھانے کے شروع مین پانی پیے تو قوت ہاضمہ باطل ہوجاوے اور کھانا کھانے کے بعد پیے تو زہر کی تاثیر رکھتا ہے بدہضمی مین پانی پیے تو ہاضمہ ہو ہضم ہونیکے بعد پانی پیے تو بدن مین طاقت ہو اور شب کے اخیر مین پانی پیے تو سب بیماریان دفع ہون اور کھانا کھاکر بیٹھ جاوے تو بھاری پن ہو اور کھانا کھانے کے بعد سیدہا سو جاوے تو قوت ہو اور بائین کروٹ سووے تو عمر دراز ہو اور کھانے کے بعد دوڑے تو گویا اوسکے ساتھ موت دوڑتی ہے کھانا کھانے کے بعد بائین کروٹ سے دو گھڑی تک سووے مگر نیند نہ ہو یا کھانا کھانے کے بعد سو قدم چلے یا کھانا کھانے کے بعد گاے کی چھاچھ پیے تو فائدہ بخش ہے اور اچھارات کا جایا ہوا بھینس یا گاے کے دہی کو کپڑے مین مسلکر چھان لے اور اوسمین مصری کا بورہ اور مرچ اور الائچی بھیم سینی کا فور وغیرہ اندازہ کے موافق ملا کر اس شکرن کو پیے تو منی اور قوت کی ترقی کرے اور رغبت پیدا کرے اور بادِ صفرا کی جا یونکو

دور کرے اور بھینس کے دہی کو چھان کر اوسمین زنجبیل اور سیندھا نمک ملا کر اندازہ کے موافق کھاوے تو بلغم باد کو دور کرے اور یہ طاقت کو پیدا کرتا ہے اور سردی مین دہی کھاوے ۔ اور شام کیوقت اتنی باتین نہ کرنے ۔ غذا کا کھانا ۔ جماع ۔ نیند ۔ پڑھنا ۔ شام کیوقت کھانا کھاوے تو بیماریان ہون اور جو شام کیوقت مباشرت کرے تو خوفناک اور خراب اولاد ہو نیند آوے تو مصائب درپیش آوین اور پڑھنے سے عمر کم ہو جاوے +

راتر چریا یعنے شب کے آرام و آسایش کا بیان

شب کو ماہتاب کی چاندنی مین سونے سے باہ کی زیادتی ہوا ور وہ چاندنی بدنکی جلن کو دور کرے اور اندھیری رات آرام کو کم کردیتی ہے شب کے پہلے پہر کھانا وغیرہ سے فارغ ہو پھر عمدہ جگہ مین سو جاوے اور خوبصورت جوان عورت سے اپنی طاقت کے موافق جماع کرے اور جو قوت نہو تو خوبصورت عورتون سے بھی نہ کرے ۔ اور اسکے شروع مین بھینس یا گاے کا دودہ اوٹا کر مصری ملا کر پیے اور فراغت کے بعد رغبت کے موافق پیے تو اس سے کمزوری بھی دور ہوتی ہے اور کبھی نہین ہوتی +

مذکورۂ ذیل چھ چیزین جان کو تلف کر ڈالتی ہین

سڑے ہوے گوشت کا کھانا ۔ بوڑھی عورت سے جماع کرنا ۔ دھوپ کا سونا ۔ جلدی کا بنایا ہوا دہی صبح کے وقت کا جماع ۔ اور صبح کے وقت کی نیند +

نیچے لکھی ہوئی چھ چیزین آدمی کو جلد ہی فائدہ پہونچاتی ہین

نیا گوشت ۔ نیا غلہ ۔ کمسن عورت ۔ کھیر کا کھانا ۔ نیا گھی ۔ گرم پانی سے نہانا +

چھپون رت یعنی فصلون مین اسطرح جماع کرنا چاہیے

ہم رت اور ششرت مین تو اپنی طاقت کے موافق عورت سے بار بار قربت کرے تو کوئی بیماری نہو ۔ اور ہیمنت اور شرورت مین تیسرے اور چوتھے دن استعمال کرنا چاہیے اور بسنت مین پانچوین اور گرمکیم رت مین ساتھے یا پندرہوین دن

قربت اختیار کرے اور ضرورت ہین رات کو اور گرکھ رت ہین یا ور برکھا رت مین دن کو اور رات کو جب بادل گرجے اور برسے قربت اختیار کرے اور ضرورت ہین جب طبیعت چاہے تو کرے +

اتنی عورتون سے قربت نہ اختیار کرنی چاہیے

حائض - بیمار عورت - بوڑھی - اور جس عورت کو شہوت نہو - میلی عورت سے - سات مہینے کی حاملہ سے - اور جس عورت کی فرج مین گرمی کا آزار ہو +

اور فرج بھی جماع منع ہے

خوفناک مرد - پریشان حالت - پیاسا - بیمار - لڑکا - بوڑھا - جسکو پاخانہ اور پیشاب کا زور ہو اتنے مرد جماع نہ کرین +

زیادہ قربت اختیار کرنے سے اتنی بیماریان ہوتی ہین

سول چلے - کھانسی آوے - بلغم جور ہو - کمزور ہو جاوے اور باد کی پیچیدگھات وغیرہ بیماریان ہوتی ہین - اور جماع کے بعد نہاوے اور مصری ملاکر گرم دودھ پیے اور گوشت وغیرہ میٹھا رس کھاوے اور جس کے پسینے سے ہوا کرا وے اور سو جاوے بہت نہ جاگے اور دنکو بہت نہ سووے اور رات کے آخر مین پانچ گھڑی کے تڑکے آٹھ چلو پانی پیے پھر چار گھڑی کے تڑکے اوٹھے اسطرح ہمیشہ عمل کرے تو اوس آدمی کو کبھی بیماریان نہون بسب طریقے سارنگ دھر اور بھاو پرکاش مین لکھے ہین +

آدمیون کے بدن مین جو کچھ باد صفرا بلغم خلطین اور سب دہاتو ادب دہاتو اور بدنکی پیدائش اور موت وغیرہ بسکی صورتین اپنی عقل کے مطابق لکھتے ہین +

آدمی کے بدن مین اتنی چیزین ہین - سات کلا - سات آشیہ - سات دہاتو - سات اوپ دہاتو ساتون دہاتون کے میل - سات توچا - سات دوکھ استھ جسم مین - گوشت - ستھان اور چربی ان سبکے باندھنے کی نسین تو ہین اور دو سو دس ۲۱۰ اسمین ہڈیان اور کئی بندونکی ملنے سے دو سو ہڈیان ہین اور ایک سو مرم استھان ہین اور نین سات سو نسین ہین

رس کی بہنے والی دہمنی ناڑی چوبیس ہین - گوشت کی پنڈی پانچ سو ہین عورتون کے گوشت کی پنڈی پانچ سو بیس ہین سب سے بڑی ناڑیان جو کل بدن مین پھیلی ہوئی ہین اونکو کنڈا بولتے ہین - اس آدمی کے بدن مین دس سوراخ ہین عورت کے بدن مین تیرہ سوراخ ہین اور عورت کے بدن مین اس علم اور اپنی عقل کے مطابق جو کچھ ہے وہ نیل مین بیان کیا جاتا ہے +

کلا کا سروپ

دہاتو اور اوپ بدہاتو کے بیچ مین جو جھلی ہے جسمین بچے رہتے ہین اوسکو کلا بولتے ہین وہ کلا سات قسم کی ہے اور گوشت خون چربی ان تینون کے بیچ مین ایک جھلی ہے اسکے اور پیہ یعنے تلی کے بیچ مین ایک جھلی ہے - آنتون کے بیچ مین ایک جھلی ہے ایک جھلی شکم کی آگ کو اپنے اوپر اختیار کیے ہے اور ایک جھلی منی کو لیے ہے انکو سات کلا بولتے ہین +

سات آشیہ

سنیہ مین آشیہ یعنے کف کی جگہ - سنیہ کے نیچے آنو کی جگہ - ناف کے اوپر بائین طرف اگ کی جگہ - آگ کے اوپر تل ہے ناف کے نیچے ہوا کی جگہ - ہوا کی جگہ کے نیچے پیڑو مین مواد کی جگہ پیڑو کے ساتھ ہی کچھ نیچے پیشاب کی جگہ اوسکو بست بولتے ہین - سینہ سے کچھ اوپر جان اور خون کی جگہ ہے یہ سب عورت اور مردون کی جگہ ہین - اور عورت کی تین جگہ زیادہ ہین - ایک تو رحم اور دو دودہ کی جگہ یعنے پستان +

سات دہاتو

رس - خون - گوشت - چربی - ہڈی - شحم - منی - یہ ساتون دہاتو صفرا کی تیزی سے بچی ہوئی ایک مہینے مین منی کو پیدا کرتی ہین اور چوتھے چوتھے دن ایک ایک دہاتو پیدا ہوتی ہین اور جو غذا کھاوے وہ صفرا کی تیزی سے پکے پہلے رس پیدا ہو پھر وہ صفرا کی تیزی سے پک کر رس خون ہو جاتا ہے اسیطرح ساتون دہاتون کو جان لینا +

ساتون اوپدہاتو

زبان کا۔ آنکھون کا۔ رخسار یکا میل یہ تینون رس دہاتو ہین۔ بلغم صفرا خونکی اوپدہاتو ہین۔ کان کے میل کو گوشت کی اوپدہاتو جانو۔ زبان اور دانتون کے میل کو اوپدہاتو پیسو ناخنون کو استخوان کی اوپدہاتو کہتے ہین آنکھون مین سے کیچر آوے اوسکو اوپدہاتو جانو منہ کے اوپر چکناپن اور سیاہ پن یہ نطفہ کی اوپدہاتو ہین اور عورت کے دودہاتو اور ہین ایک تو عورت کا دودہ اور دوسرے حیض کا خون۔ یہ دونون وقت پر ہوتے ہین اور وقت ہی مین جاتے رہتے ہین اور یہی ساتون دہاتو سے پیدا ہوتے ہین۔ صاف گوشت سے جو گھی پیدا ہوا اوسکو بسا بولتے ہین۔ پسینا۔ دانت۔ بال۔ یہ سب بدن مین رہتے ہین سو چکنے اور ٹھنڈے ہین بدن مین طاقت اور تازگی لانے والے ہین۔ یہ بھی ساتون دہاتو سے پیدا ہوتے ہین +

ذکر ساتون توچا یعنے جلد

اوپر کی توچا اودبھانبی نامے چکنی ہے اور بہوت کی جگہ ہے اور دوسری سرخ ہے جسمین تل پیدا ہوتے ہین تیسری توچا سپید ہے اوسمین چرم دل نامے بیماری پیدا ہوتی ہے چوتھی توچا مثل تانبے کے رنگ کے ہے اوسمین سپید کوڑہ پیدا ہوتا ہے پانچوین توچا بیدنی نام ہے اوس مین سب قسم کے جنام ہوتے ہین۔ چھٹی توچا روہنی ہے اوسمین گومڑی گنڈمالا وغیرہ پیدا ہوتے ہین۔ ساتوین توچا استول نامے ہے اوسمین بدردہ رہتا ہے۔ یہ ساتون توچا دوجو کے برابر موٹی ہین +

تینون دوکھون یعنی خلطونکی شکل

بایو یعنے باد۔ پت یعنے صفرا۔ کف یعنے بلغم اور انکو مل بھی کہتے ہین سو ایک ایک پانچ قسم کے ہین اور یہ پانچون علیحدہ علیحدہ جگہون مین رہتے ہین ان تینون مین باد طاقت ور ہے جو بدن مین سب چیزون کے حصے کرکے سب بدن مین نسون کے ذریعہ سے سب طرف پہونچا دیتا ہے

صفرا اور بلغم لنگڑے ہین یہ بادہی اس بدنمین طاقت ور ہے اور سب رسون کو بدن مین پہونچاتا ہے
یہ بادر جوگن سے باریک ٹھنڈا اور روکھا اور ہلکا ہے یہ بادموادکی جگہ ہین کوٹھے مین ہاضمہ کی
آگ کی جگہ ہین سینہ اور کنٹھہ مین رہے یہ اسکی خاص جگہ ہین اور یہ سب بدن مین رہتا ہے
مقعد مین تو اسکا اپان نام ہے اور ناف مین اسکا سمان نام ہے + سینے مین پران نام ہے
کنٹھہ مین اودان نام ہے اور جو سب بدن مین رہے اوسکو بیان بولتے ہین +

پت یعنے صفرا کی شکل

پت یعنے صفرا گرم رقیق ستوگن سے اور تلخ ہے یہ جلکر ترش ہوتا ہے - یہ نیچے لکھی پانچ
جگہون مین رہتا ہے آگ کی جگہ مین تل کے برابر ہوکر رہتا ہے - جلد مین یہ نور کا پیدا
کرنے والا ہے آنکھون مین رہکر سب کو دیکھنے والا ہے - یکرت یعنے معدہ مین رہکر سب
چیزون کو پچا دیتا ہے اور کھائے ہوے رس کو خون کر دیتا ہے اور جو سینے مین صفرا رہتا ہے
وہ عقل وغیرہ کرتا ہے - اور یہ صفرا کے نام ہین - پاچک - بھرابک - رنجک - آلوچک - ساوہک +

بلغم کی صورت

بلغم چکنا سچل اور تموگن سے ہے یعنے اوسمین حرارت غریزی زیادہ ہے اور یہ جلا ہوا کھانا ہوتا ہے
آنو کی جگہ - سر کلا - سینہ - اتصال - یہ اسکی خاص جگہ ہین اور بدن مین رہتا ہوا
بدن کے قیام اور بدن کے اعضا کو نرم کرتا ہے - اسکے کلیدن - سیمن
رسن - اولمبن - چار نام ہین +

سنایو یعنے نسون کی شکل

لوگون کے جسم مین گوشت ہڈی اور چربی کے باندھنے مین سنایو نام نسین کہی ہین +

ہڈیون کی شکل

بدن مین یہ قیام ہونے کے سبب ہین انکے بغیر بدن کھڑا نہین رہسکتا اور نہین تلا طمہ اصل جوہر یہی ہین

مرم استھان کی شکل

جہان کا اختیار کرنے والا مرم استھان ہے +

نسون کی شکل

ہر ایک اعضا نسے بندہا ہوا ہے اور باد صفرا اور بلغم اور سات دھاتون کو بھی نسین لیجاتی ہین +

دہمنی ناڑی کی شکل

دہمنی ناڑی رس اور ہوا کو بھاتی ہے +

گوشت کی پنڈی کی شکل

گوشت کی پنڈی بدن مین قوت پیدا کرتی ہے اور بدن کو اختیار کررہی ہے +

کنڈرا کی شکل

سب سے بڑی نسون کو کنڈرا بولتے ہین وہ سولہ ہین وہ سب اعضا کو پھیلاتی اور سکوڑتی ہین +

رس رندھر یعنے رسونکی سوراخونکی شکل

ناک مین - دو انکھون مین دو اور کانون مین بھی دو ہی ہین اور آلت - مقعد اور منہ مین ایک ایک سوراخ ہے - دسوان سر مین یہ مردون کے سوراخ ہین اور عورتون کے تین زیادہ ہین دو پستان ہین ایک رحم کا اور اس بدن کے ہر ایک روئین مین بہت ہی باریک لاتعداد سوراخ ہین ناف کے پاس بائین طرف پھیپھڑہ ہے باد کو جو اختیار کررہا ہے اوسکو پھپس بولتے ہین اور پلیہہ یعنے پیہہ ہے ناف کے پاس دہنی طرف اور یکرت یعنے معدہ ہے ناف کے بائین حصہ مین آنوکی جگہہ کے اوپر جو وہ تل ہے پانی کی بہنے والی جو نسین ہین اونکی جڑ ہے اور وہ تل اوسکو ڈھک دے اور کوکھ مین جو گولے ہین اونکو برگ کہتے ہین - وہ جیہر یعنے معدہ کو مضبوط کرتے ہین اور فوطہ وہ منی کے لیجانے والی نسون کا سہارنے والا ہے - اور یہ بیرج کو لیجانے والا ہے اور لنگ یعنے آلت حمل کا دینے والا ہے اور نطفہ اور پیشاب کا گھر ہے اور سینہ دل - عقل - انہکار

انکی جگہہ ہے اور ناف دہنی وغیرہ نسون کا گھر ہے اور سب نسین بدن مین پھیلی ہوئی ہین
اور ناف سے اور پہان کی باد سے اور سب دہاتون کی ہوا ملنے سے ناف کی ہوا سب بدنکو
تازہ کرتی ہے اور ناف کی ہوا جگہہ مین جاکر اور اوسکو چھوکر گلے کے باہر جاوے اوسیکو سانس کہتے ہین
جو امرت اوسکے پینے کے لیے ناک کے ذریعہ سے جاتا ہے پھر ہوا آسمان کا امرت پکر پھر منہ
ناک وغیرہ کے ذریعہ سے زور سے پیٹ مین پہونچتی ہے اور یہ سب بدنکو اور جان کو اور
جٹھر اگن یعنے آتش قوت کا جو میل ہے اوسیکو نمر کہتے ہین اور کسی وقت انکا میل دور ہو
اوسیکو موت بتلاتے ہین اس دنیا مین کوئی جاندار ہمیشہ زندہ نہین رہتا ہے مرہی جاتا ہے
اور وہ موت کوئی ہٹا نہین سکتا۔ جو بید ہے وہ بیماری کو دفع کرتا ہے جس شخص کا مرض
باعلاج ہے اور وہ شخص پرہیز کرے تو اوس شخص کی وہ بیماری کی جا پیہ ہو جاتی ہے اور
وہ آدمی بدپرہیزی کیا کرے تو جا پیہ روگ کی لاعلاج ہو جاتی ہے اور وہ لادوا بیماری بدپرہیز
بیمار کو ضرور مار ڈالتی ہے اسلیے عقلمند لوگ بیمارون سے بدنکی حفاظت کرے کرم بپاک کی
جاننے والے کو دہرم ارتھ کام موکش ان چارونکا عمل کرنا چاہیے وہ مجسم آدمیت ہی ہے جو اس
آدمی کے بدن کو مارے وہ سبکو مارے اور جو اس بدن کی حفاظت کرے وہ سبکی حفاظت
کرے ساتون دہاتو اور ساتون دہاتون کے میل اور باد صفرا بلغم یہ سب برابر بدن مین رہنے
سے بدنکو فربہ کرین اور سب گھٹے بڑہین تو مفسد ہو کر جان کو تلف کر ڈالین +

اس دنیا کے پیدا ہونیکا بیان

اس کل دنیا کا سبب بے چون وچرا خداوند تعالے ہے اوسکی پرکرت کا مایا نام ہے اور اوسکی مایا
ابدی ہے جیسے آفتاب کی روشنی ہوا اوس خداوند تعالے کی مایا تو جڑ ہے مگر چیتن کے ملنے سے
اس لاابد دنیا کو ٹوٹے کیطرح اس مایا نے بنایا ہے اوسنے عقل پیدا کی جو اہنکار اور جسکا
سمتو روپ ہے اور ستو سے اہنکار پیدا ہوے سو وہ اہنکار رجوگن ستوگن تموگن۔ ستوگن تین
قسم کا ہوا پھر ستوگن سے ملکر دس حواسون کو پیدا کیا اور قلب بھی اون تینون ہی سے پیدا ہوتا ہے

دس حواسونکی شکل

کان - جلد - آنکھین - زبان - ناک - یہ تو پنچ گیان اندریان - اور زبان - ہاتھ - پاون آلت - مقعد - یہ پانچ کرم اندری ہین - اور تموگن ستو سے ملکر اہنکار سے پانچ تن ماترا کو پیدا کرتا ہے +

پانچون تن ماترا کی شکل

شبد یعنی آواز - اسپرش یعنے چھونا - روپ یعنی صورت - رس - گندھ یعنی خوشبو - انکو تنماترا بولتے ہین پھر تن ماترا سے پانچ مہابھوت پیدا ہوتے ہین - شبد تنماترا سے تو آسمان - اسپرش تنماترا سے باد - روپ تنماترا سے اگن - رس تن ماترا سے پانی - گندھ تنماترا سے زمین پیدا ہوئی +

گیان اندریونکے نام

کان کا کام آواز سننا - توچا یعنے جلد کا کام چھونا - آنکھ کا کام دیکھنا - زبان کا کام لذت وذوق - ناک کا کام خوشبو اور رس بدبو کا سونگھنا +

کرم اندریونکا نام

آواز کا کام بولنا - ہاتھ کا کام کسی چیز کا لینا - پاون کا کام چلنا - آلت کا کام جماع - اور مقعد کا کام پاخانہ کرنا +

پرکرت یعنے طبیعت ابدی الظہور

مہت یعنی مہا اہنکار - پنچ تن ماترا - پرکرت - اندری یعنے حواس عشرہ - مہابھوت یعنے عناصر خمسہ - یہ سولہ بکار ہین جب یہ سب ملین تو ۲۴ تتو ہوتے ہین پھر پانچ عناصر کا یہ بدن گھر بنتا ہے تب اس گھر مین جیو یعنے روح بیٹھ کر مون کے اختیار سے دیکھے تابو مین ہوکر اس گھر مین آکر بیٹھے پھر مع روح کے اس بدن کو عقلمند لوگ دیہی یعنی جسم کہتے ہین سو یہ جسم پاپ پن سکھ دکھ سے ملا ہوا اور یہی دل سے بندھا ہوا اپنے کیے ہوئے اعمالون سے بندھا ہے اور کام یعنی شہوت - کرودھ یعنے غصہ - لوبھ یعنے طمع - موہ یعنے محبت -

اہنکار یعنے غرور۔ دس اندری یعنے حواس عشرہ۔ بدہ یعنے عقل یہ سب اس روح کو بندہ دیتے ہین جو اس روح کو آتم گیان ہو تو مکت ہو یعنے تناسخ سے چھوٹے اور جسمین دکھ ہوا وسکو بیادہ بولتے ہین اور جس مین سکھ پیدا ہوا وسکو اروگ بولتے ہین +

غذا اور اوسکی پختگی اور خمل کی پیدائش اور لڑکے کی پرورش کی علامتین

جو غذا وغیرہ کھاوے وہ سینے کی پران نامے ہوا سے تحریک ہوکر آنون کی جگہ مین پہونچے تب وہی چھوٹون رسون کی غذا شیرین اور پہینا ہوجاوے پھر وہی غذا ہضم ہوکر کچہ ترشی کو پہونچے پھر وہی غذا ناف کی ہوا سے متحرک ہوکر چھٹی گرہنی کلا مین پہونچے تب وہ غذا معدہ کی آتش سے گرہنی کلا مین پچ کر کڑوی ہوجاوے پھر وہی غذا معدہ کی آتش سے ہضم ہوکر رس ہوجاوے۔ اور وہ بخوبی تمام پختہ ہوا اور کچی رہے تو اوسی غذا کا آنو ہوجاتا ہے اور جو معدہ کی آگ طاقت ور ہو تو کھانیکا رس میٹھا ہوجاتا ہے پھر چکنا ہوجاتا ہے پھر وہی رس خوب پکا ہوا کل بدن کی دہاتون کو یعنے اجزاے جسمانی کو طاقت ور کرے سو یہ رس مثل آب حیات ہوجاتا ہے اور جو یہ غذا سست آتش سے جلے تو شکم مین تلخ رس ہوجاوے یا ترش ہو یا یہی رس مثل سم ہوجاوے یا یہ رس ہماریون کے مجموعہ کو بدن مین عیان کرے اور بدن مین ورم پیدا کرے اور غذا کا رس اس بدن مین منبع قوت ہے اور جو منبع قوت کے بغیر ہو تو فضلہ رقیق ہو وہ اچھا نہین اور پیے ہوے پانی کے جوہر کو نسون کے ذریعہ سے ہوا بدن مین پہونچاوے اور اس فضلہ رقیق کو پیڑو مین پہونچا کر پیشاب کرے اور وہ پیشاب مکت کے ذریعہ سے باہر نکلے اور اس غذا کا رس ناف کی سمان نامے ہوا سے تحریک ہوکر سینے مین جا پہونچے اور پھر وہ رس بسبب صفرا کے ہضم ہو تو اوسکا رنگ سرخ ہو اور پھر وہ رس خون ہوجاتا ہے سو وہ خون کل بدن مین رہتا ہے اور وہی جاندار کا سدرمق ہے اور وہ خون چکنا اور بھاری ہے اور طاقت ور اور شیرین ہے اور یہی جلا ہوا صفرا کی صورت رہوجاتا ہے یک ایک دہاتو ہوا چار چار روز مین پیدا ہوتی ہے آدمی کی ایک سینے مین

غذا کھائی ہوئی نطفہ ہوجاتی ہے اور عورتون کے بھی ایک ہی مہینے مین حیض کا خون ہوجاتی ہے پھر عورت اور مرد ملکر دونون جماع کرین تب عورت فرج کا صاف خون اور مرد کا صاف نطفہ دونون فوراً ملکر عورت کے رحم مین حمل ہوجاتا ہے پھر وہ فرج کے ذریعہ نوین مہینے باہر نکلے تو اوسکو اولاد بولتے ہین اور اوسیوقت عورت کا خون زیادہ ہو تو لڑکی ہو اور جو مرد کا نطفہ زیادہ ہو تو لڑکا ہو اور جو عورت اور مرد کا نطفہ برابر ہو تو مخنث پیدا ہو آگے جو خداوند تعالے کی مرضی ہووہ ہو ✣

لڑکے کے دوا دینے کا وزن

ایک مہینے کا لڑکا ہو تو دودہ شہد اور گھی کے ساتھ ایک رتی دوا دے جیسے جیسے لڑکا بڑہتا جاوے ویسے ہی دوا کا وزن ایک برس تک بڑہاتا جاوے اور ایک ماشہ دو اسولہ برس تک دے اور یہی وزن دوا کا ستر برس تک رکہنا چاہیے پھر لڑکے کی طرح دوا کا وزن کم کرنا چاہیے یہ توپچنکی وغیرہ کا وزن ہے اور کاڑہا اس سے چوگنا لے اور لڑکے کو کاجل اوبٹنا اور نہلانا چاہیے اور مہینے کے مہینے لڑکے کو قے کرانا چاہیے اور ہلیلہ گھسکر اوسکی گھٹی ہمیشہ دیوے اور نطلے کا نقمہ پانچوین مہینے دے اور جلاب سولہ برس کے بعد دے اور جماع بیس برس کے بعد اس طریق پر آدمی عمل کرے تو اوسکے کبھی بیماری نہو اور اوسکے بوڑہاپا بھی ہو تیس برس تک بدن کی فربہی رہتی ہے اور چالیس برس تک عقل کی تیزی رہتی ہے اور پچاس برس تک جلد گھری رہتی ہے اور ساٹھ برس تک آنکھ کی روشنی درست رہتی ہے اور ستر برس تک بدن مین منی کی زیادتی رہتی ہے اور اسی برس تک بدنمین قوت باہ زیادہ رہتی ہے اور نوے برس تک اچھی طرح ہوش رہتا ہے سو برس تک بولنے کا اور ہاتہ پاؤن مین طاقت اور پاخانہ اور پیشاب کرنے کا ہوش رہتا ہے اور ایک سو دس برس تک صرف یاد داشت رہتی ہے اور ایک سو بیس برس تک صرف جان غالب رہتی ہے جو یہ آدمی بغیر بیماری کے رہے تو عمر کا ایک سو بیس برس کا اندازہ ہے ✣

بادی مزاج کی علامتین

بال چھوٹے ہون اور بدن دبلا اور روکھا ہو اور دل اور دماغ متحرک ہو اور آسمان مین رہنے والون کے خواب ہون +

صفراوی مزاج کی علامتین

جہائی من سپید بال ہون عقلمند ہو اور پسینا بہت آوے غصہ ور ہو خواب مین نور دیکھے +

بلغم کے مزاج کی علامتین

جسکی عقل نہایت تیز ہو اور اوسکا بدن فربہ ہو اور چکنے بال ہون طاقت ور ہو خواب مین پانی کی جگہ یعنے چشمہ وغیرہ دیکھے +

دوسرا طریق مزاج کی علامتونکی پہچان

بلغم اور تموگن زیادہ ہو تو غشی ہو اور باد صفرا اور رجوگن زیادہ ہو تو چکر اور بھول زیادہ ہو اور بلغم اور تموگن زیادہ ہو تو چکر آوین بھول بھی ہو بلغم باد اور تموگن زیادہ ہو تو غنودگی ہو اور طاقت زائل ہو جاوے اور نفرت ہو اور تکلیف اور بدہضمی ہو اور محنت سے بھی نفرت ہو اور تکان ہو اور طاقت جاتی رہی دلیری نہو اوسکو سستی بولتے ہین اسیطرح عقلمند آدمی اور بھی سمجھ لے فقط

خاتمۃ الطبع

ہر ہزار ہزار شکر اوس حکیم شافی مطلق کی درگاہ مین زیبا ہے کہ جسنے صحت اور بیماری کو بنایا اور اعادہ صحت کے لیے اور ازالہ بیماری کے واسطے ادویات از قسم نباتات و حیوانات و معدنیات پیدا کین — اور طرح طرح کی اونمین تاثیرین بخشین — اور اپنی بیدریغ عنایت سے اون ادویات کے منافع اور مضار سے انسان کو آگاہ کیا تا جلب منفعت اور دفع مضرت کی استعداد حاصل کرے پس جاننا علم بیدک و طب کا کہ بلکہ تمامی علوم

حکیم علی الاطلاق سے ہے ہر فرد بشر کو لابد و ضرور ہے لہذا ارباب حکمت کی خدمت مین تازہ
بشارت ہے کہ اندنون علم بیدک کی نادر کتاب جہان پسند عالم مفید جسکا نام امرت ساگر
ہے یعنی تالاب عمیق اون دواؤن مفرد و مرکب کا جنکے تاثیر ہم خاصیت آبحیات ہے ۔
یہ وہ کتاب ہے جو کسی زمانہ مین حسب الحکم مہاراجہ سوائی پرتاپ سنگہ بکنیٹھہ باشی مالی راج
جیپور کے باتفاق آرائے بڑے بڑے بیدون کے عمدہ عمدہ پوتھیون بیدک سے آزمودہ
دواؤن کے نادر نادر نسخون کا ترجمہ بھاکھا زبان مارواڑی مین ہوا تھا من بعد جو کہ وہ زبان
بھاکھا خاص ایک دیس کی زبان تھی لہذا اس پوتھی کثیر النفع کو منجانب مطبع بصرف زر بیدریغ
پنڈت کالیچرن صاحب نے زبان سلیس بھاکھا مروجہ ہر یار و امصار مین صاف صاف ترجمہ
فرمایا اور یہ پوتھی بہ حفظ حق تالیف اس مطبع مین اوس زبان بھاکھا کی چار مرتبہ چھپی جسنے دیکھا
پسند کیا از بس اسکی دواؤن کا شہرہ چار دانگ جہان مین پھیلا سب طرف سے خریدارونکی
خواہش ہوئی تا انیکہ یہ کتاب چند مرتبہ مین ہزارہا چھپی دست بدست اوٹھگئی جسنے ایک نسخہ اسکا
آزمایا سریع التاثیر پایا دوا نے کام کیا بیدکا نام ہوا پھر اس کتاب مذکور مین بڑے بڑے بیدون کے
مشورے اور صلاح سے عمدہ عمدہ نسخے بقدر ایک ثلث کتاب کے اور اور مستند بیدک کی کتابون سے
مثل برہنہری ۔ بدیہتری ۔ لکھوترئی کے بڑھائے گئے اور بخط ناگری ٹیپ مین چھپی تھی خواہش سے
خریدارون نے مول لیے فی الحال عموماً سب شائقین اس امر کے مصر ہوے کہ ایسی نادر کمیاب کتاب مع اضافہ
جیساکہ ناگری خط مین چھپی ہے اسیکا ترجمہ اسی حیثیت سے اردو زبان مین موافق روزمرہ عام فہم کے
ہوکر طبع ہو چنانچہ بموجب خواہش شائقین کے منجانب مطبع بمصارف کثیر ماہر زبان سنسکرت و بھاکھا
و فارسی و اردو پنڈت پیاری لال صاحب کاشمیری عرف رگو مصحح صیغہ ناگری دبار گمنٹ پریس و اڈیٹر
ساکیت سکسانولی اخبار ناگری نے بہت خوبی سے ترجمہ کیا اور علامات و تشخیص امراض کو کمال ہی تشریح
اور تصریح سے رقم کیا ہے الحاصل وہی ترجمہ اردو امرت ساگر مذکور کا ببذل ہمت عالی جناب منشی نولکشور صاحب
دام اقبالہ بمطبع عالی مقام کانپور ماہ نومبر ۱۸۶۸ع مطابق ماہ ذیقعدہ ۱۲۸۵ھ ہجری نور طبع سے آراستہ ہو کر طیار ہوا فقط

حکیم مہتاب رائے صاحب رئیس سترگ —

فرہنگ نگین — گھوڑوں کے علاج مین —

کیمیای عناصری ترجمہ قرابادین قادری مترجم مولوی حکیم نور کریم منجور قرابادین قادری کا اردو مین ترجمہ

تشریح الاجسام — یہ ایک مجموعہ اقسام علاج امراض جلدیہ پھوڑا پھنسی مین مرتبہ ڈاکٹر میر فضل علی صاحب مطبوعہ مطبع علوی —

مجمع البحرین — یہ کتاب لاجواب تصنیف حکیم محمد حیدر خان صاحب ساکن جالندھر ملازم سرکار کیور تھلہ سے یادگار ہے اس کتاب لاجواب مین فن ڈاکٹری و یونانی کو باہم متفق کیا ہے اس وقت تک ایسی نادر کتاب کے دیکھنے مین نہین آئی طبع جدید —

مقالات احسانی — فن طب مین مثل مخزن کے ادویات کی تاثیرات مین تشریح عمدہ کی گئی ہے تصنیف حکیم محمد احسان علی وکیل مرحوم —

علاج المواشی عمدہ عمدہ تدابیر و علاج امراض جانورون کی جسکو جناب مولوی ابو المحسن صاحب نے انگریزی ڈاکٹر جی ایچ ہیلن صاحب بہادر سے ترجمہ فرمایا

ترجمہ ذخیرہ خوارزم شاہی جسکو عیسی دوران بقراط زمان جالینوس اثانی حکیم اسماعیل بن الحسن محمد احمد الحسنی الجرجانی نے بیچ فارسی زبان کے سنہ ۴۰۰ھ مین تصنیف فرمایا اور کلیات و معالجات و تشریحات طب کو نہایت عمدہ طور سے لکھا اور کوئی دقیقہ دقایق فن طب سے فروگذاشت نہین ہوا فی الواقع یہ ایک کتاب ایسی مفید جامع ہے کہ اور کتب متعددہ طب سے استغنا بخشتی ہے اس کتاب مین استناداً اکثر متقدمین کے حوالے دیے اور استدلال کیا ہے اور اقوال اور محاکمات بقا یہ متقدمین حکما اور متاخرین کو بحث و براہین سے خوب لکھا ہے اور علم تشریح کو اس توضیح و تقریر کے ساتھ لکھا ہے کہ گویا سب اعضا اور احشا

استخوان اور مفاصل اور عروق و اعصاب وغیرہ کی تصویر کھینچدی ہے جسکو ادنے ممارست و علمی ہو وہ بھی سمجھ سکتا ہے اس نادر کا ترجمہ اردو مین زیر خطیر اس مطبع عالی سے ہوکر ڈیڑھ برس کے زمانہ مین جناب حکمت مآب سقراط دوران بڑے حاذق طب مین ترجمہ اردو دیکھ مشتاق ہمدان حکیم ہاشم علی خانصاحب مراد آبادی نے فرمایا یہ اوس رتبہ کے ممکن کہ جیسا ترجمہ اردو علاج الامراض قرابادین وکاتر شفائی وغیرہ کا مشہور اور پسندیدہ عام ہے الحال چند سال کی محنت و جانکاہی سے یہ کتاب نادر وجود عمدہ عمدہ معتبر کتب طب سے یعنے ترجمہ اصل ہی کتاب کا اور حواشی کا بھی ترجمہ اردو ہوکر واضح خوش قابل پڑھنے ہر ضعیف و قوی نظر کے کہ پڑھے اور جان سب پڑھ سکین کاغذ بہتر پر بہت صاف صحت کامل کے ساتھ مطبع ہے یہ کتاب دس جلد وحصہ مین عظیم الحجم ہے —

تریاق مسموم رسالہ نادر ممتحن جسمین سب قسم سانپون کے زہر کا علاج اور اونکے اصناف کی تصویرین —

ترجمہ اردو — جلد اول قانون شیخ الرئیس یعنے کلیات کا جو بڑی کوشش سے طبیب حاذق مولوی غلام حسنین صاحب نے فرمایا —

اکسیر اعظم اردو — یہ کتاب فن طب مین نہایت مجرب ہے اور ہر ایک نسخہ اسکا حکم اکسیر کا رکھتا ہے محنت و جانفشانی کارگزاران سے صحت کامل ہوکر تیار ہوئی —

کتب طب فارسی

اکسیر اعظم در چہار جلد یہ کتاب فن طب مین جامع کلیات و معالجات مؤلفہ محمد اعظم خان مخاطب بہ ناظم جنگ

ملخص فصول بقراطی مشہور کتاب حکیم بقراط سے جسکی تلخیص مولوی غلام حسنین صاحب نے فرمائی۔

خلاصۃ التجارب طب مجربات حکیم علویخان مدونہ ومرتبہ بقراط زمان جناب حکیم بہار الدولہ بہادر یہ اعلے درجہ کی کتاب قابل دید ہے۔

ایضاً۔ مطبوعہ جدید۔

مجربات اکبری معروف تصنیف حکیم محمد اکبر خان عرف حکیم ارزانی

تکشیف الکمۃ حکیم سلیم الدین خان کی تصنیف سے ہے قدیمی شایقان سے مکرر طبع ہوئی۔

کفایہ منصوری مشہور کتاب معالجہ اور تشریح مین ہے۔

ضیاء الابصار فن طب مین تصنیف حکیم محمود خانصاحب کی۔

مجربات رضائی معالجہ امراض ضعف باہ ومثانہ وکثرت مجامعت ونسخہا سے مجرب ہر ایک مرض کے اس مین مہتد لکھے ہین۔

دستور العلاج نہایت صحت کے ساتھ طبع ہوا ہے

میزان الطب - مع رسائل دیگر یہ مشہور ابتداء درس کی کتاب ہے جو کہ قبل اسکے بہ تصحیح وتحشی تمام مطبع محمدی حاجی محمد حسین مرحوم مین طبع ہوئی تھی اوسی منقول عنہ سے یکمیابت پاکیزہ طبع ہوئی۔

طب اکبر - تصنیف حکیم محمد اکبر ارزانی علم طب مین مستند کتاب ہے۔

مطب علویخان - نسخے مجربات علویخان کے ہر امراض کے لیے منتخب ہین۔

مفرح القلوب - فارسی تصنیف حکیم محمد اکبر عرف محمد ارزانی۔

خجالہ نافعہ - تصنیف حکیم نامی محمد شریف خان دہلوی صاحب تصنیف علاج الامراض۔

ام العلاج - رسالہ غریب و عجالہ عجیب

حاوی تراکیب ادویہ طبیہ تصنیف حکیم امان اللہ فیروز جنگ بن عنایت خان خانخانان عہد دولت نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ غازی یہ کتاب خاص طریقہ آسان معالجہ ہر قسم مرض مین ہستند و یادگار ہے

طب یوسفی مشتمل بر رسالہ ذیل۔

رسالہ نبض رسالہ قارورہ رسالہ سنہ ضروریہ ملطفات یوسفی رسالہ ماکولات ومشروبات تمیمہ در حفظ صحت بدن رسالہ بحران مشتہر کتاب ہے

معدن الشفا سکندر شاہی - یہ ایک کتاب ہم قالب طب یونانی وبیدک ہے جسکو طبیب حاذق ہمہ دان حکیم سہو خان بن خاص خان مقرب بارگاہ دولت پناہ سکندر شاہ نے بحکم شاہ ۹۱۶ سنہ ہجری مین بہت سی کتابون بیدک سے انتخاب کیا۔

زاد غریب تصنیف حکیم صادق علیخان ابن حکیم محمد شریف خان دہلوی مسافرون کے لیے تدابیر معالجہ ہر قسم کی ضروری لکھی گئی ہے

مخزن الادویہ - مع تحفۃ المومنین فارسی طب مین مشہور کتاب ہے۔

قرابادین قادری - فارسی تصنیف حکیم محمد اکبر ارزانی مصنف طب اکبر و میزان الطب وغیرہ سے مشہور کتاب ہے

علاج الابدان یہ کتاب فن طب مین نایاب ہے تالیف حضرت حکیم عبدالحق صاحب کی علاج امراض انسان کا خود انسان سے منقل عبارت کتب معتبرہ ثابت کیا ہے۔

کنز الاسرار تصنیف حکیم ہادی حسن صاحب مراد آبادی مسائل طب مین۔

بہجۃ الحذاقت علم طب کی کتاب نادر۔

ناصر المعالجین - از حکیم محمد ناصر علی۔ علم طب مین۔